قاسم العلوم

یعنی مکتوبات حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ

مع اردو ترجمہ

انوار النجوم

از مفسر محمد انوار الحسن شیرکوٹی

ناشر ادارہ قرآن لمیٹڈ اردو بازار لاہور

قاسم العلوم

مع اُردو ترجمہ

انوار النجوم

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ
بانی دار العلوم دیوبند کے فارسی میں مجتہدانہ علمی خطوط
جو معرفت ربانی اور کشفیات الہامی کا مرقع اور جلوۂ
قدرت کا شاہکار ہیں مع اردو ترجمہ و حواشی

مترجم

پروفیسر محمد انوار الحسن صاحب شیرکوٹی
۱۲۹-ڈی پیپلز کالونی لائلپور

پبلشرز
ناشران قرآن لمیٹڈ ۳۸- اردو بازار لاہور
فون: ۶۸۵۸۱

ہدیہ:

تاریخی یادداشتیں

۱۔ نام کتاب — قاسم العلوم

۲۔ مصنف — فارسی مکتوبات حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ

۳۔ نام ترجمہ — انوار النجوم

۴۔ مترجم مکتوبات — پروفیسر محمد انوار الحسن شیرکوٹی

۵۔ ناشر — ناشران قرآن لاہور

۶۔ کاتب — منشی احسان و منشی علم الدین صاحب

۷۔ تعداد — ایک ہزار

۸۔ سال طباعت — سنہ ۱۳۹۴ھ، سنہ ۱۹۷۴ء

۹۔ قیمت

ملنے کا پتہ

۱۔ ناشران قرآن لمیٹڈ، ۳۸۔ اردو بازار لاہور فون نمبر ۶۸۵۸۱

۲۔ ڈاکٹر انصار الحسن ناظم مکتبۂ انوار

حمایت اسلام پریس لاہور

انتساب

میں مکتوبات امام المتکلمین حضرت مولانا محمد قاسم
صاحب رحمۃ اللہ علیہ بانی دارالعلوم دیوبند کے اس
ترجمہ کا جو میری کاوش قلبی ودماغی وقلمی کا نتیجہ
ہے اپنے شیخ واستاذ حضرت مولانا محمد انور شاہ
صاحب رحمۃ اللہ علیہ سابق شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند
کی طرف منتسب کرتا ہوں اور اُن کی روح سے دعا کا طلبگار
ہوں۔

محمد انوار الحسن مترجم

فہرست مضامین قاسم العلوم مکتوبات مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

پیش لفظ

احوالِ قاسمی

اِس سے پہلے کہ قارئین کرام آئندہ اوراق میں حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نوراللہ مرقدہٗ کے مکتوبات کا مطالعہ فرمائیں یہ ضروری اور مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم مختصر طور پر آپ کے حالاتِ زندگی اور علمی مقام کو تعارف کے طور پر مقدمے میں پیش کر دیں تاکہ صاحب مکتوبات کی شخصیت سے ایک گونہ واقفیت حاصل کر کے قارئین مکتوبات کی عظمت کا اندازہ لگا سکیں۔ عظمت مآب مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی قدر سے ہند و پاک کا ہر پڑھا لکھا واقف ہے بلکہ ناخواندہ طبقے کے بہت سے افراد بھی ان کی ذات سے آشنا ہیں۔ جب دارالعلوم دیوبند کا تخیل کسی شخص کے ذہن میں آتا ہے تو اس کے بانی حضرت مولانا محمد قاسمؒ صاحب برد اللہ مضجعہ کا تصور بھی لازمی طور پر اس کے ساتھ ساتھ دماغ پر چھا جاتا ہے۔ دارالعلوم اور آپ کی ذات میں وہی نسبت ہے جو گل و بلبل میں واقع ہے ؎

گل و بلبل کی طرح ہے مجھے نسبت تجھسے
لوگ لیتے ہیں مرا نام ترے نام کے ساتھ

الغرض حضرت نانوتوی کی شخصیت ایک بین الاقوامی شہرت کی مالک ہے۔ اگر انیسویں صدی میں قدرت اس شخص کو پیدا کر کے اپنا مظاہرہ نہ کرتی تو ہند و پاک میں بالخصوص اور دیگر ممالک اسلامیہ میں بالعموم ایک ایسا خلا رہتا جس میں ظلمت کفر و شرک اور بدعات و اوہام کے گھنے اور سیاہ بادل چھائے ہوئے ہوتے۔ جب اس ہستی کے ذریعے ربانی تاثیرات اور رحمانی انوار ارضِ پاک و ہند پر برسے تو مُردہ قلوب زندہ ہو گئے۔

آپ کی اور آپ کے دارالعلوم کی مقبولیت کا اندازہ اِس حقیقت سے ہو سکتا ہے کہ آج اس آفتابِ علم اور شمعِ علم سے ہند و پاک، افغانستان، روسی ترکستان، ایران، عراق، شام، سعودیہ عرب، انڈونیشیا، کویت، بحرین، ترکی، ملایا اور ہند و پاک کے تمام صوبوں اور شہروں یعنی سرحد، بلوچستان، پنجاب، سندھ، کشمیر، یو۔ پی، سی۔ پی، بہار، بنگال، مدراس، بمبئی، کلکتہ، دہلی، لکھنؤ، لاہور، امرتسر، لدھیانہ، جالندھر، انبالہ، سہارنپور، مظفر نگر، میرٹھ، بجنور، مُرادآباد اور تمام شہر ملک اور صوبے روشن ہیں۔ اور ہر جگہ دارالعلوم کی شاخیں اور اسکے علمی آثار نمودار ہیں۔ ہند

پاک اور ان کی ریاستوں مثلاً بھوپال، مالیر کوٹلہ، قلات، حیدرآباد دکن، بہاولپور وغیرہ کے شرعی محکموں میں دارالعلوم کے فضلاء قاضی اور مفتی کے عہدوں پر متمکن رہے۔ غرضکہ دارالعلوم دیوبند اپنی عظمت اور بلندی کے باعث اس قدر ہمہ گیر صفات کا مالک ہے کہ اس کے فضلاء جہاں جہاں بھی ہیں، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا بار امانت اس خوش اسلوبی سے اٹھائے ہوئے ہیں جس کو آسمان و زمین اور جبال نے اٹھانے سے انکار کر دیا تھا۔ یونیورسٹیوں، کالجوں اور سکولوں اور عربی مدارس میں فضلائے دیوبند کی ایک بہت بڑی جماعت مسند درس و تدریس پر جلوہ افروز ہو کر دین کی شمعیں روشن کر رہی ہے۔

عمارات

آج دارالعلوم کی عمارات پر ایک طائرانہ نظر ڈالئے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ کروڑوں روپوں کی یہ عمارتیں اپنے بانی مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی یادوں کو اپنے سینوں سے لگائے ہوئے انکی عظمت کا نام و نشان پیش کرتی ہوئی نظر آتی ہیں۔ یہ باب عالی، یہ دو منزلہ شاندار مسجد، یہ عظیم الشان کتب خانہ، یہ نودرے کی پرشکوہ درسگاہ، اس درسگاہ پر رفیع الشان دارالحدیث، دارالحدیث کے قریب گنبد نما دارالتفسیر، شان و شوکت کا علمبردار ہال کمرہ، اور اس کے مغرب میں جدید دارالطلبہ سب بانی دارالعلوم کی برکتوں اور عظمتوں کی یادگاریں ہیں۔ یہ انشاء اللہ قیامت تک باقی رہیں گی اور اعدائے اسلام کی ہر قسم کی دستبرد سے محفوظ رہ کر باغ اسلام کی آبیاری کریں گی۔

ابنائے قاسمی یا ابنائے دارالعلوم

درخت کا اندازہ اس کے ثمرات سے ہوتا ہے۔ اگر آپ حضرت قاسم العلوم کے ابنائے علم اور اُن کے علمی فرزندوں بیٹوں اور پوتوں اور باغ قاسمی کے ثمرات سے آگاہ ہیں۔ تو آپ کے علم میں یہ بات ضرور ہے کہ حضرت قاسم کے شاگردوں میں براہ راست جناب مولانا محمود حسنؒ صاحب اسیر مالٹا، حضرت مولانا احمد حسنؒ صاحب امروہوی، حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتوی، مولانا حکیم منصور علی مرادآبادی، حکیم رحیم اللہ صاحب بجنوری، مولانا عبدالرحمن صاحب امروہوی، مولانا عبدالغنی صاحب میرٹھی، مولانا محی الدین صاحب قاضی بھوپال مرادآبادی، مولانا فخر الحسن صاحب گنگوہی وغیرہم علم و فضل کے وہ آفتاب و ماہتاب تھے جنہوں نے ہند و پاک کو جگمگا دیا اور پھر شیخ الہندؒ کے شاگردوں میں حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب محدث دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی محدث دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی محدث و مفسر دارالعلوم دیوبند، حضرت مفتی کفایت اللہؒ صاحب مفتی ہند، حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمنؒ صاحب مفتی اعظم ہند، حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب عثمانی، مولانا عبیداللہ صاحب سندھی، مولانا احمد علی صاحب مفسر لاہوری، مولانا رسول خاں صاحب معقولی ہزاروی، مولانا محمد ابراہیم صاحب فلسفی بلیاوی، مولانا اعزاز علی صاحب شیخ الادب دارالعلوم دیوبند وغیرہم رحمۃ اللہ علیہم اجمعین جیسے حضرات جو علوم و فنون کے ماہر تھے پیدا ہوئے۔

اور پھر حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب اور حضرت مولانا شبیر احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہما کے تلامیذ میں مولانا محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم، مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مفتی پاکستان، مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلوی، مولانا بدر عالم صاحب میرٹھی، مولانا مناظر احسن صاحب گیلانی، مولانا حفظ الرحمن صاحب سیوہاروی وغیرہم اور دور اول کے فضلاء میں شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ کے علاوہ ایک اور مجدد وقت اور مصلح قوم حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی اور ان کے ہم سبق حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری۔ یہ سب دارالعلوم کے فضلاء اور اساتذہ تھے۔ ہم نے صرف چند مشہور ہستیوں کے اسماء پیش کئے ہیں ورنہ اس باغ قاسمی میں بے شمار پھول ہیں جنہوں نے فضاؤں کو مہکا دیا ہے۔

ان سب تفصیلات کے لئے ہماری کتاب انوار قاسمی جلد اول مطالعہ کیجئے جس میں ہم نے مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے

حالات کے ضمن میں دارالعلوم کے تمام اطراف وجوانب سے بحث کی ہے۔ آج بحمداللہ دارالعلوم کا سالانہ بجٹ دس لاکھ روپیہ تک پہنچا ہوا ہے۔ اچھی خاصی ایک علمی اور روحانی اسٹیٹ ہے جس کے حکمراں آجکل حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کے پوتے حکیم الاسلام مولانا محمد طیب صاحب مدظلہ العالی ہیں جنہوں نے اور جن کے پدر محترم حافظ مولانا محمد احمد صاحب نے بفضلہ تعالیٰ اس دارالعلوم کو کہاں سے کہاں تک پہنچا دیا۔ بالخصوص مولانا محمد طیب صاحب کی خدمات جلیلہ تاقیام قیامت ناقابل فراموش ہیں۔ اسی دارالعلوم کے متعلق اکابر امت کے خیالات پڑھئے۔

دارالعلوم اکابرِ اُمت کی نظروں میں

علامہ رشید رضا مصری مفتی محمد عبدہ کے شاگرد رشید جب ندوۃ العلماء لکھنؤ کی دعوت پر ہندوستان تشریف لائے تو علامہ اسلامیہ کالج لاہور، مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور ہوتے ہوئے لکھنؤ تشریف لے گئے۔ بعد ازاں علی گڑھ کالج اور پھر ۱۵ اپریل ۱۹۱۲ء کو صبح سات بجے حکیم محمد اجمل خانصاحب مرحوم اور مولانا عبدالحق صاحب بغدادی کے ہمراہ دیوبند پہنچے۔ دارالعلوم دیکھا۔ ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب محدث دارالعلوم دیوبند نے عربی زبان میں ایک زبردست تقریر کی جس میں دارالعلوم کے حالات، بانی دارالعلوم کی شخصیت، مذہب حنفیت علمائے دیوبند کے عقائد وغیرہ پر بحث کی۔ اسی وقت علامہ رشید رضا نے تقریر کرتے ہوئے فرمایا تھا:۔

لَوْلَمْ اَرَهَا لَرَجَعْتُ مِنَ الْهِنْدِ حَزِيْناً۔ — اگر میں دارالعلوم دیوبند کو نہ دیکھتا تو ہندوستان سے غمگین ہوکر لوٹتا۔

پھر انہوں نے مصر پہنچ کر اپنے المنار رسالے میں دارالعلوم دیوبند کے متعلق تحریر فرمایا:۔

ماقرت عینی فی الهند کما قرت برویة مدرسة دیوبند (شعبان ۱۳۳۰ھ) — ہندوستان بھر میں میری آنکھ کو ایسی ٹھنڈک کہیں نصیب نہیں ہوئی۔ جیسی دارالعلوم دیوبند میں حاصل ہوئی۔

شیخ الاسلام فلپائن سید محمد رجبیہ ۱۶ ردسمبر ۱۹۱۳ء کو دیوبند تشریف لائے تو دارالعلوم کو دیکھ کر تقریر میں فرمایا:۔

انی رأیت فی هذه المدرسة انواراً فوق نوری درتاج الملوك وانها بنیت علی التقوی والتعلیم اهل السنة والجماعة۔ — میں نے اس مدرسے میں ایسے انوار پائے جو بادشاہوں کے تاج میں موتیوں سے بھی زیادہ روشن ہیں۔ اس مدرسے کی بنیاد تقوے پر ہے اور اسمیں اہلسنت والجماعت کی تعلیم ہوتی ہے۔

خوب سمجھ لیجئے کہ دارالعلوم دیوبند میں اہلسنت والجماعت کی بنیادوں کو استوار اور مضبوط کیا جاتا ہے۔ اسی کی طرف واضح طور پر شیخ فلپائن نے اشارہ کیا ہے۔

اور حضرت اکبر الہ آبادی نے فرمایا تھا ؎

ہے دل روشن مثالِ دیوبند
اور ندوہ ہے زبان ہوش مند

اور مولانا ظفر علی خاں صاحب نے فرمایا تھا ؎

شاد باش و شاد زی اے سرزمینِ دیوبند — ہند میں تُو نے کیا اسلام کا جھنڈا بلند
ملتِ بیضا کی عزت کو لگائے چار چاند — حکمتِ بطحا کی قیمت کو کیا تُو نے دو چند
ناز کر اپنے مقدر پہ کہ تیری خاک کو — کرلیا ان عالمانِ دین قیّم نے پسند

جان کر دیں گے جو ناموسِ پیمبر پہ فدا — حق کے رستے پہ کٹا دینگے جو اپنا بند بند
اس میں قاسم ہوں کہ انور شاہ کہ محمود الحسن — سب کے دل تھے دردمند اور سب کی نظر ارجمند

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کے بارے میں اکابرِ اُمت کی آراء

یہ تو ہم نے دارالعلوم کے متعلق چند حضرات کی رائیں پیش کی تھیں۔ ورنہ دیگر حضرات کی آرا بھی لکھی جائیں تو خود ایک کتاب بن جاتی ہے۔ اب دارالعلوم کے بانی کے متعلق سنئے کہ ان کے متعلق انصاف پسند حضرات کیا کہتے ہیں :-

سید الطائفہ شیخ العرب والعجم حضرت حاجی امداد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے ایک مکتوب میں حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کے متعلق انکے والدِ محترم کو خطاب کرتے ہوئے تحریر فرمایا تھا جو مرقوماتِ امدادیہ میں درج ہے لکھتے ہیں :-

"بھائی اسد علی کو مبارک ہو کہ اللہ نے ان کو مولوی محمد قاسم جیسا ولی بیٹا عطا فرمایا۔"

صاحب ولایت حضرت مولانا رفیع الدین صاحب خلیفہ ارشد حضرت شاہ عبدالغنی صاحب محدث دہلوی نے تحریر فرمایا :-

"میں نے انسانیت سے بالا درجہ قاسم العلوم کا دیکھا۔ وہ شخص ایک فرشتۂ مقرب تھا جو انسانوں میں ظاہر کیا گیا تھا۔"
(سوانح قاسمی از مولانا مناظر احسن گیلانی)

مولانا فضل الرحمٰن صاحب گنج مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا :-

"مولانا محمد قاسم صاحب مادر زاد ولی تھے۔" (بروایت منشی تجمل حسین صاحب بہاری)

مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے بانی سرسید مرحوم نے تحریر فرمایا :-

"مولوی محمد قاسم صاحب اس دنیا میں بے مثل تھے۔ درحقیقت فرشتہ سیرت ملکوتی خصلت شخص تھے۔"
(علیگڑھ گزٹ اپریل ۱۸۸۰ء)

حضرت پیر سید مہر علی شاہ صاحب گولڑہ شریف جو بریلی مکتبۂ فکر سے تعلق رکھتے ہیں فرماتے ہیں :-

مولانا محمد قاسم صاحب حضرت حق کی صفت علم کے مظہر اتم تھے۔" (بروایت مولانا محمد سعید خطیب مسجد کوہ مری)

ہم صرف ان چند اقوال پر ہی اکتفا کرتے ہیں۔ تفصیلات کے اگر آپ خواہشمند ہیں تو ہماری کتاب "انوار قاسمی" جلد دوم کا انتظار کیجئے مگر سید مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت قاسم العلوم کو حضرت حق کی صفت علم کا جو مظہر اتم کہا ہے۔ اس میں مبالغہ آرائی کو قطعاً دخل نہیں ہے۔ ہم جب مولانا کی تحریروں کا مطالعہ کرتے ہیں تو ایک طرف انتہا درجے کی انکساری پاتے ہیں جو انکا فطری جوہر تھا اور دوسری طرف جوش علم میں انتہائی مجبوری کے عالم میں وقت کے تقاضے کے ماتحت الہامی اور کشفی علوم کا آپ کی زبان اور قلم پر ایسا دروازہ کھل جاتا ہے کہ اسکو اہلِ بصیرت ہی جان سکتے ہیں۔ اپنے ان ہی مکتوبات میں مکتوب ۲ کے آغاز میں مکتوب الیہ مولانا محی الدین خاں صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے لکھتے ہیں :-

"روبسوی عالم الغیب والشہادہ کردہ قلم بدست گرفتم و بنام آں خداوند مفیض الخیر والجود نقش بندی خیالاتی کہ ازاں طرف بدلم میرسند دریں اوراق آغاز نہادم۔"

مولوی فدا حسین صاحب کو تیسرے مکتوب کے آغاز میں لکھتے ہیں :-

"ہرچہ باداباد ہرچہ بدل میرسد بریں صفحہ میگذارم" (مکتوب سوم ص۲)

مولانا سید احمد حسن صاحب امروہوی رحمۃ اللہ علیہ کو قاسم العلوم کے پانچویں مکتوب میں لکھتے ہیں :-

"اکنوں وقت فرصت دیدہ بنام خدا قلم بدست گرفتہ نشستم تا ہر چہ از عالم بالا ریزد برنگارم (مکتوب پنجم ص۱)

مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی کو ان کے خط کے جواب میں لکھتے ہیں :-

"دریں مسئلہ اطمینان قلبی نصیب ایں ہیچمدان شدہ از دار و گیر و پرسا پرسی ہیچ نمی ترسم بالجملہ ہر چہ اینجاست عکس عالم بالا است۔" (مکتوب ہفتم ص۵)

مولانا احمد حسن صاحب کے مکتوب کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں :-

"تا ہنوز عبور بر مسائل ضروریہ ہم میسر نیست تا تحقیق ایں مسائل کہ دریں وقت مد نظر رفتہ بکر و نہ ہم ضرورت تفتیش آں نیفتادہ چہ رسد گر خاطر عزیز است انچہ بصفحہ خاطرم می نگارند من دریں صفحہ میگذارم" (مکتوب ہشتم ص۱)

خط کشیدہ جملوں پر نظر ڈالئے صاف معلوم ہوتا ہے کہ غیب سے جو مضامین دل پر اترتے ہیں ان کو حضرت قاسم العلوم تحریر فرماتے جاتے ہیں۔ اور یہ کشفی اور الہامی صورت نہایت ہی دقیق اور مشکل مسائل میں پیش آتی ہے لیکن جہاں مسائل دقیق اور سخت دشوار نہیں ہوتے وہاں آپ کا انداز تحریر یہ ہوتا ہے۔ اور وہ نہیں ہوتا۔ مولوی محمد حسین بٹالوی کو لکھتے ہیں :-

"ہر چہ بدل دلدم دریں صفحہ میگذارم اگر راست آمد از اں طرف است ورنہ نارسائی و بیہودہ سرائی خود پیش نظر دارم۔" (مکتوب ہفتم قاسم العلوم ص۱)

مولانا فخر الحسن صاحب گنگوہی کے مکتوب کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں :-

"برادر من با ایں ہمہ دانشمندی کہ خدا تعالے لے شمار ارزانی داشتہ باز چہ حاجت است کہ ایں ہیچمدان را تکلیف می دہند .... ناچار ہر چہ بذہن ناقص می آید تحریر می نماید۔" (مکتوب قاسم العلوم ۱۱ ص۲)

مذکورہ بالا خط کشیدہ جملوں سے واضح ہوتا ہے کہ ان خطوط میں جنکے یہ جملے ہیں قاسم العلوم کو کوئی خاص وقت پیش نظر نہیں ہے۔ جہاں مکتوبات میں کسی مخالف یا اپنے کی ناصواب بات کی تردید کرنا ہوتی ہے تو وہاں قاسم العلوم کی علمی قوتوں میں بلا کی شدت پیدا ہو جاتی ہے۔ مثلاً علامہ طوسی کے رد میں لکھتے ہیں جس کی تفصیل آپ آئندہ مکتوبات میں سے کسی ایک مکتوب میں پڑھیں گے جسکا موضوع تحقیق اختلاف امتی رحمۃ ہے :-

"طوسی با ایں علم و عقل بسخنان ابلہ فریب، الہاں رامی فریبد۔ دلائل عصمت ائمہ کہ نوشتہ دعاوی است نہ دلائل۔ ہاں اگر ایں دعاوی را کہ در پیرایہ دلائل آوردہ۔ باثبات می رسانید دلائل دعوئ عصمت ائمہ و منصوص بودن آنہا می شد ......

نہ بینی کہ در دلیل اوّل (طوسی) می نویسد کہ احتیاج امام بہر ایں است کہ در رعایا احتمال خطا است اگر در امام ہم احتمال خطا باشد تسلسل لازم آید۔

سبحان اللہ چہ دلیل است و چہ دعوے۔ اوّل ایں امر مسلم نیست کہ وضع امام بہر غرض مذکور است۔ بہر ہر دعوے دلیلی بکار است۔ ایں کہ دعوے کردہ است کہ احتیاج امام بہر ایں غرض است از کجا آوردہ از عقل و نقل شاہدی نیاوردہ بلکہ اگر در الفاظ قرآنی غور بکار بریم بدانیم کہ وضع امام فقط بہر امر بالمعروف و نہی عن المنکر است ارشاد فرمودہ اند :-

اَلَّذِیْنَ اِنْ مَّکَّنّٰهُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّکٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْکَرِ (مکتوب دہم ص۲۲) وہ لوگ کہ اگر ہم ان کو زمین میں قدرت دیں تو نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں۔ اور نیکی کا حکم کریں۔ اور برائی سے روکیں۔"

دیکھئے مذکورہ بالا عبارت میں طوسی کے خلاف قوتِ علمیہ میں کس قدر جوش پیدا ہوگیا ہے۔ ایک اور جگہ امام فخر الدینؒ رازی اور ملّا سعد الدین تفتازانی کے ان خیالات کی جن میں انہوں نے یہودیوں اور نصرانیوں کے اقوال کو توریت اور انجیل کے بارے میں متواترات میں سے سمجھ لیا ہے۔ حضرت قاسم العلومؒ تحریر فرماتے ہیں :۔

"چوں امام فخر الدینؒ رازی و ملّا سعد الدینؒ را اتفاق تتبع احوال کتب یہود و نصاریٰ نشد نظر بظاہر اقوال یہود و نصاریٰ را از متواترات فہمیدند۔ اگر دریں زمانہ ایں بزرگاں می بودند کتب متعلقہ اقوال یہود و نصاریٰ کہ علماء ایں زمانہ بعرق ریزیہا فراہم کردہ اند بآغوش ایشاں می نہادیم"۔ (مکتوب ہفتم قاسم العلوم ص۲۹)

قاسم العلومؒ کی ان عبارتوں سے انکی قوتِ علمیہ میں جوش اور رفعتِ علمیہ کا اندازہ لگائیے کہ وہ تنقید اور اجتہادی دنیا میں کتنی بلند پرواز ی رکھتے ہیں کہ بڑے سے بڑے مجتہد کے اجتہادی گوشوں کو ایک نظر میں پہچان لیتے ہیں۔

قاسم العلوم کی قوّتِ اجتہادی

حضرت قاسم العلومؒ اپنے زمانے میں یقیناً اجتہاد کا مقام رکھتے تھے اور حضرت مولینا رشید احمدؒ صاحب گنگوہی کا اثنائے گفتگو میں مولانا محمد قاسم صاحب کو یہ فرمانا کہ ہمیں اگر فقہ کی دو چار جزئیات یاد ہوگئیں تو آپ کو رشک آنے لگا اور اپنے آپ مجتہد بنے بیٹھے ہیں ہمیں رشک نہ آیا۔ بالکل درست اور مبالغے سے قطعاً خالی ہے۔ چنانچہ دار الحرب میں سُودی لین دین کے جواز کے متعلق امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے اقوال پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں :۔

"اگر بقول ابو یوسف بنگری اوشاں و ہم ائمہ ثلثہ (امام مالکؒ، امام شافعیؒ و امام احمد بن حنبل) روندگان دار الاسلام را نیز اجازت نمیدہند"۔

یعنی ہر سہ امام اور امام ابو یوسفؒ جو کہ امام ابو حنیفہؒ کے خاص شاگرد ہیں انہوں نے امام ابو حنیفہ اور امام محمد کے اقوال کے خلاف نہ صرف یہ کہ دار الحرب میں ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان سے سُود لینے کو منع فرمایا ہے۔ بلکہ دار الاسلام سے دار الحرب کو جانے والے شخص کو بھی وہاں سُود لینے کی اجازت نہیں دی۔ چنانچہ مولانا قاسم العلوم اپنا محاکمہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں :۔

"و براہ انصاف قول اوشاں (ائمہ ثلثہ و امام ابو یوسف) اقرب الی القبول است"

یہ محاکمہ کرنے کے بعد پھر مولانا محمد قاسم صاحب امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے اقوال کی توجیہ میں لکھتے ہیں :۔

"امام ابو حنیفہؒ و امام محمدؒ نیز علت مال ربوا در صورت مرقومہ مبنی بر اباحت اصلیہ داشتہ اند چنانچہ در رد مختار است ۔

لان مالہ ثمۃ مباح ایں نفرمودہ اند لان عقد الربو ثمۃ جائز او غیر ممنوع۔ (مکتوب ہشتم قاسم العلوم ص۲۵)

دیکھئے حضرت قاسم العلومؒ نے اپنی قوتِ اجتہادی سے ائمہ ثلثہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے اقوال کو ترجیح دی ہے اور یہ فیصلہ کوئی قوتِ اجتہادی رکھنے والا عالم ہی کر سکتا ہے۔ ہمارے اس قول کی تائید آپ آئندہ مکتوباتِ قاسمی کے مضامین پڑھ کر خود بے ساختہ کر اٹھیں گے۔ بلکہ اُن کی تصانیف اور تمام مکتوبات پڑھ کر مولانا کے اجتہادی مقام کے قائل ہو جائیں گے۔

امام ابن ہمام اور تراویح

امام ابن ہمام مشہور حنفی امام ہیں انہوں نے تراویح کے بارے میں یہ فیصلہ دیا ہے کہ تراویح کی آٹھ رکعتیں رسول اللہ

علیہ اللہ علیہ وسلم کی سُنتیں ہیں اور بیس عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خصوصاً اور خلفائے راشدین کی عموماً چنانچہ امام ابن ہمام لکھتے ہیں :-

فتحصل من هذا كله ان قيام رمضان سنة احدى عشرة ركعة بالوتر فى جماعة فعله صلى الله عليه وسلم .... وكونها عشرين سنة الخلفاء الراشدين د قوله صلى الله عليه وسلم عليكم بسنتى وسنة الخلفاء الراشدين۔

تو اس مجموعۂ کلام سے یہ تو نکلتا ہے کہ گیارہ رکعتیں و ترسمیت جماعت سے رمضان میں ایسی سُنتیں ہیں جنکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا اور تراویح کا بیس ہونا خلفائے راشدین کی سنت ہے اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ لازم پکڑو تم میری سنتوں کو اور خلفائے راشدین کی سنت کو۔"

شیخ ابن ہمام نے حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا سے دلیل حاصل کی ہے جس میں انہوں نے فرمایا :-

قالت ماكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يزيد فى رمضان ولا فى غيره على احدى عشرة ركعة . الخ

حضرت عائشہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم رمضان میں اور رمضان کے علاوہ گیارہ رکعات سے زیادہ نہیں پڑھا کرتے تھے۔

مولانا محمد قاسم صاحب نے امام ابن ہمام کے اس حدیث سے استدلال کرنے کو مجروح کر دیا ہے۔ لکھتے ہیں :-

" دہانم تنگ زبانم کوتاہ چگونہ ایں حرف بزرگ بر زبان رانم کہ امام ہمام ابن ہمام کہ در جودت طبع یکتائے روزگار و در تبحر مواد شرعیہ بحر ذخار بودہ دریں تحقیق خطا کردہ۔ مگر اگر نگویم چکنم چوں نگویم لفظ ماکان یزید کہ دریں حدیث عائشہ واقع است و مدار زعم تعارض بر ہماں است لاریب بحکم انصاف ارباب قلب است و مفادش کان لا یزید است کہ بر استمرار عدم زیادت دلالت دارد نہ عدم استمرار و دوام زیادہ "

اس بحث میں قاسم العلوم نے آگے چل کر ثابت کیا ہے کہ بیس رکعات آنحضور صلے اللہ علیہ وسلم ہی کی سنت ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تو اسی کو سُنتِ رسول اللہ سمجھ کر متعین کر دیا ہے۔ رہی حدیث عائشہ رض تو اسکا جواب علماء کے سمجھنے کے لئے مذکورہ بالا عبارت میں پیش کر دیا ہے۔ ہمارا مقصد یہاں صرف اشارہ کرنا ہے بقیہ تفصیلات مصابیح التراویح میں دیکھئے۔

الغرض حضرت قاسم العلوم بڑے بڑے ائمہ کے کیسے ہی اجتہادی گوشوں پر نگاہوں میں کھٹکنے والے مقامات پر انگلی اٹھانے کی قابلیت رکھتے تھے۔ اور اپنے اجتہادی زور سے اسکی تردید اور اپنے قول کی تائید میں دلائل کے زبردست ہتھیار لے کر میدان میں اُتر آتے تھے۔ ہم یہاں صرف اتنی ہی بات پر اکتفا کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ قاسم العلوم اپنے زمانے کے مجتہد تھے۔

یہ تو حضرت والا کا منقولات میں حال تھا کہ اجتہادی مقام رکھتے تھے جہاں عقلی علوم کا تعلق ہے اسکا ذکر آپ مقدمے کے آئندہ کے ان ہی صفحات میں پڑھینگے۔ الغرض حضرت قاسم العلوم اپنے زمانے کے بقول سرسید بے مثل تھے۔

حالات زندگی پیدائش

زمانے کا یہ بے مثل عالم شعبان ۱۲۴۸ھ مطابق ۱۸۳۲ء میں نانوتہ ضلع سہارنپور میں پیدا ہوا۔ ان کے والد کا نام شیخ اسد علی ولد شیخ غلام شاہ تھا۔ آپ کے نانا مولوی وجیہ الدین صاحب سہارنپور میں وکیل تھے۔ آپ کی صرف ایک بہن تھی جو دیوبند میں بیاہی گئی تھیں۔

طالب علمی کا دور

تھوڑی سی عمر میں نانوتے کے مکتب میں تعلیم کا آغاز ہوا۔ پھر آپ کو دیوبند بھیجدیا گیا۔ یہاں شیخ کرامت حسین مرحوم کے مکان پر مولوی مہتاب علی صاحب پڑھاتے تھے اُن سے عربی تعلیم کا آغاز ہوا۔ پھر اپنے نانا کے پاس سہارنپور

رہے۔ وہاں مولوی محمد نواز صاحب سہارنپوری سے فارسی اور عربی کی ابتدائی کتابیں پڑھیں۔ ذوالحجہ ۱۲۵۹ھ میں حضرت مولانا مملوک علی صاحب نانوتوی صدر علوم مشرقیہ عربی کالج دہلی کے ہمراہ روانہ ہوئے اور ۲ محرم ۱۲۶۰ھ کو دہلی پہنچے۔ ۴ محرم ۱۲۶۰ھ کو دہلی میں مولانا مملوک علی صاحب سے پڑھنا شروع کیا۔ معقولات اور منقولات کی تقریباً تمام کتابیں مولانا موصوف سے پڑھیں البتہ معقولات کی بعض کتابیں مفتی صدر الدین صاحب آزردہ صدر الصدور دہلی سے بھی پڑھیں۔ مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ سوانح قاسمی میں لکھتے ہیں کہ

"یہ معقول کی کتابیں میر زاہد، قاضی، صدرا، شمس بازغہ ایسے پڑھا کرتے تھے جیسے حافظ منزل سناتا ہے۔"

بعد ازاں حضرت شاہ عبدالغنی صاحب بن شاہ سعید مجددی دہلوی سے ابوداؤد کے سوا صحاح ستہ کی کتابیں پڑھیں اور حدیث میں مہارت حاصل کی۔ ابوداؤد حضرت مولانا احمد علی صاحب سہارنپوری سے پڑھا۔ مولانا مملوک علی صاحب نے آپ کو دہلی کالج دہلی میں داخل کرادیا لیکن وہاں برائے نام نام درج تھا۔ جیومیٹری کے تمام مقالے خود پڑھ ڈالے۔ منشی ذکاء اللہ صاحب نے امتحان لیا تو امتحان میں پورے اترے۔ اور سب کو حیران کر دیا۔ تمام کالج میں آپ کی دھوم مچ گئی لیکن سالانہ امتحان سے پہلے کالج چھوڑ دیا۔ وہ دنیا کے لئے نہیں بلکہ دین کی خدمت کے لئے پیدا ہوئے تھے تعلیم سے فراغت کے بعد مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری کے مطبع میں کتابوں کی تصحیح کا شغل اختیار کیا۔ اسی زمانے میں مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری نے بخاری کا حاشیہ لکھا۔ پانچ چھ پارے رہ گئے تھے جنکا حاشیہ مولانا محمد قاسم صاحب نے پورا کیا۔ اور یہ سب سے اعلیٰ کارنامہ تعلیم کے فوراً بعد انجام دینا انکے علمی مقامات کی بلندی کا پتہ دیتا ہے۔

روحانی تعلیم | تعلیم سے فراغت کے بعد حضرت حاجی امداد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ تھانوی مہاجر مکہ سے بیعت کی اور روحانیت کے اعلیٰ مقام پر پہنچے۔ ولایت کے اعلیٰ مقام پر آپکو رسائی حاصل ہوئی اور بہت سے لوگوں کو بادل ناخواستہ بیعت کیا۔

جہاد ۱۸۵۷ء | ۱۸۵۷ء کے جہاد میں شاملی کے میدان میں تحصیل کے سامنے حضرت حاجی صاحب کی کمان میں حضرت حافظ محمد ضامن صاحب شہید، مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی، مولانا محمد اظہر صاحب، مولانا محمد منیر صاحب اور دوسرے رفقاء کے ساتھ مل کر جہاد کیا۔ کنپٹی میں گولی لگی اور معجزانہ طور پر بچ گئے۔ انگریزوں نے گرفتاری کے وارنٹ جاری کر دیئے لیکن گرفتار نہ ہو سکے تا آنکہ حج کا ارادہ کیا۔

حج | جمادی الاخری ۱۲۷۷ھ میں پہلا حج فرمایا۔ راہ سفر میں قرآن کریم حفظ کیا۔ واپسی سے پہلے حکومت نے عام معافی کا اعلان کر دیا تھا۔ ربیع الاول ۱۲۷۷ھ میں واپس ہوئے۔ واپسی پر منشی ممتاز علی کے مطبع میں میرٹھ میں دس روپیہ کے ملازم ہوئے۔ اسی دوران قیام میرٹھ میں پڑھانے کا سلسلہ جاری کیا۔

دارالعلوم دیوبند | محرم ۱۲۸۳ھ میں دارالعلوم دیوبند کی بنیاد ڈالی اور اسکی خدمت میں لگ گئے۔

دوسرا حج | ۱۲۸۵ھ میں دوسرا حج کیا اور ۱۲۹۴ھ میں تیسرا حج کیا۔

شادی | تعلیم سے فراغت کے بعد دیوبند میں شیخ کرامت حسین صاحب کی لڑکی سے شادی ہوئی جن سے دو لڑکے حافظ محمد احمد صاحبؒ اور میاں محمد ہاشم اور کئی لڑکیاں پیدا ہوئیں۔

تلامیذ اور عقیدت مند | آپ کے شاگردوں میں مشہور تلامیذ شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن اسیر مالٹا، مولانا احمد حسن صاحب امروہوی اور مولانا فخر الحسن صاحب گنگوہی وغیرہم ہیں۔ مریدین اور عقیدتمند بھی آپ کے بے شمار ہیں۔

مناظرے آخرِ عمر میں عیسائیوں، آریوں اور شیعوں سے مناظرے اور بحثیں ہوئی ہیں سب میں کامیاب نکلے۔ مباحثۂ شاہجہانپور میں عیسائیوں اور آریوں سے مشہور مباحثے کیے۔ جو دو مرتبہ ہوئے۔ اور آپ کے ذریعہ اسلام کی سربلندی ہوئی۔ آریوں میں دیانند سرسوتی کا ناطقہ بند کر دیا۔

تصنیفات آپ کی تصانیف میں تقریر دلپذیر، آبِ حیات، ہدیۃ الشیعہ، حجۃ الاسلام، قبلہ نما تحذیر الناس، مصابیح التراویح، انتصار الاسلام، لطائف قاسمی، جمالِ قاسمی، مناظرۂ عجیبہ، جواب ترکی بہ ترکی وغیرہا بہت سی کتابیں اور رسالے ہیں جن میں اعدائے اسلام سے اسلام کے دفاع کا پورا سامان موجود ہے۔

وفات آخری حج کی واپسی میں جہاز میں آپ سخت بیمار ہوئے۔ بچنے کی اُمید نہ رہی تھی لیکن اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا۔ مگر کھانسی ٹھہر گئی جسنے دمے اور ضیق النفس کی صورت اختیار کر لی۔ ہر طرح کے علاج کیے گئے۔ ڈاکٹر عبدالرحمٰن مظفرنگری، مولانا رشید احمدؒ صاحب گنگوہی، مولانا محمد یعقوبؒ صاحب، حکیم مشتاق احمد دیوبندی اور دوسرے ڈاکٹروں، حکیموں اور ویدوں کے علاج کرائے گئے لیکن بے سُود۔ آخر ۴، جمادی الاولیٰ ۱۲۹۷ھ مطابق ۱۵، اپریل ۱۸۸۰ء بروز جمعرات بعد نمازِ ظہر دیوبند میں دُنیا سے رخصت ہوئے۔ مغرب کی نماز کے بعد دارالعلوم دیوبند کے مشرق شمال میں قریب ہی دفن کر دیئے گئے۔ آجتک ان کا مزار دیوبند میں کچا موجود ہے اور سرہانے سنگِ مرمر پر ایک کتبہ لکھا ہوا ہے جس پر آپ کا نام نامی اور سن وفات درج ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے

مکتوباتِ قاسم العلوم زندگی کے ان مختصر سے حالات کے بعد اب ہم مولانا کے فارسی مکتوبات کی طرف جو قاسم العلوم کے نام سے مشہور ہیں اپنی عنانِ قلم موڑتے ہیں اور ان مکتوبات کے پس منظر اور تاریخی خاکے کی طرف لئے چلتے ہیں جن کے لئے ہم نے اس مقدمے کی بنیادیں اٹھائی ہیں۔

حرف حقیقت

قاسم العلوم کا پس منظر

ایک تاریخی خاکہ

سو سال پہلے کی بات ہے کہ ایک صاحب منشی ممتاز علی صاحب میرٹھی حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ بانی دارالعلوم دیوبند کے خاص عقیدت مندوں میں سے تھے۔ انہوں نے میرٹھ میں مطبع مجتبائی جاری کیا تھا اور بعد ازاں اسے دہلی منتقل کر لیا تھا۔ سنہ ۱۸۷۶ء میں انہوں نے یہ مطبع پانچسو روپیہ میں مولانا عبدالاحد صاحب کو فروخت کر دیا تھا۔ جنہوں نے اس کو بام عروج پر پہنچایا۔ بہرحال مطبع مجتبائی کے اصل بانی منشی ممتاز علی تھے۔ انہوں نے حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نور اللہ مرقدہ کے کچھ فارسی مکتوبات قاسم العلوم کے نام سے سنہ ۱۲۹۲ھ میں چار نمبروں میں شائع کیے جن کی تفصیلات ہم آئندہ سطور میں پیش کر رہے ہیں۔ پہلے نمبر کے ٹائیٹل کی عبارت سے طباعت کا مہینہ، سال اور اس کی تصحیح جو خود حضرت مولانا نے فرمائی واضح ہوتی ہے۔ عبارت یہ ہے :-

نمبر اوّل

من یرد اللہ بہ خیراً یفقھہ فی الدین المنۃ للہ کہ بزبان سعید و اوان حمید رسالہ عجیب و غریب کہ در تحقیق مضامین دلچسپ و تدقیق نکات دلنشیں فرد فرید است مطبوعہ تاریخ پانزدہم ماہ ربیع الاول سنہ ۱۲۹۲ھ موسوم برسالہ۔

قاسم العلوم

من تصنیف مولانا مولوی محمد قاسم صاحب سلمہ

بتصحیح مولانا ممدوح کہ در علم و عمل خویش بقیہ سلف صالحین ہستند و بجودت طبع وذکاوت ذہن خود یادگار علمار محققین۔

در مطبع مجتبائی دہلی باہتمام محمد ممتاز علی طبع گردید

اسکے اول میں منشی ممتاز علی صاحب نے جو ایک صفحہ کا تعارفی مقدمہ لکھا ہے اس میں تحریر فرماتے ہیں :۔

"یہ خادم ازلی محمد ممتاز علی مہتمم و میرزا عبدالرزاق بیگ منصرم مطبع مجتبائی عرض کرتے ہیں کہ فخر الاماثل و مرجع الافاضل حضرت مولانا مولوی محمد قاسم صاحب مدفیوضہم کی بعض تصنیفات اپنی نظر سے گذریں جنکے دیکھنے سے ایمان تازہ ہوتا ہے تحقیق بیان وتدقیق مضامین سے سلفِ صالحین اور علمار محققین کے علم کا سا مزا ملتا ہے۔ لہٰذا ہم نے بنظر خیر خواہی خلائق چھاپنا ان کا مناسب جانا تاکہ ہر شخص کو فائدہ حاصل ہو اور اس نمونۂ قدرتِ خداوندی کو دیکھ کر ہر ایک کا ایمان کامل ہو اور نام اس مجموعہ کا رسالہ قاسم العلوم رکھا۔"

اشتہار قاسم العلوم

اس نمبر کے ٹائیٹل کی عبارت سے واضح ہوتا ہے کہ اس کی تصحیح حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نے خود فرمائی ہے۔ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس کا نام "قاسم العلوم" منشی ممتاز علی صاحب نے خود رکھا ہے۔ ان نمبروں کے شائع کرنے سے پہلے منشی ممتاز علی صاحب نے ایک اشتہار چھاپ کر شائع کیا جس کی عبارت ان ہی کے الفاظ اور رسم الخط میں حسب ذیل ہے :۔

اشتہار قاسم العلوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

"جناب مولوی محمد قاسم صاحب کو اکثر صاحب جانتے ہوں گے۔ مناقشہ، مجادلہ سے حذر کرتے ہیں۔ اور عالم بے تعلقی میں آزادانہ بسر کرتے ہیں۔ اگر کسی صاحب نے کبھی بلاد دور دست سے کسی مسئلہ مشکل وامر لاینحل میں کچھ استفسار کیا تو اس کا جواب لکھ دیا ورنہ کسی سے کچھ کام نہیں اور کیوں کر ہو نفسانیت کا نام نہیں بندہ اون کی وضع آزادانہ کا عاشق اور اُنکے کلامِ محققانہ کا شائق ہے۔ مدت سے اس فکر میں تھا کہ کسی طرح آپ کا کلام حاصل کیجئے اور چھاپ کر عالی طبعان روزگار کو تماشا قدرت کا دکھا دیجئے مگر کچھ بن نہ آتی تھی حسرت باقی تھی آخر حسنِ اتفاق سے مولانا دہلی میں کیوں نہ تشریف لے آئیں اور غریب خانہ ہی میں کیوں نہ قیام فرمائیں۔ نہایت خوش ہوا آپ کا کلام حاصل کیا چنانچہ تمام خطوط کو جنکی تفصیل ذیل میں درج ہے جمع کر کے ایک رسالہ لکھا ہے اور اسکا نام "قاسم العلوم" رکھا۔ یہ رسالہ تخمیناً چھ جزو کا مطبع احقر میں بتصحیح ومقابلہ مولوی صاحب ممدوح کے ماہ بماہ ایک مرتبہ چھپ کر شائقین وقائق علم دین وعاشقین جناب محبوب رب العالمین کی خدمت میں ارسال کیا جایا کرے گا۔ اہل شہر کو فی روپیہ ۲۰ جزو اور صاحبان بلاد دور دست کو فی جزو ایک آنہ مع محصول

دیا جایا کرے گا اور قیمت رسالہ کی مشتریان سے ماہ بماہ لی جائے گی۔ جن صاحب کو خریدنا اس رسالہ کا منظور ہو وہ صاحب براہِ عنایت رسالہ مرسلہ کی قیمت ارسال فرما کر اپنی مافی الضمیر سے بذریعہ تحریر دیگر بخط پیدڈ مطبع خبر فرمائیں اور مشتریان اگر ٹکٹ مرسل فرمائیں تو مع فیس بھجوائیں۔"

المشتہر محمد ممتاز علی مہتمم مطبع دہلی ساکن بازار چاوڑی دہلی

مذکورہ اشتہار سے حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کا ربیع الاول ۱۲۹۲ھ سے کچھ پہلے دہلی میں آ کر مقیم ہونا، خود منشی صاحب کے مکان پر مولانا کا قیام پذیر ہونا۔ قاسم العلوم کے مکتوبات مولانا سے حاصل کرنا۔ مولانا کا مکتوبات اور کتابت کردہ کاپیوں پر نظرِ ثانی اور ان کی تصحیح کرنا ثابت ہوتا ہے۔ یہی وہ زمانہ ہے جب مولانا کے دہلی میں پادری تارا چند سے مناظرے ہوئے ہیں اور پادری کو شکست فاش دی ہے۔

پھر بھی غلطیاں رہ گئیں

اگرچہ مولانا رحمۃ اللہ علیہ نے کتابت کردہ کاپیوں کی خود تصحیح کی ہے لیکن کاتب کی ستم ظریفی نہ کہیے تو کیا کہیے کہ:۔

۱۔ پہلے نمبر کے آخر میں پچیس کتابت کی غلطیوں کی تصحیح چھاپی گئی ہے۔

۲۔ دوسرے نمبر کے آخر میں بھی "غلط نامہ رسالہ قاسم العلوم" کے ضمن میں کتابت کی اننتی غلطیوں کی تصحیح طبع کی گئی ہے۔

لیکن چوتھے نمبر کے آخر میں صحت نامۂ الفاظ یا غلط نامہ کہہ لیجیے موجود نہیں ہے۔ حالانکہ اس میں بھی کتابت کی کئی غلطیاں ہماری نظر سے گذریں۔ بلکہ پہلے تین نمبروں میں بھی تصحیح اور مقابلے کے باوجود پھر بھی کتابت کی غلطیاں رہ گئی ہیں جنکو ہم نے اپنی نقل میں درست کیا ہے۔ غلطیوں کا تصحیح اور مقابلے کے باوجود رہ جانا طباعت وکتابت کی کرامتوں میں سے ایک کرامت نہ کہیں تو کیا کہیے کہ یہ رہ ہی جاتی ہیں جنکا ہمیں خود بارہا تجربہ ہوا ہے۔

مذکورہ بالا اشتہار کی عبارت سے ہمیں یہ بھی معلوم ہوا کہ قاسم العلوم گویا ایک ماہوار رسالہ ہے جو ماہ بماہ قارئین کے پاس پہنچتا رہے گا اور اس میں حضرت قاسم العلوم کے خطوط یا دیگر فیوض علمیہ کی اشاعت ہوا کریگی۔ ان نمبروں کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ:۔

۱۔ پہلا نمبر:۔ ۱۵ ربیع الاول ۱۲۹۲ھ کو شائع ہوا۔

۲۔ دوسرا نمبر:۔ اس پر کوئی تاریخ طبع واشاعت درج نہیں۔

۳۔ تیسرا نمبر:۔ اس کے اندرونی ٹائیٹل پر ۱۵ ماہ ربیع الثانی ۱۲۹۲ھ درج ہے۔

۴۔ چوتھا نمبر:۔ اس کے اندرونی ٹائیٹل پہ ۱۵ جمادی الثانی ۱۲۹۲ھ درج ہے۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دوسرے اور تیسرے نمبروں کی تاریخوں میں غلطی ہو گئی ہے۔ کیونکہ جب رسالہ قاسم العلوم ماہ بماہ شائع ہو رہا ہے تو

پہلا نمبر:۔ ۱۵ ربیع الاول ۱۲۹۲ھ کو

دوسرا نمبر:۔ ۱۵ ربیع الثانی ۱۲۹۲ھ کو

تیسرا نمبر:۔ ۱۵ جمادی الاولیٰ ۱۲۹۲ھ کو

چوتھا نمبر: ۱۵، جمادی الثانی ۱۲۹۲ھ کو شائع ہوا۔ لہٰذا پہلے اور چوتھے نمبروں کی تاریخہائے طباعت تو درست ہیں مگر دوسرے نمبر پر تاریخ کا اندراج نہ ہونا اور تیسرے پر ۵ ار ربیع الثانی کا درج کرنا کیا معنی رکھتا ہے۔ بہرحال یہ آپ کی فہم پر چھوڑتا ہوں۔

ایک اور اشتہار جو چوتھے نمبر کے آخر میں چھپا ہوا ہے

چوتھے نمبر کو دیکھا گیا تو اسکے آخر میں ایک اور اشتہار منشی ممتاز علی مالک مطبع مجتبائی دہلی کی طرف سے چھپا ہوا ملا جسکا مضمون یہ ہے:-

اشتہار قاسم العلوم

جن صاحبان نے آجتک قیمت قاسم العلوم کی عنایت نہیں کی لہٰذا اب بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہی کہ مہربانی فرماکر قیمت حسب تفصیل ذیل پر چہار جلد کی علیحدہ علیحدہ ملاحظہ فرماکر قیمت ہر ایک جلد کی صفحہ اول یعنی ٹیٹر جلد مذکور پر مع نمبر کے تحریر ہے معائنہ کرلیں اور اب نمبر چہارم ارسال خدمت ہوتا ہے۔ آئندہ جسقدر تیار ہوگی پھر اطلاع مع قیمت کے دی جاوے گی۔ فقط

تفصیل ہر چہار جلد

جلد اول	جلد دوم	جلد سوم	جلد چہارم
۴۰ر	۵۰ر	۴۰ر	۳ر
		۲ پائی	ا پائی

المشتہر محمد ممتاز علی مالک مطبع مجتبائی دہلی

ہم نے بعینہٖ ان ہی کے رسم الخط اور الفاظ میں اشتہار کی نقل ہدیۂ قارئین کر دی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ رسالوں کو چھاپ کر لوگوں کے پاس بھیجدیتے تھے اور پھر قیمت کے وصول ہونے کی اُمید رکھتے تھے۔ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ چوتھے نمبر کے بعد بھی وہ جو کچھ چھاپیں گے اس کی طباعت اور اس کی قیمت کی بھی اطلاع دینگے۔ اس اشتہار سے مطبع کے مالک ہونے کا بھی صاف پتہ چلتا ہے۔ مگر ان چار نمبروں کے بعد یہ سلسلہ جاری نہیں رہا۔ غالباً لوگوں سے قیمت وصول ہونے میں مایوسی ہوئی معلوم ہوتی ہے گو یہ قیمت تو معمولی قیمت تھی مگر

اے بسا آرزو کہ خاک شدہ

تفصیل مکتوبات

قاسم العلوم کے اشتہار کے ساتھ منشی ممتاز علی صاحب نے جن مکتوبات کے چھاپنے کا اشتہار دیا تھا وہ اسکے آخر میں درج ہیں اور نمبروں کے ٹائیٹلوں پر بھی مضامینِ مکتوبات کے عنوان درج ہیں ۔ پہلے نمبر میں دو مکتوب ہیں ایک مولوی محمد فاضل کے نام اور دوسرا مولانا محی الدین صاحب کے نام۔

مکتوب اوّل (فارسی)

۱۔ درجواب شبہ بعض فضلاء کہ دربارہ عدم مملوکیۂ فدک در رسالہ ہدیۃ الشیعہ تحقیق کردہ شد، بدل اوشاں از روایت واقدی افتادہ بود۔

پہلا خط

بعض فضلاء کے شبہ کے جواب میں ہے جو شبہ کہ ان کو واقدی کی روایت سے ہدیۃ الشیعہ (مصنفہ مولانا محمد قاسم صاحب) کے رسالے میں باغ فدک کے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ملکیت سے نہ ہونیکے بارے میں تحقیق کیخلاف انکے دل میں پیدا ہوا۔

یہ مکتوب مولانا محمد قاسم صاحب نے مولوی محمد فاضل صاحب کے خط کے جواب میں تحریر فرمایا ہے ۔ مولوی محمد فاضل صاحب مولانا محمد قاسم صاحب کے خدام میں سے تھے اور انہوں نے حضرت مولانا سے علوم کا استفادہ بھی کیا ہے ۔ حضرت مولانا نے اپنی تصنیف "ہدیۃ الشیعہ" میں فدک نامی گاؤں کو جو خیبر کے رقبے میں تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ملکیت سے خارج ثابت کیا ہے اور واقدی کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ فدک آپ کی ملکیت میں تھا لہٰذا مولوی محمد فاضل صاحب نے اپنے خط میں اس شبہ کو ظاہر کیا تھا یہ مکتوب ان ہی کے جواب میں ہے جو چھپے ہوئے اٹھارہ صفحات میں ہے ۔ روایت واقدی کے متعلق اس مکتوب میں مولانا لکھتے ہیں:۔

حدیث مرفوع کہ بحوالہ واقدی اشارہ بآں کردہ اند اول نزد اکثر محدثین قابل اعتبار نیست کہ منجملہ وضاعین اوشاں را شمردہ اند آنانکہ توثیق اوشاں کردہ اند فقط توثیق اوشاں کردہ اند توثیق جملہ رواۃ ایشاں نکردہ اند تا وقتیکہ حال جملہ رواۃ معلوم نتواں گفت کہ ایں حدیث اوشاں چہ حالی دارد۔ صحیح است یا ضعیف (قاسم العلوم صـ۱)

مرفوع حدیث کہ واقدی کے حوالے سے آپ نے اُس کی طرف اشارہ کیا ہے اوّل تو اکثر محدثین کے نزدیک قابل اعتبار نہیں ہے کہ محدثین نے انکو منجملہ جھوٹی حدیثوں کے گھڑنے والوں میں شمار کیا ہے اور جن لوگوں نے انکو معتمد قرار دیا ہے تو انہوں نے صرف واقدی کو معتمد کہا ہے انکے تمام راویوں کی توثیق نہیں کی ہے ۔ جب تک کہ تمام راویوں کے حالات معلوم نہوں اسوقت تک نہیں کہا جاسکتا کہ انکی یہ حدیث کیا حالت رکھتی ہے ۔ صحیح ہے یا ضعیف ہے۔
(قاسم العلوم صـ۱)

آخر میں خلاصے کے طور پر لکھتے ہیں :۔

الغرض موجب ملک کہ قبض است بطور استحقاق فعلی در مرتبۂ تحتانی نہ خود رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم را بہ نسبت اموال فے

الغرض ملک کا سبب جو کہ قبضہ ہے مرتبہ تحتانی میں استحقاق فعلی کے طور پر نہ تو خود رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اموال فے کی نسبت

حاصل بود نہ دیگراں را و در مرتبہ فوقانی قبض و ملک و استحقاق فعلی آنسرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم ہم مسلّم مگر دراں مرتبہ بیع و شراء وہبہ ومیراث وغیرہ تصرفات را رسائی نیست۔

حاصل تھا اور نہ اوروں کو۔ اور مرتبہ فوقانی میں قبضہ اور ملک اور استحقاق فعلی تمام امور آنسرور صلی اللہ علیہ وسلم کو مسلم لیکن اس مرتبے میں بھی خرید و فروخت اور مال نے کا ہبہ کرنا اور میراث وغیرہ کے تصرفات اور حقوق تصرفات تک آپ کی بھی رسائی نہیں ہے۔

مکتوب دوم

در شرح حدیث ابی رزین قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیْنَ کَانَ رَبُّنَا قَبْلَ اَنْ یَّخْلُقَ خَلْقَہٗ قَالَ کَانَ فِیْ عَمَاءٍ مَا تَحْتَہٗ ھَوَاءٌ وَّمَا فَوْقَہٗ ھَوَاءٌ وَّ خَلَقَ عَرْشَہٗ عَلَی الْمَاءِ۔ کہ در مشکوٰۃ از ترمذی مروی است۔

دوسرا خط

ابو رزین کی اس حدیث کی شرح میں ہے انہوں نے کہا کہ میں نے کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مخلوق کو پیدا کرنے سے پہلے ہمارا رب کہاں تھا۔ فرمایا وہ ایک بادل میں تھا کہ اسکے نیچے ہوا تھی اور اسکے اوپر بھی ہوا تھی اور اس نے اپنے عرش کو پانی پر پیدا کیا یہ حدیث مشکوٰۃ میں ترمذی سے لی گئی ہے۔

یہ فارسی مکتوب مولوی محی الدین خانصاحب شاگرد رشید کے نام ہے جو چھیالیس مطبوعہ صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔ گویا پہلے نمبر کے ان دونوں خطوط کے کل صفحات باسٹھ ہیں۔ تمہیدات کے بعد کی تشریح اور متشابہات پر قلم فرسائی کرتے ہوئے حضرت حجۃ الاسلام مولانا محمد قاسم صاحب عماء کی لفظی اور معنوی تحقیق کے بارے میں لکھتے ہیں:۔

عماء بالمد ابر را گویند۔ مگر پیشتر گفتہ ام کہ ؎

غیب را ابری و آبی دیگر است

آسمان و آفتابی دیگر است

دریں عالم اگر ابر ایست کہ زیر آسمان و بالا زمین است در عالم غیب و بطون کہ موطن وجوب است، آں وجود منبسط را باید گفت کہ زیر مرتبہ ذات است کہ منبع صفات فاعلات باشد و بالا مرتبہ منفعلات اعنی ممکنات است۔ ہر صفتی وجودی کہ باشد لازم او ست و ہر حقیقتی عدمی کہ بینی یکے از آثار او ست۔ چناں کہ نشو ونما نباتات بآمیزش تنزل آں ابر خیرات و برکات و چوں تبا شد الوجود خیر کلہ۔ چنانکہ اولیں سامان کائنات ایں وجود است کہ بآں اشارہ کردہ ام چہ صادر اول ہموں است وہمہ صادرات از اتباع او۔"

(قاسم العلوم مکتوب دوم ص۶)

عماء مد کے ساتھ بادل کو کہتے ہیں مگر میں نے پہلے کہدیا ہے کہ

غیب کا بادل اور پانی اور ہے

اور اسکا آسمان اور آفتاب اور ہے

اس دُنیا میں اگر بادل یہ ہے جو کہ آسمان کے نیچے اور زمین کے اوپر ہے تو غیب اور اسرار کی دنیا میں جو اللہ تعالیٰ کے رہنے کی جگہ ہے، ابر اس پھیلے ہوئے وجود کو کہنا چاہیئے جو اللہ تعالیٰ کی ذات کے مرتبے کے نیچے ہے جو کہ عمل کرنے والی صفتوں کا منبع ہے اور کائنات کے مقام سے اوپر ہے۔ ہر وجود رکھنے والی صفت جو بھی ہو اسکی ذات کیلئے لازم ہے اور ہر نہ ہونے والی حقیقت جو تم دیکھتے ہو اسکے آثار میں سے ایک اثر ہے جس طرح نباتات کی نشو ونما اس بادل کے پانی کے ملنے سے ہوتی ہے اسی طرح تمام کائنات جو ہم دیکھتے ہیں اس بھلائیوں اور برکتوں والے ابر یعنی اللہ تعالیٰ کی رحمت کی بارش سے ہے اور کیوں نہ ہو وہ ذات تو سراپا خیر ہے۔ جس طرح نباتات

کے اگنے کا سب سے پہلا ذریعہ یہ ابر باراں ہے اسی طرح اس کائنات
کے وجود کا سب سے پہلا ذریعہ یہی پہلا ہوا وجود ہے، جسکی طرف میں
نے اشارہ کیا ہے کہ سب سے پہلا صادر وہی وجود ہے اور باقی تمام
صادرات اسکے تابع ہیں۔" (قاسم العلوم ص۶)

دیکھئے حجۃ الاسلام مولانا محمد قاسم صاحب نے اس متشابہ حدیث کو کس خوبصورتی سے حل کیا ہے کہ علمائے فحول کی گردنیں اس امام زمانہ کے سامنے شکریئے میں جھک جاتی ہیں۔ یہ تو ہم نے انکے طویل خط میں سے مختصر سی عبارت آپ کی تسکین ذوق کے لئے پیش کی ہے پورا خط آپ خود پڑھیئے۔

اب قاسم العلوم کے دوسرے نمبر کی طرف آیئے اس نمبر میں تیسرا، چوتھا اور پانچواں تین مکتوب ہیں۔ تیسرا مکتوب مولوی فدا حسین کے نام ہے جو مطبوعہ پینتالیس (۴۵) صفحات پر ہے۔ چوتھا مکتوب بھی انہی مولوی فدا حسین کے نام ہے اور یہ مطبوعہ دس (۱۰) صفحات میں ہے اور پانچواں مکتوب مولانا سید احمد حسن صاحب امروہوی کے نام ہے جو حجۃ الاسلام کے ارشد تلامذہ میں سے تھے۔ یہ مطبوعہ مکتوب بتیس (۳۲) صفحات کا ہے۔ گویا اس مجموعہ نمبر کے کل صفحات ستاسی ہیں۔ ان تینوں خطوط کے عنوانات مضامین حسب ذیل ہیں:۔

مکتوب سوم

در تحقیق مَا اُھِلَّ لِغَیْرِ اللّٰہِ بِہٖ۔ ایضاح معنی قید عند الذبح کہ اکثر مفسرین افزودہ اند۔

تیسرا خط

وہ جانور جو غیر اللہ کے نام پر ذبح کیا جائے اسمیں مفسرین نے ذبح کیوقت کی قید جو لگائی ہے۔ اس خط میں اسکی وضاحت کی گئی ہے۔

حضرت شاہ عبد العزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ مَا اُھِلَّ لِغَیْرِ اللّٰہِ بِہٖ کی فہرست میں وہ جانور بھی شامل کرتے ہیں جو کسی کی نذر کے طور پر نامزد کر دیا گیا ہو جیسا شیخ سدو کا بکرا۔ حضرت حجۃ الاسلام نے اپنے اس مکتوب میں دونوں تفسیروں پر مجتہدانہ رنگ میں جو بحث کی ہے وہ دونوں کی حاوی ہے۔ نیز اس سلسلے میں انہوں نے اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ کی حدیث پر جو کلام کیا ہے وہ بھی اپنی نظیر آپ ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ یہ حجۃ الاسلام کا ہی حصہ ہے۔ ما اھل لغیر اللہ بہ پر محاکمہ کرتے ہوئے حجۃ الاسلام لکھتے ہیں:۔

محاکمہ حجۃ الاسلام

ما میگوئیم مَا اُھِلَّ لِغَیْرِ اللّٰہِ بِہٖ ہماں باشد کہ وقت ذبح نام غیر بر زبان برند و تشہیر سابق و نیت اولی را دریں باب ہیچ مدخلت نباشد۔ مگر ماحصل ایں جملہ بجز ایں چہ باشد کہ ایں قسم را بطور اصطلاح شرعی منجملہ مَا اُھِلَّ لِغَیْرِ اللّٰہِ بِہٖ نباید گفت۔ مگر ازیں قدر حلال نتواں گفت کہ ایں خیال آرزوی است محال۔ آری اگر حرمت منحصر در مَا اُھِلَّ لِغَیْرِ اللّٰہِ بِہٖ بودی چشم ملاں خنک

ہم کہتے ہیں کہ مَا اُھِلَّ لِغَیْرِ اللّٰہِ بِہٖ وہی ہوتا ہے کہ ذبح کیوقت غیر اللہ کا نام زبان سے کہیں اور پہلی تشہیر اور پہلی نیت کا اس بارے میں کوئی دخل نہیں۔ لیکن اس جملہ کا ماحصل اسکے سوا اور کیا ہے کہ اس قسم کو اصطلاح شرعی کے طور پر منجملہ مَا اُھِلَّ لِغَیْرِ اللّٰہِ بِہٖ نہ کہنا چاہیئے۔ مگر اتنی بات سے حلال نہ کہنا چاہیئے کیونکہ یہ خیال ایک محال آرزو ہے۔ ہاں اگر مَا اُھِلَّ لِغَیْرِ اللّٰہِ بِہٖ میں ہی حرمت منحصر ہوتی

گردیدمی وشایقان ذبیحۂ شیخ سدو وغیرہ را در خوردن آں تردد ی پیش نیامدی وقتیکہ اسباب حرمت کثیر باشد فقط ازیں قدر شاد نباید شد۔ باقی ماند اینکہ اینجا ازاں اسباب کدام است البتہ ایں سخن گفتنی وشنیدنی است۔ میگویم سرمایۂ حرمت ایں جانوراں ہماں نیت لغیر اللہ است"۔ (قاسم العلوم مکتوب سوم نمبر ۲ صفحہ ۲۴-۲۵)

تو حلال کہنے والوں کی آنکھ ٹھنڈی ہوجاتی اور شیخ سدو کے ذبیحہ کے شائقین کو اسکے کھانے میں کوئی تردد پیش نہ آتا مگر جبکہ حرمت کے اسباب بہت سے ہوں تو صرف اتنی بات سے خوش نہیں ہونا چاہیئے باقی رہی یہ بات کہ یہاں ان اسباب میں سے کونسے اسباب ہیں تو یہ بات کہنے اور سننے کی ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اس قسم کے جانوروں کی حرمت کی وجہ وہی لغیر اللہ کی نیت ہے۔

ہم نے اس مختصر سی عبارت میں پورا محاکمہ تو درج نہیں کیا لیکن اہل علم کے نزدیک ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لینے اور غیر اللہ کے نام پر کسی جانور کو نامزد کردینے میں حضرت حجۃ الاسلام نے جو قدر مشترک معلوم کی ہے وہ دونوں تفسیروں کے لئے مطابقت کا سامان پیدا کرتی ہے۔ اس لئے اس آیت کے ضمن میں اگر حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے کسی غیر اللہ کے نامزد جانور کو حرمت میں شامل کرلیا ہے تو کیا مضائقہ ہے۔

مکتوب چہارم

در معصومیۃ انبیاء علیہم السلام وہم تحقیق حقیقت کلی طبعی۔

چوتھا خط

انبیاء علیہم السلام کے گناہوں سے معصوم ہونے اور کلی طبعی کی حقیقت کے متعلق ہے۔

معصومیت انبیاء کے بارے میں حجۃ الاسلام تحریر فرماتے ہیں:-

بزعم احقر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام از صغائر وکبائر قبل النبوۃ وبعد النبوۃ بہر طور کہ باشد معصوم اند .... در کلام اللہ میفرمایند قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وہمچنیں لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فرمودہ اند۔ ایں دو آیت باتباع مطلق ہدایت میفرمایند"۔ (قاسم العلوم صفحہ ۵)

احقر کے گمان میں انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام نبوت سے پہلے اور نبوت کے بعد چھوٹے اور بڑے گناہوں ہر صورت میں معصوم ہیں .... کلام اللہ میں فرماتے ہیں "کہدیجئے اگر تم اللہ کو محبوب رکھتے ہو تو میرا اتباع کرو اللہ تمہیں محبوب رکھیگا" اور اسی طرح "البتہ تمہارے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات میں اسوۂ حسنہ موجود ہے" فرمایا ہے۔ یہ دونوں آیتیں اتباع کیطرف رہبری کرتی ہیں۔

حضرت حجۃ الاسلام مولانا محمد قاسم صاحب کے مقام اجتہاد کا ان عبارتوں سے پتہ چلتا ہے انہوں نے مذکورہ بالا دو آیتوں سے کہ ان میں مطلق اتباع پایا جاتا ہے یہ نتیجہ نکالا کہ اتباع مطلق اسی شخصیت کا کیا جاتا ہے۔ جو صغائر وکبائر سے پاک ہو لہذا انبیاء صغائر وکبائر سے پاک ہوتے ہیں۔

کلی طبعی کی حقیقت

دوسری چیز جسکی تحقیق اس مکتوب میں سائل کے سوال کی بناء پر کی گئی ہے وہ کلی طبعی ہے۔ اس کے متعلق کچھ لکھنے سے پہلے حجۃ الاسلام تحریر فرماتے ہیں:-

اکنوں حال کلی طبعی باید گفت۔ برادر من ہر چند ایں ہیچمدان از

اب کلی طبعی کا حال کہنا چاہیئے۔ میرے بھائی ہر چند یہ ناچیز

"ہر دو کوچہ منقول و معقول نابلد است مگر بہ نسبت معقول اگر دعوے ناآشنائی محض کنم زیبا است مگر باایں نظر کہ قدوہ و امام دریں فن عقل است نہ نقل اگر بہ اقوال گذشتگان نظر نیست یا از خرفشار ایشان خبر نیست گو مباد آخر کم و بیش عقل کہ بمن عنایت فرمودہ اند برائے رہبری ایں راہ کافی است۔" (قاسم العلوم ج ۲ ص ۹)

"علم منقول و معقول دونوں سے ناواقف ہے لیکن علم معقول کے متعلق اگر محض ناآشنائی کا دعوے کردوں تو زیبا ہے۔ مگر اس بات کو دیکھتے ہوئے کہ اس فن (منطق و فلسفہ) میں عقل امام ہے نہ کہ نقل تو اگر پہلے معقولی علماء کے اقوال پر میری نظر نہیں ہے یا انکی قیل و قال سے آگاہی نہیں ہے تو نہ سہی آخر تھوڑی بہت عقل جو اللہ تعالیٰ نے مجھے عنایت فرمائی ہے اس راہ کی رہبری کیلئے کافی ہے۔"

اس عبارت میں واقعی عاجزی و انکساری کی ایک طرف جھلک ہے اور یہ تحریر فرمایا گیا ہے کہ علم منقول یعنی تفسیر و حدیث و فقہ سے میں ناواقف ہوں تو دوسری طرف علم معقول یعنی عقلیہ علم منطق و فلسفہ کے کوچے سے بھی ناواقف ہوں۔ اس حقیقی انکساری کے باوجود ایک طرف وہ علوم منقولات میں زمانے کے مجتہد نظر آتے ہیں اور دوسری طرف منطق و فلسفہ کے بھی وہ امام معلوم ہوتے ہیں۔

ہم نے حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کی سوانح عمری میں جو "انوار قاسمی" کے نام سے زیر طبع ہے آپ کے علوم عقلیہ اور نقلیہ میں مجتہدانہ رنگ اور امامانہ مقام سے سیر حاصل بحث کی ہے اس سے آپ اندازہ لگا سکیں گے کہ حجۃ الاسلام کیا تھے۔ میاں سچ کہہ دوں اور حق کہہ دوں کہ آپ کے زمانے میں آپ سے بڑھ کر اور آپ کے مقام جیسا اونچا اور بلند پایہ عالم کوئی نہ تھا۔ ایک طرف ان کی عقل سلیم تھی جو قدرت نے ان کو عطا کی تھی اور دوسری طرف انکے دل و دماغ پر تفسیر و حدیث۔ فقہ اور تصوف کا منجانب اللہ فیضان ہوتا تھا اور اسکی روشنی میں وہ دیکھتے تھے اور دوسروں کو دکھاتے تھے۔

مذکورہ عبارت میں بھی انہوں نے فرمایا ہے کہ اگرچہ اگلے زمانے کے منطق کے اماموں نے کلی کے متعلق جو کچھ کہا ہے انکے اقوال پر میری سرسری نظر نہیں ہے لیکن چونکہ کلی عقلی علم سے تعلق رکھتی ہے اور اللہ تعالے نے مجھے خود اتنی عقل عطا فرمائی ہے کہ میں ذاتی طور پر کلی کے بارے میں اسکی حقیقت کا انکشاف کر سکتا ہوں اس لئے انہوں نے اس کے بارے میں اپنی ذاتی رائے پیش کی ہے۔

شاہ جہانپور کے مناظرے میں دیانند سرسوتی نے منطق بگھارنی شروع کی اور غلط اصطلاحات پیش کیں اور کہا کہ ایک مطلق (مطلق) ہوتا ہے جو قید ہو اور ایک مقید ہوتا ہے جو آزاد ہو۔ غرض الٹی جاہل الٹی ہی بات کہہ گیا۔ اس پر حجۃ الاسلام کی عقلی قوتوں میں جوش آ گیا اور مقابل کے مقابلے میں ایسے مواقع پر جوش آہی جایا کرتا ہے لیکن ایک جوش بے ہوش ہوتا ہے جو جاہل کیا کرتے ہیں اور ایک جوش باہوش ہوتا ہے جو دانشمند کیا کرتے ہیں۔ حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا جوش باہوش ہوتا تھا اور پھر انکے سامنے نہ کوئی ٹھہرا اور نہ ٹھہر سکتا تھا۔
چنانچہ دیانند کی اس "منطق بگھارنی" پر فرمایا:-

"تم نے منطق جاننے والے دیکھے ہی نہیں۔ خدا کے فضل سے اب بھی منطق جاننے والے ایسے موجود ہیں جو از سر نو منطق ایجاد کر ڈالیں۔" (میلہ خدا شناسی)

اس مقولے میں حضرت حجۃ الاسلام کا اشارہ اپنی طرف تھا کہ خدا کے فضل و کرم سے میں نئے علم منطق کو ایجاد کر سکتا ہوں۔ مطلب یہ تھا کہ جن مناطقہ نے اپنے ذہن رسا سے علم منطق مدون کیا اور اسکی اصطلاحات اور مقدمات مدون کئے اور کلی، جزئی، جنس، نوع، فصل خاصہ، عرض عام، موجبہ کلیہ، موجبہ جزئیہ، سالبہ کلیہ، سالبہ جزئیہ اصطلاحیں ایجاد کیں اسی طرح مطالب و مفاہیم ذہنی کو ثابت کرنے کے لئے

اس کے مقابلے میں منطق کی ایک نئی طرز نکال کر اسکی اصطلاحات وضع کی جاسکتی ہیں۔ جس طرح سائنس جو آگلوں نے وضع کی ان کے نظریات کچھ اور تھے۔ رفتہ رفتہ جب مشاہدات اور تجربات کا دائرہ وسیع ہوتا چلا گیا تو آج کا سائنسدان چاند[1] اور زہرہ پر کمندیں ڈالنے میں کامیاب ہو گیا۔

یونان کے سائنسدانوں نے آب و باد و خاک و آتش چار عناصر ایسے پیش کئے تھے جو مفردات ہیں اور ان میں کوئی اور چیز نہیں ہے لیکن آج کے سائنسدانوں نے ثابت کر کے دکھا دیا کہ ان کو مفرد کہنا غلط ہے خود پانی میں کتنے اجزاء دوسری اشیاء کے موجود ہیں اس لئے پانی ان کے نظریئے کے مطابق مرکبات میں شامل ہو گیا۔

ٹھیک اسی طرح منطق کا علم بھی جدید طور پر مدون کیا جاسکتا ہے اور حضرت حجۃ الاسلام میں واقعی یہ قوت عقلیہ موجود تھی کہ وہ از سر نو منطق کی تدوین کر ڈالیں۔ حجۃ الاسلام کے شاگرد رشید مولانا حکیم منصور علی خاں مراد آبادی جو بعد میں نظام حیدرآباد دکن کے یہاں ملازم ہوئے اور بڑے طبیب بنکر اونچے مقام پر پہنچے اور حیدرآباد دکن کے ہو رہے اور جنکے بیٹے حکیم مقصود علی خاں صاحب عرصے تک دارالعلوم دیوبند کے مخلص اور پرجوش رکن مجلس شوریٰ رہے وہ مولانا منصور علی صاحب حضرت حجۃ الاسلام یعنی اپنے استاد کی مجلس درس میں بیٹھ کر ان سے علوم کا استفادہ کرتے ہوئے اس نتیجہ پر پہنچے کہ علوم عقلیہ میں بھی انکا مقام بہت اونچا تھا۔ چنانچہ اپنی ایک تحریر میں وہ صاف لکھ گئے:۔

"میں نے جناب مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی کو خوب دیکھا ہے اور ان کی تقریر بھی سنی ہے اور ان کے خیالات اور اوصاف پر غور کیا ہے۔ اُن کا ذہن مصنفین فلسفہ کے ذہن سے بھی عالی تھا۔ وہ ہر مسئلۂ شرعی کو دلائل سے ثابت کرنے پر اور مسئلہ فلسفی مخالف شرع کو دلائل سے رد کرنے پر ایسے قادر تھے کہ دوسرے کسی عالم کو میں نے ایسی قوتِ علمیہ اور قوتِ بیانیہ والا نہیں دیکھا" (مذہب منصور حصہ دوم)

ایک اور جگہ مولانا حکیم منصور علی خاں صاحب مذہب منصور کے ابتدائی صفحات میں جو حضرت حجۃ الاسلام کے علوم عقلیہ سے متعلق ہیں لکھتے ہیں:۔

"(مولانا محمد قاسم صاحب) نے تمام احکام شرعی کو معقولات کر دیا ان (مولانا محمد قاسم صاحب) کا مقولہ تھا کہ:۔

"تمام احکام الٰہی و رسالت پناہی عقلی ہیں مگر ہر عقل کو وہاں تک رسائی نہیں" اور فی الواقع وہ جب کسی مسئلہ کو دلائل عقلی سے ثابت کرتے تھے تو اہل علم بھی حیران رہ جاتے تھے۔ ظاہر میں کوئی حکم اگرچہ خلاف قیاس معلوم ہوتا تو مولانا (محمد قاسم) صاحب کی تقریر سے بالکل عقل کے مطابق معلوم ہوتا تھا۔ اصول فلسفہ کو جو شرع شریف کے خلاف ہیں جب دلائل عقلیہ سے رد کرنا شروع کرتے تھے تو ایسا یقین ہوتا تھا کہ ارسطو و افلاطون انکے مقابلے میں طفل مکتب تھے ...

.... احکام شرعیہ میں اگر کوئی شخص اعتراض کرتا تو ایسی تقریر معقول فرماتے تھے کہ معترض کو اطمینان ہو جاتا تھا۔ فرمایا کرتے تھے کہ:۔

"مجھ کو اعتراض کا جواب دینے میں تامل نہیں ہوتا بلکہ جواب میں اس قدر دلائل عقلی پیش نظر آتے ہیں کہ انکو انتخاب کرنے میں ذرا تامل کرنا پڑتا ہے۔" (مذہب منصور جلد دوم)

حضرت حجۃ الاسلام کے اس جملے نے کہ تمام احکام الٰہی و رسالت پناہی عقلی ہیں مگر عقل کو وہاں تک رسائی نہیں" ہمیں اس ابہام میں ڈال دیا ہے کہ حضرت حجۃ الاسلام کو عقلی طور پر کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ تک رسائی تھی۔ حجۃ الاسلام نے یہ وہ بات فرمائی جب

---

[1] امریکہ نے انسان کو چاند پر اُتار دیا۔ پہلا شخص جس نے ۲۰۔۲۱ جولائی ۱۹۶۹ء کو اتوار اور پیر کی درمیانی شب ایک بجکر ۔ منٹ پر چاند پر قدم رکھا۔ امریکہ کا آرمسٹرانگ ہے۔ (مترجم)

کہ جس سے ہمارے لئے ان کے علوم عقلیہ کے بارے میں بے شمار دروازے کھل گئے ہیں۔
یہی مولانا حکیم منصور علی مراد آبادی حضرت حجۃ الاسلام کے ساتھ ایک دفعہ بریلی کے سفر میں ہیں چونکہ مولانا محمد احسن صاحب اور مولانا محمد منیر صاحب بریلی کالج میں پروفیسر رہے ہیں اور وہیں انہوں نے اپنا "مطبع صدیقیہ" بھی جاری کر لیا تھا اور یہ دونوں حجۃ الاسلام کے خاندانی بہت قریب کے بھائی تھے جو نانوتے کے رہنے والے تھے اس لئے حجۃ الاسلام کا کئی دفعہ اثنائے سفر میں بریلی بھی قیام رہا ہے۔ مولٰینا منصور علی خاں لکھتے ہیں:۔

"جب مولانا مرحوم (مولانا محمد قاسم صاحب) نے (ایک دفعہ مراد آباد پہنچکر وہاں سے) قصد بریلی کیا تو ....
میں بھی بریلی کو چلا گیا۔ مولوی غلام مصطفٰے صاحب شاگرد مولوی نقی علی خاں صاحب معقولی مباحثہ کے واسطے تشریف لائے اور پیام استاد سنایا کہ مولوی صاحب کو آپ کی کتاب تحذیر الناس پر ایک شبہ قوی ہے۔ اگر آپ تشریف لادیں تو بہتر ہے۔ مولانا (محمد قاسم) صاحب نے فرمایا ؎

اگر صلح خواہی نخواہیم جنگ وگر جنگ جوئی ندارم درنگ

(اگر تم صلح چاہتے ہو تو ہم جنگ نہیں چاہتے اور اگر جنگ چاہتے ہو تو بالکل دیر نہ کروں گا تیار ہوں)
غلام مصطفٰے صاحب نے کہا کہ:۔
"میری سمجھ میں نہیں آتا کہ واسطہ فی العروض میں ذی واسطہ کیونکر موصوف ہوتا ہے کشتی کو حرکت بالذات ہے اور جالس کو بالعرض مگر دراصل وہ حرکت نہیں۔ لہذا جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب نبوت میں واسطہ فی العرض ہوئے تو دوسرے انبیا سے سلب نبوت لازم آیا۔"
مولانا (محمد قاسم) صاحب نے فرمایا:۔
"سفینہ کو حرکت سے متصف نہ کہا جاوے تو وہ مغرب سے مشرق کیسے پہنچا۔ اور محاذات اور ابون اس کے کیونکر بدلتے رہے۔"
انہوں نے (یعنی مولانا غلام مصطفٰے نے) کہا کہ:۔
"شیخ نے تو یہی لکھا ہے کہ صرف واسطہ ہی موصوف ہوتا ہے اور ذی واسطہ نہیں ہوتا۔"
(مولانا محمد قاسم صاحب نے) فرمایا:۔
"شیخ (بوعلی سینا) نے غلط لکھا۔ اگر آپ کلام شیخ کو سمجھے ہیں تو سمجھا دیجئے۔"
غرض بعد چند رد و بدل کے غلام مصطفٰے صاحب مولانا (محمد قاسم) صاحب کے بہت معتقد ہو گئے" .... خدام مولوی نقی علی خانصاحب کے مکان پر حسب استدعا انکے تشریف لے گئے ...... بہت دیر تک مولانا صاحب اِدھر اُدھر کی معمولی باتیں کرتے رہے۔ مگر جس واسطے انہوں نے بلایا تھا وہ مباحثہ نہ کیا بعد رخصت (مولانا محمد قاسم صاحب) کے احباب نے کہا آپ نے بحث کیلئے مولانا محمد قاسم صاحب کو بلایا تھا کیوں خاموش رہے۔ کہا مناسب نہیں کہ جو شخص اپنے مکان پر آوے اُس سے مباحثہ کیا جاوے
آپ نے مذکورہ بالا مولانا منصور علی خاں صاحب مراد آبادی کا عینی شہادت سے لبریز بیان پڑھا کہ یا تو مولانا نقی علی خاں صاحب حجۃ الاسلام

مولانا محمد قاسم صاحب کو اپنے مکان پر بحث کرنے کے لئے بلاتے ہیں اور خود حجۃ الاسلام کے پاس جانا شان کے خلاف سمجھتے ہیں حالانکہ ایک مہمان کی مہمانی کے ماتحت مولانا نقی علی خاں صاحب کا یہ اخلاقی فرض تھا کہ وہ خود میزبان کے پاس پہنچتے۔

حجۃ الاسلام کے اخلاق کا فاتح ثبوت

لیکن اسکے برعکس وہ اپنے شاگرد مولوی غلام مصطفےٰ کو بھیج کر چیلنج دے رہے ہیں اور جب مولانا غلام مصطفےٰ حجۃ الاسلام کو اپنے استاد کا پیغام دیتے ہیں تو حجۃ الاسلام مولانا محمد قاسم صاحب اپنے ہتھیاروں کے ساتھ جن سے وہ ہر وقت لیس رہتے تھے کس طرح میدان میں اترے ہیں اور یہ فرما رہے ہیں کہ میں جنگ کرنے والا آدمی نہیں ہوں لیکن اگر کوئی جنگ کے لئے آمادہ ہی ہو جائے تو پھر بے درنگ اور بے خوف علمی میدان میں کود پڑتے تھے۔ اور یہ فرماتے نظر آتے تھے ؎

اگر صلح خواہی نخواہیم جنگ — وگر جنگ خواہی ندارم درنگ

پھر آپ نے دیکھا کہ مولوی غلام مصطفےٰ کیسے چاروں خانے چت گرے اور حجۃ الاسلام کے معتقد ہو گئے۔ اور جب قاسم العلوم حجۃ الاسلام خود مولانا نقی علی خاں صاحب کے مکان پر تشریف لے گئے۔ تو اخلاقی طور پر انہوں نے مولانا نقی علیخاں کو انکے مکان پر پہنچکر پچھاڑ دیا اور علمی طور پر تو وہ میدان میں آئے ہی نہیں اور یوں لوگوں کے سامنے خاموش ہو کر اور "مہمان" کا لفظ کہہ کر حاضرین کو اپنی باعزت شکست باور کرا دی۔

ہم عرض یہ کر رہے تھے کہ حضرت حجۃ الاسلام علم معقولات میں بھی اپنے زمانے کے امام تھے اور ان کے سامنے منطق کیا اور فلسفہ کیا کسی علم میں کوئی مقابلہ نہ کر پاتا تھا۔ اسی طرح کی یقینی روایت رام پور ضلع مراد آباد کے بارے میں حجۃ الاسلام سے متعلق ہے۔ مذہب منصورہ میں مولانا منصور علی خاں نے یہ روایت لکھی ہے اور ارواح ثلاثہ میں بھی موجود ہے۔ یہ واقعہ بالکل عینی ہے اور منشی حمید الدین صاحب رئیس سنبھل نے اپنا چشم دید واقعہ بیان کیا ہے کہ حجۃ الاسلام اپنی معرکۃ کتاب "تحذیر الناس" کی اشاعت کے بعد جبکہ عام طور پر علمائے بریلی حجۃ الاسلام کے خلاف زہر اگل رہے تھے رام پور پہنچے تو باوجود اخفا کے آپ کی آمد کی شہرت ہو گئی۔ مولوی ارشاد حسین صاحب شاہ عبد الغنی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد حجۃ الاسلام کے استاد بھائی اور ایک اور منطقی مشہور عالم مولوی عبد الغنی ملنے کے لئے آئے۔ مولوی ارشاد حسین صاحب نے زینے پر چڑھتے ہوئے اپنے شاگردوں اور دیگر علما سے کہا:۔

"اگر رامپور کی عزت رکھنا چاہتے ہو تو اس شخص کو مت چھیڑنا"

ادھر خود حجۃ الاسلام بھی بعض حضرات سے ملنے کے لئے شہر میں نکلے۔ مولانا فضل حق خیر آبادی کے شاگردوں نے مولانا احمد حسن صاحب کو جو حجۃ الاسلام کے شاگرد آپ کے پیچھے پیچھے ساتھ تھے۔ تحذیر الناس کے مسائل میں چھیڑا۔ مولانا احمد حسن صاحب نے ہلکی آواز میں انہیں جواب دیا۔ حضرت حجۃ الاسلام نے سن لیا اور فرمایا اپنے استاد کو بلا لو ان سے بات ہو جائے گی۔ پھر اہل شہر نے وعظ کی درخواست کی حضرت حجۃ الاسلام نے منظور کر لی۔ منشی حمید الدین صاحب سنبھلی کہتے ہیں:۔

"اہل شہر نے وعظ کی درخواست کی حضرت نے منظور فرمائی۔ شب کو مجلس وعظ کھچا کھچ بھری ہوئی تھی۔ شہر کے امراء، رؤسا علما، عامۂ شہر، طلبا غرضکہ ہر طبقے کے لوگ بھر گئے تھے اور لوگوں کا ایک میلہ سا لگ گیا۔ حضرت مولانا نے تقریر فرمائی بس اس دن شاید بچے اور عورتیں گھروں میں رہ گئی ہوں گی ورنہ کل شہر مجلس وعظ میں آ گیا تھا اور اس آیت کا وعظ فرمایا۔

إِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ

اور اس آیت کے تحت میں فلسفہ کے ان تمام مسائل کا جن پر منطقیوں کو ناز تھا رد فرما دیا۔ اور اسی آیت سے جزء لا یتجزیٰ کا اثبات، قیامت کا ثبوت، حدوث عالم وغیرہ امور مہمہ ثابت فرمائے .... مولانا مملوک علی صاحب نانوتوی (استاذ دہلی کالج دہلی) نے (جو مولانا محمد قاسم صاحب کے رشتے کے تایا بھی تھے) اقلیدس کا ایک ترجمہ کیا تھا جس پر مولوی عبدالحق صاحب خیرآبادی (مشہور منطقی مولانا فضل حق خیرآبادی کے بیٹے) نے (اس ترجمے پر) رکیک الفاظ میں اعتراض کئے تھے ان سب کا جواب بھی اس تقریر میں ارشاد فرمایا اور

نہایت جوش میں فرمایا کہ "یہ کیا بات ہے کہ لوگ گھر میں بیٹھ کر اعتراض کرتے ہیں اگر کچھ حوصلہ ہے تو میدان میں آجائیں مگر یہ توقع نہ کریں کہ وہ قاسم سے عہدہ برآ ہو سکیں گے۔ میں کچھ نہیں ہوں مگر میں نے جن کی جوتیاں سیدھی کی ہیں وہ سب کچھ تھے۔

غرضکہ مسائل مناطقہ اور فلاسفہ کا نہایت زبردست رد اس وعظ میں فرمایا۔ شہر کے تمام مشاہیر علما سوائے مولوی عبدالحق خیرآبادی کے اس وعظ میں موجود تھے مگر بولنے کی جرأت کسی کو نہ ہوئی۔" (ارواح ثلاثہ صفحہ ٢٧٨ تا ٢٨٠) ومذہب منصور جلد دوم)

مذکورہ بالا حالات سے آپ نے اندازہ لگایا کہ اس وعظ میں حضرت حجۃ الاسلام نے کس شان سے منطقیوں اور فلسفیوں کی دھجیاں اڑا کر رکھ دیں جن پر مولانا عبدالحق خیرآبادی اور دوسرے علمائے بریلی و رام پور کو ناز تھا اور پھر مولانا عبدالحق خیرآبادی کو کس شان سے چیلنج کیا کہ باہر میدان میں آکر بات کریں لیکن یہ امید نہ رکھیں کہ قاسم سے عہدہ برآ ہو سکیں گے۔ ان واقعات سے آپ کو ہم نے اب ایک ایسی فضا میں پہنچا دیا جس میں حجۃ الاسلام مولانا محمد قاسم صاحب کا عقلیہ علوم میں تمام علمائے عصر سے فائق اور برتر ہونا واضح ہو جاتا ہے اور یہی بحث لے کر ہم نے مکتوب چہارم میں کلی طبعی کے متعلق بات کا آغاز کیا تھا۔

آمدم برسر مطلب

ہم کہہ یہ رہے تھے کہ قاسم العلوم کے چوتھے مکتوب میں حجۃ الاسلام مولانا محمد قاسم صاحب نے جہاں عصمت انبیا علیہم السلام پر بحث کی ہے وہاں کلی طبعی پر جو خالص عقلی مسئلہ ہے اور علم معقول سے تعلق رکھتا ہے اس میں اپنی ذاتی رائے جس انداز سے پیش کی ہے اسکو پیش نظر رکھ کر انہوں نے درست فرمایا ہے کہ:-

واما دریں فن عقل است نہ نقل۔ اگر بر اقوال گذشتگاں نظر نیست یا از خرفشار ایشاں خبر نیست گو مباد آخر کم و بیش عقل کہ بمن عنایت فرمودہ اند برای رہبری ایں راہ کافی است۔"

لہٰذا حجۃ الاسلام کی عقل سلیم جس مقام پر ہے وہ فنون معقولات میں امامت کا مقام رکھتی ہے۔

وضاحت کلی طبعی

یہاں پہنچکر ہم آپ کا سلسلۂ فکر قاسم العلوم کے چوتھے مکتوب سے جسکا ہم مکتوبات کے ضمن میں ذکر کر رہے تھے ملاتے ہیں۔ حجۃ الاسلام نے کلی طبعی کے متعلق دو جگہ اپنے مکتوبات میں قلم اٹھایا ہے ایک تو اسی چوتھے مکتوب میں اور دوسرے موقع پر دوسرے مکتوب میں جو حدیث ابی رزین کی شرح میں ہے۔ دوسرے مکتوب میں کلی طبعی کے متعلق تحریر فرماتے ہیں:-

ما لعقل مادہ را کلی طبعی نام می نہیم و صورت آں را کلی جنسی۔ وجہ تسمیہ خود ظاہر است چہ کلیت کہ مفادش تکثر باشد در کلی طبعی بالطبع باشد و در کلی جنسی بالعرض۔ از تعدد مرایا

ہم (کسی چیز کے) اصل مادے کا کلی طبعی نام رکھتے ہیں اور اس کی صورت کا کلی جنسی اور ان کے یہ نام رکھنے کی وجہ ظاہر ہے کیونکہ کلیت جسکا نتیجہ کثرت ہوتا ہے اور کلی جنسی میں بالعرض۔ تعدد مرایا اور تعدد مناظر سے اس کو

ومناظر تعدد بالعرض یا در لاحق و عارض شود ورنہ فی حد ذاتہ ہماں واحد است کہ بود واز ینجا است کہ تصویر در دلالت بر صورت صاحب صورت کوتاہی نمیکند اگر تعدد در ذات صورت بودی در تصویر و صورت صاحب تصویر تباین محض بودی و تغایر بحت و بایں وجہ انطباق کہ مدار دلالت بران است یک لخت مفقود می شد۔ بالجملہ اینجا تکثر در ذات کلی در مرایا و مظاہر باشد و این کوتاہی و کلانی در صغر و کبر در مرایا و مظاہر بود نہ در ظاہر و مرئی مگر مظاہر و مرایا با وجود تعدد و تباین بوجہ وحدت صورت متجانس یکدیگر باشند و در کلی طبعی قابلیت تکثر خود در ذات او بود۔ اندریں صورت مادہ کلی طبعی باشد و صورت کلی جنسی۔" (قاسم العلوم مکتوب دوم صفحہ ۲۱، ۲۲)

تعدد بالعرض لاحق اور عارض ہوتا ہے ورنہ خود اپنی ذات میں جیسا کہ وہ تھی وہی ایک ہے اور یہیں سے ثابت ہے کہ تصویر صاحب صورت کی صورت پر دلالت کرنے میں کوئی کمی نہیں رکھتی۔ اگر صورت کی ذات میں کثرت ہوتا تو تصویر اور صاحب تصویر کی صورت میں محض تباین ہوتا اور تغایر بحت ہوتا۔ اور اس وجہ سے انطباق کہ دلالت کا مدار اس پر ہے یک لخت مفقود ہو جاتا۔ بالجملہ یہاں پر کلی کی ذات میں تکثر نہیں ہوتا بلکہ مرایا اور مظاہر میں ہوتا ہے اور یہ چھوٹائی اور بڑائی صغر و کبر میں مرایا اور مظاہر میں ہوتی ہے، کہ ظاہر اور مرئی میں لیکن مظاہر اور مرایا تعدد اور تباین کے باوجود، صورت کی وحدت کے باعث ایک دوسرے کے ہم جنس ہوتے ہیں۔ اور کلی طبعی میں تکثیر ہونے کی قابلیت خود اس کی اپنی ذات میں ہوتی ہے۔ اس صورت میں مادہ کلی طبعی ہوتا ہے اور صورت کلی جنسی ہوتی ہے۔"

مذکورہ بالا عبارت میں کلی طبعی اور کلی جنسی کے متعلق جو خیالات حجۃ الاسلام نے پیش فرمائے ہیں ان کی معیاری بلندی کا اندازہ اہل فن ہی کر سکتے ہیں۔ یہ ہم ضرور دیکھتے ہیں کہ انکی طرز تحریر انکے منطق و فلسفہ میں بھی امام ہونے کی طرف صاف دلالت کرتی ہے۔

اپنے چوتھے مکتوب زیر بحث میں کلی طبعی کے متعلق حجۃ الاسلام لکھتے ہیں:-

مفہومات را ذہن و مصادیق را خارج ظرف است۔ در کلی مفہوم کلی منطقی و مصداق کلی طبعی است۔

معانی کے لئے ذہن ظرف ہوتا ہے اور وہ معانی جن چیزوں پر صادق آتے ہیں ان کیلئے خارج ظرف ہوتا ہے (کہ خارج میں انکا وجود ہوتا ہے) کلی میں کلی منطقی کا مفہوم اور کلی طبعی کا مصداق ہوتا ہے

آگے چل کر تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:-

کلی طبعی پارۂ کبیر از وجود منبسط می باشد کہ بالباس خاص یعنی پیکر مخصوص آراستہ۔ غرض کلی طبعی چیزے دیگر است و پیکر آں چیزے دیگر۔ کلی طبعی بذات خود در خارج موجود است۔ و جزئیات و اشخاص پارہ ہای آں وجود اشخاص ہماں وجود کلی طبعی است و وجود کلی طبعی ہماں وجود اشخاص و پیکر کلی طبعی را آمراجنس باید دانست۔ .... بالجملہ ہر کہ بوجود کلی طبعی در خارج گفتہ ہم غلط نگفتہ و ہر کہ بانتزاع آں از جزئیات رفتہ

کلی طبعی وجود منبسط کا ایک بڑا ٹکڑا ہوتا ہے کہ خاص لباس یعنی مخصوص ڈھانچہ میں آراستہ ہوتا ہے۔ غرض کلی طبعی دوسری چیز ہے اور اس کا ڈھانچہ دوسری چیز ہے۔ کلی طبعی بذات خود خارج میں موجود ہے۔ اور جزئیات و اشخاص اس کے حصے ہیں۔ اشخاص کا وجود وہی وجود کلی طبعی ہے اور وجود کلی طبعی وہی اشخاص کا وجود ہے اور کلی طبعی کے ڈھانچے کو اس کو جنس جاننا چاہیئے .... بالجملہ جس شخص نے کہ کلی طبعی کے وجود کو خارج میں کہا اس نے بھی غلط نہیں کہا اور جس نے اس کے انتزاع کو جزئیات سے کہا وہ بھی حق سے آگے نہیں بڑھا۔ ہر ایک سمت کے

ہم از حق نگذشتہ مسقط اشارہ ہر یک چیز دیگر است کسی مصداق و معروض را پیشِ نظر داشتہ و کسی عارض و بیکر را قبلہ خود ساختہ۔ ہاں بوجہ قلت تدبر احکام یکے را بدیگری آمیختند و فتنہا انگیختند والحمد للہ علی ما ہدانا الی الصواب۔

اشارے کی جگہ کوئی اور ہی چیز ہے کسی نے مصداق اور معروض کو پیشِ نظر رکھا اور کسی نے عارض اور بیکر کو اپنا قبلۂ خیال بنایا۔ ہاں قلت فہم کے باعث ایک کے احکام کو دوسرے کے احکام سے خلط ملط کر دیا اور فتنے برپا کر دیئے اور تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں کہ اس نے ہمیں صحیح سمجھ عطا فرمائی۔

(قاسم العلوم ع۲ مکتوب چہارم ص۹-۱۰)

حجۃ الاسلام نے کلی طبعی کے بارے میں جن دو مکتبہ ہائے فکر میں اختلاف ہے ان دونوں کو درست کہا ہے اور یہ ظاہر فرمایا کہ اسکے بارے میں کسی نے مصداق اور معروض کو پیشِ نظر رکھ کر قیاس آرائی کی ہے اور کسی نے عارض اور بیکر کو اپنا مطمح نظر سمجھا ہے۔

حجۃ الاسلام کی معراج خیال

لیکن آخر میں حجۃ الاسلام نے یہ فیصلہ دیا کہ ان دونوں گروہوں نے ایک دوسرے کے احکام کو خلط ملط کر کے کلی طبعی کے اصل منشا کو بگاڑ کر رکھ دیا۔ اور اس سے آپ حضرت حجۃ الاسلام کے معقولی علوم میں معراجِ کمال کا اندازہ لگائیے کہ دونوں میں تدبر کی قلت کے باعث ایسا ہوا لیکن یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ اس نے ہمیں ان دونوں معقولی جماعتوں سے بہتر فکر عطا فرمائی جو کلی طبعی کو صحیح معنی میں سمجھنے کی طاقت رکھتی ہے۔ اللہ اکبر یہ ہیں حضرت مولانا محمد قاسم صاحب جنکا علومِ عقلیہ میں آپ پر مقام واضح ہو گیا ہوگا۔ جہاں تک شرعیہ علوم میں آپ کا مقام ہے وہ آئندہ صفحات میں آپ انشاءاللہ دیکھیں گے اور کچھ گذشتہ صفحات میں بھی آپ دیکھ چکے ہیں۔

اب ہم پھر مکتوباتِ قاسم العلوم کی تفصیلات کی طرف آپ کو لئے چلتے ہیں:۔

مکتوب پنجم

در تطبیق حدیث:۔

اَلْمُکَاتَبُ عَبْدٌ مَا بَقِیَ عَلَیْہِ مِنْ مُکَاتَبَتِہٖ دِرْھَمٌ۔

رواہ ابوداؤد

وحدیث

اِذَا اَصَابَ الْمُکَاتَبُ حَدًّا اَوْ مِیْرَاثًا وَرِثَ بِحِسَابِ مَا عَتَقَ۔ (رواہ ابوداؤد)

پانچواں خط

حسب ذیل بظاہر دو متضاد حدیثوں میں موافقت ظاہر کرنیکے بارے میں ہے

۱۔ مکاتب غلام اسوقت تک غلام ہی ہے جبتک اسکے ذمہ مکاتبت کا درہم بھی ہے اس حدیث کو ابوداؤد نے روایت کیا

اور حدیث

جب مکاتب حد یا میراث کو پہنچے تو اپنی آزادی کے مطابق وہ حد یا میراث کا وارث ہوگا۔ (ابوداؤد)

یہ دونوں حدیثیں بظاہر ایک دوسری کے متضاد معلوم ہوتی ہیں لیکن حضرت حجۃ الاسلام نے ان دونوں حدیثوں سے تعارض کو جس طرح اٹھایا ہے وہ ان کی محدثانہ ژرف نگاری کا ایک ادنیٰ نمونہ ہے ورنہ انہوں نے اپنی تصنیفات میں زیرِ بحث آنے والی حدیثوں میں جو مضامین آفرینی کے دریا بہائے ہیں ان کے عمق کو کوئی شناورِ حدیث ہی پہچان سکتا ہے۔ اتنا عرض کر دوں کہ مکاتب وہ غلام ہوتا ہے جو ٹھہرا ہوا روپیہ مالک کو دے کر آزاد ہونا چاہتا ہے۔ اور مالک بھی راضی ہو جاتا ہے کہ اگر تم اتنا روپیہ ادا کر دو تو تم آزاد ہو۔

یہ مکتوب دراصل حجۃ الاسلام نے اپنے شاگردِ عزیز مولانا سید احمد حسنؒ صاحب کے استصواب پر لکھا ہے کہ انہوں نے ان دونوں

حدیثوں کے تعارض کے بارے میں اُن سے استفادہ چاہا ہے۔ یہ مکتوب تئیس مطبوعہ صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔ قاسم العلوم کا دوسرا نمبر انہی تین مکتوبات یعنی تیسرے، چوتھے اور پانچویں پر مشتمل ہے۔

مختصر مضمون تطابق

ان دونوں مذکورہ بالا حدیثوں میں مطابقت کا تفصیلی جائزہ تو آپ سارا مکتوب پڑھ کر ہی لگا سکینگے لیکن وہ مختصر سی عبارت جو ہم نے اس میں سے منتخب کی ہے اس جز میں آپ کو کل کا نقشہ نظر آجائے گا۔ گویا کوزے میں آپ کو دریا مل جائے گا۔

تحریر فرماتے ہیں:۔

اکنوں فہمیدہ باشی کہ المکاتب عبد ما بقی علیہ درھم اعنی بجہت آنکہ نہ ملک قابل تقسیم است و نہ حقیقت رقیق قابل انقسام چنانکہ رقیق مشترک ہم مملوک ہر ہر کس از شرکا باشد مکاتب نیز قبل ادائے بدل کتابت ہمچناں بر اشتراک سابق بود چنانکہ تمام مملوک روح است ہمچناں تمام مملوک مولے باشد۔

(قاسم العلوم مکتوب پنجم ص۲۲)

اب تم نے سمجھ لیا ہوگا کہ مکاتب غلام ہی رہتا ہے جب تک کہ اس پر ایک درہم بھی باقی رہے۔ یعنی اس سبب سے کہ نہ تو ملک قابل تقسیم ہے اور نہ رقیق (غلام) کی حقیقت تقسیم ہونے کے قابل۔ جس طرح سب کا مشترک غلام شرکا میں سے ہر ہر آدمی کا مملوک ہوتا ہے۔ اسی طرح مکاتب غلام بھی کتابت کی رقم ادا کرنے سے پہلے اسی طرح سابق اشتراک پر ہوتا ہے۔ جس طرح کہ پورے کا پورا روح کا مملوک ہے۔ اسی طرح پورے کا پورا آقا کا مملوک ہوتا ہے۔

تیسرا نمبر

قاسم العلوم کے تیسرے نمبر میں پہلا مکتوب جو ترتیب کے اعتبار سے مکتوبات میں چھٹے نمبر پر ہے فارسی زبان میں اہلحدیث مکتبہ فکر کے مشہور عالم مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی کا بنام مولانا محمد قاسم صاحب ہے جس میں انہوں نے حضرت مولانا سے معجزات کے بارے میں بعض شبہات کے جوابات چاہے ہیں۔ نیز امام رازیؒ اور علامہ تفتازانیؒ نے معجزات کے بارے میں جو کچھ اپنی تصنیفات میں لکھا ہے اس پر جو شبہات منکرین نے پیش کئے ہیں مولوی محمد حسین صاحب نے انکا تسلی بخش جواب چاہا ہے۔

۷۔ **مکتوب ہفتم:۔** بنام مولوی محمد حسین صاحب در جواب شبہات ملحداں بر معجزاتؐ و ثبوت نبوت از معجزہ و حصول یقین از خبر متواتر۔

گویا حجۃ الاسلام نے اس مکتوب میں معجزات پر ملحدین کے شبہات کا جواب ہے اور معجزے سے نبوت کا ثبوت کس طرح ہوتا ہے اور یہ کہ متواتر خبر سے یقین کا فائدہ پہنچتا ہے ان تین امور پر بحث کی ہے۔ یہ مکتوب بتیس چھپے ہوئے صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔

مکتوب ہشتم:۔ در بیان عدم جواز گرفتن سود مسلماناں را در ہندوستان و ہم در بیان عدم جواز آمد فی اراضی مرہونہ وغیرہ۔

یہ مکتوب مولانا احمد حسنؒ صاحب امروہوی کے نام ہے جس میں ہندوستان میں مسلمانوں کو سود لینے کے عدم جواز پر اور رہن رکھی ہوئی زمینوں کی آمدنی کے بحق مرتہن ناجائز ہونے پر مجتہدانہ بحث کی گئی ہے۔ یہ مکتوب مطبوعہ پینتیس صفحات پر مشتمل ہے۔ غرض تیسرا نمبر ان ہی تین مکتوبات کا مجموعہ ہے جن میں ایک خط مولانا محمد حسین صاحب کا اور دو مکتوب گرامی حضرت قاسم العلوم رحمۃ اللہ علیہا کے ہیں۔

قاسم العلوم کا چوتھا نمبر

یہ نمبر تین مکتوبات پر مشتمل ہے جنکی تفصیل حسب ذیل ہے۔

مکتوب نہم:۔ (در تحقیق و اثبات شہادت حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ موافق قواعد سنیاں)

یہ مکتوب مولانا فخر الحسن صاحب گنگوہی کے نام ہے جو حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے خاص تلامذہ میں سے تھے۔

اس خط میں حضرت والا نے سنیوں کے اصول کے موافق حضرت سید الشہداء امام حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی شہادت کو ثابت فرمایا ہے۔
یہ مکتوب حضرت والا کی اجتہادی شان کا ایک خاص نشان ہے جس میں نہایت محتاط طریقے سے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پوزیشن واضح کی گئی ہے اور حضرت شہید کربلا کی شہادت پر مجتہدانہ رنگ میں قلم اٹھایا گیا ہے۔ یہ مکتوب مطبوعہ اٹھارہ صفحات تک چلا گیا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ حضرت قاسم العلوم نے شہادتِ امامؓ پر امام الکلام کی حیثیت سے آخری اور قطعی بحث کی ہے جسکے بعد فقہی حیثیت سے اختلاف کی گنجائش باقی نہیں رہتی اور جس میں یزید کا کردار متعین ہو کر واضح صورت میں سامنے آجاتا ہے۔

مکتوب دہم :- درجواب استدلالات علامہ طوسی دربارہ امامۃ وبیان معنی اختلاف امتی در حدیث متخلف۔

اس مکتوب میں جو مولانا فخر الحسن صاحب گنگوہی کے نام ہے۔ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے "اختلاف امتی رحمۃ" کی صحیح حقیقت کی طرف رہنمائی فرمائی ہے۔ علامہ طوسی جو اپنے زمانے کے مشہور محقق اور فلسفی ہیں شیعہ فرقے سے تعلق رکھتے تھے۔ انہوں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی امامت اور امام معصوم کی ضرورت پر جو دلائل پیش کئے ہیں حضرت مولینا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے معتقدات، خیالات اور استدلالات کی دھجیاں فضائے آسمانی میں اڑا کر رکھ دی ہیں اور علامہ طوسی اور حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے دلائل کو پڑھ کر ادنیٰ بصیرت رکھنے والا اہل علم صاف سمجھ سکتا ہے کہ علامہ طوسی مولانا کے سامنے ایک طفل مکتب سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا۔

مثلاً علامہ طوسی امام کی ضرورت کے بارے میں لکھتے ہیں :-

احتیاج امام بہر آنیست کہ در رعیۃ احتمال خطا است۔ اگر در امام ہم احتمال خطا باشد تسلسل لازم آید۔

امام کی ضرورت اسلئے ہے کہ رعایا میں غلطی کا احتمال ہے۔ اگر امام میں بھی غلطی کا احتمال ہوگا تو تسلسل لازم آتا ہے۔

یعنی دین کے سمجھنے میں رعایا سے غلطی کا امکان ہے۔ امام میں بھی اگر غلطی کا امکان ہوگا تو پھر اس کی اصلاح کے لئے اور کوئی امام درکار ہوگا اور یہ نہ ختم ہونے والا سلسلہ جاری ہو جائے گا جو منطق کی رو سے غلط ہے لہٰذا امام کی اس لئے ضرورت ہوئی کہ وہ رعایا کی غلطی کو درست کر سکے اور اسی وجہ سے اسکا غلطی سے معصوم ہونا ضروری ہے۔

دلیل طوسی کا رد

اسکے برعکس حضرت قاسم العلوم فرماتے ہیں :-

اگر در الفاظ قرآنی غور بکار بریم بدانیم کہ وضع امام فقط بہر امر بالمعروف ونہی عن المنکر است۔ ارشاد فرمودہ اند "اَلَّذِیْنَ اِنْ مَّکَّنّٰهُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ....

اگر ہم قرآن کے الفاظ میں غور کریں تو جان لینگے کہ امام کی وضع صرف نیکی کے حکم کرنے اور برائی سے روکنے کے لئے ہے۔ ارشاد فرمایا ہے "وہ لوگ کہ اگر ہم انکو زمین میں تمکین وقدرت عطا فرمائیں تو وہ نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں۔ اور نیکی کا حکم دیں اور برائی سے لوگوں کو روکیں ....

الغرض بماہیت اقامۃ الصلوٰۃ وامر بالمعروف اگر بنگریم امری نمی برآید کہ با عصمۃ ہم آغوشی بود بلکہ این ہم ضروری نیست کہ امر بالمعروف وغیرہ وقت تمکین او عالم بجمیع علوم

الغرض نماز قائم کرنے اور امر بالمعروف کی حقیقت کے بارے میں اگر ہم غور کریں تو کوئی بات ایسی نہیں نکلتی جو عصمت سے وابستہ ہو۔ بلکہ یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ امام کو قدرت کے وقت امر بالمعروف کے لئے تمام

باشد۔ آری اینقدر ضروری است کہ تعمیل از امر بالمعروف و نہی عن المنکر از معروف و منکر آگاہ شود۔ گرچہ از زبان دیگر علما باشد چنانچہ پیدا است ورنہ امامتِ دیگراں در کنار خود امامت حضرت پیغمبر آخر الزماں صلے اللہ علیہ وسلم محل تامل خواہد بود۔ چہ علوم نبوی صلے اللہ علیہ وسلم علوم تدریجی است۔

اگر فہم کلام ربانی سوا معصوم دیگراں را محال بود ایں خطابات " یَآ اَیُّهَا النَّاسُ " " یَآ اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا " وہمچنیں " لَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ " الخ وہمچو آیات از قسم تکلیف مالایطاق است۔ ورنہ امام را کلام ربانی کافی است۔ آخر در شان ہمیں کلام " تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ " " وَهُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ " فرمودہ اند۔ وقتیکہ امام افہم کلام است وکلام " تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ " باز چہ حاجت کہ امام معصوم باشد آری اگر تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ نبودی ضرورت وحی افتادی۔ آں وقت اگر عصمت شرطی فرمودند کہ نزد ما بہر وحی ضروری نیست، ضروری میگفتیم۔ ہاں مثل انبیاء اگر پیروی افعال ائمہ ہم از ہر قسم کہ باشد فرض بودی آنوقت البتہ بحکم برہان عصمت ائمہ ضروری بود۔ و اینکہ علیکم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین من بعدی فرمودہ اند۔ اطاعت واتباع مطلق افعال لازم نفرمودہ اند۔ بلکہ سنن معتادہ کہ پیش نظر برآئندہ وروندہ از اصحاب علما کردہ باشند۔ زیرا کہ خلفاء راشدین بحکم عموم خطاب اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَیْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ وہمچنیں بارشاد عموم مَنْ اَحْدَثَ فِیْ اَمْرِنَا هٰذَا مَا لَیْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ مامور بآں اند کہ غیر ما انزل بکنند و پیروی ماسوا نکنند۔" (قاسم العلوم مکتوب دہم ص۲-۳)

علوم کا عالم ہونا ضروری ہو۔ ہاں اسقدر ضروری ہے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے ذرا پہلے معروف اور منکر سے واقفیت ہو خواہ وہ دوسرے علما کی زبانی ہی کیوں نہ ہو۔ چنانچہ یہ بات صاف ہے ورنہ دوسروں کی امامت خود برطرف حضرت پیغمبر آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم کی امامت بھی قابلِ تامل بن جائے گی کیونکہ علوم نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بتدریج حضور کو حاصل ہوئے ہیں۔ (جو ۲۳ سال تک اترتے رہے)

اگر خدا کے کلام کا سمجھنا معصوم کے سوا دوسروں کو محال ہوتا تو پھر "اے لوگو" "اے ایمان والو" اور اسی طرح "ان کے ہر فرقے میں سے کیوں نہ ایک ایسی جماعت سفر کرے کہ وہ دین میں سمجھ حاصل کرے" اور اسی طرح کی دوسری آیات تکلیف مالایطاق کی قسم سے بنکر رہ جائیں گی ورنہ امام کو کلام ربانی کافی ہے۔ آخر اسی کلام کی شان میں "ہر چیز کو بیان کرنے والا" ایمان والوں کے لئے کلام اللہ ہدایت اور خوشخبری ہے" اور "متقین کے لئے ہدایت ہے" فرمایا ہے جب امام کو کلام الٰہی کا سمجھنا حاصل ہے اور کلام اللہ ہر چیز کو بیان کرتا ہے تو پھر کیا ضروری ہے کہ امام معصوم ہو۔ ہاں اگر کلام الٰہی اگر "ہر چیز کو بیان کرنے والا" نہ ہوتا تو پھر وحی کی ضرورت پڑتی۔ اس وقت اگر عصمت کی شرط لگاتے جو کہ ہمارے نزدیک وحی کے لئے ضروری نہیں ہے، تو پھر ہم ضروری کہتے۔ ہاں اگر انبیاء کی طرح اماموں کے ہر قسم کے افعال کی پیروی ضروری ہوتی تو البتہ اس وقت دلیل کے بموجب ائمہ کی عصمت ضروری ہوتی۔ رہی یہ بات کہ "تم پر میری اور میرے بعد خلفائے راشدین کی سنت لازم ہے" جو فرمائی ہے تو مطلق تمام افعال کی پیروی اور اطاعت کو لازم قرار نہیں دیا ہے بلکہ ان معتاد سنتوں کی پیروی ضروری قرار دی ہے جو اصحاب اور علما میں سے ہر آنے اور جانے والے کے پیش نظر انہوں نے کی ہے۔ کیونکہ خلفاء راشدین عام حکم کے ماتحت "تم اسکی پیروی کرو جو تمہارے رب کی طرف سے تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے اور اسکے سوا اور مددگاروں کی پیروی مت کرو۔ اور اسی طرح عام حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق ہمارے اس دین کے معاملے میں جو کوئی ایسی نئی بات نکالیگا جو اس میں نہیں ہے تو وہ مردود ہے۔ وہ صحابہ اس

بات پر مامور ہیں کہ وحی پر عمل کریں اور ماسوا کی پیروی نہ کریں۔

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نوراللہ مرقدہ نے علامہ طوسی کے استدلال کی جو دھجیاں اڑائی ہیں وہ ہم نے پوری نقل نہیں کی ہیں بلکہ اس کا ایک حصہ پیش کیا ہے اس لئے مذکورہ بالا عبارت کو نمونے کے طور پر ہم نے پیش کیا ہے جس میں ہمیں یہ بتانا مقصود ہے کہ حضرت مولانا کے عقلیہ اور نقلیہ اجتہادی دلائل کے سامنے غلط منزل کی طرف چلنے والا بڑے سے بڑا محقق اور علامہ بھی کوئی حقیقت نہیں رکھتا تھا اور وہ قرآن و حدیث کی روشنی میں اپنی اجتہادی قوتوں کو اس طرح استعمال فرماتے تھے کہ اہل علم حیران رہ جاتے تھے اور کسی سے بھی جواب نہ بن پڑتا تھا۔ امام کے بارے میں آگے چل کر حضرت مولانا تحریر فرماتے ہیں :۔

اصل دین کلام بین است کہ تبیاناً لکل شئی بر آں شاہد است و احادیث بحکم یعلمھم الکتٰب شرح آں۔ ہر کہ ایں متن و آں شرح را یاد کرد۔ حافظ دین شد فہمیدہ باشد کہ نفہمیدہ باشد آرے وقت تنفیذ احکام کہ ہماں امر بالمعروف و نہی عن المنکر است فہم دین ضروری است۔ آں را خود فہمی آمر ضرور نیست چناں کہ دانستہ و از ہمیں جا است کہ طالوت امام بود و نبی نبود اما یک نبی در برابر میداشت تا ہر چہ بفرماید۔ ایں نیز ہماں بفرماید۔ و اگر مرادش اینست کہ اقامت دین بفرماید با نیز میگوئیم کہ امام مقیم دین و حامی شرع متین کہ ہمانا مرادف اقامۃ و ایتاء الزکوٰۃ و امر بالمعروف و نہی عن المنکر است می باشد لیکن ایں قدر را علم ہم ضرور نیست تا بعصمت از خطاء فہم چہ رسد۔ آرے افضل ہمیں است کہ اعلم از دیگراں باشد مگر نہ آنکہ احتمال خطا ممکن نباشد چہ ایں خود سواء ذات کبریائی ممکن نیست۔

دین کی بنیاد قرآن کریم ہے کہ تبیاناً لکل شئی اس پر گواہ ہے اور حدیثیں یُعَلِّمُھُمُ الْکِتٰبَ کے مطابق اسکی شرح ہیں۔ جس نے اس متن اور اس شرح کو یاد کرلیا وہ دین کا حافظ ہوگیا خواہ وہ اسکو سمجھتا ہو یا نہ سمجھتا ہو۔ ہاں احکام نافذ کرتے وقت جو کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے متعلق ہوں دین کا فہم ضروری ہے اور اسکے لئے آمر کی خود فہمی ضروری نہیں ہے جیسا کہ تمہیں معلوم ہوچکا ہے اور یہیں سے ہے کہ طالوت امام تھا اور نبی نہ تھا۔ اپنے ساتھ ایک نبی رکھتا تھا تاکہ جو کچھ وہ حکم دے یہ بھی وہی حکم دے۔ اور اگر طوسی کی مراد یہ ہے کہ اقامت دین کرے تو ہم بھی کہتے ہیں کہ امام دین کا قائم کرنیوالا اور شرع متین کا حامی ہوتا ہے کہ وہی مطلب نماز قائم کرنے، زکوٰۃ دینے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے ہم معنی ہے لیکن اتنی بات کا علم ہونا بھی ضروری نہیں ہے کجا یہ کہ فہم میں بھول چوک سے محفوظ رہ سکے۔ ہاں زیادہ بہتر یہی ہے کہ امام دوسروں سے زیادہ عالم ہو مگر نہ یہ کہ غلطی کا احتمال ہی ممکن نہ ہو کیونکہ یہ خود ذات خداوند تعالیٰ کے اور کسی کے لئے ممکن نہیں ہے کہ وہ بھول چوک سے محفوظ رہ سکے۔

ان عبارتی ٹکڑوں پر غور کیجئے اور دیکھئے کہ حضرت قاسم العلوم رحمۃ اللہ کا انداز صاف اجتہادی ہے اور قرآن و سنت پر انکی اتنی گہری نظر ہے جو ایک مجتہد کی ہوسکتی ہے وہ کسی کا سہارا لے کر نہیں چلتے۔ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کے تمام تحریری کارناموں کا یہی انداز ہے۔ خاص طور پر قاسم العلوم کے مکتوبات میں مجتہدانہ قوتیں پوری شان بصیرت کی غماز ہیں۔ ہم نے اپنے اس مقدمے میں انکے کشفی اور اجتہادی علوم کے چند نمونے قارئین کے لئے صرف اس لئے پیش کئے ہیں کہ وہ مقدمہ پڑھ کر ہی مکتوبات کا اندازہ لگا سکیں۔

مکتوب یازدہم :۔ ہم گذشتہ سطور میں قاسم العلوم کے مکتوبات کے چوتھے نمبر کے ضمن میں کہاں سے کہاں جا پہنچے۔ اب چوتھے

نمبر کا تیسرا مکتوب ہمارے پیش نظر ہے۔ یہ مکتوب انہوں نے مولانا فخر الحسنؒ گنگوہی کو ان کے خط کے جواب میں لکھا ہے۔ انہوں نے حسب ذیل حدیث کی تحقیق دریافت کی تھی۔

مَنْ لَمْ يَعْرِفْ إِمَامَ زَمَانِهٖ فَقَدْ مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً۔ جس نے اپنے زمانے کے امام کو نہ پہچانا وہ جاہلیت کی موت مرا۔

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نور اللہ مرقدہ کا یہ مکتوب مطبوعہ صفحات پر سات صفحوں پہ پھیلا ہوا ہے جس میں مذکورہ حدیث کی تحقیقات کا رنگ غضب کا عالمانہ ہے اور اس میں بھی وہی اجتہادی شان اپنا سر ابھارتی نظر آتی ہے۔

غرض یہ وہ دس مکتوبات ہیں جنکا نام قاسم العلوم ہے۔ جنکی تفصیلات سے آگاہ کرنا ضروری تھا۔

توفیق ترجمہ

الحمد للہ علی احسانہ کہ سو سال کے بعد ان خطوط کا اردو میں ترجمہ کرنے کی اس ناچیز کو توفیق ہوئی۔ علما نے دیدہ ور جانتے ہیں کہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے علوم و فنون کو علمی دُنیا سے روشناس کرانا معمولی بات نہیں ہے۔ یہ کام تو ان کے جلیل القدر تلامیذ حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب، حضرت مولانا فخر الحسن صاحب، اور مولانا احمد حسن صاحب رحمہم اللہ علیہم اجمعین کا تھا یا پھر ان کے علمی جانشین حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی رحمۃ اللہ علیہ کا تھا جو علمائے دیوبند کے حلقوں میں حکمت قاسمیہ کے سب سے بڑے امین اور شارح سمجھے جاتے تھے اور مسلمہ طور پر جانشین قاسمی اور ترجمان قاسم مانے جاتے تھے۔ یا یہ کام اور دوسرے فضلاء کا تھا۔

جن حضرات نے حضرت نانوتویؒ کی تصنیفات یا خطوط پڑھے ہیں وہ خوب جانتے ہیں کہ ان کے علوم ایک طرف بلندیوں میں آسمانوں سے باتیں کرتے ہیں اور دوسری طرف گہرائی اور عمق میں ان کی جڑیں تحت الثریٰ تک چلی گئی ہیں۔ اصلها ثابت وفرعها فی السماء

ہم نے "انوار قاسمی" جلد دوم میں علوم قاسمیہ سے نہایت تفصیلی طور پر نقاب کشائی کی ہے۔ خدائے کریم وہ دن جلد لائے جب ہماری (تصنیف کردہ انوار قاسمی جلد دوم جلد شائع ہو جائے جو مسودے کی شکل میں اپنے طبع ہونے کی منتظر ہے۔ خدائے کریم وہ دن بھی جلد لائے جب وہ زیور طبع سے آراستہ ہو کر ناظرین کی نگاہوں کے سامنے دوانکا لیکہ جلد اول شائع ہو چکی ہے . . . . یہی انوار قاسمی کی دو جلدیں جو حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ کی علمی اور عملی زندگیوں کو بہت سی نئی معلومات کے ساتھ تصنیف کرنے کا اس راقم الحروف کو شرف حاصل ہوا، قاسم العلوم کے ترجمے کا باعث بنیں۔

جب میں حضرت والا کی تصنیفات کی تفصیلات میں غوطہ زن ہوا تو قاسم العلوم کے چاروں نمبروں کی جستجو پیش آئی۔ حضرت محترم حکیم الاسلام مولانا محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند جنہوں نے انوار قاسمی کی دونوں جلدوں کے سلسلے میں میری بڑی مدد فرمائی ان ہی سے میں نے "قاسم العلوم" کے بارے میں لکھا تو حضرت والا نے کمال شفقت سے اپنے ذاتی کتب خانے سے یہ نایاب نسخہ بھیجدیا۔ جب مجھے یہ مکتوبات موصول ہوئے تو میں خوشی میں پھولا نہ سمایا۔ چنانچہ انوار قاسمی کی تصنیف کے اثنا میں ہی اسکے مطالعہ میں اتنا مشغول ہوا کہ

ختم کئے بغیر چین نہ آیا۔

مطالعہ کے بعد دل نے ایک شدید تقاضہ مجھ پر شروع کر دیا کہ اردو میں ان خطوط کا ترجمہ ضرور ہونا چاہیئے۔ ایک طرف دلِ ناصبور کی بے صبری اور دوسری طرف عقل بے شعور کی بے خبری کے درمیان میں گم کر رہ گیا۔ عقل بے شعور گھبراتی تھی کہ اس میں اتنی بضاعت نہ تھی لیکن دل ناصبور کی بے چینیاں اور بے تابیاں غالب آئیں ؎

عاشقی صبر طلب اور تمنا بے تاب
دل کا کیا رنگ کروں خونِ جگر ہونے تک

جرأت بے باکانہ نے گستاخی کی طرف منہ پھیرا بالآخر خدائے کریم پر بھروسہ کر کے ترجمہ کے لئے قلم اٹھایا اور جیسا کچھ ہو سکا اس ناچیز نے قاسم العلوم کے ان فارسی مکتوبات کا اردو میں ترجمہ کر ڈالا۔ غرض یہ ہے کہ میں نے پہاڑ سے سر ٹکرایا ہے مگر خدا کا شکر ہے کہ سر ریزہ ریزہ ہونے سے بچ گیا ہے۔

خصائص ترجمہ

کسی دوسری زبان سے اپنی زبان میں ترجمہ کرنا جوئے شیر لانے سے کم نہیں۔ ترجمے میں مصنف کے مافی الضمیر کو ادا کرنا دراصل ترجمے کا حق ادا کرنا ہے پھر جہاں جہاں مصنف اپنی عبارتوں میں زور بیان، تاکید مضامین، عظمت معانی اور مد و جزر کو پیش نظر رکھتا ہے مترجم کا بھی یہ فرض ہے کہ وہ ترجمہ میں اسی انداز اور تیور کو پیش نظر رکھے ورنہ ترجمہ کا حق ادا نہیں ہوتا۔

میں نے ترجمے میں ان امور کو پیش نظر رکھا ہے :-

۱۔ اس بات کا پورا خیال کیا گیا ہے کہ ترجمہ ایسا بامحاورہ ہو کہ ترجمہ کا گمان نہ رہے بلکہ یوں معلوم ہو کہ اُردو میں ہی خطوط لکھے گئے ہیں۔

۲۔ اصطلاحات کا ترجمہ نہیں کیا گیا البتہ انکو آسان الفاظ میں بریکٹوں میں واضح کیا گیا ہے اور کہیں قاری کی فہم پر چھوڑ دیا ہے۔ کیونکہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے کتنے ہی مواقع پر اپنی اصطلاحات خود وضع کی ہیں اور کتنی ہی اصطلاحات متعلق اصحاب فن کی استعمال کی ہیں۔

۳۔ ہر مکتوب کے اوّل میں مکتوب الیہ کا بقدرِ ضرورت تعارف کرایا گیا ہے۔

۴۔ ہر مکتوب کا اسکے اوّل میں خلاصہ مضمون بھی پیش کیا گیا ہے الا ماشاء اللہ

۵۔ اصطلاحات اور مشکل الفاظ کی حواشی میں تشریح کی گئی ہے۔

۶۔ حضرت مولانا نے اپنے مکتوبات میں کہیں پیرے قائم نہیں کئے۔ مسلسل مکتوب ہے کہ لکھتے چلے گئے ہیں۔ حد یہ ہے کہ جملوں کے آخر میں ڈیش تک نہیں۔ بلکہ اگر کوئی نیا مضمون بھی شروع ہوتا ہے تو وہ بھی علیحدہ قطعہ عبارت یعنی جدا پیرا قائم کر کے نہیں لکھا۔
ہم نے مکتوبات کو پیروں میں تقسیم کر دیا ہے تاکہ قارئین کو سہولت ہو۔ نیز مکتوبات میں مضامین کے اعتبار سے سرخیاں بھی قائم کر دی ہیں لیکن مولانا کی عبارتوں میں کوئی خلل نہیں ڈالا بلکہ سرخیوں کو نظر انداز کر کے آپ عبارتوں کو ملاتے چلے جائیے انہی کی عبارتیں ہیں جو آپ کو مربوط ملینگی۔ یہ بھی کیا گیا کہ ہر جملے کے آخر میں ہم نے ڈیش لگا دیئے ہیں۔ واوین اور قوسین کی ضرورت پڑی ہے تو ہم نے بعض کتابوں کے اقوال، اسماء، اصطلاحات وغیرہا کو قوسین میں کر دیا ہے تا جدا اور ممتاز نظر آئیں۔

۷۔ کتنی ہی جگہ آں کے الف پہ مد نہیں ہے جو فارسی کا اسم اشارہ بعید ہے۔ ہم نے کتنی ہی جگہ مد لکھ دئیے ہیں تاکہ قاری کو دقت نہ ہو اور بعض

جگہ ویسے ہی رہنے دیا گیا ہے۔

۸۔ مولانا کے تمام مکتوبات میں آیاتِ قرآنی اور احادیث فارسی رسم الخط میں لکھی ہوئی ہیں اور ان پر اعراب تک نہیں ہیں۔ ہم نے انکو عربی رسم الخط میں جدا کر کے لکھا ہے۔ اور اُن پر زبر، زیر، پیش حرکات و سکنات بھی لگا دیئے ہیں۔ اور حسب ضرورت ترجمے حواشی میں درج کر دیئے

۹۔ وہ عام طور پر ۃ کو رسم الخط میں ت کی شکل میں لکھتے ہیں۔ مثلاً عبادت کو عبادۃ۔ اُمت کو اُمۃ وغیرہ البتہ گاہے گاہے ایسی ۃ بھی لکھ دیتے ہیں۔ بہت سے مواقع میں است کے ساتھ الف ہے اور بہت سے مواقع میں الف کے بغیر ست لکھنے پر اکتفا کرتے ہیں

۱۰۔ عام طور پر یٰ یائے معروف لکھتے ہیں مگر کہیں تے یائے مجہول سے بھی کام لیتے ہیں۔

۱۱۔ ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ مکتوبات کی طرزِ تحریر اور رسم الخط کو بعینہٖ جیسے ان کے مکتوبات میں ہے نقل کر دیا جائے چنانچہ ایسا کیا ہے۔ البتہ کتنی ہی جگہ بے خبری میں ہم نے اپنے الفاظ میں ان کے الفاظ کو لکھ دیا ہے۔

۱۲۔ کئی جگہ قاسم العلوم کے جملوں کے آخری الفاظ ایسے ہیں جو اگلے جملوں سے متعلق ہونیکا شبہ پیدا کرتے ہیں اور پہلے جملوں سے بھی وابستہ معلوم ہوتے ہیں ہمیں اس سلسلے میں جملوں کے اختتام پر ڈیش نہ ہونے کے باعث بڑی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ ہم ایسے جملوں کو ڈیش کے ذریعے جدا اور ممتاز کر دیا گیا ہے۔

۱۳۔ ہم نے قاسم العلوم کے نام سے معنون ان مکتوبات کو جلد اوّل قرار دیا ہے اور دوسری جلد میں حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کے دیگر تمام مکتوبات کو یکجا کر کے قاسم العلوم جلد دوم کے نام سے معنون کیا ہے جو انشاء اللہ تعالیٰ اسکے بعد آپکی نظر سے گذرے گی۔

۱۴۔ ہم نے قاسم العلوم کے مکتوبات کی اصلی ترتیب کو جو پرانے مطبوعہ نسخے میں ہے بدل دیا ہے جو آپ کی نظر سے گذرے گی۔ کیونکہ مختصر مکتوبات کو ہم نے اوّل میں مگر طویل اور مشکل مکتوبات کو آخر میں رکھ دیا ہے۔

۱۵۔ ان مکتوبات کی فارسی ادبی قدروں کو ہم نے قارئین کے ذوق پر چھوڑ کر تعرض نہیں کیا ہے۔

۱۶۔ مولانا کو چونکہ معقولات اور منقولات میں اجتہادی مقام حاصل ہے اس لئے اپنے اظہار مدعا کے لئے بہت سی اصطلاحات خود وضع کرتے ہیں۔ مثلاً تکثر انطباعی، تکثر انعکاسی، تکثر انضمامی، تکثر انقسامی، اوصاف انتزاعی، اضافت انتزاعی۔ اوصاف انتزاعی ثانی، تکثر انتزاعی جہت قابلہ، نسبت واحدہ چنانچہ اپنی اصطلاحات کے بارے میں تحریر فرماتے ہیں:-

مقصود بردو قسم است مقصود بالذات و مقصود بالغیر۔ و مرادم از مقصود بالذات آنست کہ خود مقصود باشد نہ واسطہ دیگر مقصود لیس ہر کیفیتے کہ مرکب باشد بمعنی مذکور مقصود بالذات بود آنرا حسن نام می نہیم ولا مشاحۃ فی الاصطلاح و ہر کیفیتے کہ بسیط است اما مقصود بالذات آنرا خوب می گوئیم و آنکہ بسیط است یا مرکب اما مقصود بالغیر آں را خیر می گوئیم۔" (قاسم العلوم مکتوب ہفتم ص ۲۳-۲۴) اس عبارت سے مولانا کا اپنی اصطلاحات وضع کرنا صاف واضح ہے۔ پھر مولانا نے ان وضع کردہ اصطلاحات کی تشریحات بھی خود کر دی ہیں۔

اعتراف بے مائگی الغرض ہم سے بقدرِ استعداد جو کچھ ہو سکا ہو گیا لیکن ان سب امور کے باوجود نہ معلوم کتنی کچھ کوتاہیاں ترجمہ میں اور کتنی کچھ غلطیاں تشریحات میں ہوئی ہونگی جن کی معذرت کے لئے ہم آپ کی خدمت میں حاضر ہیں اور ان اغلاط کی مکافات کی صرف یہی صورت ممکن ہے کہ ہمیں آپ براہ راست مطلع فرمائیں تاکہ ان کی تصحیح کی جاسکے۔

حالات مترجم

بعض احباب کا اصرار ہے کہ میں اپنے حالات زندگی بھی پیش کروں، تو اے حضرات میں کیا اور میرے حالات کیا۔ بات صرف اتنی ہے کہ دو چار لفظ جو اساتذہ سے پڑھے ہیں ان سے جو کچھ سدھ بدھ ہوئی ہے انہوں نے زندگی میں میری رہنمائی کی ہے اور انہی الفاظ کی بدولت پڑھنے پڑھانے اور لکھنے لکھانے کا کام چلا رہا ہوں۔

آباؤ اجداد اور وطن میرا آبائی وطن اور جائے پیدائش شیرکوٹ ضلع بجنور ہے۔ یہ شیر شاہ سوری کا آباد کیا ہوا ہے۔ یہاں بڑے بڑے اہل علم شعراء ادیب اور اصحاب فن پیدا ہوئے۔ میرے والد صاحب مرحوم شیخ احمد حسن صاحب متوفی ۱۲ رمضان ۱۳۴۸ھ جنوری ۱۹۳۱ء بن شیخ محمد حسن صاحب متوفی ۱۹۰۳ء بن شیخ محمد داؤد بن شیخ محمد مدن شیرکوٹ کے معزز اور صاحب وجاہت رؤسا میں شمار ہوتے تھے۔ والد صاحب کی شادی خاندان میں ہی شیخ غلام مرتضےٰ صاحب مرحوم کی بڑی صاحبزادی شبیر النساء سے ہوئی جن کی وفات ۱۶ اگست ۱۹۵۵ء بروز سہ شنبہ بعد دوپہر دو بج کر چالیس منٹ پر ہوئی۔ میری نانی صاحبہ کا نام عمری تھا اور دادی صاحبہ کا نام امتیاز النساء متوفیہ جنوری ۱۹۳۶ء زوجہ شیخ امداد حسین ساکن نگینہ ضلع بجنور محلہ نہاری سرائے کی دختر نیک اختر تھیں۔ ایسی ہمدرد بنی نوع انسان خدا ترس مخیر اور بیٹوں پوتوں کی بے حد شفیقہ عورت کم ہی دیکھنے میں آتی ہیں۔

برادران و خواہر ہم بالترتیب چھ بھائی تھے۔ حفظ الحسن۔ مسٹر مبارک حسن (علیگ)، محمد انوار الحسن راقم الحروف، فیض الحسن، نصیر الحسن متوفی ۱۹۴۷ء، ریاض الحسن متوفی ۱۹۵۲ء۔ اب میں پاکستان میں اور مبارک حسن صاحب اور فیض الحسن ہندوستان میں بقید حیات ہیں۔ سات آٹھ سال کی ایک بہن مصطفائی بچپن میں انتقال کر گئی تھی۔

تعلیم میری بسم اللہ مولوی عبد الرحمن صاحب شیرکوٹی نے کرائی۔ انہی سے اردو، حساب، قرآن شریف اور فارسی کی ابتدائی کتابیں پڑھیں۔ پھر ان کے چھوٹے بھائی مولانا عبد القیوم صاحب سے فارسی کی اونچے درجے کی کتابیں اور عربی کی ابتدائی شرح مائۃ عامل تک پڑھیں۔ بعدہ دارالعلوم دیوبند میں چھ سات سال رہ کر صرف، نحو، ادب، منطق، فلسفہ، معانی و بیان، فرائض، ہیئت، عقائد و کلام، فقہ، اصول فقہ، حدیث، اصول حدیث، تفسیر کی کتابیں پڑھ کر فضیلت کی سند حاصل کی۔ دارالعلوم دیوبند کے اساتذہ میں مولوی افتخار علی صاحب، مولانا اعزاز علی صاحب، بھائی سعید احمد صاحب گنگوہی، مولانا محمد تقی حیدرآبادی، مولانا یعقوب الرحمن صاحب عثمانی دیوبندی، مولانا محمد طیب صاحب سلمہ موجودہ مہتمم دارالعلوم دیوبند، مفتی محمد شفیع صاحب دیوبندی سلمہ مفتی اعظم پاکستان، مولانا بدر عالم صاحب میرٹھی مہاجر مدینہ، مولانا محمد ادریس صاحب سلمہ کاندھلوی حال شیخ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور، مولانا سید اصغر حسین صاحب دیوبندی، مولانا گل محمد خان صاحب منگوری، مولانا محمد ادریس صاحب سکروڈھوی، مولانا نبیہ حسن صاحب دیوبندی، مولانا محمد شیر صاحب ہزاروی، مولانا اعزاز علی صاحب شاہجہانپوری شیخ الادب، مولانا محمد ابراہیم صاحب بلیاوی، مولانا رسول خان صاحب سلمہ حال صدر مدرس جامعہ اشرفیہ لاہور، مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی، مولانا سید محمد انور شاہ صاحب

کشمیری، مولانا سید اصغر حسین[19] میاں صاحب دیوبندی، مولانا مفتی عزیز الرحمٰن[20] صاحب، مولانا سراج احمد[21] صاحب اور مولانا حکیم محمد حسن[22] صاحب برادر خورد حضرت شیخ الہند رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین وسلمہم اللہ تعالیٰ۔ ان کے علاوہ قاری محمد یامین[23] صاحب سے تجوید و قرآت اور مولانا اشتیاق احمد[24] صاحب سلمہ سے خوشخطی سیکھی۔

شادی

تعلیم کا آخری سال تھا کہ میری پھوپی صاحبہ اعجاز النسا زوجہ شیخ محمد اسحاق کی دختر زبیدہ خاتون سے میری شادی ہوئی۔ ثریا تنویر رائیف۔ ایم۔ اے فزکس ڈاکٹر انصار الحسن، فرحانہ انوار بی۔ اے، صالحہ انوار طالبہ بی۔ اے کلاس بالترتیب میرے بچے میری زندگی کا سرمایہ ہیں۔

ٹریننگ کالج لاہور

دارالعلوم سے فراغت کے بعد پنجاب یونیورسٹی سے مولوی فاضل کا امتحان دیا۔ اس میں کامیابی کے بعد ٹریننگ کالج لاہور میں داخل ہوا۔ وہاں پروفیسر مولانا ظفر اقبال ایم۔ اے سے اصول تدریس و تعلیم، پروفیسر صوفی غلام مصطفیٰ تبسم امرتسری سے اردو، پروفیسر محمد منیر ایم۔ اے سے تاریخ، پروفیسر سوہن لال ایم۔ اے سے جغرافیہ، ایک ہندو پروفیسر سے سائنس، ماسٹر نور الدین سے ڈرائنگ اور کارپینٹری اور نوہریار رسمور ڈرل ماسٹر سے ڈرل سیکھی۔ اسی سال منشی فاضل اور ادیب فاضل کے امتحانات دیئے گویا ایک سال میں تین امتحانات پاس کئے۔

ملازمت

سب سے پہلے مشن ہائی سکول جالندھر میں ہیڈ عربک ٹیچر کی اسامی پر ماہوار پینتالیس روپیہ تقرر ہوا۔ پانچویں کلاس سے دسویں تک عربی اور اردو پڑھاتا رہا۔ نو دس ماہ پڑھانے کے بعد ہیڈ ماسٹر خلیل صاحب اسلامیہ ہائی سکول جالندھر کے اصرار پر مشن ہائی سکول سے مستعفی ہو کر اسلامیہ ہائی سکول جالندھر میں ہیڈ پرشین ٹیچر کی پوسٹ پر تقرری ہوئی۔ ۲۲ اپریل ۱۹۳۵ء سے پروفیسر کی پوسٹ پر رندھیر کالج کپورتھلہ میں اردو، فارسی اور عربی مضامین پڑھانے پر مقرر ہوا۔ تینوں مضامین کا ہیڈ رہا۔ بزم ادب اردو کا صدر، وکٹوریہ ہاسٹل کا چار پانچ سال سپرنٹنڈنٹ بھی رہا۔ کالج میگزین کے اردو مضمون کے حصے کا چیف ایڈیٹر تھا۔ مہاراجہ جگجیت سنگھ کپورتھلہ کی الماسی جوبلی پر عربی میں قصیدہ لکھا جس کے انعام میں مہاراجہ نے قیمتی گھڑی عنایت فرمائی۔ جالندھر اور کپورتھلہ کے دوران قیام میں بارہ سال شہریوں کو قرآن کریم کا درس دیتا رہا۔ اور جامع مساجد میں خطبات بھی دینے کا موقع ملا۔ جالندھر اور کپورتھلہ کے مشاعروں میں شرکت کی اور غزلیں پڑھیں۔ کپورتھلے کے آل انڈیا مشاعروں میں بھی غزلیں پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ اسی اثنا میں میٹرک، ایف۔ اے اور بی۔ اے کے امتحانات دیئے۔ میٹرک کی تیاری ماسٹر رام سروپ مشن ہائی سکول جالندھر، ماسٹر فضل قادر صاحب جالندھری بی۔ اے۔ بی۔ ٹی، ماسٹر شیخ عبدالحق صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی، ماسٹر عزیز الدین علی بی۔ اے جو سب اسلامیہ ہائی سکول جالندھر کے اساتذہ تھے بالخصوص ہیڈ ماسٹر محمد خلیل صاحب اسلامیہ ہائی سکول جالندھر سے تیاری کی۔ ایف۔ اے کا امتحان خود ہی پڑھ کر دیا۔ بی۔ اے کی تیاری ماسٹر حاجی ولی اللہ صاحب کپورتھلوی اور ماسٹر عبدالحمید کپورتھلوی اور پروفیسر دینا ناتھ رندھیر کالج کپورتھلہ سے کی۔

کپورتھلہ سے پاکستان

۱۰ ستمبر ۱۹۴۷ء کو کپورتھلہ سے روانہ ہو کر جالندھر ہوتا ہوا ۱۱ ستمبر ۱۹۴۷ء کو لاہور پہنچا۔ چند سال لاہور رہا۔ ۱۹۴۸ء کے ستمبر میں گورنمنٹ کالج کی ایم۔ اے اردو کلاس میں داخلہ لیا۔ دو سال مکمل پڑھتا رہا۔ گورنمنٹ کالج کے اساتذہ میں ڈاکٹر محمد صادق پی۔ ایچ۔ ڈی، ڈاکٹر عنایت اللہ پی۔ ایچ۔ ڈی، پروفیسر منصور حسین ایم۔ اے علیگ، پروفیسر معراج الدین، پروفیسر صوفی غلام مصطفیٰ تبسم، پروفیسر مرزا مقبول بدخشانی، پروفیسر آفتاب احمد، پروفیسر خواجہ سعید احمد، پروفیسر اشفاق علی اور پروفیسر محی الدین اثر سے تعلیم پائی اور امتحان دیا۔ ۲۲ ستمبر ۱۹۵۲ء سے اسلامیہ کالج لائلپور میں بحیثیت پروفیسر کام کرنا شروع کیا

ایف۔اے اور بی۔اے کی کلاسوں کو عربی، فارسی، اردو اور اسلامیات پڑھانے کے فرائض سونپے گئے۔ شعبہ فارسی کا صدر، بزم سعدی، بزم دین و دانش، بزم اسلامیات کی صدارت کے فرائض بھی سونپے گئے۔ اردو، اسلامیات، فارسی، تاریخ، سیاسیات اور اکنامکس کی سوسائٹیوں میں مقالے پڑھے اور لیکچر دیئے۔ اسلامیہ کالج میں تین سو سے نو سو پچیس روپے تک کا گریڈ ملا۔ ایم۔اے اردو، ایم۔اے پرشین، ایم۔اے اسلامیات، منشی فاضل، ادیب فاضل، ایف۔اے اور بی۔اے وغیرہ کے ہزاروں طلبہ اور طالبات، مسلم، ہندو، سکھ اور عیسائی مشرقی پنجاب (بھارت) اور پاکستان میں میرے شاگرد ہیں۔

جلسوں اور کانفرنسوں میں شرکت یوں تو کالجوں اور مدارس کے جلسوں میں کتنی ہی تقریریں کیں لیکن بالخصوص ۱۹۴۱ء میں پنجاب یونیورسٹی کے زیر اہتمام آل پنجاب پرشین اینڈ عربک پروفیسرز کانفرنس میں فارسی کے مطالعہ کی ہر دلعزیزی پر میں نے لیکچر دیا۔ وائس چانسلر سر فضل حسین نے صدارت کی تھی۔ پنجاب یونیورسٹی کے ایم۔اے اردو کے طلبہ کے سامنے غالب پر لیکچر دیا۔ ۲۵ راپریل ۱۹۵۶ء کو آل پاکستان عربک اینڈ اسلامیات کانفرنس پشاور یونیورسٹی میں عربی میں مقالہ پڑھا۔ سفیر مصر صدارت کر رہے تھے۔ ۲۹ ر دسمبر ۱۹۵۶ء کو آل پاکستان اردو کانفرنس میں مولانا ذوالفقار علی صاحب دیوبندی والد شیخ الہند شارح حماسہ، شارح متنبی، شارح قصیدہ بردہ و بانت سعاد کی علمی خدمات پر مقالہ پڑھا۔ مولوی محمد شفیع سابق پرنسپل اورینٹل کالج نے صدارت کی۔ اردو کالج کراچی میں اردو زبان پر لیکچر دیا۔ آل پاکستان سرگودھا اردو کانفرنس میں اردو زبان پر مبسوط مقالہ پڑھا۔

تصنیفات یوں تو میرے کتنے ہی مضامین اور مقالے رسالوں اور اخباروں میں شائع ہوئے لیکن تصنیفات میں سکول اور کالج کی کتابوں کے علاوہ انوار الشہادت، تجلیات عثمانی، حیات امداد، شرح قصیدہ بانت سعاد، سیرت پیغمبر اعظم، انوار عثمانی اور انوار قاسمی طبع ہو کر ہندوستان اور پاکستان میں شائع ہوئیں اور ان پر رسالوں اور اخبارات میں تبصرے چھپے۔ حیات عثمانی، انوار قاسمی جلد دوم، سوانح یعقوبی و مملوکی، تذکرہ ذوالفقار وغیرہ کتابیں مسودوں کی شکل میں موجود ہیں جو طبع ہونے کی منتظر ہیں۔

ایگزامنر یوں تو مختلف امتحانات کا ایگزامنر رہا لیکن منشی فاضل، مولوی فاضل، ایف۔اے اور ایف۔او۔ایل کے پنجاب اور پشاور یونیورسٹیوں کا صدر ممتحن اور ہیڈ سپرنٹنڈنٹ مقرر ہوا اور ایف۔اے، بی۔اے، مولوی فاضل، منشی فاضل وغیرہ امتحانات کے سنٹروں کا سپرنٹنڈنٹ بھی بنتا رہا۔ غرض یوں میری زندگی گذری اور گذر رہی ہے۔

شکریہ آخر میں راقم الحروف مولانا محبوب الٰہی صاحب تمیذ امام العصر مولانا سید انور شاہ صاحب فاضل علوم عربیہ کا شکر گزار ہے کہ انہوں نے اصلی کتاب اور مسودے کی مطابقت اور ترجمے کی تصحیح میں کیری بڑی اعانت فرمائی اور عزیزم پروفیسر عبدالغفار انور ایم۔اے منگیتوی اور اپنی دختران ثریا، فرحانہ، صالحہ اور عزیزم ڈاکٹر انصار الحسن کا کہ ان سب نے ان مکتوبات کے ترجمے کی اصل سے مطابقت اور دیگر امور میں میری بہت اعانت کی۔

اب آپ کی خدمت میں "قاسم العلوم" کا ترجمہ حاضر ہے۔ ربنا تقبل منی و سلام علی المرسلین والحمد للہ رب العالمین۔

محمد انوار الحسن پروفیسر
لائل پور

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

پہلا مکتوب مولوی محمد فاضل کے نام

تعارف مولوی محمد فاضل

یہ پہلا خط حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے ایک جاں نثار خادم مولوی محمد فاضل صاحب کے نام سنہ ۱۲۹۰ھ مطابق سنہ ۱۸۷۳ء میں لکھا ہے جیسا کہ زبدۃ الناس کی طباعت کے حوالے سے جو مکتوب میں دیا گیا ہے معلوم ہوتا ہے اس زمانے میں حضرت مولانا میرٹھ میں بسلسلۂ تصحیح کتب و درس و تدریس قیام پذیر تھے۔ مولوی محمد فاضل بھی اسی دور کے خادموں اور علمی خوشہ چینوں میں سے ہیں۔ ارواح ثلاثہ میں حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی روایت اس طرح درج ہے کہ:۔

"ایک مرتبہ مولانا محمد قاسم صاحب کے پاس آپ کے خادم مولوی فاضل حاضر تھے۔ مولانا (محمد قاسم صاحب) نے ان کو مٹھائی تقسیم کرنے کو فرمایا۔ انہوں نے تقسیم کر دی۔ آخر میں اتفاق سے اس میں تھوڑی سی مٹھائی بچ گئی تو آپ نے فرمایا الفاضل للقاسم (یعنی بچی ہوئی مٹھائی قاسم (تقسیم کرنے والے) کی ہے) انہوں نے (یعنی مولوی فاضل) نے جواب دیا الفاضل للفاضل والقاسم محروم (یعنی فاضل مٹھائی تو مسمی فاضل کی ہے اور قاسم محروم ہیں۔ یا یہ کہ بچی ہوئی مٹھائی صاحب فضیلت یعنی آپ کی ہے اور تقسیم کرنیوالا (یعنی میں مولوی فاضل) محروم ہے۔" (ارواح ثلاثہ صفحہ ۲۸۴)

اس روایت سے معلوم ہوا کہ مولوی فاضل صاحب حضرت والا کے خاص خدام میں سے تھے۔

مکتوب کا پس منظر حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے جنکو ہم نے قاسم العلوم کے نام نامی سے اپنی اس تحریر میں یاد

کیا ہے ایک کتاب ہدیۃ الشیعہ تحریر فرمائی جسکا پہلا ایڈیشن بھی میری نظر سے گذرا ہے اور اس وقت کتب خانہ حقانیہ گارڈن روڈ کراچی کا شائع کردہ ایڈیشن میرے پیش نظر ہے۔

ہدیۃ الشیعہ دراصل ان اعتراضات کا جواب ہے جو شیعوں کے عالم مولوی عمار علی صاحب نے میر نادر علی صاحب ساکن کرتھل نواح انور کے نام ایک خط میں لکھے تھے۔ مولوی عمار علی کا یہ مکتوب بنام میر نادر علی حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس بغرض جوابات پہنچا۔ مولانا گنگوہی نے اواخر رجب ۱۲۸۳ھ میں ایک خط کے ذریعہ قاسم العلوم کو ان جوابات کی طرف توجہ دلائی چنانچہ قاسم العلوم نے مکتوب گنگوہی کے تین روز بعد ہی رجب ۱۲۸۳ھ میں اعتراضات کے جوابات کتابی شکل میں لکھنے شروع کئے اور متفرق اوقات میں ۱۵ صفر ۱۲۸۴ھ ساڑھے چھ ماہ کے درمیانی عرصے میں چند نشستوں میں ۲۰ × ۲۶ سائز کے پانسو صفحات پر مشتمل یہ کتاب ختم کردی یہ سب پس منظر قاسم العلوم نے ہدیۃ الشیعہ کے دیباچے میں تحریر کیا ہے۔

مولوی عمار علی کے خط میں ایک یہ اعتراض بھی تحریر تھا لکھتے ہیں:-

"علمائے اہل سنت نے روایت کی ہے کہ جس وقت نازل ہوئی آیت وَآتِ ذَا الْقُرْبَىٰ حَقَّهُ یعنی دے تو اے محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) قریبوں کو حق انکا تو اس وقت پیغمبر خدا نے جبرئیلؑ سے پوچھا کہ قریب میرے کون ہیں اور حق انکا کیا ہے۔ جبرئیل نے عرض کی کہ قریب تمہارے فاطمہؓ ہے اور حق اسکا فدک ہے۔ فدک اسکو دے دو اس وقت رسول خدا نے فدک فاطمہ کو دیدیا پس تحریر سے ان علماء کی ثابت ہوا کہ رسولؐ خدا نے فاطمہؓ کو فدک دیا اور فاطمہ مالک فدک کی تھیں۔ جب رسولؐ خدا نے دنیا سے رحلت فرمائی اور ابوبکر خلیفہ ہوئے تو فدک کو فاطمہؓ سے چھین لیا اور انکا قبضہ اٹھا دیا۔ اب فرمائیے کہ یہ غصب نہیں تو کیا ہے۔" (ہدیۃ الشیعہ ۱۹۳)

اسکی تائید میں شیعہ صاحبان واقدی کی روایت بھی پیش کرتے ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ فدک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ملکیت خصوصی میں تھا۔ حضرت مولانا قاسم العلوم ہدیۃ الشیعہ میں مذکورہ بالا آیت کے بارے میں تحریر فرماتے ہیں کہ:-

"یہ آیت (یعنی وَآتِ ذَا الْقُرْبَىٰ حَقَّهُ) کل دو جگہ کلام اللہ میں آئی ہے ایک سورۂ بنی اسرائیل میں دوسری سورۂ روم میں سو دونوں خیر سے مکہ میں نازل ہوئی تھیں .... اب کوئی مولوی (عمار علی شیعی عالم) صاحب سے پوچھے کہ مکے میں فدک کہاں تھا؟ فدک تو ہجرت سے چھٹے ساتویں سال بعد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے قبضے میں آیا تھا۔"

(ہدیۃ الشیعہ صفحہ ۲۴۱-۲۴۲)

لہٰذا مذکورہ بالا آیت سے استدلال باطل ہوگیا۔ اب رہی واقدی کی روایت جس سے مولوی محمد فاضل صاحب کو دھوکا لگا کہ فدک آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملکیت تھا تو حضرت قاسم العلوم واقدی کے متعلق تحریر فرماتے ہیں:-

"مجمع البحار میں امام نسائی کے حوالے سے جو فن حدیث میں امام ہیں اور انکی کتاب منجملہ صحاح ستہ کے ہے یوں لکھا ہے کہ امام نسائی نے فرمایا ہے کہ ایسے کذاب جو حدیثوں کے بنانے میں معروف ہیں چار ہیں۔ ابن ابی یحییٰ مدینے میں، واقدی بغداد میں، مقاتل بن الیمان، خراسان میں، محمد بن سعید مصلوب، شام میں۔ اور تیسیر زیدیہ نے شرح الشفاء کے حوالے سے لکھا ہے کہ واقدی کے ضعف پر سب کا اتفاق ہے۔ بعد ازاں امام شافعی کا قول واقدی کی شان میں مقاصد کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ واقدی کی کتابیں جھوٹی ہیں۔" (ہدیۃ الشیعہ صفحہ ۲۶۷-۲۶۸)

یہ حضرت قاسم العلوم نے ہدیۃ الشیعہ میں واقدی کے متعلق تحریر فرمایا۔ علاوہ ازیں آپ اپنے اس مکتوب بنام مولوی فاضل میں انکو مخاطب کرکے واقدی کے متعلق تحریر فرماتے ہیں :-

"حدیث مرفوع کہ بحوالہ واقدی اشارت بآں کردہ اند اول نزد اکثر محدثین قابل اعتبار نیست کہ منجملہ وضاعین اوشاں را شمردہ اند۔"

(قاسم العلوم مکتوب ۱ صفحہ ۱)

جب واقدی کا یہ حال ہے تو ان کی روایت کا بھی کوئی اعتبار نہیں لہٰذا ان کی روایت کردہ حدیث سے مولوی فاضل کو جو شبہ ہوا تحقیق کی اس روشنی میں اسکا ازالہ ہو جاتا ہے حضرت مولانا قاسم العلوم کے نزدیک فدک گاؤں حضور کی ملکیت نہ تھا بلکہ بطور متولی آپ اسکا انتظام فرماتے تھے گویا فدک، وقف کا مال تھا اور وقف کسی کی ملکیت نہیں ہوتا بلکہ وہ اللہ کی ملکیت میں ہوتا ہے اور اللہ کا خلیفہ اسکا متولی ہوکر انتظام کرتا ہے۔ مزید وضاحت کے لئے فدک کا پس منظر ملاحظہ فرمائیے جسکے بغیر الجھن دور نہیں ہو سکتی۔

فدک کا پس منظر

سنہ ۶ھ میں آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہمراہ ایک جماعت ہمراہ تھی۔ عمرہ کی نیت سے مکہ مکرمہ تشریف لے گئے۔ لیکن کفار مکہ نے آپ کو عمرہ نہیں کرنے دیا۔ حدیبیہ کے مقام پر کفار مکہ اور آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام میں صلح ہو گئی۔ واپس ہوئے تو سورہ فتح نازل ہوئی جس میں فتح کی خوشخبری دی گئی۔ حدیبیہ سے آپ مدینہ منورہ پہنچے مدینے میں کچھ روز قیام کے بعد آخر ماہ محرم سنہ ۷ھ میں چودہ سو پیادہ اور دو سو سواروں کی جمعیت کے ساتھ خیبر کی طرف روانہ ہوئے جو مدینے کے قریب یہودیوں کی بستی ہے یہ لوگ مسلمانوں کے خلاف کفار مکہ سے مل کر سازشیں کرتے تھے۔ اس لئے ان کی قوت کا توڑنا ضروری تھا۔ خیبر میں یہودیوں کے متعدد قلعے تھے۔ یہود آپ کو دیکھتے ہی مع اہل و عیال قلعوں میں پناہ گزیں ہو گئے۔ چنانچہ صحابہ نے پہلے جہاد کے ذریعہ قلعہ ناعم پھر قلعہ قموص فتح کیا جو بہت مضبوط تھا اور حضرت علیؓ نے اس کو فتح کیا۔ پھر قلعہ صعب بن معاذ فتح ہوا۔ بعد ازاں حصن قلّہ پھر وطیح اور سلالم فتح ہوئے۔ وطیح اور سلالم کے محاصرہ کو جب چودہ دن ہو گئے تو ان لوگوں نے آنحضور صلے اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ اگر ہمیں اور ہمارے اہل و عیال کو چھوڑ دیا جائے تو ہم خیبر سے نکل جائیں گے۔ چنانچہ آپ نے منظور فرما لیا۔ جب فدک گاؤں والوں کو اسکا علم ہوا تو انہوں نے آنحضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی خدمت میں پیغام بھیجا کہ ہمیں امان دی جائے تو ہم سب سامان اور مال یہیں چھوڑ کر جلا وطن ہو جائیں گے چنانچہ آپ نے منظور فرمایا اور فدک بغیر کسی حملے اور فوج کشی کے فتح ہو گیا۔

خیبر کا مالِ غنیمت

خیبر کی غنیمت میں سونا اور چاندی نہ تھا بلکہ گائے، بیل اور اونٹ اور کچھ سامان تھا اور غنیمت کا سب سے بڑا مال زمینیں اور باغات تھے جو آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ اموال مجاہدین میں تقسیم فرما دیئے۔ کیونکہ جہاد کرنے کی وجہ سے مال غنیمت کے وہ لوگ حقدار تھے۔ مگر فے کے اموال کے احکام اور ہیں۔

مال فے

مال فے اس مال کو کہا جاتا ہے جو بغیر خون ریزی، قتل و قتال اور جنگ کئے بغیر دشمنان اسلام سے حاصل ہو جائے اور کفار مسلمانوں کی یلغار اور فوج کشی کو دیکھ کر پناہ حاصل کرلیں اور جنگ سے گریز کرکے اپنے اموال مسلمانوں کے سپرد کر دیں۔ قریۂ فدک اور اسکے اموال یہودیوں نے اسی طرح اثنائے جہاد خیبر میں آنحضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے حوالے کر دیئے تھے۔ ایسے مال کو فے کہتے ہیں۔

باری تعالےٰ نے خود فے کی تعریف ان الفاظ میں ارشاد فرمائی ہے :-

وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ	اور جو کچھ اللہ نے اپنے رسول کو گاؤں سے مال فے دلایا پس نہیں دوڑائے

مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (سورہ حشر)

اسکے لئے تم نے گھوڑ سوار اور نہ اونٹ سوار لیکن اللہ مسلط کرتا ہے اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ مترجم

ایسے مال فے کے مصارف کے متعلق ارشاد باری تعالٰے یہ ہے کہ:۔

مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةً بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ۔

اللہ تعالٰے نے اپنے رسول کو گاؤں والوں سے جو مال دلایا تو وہ اللہ کیلئے اور رسولؐ کے لئے اور رسولؐ کے رشتہ داروں کیلئے اور یتیموں مسکینوں اور مسافروں کیلئے ہے تاکہ تم میں سے نقط دولت مندوں کے لینے دینے میں نہ آئے۔

علمائے اہلسنت نے فدک کو اس آیت اور خلیفۂ اوّل اور خلیفۂ دوم کے عمل کے ماتحت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ملکیت قرار نہیں دیا ہے بلکہ اس مال میں آنحضورؐ کا متولی ہونا سمجھا ہے اور فدک کو وقف ثابت کیا ہے۔ لہذا حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما نے بھی بحیثیت خلیفۂ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فدک کی آمدنی کو اللہ کی مساجد خانہ کعبہ وغیرہ اور آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قرابت داروں اور مساکین، یتامٰی اور مسافروں پر صرف کیا حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی وراثت میں نہیں دیا گیا جیسا کہ حضرات شیعہ کا خیال ہے کہ فدک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملکیت میں تھا اور آپ نے حضرت فاطمہ رضؓ کو اپنی زندگی میں دے دیا تھا اور اگر بالفرض زندگی میں نہ دیا ہو تو بحیثیت وارثہ کے بھی اسمیں انکا حصہ تھا۔

آنحضورؐ علیہ الصلوٰۃ کا فدک کے بارے میں عمل

آنحضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم فدک کی آمدنی میں سے اپنے اہل وعیال، قرابت داروں پر صرف فرماتے اور جو اس سے بچتا وہ یتیموں، مسافروں اور مساکین پر خرچ فرماتے۔ ابوداؤد کی روایت سے حضرت مغیرہؓ کے واسطے سے صاحب مشکوٰۃ بیان کرتے ہیں کہ جب عمر بن عبدالعزیز بن مروان خلیفہ ہوئے تو انہوں نے مروانیوں کو جمع کیا اور یہ کہا کہ:۔

اِنَّ رسول اللّٰهُ صلی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسلم كانت له فدك فكان ينفق منها ويعود منها على صغير بني هاشم ويزوج منها ايمهم وان فاطمة سالته ان يجعلها لها فابٰى فكانت فی حیوة رسول الله صلے الله عليه وسلم حتى مضى بسبيله فلما ان وُلِّيَ ابوبكر رضؓ عمل بها بما عمل رسول الله صلى الله عليه وسلم في حيوته حتى مضى بسبيله فلما ان وُلِّيَ عمر بن الخطاب رضي الله عنه عمل فيها بما عملا حتى مضى بسبيله ثم اقطعها مروان ثم صارت العمر بن عبد العزيز فرأيت امرا منعه رسول الله صلے الله عليه وسلم

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس فدک تھا۔ سو اس میں سے خرچ کیا کرتے تھے اور بنی ہاشم کے یتیموں کو دیتے رہتے تھے اور بے شوہر عورتوں کے نکاح اس مال میں سے کرا دیا کرتے تھے۔ اور حضرت فاطمہؓ نے یہ درخواست کی کہ فدک ان کو عنایت فرمائیں آپ نے انکار فرما دیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ میں اسیطرح معاملہ رہا تاآنکہ آپ کا وصال ہو گیا۔ جب حضرت ابوبکرؓ خلیفہ ہوئے تو آپ نے بھی فدک کے متعلق اسی طرح کیا جیسا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا تاآنکہ وہ بھی رخصت ہوئے جب حضرت عمرؓ خلیفہ ہوئے تو آپ نے بھی وہی کیا جو ان دونوں نے کیا تھا تاآنکہ وہ بھی رخصت ہوئے پھر زمانہ گذر گیا تاآنکہ مروان نے فدک کو اپنی جاگیر بنالیا۔ پھر عمر بن عبدالعزیزؒ خلیفہ ہوئے انہوں نے

فاطمة ليس لي بحق وانى اشهد کم انى رددتها على ما کانت على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم وابى بکرؓ و عمرؓ۔

کہا کہ میری رائے میں یوں آتا ہے کہ جو چیز رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہؓ کو نہ دی ہو مجھے سزاوار نہیں اور میں تمہیں گواہ کرتا ہوں کہ میں نے فدک کو اسی انداز پر کر دیا جیسے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ کے زمانے میں تھا۔

مذکورہ بالا روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ فدک کے بارے میں آنحضور صلے اللہ علیہ وسلم سے لے کر مروان تک یہی طریقہ رہا کہ اس کو مال وقف کے طور پر سمجھا گیا اور ہر خلیفہ کے زمانے میں جن میں حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ بھی شامل ہیں یہی معاملہ ہوتا رہا۔ صرف مروان نے اسکو اپنی جاگیر بنالیا تھا جس کے اس عمل کو حضرت عمر بن عبدالعزیز نے اپنے زمانے میں باطل کر کے مال وقف قرار دیا۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو یہ خیال ہوا کہ اب بطور وراثت اس میں میرا حق ہے چنانچہ بخاری کی دوسری جلد کے کتاب الفرائض میں ہے :۔

عن عائشة ان فاطمة والعباس اتيا ابا بكر يلتمسان ميراثهما من رسول الله صلى الله عليه وسلم وهما يومئذ يطلبان ارضيهما من فدك وسهمه من خيبر فقال لهما ابو بكر سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا نورث ما تركنا صدقة انما يأكل ال محمد من هذا المال قال ابو بكر والله لا ادع امرا رأيت رسول الله يصنعه فيه الا صنعته قال فهجرته فاطمة فلم تكلمه حتى ماتت

(بخاری جلد دوم ص۹۹۵-۹۹۶)

عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ فاطمہؓ اور عباسؓ ابو بکرؓ کے پاس آئے کہ ان سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی چھوڑی ہوئی اپنی میراث کا مطالبہ کر رہے تھے اور وہ دونوں اس دن فدک کی زمین کا مطالبہ کر رہے تھے اور خیبر کے حصّے کا۔ ابو بکرؓ نے کہا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے ہماری انبیاء کی جماعت کا کوئی وارث ہی نہیں جو کچھ ہم چھوڑ جائیں وہ وقف ہے۔ بجز اسکے نہیں کہ آل محمد اس مال کو کھائے۔ ابو بکرؓ نے کہا خدا کی قسم میں نے کسی معاملے کو اس طرح کیا ہے جیسا کہ اسکو رسول اللہ نے کیا تھا۔ راوی نے کہا کہ فاطمہؓ ان سے رخصت ہوئیں کہ پھر ان سے تا وفات کلام نہیں کیا۔

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ بخاری کی اس حدیث میں فہجرتہ کے حاشئے میں تحریر فرماتے ہیں، واضح رہے کہ مولانا قاسم العلوم نے حضرت مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری کے ارشاد پر بخاری جلد دوم کے آخری پانچ چھ پاروں کے حواشی تحریر فرماتے ہیں۔ جبکہ بقیہ تمام بخاری کے حواشی انہوں نے خود تحریر فرمائے تھے۔ یہ حدیث فاطمہؓ انہی حواشی کے ضمن میں ہے۔ چنانچہ حضرت فاطمہؓ نے حضرت ابو بکرؓ سے پھر کلام نہیں کیا پر قاسم العلوم لکھتے ہیں :۔

فهجرته - اى انقبضت عن لقائه لا الهجران المحرم من ترك السلام ونحوه وهى قد ماتت قريبا من ذالك لستة اشهر بل اقل منها۔"

(بخاری جلد دوم ص۹۹۱ حاشیہ ۱۲)

پس حضرت فاطمہؓ نے حضرت ابو بکرؓ سے علیحدگی اختیار کر لی یعنی ان سے ملنے کو ان کا دل نہ چاہا۔ ایسی علیحدگی نہیں جس میں سلام کلام بھی چھوٹ گیا ہو کہ یہ ناجائز ہے اور حضرت فاطمہ اس واقعہ کے بعد جلد ہی چھ ماہ میں بلکہ اس سے کم میں انتقال فرما گئیں۔

اگر مذکورہ بالا حدیث کا مطلب یہ لیا جائے کہ حضرت فاطمہؓ نے حضرت ابو بکرؓ سے فدک کے بارے میں پھر کلام نہیں کیا تو درست ہے۔

کیونکہ وہ فدک کی پوزیشن کو سمجھ گئی تھیں اور جب مطالبہ کیا تھا تو اس وقت فدک کی حقیقت ان کی آنکھوں سے اوجھل تھی۔ دیکھنا یہ ہے کہ حضرت فاطمہؓ حضرت ابوبکرؓ سے خفا ہو کر دنیا سے رخصت نہیں ہوئیں۔ چنانچہ امامیہ فرقے کی معتبر کتاب مجاج السالکین میں ہے کہ جب حضرت ابوبکرؓ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا کہ میں فدک کے بارے میں وہی کروں گا جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا تو وہ خوش ہو گئیں۔

اب فرقۂ امامیہ کی مشہور کتاب مجاج السالکین کی حسب ذیل روایت پڑھئے جس سے معلوم ہو گا کہ حضرت ابوبکرؓ نے حضرت فاطمہؓ کو راضی کر لیا تھا۔ روایت یہ ہے :-

ان ابابکر لما رای فاطمة انقبضت عنه وهجرته ولم تتكلم بعد ذالك فى امر فدك كبر ذالك عنده فاراد استرضاءها فاتاها فقال لها صدقت يا ابنة رسول الله صلى الله عليه وسلم فيما ادعيت ولكنى رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقسمها فيعطى الفقراء والمساكين وابن السبيل بعد ان يؤتى منها قوتكم والعاملين بها فقالت افعل فيها كما كان ابى رسول الله صلى الله عليه وسلم يفعل فيها فقال ذالك الله على ان افعل ما كان يفعل ابوك فقالت والله لتفعلن فقال والله لافعلن ذالك فقالت اللهم اشهد فرضيت بذالك واخذت العهد وكان ابوبكر يعطيهم منها قوتهم ويقسم الباقى فيعطى الفقراء والمساكين وابن السبيل ۔ (ہدیۃ الشیعہ ص۲۸۰)

جب ابوبکر نے دیکھا کہ فاطمہؓ ان سے کبیدہ خاطر ہو گئی ہیں اور ان سے بیزار ہو گئی ہیں اور فدک کے بارے میں اسکے بعد کلام نہیں کیا تو یہ بات انکو شاق گذری تو ان کو راضی کرنے کا ارادہ کیا تو فاطمہؓ کے پاس آئے اور کہا کہ آپ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بیٹی تم اپنے دعوے میں سچی ہو لیکن میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ فدک کی آمدنی تقسیم فرمایا کرتے تھے۔ اور تمہارے اخراجات اور محصلوں کی مزدوری دے کر فقراء، مساکین اور مسافروں کو دے دیا کرتے تھے۔ حضرت فاطمہؓ نے کہا کہ آپ فدک کے بارے میں وہی کیجئے جو میرے والد بزرگوار رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے۔ حضرت ابوبکرؓ نے کہا اس بات پر تم مجھ سے قسم لے لو میں وہی کرتا رہونگا جو تمہارے والد بزرگوار صلے اللہ علیہ وسلم کرتے رہے ہیں۔ اس پر حضرت فاطمہؓ نے قسم سے پوچھا۔ کیا واقعی ایسا ہی کرو گے تو انہوں نے قسم کھا کر کہا کہ ہاں ایسا ہی کیا کرونگا۔ حضرت فاطمہؓ نے کہا کہ اے خدا تو گواہ رہیو۔ پس وہ راضی ہو گئیں اور عہد لیا اور ابوبکرؓ ان کو انکا خرچہ دیا کرتے تھے۔ اور باقی کو فقرا اور مساکین اور مسافروں کو دیا کرتے تھے۔

اب بات کھل کر سامنے آگئی کہ حضرت فاطمہؓ نے فدک کے بارے میں اس لئے پھر کلام نہیں کیا کہ فدک کی پوزیشن کو وہ اب سمجھ گئی تھیں اور یہی مطلب اُن کا حضرت ابوبکر سے کلام نہ کرنے کا ہے بعض شیعہ حضرات یہ حدیث پیش کرتے ہیں کہ آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جس نے فاطمہ کو ناراض کیا اس نے مجھے ناراض کیا اور جس نے مجھے ناراض کیا اس نے اللہ کو ناراض کیا لہٰذا ابوبکرؓ نے اللہ اور اللہ کے رسول کو ناراض کیا۔ مگر شیعہ حضرات کا یہ کہنا اسوقت درست ہو سکتا ہے جب کہ حضرت فاطمہ کی ناخوشنودی کا باعث کوئی ایسا امر ہو جس میں اللہ اور اللہ کے رسول کی نافرمانی نہ ہوتی ہو لیکن اگر ایسا ہو تو پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ پر یہ اعتراض لازم نہیں آتا۔

اسی قسم کے مضامین لکھتے لکھتے حضرت قاسم العلوم ہدیۃ الشیعہ میں تحریر فرماتے ہیں :-

اوّل تو آیت مَآ اَفَآءَ اللّٰہُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ جو سورۂ حشر میں واقع ہے۔ اس بات پر شاہد ہے کہ قریۂ فدک ہو یا غیر بالاتفاق

از قسم فے تھا۔ ملک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہی نہ تھا۔" (ہدیۃ الشیعہ ص۲۶۸)

ایک اور جگہ ما افاء اللہ علی رسولہ، من اھل القری فللّٰہ وللرسول ولذی القربٰی والیتمٰی والمسٰکین وابن السبیل کے معنی سے پردہ اٹھاتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

بہرحال لفظ علی رسولہ، سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا قبض و تصرف ثابت ہوا لیکن جیسا لفظ علیٰ رسولہ سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا قبض و تصرف ثابت ہوا ویسا ہی لفظ فللّٰہ سے یہ بھی ثابت ہوا کہ وہ قبض و تصرف مالکانہ نہیں ہے۔ بلکہ متولیانہ ہے یعنی آپ خازن اور امین ہیں مالک نہیں ورنہ اس مصرف کے مقرر کرنے کے کیا معنی؟ مالک کو اپنی چیز کا اختیار ہوتا ہے۔ اور یہاں صاف پابندی موجود ہے کہ فلاں فلاں مصارف میں مال فے کو خرچ کیا جائے تو خود مختاری ختم ہو کر رہ جاتی ہے اور خود مختاری کا خاتمہ ملکیت کے خاتمے کی دلیل ہے۔" (ہدیۃ الشیعہ ص۳۵۱)

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ کی ان نکتہ سنجیوں کا خلاصہ یہ نکلتا ہے کہ آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فدک کے مالک تھے ناظم اور متولی تھے۔ مگر واقدی کی روایت سے شبہ ہوتا ہے کہ آپ کو مالکانہ حقوق حاصل تھے۔ اسلئے مولوی محمد فاضل کو شبہ ہوا اور انہوں نے ہدیۃ الشیعہ کو پڑھ کر یہ شبہ جو حدیث واقدی سے پیدا ہوا حضرت قاسم العلوم کو لکھا کہ اگر آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو آپ کی تحریروں کے مطابق مالکانہ حقوق حاصل نہ تھے۔ تو واقدی کی مروی حدیث کا کیا مطلب ہوگا۔ جس میں مالکانہ حقوق کا پتہ چلتا ہے۔ چنانچہ حضرت مولانا نے اس مکتوب میں اسکا جواب نقلی اور عقلی طور پر تو اس طرح کہ واقدی پر جرح کرتے ہوئے آپ نے لکھا ہے کہ ان کی روایات کو محدثین نے صحیح نہیں سمجھا۔ کیونکہ ان کی صداقت میں شبہ کیا گیا ہے۔ اور عقلی پر آپ کے سامنے مکتوب کا خلاصہ پیش کیا جاتا ہے۔ اور بعض حدیثی اور قرآنی دلائل بھی پیش خدمت کئے جاتے ہیں۔

خلاصہ مضمون مکتوب قاسمی بنام مولوی محمد فاضل دربارۂ ملکیت فدک وغیرہ

حضرت قاسم العلومؒ نے اپنے مکتوب میں پہلے تو ملکیت کے لئے قبضے کو اصل قرار دیا ہے اور فرمایا ہے کہ جب تک کسی شخص کا کسی چیز پر جائز طور سے مکمل قبضہ نہ ہو اسوقت تک وہ اس کی ملکیت میں نہیں آتی۔ یہی وجہ ہے کہ اگر کفار مسلمانوں پر حملہ کر کے ان کے اموال و اسباب پر قبضہ کر لیں تو وہ اموال ان کی ملکیت قرار دیئے جائیں گے۔

اس اصل کے بعد قاسم العلومؒ نے اس مکتوب میں لکھا ہے کہ در اصل تمام کائنات کا اصلی مالک اللہ تعالےٰ ہے جیسا کہ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے) سے ظاہر ہے لیکن ساتھ ہی یہ بھی فرماتے ہیں۔ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰہِ یُوْرِثُهَا مَنْ یَّشَآءُ (تمام زمین بے شک اللہ کی ہے وہ جسکو چاہتا ہے اسکا وارث بناتا ہے لہٰذا اللہ کی ملکیت اور بندوں کی وراثت کو قاسم العلوم نے اس طرح بیان فرمایا کہ اصل میں تو اللہ ہی مالک ہے مگر ہمارا مالک ہونا بطور ظل الٰہی اور مجازی ہے۔ جیسا کہ آئینے میں آفتاب کا عکس وہ آئینے کی اصلی روشنی نہیں ہوتی بلکہ آفتاب کی ہی روشنی ہے جسکا ظل اور سایہ آئینے میں پڑ رہا ہے۔ لہٰذا ذاتی طور پر تو اللہ ہی مالک ہے مگر اللہ کی ملکیت کا عکس بندوں پر پڑتا ہے تو وہ زمین اور ما فیہا کی نگرانی کے باعث بندے بھی ایک گونہ مالک ہو جاتے ہیں۔

پھر اللہ اور بندوں کے درمیان کہ اللہ کی ملکیت کا عکس بندوں میں منعکس ہوتا ہے۔ واسطہ آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات ہے۔ جیسا کہ

آفتاب اور زمین کے درمیان آئینہ میں آفتاب کا عکس ذریعہ اور واسطہ ہوتا ہے۔ ٹھیک اسی طرح رسولِ پاک صلے اللہ علیہ وسلم اللہ تعالے اور بندوں کے درمیان ملکیت کا ذریعہ اور واسطہ ہیں۔ جس واسطے کو اپنی اصطلاح میں قاسم العلوم نے برزخ علیا اور وسیلہ کبریٰ کہا ہے۔ چنانچہ مکتوب آئندہ میں قاسم العلوم لکھتے ہیں:-

"جس طرح رات کے وقت چاند درمیان میں آجاتا ہے اور آفتاب اور زمین اور زمین والوں کے درمیان اوٹ بن جاتا ہے اور اسکے ذریعہ ہم آفتاب کے نور سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اور یقین سے جانتے ہیں کہ اگر چاند درمیان میں نہ ہوتا تو چاندنی رات کا جلوہ بھی میسر نہ ہوتا۔ اسی طرح اگر محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ پاک ہمارے اور خداوند تعالے کے درمیان نہ آتی اور سرورِ کائنات کا وجود خداوند تعالےٰ اور دوسرے آسمانی فیوض کا ذریعہ نہ ہوتا تو خداوند تعالےٰ کی مخلوقات اور خاص طور پر مومن مرد اور مومنہ عورت کا وجود دُنیا میں نہ ہوتا۔"

یہی وجہ ہے کہ ختمِ نبوت محمدی کا مطلب یہ ہے کہ دوسرے انبیاء کی نبوتوں نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت سے استفادہ کیا ہے جیسا کہ چاند کی چاندنی آفتاب سے ہے نہ کہ آفتاب کی روشنی کسی اور سے استفادہ کرتی ہے۔ لہٰذا آنحضور صلے اللہ علیہ وسلم پر نبوت ختم ہو چکی اور آپ کے بعد کسی قسم کا کوئی نبی قیامت تک نہیں آئیگا۔ کیونکہ آپ کا لایا ہوا قرآن ہمیشہ ہمیشہ کے لئے تا قیامِ قیامت باقی رہے گا۔ لہٰذا آپ کی نبوت بھی قیامت تک باقی رہے گی۔

پھر چونکہ آفتابِ نبوت ذاتِ محمدیؐ ہے۔ اسلئے دوسرے تمام انبیاء چاند کی طرح نورِ محمدی سے روشنی حاصل کرکے اپنی اُمّت کو جلوہ گر کرتے ہیں۔ لہٰذا تمام انبیاء آنحضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم اور اپنی اُمّت کے درمیان واسطہ ہیں۔ آگے چل کر ملکیت کے بارے میں اجتہادی نقطۂ نظر اور عقلی بصیرت و تفقہ سے لکھتے ہیں کہ رسولِ پاک صلے اللہ علیہ وسلم ایک تو اللہ تعالیٰ کے خلیفہ ہونے کی وجہ سے وہی تمام اختیارات رکھتے ہیں جو اللہ تعالےٰ کو حاصل ہیں۔ کیونکہ منصبِ خلیفہ اور عہدۂ خلافت کا منشا ہی یہ ہے کہ وہ اصل کے قائمقام ہو کر اس کے منشار کے مطابق عمل کرے۔ دوسرا حضور کا منصب بحیثیت حاکم اللہ تعالےٰ کی نیابت ہے۔

لہٰذا پہلا مقام اور پہلی نیابت مالک کی حیثیت سے آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ تعالےٰ کی حاصل ہے اور دوسری نیابت حکومت کی حیثیت سے آپ کو حاصل ہے۔ دوسرے لفظوں میں یوں قاسم العلوم نے سمجھایا ہے کہ پہلا یعنی مرتبۂ خلافت روحانی مرتبہ ہے اور دوسرا مرتبۂ حکومت جسمانی خیال کیجئے انہیں دونوں مرتبوں میں سے پہلے کا نام قاسم العلوم نے مرتبۂ فوقانی رکھا ہے اور دوسرے کا تحتانی۔

مگر چونکہ اللہ تعالےٰ تمام کائنات کا اصل مالک ہے لہٰذا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ملکیت کا وہ مقام نہیں ہے۔ جو اللہ تعالےٰ کو حاصل ہے۔ جیسا کہ آفتاب کا نور جسقدر آفتاب سے زیادہ قریب کا تعلق رکھتا ہے۔ اتنا زمین سے متعلق نہیں۔ یہی حال اللہ تعالےٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی املاک اور مقامِ ملکیت کا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جس طرح سے چاہا اموالِ فے اور اموالِ غنیمت کے حصّے مقرر کر دیئے۔ اس سلسلے میں حضرت قاسم العلوم نے آگے چل کر مکتوب میں تحریر فرمایا ہے کہ

استحقاق کی دو قسمیں ہیں۔ ایک تو فاعلی اور فعلی اور دوسرا مفعولی اور منفعلی۔ ان دونوں استحقاق کی انہوں نے خود تشریح فرمائی ہے۔ مثلاً ایک شخص نے ایک چیز خریدی اور اس کی قیمت ادا کر دی تو اب اس چیز پر اس کا فاعلی استحقاق حاصل ہو گیا اور دوسرا مفعولی استحقاق یہ ہے کہ اصل مالک کی طرف سے تملیک کا حق مل جائے۔ پہلا استحقاق مالکیت کا موجب ہے۔ اور دوسرا استحقاق مالکیت کا موجب نہیں ہے۔ مزید تفصیل و تشریح

کے بارے میں آگے چل کر تحریر فرماتے ہیں:۔

بالجملہ یکے استحقاق قبض است بزور۔ دیگر استحقاق قبول عطا است بالتجا۔ اول موجب مالکیت است، چنانچہ در بیع وشرا و غنیمت وغیرہ اسباب تملیک میباشد۔

دوم موجب مالکیت نیست چنانکہ از آیت اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسَاکِیْنِ الخ واضح است۔

الحاصل ایک استحقاق (یعنی فاعلی) تو زور بازو کے ذریعہ قبضے سے حاصل ہوتا ہے اور دوسرا استحقاق بالتجا کے ذریعہ بخشش کے قبول کر لینے سے حاصل ہوتا ہے۔ پہلا استحقاق مالکیت کا موجب ہے جیسا کہ خرید و فروخت اور غنیمت وغیرہ میں مالک ہونیکے اسباب ہوتے ہیں۔ دوسرا استحقاق مالکیت کو واجب نہیں کرتا جیسا کہ آیت اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسَاکِیْنِ الخ سے واضح ہے۔

مالِ غنیمت پر استحقاق اوّل اور مالِ فے پر استحقاق ثانی کا اطلاق

حضرت قاسم العلوم کی اس تشریح کے بعد جیسا کہ انہوں نے اپنے الفاظ میں پیش فرمائی آگے چل کر تحریر فرماتے ہیں کہ مالِ غنیمت پر مالکیت کا استحقاق، استحقاق اول ہے اور مالِ فے پر استحقاق اول نہیں ہے۔ لہٰذا فدک گاؤں چونکہ فے کا مال ہے لہٰذا آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اسکے فاعلی قسم کے مالک نہیں ہیں۔ بلکہ مفعولی قسم کا استحقاق رکھتے ہیں۔ جو مالکیت کا موجب نہیں ہوتا۔ لہٰذا فدک آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملکیت نہ تھا۔ اسی لئے حضرت فاطمہؓ سے نہ تو اسکو چھینا گیا اور نہ وارث ہونے کی حیثیت سے حضرت فاطمہؓ اس کی مستحق ہیں کہ حضورؐ اسکے مالک نہ تھے۔

حدیث عمرؓ سے ملکیت کا شبہ

واقدی کی روایت کو چھوڑ کر محدثین نے ان کو جھوٹا کہا ہے البتہ حضرت عمرؓ سے بخاری اور مسلم میں فے کے باب میں جو احادیث ہیں کہ ان میں خَالِصَۃً لِرَسُوْلِ اللّٰہِ اور کَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَاصَّۃً کے الفاظ سے آنحضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا مالک ہونیکا شبہ ہوتا ہے اسکا جواب قاسم العلومؒ نے ہدیۃ الشیعہ میں بھی مفصل دیا ہے۔ اور اس مکتوب میں تحریر فرمایا ہے کہ

"لفظ خاصہ اور خالصہ اور دوسرے الفاظ لم یعطہ احدا (جو حدیثوں میں آئے ہیں) سے سطحی نظر رکھنے والوں کے دل میں مذکورہ (ملکیت کا) وہم پیدا ہوتا ہے۔ تو وہ سرسری نظر کی غلطی کے باعث ہے یا ظاہری وہم کے سبب ورنہ خود تمہیں معلوم ہے کہ یہ الفاظ ملکیت کے لئے نہیں بنائے گئے۔"

آگے چل کر خاصۃً اور خالصۃً میں ملکیت کی نفی کے لئے حضرت قاسم العلوم نے مالک بن اوس بن حدثان کی حدیث پیش کی ہے جو مشکوٰۃ میں ابو داؤد سے لی گئی ہے۔ جسکو حضرت عمرؓ وقف کے لئے بطور حجت پیش کیا کرتے تھے کہ:۔

"رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے بنی نضیر، خیبر اور فدک کے وہ اموال جو حضورؐ نے اپنے لئے منتخب فرمائے تھے ان کا تہائی حق آں حضورؐ کو تھا پس بنی نضیر کا مال وقتی ضروریات کے لئے وقف تھا اور فدک کی آمدنی مسافروں کے لئے وقف تھی۔ رہا خیبر تو اس کے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تین حصے فرمائے۔ اس میں سے دو حصے مسلمانوں کے لئے اور ایک حصہ اپنے گھر کے خرچ کے لئے مخصوص تھا اور جو کچھ آپ کے اہل بیت کے خرچ سے بچتا تو اسکو مہاجرین فقراء میں خرچ فرماتے۔"

اسی طرح کی ایک اور حدیث شرح السنہ کی مشکوٰۃ میں درج ہے جسکو قاسم العلوم نے اس مکتوب میں پیش کیا ہے۔ یہ بروایت مالک بن اوس بن حدثان ہے اس روایت کا آپ مطالعہ کیجئے۔ ان دونوں کو پیش کر کے قاسم العلومؒ نے لکھا ہے کہ

"اگر غور سے دیکھیں تو صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فدک کے مال کو منجملہ اوقاف کے سمجھتے تھے"۔
اور وقف کے متعلق واضح ہے کہ لا "یملك ولا یملك" نہ اسکا کوئی مالک ہوتا ہے اور نہ وہ کسی کی ملکیت قرار دیا جاتا ہے۔ لہٰذا فدک آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملکیت میں نہ تھا بلکہ تولیت اور انتظام میں تھا۔ اور اسی وجہ سے حضرت فاطمہؓ کو اسکا وراثت میں پہنچنا بھی درست نہ تھا۔
یہ ہے خلاصہ حضرت قاسم العلوم کے اس مکتوب کا جو مولوی محمد فاضل صاحب کے نام لکھا گیا ہے۔ آئندہ اوراق میں اصل مکتوب ملاحظہ فرمائیے۔

قاسم العلوم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

رب یسر ولا تعسر وتمم بالخیر

ترجمہ قاسم العلوم

مکتوب اول بنام مولوی محمد فاضل

در جواب شبہ بعض فضلا کہ دربارۂ عدم مملوکیت فدک کہ در رسالہ ہدیۃ الشیعہ تحقیق کردہ شد بدل اوشاں از روایت واقدی افتادہ بود۔

تمہید کمترین ہیچمدان بلکہ نادان محمد قاسم عفی اللہ عنہ بخدمت سراپا عنایت مخدوم مکرم مولوی محمد فاضل صاحب ادام اللہ عنایتکم اول سلام مسنون عرض میکند، مقبول باد پس ازاں عرض پرداخت

(حضرت مولینا محمد قاسم صاحبؒ کا) پہلا خط مولوی محمد فاضل کے نام

بعض فضلا کے شبہ کے جواب میں کہ باغ فدک کی مملوکیت نہ ہونے کے بارے میں جو کہ ہدیۃ الشیعہ (مصنفہ قاسم العلوم) میں تحقیق کی گئی۔ یہ شبہ انکے دل میں واقدی کی روایت سے واقع ہوا۔

تمہید کمترین ہیچمدان بلکہ نادان محمد قاسم عفی عنہ سراپا عنایت مخدوم، مکرم مولوی محمد فاضل صاحب ادام اللہ عنایتکم کی خدمت میں، اول سلام مسنون عرض کرتا ہے کہ اس ماہ کی سات تاریخ[1] کو کسی غرض سے میں

---

[1] دیوبند تشریف لے جانے کی تاریخ تو درج ہے لیکن مہینہ تحریر نہیں فرمایا۔ البتہ یہ مکتوب سنہ ۱۲۹۰ھ مطابق ۱۸۷۳ء کا لکھا ہوا ہے۔ کیونکہ مولانا نے اس خط کی ایک عبارت میں لکھا ہے گاہی بعلم می آید کہ حوالہ بر آب حیات و فتوائے تحذیر الناس کردہ ہیں ولا مطبع صدیقی مطبوع شدہ نام، اور تحذیر الناس مولانا محمد احسن صاحب نے سنہ ۱۲۹۰ھ مطابق ۱۸۷۳ء میں چھاپی تھی۔ لہٰذا یقیناً یہ مکتوب مذکورہ سال کا لکھا ہوا ہے۔ مترجم

کہ ہفتم یا ششم ایں ماہ بغرضی بدیوبند رفتہ بودم ۔ نامۂ سامی بمیرٹھ آمدہ بست یکم باز آمدم و دیدم کہ خطوط کثیرہ از اطراف و جوانب آمدہ نہادہ اند چوں ہمہ جواب طلب بودند و بعض ازاں متضمن بتقاضا ۔ اول بجواب آں پرداختم واکنوں بجواب سامی قلم برداشتم ۔ بنام خدا اول مقدمات چند می نگارم ۔

مقدمات جواب خط و مضمون عدم ملکیت باغ فدک و شرط قبضہ برائے ملکیت

اولیں مقدمہ کہ گذارش کردنی است ایں است کہ علت ملک ہمیں قبض است و بس ۔ ملک جانوران صحرائی و ماہیان دریائی و کاہ و ہیزم خودرو ئیدہ و آب چاہ و دریا و زمین افتادہ بطوریکہ نہ حاکم را ازو سروکاری باشد نہ محکوم را ، اگر صورت بندد ہمیں قبض است و آنکہ بیع قبل القبض ممنوع است وجہش نیز ہمیں است کہ مبیع بملک مشتری نمی آید بیع کدام چیز را کنند ۔

مالک شدن کفار بر اموال مسلمین باستیلاء و قبضہ

کفار اگر مالک اموال اہل اسلام باستیلاء تام میگردند ہمیں وجہ می گردد کہ قبض اہل اسلام برخاست

دیوبند[1] گیا تھا ۔ آپ کا گرامی نامہ میرٹھ[2] پہنچا ۔ ۲۱ کو میں واپس آیا اور دیکھا کہ بہت سے خطوط[3] ادھر اُدھر سے آئے ہوئے رکھے ہیں ۔ چونکہ تمام ہی جواب طلب تھے اور اُن میں سے بعض میں ارسال کرنیوالوں کی طرف سے جواب کا سخت تقاضہ تھا ۔ اسلئے انکے جواب میں پہلے مشغول ہوا ۔ اور اب آپکے خط کے جواب کیلئے قلم اٹھایا ۔ خدا کے نام سے اول چند تمہیدیں لکھتا ہوں ۔

جواب خط کی تمہیدات باغ فدک کی عدم ملکیت اور شرط قبضہ برائے ملکیت

سب سے پہلے ایک تمہید جو قابل بیان ہے یہ ہے کہ ملک ہونے کا سبب قبضہ[4] ہوتا ہے اور بس ۔ چنانچہ جنگلی جانوروں ، دریا کی مچھلیوں ، اپنے آپ اُگی ہوئی گھاس[4] سوختہ کی لکڑی ، کنوئیں اور دریا کا پانی اور پڑی ہوئی زمین ، اسطرح پر کہ نہ حاکم کو اس سے کوئی سروکار ہو نہ محکوم کو تو اسکی ملکیت کی صورت بھی قبضہ ہے ۔ چنانچہ قبضے سے پہلے جو بیع ناجائز ہے اسکی وجہ بھی یہی ہے کہ بیچی ہوئی چیز مشتری کی ملک میں نہیں آئی ہے تو پھر وہ کس چیز کو بیچے ۔

کفار مسلمانوں کے اموال کے غلبہ اور قبضے سے مالک ہو جاتے ہیں

کفار اگر[5] مسلمانوں کے اموال کے مکمل غلبے سے مالک بن جاتے ہیں تو اسی قبضے

---

[1] دیوبند ضلع سہارنپور یو ۔ پی ۔ بھارت جہاں مشہور زمانہ دارالعلوم قائم ہے ۔ اور جہاں حضرت مولانا کی شادی ہوئی ۔ مترجم

[2] میرٹھ (یو ۔ پی کا) مشہور شہر جو سہارنپور دہلی لائن پر واقع ہے ۔ سنہ ۱۲۹۰ھ سنہ ۱۸۷۳ء میں مولانا محمد قاسم صاحب میرٹھ میں قیام پذیر تھے ۔ مترجم

[3] خطوط کثیرہ سے اندازہ لگائیے کہ مولانا کے پاس علمی پیاس بجھانے کیلئے لوگوں کے کتنے ہی خطوط آتے تھے ۔ گویا مولانا کی ذات مرکز علم بنی ہوئی تھی ۔ مترجم

[4] جب تک کسی چیز پر قبضہ نہیں ہو جاتا وہ ملکیت میں نہیں آتی ۔ چنانچہ جنگلی جانوروں ، دریا کی مچھلیوں ، خودرو گھاس وغیرہ کی قبضے سے پہلے بیع ناجائز ہے ۔ کیونکہ قبضے سے پہلے بائع کی ملکیت میں نہیں آئی ہیں ۔ مذکورہ بالا تمام چیزیں جبکہ حاکم اور رعایا دونوں میں سے ان چیزوں سے کوئی غرض نہ رکھتے ہوں کسی کی ملکیت نہیں ہوتیں ۔ یہ سب شاملات میں سے ہیں ہر شخص کو ان سے فائدہ اٹھانے کی اجازت ہے ۔ لہٰذا جب کوئی مچھلیاں یا گھاس یا جنگلی جانور ، سوختے کی لکڑیاں یا کنوئیں اور دریا کے پانی میں سے حاصل کر کے اپنے قبضے میں کر لے گا تو پھر وہ حاصل کی ہوئی اور قبضے میں لائی ہوئی چیزیں ان کی ملکیت میں آجائیں گی اور پھر ان کا بیچنا جائز ہو جائے گا ۔ قبضے سے پہلے نہیں ۔ مترجم

[5] اگر کفار مسلمانوں کے مال پر مکمل غلبے سے قبضہ کر لیں تو کافر اس مال کے مالک بن جائیں گے ۔ اور چونکہ کفار کا مکمل قبضہ ہو گیا ۔ لہٰذا اگر قاضی کے سامنے مقدمہ جائیگا تو

(بقیہ حاشیہ بر ص ۵۱)

وقبض بکفار بجایش جاگرفت . وقضاء قاضی اگر نافذ می شود ہمیں وجہ نافذ می شود کہ قبض مالک اوّل چناں برخاست کہ باز امید معاودت نماند۔ چہ غاصب اگر بغصب میگیرد باری امید دادرسی حاکم ست چوں حاکم خود دادہ باز ملک از کہ جویند ۔ بالجملہ کہ علت ملک ہمیں یک قبض ست وآنکہ بیع وشرا وہبہ ووصیت ومیراث را از موجبات ملک می دانند از مسامحات نظر سرسری ست ۔ ایں ہمہ اسباب تحصیل قبض است نہ کہ سبب ملک بدیں سبب ایں تہمت بنام ایں اسباب نہادہ شد۔

۲ ۔ دوم آنکہ ملک مبنی للمفعول صفت مال است وملک مبنی للفاعل صفت مالک مگر نمی تواند شد کہ مال واحد در آنِ احد بجمیع الوجوہ بتمامہ مملوک دو یا زیادہ مالکاں گردد وبحیطۂ ملک زیادہ از

کی وجہ سے کہ مسلمانوں کا قبضہ اٹھ گیا اور اسکے بجائے کفار کا ہو گیا ۔ اور اگر قاضی کا فیصلہ نافذ ہوتا ہے تو اسی وجہ سے ہوتا ہے کہ پہلے مالک کا قبضہ اس طرح سے جاتا رہا ہے کہ اسکے دوبارہ ہونے کی امید نہ رہی کیونکہ غصب کرنیوالا اگر غصب سے لیتا ہے تو پھر تو انصاف حاکم کی امید ہوتی ہے لیکن جب حاکم نے خود دلا دی تو پھر کس سے مدد حاصل کرینگے ۔ بہر حال ملک کا سبب یہی ایک قبضہ ہے ۔ اور وہ جو بیع وشرا، ہبہ[1]، وصیت[2] اور میراث[3] کو ملک کے اسباب میں سے جانتے ہیں تو وہ سرسری نظر کی لغزشیں ہیں ۔ یہ سب اسباب تحصیل قبضہ کے لئے ہیں نہ کہ ملک کا سبب ہیں، اس سبب سے اس قبضے کے اسباب کے نام پر ملکیت کی یہ تہمت لگا دی گئی ہے ۔

۲ ۔ دوسرے یہ کہ مفعول[4] کی بنیاد پر ملک، مال کی صفت ہے اور فاعل کی بنیاد پر ملک، مالک کی صفت ہے ۔ مگر یہ نہیں ہو سکتا کہ ایک[5] مال، ایک ہی آن میں تمام حیثیتوں سے تمام کا تمام دو یا زیادہ مالکوں کی ملک

(بقیہ حاشیہ ص ۵۰) وہ کفار کے کمل قبضے کے باعث ان ہی کے حق میں فیصلہ دیگا۔ کیونکہ کفار کے قبضے کی وجہ سے وہ مال مسلمانوں کی ملکیت سے نکل کر ان کی ملکیت میں آگیا ۔ چنانچہ مولانا محمد قاسم صاحب اپنی معروف کتاب ہدیۃ الشیعہ میں لکھتے ہیں "جب کسی چیز پر کفار کا غلبہ اور تسلط ہو جائے اور مسلمانوں کی حکومت باقی نہ رہے اور نہ کوئی ایسا حاکم رہے کہ جس سے مظلوم فریاد کرکے اپنی داد کو پہنچے بلکہ خود حکام کفار ہی اسکو دبالیں تو وہ چیز کفار کی ملک میں آجاتی ہے اور انکے سب تصرفات بیع وشرا وغیرہ اسمیں جاری ہو جاتے ہیں اور مشتریوں کو وہ چیز حلال طیب ہو جاتی ہے ۔ (ہدیۃ الشیعہ ص ۲۷۹ کتب خانہ حقانیہ کراچی) مترجم

[1] اگر کوئی شخص اپنا مال کسی کو بغیر معاوضے کے بخشدے تو اسکو ہبہ کہا جاتا ہے ۔ مترجم

[2] اگر کوئی شخص مرنے سے پہلے یہ کہدے کہ اپنی فلاں چیز کو فلاں شخص کیلئے دیدینے کی اپنے ورثہ کو فہمائش کرتا ہوں ۔ تو اسکے مرنے کے بعد قبضے کے بغیر یہ شخص اس چیز کا مالک نہیں کہلا سکتا ۔ مترجم

[3] مرنے والے کی مملوکہ چیزیں ورثہ کیلئے میراث ہیں لیکن جب تک میراث پر قبضہ نہیں ہو جاتا مولانا کے نزدیک ملکیت حاصل نہیں ہوتی ۔ بخلاف ہبہ، میراث، وصیت بیع وشرا کی چیزیں قبضہ حاصل کرنیکا سبب ہیں ۔ موجب ملک نہیں ۔ جب ان اسباب کے ذریعہ قبضہ حاصل ہو جائیگا ۔ تو مذکورہ بالا اشخاص قبضے کے بعد مالک کہلائینگے لہذا اسباب قبضہ کی تحصیل کو موجبات ملک قرار دینا مولانا کے نزدیک ایک قسم کی تہمت ہے ۔ مترجم

[4] یعنی مال کا مملوکیت میں ہونا یہ مال کی صفت ہے اور ملک کی مالک کی نسبت کی صورت میں ملک مالک کی صفت ہوگی ۔ یہی مطلب ہے اس عبارت کا کہ مفعول کی بنیاد پر ملک مال کی صفت ہے ۔ اور فاعل کی بنیاد پر ملک، مالک کی صفت ہے ۔ مترجم

[5] مطلب یہ ہے کہ ایک مال ایک ہی وقت میں ہر حیثیت سے دو یا دو سے زیادہ لوگوں کی ملکیت میں نہیں ہو سکتا ۔ اسکا ایک ہی مالک ہو سکتا ہے ۔ ہاں اگر ایک اصلی مالک ہو اور دوسرا عکس کے طور پر ۔ تو پھر ایک چیز دو کی ملکیت ہو سکتی ہے جیسا کہ مثال میں بیان کیا گیا ہے کہ ہر چیز کا اصلی مالک اللہ تعالیٰ ہے لیکن بندے عکس کے طور پر مجازی مالک ہوتے ہیں ۔ جیسے آفتاب اصل ہوتا ہے اور آئینے میں اسکا عکس آفتاب کا ظل اور سایہ سمجھا جاتا ہے ۔ مترجم

یک درآید۔ آری اگر فرق اصلیت و ظلیت بمیان آید باز اگر یک شیٔ انتساب مملوکیت بدوکس داشتہ باشد حرجی نیست۔ خود میدانی کہ ہمہ عالم و عالمیان و جملہ ما فی السمٰوات والارض بشہادت آیۃ وَلِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بجمیع الوجوہ مملوک او تعالےٰ است۔ این نیست کہ کسی دیگر در نصف یا کم و بیش شریک او تعالےٰ است، تَعَالَى اللّٰہُ عَنْ ذٰلِكَ عُلُوًّا كَبِيْرًا۔ مگر با اینہمہ من و تو، ہمہ قلیل و کثیر اموال بملک داریم و از مملوکات خود می شماریم۔ اگر ما نیز باعتبار ملک درہماں مرتبہ باشیم کہ خدا تعالےٰ را مسلم است۔ شرکاء غیر متناہی ہم جنب او تعالےٰ خواہند بود۔ نعوذ باللہ، چارہ بجز این نیست کہ ملک ما از ظلال ملک او تعالےٰ چناں باشد کہ عکس آفتاب در آئینہ ظل آفتاب باشد۔

میں ہو جائے اور ایک سے زیادہ کی ملک کے احاطے میں آجائے۔ ہاں اگر اصل اور عکس کا فرق درمیان میں آجائے پھر اگر ایک چیز مملوک ہونیکی دو آدمیوں کی طرف نسبت رکھتی ہو، تو کوئی حرج نہیں ہے۔ آپ خود جانتے ہیں کہ تمام دنیا اور دنیا والے اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے۔ "اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ کہ آسمانوں اور زمین میں ہے" کی آیت کی شہادت کے مطابق ہر حیثیت سے اس خدا کی ملکیت میں ہے۔ یہ نہیں ہے کہ کوئی اور نصف میں یا کم و بیش میں اس بزرگ و برتر کا شریک ہے "اس شرکت سے اللہ تعالیٰ بہت بہت بلند ہے" لیکن اسکے باوجود میں اور تم سب تھوڑا بہت مال ملکیت میں رکھتے ہیں اور اپنی مملوکہ خیال کرتے ہیں۔ تو اگر ہم بھی ملک کی حیثیت سے اسی مرتبے میں ہو جائیں۔ جو کہ خدا تعالےٰ کیلئے تسلیم شدہ ہے۔ تو پھر بیشمار شریک نعوذ باللہ اس خدا کے برابر ہو جائیں گے۔ اسلئے اسکے سوا چارہ نہیں ہے کہ ہماری ملکیت اس خدا تعالےٰ کی ملکیت کے اسطرح ظل ہے جیسا کہ آفتاب کا عکس آئینے میں آفتاب کا ظل ہوتا ہے۔

ذاتی طور پر خدا ہی مالک ہے

بالجملہ موصوف بالذات بملک ہمون وحدہ لاشریک لہ است۔ مگر چنانکہ آب بآتش گرم گردد و آئینہ و زمین و دیوار و اشجار بآفتاب منور شوند و باز بقدری تعدی آثار ازیں اشیاء بظہور آید و بایں جہت فاعل آں آثار نیز ہمیں اشیاء شمردہ شوند ہمیں ساں جملہ ذوی العقول بعروض قوت قابضہ و محرزہ مصدر قبض و احراز می گردند

خدا ہی اصلی مالک ہے

حاصل یہ کہ (موصوف بالذات[1]) ذاتی طور پر تمام چیزیں اسی ایک لاشریک کی ملک میں ہیں۔ مگر جیسا کہ پانی آگ سے گرم ہوتا ہے۔ اور آئینہ، زمین اور دیوار اور درخت آفتاب سے روشن ہو جاتے ہیں اور پھر کچھ آثار کا تجاوز ان اشیاء سے ظہور میں آتا ہے اور اس سبب سے ان آثار کا فاعل ظاہر میں شمار کیے جاتے ہیں اسی طرح تمام عقل والے (قوت[2] قابضہ و محرزہ[3]) قبض کرنیوالی اور حفاظت

---

[1] جب کسی چیز یا شخص میں اپنی ذاتی صفت ہو جو اس نے اور کسی سے مستعار نہ لی ہو ایسی چیز یا شخص کو موصوف بالذات کہتے ہیں۔ جیسے سورج کی حرارت اسکی اپنی ذاتی ہے۔ یا آگ کی حرارت اسکی اپنی ذات میں موجود ہے۔ لیکن آگ سے گرم کئے ہوئے پانی کی حرارت ذاتی نہیں۔ ایسے شخص یا چیز کو موصوف بالعرض کہتے ہیں۔ لہذا اللہ تعالیٰ ملکیت کیلئے موصوف بالذات ہے اور باقی جتنے مجازی مالک یعنی انسان ہیں وہ موصوف بالعرض کے طور پر مالک ہوتے ہیں اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰہِ یُوْرِثُہَا مَنْ یَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِہٖ۔ تمام زمین اللہ کی ہے وہ جسکو چاہتا ہے اپنے بندوں میں سے اس زمین کا وارث بنا دیتا ہے۔ مترجم

[2، 3] قوت قابضہ وہ ہے جسکے تحت انسان کسی چیز پر قبضہ جما کر بیٹھ جاتا ہے اور اپنے قبضے میں رکھکر اسکی نگرانی اور بچاؤ کرتا ہے جسکو قوت محرزہ کہتے ہیں بس انسان جب موصوف بالعرض ہو کر ظلی طور پر مالک بنتا ہے تو اس سے بھی ملکیت کے آثار ظہور پذیر ہوتے ہیں اور زمین میں بیع، ہبہ، فروخت اور وصیت و میراث کے ذریعہ تصرف کرتا ہے۔ مترجم

ومنجملہ مالکاں شمردہ می شوند بعرض چنانکہ آئینہ مصدر تنویر میگردد وبطفیل عکس آفتاب نور بدیوار وغیرہ اشیاء میرساند و زمین و دیوار مصدر تنویر میگردد و بوسیلہ نور عرضیہ کہ از آفتاب گرفتہ، اندرون خانہا را قدری منور می گردانند وآب مصدر تسخین میشود وبذریعہ حرارتیکہ از آتش گرفتہ ہر چہ در وی افتد یا بر وی ریزد گرم میگرداند ہمچنیں بوجہ عروض قوۃ قابضہ ومحرزہ کہ بنا حاصل جمع عقل وقدرۃ است بنی آدم نیز مصدر مالکیۃ می شوند واموال را مملوک میگردانند لیکن پیداست کہ عروض را فقط یکمرتبہ وانعکاس ظلال وعکوس را فقط یکدفعہ نیست از موصوف بالذات صدہا تنزل وصد بالانعکاس از یک پایہ بپایہ دیگر متصور است۔ قمر از آفتاب مستفید ست و آئینہ از قمر و در و دیوار از آئینہ مستفید می گردند وہمچنیں اگر آئینہای دیگر بیفزایند تعدی وانتقال فیض از آفتاب الی غیر النہایۃ متصور ست۔ غایۃ ما فی الباب ہر مرتبہ لاحق از مرتبہ سابق ضعیف شود۔ چوں در ما نحن فیہ نظر کردیم ما بین مالک حقیقی خداوند وحدہٗ لاشریک لہ والکان مجازی اعنی دشما یک واسطہ دیدیم مگر آن واسطہ کیست۔ مصداق لولاک لما خلقت الافلاک حبیب پاک جناب آفتاب مالتاب۔ عالم حقیقۃ وسیلہ کبرے برزخ علیا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ چنانکہ وقت شب قمر میان آید و برزخ[2] حاجز[3] میان آفتاب و زمین در میان شود و بوسیلۂ آں از نور آفتاب مستفید گردیم و یقین میدانیم کہ اگر قمر درمیان نمی بود ایں جلوۂ شب مہتاب میسر نمی شد ہمچنیں ذات پاک محمدی صلے اللہ علیہ وسلم اگر میان نمی آمد و ایں برزخ کبرے[4] وسیلۂ فیوض وجود و دیگر فیوض[5] بالائی نشد۔

میں رکھنے والی قوت کے عارض ہونیسے فیض اور نگرانی کا مصدر بن جانے ہیں اور اک گونہ مالک سمجھے جاتے ہیں۔ غرض جسطرح کہ آئینہ نور کے صادر ہونیکی جگہ ہوتا ہے اور عکس آفتاب کے طفیل میں دیوار وغیرہ چیزوں کو نور پہنچاتا ہے اور زمین اور دیوار نور کے صادر ہونیکی جگہ ہوتے ہیں۔ اور عارضی نور کے ذریعہ جوکہ آفتاب سے حاصل کیا ہے گھروں کے اندر حصوں کو قدرے روشن کر دیتا ہے۔ اور پانی حرارت کا مصدر بن جاتا ہے اور اس حرارت کے ذریعہ جو کہ پانی نے آگ سے لی ہے جو چیز اس پانی میں گرتی ہے یا جس چیز پر وہ گرم پانی گرتا ہے اسکو گرم کر دیتا ہے۔ اسی طرح قوت قابضہ اور محرزہ کے عارض ہونیکی وجہ سے کہ وہی عقل وقدرت کے جمع ہونیکا نتیجہ ہے آدمی بھی مالکیت کے صادر ہونیکی جگہ بن جاتے ہیں اور اموال کو مملوک بنا لیتے ہیں لیکن یہ ظاہر ہے کہ عارض ہونے کیلئے فقط ایک مرتبہ اور سایوں اور عکس ہونیکو ایک دفعہ ہی منعکس ہونا نہیں ہے بلکہ موصوف بالذات سے سینکڑوں آثار اور صدہا عکس ایک درجے سے دوسرے درجے کی طرف متصور ہوتے ہیں۔ چاند آفتاب سے فائدہ حاصل کرتا ہے۔ اور آئینہ چاند سے اور در و دیوار آئینے سے فائدہ حاصل کرتے ہیں اور اسی طرح اگر دوسرے آئینے بڑھتے چلے جائیں تو آفتاب کے نور کا فیض ان آئینوں میں منتقل ہونے اور پھیلنے کا سلسلہ بے انتہا درجے تک خیال میں آتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ یہ ہوگا کہ ہر بعد میں آنیوالا مرتبہ پہلے مرتبے سے ضعیف ہوتا چلا جائیگا جب ہمنے پیش نظر بحث میں غور کیا تو اصلی مالک یعنی اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک لہ کے درمیان اور ہم تم مجازی مالکوں کے درمیان ہمنے ایک واسطہ اور وسیلہ پایا۔ مگر آخر وہ ذریعہ اور واسطہ کون ہے تو لولاک لما خلقت الافلاک کے مضمون کے مطابق حبیب

---

[1] یعنی آفتاب کی ذاتی روشنی جب آئینے پر پڑتی ہے تو آئینہ اسکی روشنی سے منور ہو جاتا ہے اور مرکز فیض یعنی سورج سے فیض لیکر اس فیض کو در و دیوار پر ڈالتا ہے اور انکو روشن کر دیتا ہے۔ اسی طرح مالک الملک کی ملکیتوں کے جلوے بندوں پر پڑتے ہیں۔ اور آئینے کی طرح قوت قابضہ اور قوت محرزہ کے ذریعہ ملکیت سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ پھر جیسے کہ سورج کا عکس ایک ہی آئینے میں نہیں بلکہ ہزاروں آئینوں میں پڑ سکتا ہے اسی طرح مالک الملک کی ملکیت کا عکس بھی کروڑوں انسانوں پر پڑتا ہے۔ مترجم

معانی الفاظ:۔ (۲) برزخ۔ اوٹ۔ درمیان میں آنیوالی چیز۔ مرنے کے بعد قیامت تک کا درمیانی عرصہ۔ (المنجد) (۳) حاجز۔ روک یا رکاوٹ۔ (منجد) (۴) برزخ کبریٰ۔ بڑی رکاوٹ۔ بڑی اوٹ۔ مراد سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم (مترجم) (۵) فیوض بالا خدائی اور آسمانی فیض پہنچانیوالے امور مثلاً اللہ کی رحمتوں اور برکتوں وغیرہ کا بندوں پر نزول۔ (مترجم)

حقائق[1] ممکنہ، خصوصاً افرادِ مومنین و مومنات پیرایۂ وجودِ خارجی در بر نمی کشیدند و این عالم شہادت[2] را مشاہدہ نمی کردند۔

پاک، جناب آفتاب عالمتاب، حقیقت سے واقف، وسیلۂ کبریٰ، برزخ[2] علیا اللہ کے رسول محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنے اور اللہ کے درمیان واسطہ پایا یعنی جسطرح رات کے وقت چاند درمیان میں آجاتا ہے۔ اور آفتاب اور زمین اور زمین والوں کے درمیان (چاند) اوٹ بن جاتا ہے اور اسکے ذریعہ ہم آفتاب کے نور سے فائدہ حاصل کرتے ہیں اور یقین سے جانتے ہیں کہ اگر چاند درمیان میں نہ ہوتا تو چاندنی رات کا جلوہ ہمیں میسر نہ ہوتا۔ اسی طرح محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات پاک اگر (ہمارے اور خداوند تعالیٰ کے) درمیان نہ آتی اور سرورِ کائنات کا وجود خداوند تعالےٰ اور دوسرے آسمانی فیوض کا ذریعہ نہ ہوتا تو خداوند تعالیٰ کی مخلوقات اور خاص طور پر مومن مرد اور مومنہ عورت کا وجود دنیا میں نہ ہوتا۔ اور اس عالم شہادت کو (جسکو دنیا کہتے ہیں) دیکھ نہ پاتے (یعنی دنیا ہی پیدا نہ ہوتی۔ اگر اللہ تعالےٰ آنحضور صلے اللہ علیہ وسلم کو پیدا نہ کرتے)

منشاء این تحقیق دقیق سخنی ست بس عمیق اگر در پی استیعاب[5] آن شوم این یک دو ورق نسخۂ طولانی شود و گر رہ اختصار روم شاہد مقصود جلوہ نفرماید۔ حیرانم چہ کنم گاہی بدلم می آید کہ حوالہ بر آب حیات[6] و فتوا، تحذیر الناس[7] کہ دریں ولا بمطبع صدیقی[8] مطبوع شدہ نمایم و گاہی بدلم می آید کہ رہ قلم بکشایم پس از شش و پنج بسیار مصلحت دیدہ خود آں دیدم کہ قدرے مختصر ایں جا ہم بنویسم۔

اس بار یک تحقیق کا منشاء ایک گہری بات ہے۔ اگر میں اسپر مکمل طور پر قلم اٹھاؤں تو یہ ایک دو ورق ایک لمبی کتاب بن جائینگے۔ اور اگر مختصر لکھوں تو مقصد پورے طور پر ادا نہ ہوگا۔ اسلئے میں حیران ہوں کہ کیا کروں کبھی میرے دل میں یہ خیال آتا ہے کہ آب حیات[6] اور تحذیر الناس[7] کا حوالہ دے چھوڑوں جو اس اثناء میں مطبع صدیقی[8] میں چھپی ہے۔ اور کبھی میرے دل میں یہ آتا ہے کہ قلم کی باگ ڈھیلی چھوڑ دوں۔ اسلئے بہت کچھ سوچ بچار کے بعد میں نے اپنی مصلحت خود اس بات میں دیکھی کہ کچھ یہاں بھی مختصر طور پر لکھدوں۔

---

[1] جس طرح آفتاب کی روشنی آئینے کے ذریعہ در و دیوار اور زمین و مکان پر پڑتی ہے اسی طرح بندوں اور خدا کے درمیان ملکیت کی تجلی کا ذریعہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اللہ کی ملکیت کا نور حضور پُر نور صلے اللہ علیہ وسلم پر پڑا اور آپ کے ذریعہ دوسروں کو ملکیت نصیب ہوئی۔ اگر سرورِ کائنات نہ ہوتے تو یہ مملکیت و مالکیت کچھ نہ ہوتی۔ بعینہ جس طرح سورج اور زمین کے درمیان چاند اوٹ بنکر زمین پر روشنی ڈالتا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ اور بندوں کے درمیان مدینے کا چاند اوٹ بنکر بندگان خدا کو ملکیت کی روشنی سے منور اور مالا مال کرتا ہے۔ مترجم [2] برزخ علیا۔ بڑا واسطہ۔ مترجم

(۳) حقائق ممکنہ۔ وہ امور جو پہلے نہ تھے بعد میں نہ تھے بعد میں پیدا ہوئے اور پھر فنا ہو جائینگے حقائق ممکنہ سے مراد یہاں کائنات اور مخلوقات خداوندی ہے (مترجم) (۴) عالم شہادت۔ دنیا۔ عالم الغیب والشہادت، حاضر اور غائب کا جاننے والا۔ دنیا چونکہ آنکھوں کے سامنے حاضر ہے اسلئے اسکو عالم شہادت کہا جاتا ہے۔ (۵) استیعاب۔ کسی چیز کو پورا گھیر لینا۔ سب لے لینا۔ (منجد) (۶) آب حیات۔ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کی مشہور کتاب ۱۲۹۶ھ جس میں حیات النبی کے مسئلے کو بیان کیا گیا ہے (۷) تحذیر الناس مولانا کا مشہور علمانہ انداز رسالہ۔ جو سب سے پہلے مطبع صدیقی بریلی میں ۱۲۹۰ھ میں ایک استفتا کے جواب میں چھاپا گیا۔ فتوی پوچھنے والے خود مولانا محمد احسن تھے۔ مترجم

(۸) مطبع صدیقی:۔ مولانا محمد احسن صاحب صدیقی نانوتوی کا مطبع صدیقی جو انہوں نے ستمبر ۱۸۵۷ء سے پہلے بریلی میں قائم کیا جو اُن کی اور ان کے بھائی مولانا محمد منیر کی شرکت میں محلہ خواجہ قطب میں قائم تھا جو تقریباً سولہ سال تک رہا۔ یہ مطبع علوم شاہ ولی اللہ کی اشاعت کیلئے قائم کیا گیا۔ اور تصانیف شاہ ولی اللہ رحمۃ کے علاوہ اور بھی دوسری کتابیں یہاں چھپیں اور شائع ہوئیں۔ (مولانا محمد احسن از ایوب صاحب قادری)

مطلب خاتم النبیین

بشنو۔ در صفت پاک شہ لولاک جائی می فرمایند خاتم النبیین و در جائے ارشاد ست اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِہِمْ۔ معنی خاتم النبیین در نظر ظاہر پرستاں ہمیں باشد کہ زمانہ نبوی صلے اللہ علیہ وسلم آخر ست از زمانہ گذشتہ و بازنبی دیگر نخواہد آمد۔ گر میدانی ایں سخن ست کہ مدحی ست دراں نہ ذمی۔ باز با جملہ مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ ایں معنی را چہ علاقہ کہ ازاں استدراک فرمودہ، فرمودند وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ۔

سنو۔ شہ لولاک پاک کی صفت میں اللہ تعالیٰ ایک جگہ خاتم النبیین فرماتے ہیں اور ایک جگہ ارشاد ہے کہ[۲] نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) ایمان والوں پر ان کی جانوں سے زیادہ حق رکھتے ہیں۔ "خاتم النبیین کے معنی سطحی نظر والوں کے نزدیک تو یہی ہیں کہ زمانۂ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم گذشتہ انبیاء کے زمانے سے آخر کا ہے اور اب کوئی نبی نہیں آئیگا۔ مگر آپ جانتے ہیں کہ یہ ایک ایسی بات ہے کہ جسمیں (خاتم النبیین) صلی اللہ علیہ وسلم کی نہ تو کوئی تعریف ہے اور نہ کوئی بڑائی ہے پھر "محمد صلے اللہ علیہ وسلم تم میں سے کسی مرد کے باپ نہیں ہیں" کے جملے کو اس معنی سے کیا تعلق کہ اس سے استدراک[۳] فرما کر فرمایا "لیکن اللہ کے رسول اور خاتم النبیین" (سب نبیوں کے ختم پر ہیں) بیان القرآن)

---

[۱] خَاتَمٌ: یعنی مہر اور انگوٹھی (منجد) خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِہِمْ وَعَلٰی سَمْعِہِمْ اللہ تعالیٰ نے انکے دلوں اور کانوں پر مہر لگادی۔ (قرآن کریم) یہ لفظ ت کے زبر کے ساتھ ہے۔ خَاتِمٌ اور خَاتِمَۃٌ سے مراد کسی قوم کے آخر میں ہونا۔ خِتَامُ الْقَوْمِ وَخَاتَمُہُمْ وَخَاتِمُہُمْ۔ ان میں کا آخر لہذا خاتم النبیین کے معنی ہوئے کہ سب نبیوں کے ختم پر" یعنی آپکے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ [۲] اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِہِمْ وَاَزْوَاجُہٗ اُمَّہٰتُہُمْ۔ یہ آیت پارہ ۲۱ سورہ احزاب رکوع ۱ میں موجود ہے حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی رحمۃ اللہ علیہ مذکورہ آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں "مومن کا ایمان اگر غور سے دیکھا جائے تو ایک شعاع ہے اس نور اعظم کی جو آفتاب نبوت سے پھیلتا ہے۔ آفتاب نبوت پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام ہوئے۔ بنابریں مومن اگر اپنی حقیقت سمجھنے کیلئے حرکت فکری شروع کرے تو اپنی ایمانی ہستی سے پیشتر اسکو پیغمبر علیہ السلام کی معرفت حاصل کرنی پڑیگی۔ اس اعتبار سے کہہ سکتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود مسعود ہماری ہستی سے بھی زیادہ ہم سے نزدیک ہے . . . . . . نبی کریم صلعم ہماری وہ ہمدردی اور خیر خواہانہ شفقت فرماتے ہیں جو ہمارا نفس بھی اپنی نہیں کر سکتا۔ اسی لئے پیغمبر کو ہماری جان و مال میں تصرف کرنیکا وہ حق پہنچتا ہے جو کسی کو حاصل نہیں۔" مترجم۔ [۳] حضرت مولانا کی اس عبارت کا مطلب بہت وسیع ہے وہ یہ فرمارہے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت ذاتی اور نبوت زمانی دونوں ختم ہیں۔ نہ یہ کہ آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آئیگا بلکہ پہلے نبی بھی آپ ہی کی نبوت کا فیض ہیں۔ گویا نبوت بحیثیت مقام و مرتبہ بھی آپ پر ختم ہے۔ اور بحیثیت زمانہ بھی کہ آپکے بعد کوئی نبی نہیں آئیگا۔ چنانچہ اگلی عبارت میں فرماتے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیے مترجم۔ [۴] معنی خاتم النبیین اور ختم نبوت کے یہ ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی نبوت آفتاب کے نور کی طرح ذاتی ہے۔ اور جیسا کہ آفتاب کا نور کسی اور سے حاصل نہیں ہوا اسی طرح حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی نبوت بھی کسی اور نبی سے حاصل نہیں ہوئی۔ بلکہ دوسرے انبیاء آئینے کے مانند جو آفتاب سے نور حاصل کرتا ہے حضور صلے اللہ علیہ وسلم سے نور نبوت حاصل کرتے ہیں۔ گویا نبوت مکانی جب آپ پر ختم ہوگئی تو نبوت زمانی بھی ختم ہوگئی۔ چنانچہ اگلی عبارت میں فرماتے ہیں۔

"چوں ایں چنیں باشد آمدن نبی دگر بعد آں سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم خود ممنوع بود۔

جب صورتحال یہ ہے کہ سارے انبیاء آپ کی نبوت سے مستفید ہیں تو آپکے بعد کسی دوسرے نبی کا آنا خود بخود ناممکن ہے۔

لہذا یہ عبارت صاف بتاتی ہے کہ مولانا آنحضور صلے اللہ علیہ وسلم پر نبوت کو ختم قرار دیتے ہیں اور آپ کے بعد کسی اور نبی کے آنے کے ہرگز قائل نہیں چنانچہ مناظرہ عجیبہ میں تحریر فرماتے ہیں:۔ "بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی اور نبی کے ہونیکا احتمال نہیں۔ جو اسمیں تامل کرے اسکو کافر سمجھتا ہوں۔" (مناظرہ عجیبہ ص ۱۰۴)

چنانچہ تمام علمائے دیوبند کا یہ عقیدہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی قسم کا کوئی نبی نہیں آئے گا۔ مترجم

محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں

اگر از من پرسی معنیش ایں است کہ نبوۃ دیگراں مستفاد از حضرت محمدی ست صلے اللہ علیہ وسلم ونبوت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم در عالم اسباب مستفاد از نبوت دیگراں نیست پس چناں کہ نور قمر از آفتاب است ونور آفتاب از نور دگر نیست بلکہ قصہ استفادہ اختتام یافت ہمچنیں نبوت دیگراں ونبوت نبی آخر الزماں را باید شناخت صلے اللہ علیہ وسلم وچوں ایں چنیں باشد آمدن نبی دیگر بعد آں سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم خود ممنوع بود بعد طلوع آفتاب تا غروب نور شفق چناں کہ حاجت نور کواکب ونور قمر نیفتد ہمچنیں بعد طلوع ایں آفتاب نبوت تا بقائے نور کلام اللہ کہ از فیوض اوست ومشابہ نور شفق است حاجت نور نبوۃ دیگراں نباشد۔ ومیدانی کہ بعد ارتفاع کلام ربانی ازیں جہان فانی آمدن قیامت تقدیر یافتہ ورنہ بشرط بقاء عالم آں وقت اگر نبی دیگر آید مضائقہ نبود۔

محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں

اگر مجھ سے پوچھتے ہو تو اسکے معنی یہ ہیں۔ کہ دوسرے نبیوں کی نبوت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت سے فیضیاب ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت دنیا میں دوسروں کی نبوت سے فیضیاب نہیں ہے پس جیسا کہ چاندکی چاندنی سورج سے ہے اور آفتاب کا نور کسی اور نور سے نہیں ہے بلکہ (حضور کو) حصول فیض اور کسی سے حاصل ہونیکا معاملہ ہی ختم ہوگیا۔ اسی طرح دوسروں کی نبوت اور نبوت آخر الزماں کو سمجھنا چاہیئے جب صورتحال یہ ہو تو پھر کسی اور نبی کا سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آنا خود بخود ممنوع ہو جاتا ہے اور باقی نہیں رہتا جسطرح سورج نکلنے کے بعد نور شفق کے ختم ہونے تک چاند اور ستاروں کی روشنی کی ضرورت نہیں پڑتی اسی طرح اس آفتاب نبوت محمدی صلے اللہ علیہ وسلم کے طلوع ہونیکے بعد قرآن شریف کے نور باقی رہنے تک کہ آپکے فیوض میں سے ہے اور نور شفق کے مشابہ ہے دوسروں کی نبوت کے نور کی ضرورت نہیں رہتی۔ اور آپ جانتے ہیں کہ اس دنیا سے کلام اللہ کے اٹھ جانیکے بعد قیامت کا بپا ہونا اللہ کا طے شدہ حکم ہے۔ ورنہ دنیا کے ہوتے ہوئے اگر کوئی اور نبی آئے تو مضائقہ نہیں۔ (مگر دنیا رہیگی نہیں لہذا کوئی نبی بھی نہیں آسکتا۔ انوار)

چوں ایں قدر دریافتی شود دانستہ باشی کہ ہمہ انبیاء از دریوزہ گران در دولت احمدیہ اند صلے اللہ علیہ وسلم مگر جملہ اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ اگرچہ شخصیہ مینماید لیکن حکمش حکم کلی است چہ محمول قضیہ را بعنوان مشتق موضوع وابستہ اند۔ ایں وقت

جب یہ بات معلوم ہوگئی تو اب خود سمجھ لو کہ تمام انبیاء علیہم السلام محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے در دولت کے گدا ہیں لیکن جملہ النبی اولی بالمومنین اگرچہ شخصیہ[۲] معلوم ہوتا ہے لیکن اسکا حکم ہر ایک پر ہے۔ کیونکہ قضیہ[۳] کے محمول (اولی بالمومنین) کو موضوع (یعنی النبی) کے اشتقاقی

---

[۱] اس مثال میں حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نے اور بھی وضاحت فرمادی کہ سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں آئیگا۔ ساتھ میں عقلی دلیل بھی پیش کی یاد سے تمثیل لیجئے کہ آفتاب جب چھپ جاتا ہے تو اسکے بعد کی سرخی میں بھی روشنی رہتی ہے لہذا کسی اور سورج کی ضرورت نہیں۔ اسی طرح آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا آفتاب نبوت اگرچہ چھپ گیا مگر اسکی سرخی یعنی قرآن مجید باقی ہے۔ لہذا جب تک شفق کی طرح قرآن کریم باقی ہے کسی اور نبی کی ضرورت نہیں۔ ہاں جب قرآن کریم ہی اٹھ جائے گا تو پھر قیامت آجائے گی۔ لہذا آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد مولانا محمد قاسم صاحب کے اعتقاد کے مطابق کوئی نبی نہیں آئے گا۔ سمجھیئے۔ مترجم

[۲،۳] قضیہ علم منطق میں ایسے جملے کو کہتے ہیں جس میں سچ اور جھوٹ کا احتمال ہو۔ جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ (زید کھڑا ہے) ایک ایسا جملہ ہے کہ اس میں سچ اور جھوٹ دونوں کا احتمال ہے ہوسکتا ہے کہ زید کھڑا ہو اور ہوسکتا ہے کہ نہ کھڑا ہو۔ بہرحال منطق میں قضیہ اور نحو میں جملہ خبریہ ایک ہی سمجھ لیجئے۔ علم نحو میں زَیْدٌ قَائِمٌ میں زَیْدٌ مبتدا کہلاتا ہے اور قَائِمٌ خبر لیکن منطق میں زَیْدٌ موضوع اور قَائِمٌ محمول کہلاتا ہے۔ لہذا اگر یہ موضوع کوئی معین شخص ہو تو اسکو قضیہ شخصیہ کہا جاتا ہے۔ "النبی" موضوع ہے اور "اولی بالمومنین" محمول ہے۔ نبی سے مراد شخص معین یعنی آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات ہے لہذا یہ جملہ قضیہ شخصیہ ہوا۔ مترجم

ایں کلام مشابہ بہ آنست کہ گویند هٰذا التَّسِيْل الحسنی والحسینی مستحق للتعظیم والتکریم

اینکلام اگرچہ بغرضِ تعظیم یک کس متشار الیہ صدور یافتہ باشد مگر ہرکہ ذوق فہم دارد می شناسد کہ استحقاق تعظیم درینجا یک نیست بلکہ ہر سید یکہ باشد استحقاق ایں تعظیم دارد ہمچنیں دریں ایں جا باید شناخت

بعنوان تشبیہ

تفسیر اولیٰ در تفسیر اولیٰ با

کہ اولیٰ بمعنی

اقرب ست یا احب یا اشلیٰ بالتصرف دریں معنی ثلاثہ اگر بغور دیدہ شود باہم ربط تلازم ست۔ اقربیۃ علۃ احبیۃ و اولویۃ است و بدیں سبب احبیۃ و اولویۃ از اقربیت جدا نیفتند۔ مگر قصہ برعکس نیست چہ ایں مفہومات ثلثہ بی ضم ضمیمہ خود بریں قدر شاہد اند کہ علۃ کیست و معلول کدام۔

عنوان (یعنی نبوت) کے ساتھ والبتہ کیا ہے۔ اس وقت یہ کلام اس بات کی مانند ہے کہ ہم کہیں کہ حسنی اور حسینی سید تعظیم و تکریم کا مستحق ہے۔ یہ کلام اگرچہ ایک خاص شخص متعین کی عزت کے لئے بولا گیا ہے۔ مگر جو شخص ذرا سی بھی سمجھنے کی استعداد رکھتا ہے وہ سمجھتا ہے کہ اس میں صرف ایک ہی سید کو تعظیم کا حقدار نہیں ٹھہرایا گیا بلکہ جو سید بھی ہو اس تعظیم کا حقدار ہے اسی طرح یہاں بھی سمجھنا چاہئے

اب سنیے کہ اولیٰ

اولیٰ بالمومنین میں لفظ اولیٰ کی تفسیر

اقرب کے

معنی میں ہے یا احب[2] یا اولیٰ بالتصرف[1] کے۔

ان تینوں معنوں میں اگر غور سے دیکھا جائے تو آپس میں لازم اور ملزوم[3] کا تعلق ہے۔ اقربیت (زیادہ قرب) علت ہے احبیت (زیادہ محبوب ہونے) اور اولویت (زیادہ مقدم ہونے) کی۔ کہ یہ دونوں یعنی احبیت اور اولویت اقربیت سے جدا نہیں ہو سکتیں۔ ہاں قصہ برعکس اور الٹا نہیں ہے۔ کیونکہ یہ تینوں مفہوم اپنے ساتھ کسی دوسری چیز کو ملائے بغیر اتنی بات پر گواہ ہیں کہ علت[2] کون ہے اور معلول کون

ل ۱ :- یعنی ہر نبی اپنی امت کے مومنین کی جان و مال پر ان سے زیادہ تصرف کا حق رکھتا ہے۔ مترجم

ل ۲ :- لازم۔ ملزوم علت و معلول۔ سبب اور مسبب۔ جب ایک چیز کے ساتھ دوسری چیز کا ہونا ضروری ہو تو ان میں ایک چیز لازم اور دوسری ملزوم کہلاتی ہے۔ جیسے سورج کے نکلنے کے ساتھ دن کا ہونا لازم ہے۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ سورج نکلا ہوا اور دن نہ ہو۔ لہذا یہ تینوں ایک لازم اور دوسرا ملزوم ہے۔ لازم اور ملزوم آپس میں جدا نہیں ہو سکتے لیکن سبب اور مسبب جدا ہو سکتے ہیں۔ یہ ضروری نہیں کہ سبب ہو تو مسبب بھی ضرور ہو۔ جیسے بادل بارش کا سبب ہے۔ لیکن ابر ہو اور بارش نہ ہو یہ ممکن ہے۔ علت معلول میں بھی لازم و ملزوم کا تعلق ہے۔ جہاں علت ہوگی۔ وہاں معلول ضرور ہوگا۔ جیسے سورج اور دن۔ سورج دن کی علت اور دن معلول ہے۔ سورج یعنی علت سے معلول یعنی دن جدا نہیں ہو سکتا۔ مترجم

ل ۳ : معلول کی جو تعریف اوپر گزر چکی اس کے علاوہ دوسرے لفظوں میں علمانے معلول کو ان الفاظ میں آسان طور پر بیان فرمایا کہ معلول علت کا اثر ہوتا ہے۔ جیسے دھوپ سورج کا اثر ہے۔

مگر ہاں اگر در تعقل و تصور اقربیۃ مشار الیہا دقتی باشد ایں ہم احل نتواں شد۔ بنا بر علیہ می نگارم کہ علۃ را می تواں گفت کہ از معلول خود بہ نسبت ذات معلول ہم قریب تراست۔ چہ معلول خود تعقل ذات خود بے تعقل علۃ نتواں کرد۔

وجہش ایں ست کہ معلول را زیادہ ازیں تعریف و تشریح نتواں کرد کہ اثری ست از آثار علۃ۔ نور آفتاب را کہ بر زمین افتد و در عرف ما دہوپ (دھوپ) گویند اگر پرسند زیادہ ازیں چہ گویند کہ اثر آفتاب است یا فیض اوست جواب قُلِ الرُّوحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّی کہ بر سوال یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ارشاد شد از ہمیں قسم است و مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ نیز از ہمیں جاست۔ غرض کہ معلول یک معنی اضافی باشد مثل فوقیۃ و تحتیۃ کہ تعقلش بر تعقل علۃ موقوف باشد۔ ندریں صورت اگر معلول خود خواہد کہ خود را دریابد اول علت خود را دریابد باز خود را خواہد دریافت چوں دریں حرکت علمی معلول را علۃ در راہ می افتد ذات خود بعد از ان می آید۔ اگر گویند علتہ اقرب الی المعلول من نفسہ بجا باشد۔ و میدانی کہ دریں میدان حرکت دگر سوائے حرکت علمی یا انتقال فکری متصور نیست و

مگر ہاں اگر مذکورہ اقربیت کے ۔۔۔ تصور کرنے اور سمجھنے میں دشواری ہو تو یہ مرحلہ حل نہیں ہو سکتا۔ اس بنا پر میں لکھتا ہوں کہ علت کے متعلق ہم کہہ سکتے ہیں کہ وہ اپنے معلول سے اپنے معلول کی ذات کی نسبت بھی زیادہ قریب ہے۔ کیونکہ معلول کا خود اپنی ذات کا سمجھنا علت کے سمجھے بغیر نہیں ہو سکتا۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ معلول کی اس سے زیادہ تعریف اور تشریح نہیں کر سکتے ہیں کہ فلاں علت کا اثر ہے۔ سورج کی روشنی کو جو زمین پر پڑتی ہے جس کو ہمارے عرف میں دھوپ کہتے ہیں اگر معلوم کریں تو اس سے زیادہ کیا کہہ سکتے ہیں کہ وہ آفتاب کا اثر ہے۔ یا اس کا فیض ہے۔ (اگر سائنس نے کیا) روح کے بارے میں سوال کا جواب کہ "روح امر ربی ہے"[1] کا ارشاد بھی اسی قسم سے ہے اور جس نے اپنے آپ کو پہچان لیا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا۔[2] بھی اسی طور سے ہے غرضکہ معلول اونچائی اور نیچائی کی طرح بس ایک نسبتی[3] مفہوم ہوتا ہے۔ کہ اس کا سمجھنا علت کے سمجھنے پر موقوف ہوتا ہے اس صورت میں اگر معلول خود چاہے کہ اپنے آپ کو دریافت کرے تو پہلے اسے چاہیئے کہ اپنی علت کو دریافت کرے پھر اپنے آپ کو دریافت کرے گا۔ چونکہ اس علمی حرکت میں علت اپنے معلول کو راستے میں ملتی ہے اور اپنی ذات علت کے بعد آتی ہے اس لئے اگر یہ کہیں کہ علت معلول سے اس کی ذات کی بہ نسبت زیادہ قریب ہے تو درست ہو گا اور تمہیں معلوم ہے کہ اس میدان میں کوئی اور حرکت (یعنی وضعی یا عینی)

[1] یعنی امر ربی سے وجود میں آتی ہے۔ ادھر امر ربی ہوا اور ادھر سورج کے نکلنے سے دھوپ کی طرح روح پیدا ہو گئی گویا روح امر کا اثر ہے۔ مترجم

[2] یعنی انسان کے اپنے نفس کی معرفت علت ہے خدا کی معرفت کی جو معلول ہے۔ مترجم

[3] ایک چیز دوسری چیز کے تعلق کے ساتھ جو پوزیشن حاصل کرتی ہے اس کو نسبت کہتے ہیں۔ مثلاً میز کمرے کے اندر چھت کی نسبت سے نیچی اور فرش کی نسبت سے اونچی بس یہی نسبت کے تعلق کا مطلب ہے اور اسی باہمی تعلق کی بناء پر جو اونچائی اور نیچائی سمجھ میں آتی ہے، اس کو مفہوم نسبتی کہتے ہیں۔ مترجم

این قسم قرب در متباینات[1] یا موصوفات و اوصافیکه مفاد اتصاف
آنها قضیۂ اتفاقیه[2] باشد ممکن نیست. در متباینات بون
بعید باشد و در اتفاقیات نیز تباین ماهیت و نفس و حقیقة
می بود. اگرچه در محل واحد چنان مجتمع شوند که زید و عمرو در
مکان واحد یعنی حدود و اطراف یکے بدیگرے بچسپد
و نور و سایه شان بهم مقترن شوند مگر در ماهیت تباین
ست. یکے با دیگرے علاقه ندارد. این قسم قرب نیست
که مصداق اقرب الیه من نفسه یکے به نسبت دیگرے
باشد. اینجا نفس خود اقرب ست بلکه قرب نیز اینجا
حکم بعد دارد. و اما قسم ثانی فیه الاشتباه
اند بصورت هر نبی را با مومنان امت خود علاقه عینیة باشد
و او شان را باو ربط معلولیة. و سابق دانسته که انبیاء
دیگر با آنحضرت صلی الله علیه وسلم همین ربط دارند. نظر این
انبیاء دیگر همچو آئینه که درمیان آفتاب و اندرون خانها که

علمی حرکت اور فکری انتقال کے سوا متصور نہیں ہے۔ اور اس
قسم کا قرب ایک دوسرے کی بالکل مخالف چیزوں یا ان
موصوفات میں اور ان کی صفات میں کہ ان کے متصف ہونے
کا مفاد قضیۂ اتفاقیہ[2] ہو، ممکن نہیں ہے۔ ایک دوسرے کی
مخالف چیزوں میں بہت فرق ہوتا ہے۔ اور اتفاقیہ پیش آنے
والے امور میں بھی ماہیت اور ذات اور حقیقت کا اختلاف
ہوتا ہے اگرچہ ایک ہی مقام پر وہ اس طرح جمع ہو جائیں جیسے کہ
زید اور عمرو ایک ہی مکان میں جمع ہو جائیں۔ یعنی ایک دوسرے
کی حدود سے مل جائیں۔ اور ان کا نور اور سایہ آپس میں
ایک دوسرے میں پیوست ہو جائے لیکن اصلیت میں پھر بھی
ایک دوسرے سے جدا ہیں۔ ایک کا دوسرے سے کوئی تعلق
نہیں۔ اس قسم کی نزدیکی نہیں ہے کہ اپنی ذات کی بہ نسبت
دوسرے کے زیادہ قریب ہوں۔

یہاں پر اپنی ذات زیادہ قریب ہے بلکہ قریب بھی یہاں

---

[1] متباینات متباین کی جمع ہے جس کے معنی مخالفت کے ہیں۔ ایسی دو چیزیں جو ایک دوسرے کے خلاف ہوں جیسے انسان اور گھوڑا۔ انسان گھوڑا نہیں ہوتا گھوڑا انسان نہیں ہوتا۔ واضح رہے کہ علمائے منطق کے نزدیک کلیات میں چار قسم کی نسبتیں ہوتی ہیں (۱) نسبت تساوی۔ (۲) نسبت تباین (۳) نسبت عام خاص مطلق (۴) نسبت عام خاص من وجہ۔

(۱) انسان اور ناطق: میں تساوی کی نسبت ہے۔ ہر انسان ناطق، اور ہر ناطق انسان ہوتا ہے۔ لہٰذا برابر کی نسبت ہے۔

(۲) انسان اور گھوڑا: ان دونوں میں تباین اور اختلاف کی نسبت ہے۔ انسان پر گھوڑا ہونا صادق نہیں آتا۔ اور گھوڑے پر انسان ہونا صادق نہیں آتا۔

(۳) حیوان اور انسان: ان دونوں میں عام خاص مطلق کی نسبت ہے۔ حیوان عام اور انسان خاص ہے۔ اس نسبت میں حیوان کا ہر انسان پر بولا جا سکتا ہے لیکن ہر حیوان کو انسان نہیں کہہ سکتے۔

(۴) ابیض (سفید) اور حیوان: ان دونوں میں عام خاص من وجہ کی نسبت ہے۔ ابیض کا لفظ بعض حیوانوں پر بولا جا سکتا ہے۔ جیسے بطخ لیکن بعض حیوان ابیض نہیں ہوتے جیسے ہاتھی وغیرہ۔ مترجم۔

[2] قضیہ اتفاقیہ: گزشتہ حاشیہ میں ہم بتا چکے ہیں کہ قضیہ دو قول کہلاتا ہے علم منطق میں قضیہ اتفاقیہ کی مثال یہ ہے "اذا كان الانسان ناطقا فالحمار ناهق" جب انسان بولنے لگے تو گدھا بھی ہنہنانے لگے۔ گویا انسان کے بولنے کے ساتھ گدھا بھی بولنے لگے تو یہ اتفاقیہ بات ہے۔ مترجم

مقابل آفتاب نباشند واسطه میباشد ما بین خاتم نبوة
و افراد امت خود واسطه باشند و میدانی که وصف نبوة کمالی
ست از کمالات علمی که همچو ضحک و بکا و غضب وغیره
اوصاف معلومه دو مرتبه دارد بالقوه و بالفعل —
مرتبه بالفعل از معلولات موصوف بالذات تنها نباشد
اگر میباشد باقتران تحریکات اسباب خارجیه میباشد
اگر باور نداری بنگر قمر و آفتاب مستنیر اند مگر این استناره
را ضرور نیست که در و دیوار، خانه و کاشانه از آنها
بهره مند شوند وقتیکه شمس و قمر از دائرهٔ افق رخت
ببالا می کشند درین حرکت هر که مقابل آنها می آید از آنها
منور میگردد — و هر که نمی آید نمیگردد همچنین مرئی گردیدن
شمس و قمر استناره مذکور را لازم نیست — ممکن ست
که شمس و قمر منور باشند مگر بینندگان نگاه بسوی آنها
نکنند یا در محاق و حجاب باشند — غرض تعدی اوصاف
یا وقوع وصف دیگران اوصاف و محل آن افعال
گردیدن که آن اوصاف قابل آن افعال ست لازم
نیست —

چون از علیت منحصر درین دو قسم ست و
فعلیة هر قسم که باشد از فیض موصوف بالذات
ست — لاجرم در نبوة که در انبیاء دیگر از فیض حضرت
خاتم النبیین صلی الله علیه وسلم ست — مرتبه قوة هم

دوری کا حکم رکھتا ہے۔ اور عقلمند کے لئے اشارہ ہی کافی ہے۔
اس صورت میں ہر نبی کو اپنی امت کے ایمان والوں کے
ساتھ علیت[1] کا تعلق ہوگا اور امتیوں کو اس نبی کے ساتھ معلول
ہونے کا تعلق۔ اور آپ نے پہلے جان لیا ہے کہ دوسرے
انبیاء آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بھی یہی تعلق
رکھتے ہیں۔ اس پر نظر کرتے ہوئے دوسرے انبیاء اس
آئینے کی مانند جو کہ آفتاب اور گھروں کے اندرونی حصوں کے
درمیان جو کہ آفتاب کے سامنے نہیں ہیں، واسطہ ہوتا ہے۔
خاتم نبوت یعنی محمد مصطفےٰ ؐ اور اپنی امت کے لوگوں کے
درمیان واسطہ ہوتے ہیں اور آپ کو معلوم ہے کہ وصف
نبوت علمی کمالات میں سے ایک کمال ہے جیسا کہ ہنسی اور
رونا اور غصہ وغیرہ۔ اوصاف معلومہ کے دو مرتبے ہیں
(ایک) بالقوہ[2] (دوسرا) بالفعل[3]۔ مرتبہ بالفعل معلولات
موصوف سے ذاتی طور پہ تنہا نہیں ہوتا۔ اگر ہوتا ہے تو اسباب
خارجیہ کے متصل ہونے سے ہوتا ہے۔ اگر تمہیں
یقین نہیں آتا تو دیکھو کہ چاند اور سورج روشن ہیں۔ لیکن
اس روشنی کے لئے ضروری نہیں کہ در و دیوار، خانہ و کاشانہ
ان سے حصہ حاصل کریں جس وقت کہ سورج اور چاند افق
کے دائرہ سے اوپر کو بلند ہوتے ہیں تو اس بلند ہوتے وقت
جو کوئی ان کے سامنے آتا ہے وہ ان سے روشن ہو جاتا ہے
اور جو سامنے نہیں آتا روشن نہیں ہوتا۔ اسی طرح سورج

[1] مطلب یہ ہے کہ امت کے لوگوں کے ایمان لانے کی علت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نبی ہونا ہے اور امت کا مسلمان ہونا نبی کی نبوت کا معلول یا اثر ہے۔ مترجم

[2] **بالقوہ**:۔ کسی میں کسی کمال یا صفت کا موجود ہونا درانحالیکہ ابھی اس صفت یا کمال کا اس شخص سے ظہور نہ ہوا ہو۔ مثلاً کسی شخص میں سخاوت کا کمال موجود ہے اور اس کی طبیعت سخاوت کی طرف رجحان رکھتی ہے تو اگرچہ اس نے سخاوت کا کام نہ بھی کیا ہو لیکن طبیعت میں سخاوت کی قوت جوش مارتی ہے۔ اسی کا نام بالقوہ سخاوت ہے۔ مترجم

[3] **بالفعل**:۔ جب کسی کا کوئی کمال یا وصف عمل میں ظاہر ہوتا ہے تو اس کو بالفعل کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں۔ مترجم

از فیوض باشد مگر مرتبہ قوۃ را میدانی کہ از لوازم دولت اوشان ست۔

اور چاند کا دکھائی دینا مذکورہ روشنی کے لیئے لازم نہیں ہے، ممکن ہے۔ سورج اور چاند روشن ہوں لیکن دیکھنے والے ان کی طرف نگاہ نہ رکھتے ہوں یا چاند اور سورج، محاق اور اوٹ میں ہو جائیں۔ غرض یہ کہ اوصاف کا دوسروں تک پہنچنا یا کسی اور وصف کا ان اوصاف پر واقع ہونا اور ان افعال کا محل بننا کہ وہ اوصاف ان افعال کے قابل ہیں ضروری نہیں ہے۔

جب نفعیت کا ظاہر ہونا ان دو قسموں میں منحصر ہے اور ہر قسم کا کام جو بھی ہو ذاتی طور پر موصوف کے فیوض کا نتیجہ ہے تو یقیناً دوسرے انبیاء کی نبوت میں حضرت خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کا فیضان ہے۔ قوت کا مرتبہ بھی فیوض کا نتیجہ ہے، اگر مرتبہ قوت کو تم جانتے ہو کہ ان کی ذوات کے لوازم میں سے ہے۔

نہ از عوارض مفارقہ۔ چہ ہر نبوۃ اول ضرورۃ علم است وثانیاً ضرورت ہمت وارادہ ومرتبہ قوۃ ایں ہر دو صفت از لوازم ذاتیہ ارواح است۔ نظر بہ ارواح دیگر انبیا شبہہ روح پر فتوح محمدی صلی اللہ علیہ

نہ جدا ہونے والے عارضی اوصاف کے لوازم میں سے۔ کیونکہ ہر نبوت کے لئے اول علم[1] کی ضرورت ہے اور دوسرے ہمت[2] اور ارادے کی ضرورت ہے اور ان دونوں صفتوں کا مرتبہ قوت روحوں کے

---

[1] نبوت کے لئے علم کی ضرورت کا ہونا واضح ہے۔ جب تک نبی کو دین اور شریعت کا پورا پورا علم نہ ہوگا وہ بندوں کی ہرگز ہرگز رہبری نہیں کر سکتا۔ الرحمٰن علم القرآن خلق الانسان علمہ البیان یا اقرأ وربک الاکرم الذی علم بالقلم علم الانسان ما لم یعلم، اور اسی طرح کی بہت سی آیتوں سے پیغمبروں اور انسانوں کے لئے علم کی ضرورت کی طرف واضح نشانیں موجود ہیں۔ مترجم

[2] پیغمبروں کے لئے علم شریعت کے ساتھ دوسری چیز ہمت اور ارادہ ضروری ہیں۔ اگر پیغمبر میں ہمت نہ ہوگی تو مخالفین کا مقابلہ کرنا سخت دشوار ہوگا اور تبلیغ میں بے شمار تکالیف کے لئے ہمت کی سخت ضرورت ہے۔ اسی طرح پیغمبر میں عزم اور ارادے کی قوت بھی ضروری ہے۔ اسی لئے بعض پیغمبروں کو اولوالعزم من الرسل کہا گیا ہے۔ مترجم

وسلم باشند و ہمیں طور ارواح امتیانِ انبیاء پیشیں شعبہائے
ارواح اوشاں - و دریں طرف ارواح ایں امتہ نیز از
فیوض محمدی ست صلی اللہ علیہ وسلم اگر فرق ست ہمیں
قدر ست کہ ارواح انبیاء پیش خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم
بمنزلۂ قمراند پیش آفتاب - و ارواح ایں امتہ بمنزلہ انوار
زمین ودیوار - اندریں صورۃ نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم در جملہ
انبیاء و مومنین سابقین ولاحقین بالضرور ساری باشد و
آں قوۃ علمیہ وعملیہ کہ قوۃ قابضہ گویا نسخہ مرکب ازیں
دو بسیط ست - یکی از عطایاء محمدی صلی اللہ علیہ وسلم
باشد -

ذاتی لوازم میں سے ہے - اس پر نظر رکھتے ہوئے دوسرے
انبیاء کی روحیں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح
پر فتوح کی شاخیں ہوں گی - اور اسی طرح پہلے انبیاء کے
امتیوں کی روحیں، ان کی روحوں کی شاخیں ہوں گی اور
اس طرف اس امت کی روحیں بھی فیوض محمدی صلی اللہ
علیہ وسلم سے ہیں - اگر کچھ فرق ہے تو صرف اسقدر
ہے کہ محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پہلے انبیاء
کی روحیں آفتاب کے سامنے چاند کی مانند ہیں اور اس
امت کی روحیں، زمین اور در و دیوار کے انوار کی جگہ
ہیں، اس صورت میں نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاءؑ
اور اگلے پچھلے مومنین میں لازمی طور پر سرایت کرے گا -
اور وہ قوت علمیہ اور عملیہ گویا کہ قوت قابضہ انہی دو علمی
اور عملی تنہا تنہا دو قوتوں کا ملا ہوا نسخہ ہے جو کہ محمد صلی اللہ
علیہ وسلم کی بخششوں میں سے ایک بخشش ہے -

غرض سرمایۂ مالکیۃ دیگر اہل ایمان از آں
آں بادشہ دوجہان است و مابین آنسرورِ عالم
صلی اللہ علیہ وسلم و باقی ایمانداران از انبیاء کرام
و امتیاں ہماں نسبت ست کہ در آفتاب و قمر
وغیرہ اشیا ست کہ نور شاں بالعرض ست و
مستفاد از آفتاب کہ نورش بظاہر بالذات ست -
یعنی اینجا نیز کمال علمی و عملی و موجبات مالکیۃ
یکطرف بالذات ست و یکطرف بالعرض و
میدانی کہ اوصاف عرضیہ اگرچہ در بادی النظر
از آں معروضات اعنی موصوفات بالعرض نمایند -

غرض یہ ہے کہ دوسرے مومنین کی مالکیت کا
سرمایہ دو جہاں کے بادشاہ کی ملکیت ہے اور دوسرے
مومنین، جو کہ دوسرے انبیاء کے امتی ہیں ان کے اور سرور عالم
صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان وہی نسبت ہے جو کہ سورج
اور چاند وغیرہ اشیاء میں ہے کہ ان کا نور عارضی ہے اور
آفتاب سے لیا گیا ہے کہ آفتاب کا نور ظاہری طور پر اس کا
اپنا نور ہے - یعنی یہاں بھی علمی اور عملی کمال اور مالکیت کے اسباب[1]
ایکطرف تو ذاتی ہیں اور دوسری طرف عرضی ہیں اور تمہیں
معلوم ہی ہے کہ عرضی اوصاف اگرچہ ظاہری نظر میں اپنی
معروضات[2] یعنی عارضی موصوفات کی ملک معلوم ہوتے

۱؎ ذاتی اسباب جو صاحب کمال کی ذات میں اصلی طور پر ہوں - کسی سے عارضی طور پر نہ لئے گئے ہوں - مترجم
۲؎ معروضات وہ کہلاتے ہیں جن کو صفات عارض ہوتے ہیں - مترجم

لیکن در نظر حقیقت شناس قصہ بنوع دگرست۔ آں جملہ ایں اقسام و صاف را ازاں موصوف بالذات بندارد۔ بناءً علی ہذا مملوکات دیگر انبیاء کرام علیہم السلام و اُمتیان اوشاں وہم مملوکات ایں امت در حالت مالکیۃ دیگراں نیز از مملوکات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم باشد۔

ایں وقت معنی برزخیۃ کبریٰ و وسیلہ بودن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و استحقاق مقام وسیلہ کہ در دعاء اذان استدعاء آں بہر آں سرور دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم وہم آنکہ در آیۃ وَاعْلَمُوا أَنَّمَا

ہیں۔ لیکن حقیقت کو سمجھنے والی نظر میں قصہ کچھ اور ہی طرح کا ہے کہ وہ حقیقت شناس نظر اس قسم کے تمام اوصاف کو اس موصوف بالذات کی ملکیت خیال کرتی ہے۔ اس بنا پر دوسرے انبیاء علیہم السلام اور ان کے امتیوں کی مملوکہ چیزیں اور اس امت محمدیہ[ؐ] کی مملوکہ چیزیں دوسروں کی مالکیت کی حالت میں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مملوکہ چیزوں میں سے ہوں گی۔

اس وقت برزخیت کبریٰ کے معنی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ ہونا اور مقام وسیلہ کا مستحق ہونا جس کا اذان کی دعا میں[1] دو جہان کے سردار صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے بحقیق طور پر معلوم ہو گئے اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ اس آیت میں جان لو کہ جو کچھ مال غنیمت[2] تمہیں حاصل

---

[1] اذان کے بعد کی دعا جس میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ ہونا ثابت ہوتا ہے یہ ہے "اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ" (مشکوٰۃ شریف ترجمہ) اے اللہ اس مکمل دعوت کے مالک اور قائم رہنے والی نماز کے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ اور فضیلت عطا فرما اور ان کو مقام محمود پر پہنچا جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے۔ بے شک آپ وعدے کے خلاف نہیں کرتے ہیں۔ مترجم

[2] مال غنیمت۔ غنیمت کا لفظ غنم سے نکلا ہے۔ غُنم کے اصلی معنی الفوز بالشئی، کسی چیز کے حاصل کرنے کے ہیں۔ امام راغب لکھتے ہیں کہ غُنم اصل میں غنم یعنی بکریوں کا حاصل کرنا ہے جو بذریعہ فتح ہو۔ پھر ہر ایک چیز پر جو فتح کر کے دشمنوں سے حاصل کی جائے غنیمت کا لفظ استعمال کیا گیا۔ قرآن کریم سے انفال، غنیمت، فے کے تین لفظ معلوم ہوتے ہیں۔ یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْاَنْفَالِ۔ آپ سے یہ لوگ انفال (غنیمت کے مال) کے متعلق پوچھتے ہیں۔ انفال نفل کی جمع ہے اس کے معنی زیادہ کے ہیں یعنی واجب سے جو زیادہ ہو وہ نفلی ہے۔ اسی معنی میں نفل عبادت ہے۔ اسی لئے مال غنیمت کو نفل کہا جاتا ہے مگر اس میں اختلاف ہے کہ کس قسم کی غنیمت پر یہ لفظ بولا گیا ہے۔ بعض نے انفال اور غنیمت کو ایک ہی چیز کہا ہے دو نام دو حیثیتوں سے رکھے گئے ہیں۔ چونکہ وہ مال جنگ میں کامیاب ہو کر ملتا ہے اس لئے اسے غنیمت کہتے ہیں اور اس لئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک فضل ہے اس لئے اسے انفال کہتے ہیں اور بعض نے غنیمت اور نفل میں عموم و خصوص کے لحاظ سے فرق کیا ہے یعنی غنیمت کا لفظ عام ہے اور انفال کا خاص۔ غنیمت کا لفظ عام ہے خواہ محنت سے وہ مال حاصل ہو جہاد کرنے کے بعد یا فتح سے پہلے یا بعد میں بغیر محنت کے ملا ہو۔ اور نفل وہ مال ہے جو مال غنیمت تقسیم سے پہلے حاصل ہو یا وہ جو بغیر جنگ کے حاصل ہو۔ مگر ایسے مال کو جو بغیر جہاد کے حاصل ہو مال فے کہا جاتا ہے گو فے کے لئے ضروری ہے کہ جنگ کی تیاری ہو چکی ہو اور دشمن نے ہتھیار ڈال دئے ہوں۔ نفل کے لئے یہ ضروری نہیں۔ فدک کی فتح میں جو مال حاصل ہوا وہ فے تھا۔ اس میں فدک خصوصیت رکھتا ہے۔ بہرحال یسئلونک عن الانفال اور ما غنمتم من شیئ اور ما افاء اللہ میں انفال، غنیمت اور فے کا ذکر صراحت سے موجود ہے۔ مترجم

غَنِمْتُمْ مِنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰہِ خُمُسَہٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی الخ و ہمچنیں در آیۃ مَا اَفَآءَ اللّٰہُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مِنْ اَھْلِ الْقُرٰی فَلِلّٰہِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی[1] لفظ رسول را بلام جدا گانہ نواختہ، اشارہ بہ برزخیت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم درمیان خدا تعالیٰ و مخلوقات فرمودہ اند و اشعار باختیار کلی اوشاں بعد خود نمودہ اند و بہ مالکیت عامہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم گواہی دادہ اند، ہمہ را محقق دریافتہ باشی و ہم دانستہ باشی کہ خلافتے مشارٌ الیہا در آیۃ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً بجمیع الوجوہ خواہ باعتبار ملک خواہ باعتبار حکومت اگر نصیب شد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم را نصیب شد۔

ہو تو اس میں سے اللہ کے لئے اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے رشتہ داروں کے لئے پانچواں حصہ ہے"۔ اور اسی طرح آیت مَا اَفَآءَ اللّٰہُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مِنْ اَھْلِ الْقُرٰی فَلِلّٰہِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی" میں نے رسول[1] کے لفظ کے ساتھ دوسرے لام جداگانہ کو لکھا ہے جس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی برزخیت کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ جو خدائے تعالیٰ اور مخلوقات کے درمیان ہے۔ اور اللہ کے اپنے پورے اختیار کے بعد رسول اللہ کے پورے اختیار کی اطلاع دی ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عام مالکیت کی گواہی دی ہے۔ ان سب کی تحقیق تم نے دریافت کر لی ہوگی۔ اور یہ بھی جان لیا ہوگا کہ آیت اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً میں جس خلافت[2] کی طرف اشارہ کیا گیا ہے، خواہ ملک کے اعتبار سے اور خواہ باعتبار حکومت، ہر حیثیت سے اگر کسی کو وہ خلافت نصیب ہوتی ہے تو وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نصیب ہوئی ہے۔

فرق درمیانِ خدا و خلیفۂ خدا

درمیان خدا و خدا کریم الشان و این خلیفہ عظیم الشان فقط دو فرق است

خدا اور خلیفۂ خدا کے درمیان فرق

کریم شان والے خدا اور عظیم شان والے اس خلیفہ (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) کے

[1] مَا اَفَآءَ اللّٰہُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مِنْ اَھْلِ الْقُرٰی فَلِلّٰہِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰکِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ کَیْ لَا یَکُوْنَ دُوْلَۃً بَیْنَ الْاَغْنِیَآءِ مِنْکُمْ۔ یہاں حاشیے میں پوری آیت درج کر دی گئی ہے۔ مترجم

[2] اس مقام پر یہ بات نظر میں رکھیے جو آئندہ تمام مضمون میں کام آئے گی کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم ایک تو اللہ کے خلیفہ ہونے کی وجہ سے تمام اختیارات وہی رکھتے ہیں جو اللہ جل شانہ کو حاصل ہیں۔ کیونکہ خلیفہ کا مطلب ہی یہ ہے کہ اصل کے قائم مقام رہ کر اس کے احکام نافذ کرے اور اس اصل کے منشا کے مطابق کام کرے۔ دوسرے یہ کہ بحیثیت حکومت بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اللہ تعالیٰ کے قائم مقام ہیں۔ لہٰذا پہلی نیابت بحیثیت مالک اور دوسری نیابت بحیثیت حکومت آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہے۔ ان دونوں مرتبوں میں سے پہلا یعنی مالکیت کا مرتبہ، مرتبۂ فوقانی اور دوسرا مرتبہ مرتبۂ تحتانی ہے۔ یہ حضرت قاسم العلوم کی اپنی اصطلاحیں ہیں جو انہوں نے اپنے مکتوب میں استعمال کی ہیں۔ لہٰذا ان دونوں اصطلاحوں کو یاد رکھیے کہ ان سے بار بار کام پڑے گا۔ مترجم

یکی آنکہ کمالات خداوندی بجمیع از وجود و بہمہ نہج بالذات اند اعنی خانہ زاد اند از خانۂ دیگران بدریوزہ نیاوردہ و در ذات محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اگرچہ ہمہ کمال باشند مگر ہمہ عطاء آں بی نیاز مطلق است۔ دوم آنکہ خداوند کریم را از مملوکات خود نفعی مطلوب نیست۔ ہمہ کمالات او تعالیٰ ازلی و ابدی و دارالذات وثابت و دائم و در حضرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم حاجۃ مملوکات خود نمایاں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم را با ایں ہمہ تقدس از خورد و نوش و جامہ تن پوش چارہ نیست۔

نظر بریں باعتبار روح پرفتوح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چنانکہ از دیگران در مراتب فوقانی بودند اعنی روح پاک صلی اللہ علیہ وسلم معدن دیگر ارواح بود۔ باعتبار عنصر خاکی در قطار دیگران اند۔

شاید نظر بر ہمیں دو مرتبہ ست کہ جائی بقول و اعتراف اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ ارشاد شد و جائی بر قالان مَا هٰذَا اِلَّا بَشَرٌ

درمیان فقط دو فرق ہیں ایک یہ کہ خدائے تعالیٰ کے کمالات ہر حیثیت اور طریقے سے اصل اور ذاتی یعنی اپنے گھر کے ہیں کسی اور کے گھر سے مانگ کر نہیں لئے گئے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات میں اگرچہ تمام کمال ہوں مگر وہ سب اس مطلق بے نیاز کے عطا کئے ہوئے ہیں۔ دوسرا فرق یہ ہے کہ خدائے کریم کو اپنی مملوکہ چیزوں سے کوئی نفع مقصود نہیں ہے بلکہ اس کے تمام کمالات ہمیشہ سے ہیں اور ہمیشہ رہیں گے اور اس میں ہمیشہ قائم اور ثابت رہیں گے۔ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں مملوکہ چیزوں کی حاجت ظاہر ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام پاکیزگی کے باوجود، کھانے پینے اور لباس کے بغیر چارہ نہیں ہے۔ اس بات پر نظر رکھتے ہوئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی روح پُر فتوح کے اعتبار سے جیسا کہ دوسروں سے بدرجہا بلند ہیں یعنی روح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دوسری روحوں کی کان ہے لیکن خاکی جسم کے اعتبار سے دوسرے لوگوں کی صف میں شریک ہیں۔

شاید انہی دو مرتبوں[1] پر نظر ہے کہ ایک جگہ تو بجز اس کے[2] نہیں کہ میں تم جیسا بشر ہوں" کے قول اور اقرار کے قول کے متعلق ارشاد ہوا اور ایک جگہ[3] "نہیں ہے یہ رسول

---

[1] یعنی ان دو مرتبوں سے مذکورہ بالا دو مرتبے مراد ہیں جو روحانی اور جسمانی ہیں۔ روحانی اعتبار سے آپ کا درجہ تمام اصحاب الصلاح سے افضل ہے لیکن دوسرا مرتبہ جسم کا جسمانی مرتبہ ہے جس میں از راہ بشریت آپ کو کھانے پینے کیلئے اشیا اور ان کی ملکیت کی ضرورت ہے۔ مترجم

[2] پارہ ۱۶ سورہ کہف رکوع ۱۲۔ پوری آیت یہ ہے قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یُوْحٰٓی اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰـهُکُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ۔ مترجم

[3] مَا هٰذَا اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا یا مَا هٰذَا اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یُرِیْدُ اَنْ یَّتَفَضَّلَ عَلَیْکُمْ یا مَا هٰذَا اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یَاْکُلُ مِمَّا تَاْکُلُوْنَ مِنْهُ وَیَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ (پارہ ۱۸ - سورہ مومنون رکوع ۲)

مِثْلُنَا و امثال ذالک انکار رفت۔ ودریں مرتبہ ملک آں سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نیز مزاحم ملک دیگاں ہمچناں باشد کہ ملک یکدیگر مزاحم و متضاد یکدیگر باشد۔ غرض چنانکہ در مرتبۂ اولیٰ اجتماع و اقتران ملک نبوی صلی اللہ علیہ وسلم با املاک دیگراں ضرور بود، دریں مرتبہ اجتماع واقتران ممتنع ست وجہش ظاہرست۔ دریں مرتبہ انتفاع و استمتاع مطلوبست۔ ومیدانی کہ یک لقمہ در دو شکم نتواں رفت ویک انگرکھہ بر دو بدن نتواں پوشید۔ علیٰ ہذالقیاس منافع دیگر را تصور باید فرمود۔

ازیں قدر دانستہ باشی کہ وقف بودن مالی اگر ہست باعتبار ہمیں مرتبہ ست۔ چہ حقیقۃ وقف کردن یا بودن مالی ہمین ست کہ دست از منافع بردارند و ظاہرست کہ باعتبار مرتبہ فوقانی نظر بر منافع از اول

مگر ہم جیسا بشر" کہنے والوں اور اسی طرح کی اور باتیں کرنے والوں کا رد کیا۔ اس مرتبہ میں آں سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ملکیت بھی دوسری ملکیت کے لئے اسی طرح روک بن جائے گی جیساکہ ایک دوسرے کی ملکیت ایک دوسرے کے لئے رکاوٹ ڈالنے والی ہوتی ہے۔ غرض یہ کہ جس طرح پہلے مرتبہ[1] میں ملک نبوی کا دوسروں کی ملکیتوں کے ساتھ جمع ہونا اور ملنا ضرور ہے، اس دوسرے مرتبہ میں اجتماع و اقتران نہیں ہو سکتا۔ اور اس کی وجہ صاف ہے۔ کیونکہ دوسرے مرتبۂ جسد خاکی کی وجہ سے نفع اٹھانا اور فائدہ حاصل کرنا مطلوب ہے۔ اور تمہیں معلوم ہی ہے کہ ایک لقمہ دو پیٹوں میں نہیں جا سکتا اور ایک شیروانی دو جسموں پر (بیک وقت) نہیں پہنی جا سکتی۔ اسی طرح دوسرے منافع کو بھی خیال کرنا چاہیئے۔

اتنا کچھ لکھنے پر تمہیں معلوم ہوگیا ہوگا کہ کسی مال کا وقف ہونا اگر ہوتا ہے تو اسی مرتبہ کے اعتبار سے ہے۔ کیونکہ کسی مال کا وقف کرنا یا وقف ہونا یہی ہے کہ وقف کرنے والا اس کے منافع سے ہاتھ اٹھالے اور ظاہر ہے کہ مرتبۂ فوقانی (منافع سے بے نیازی) کے اعتبار سے،

---

[1] یعنی اللہ تعالیٰ اور بندوں کی ملکیت جمع ہو جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کا مالک ہے اور بندوں کو بھی بحیثیت وراثت ان چیزوں کا مالک بنایا ہے۔ لہٰذا دونوں ملکیتیں ایک جگہ جمع ہوگئیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کو ملکیت کے منافع کی ضرورت نہیں لہٰذا بندے اس ملکیت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اسی طرح رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی اور بندوں کی املاک بھی مرتبہ روح اور خلافت الٰہیہ کے منصب کی بنا پر جمع ہو سکتی ہیں۔ لیکن آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جو تحتانی مرتبہ ہے یعنی جسمانی اس کے اعتبار سے آپ کی اور بندوں کی ملکیت کا اجتماع نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ خدا کو تو ملکیت کے منافع کی احتیاج نہیں مگر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بشریت کے اعتبار سے کھانے پینے کی ضرورت ہے۔ لہٰذا مرتبہ تحتانی میں یا تو صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی مالک ہو سکتے ہیں یا بندے ہی لہٰذا دونوں ملکیتوں کا اجتماع اور اقتران نہیں ہو سکتا۔ مترجم

نبود۔ آنجا خلافت خداوندی دریں امر ہم بود کہ با منافع سروکاری نباشد۔ و ہم ظاہر ست کہ ارتفاع ملک کہ در وقف ضرورست ۔ در مرتبہ تحتانی متصورست باعتبار مرتبۂ فوقانی ارتفاع ملک ہمچناں ممتنع ست کہ ارتفاع ملک خداوندی ۔ ورنہ خلافت را کہ از آیت اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً دریافتی، چگونہ برپا خواہند داشت ۔ غرض بیع شرا و ہبہ و میراث و وقف نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمہ دریں مرتبہ باشد۔

سخن چہارم

چہارم اینکہ مصحح انتساب ملک چندانکہ مرتبہ فوقانی ہست مرتبہ تحتانی نیست۔ پر ظاہر ست کہ نور ارض چندانکہ انتساب بآفتاب دارد بارض ندارد۔ ہمچنیں ملک خدا و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم را باید پنداشت ۔ ازینجاست کہ غنائم را باآنکہ حقوق غانماں بآں تعلق داشت وقتیکہ در تقسیم آں اختلاف اقوال رو نمود،

پہلے ہی سے منافع پر نظر نہیں ہوتی۔ وہاں پر تو خداوند تعالیٰ کی خلافت اس بات میں بھی تھی کہ منافع سے کوئی تعلق ہی نہ ہو۔ اور یہ ظاہر ہے کہ وقف میں ملکیت کا ختم ہو جانا جو ضروری ہے، وہ مرتبۂ تحتانی یعنی (باعتبار جسم خاکی) تصور کیا گیا ہے مرتبۂ فوقانی کے اعتبار سے ملک کا اٹھ جانا اسی طرح نہیں ہو سکتا جیسا کہ خدا تعالیٰ کی ملکیت کا اٹھ جانا ممکن نہیں۔ ورنہ (رسول) کی خلافت کو جو کہ "میں زمین میں خلیفہ بنانے والا ہوں" کی آیت سے تم نے معلوم کیا ہے، کس طرح قائم رکھیں گے۔ غرض یہ ہے کہ خرید و فروخت، ہبہ اور میراث اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا وقف سب امور اسی مرتبہ میں ہوتے ہیں۔

چوتھی بات

چوتھی یہ کہ ملک کی نسبت کرنے کو صحیح قرار دینے والا جسقدر فوقانی مرتبہ ہے،[1] اتنا تحتانی مرتبہ نہیں ہے۔ لیکن ظاہر ہے کہ زمین کا نور جسقدر سورج کے ساتھ تعلق رکھتا ہے زمین کے ساتھ نہیں رکھتا۔ اسی طرح خدا اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ملکیت کے تعلق کو سمجھنا چاہیے۔ یہیں سے معلوم ہوا کہ غنیمت کے اموال کو اس کے باوجود کہ غنیمت حاصل کرنے والوں کے حقوق ان اموال کے ساتھ

---

[1] یعنی اللہ تعالیٰ کے قائم مقام ہو کر بحیثیت خلیفہ مالک ہونا ملکیت کے لئے بنسبت مرتبۂ تحتانی یعنی جسمانی کے زیادہ قوی ہے۔ کیونکہ خلافت الٰہیہ کے روحانی مقام سے ہٹ کر حاکمانہ حیثیت میں مالک ہونا ظاہر ہے کہ پہلے درجے کی بنسبت زیادہ قوی نہیں، جیسا کہ سورج کے نور کا تعلق جتنا سورج سے ہے اتنا زمین سے نہیں جس پر سورج کا نور پڑ رہا ہے۔ اگرچہ نور کا سورج اور زمین دونوں سے تعلق ہے لیکن سورج کا نور ذاتی ہے اور زمین کا غیر ذاتی اور عارضی ہے۔ جب سورج غروب ہوتا ہے تو اپنے نور کو ساتھ لے جاتا ہے اور زمین بے نور ہو کر دیکھتی رہ جاتی ہے اور تاریک ہو جاتی ہے۔ اسی طرح اللہ کی ملکیت اور بحیثیت خلیفہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملکیت ذاتی ہے اور باقی دوسروں کی ملکیت عارضی۔ لہٰذا جب اللہ تعالیٰ بندوں سے ملکیت چھین لیتا ہے تو بندے دیکھتے رہ جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر حال میں مالک رہتا ہے۔ ہاں اللہ تعالیٰ کی ملکیت کا معاملہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی زیادہ قریب ہے جیسا کہ آفتاب کا نور زمین کے بنسبت سورج سے زیادہ قریب ہے۔ مترجم

غانمگراں گفتند کہ تنہا ازاں ماست ودیگراں گفتند کہ مارا نیز شریک باید کرد باین طور ارشاد شد

یَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۔

(قرآن کریم سورہ انفال)[1]

غرض ازیں ارشاد اینست کہ اصل مملوکہ برائے خداست ورسول او صلی اللہ علیہ وسلم۔ شمارا دریں بارہ مجال دم زدن نیست ۔ ہرچہ ارشاد شود بسر باید نہاد ۔ ہمچنیں در حدیث ست

" لِلّٰهِ ما اخذ ولہ ما اعطی "

ازیں تعمیم دریں تقسیم حدیث ست صاف پیدا ست کہ عطایائے خدا تعالی یعنی مملوکات بنی آدم را مملوک خدا تعالی باید شناخت وانتساب آنہا باو خدا تعالی نزدیگراں اولی باید پنداشت ورنہ بازایں ارشاد لغوست ۔ چہ تعزیہ وتسلیہ مصیبت زدگان مبنی بر ہمیں اولویۃ انتساب ست نہ غیر ۔ بلکہ خود در قرآن شریف ارشاد ست

لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ یُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ

تعلق رکھتے ہیں لیکن جب ان اموال کی تقسیم میں اقوال کا اختلاف نمودار ہوا تو مال غنیمت حاصل کرنے والوں نے کہا کہ یہ اموال غنیمت تنہا ہمارا حق ہیں اور دوسروں نے کہا کہ ہمیں بھی حصہ ملنا چاہیئے ۔ چنانچہ اس طرح حکم ہوا:

" یہ لوگ آپ سے مال غنیمت کے بارے میں پوچھتے ہیں ۔ کہہ دیجیئے کہ مال غنیمت اللہ اور رسول کا ہے ۔ "

(سورہ انفال پارہ ۹)

اس حکم سے مقصد یہ ہے کہ مال غنیمت اصل میں اللہ اور اس کے رسول کا ہے ۔ تمہیں اس کے متعلق دم مارنے کا کوئی حق نہیں ہے ۔ چنانچہ جو کچھ خدائے کریم کی طرف سے فرمان آئے سر آنکھوں پر ہونا چاہیئے ۔ اسی طرح حدیث میں ہے " جو اللہ نے لے لیا وہ بھی اللہ کا ہے اور جو دیا وہ بھی اسی کا ہے ۔ " اس تقسیم میں اس عمومیت سے جو کہ حدیث میں ہے صاف ظاہر ہے کہ خداوند تعالے کی عطا کردہ چیزیں یعنی بنی آدم کی مملوکہ چیزوں کو خداوند تعالیٰ کی مملوکات پہچاننا چاہیئے اور ان کا تعلق اس خدائے تعالیٰ کے ساتھ دوسروں کی بہ نسبت سب سے اولیٰ خیال کرنا چاہیئے ۔ ورنہ پھر یہ ارشاد خداوندی بے معنی ہو کر رہ جائے گا ۔ کیونکہ مصیبت زدہ لوگوں کی تسلی اور دلاسہ اسی تعلق کی اولویت کی بنا پر ہے نہ اور کسی پر ۔ بلکہ خود قرآن شریف میں ہے :۔

" اللہ ہی کا ہے جو آسمانوں اور جو زمین میں ہے ۔ اور اگر تم ظاہر کرو جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے یا اس کو مخفی رکھو اللہ اس کا تم سے محاسبہ لے گا ۔ "

(سورہ بقرہ آخری رکوع پارہ ۳)

---

[1] پارہ ۹ سورہ انفال رکوع ۱ ۔ مترجم

این محاسبه وقتی بجای خود باشد، که انتسابی[1] که ان لله ما فی السموات الخ مفهوم شد، مسوق بهر رد خیال مالکان مجازی باشد۔ که خود را مالک اموال تصور دیده مستحق صرف جا بجا می پنداشتند و ظاهرست که اندریں صورت بناء ایں رد بر ہماں اولیت خواہد بود۔

سخن پنجم

آنکه حلة اخذ اموال غنیمت و اموال صلح مبنی بر ہماں خلافت ست که فرد اکمل آنجناب نبی آخر الزماں بودند صلی اللہ علیہ وسلم۔ چوں توضیح ایں تفصیلے دگر میخواہد میباید که قدرے دیگر قلم بسائم۔

مقصد تخلیق جن و انسان

آیۃ وما خلقت الجن[2] والانس الا لیعبدون بر آں دلالت دارد که غرض اصلی از پیدا کردن آتش و آب مثلا سوختن و پختن و نوشیدن و سرد کردن و آیۃ وخلق لکم ما فی الارض جمیعا براں دلالۃ دارد که غرض از پیدائش اموال حاجۃ روائی بنی آدم ست

یہ محاسبہ اس وقت اپنی جگہ درست ہوگا کہ وہ تعلق کہ ان اللہ[1] کے لئے ہے جو کچھ کہ آسمانوں میں ہے (آخر تک) کی آیت سے سمجھا گیا ہے، مجازی (غیر اصلی) مالکوں کے خیال کی تردید کے لئے کہا گیا ہے کہ اپنے آپ کو اموال کا مالک خیال کرکے خود کو جا بیجا صرف کا حقدار خیال کرتے تھے۔ اور ظاہر ہے کہ اس صورت میں اس تردید کی بنیاد اسی اولیت پر ہوگی۔

پانچویں بات

یہ ہے کہ اموال غنیمت اور اموال صلح کا لینا اسی خلافت پر مبنی ہونے کی وجہ سے حلال ہے جس خلافت کے سب سے بڑے کامل فرد نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ چونکہ اس کی وضاحت ایک اور تفصیل چاہتی ہے اس لئے مناسب ہے کہ میں اور خامہ فرسائی کروں۔

جن و انسان کی پیدائش کا مقصد

اور نہیں[2] پیدا کیا ہم نے جن اور انسان کو مگر عبادت کے لئے۔ یہ آیت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ انسان کے پیدا کرنے سے اصلی غرض عبادت ہے جیسا کہ آگ اور پانی کے پیدا کرنے سے اصلی غرض، کسی چیز کا جلانا، پکانا، پینا، اور ٹھنڈا کرنا ہے اور آیت[3] اور تمہارے لئے پیدا کیا جو کچھ کہ زمین میں ہے سب کچھ"

---

[1] سورۂ بقرہ آخری رکوع پارہ ۳ لله ما فی السموات وما فی الارض

[2] وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون ○ ما ارید منهم من رزق وما ارید ان یطعمون۔ (پارہ ۲۷ سورۃ ذاریات۔ رکوع ۳)

اندریں صورت ایں قصہ آنچناں باشد کہ
گویند اسپ بہر سواری ست وکاہ ودانہ
بہر اسپ از ہر عاقل کہ پرسی ہمیں خواہد
گفت کہ غرض از کاہ ودانہ ہماں سواری ست۔
وچوں نباشد اگر کاہ ودانہ ندہند اسپ جاں
بدہد۔ اینجا نیز ہمیں طور باید پنداشت کہ
ما فی الارض نیز بہر عبادۃ ست۔ اگر باشد
فرق واسطہ وعدم واسطہ باشد۔ اندریں صورۃ
خلیفۂ خدا را ضرورست کہ از وشاں بستاند۔
چہ وجہ دادن اموال، غرض معلوم بود
چوں نائبان خداوندی بنیند کہ مال خدا
بکار خدا نمی آید بالضرورت باید کہ از وشاں
بستانند و بدیگراں بدہند بلکہ اگر خود بر جان
کافراں دست یابند بگیرند کہ اُولٰٓئِكَ
كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ۔

غرض چنانکہ اسپی کہ بکار سواری
نیاید بار اسپاں سواری از کاہ ودانہ
بکشد۔ ہمچناں انسانی کہ کار عبادۃ
نکند کار عابداں بکند۔ بالجملہ کافراں بوجہ
فوت غرض معلوم، مثل دیگر جانوراں
گردیدند چنانکہ آنہا مملوک انساناں اند، کافراں
نیز مملوک اوشاں خواہند شد۔ غرض اخذ
مال کفار مبنی بریں نکتہ ست کہ دانستی۔
و میدانی کہ ایں داد وستد تعلق
بمرتبہ فوقانی دارد۔ اعنی

اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اموال کے پیدا کرنے
سے مقصد بنی نوع انسان کی حاجت کو پورا کرنا ہے۔
اس صورت میں یہ قصہ اس طرح ہوگا کہ تم کہیں کہ گھوڑا
سواری کے لئے ہے اور گھاس اور دانہ گھوڑے کے
لئے۔ جس عقلمند سے پوچھو یہی کہے گا کہ گھاس اور دانے
سے غرض وہی سواری ہے۔ اور کیوں نہ ہو اگر گھاس
اور دانہ نہ دیں تو گھوڑا مر جائے گا۔ یہاں پر یہ بھی
خیال رکھنا چاہیئے کہ جو کچھ زمین میں ہے وہ بھی عبادت
کے لئے ہے۔ اگر فرق ہے تو صرف واسطہ اور واسطہ
نہ ہونے کا ہے۔ اس صورت میں خلیفۂ خدا کے لئے
ضروری ہے کہ ان کافروں سے مال لے لے۔ کیونکہ
اموال دینے کی معلومہ غرض تھی۔ جب خدا تعالیٰ
کے نائب دیکھیں کہ خدا کا مال کام میں نہیں آتا ہے
تو ضروری طور پر چاہیئے کہ ان کفار سے لیں اور
دوسروں کو دیدیں بلکہ اگر کافروں کی جان پر قابو پائیں تو
وہ بھی لے لیں۔ کیونکہ وہ لوگ چوپاؤں کی مانند ہیں بلکہ
ان سے بھی زیادہ گمراہ۔

غرض جیسا کہ وہ گھوڑا کہ سواری کے کام میں نہ
آئے تو سواری کے گھوڑوں کا بوجھ، یعنی گھاس اور دانہ
ہی اٹھائے۔ اسی طرح وہ انسان جو عبادت کا کام نہ کرے
تو عبادت کرنے والوں ہی کا کام کرلے۔ الغرض کافر
لوگ معلومہ غرض (عبادت) کے جاتے رہنے کی وجہ
سے دوسرے جانوروں کی مانند بن گئے جیسا کہ وہ جانور
انسانوں کے مملوک ہیں ویسے ہی کافر بھی مسلمانوں کے
مملوک ہو جائیں گے۔ غرض کہ کفار کے مال کا لے لینا
اسی نکتے پر مبنی ہے جیسا کہ تم نے جان لیا۔ اور یہ بھی جانتے
ہو کہ یہ لین دین مرتبہ فوقانی[1] سے تعلق رکھتا ہے یعنی

[1] مرتبہ فوقانی یعنی اللہ کے خلیفہ ہونے کے باعث ملکیت کے پورے اختیار کا حاصل ہونا۔ مترجم

مرتبۂ خلافت است

اقسام استحقاق

چوں ایں سخنی چند ممہد شدند، سخن دیگر نیز باید شنید۔ استحقاق بدو قسم ست۔ یکی فاعلی و فعلی۔ دوئم مفعولی و منفعل۔ مرادم از اول اینست کہ فعلی وجودی موجب قبض در محل خالی از قبض دیگراں مثل دادن قیمت مبیع یا جانفشانی درجہاد کہ مورث قبض و استیلا است از کسی بظہور آید و استحقاق مالکیۃ بدست آید۔ و غرضم از ثانی اینست کہ از مالکان استحقاق تملیک دارند و بحساب موجبات قبض، طرف عدم محض ست بلکہ عدم دیگر از قسم افلاس و مسکنۃ کہ دلالت بر عدم مال دارد۔ یا از قسم رسالۃ و قرابۃ صاحب رسالۃ کہ بر عدم فراغت کسب معیشت بوجہ مشغولی خود بکار ربانی یعنی ادارِ رسالۃ و اعانت او با مشغولی قیم خود اشارہ میکند بر مددی کار آمدہ۔ گوئیا صاحبان ایں اعلام بزبان حال استجار و افاضہ از و تعالیٰ و درجا و جبر نقصان از حضرت رحمان میکنند۔

مرتبۂ خلافت سے ہے۔

استحقاق کی قسمیں

جب یہ چند باتیں تمہید میں آچکیں تو دوسری بات بھی سنی چاہیے۔ یعنی استحقاق دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک تو فاعلی اور فعلی۔ دوسرا مفعولی اور منفعلی۔ اول[1] سے میری مراد یہ ہے کہ ایک وجودی قبضے کا موجب فعل جو دوسروں کے قبضے سے خالی جگہ میں کسی کی طرف سے ظہور میں آجائے اور اس کے ذریعہ سے وہ مالک ہونے کا استحقاق حاصل کرلے جیسا کہ فروخت شدہ چیز کی قیمت ادا کردینا یا جہاد میں جانفشانی کہ وہ قبضے اور غنیمت کے استحقاق کا سبب ہیں۔ اور دوسرے سے میری مراد یہ ہے کہ مالکوں کی طرف سے تملیک کا حق رکھتے ہوں اور قبضے کے موجبات کے کھاتے میں اس طرف محض عدم (یعنی موجب قبضہ کوئی نہیں ہے) بلکہ دوسرا عدم، افلاس اور قسم سے ہے جو کہ مال نہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ یا نبوت اور رسول ؐ کے ساتھ رشتہ داری کی قسم سے ہو کہ روزی حاصل کرنے کی سبب کام میں مشغول ہونے یعنی خدا کے کام انجام دینے کے باعث فراغت نہ ہو اور رسالت اعانت میں اس کو اپنے ہمیشہ مشغول رہنے پر پیش آنے والے کام پر آمادہ کرے۔ گویا کہ یہ افلاس والے زبان حال سے۔ اللہ تعالیٰ سے بخشش کی درخواست اور نقصان پورا کرنے کی حضرت رحمان سے امید کرتے ہیں۔

---

[1] استحقاق کی دو قسموں یعنی فاعلی اور فعلی اور دوسری مفعولی اور منفعلی کی تشریح حضرت مولانا نے اس طرح کی ہے کہ اگر کسی نے کوئی چیز خریدی اور اس کی قیمت ادا کردی یا جہاد میں خوب کوشش کی تو ان دونوں صورتوں میں خریدار اور مجاہد خریدی چیز اور مال غنیمت کے مالک ہونے کے حقدار ہو جائیں گے یہ فاعلی اور فعلی حق کہلائے گا لیکن اگر کوئی شخص اپنی چیز کو کسی کو بخشش کر کے مالک بنا دے تو یہ تملیک بھی مالک ہونے کا حقدار بنا دیتی ہے اس کو مفعولی اور منفعلی استحقاق کے نام سے مولانا نے تعبیر کیا ہے۔ مترجم

بالجملہ یکی استحقاق[1،2] قبض است بزور۔ دیگر استحقاق قبول عطا ست بالتجا۔ اول موجب مالکیۃ است چنانچہ در بیع و شرا و غنیمت وغیرہ اسباب تملیک میباشد دوم[3] موجب مالکیت نیست چنانکہ از آیت اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِيْنِ الخ واضح ست۔

استحقاق غنیمت از اول ست و استحقاق فی از ثانی ست۔ چنانچہ مفہومات مندرجہ آیت اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ و آیت مَا اَفَاءَ اللّٰہُ و آیت وَاعْلَمُوْا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ براں دلالت دارد۔ و وجہش ہماں ست کہ موجب ملک قبض ست و اینجا موجبات قبض مفقود۔

حکم اول اینست کہ در صورت عدم ادا حقوق از کسیکہ برگردنش باشند، صاحب حق را گنجائش فریاد باشد و ناد۔ بندہ حقوق گناہ حقوق العباد بگردن خود

الحاصل ایک[1] استحقاق تو زور بازو کے قبضے سے حاصل ہوتا ہے اور دوسرا استحقاق، التجا[2] کے ذریعہ بخشش کے قبول کر لینے سے حاصل ہوتا ہے۔ پہلا استحقاق مالکیت کا موجب ہے جیسا کہ خرید و فروخت اور غنیمت وغیرہ میں مالک ہونے کے اسباب ہوتے ہیں۔ دوسرا استحقاق مالکیت کو واجب نہیں کرتا جیسا کہ آیت "صدقات سوائے اس کے نہیں کہ صدقات فقرا اور مساکین کے لئے ہیں" سے واضح ہے۔

غنیمت[3] کا استحقاق اول سے متعلق ہے اور فے[4] کا استحقاق ثانی سے ہے۔ چنانچہ نیچے درج کی ہوئی آیات کا مطلب یعنی اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ اور آیت مَا اَفَاءَ اللّٰہُ اور آیت وَاعْلَمُوْا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ اس پر دلالت کرتی ہیں۔ اور اس کی وجہ یہی ہے کہ ملکیت کو واجب کرنے والی چیز وہی قبضہ ہے اور یہاں پر قبضے کے اسباب موجود نہیں ہیں

پہلی قسم کا حکم یہ ہے کہ حقوق ادا نہ کرنے کی صورت میں جو کسی کی گردن پر ہوتے ہیں، حقدار کو انصاف حاصل کرنے کی گنجائش ہوتی ہے اور حقوق ادا نہ کرنے والا اپنی گردن پر حقوق العباد

[1،2] حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے کسی چیز کے حقدار ہونے کی دو قسمیں کی ہیں۔ پہلی استحقاق کی قسم تو یہ ہے کہ کسی چیز پر جو کسی کے قبضے میں نہ ہو زبردستی، زور بازو سے قبضہ کر لیا جائے تو قابض کو مالک ہونے کا استحقاق حاصل ہو جائے گا۔ دوسرے التجا کے ذریعہ کسی کی عطا کردہ عطا کردہ چیز کو قبول کر لینے سے بھی مالکیت کا استحقاق حاصل ہو جاتا ہے۔ گویا مختصر الفاظ میں استحقاق کی دو قسمیں یہ ہیں (۱) ایک استحقاق بزور قبضہ۔ (۲) دوسرا استحقاق قبول عطا بالتجا۔ مترجم۔ [3] سورۂ توبہ رکوع ۸ پارہ ۱۰)

[3] غنیمت، فے اور انفال کی تعریفیں ہم گذشتہ حواشی میں کر چکے ہیں وہاں ملاحظہ فرمایئے۔ البتہ یہ جو مولانا محمد قاسم صاحبؒ نے فرمایا ہے کہ غنیمت کا تعلق استحقاق اول سے ہے یعنی استحقاق کی بزور قبضہ قسم سے ہے جو مالک ہونے کا موجب ہے۔ مترجم

[5] فے کا استحقاق ثانی قسم یعنی استحقاق کی دوسری قسم جو قبول عطا بالتجا ہے اس سے متعلق ہے۔ یہ قسم مالکیت کو واجب نہیں کرتی۔ فدک بھی اسی استحقاق کی قسم سے ہے جو مالکیت کو واجب نہیں کرتا۔ کیونکہ وہ جہاد کئے بغیر مال فے کے طور پر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہوا تھا۔ مترجم

بود - گو ثانیا و بالعرض آنرا بحقوق اللہ تعبیر کنند - وحکم ثانی اینست کہ اہل حق را گنجائش تقاضا نبود و نہ موقع فریاد و داد باشد - ہرکہ این حق را ادا نکند حقوق اللہ بگردنش ماند نہ حقوق العباد - چنانچہ تارکان زکوٰۃ را میدانی کہ حقوق اللہ بگردن خود می برند نہ حقوق العباد - اگرچہ باعتبار تعلق انفعالی این حق زکوٰۃ را حق العباد ہم گفتہ باشند - و نیز از احکام این استحقاق اینست کہ خواہ بیکی از مستحقان مال مستحق اداکردہ شود یا بہمہ تفریق دہد بہمہ نہج از عہدہ ادا فارغ می شود -

حال زکوٰۃ خود میدانی کہ رسانیدنش بہر فرد فقراء و مساکین ضرور نیست ورنہ یکی ہم ازین حقوق سبکدوش نشود - و ہمہ نیک و بد شریک گناہ اتلاف حقوق باشند بلکہ درین استحقاق اگر بیک کس ہم حوالہ کنند باکی نیست لیکن مال فیٔ را شنیدی کہ ہم ازین قسم ست - چنانچہ آیت مَا اَفَآءَ اللّٰہُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مِنْ اَھْلِ الْقُرٰی فَلِلّٰہِ وَ لِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰکِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ[1] کہ بدل از آیہ اولی ست و بہمین سبب واو عاطفہ درمیان نیاوردہ اند ، برین مدعا دلالت تام دارد - مفہوم

کا گناہ لے جاتا ہے - گو کہ دوسرے درجے میں بالواسطہ اس کو حقوق اللہ کے ساتھ تعبیر کر سکتے ہیں - اور دوسری قسم کا حکم یہ ہے کہ اہل حق کو تقاضے کی گنجائش نہیں اور نہ انصاف اور حق طلبی کا موقع ہے - جو شخص اس حق کو ادا نہیں کرتا تو حقوق اللہ اس کی گردن پر رہیں گے نہ کہ حقوق العباد - چنانچہ زکوٰۃ نہ ادا کرنے والوں کو جانتے ہو کہ حقوق اللہ اپنی گردن پر لے جاتے ہیں نہ کہ حقوق العباد - اگرچہ انفعالی تعلق کی بنا پر اس حق زکوٰۃ کو حق عباد بھی کہہ سکتے ہوں - نیز اس استحقاق کے احکام میں سے یہ بھی ہے کہ خواہ مال کے حقداروں میں سے اگر کسی ایک کو بھی مال مستحق ادا کر دیا جائے یا سب کو تقسیم کر دیا جائے تو ہر صورت میں ذمہ داری سے بری ہو جائے گا -

تمہیں زکوٰۃ کا حال معلوم ہی ہے کہ ہر ہر فقیر اور مسکین کو اس کا پہنچانا ضروری نہیں ورنہ ان حقوق سے کوئی شخص بھی سبکدوش نہ ہو سکے گا - اور تمام اچھے اور برے لوگ حق تلفیوں کے گناہ میں شریک ہوں گے - بلکہ اس استحقاق میں اگر ایک آدمی کو بھی زکوٰۃ دیدی گئی تو کوئی مضائقہ نہیں ہے - لیکن مال فے[2] کو تم نے سنا ہو گا کہ اسی قسم میں سے ہے - چنانچہ آیت " جو فے اللہ نے اپنے رسول کو بستی والوں سے دلا دیا تو وہ اللہ کے لئے اور رسول کے لئے ، رشتہ داروں کے لئے اور یتیموں ، مسکینوں اور مسافروں کے لئے ہے " - جو کہ پہلی آیت سے بدل ہے اور اسی سبب سے واو عطف کو درمیان میں نہیں لائے - اس مدعا پر پوری

---

[1] پارہ ۲۸ سورہ حشر رکوع ۱ - مترجم

[2] فے کی تعریف اور تشریح اگلے صفحہ پر دیکھیے -

رسول خود بریں قدر دلالۃ دارد کہ فرصت کسب معیشت نیست و مفہوم ذوی القربیٰ نیز باین وجہ کہ مراد اقربا حضرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اند۔ و اقربا را بحکم قرابۃ، بالطبع، اعانۃ یکدیگر خصوصاً فرد اکمل ضرورست۔ یا آنکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ بزرگ و لائق خاندان بودند قیم ایشان بودند۔ و آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم را فرصت نیست، دلالۃ بر ہمیں تہیدستی میکند۔

و آنکہ از آیت اولیٰ وَمَا اَفَآءَ اللّٰہُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَا اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّ لَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وہمی دیگر بخاطر می آید بجای خود نیست بحکم مقدمہ گذشتہ این تسلیط نبوی صلی اللہ علیہ و سلم مبنی بر مالکیت خلافت ست پس این قبضہ را از موجبات ملک تحتانی

دلالت کرتی ہے۔ خود رسول[۱] کا مفہوم اتنی بات کو ظاہر کرتا ہے کہ روزی حاصل کرنے کی انہیں فرصت نہیں ہے اور ذوی القربیٰ کا مطلب بھی اس وجہ سے کہ اس سے مراد حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ دار ہیں اور رشتہ داروں کی قرابت کی وجہ سے طبعی طور پر ایک دوسرے کی مدد خصوصاً فرد اکمل کی ضروری ہے۔ یا یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ اپنے خاندان کے لائق اور بزرگ تھے ان کے متکفل تھے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو روزی حاصل کرنے کی فرصت نہیں ہے، یہ بات بھی اسی خالی ہاتھ ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ اور دوسری پہلی آیت[۲] سے کہ "جو کچھ اللہ نے اپنے رسول کو گاؤں والوں سے مال فے دلایا پس نہیں دوڑائے اس کے لیے تم نے گھوڑے اور نہ اونٹ لیکن اللہ مسلط کرتا ہے اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے" ایک اور خلجان جو دل میں آتا ہے وہ درست نہیں ہے۔ بلکہ گذشتہ تمہید کے مطابق یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا تسلط خلافت[۳] کے باعث مالک ہونے پر مبنی ہے پس اس قبضے

حاشیہ صفحہ ۷۴

[۲] جب کسی جملے میں ایک ہی شخص کو دو طرح بیان کیا جائے جیسے محمود، اشرف کا ذکر تو پہلا لفظ مبدل منہ اور دوسرا بدل کہلاتا ہے۔ اس مثال میں محمود اشرف کا ذکر ہے۔ محمود مبدل منہ اور اشرف کا ذکر بدل ہے۔ ایسے مرکب کو مرکب بدلی کہتے ہیں۔ مبدل منہ اور بدل والے مرکب میں بدل اصل مقصود ہوتا ہے۔ کہنے والے کو محمود کا نام بتانا مقصود نہیں بلکہ اشرف کا ذکر جتانا مقصود ہے۔ اسی طرح مذکورہ بالا آیت مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ پہلی آیت کا بدل ہے۔ پہلی آیت یہ ہے وَمَا اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ الخ گویا اللہ تعالیٰ کا مقصد دوسری آیت کا جو بدل واقع ہوئی ہے بیان کرنا مقصود ہے جس میں مال فے کے حصے بتائے گئے ہیں۔ بدل کو واؤ کے ساتھ عطف کر کے بیان نہیں کیا جاتا جیسا کہ بدل کی اس آیت میں واؤ نہیں ہے۔۔ مترجم

[۳] نبی اللہ کا خلیفہ، اللہ کی طرح مالک ہوتا ہے اس لئے فے کا مال خلیفۃ اللہ ہونے کی حیثیت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملکیت میں شمار ہوگا۔ نہ کہ مرتبہ تحتانی یعنی حاکمانہ حیثیت میں۔۔ مترجم

نباید پنداشت۔ وہمیں ست کہ در آیۂ انفال
یعنی قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ،
ہمہ را از آن خود گفتند و بجا گفتند کہ
فعل خادم و غلام و نوکر تتمہ فعل مولیٰ و
آلہ او میباشد۔ چیزی جداگانہ نباشد
کہ قبل تقسیم ملک اوشاں شمردہ شود۔ دریں
صورت درجملہ مَا اَوْجَفْتُمْ اشارہ
قطع طمع دیگراں باشد و از لٰکِنَّ اللّٰهَ یُسَلِّطُ
اشارۂ اثبات ملک خلافت نہ ملک تحتانی۔
ورنہ معارض آیہ ثانیہ خواہد شد۔ باقی ماند
مفہوم یتامیٰ ومساکین وجہ ناداری اوشاں خود
ظاہر ست۔ ہمچنیں مسافراں را پندار کہ از خویش
وتبار ویاران غمخوار جدا افتادند و اسباب صرف
ہم فراہم۔ بایں ہجوم مصارف وتنہائی اگر
افلاس ومسافر نباشد باز کہ باشد۔

حدیث مرفوع بحوالہ واقدی نزد اکثر محدثین قابل اعتبار نیست

چوں ازیں فارغ شدیم می گوئیم کہ حدیث مرفوع کہ بحوالہ واقدی

کو ملک تحتانی کے موجبات میں سے نہیں گمان کرنا چاہیئے
اور یہی وجہ ہے کہ آیت انفال میں میرا مطلب ہے
"کہہ دیجیئے کہ انفال اللہ اور رسول کے لئے ہیں" تمام
کو اپنی ملکیت سے فرمایا ہے اور بجا فرمایا ہے۔ کیونکہ
خدمتگار، غلام اور نوکر کا فعل آقا کے کام، کا تتمہ اور اس کا
ذریعہ ہوتا ہے۔ جدا کوئی چیز نہیں ہوتی کہ تقسیم سے پہلے ان کی
ملکیت شمار کی جائے۔ اس صورت میں جملہ مَا اَوْجَفْتُمْ
دوسروں کی طمع کے قطع ہو جانے کی طرف اشارہ ہوگا۔ اور
لٰکِنَّ اللّٰهَ یُسَلِّطُ سے خلیفہ ہونے کی حیثیت سے
ملکیت کا اثبات ہے نہ ملک تحتانی کی وجہ سے۔ ورنہ دوسری
آیت کے خلاف معاملہ ہو جائے گا۔ باقی رہ گیا یتیموں اور
مسکینوں کا مطلب تو ان کی تنگدستی خود واضح ہے۔ اسی
طرح مسافروں کو بھی سمجھو کہ وہ اپنوں، خاندان والوں
اور غم میں شریک دوستوں سے جدا ہو گئے ہیں اور خرچ کے
سامان سب موجود ہیں، ان کی کثرت مصارف اور
تنہائی کے سبب اگر افلاس میں وہ نہ گھرے ہوں تو اور کب
مبتلا ہوں گے۔

واقدی کے حوالے سے حدیث مرفوع اکثر محدثین کے نزدیک قابل اعتبار نہیں

جب ہم [illegible] سے فارغ ہو گئے تو ہم کہتے ہیں کہ مرفوع حدیث

لہ حدیث مرفوع کی تعریف شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی نے فتح الملہم شرح مسلم کی جلد اول کے مقدمے میں حسب ذیل الفاظ میں کی ہے:-

المرفوع هو ما اضيف الى النبي صلى الله عليه وسلم من اقواله وافعاله وتقريره سواء اضافه اليه صحابي او تابعي او من بعدهما وسواء اتصل اسناده أم لا۔ (مقدمہ فتح الملہم شرح مسلم جلد اول ص۲۲)

حدیث مرفوع وہ ہے جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال، افعال اور تقریر کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کیا گیا ہو، خواہ کوئی صحابی یا تابعی یا ان دونوں کے بعد کا کوئی اس کو حضورؐ کی طرف منسوب کرے خواہ اس کی سند متصل ہو یا متصل نہ ہو۔ (مترجم)

اشارہ باں کردہ اند اول نزد اکثر محدثین قابل اعتبار نیست کہ منجملہ وضاعین اوشان را شمردہ اند و آنکہ توثیق اوشاں کردہ اند توثیق جملہ رواۃ اوشاں نکردہ اند تا وقتیکہ حال جملہ رواۃ معلوم نشود، نتواں گفت کہ ایں حدیث اوشاں چہ حال

جس کی طرف واقدی[1] کے حوالے سے آپ نے ایس کی طرف اشارہ کیا ہے اول تو اکثر محدثین کے نزدیک اعتبار کے قابل نہیں ہے کہ محدثین نے ان کو جھوٹی حدیثیں گھڑنے والوں میں شمار کیا ہے اور جنہوں نے ان کو قابل اعتماد سمجھا ہے انہوں نے بھی ان کے تمام راویوں کو قابل اعتماد

واقدی کے حالات اور ان کے متعلق مزید تحقیقات[1]

ابو عبد اللہ محمد بن عمر بن واقدی ۱۳۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۰۷ھ میں وفات پائی۔ (میزان الاعتدال ص۲۱۱ جلد۳)
ابن خلکان لکھتے ہیں کہ واقدی سیرت اور مغازی کے امام اور جلیل القدر عالم تھے امام مالکؒ اور سفیان ثوریؒ اور معمر بن راشد اور ابن ابی ذئب کے تلامذہ میں سے تھے۔ واقدی کے شاگردوں میں سے مشہور شاگرد محمد بن سعد صاحب طبقات تھے جو سفیان بن عیینہ کے تلامذہ میں سے تھے۔ (ابن خلکان ۴۶۷)

واقدی کے بارے میں محدثین کے مختلف اقوال ہیں۔ امام شافعیؒ اور امام احمدؒ نے واقدی کو کذاب اور ان کی کتابوں کو کذب بتلایا ہے۔ امام بخاریؒ اور ابو حاتم نے متروک الحدیث کہا ہے۔ علی بن المدینی اور نسائی نے ان کو واضع الحدیث کہا ہے اور ائمہ حدیث کی ایک جماعت نے کہا ہے کہ واقدی ضعیف ہیں کاذب نہیں۔ یحییٰ بن معین کہتے ہیں کہ واقدی ثقہ نہیں۔ دارقطنی کہتے ہیں فیہ ضُعْفٌ یعنی واقدی میں کچھ ضعف ہے۔ علماء کی ایک قلیل جماعت نے واقدی کی توثیق کی ہے اور ان کو ثقہ بتلایا ہے۔ یزید بن ہارون کہتے ہیں کہ واقدی ثقہ ہے۔ ابو عبید اور ابراہیم حربی نے بھی ان کی توثیق کی ہے۔ دراوردی کہتے ہیں کہ واقدی امیر المومنین فی الحدیث ہیں۔ حافظ ابن حجر فتح الباری میں لکھتے ہیں:

"وقد تعصب مغلطائی للواقدی فنقل کلام من قواه ووثقه و سکت عن ذکر من وهاه واتهمه وهم اکثر عددا واشد اتقانا و اقوی معرفة به من الاولین ومن جملة ما قواه به ان الشافعی روی عنه وقد اسند البیهقی عن الشافعی انه کذبه۔"

حافظ مغلطائی نے واقدی کی حمایت میں تعصب سے کام لیا ہے کہ جن لوگوں نے واقدی کو ثقہ اور قوی بتلایا ہے ان کا کلام تو نقل کر دیا اور جن لوگوں نے واقدی کو کمزور اور متہم قرار دیا ہے ان کے ذکر سے مغلطائی نے سکوت کیا۔ حالانکہ واقدی پر جرح کرنے والے توثیق کرنے والوں سے عدد میں بھی زیادہ ہیں اور ضبط اور اتقان اور علم اور معرفت میں بھی ان سے بڑھے ہوئے ہیں اور واقدی کی دلائل تقویت میں یہ پیش کیا ہے کہ امام شافعی نے ان سے روایت لی ہے حالانکہ بیہقی نے اپنی سند کے ساتھ امام شافعی سے یہ نقل کیا ہے کہ امام شافعی واقدی کو کاذب بتلاتے تھے۔

یہ تمام اقوال جو ہم نے نقل کئے ہیں وہ حافظ ذہبی نے میزان الاعتدال میں ص۱۱۰ جلد سوم میں بیان کئے ہیں اور ذہبی لکھتے ہیں واستقر الاجماع علی وهن الواقدی یعنی واقدی کے کمزور ہونے پر اجماع ٹھہر گیا ہے۔ **فیصلہ:۔** لہٰذا واقدی کے بارے میں راجح قول یہ ہے کہ واقدی ضعیف ہے۔ اور اس کا وہی حکم ہے جو ضعیف راوی کی روایت کا حکم ہوتا ہے۔

وارد صحیح ست یا ضعیف۔ بسیاری از مرویات ائمہ حدیث مثل ترمذی و ابن ماجہ و ابوداؤد خود بشہادت اوشاں ضعیف ست تا بواقدی کہ بجلالت قدر اوشاں نخواہد رسید، چہ رسد آرمی بعض احادیث موقوفہ متضمن ایں قسم از حضرت عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) در بعض صحاح آمدہ اند۔ اول نقل آں احادیث میکنم باز کشف شبہ مسطورہ مینمایم۔

در مشکوٰۃ در باب فیٔ از بخاری و مسلم آوردہ عن مالك بن اوس بن الحدثان قال قال عمر بن الخطاب اِنَّ اللّٰهَ قَدْ خَصَّ رَسُوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الْفَيْءِ بِشَيْءٍ لَمْ يُعْطِهٖ اَحَدًا غَيْرَهٗ ثُمَّ قَرَأَ مَا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ اِلٰى قَوْلِهٖ قَدِيْرٌ فَكَانَتْ هٰذِهٖ خَالِصَةً لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنْفِقُ عَلٰى اَهْلِهٖ نَفَقَةَ سَنَتِهِمْ مِنْ هٰذَا الْمَالِ ثُمَّ يَأْخُذُ مَا بَقِيَ فَيَجْعَلُهٗ مَجْعَلَ مَالِ اللّٰهِ متفق علیہ

نہیں سمجھا جب تک کہ تمام راویوں کا حال معلوم نہ ہو جائے، نہیں کہا جا سکتا کہ ان کی یہ حدیث کیا درجہ رکھتی ہے۔ صحیح[5] ہے یا ضعیف[6] ہے۔ ائمہ حدیث کی بہت سی روایتیں مثلاً ترمذی[1]، ابن ماجہ[2] اور ابوداؤد[3] کی ان کے اپنے قول کے مطابق ضعیف ہیں تو پھر واقدی کہ ان کی جلالت شان کی برابری کو نہیں پہنچ سکتے کیا حیثیت رکھتے ہیں۔ ہاں بعض موقوف[4] حدیثیں حضرت عمرؓ سے اس قسم کے مضامین سے متعلق بعض صحیح حدیثوں کی کتابوں میں آئی ہیں۔ تو میں پہلے ان حدیثوں کو نقل کرتا ہوں۔ اس کے بعد پھر تمہارے لکھے ہوئے شبہ کا ازالہ کروں گا۔

مشکوٰۃ کے فے کے باب میں بخاری اور مسلم سے حسب ذیل روایت نقل کی گئی ہے۔ "مالک بن اوس بن الحدثان سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ عمر بن خطاب نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اس فے کے مال میں ایک خاص حق دیا ہے جو کسی اور کو نہیں دیا ہے پھر مَا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ کی آیت آخر تک یعنی قدیر تک پڑھی پس اس بنا پر یہ اموال فے خالص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہو گئے کہ وہ اپنے اہل و عیال پر سال بھر کا خرچ اس مال میں سے عطا کریں اور جو بچے اسے خود ہی لے لیں اور اللہ کے

---

[1] ترمذی۔ امام ترمذی، ترمذ ترکستان میں پیدا ہوئے۔ آپ کی حدیث کی کتاب جامع ترمذی حدیث کی چھ صحیح کتابوں میں سے ایک ہے۔ آپ کا نام امام محمد بن عیسیٰ ہے۔ سنہ ۲۷۹ھ میں وفات پائی۔ مترجم

[2] ابن ماجہ۔ امام محمد بن ماجہ۔ شمالی ایران کے شہر قزوین میں پیدا ہوئے۔ سنہ ۲۷۳ھ میں وفات پائی۔ آپ کی کتاب ابن ماجہ صحاح ستہ میں سے ایک ہے جس میں چار ہزار حدیثیں ہیں۔ مترجم ——— [3] ابوداؤد اپنے زمانے کے سب سے بڑے محدث۔ سنہ ۲۰۲ھ میں پیدا ہوئے۔ سنہ ۲۷۵ھ میں وفات پائی۔ آپ کی کتاب صحاح ستہ میں سے ایک ہے جس میں ۴۸۰۰ حدیثیں ہیں۔ مترجم ——— [4] موقوف حدیث آں حضرتؐ کا وہ قول یا فعل ہے جو کسی صحابی سے روایت کیا جائے۔ (مقدمہ مظاہر حق جلد اول صفحہ ۱۵) ——— [5] حدیث صحیح وہ حدیث ہے جس کی سند راوی سے لے کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک مسلسل و متصل ہو اور کوئی راوی درمیان میں چھوٹ نہ گیا ہو، اس حدیث کے سب راوی سچے، یاد کے پکے اور روایت کے خلاف اسباب طعن و اعتراض نہ رکھتے ہوں۔ (مقدمہ مظاہر حق) ——— [6] حدیث ضعیف وہ ہے جس کے راویوں میں سے کوئی جھوٹا یا فاسق یا کسی اور طرح مطعون ہو۔ (مقدمہ مظاہر حق جلد اول)

و حدیث دیگر نیز از بخاری و مسلم در مشکوٰۃ درہمان باب آوردہ :-

وَعَنْ عُمَرَ قَالَ كَانَتْ اَمْوَالُ بَنِي النَّضِيْرِ مِمَّا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِمَّا لَمْ يُوْجِفِ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَيْهِ بِخَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ فَكَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً يُنْفِقُ عَلٰى اَهْلِهٖ نَفَقَةَ سَنَتِهِمْ ثُمَّ يَجْعَلُ مَا بَقِيَ فِي السِّلَاحِ وَالْكُرَاعِ عُدَّةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ متفق علیہ

ازیں دو حدیث ظاہر بیناں را وہم مالکیۃ معروفہ بنسبت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم بدل می آید مگر آنانکہ نظر بر مقدمات مذکورہ انداختہ اند میدانم کہ انشاء اللہ العزیز ہرگز گرفتار ایں وہم نخواہند شد و لفظ خالصہ یا خاصہ راکہ دریں دو حدیث قبل از تامل موہم ایں وہم می شوند و ہمدیگر سوابق و لواحق ایں مفہوم را کہ دریں دو حدیث مؤید وہم مذکورند بر محل دیگر خواہند نشاند۔

تفصیل اجمال تفصیل ایں اجمال آنکہ ایراد لفظ فَلِلّٰهِ در خمس و در آیۃ ثانیہ بدیں جانب مشیر ست کہ دریں قسم

مال کی جگہ خرچ کریں۔ یہ حدیث بخاری اور مسلم دونوں کی متفقہ روایت ہے۔

اور دوسری حدیث اسی مضمون کی، بخاری اور مسلم سے مشکوٰۃ کے اسی باب فیے میں لائے ہیں:-

عمرؓ سے روایت ہے، انہوں نے فرمایا کہ بنی نضیر (قبیلے) کے اموال ان میں سے تھے کہ فیے کے طور پر اللہ نے اپنے رسولؐ کو دیئے۔ اور یہ ان مالوں میں سے تھے کہ جن کے لئے مسلمانوں نے گھوڑے اور اونٹوں کو حرکت نہیں دی۔ پس یہ مال خاص طور پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مخصوص تھے کہ اپنے اہل پر سال بھر کے نفقہ کے لئے خرچ کریں۔ پھر جو (مال خرچ سے) بچے وہ ہتھیاروں اور گھوڑوں اور جہاد فی سبیل اللہ کی تیاری میں خرچ کریں۔ بخاری اور مسلم کی متفقہ روایت۔

ان دو حدیثوں سے ظاہری نظر رکھنے والوں کو سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق ان اموال کی متعارف مالکیت کا وہم دل میں آجاتا ہے۔ لیکن جن لوگوں نے مذکورہ تمہیدی مضامین پر نظر ڈالی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ انشاء اللہ اس وہم میں ہرگز گرفتار نہ ہوں گے۔ اور لفظ خالصہ یا خاصہ جو ان دونوں حدیثوں میں غور کرنے سے پہلے اس وہم کو پیدا کرنے کے موجب ہیں اور اس مفہوم کے اول و آخر کو جو کہ ان دونوں حدیثوں میں مذکورہ وہم کی تائید کرتے ہیں ان کو دوسرے محل پر چسپاں کریں گے۔

اجمال کی تفصیل اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ آیت خمس اور دوسری آیت میں فَلِلّٰهِ کا لفظ لانا اس طرف اشارہ کر رہا ہے کہ

اموال شرکت خداوندی زیادہ ازان ست کہ
ندجلہ اموال از بعض مقدمات دریافتہ۔
مگر در تعین حصہ خداوندی نظر اہل علم
مختلف افتاد۔

بعضے بدین جانب رفتند کہ این اموال
را بر شش حصہ تقسیم کردہ آید۔
۱- یکی بنام خداوند عالم
۲- دوم بنام سیدالانبیا صلی اللہ علیہ
وسلم
۳- باقی سہام بنام شریکان دیگر حصہ ہر
شریک باو باید سپرد

وحصۂ خداوندی در بنای کعبہ ومساجد
صرف باید کرد۔ مگر آنکہ نظر باریک بین وعقل
مرتبہ شناس دارند بایں تقسیم راضی نشدند۔ کہ
اندریں صورت استحقاق فعلی وانفعالی برابر شد
ومالک حقیقی را بر مالکان مجازی فضیلتے
وفوقیتی نہ برآمد۔

ازمقدمات سابقہ دریافتہ کہ ملک خداوند
مالک الملک اصل ہمہ املاک ست ومیدانی کہ بخشش
ہمیں اعطاء وجود ست کہ ازموجبات استحقاق فعلی
ازہمہ بالاست۔ چہ اگر بر دادودہش نظر کنند عطاء
زیادہ ازیں چہ باشد کہ وجود عطا کردند۔

اس قسم کے اموال میں خدا کی شرکت اس شرکت
سے زیادہ ہے جو بقیہ تمام اموال میں بعض دلائل
سے تم معلوم کر چکے ہو۔ لیکن حصہ خداوندی کے تعین میں
اہل علم کی نظر مختلف واقع ہوئی ہے۔

بعض علماء اس طرف گئے ہیں کہ ان اموال
کو چھ حصوں میں تقسیم کیا جانا چاہیئے۔
۱- ایک خداوند جہاں کے نام پر
۲- دوسرا سیدالانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم
کے نام پر۔[1]
۳- باقی حصے دوسرے شرکاء کے نام پر
کہ ہر شریک کو اس کا حصہ دیدینا چاہیئے۔

اور خدا کا حصہ کعبہ اور مسجدوں کی تعمیر میں
صرف کرنا چاہیئے۔ لیکن جو شخص باریک بین نظر اور
مرتبہ شناس عقل رکھتے ہیں وہ اس تقسیم سے راضی نہیں
ہوئے۔ کیونکہ اس صورت میں فعلی[2] اور انفعالی
استحقاق برابر ہوگیا اور اصلی مالک کو مجازی مالکوں
پر کوئی برتری اور بلندی نہیں رہی۔

گذشتہ تمہیدی مضامین سے تم نے سمجھ لیا ہے کہ خدائے
مالک الملک کی ملک، باقی تمام املاک کی بنیاد ہے اور
تم جانتے ہی ہو کہ اس کی وجہ یہی وجود کا عطا کرنا ہے کہ
کہ فعلی استحقاق کے موجبات میں سب سے بالاتر ہے،
کیونکہ اگر خدا کی دادودہش پر نظر ڈالیں تو اس سے زیادہ

---

[1] یعنی ایک حصہ اللہ تعالیٰ کا، دوسرا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا، تیسرا ذوی القربیٰ کا، چوتھا یتیموں کا، پانچواں مساکین کا اور
چھٹا مسافرین کا جیسا کہ آیت سے واضح ہے۔ مترجم

[2] فاعلی اور فعلی، انفعالی اور مفعولی استحقاق کی دو قسمیں گذشتہ صفحات اور حواشی میں تشریح کے ساتھ بیان ہو چکی ہیں،
وہاں ملاحظہ فرمائیے۔ مترجم

اعطاء مبیع و اجرت با و نسبتی ندارد۔ و اگر بقبض نظر افگنند قبضی بالا ازیں نیست کہ موصوف بالذات را بر اوصاف ذاتیہ خود باشد، یک لحظہ و یک لمحہ انفصال ممکن نیست تا گویند کہ از دست او توان ربود

غرض نہ دیگر موجبات استحقاق فعلی باستحقاق فعلی خداوند مالک الملک میرسند و نہ قبض دیگراں بہ قبض خداوندی نسبتی دارد۔ نظر بریں تقسیم مذکور ہمہ ہیچ بے معنی ست۔ چہ اگر باعتبار استحقاق فعلی ست ہمہ ازاں او تعالی ست۔ واگر باستحقاق انفعالی ست نعوذ باللہ۔ پس ہمہ میدانند کہ او تعالی منزہ ازاں است ۔ بناء ایں استحقاق عدم غنا و احتیاج ست کہ تصور آں نیز دراں بارگاہ مقدس از محالات ست۔

بایں ہمہ اگر در صرف حصہ خداوندی در تعمیر بیت اللہ و دیگر مساجد نظر بر انتساب بیت اللہ بجانب او تعالی ست سبیل اللہ و عبادۃ ہم بداں جانب منسوب ست بلکہ انتساب عبادت بسوی او تعالی اول و اقدم ست از انتساب بیت اللہ و مساجد۔ چہ منشای ایں انتساب ہم ہموں عبادۃ افتادہ۔ پس اندریں صورت حصہ دیگر شرکاء ہم حصہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہم بصرف خدا تعالی می آید۔ چہ خصوص

اس کی اور کیا بخشش ہوگی کہ اس نے ہمیں پیدا کیا۔ کسی اجرت اور بہ فروخت کی ہوئی چیز کا معاوضہ خدا کی اس وجود کی دی ہوئی نعمت کے مقابلے میں کچھ نہیں ہے۔ اگر قبضے پر نظر کریں تو اس سے بڑھ کر اور کوئی قبضہ نہیں جو کہ موصوف بالذات کو اپنے ذاتی اوصاف پر ہوتا ہے وہ قبضہ ایک لمحے اور ایک لحظے کے لئے بھی جدا ہونا ممکن نہیں کہ لوگ کہیں کہ اس کے ہاتھ سے چھینا جا سکتا ہے۔

غرض یہ ہے کہ نہ تو استحقاق فعلی کی واجب کرنے والی چیزیں خدائے مالک الملک کے فعلی استحقاق کی برابری کر سکتی ہیں اور نہ دوسروں کا قبضہ خدا کے قبضے سے کوئی نسبت رکھتا ہے۔ بنابریں مذکورہ تقسیم ہر لحاظ سے بے معنی ہے۔ کیونکہ اگر استحقاق فعلی کے اعتبار سے ہے تو یہ سب اس خداوند تعالیٰ کی ملکیت ہے اور اگر نعوذ باللہ انفعالی استحقاق کی وجہ سے ہے تو سب لوگ جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ انفعالی استحقاق سے پاک ہے (جو کسی کے طفیل میں حاصل ہو) کیونکہ اس انفعالی استحقاق کی بنیاد فقر اور احتیاج پر ہے کہ اس کا تصور کرنا بھی اس مقدس بارگاہ میں محال ہے۔

ان تمام باتوں کے باوجود اگر خداوند تعالیٰ کے حصے کو بیت اللہ اور دوسری مسجدوں کی تعمیر میں خرچ کرنے کے بارے میں نگاہ اس طرف ہو کہ بیت اللہ، اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب ہے تو سبیل اللہ اور عبادت بھی تو اسی طرف منسوب ہے۔ بلکہ عبادت کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف بیت اللہ اور دیگر مساجد کی نسبت سے زیادہ مقدم اور اول ہے۔ کیونکہ بیت اللہ کے اس تعلق کا اصل سبب وہی عبادت ہے پس اس صورت میں دوسرے شرکاء کا حصہ بھی خصوصاً نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ بھی خدا تعالیٰ کے صرف میں آجاتا ہے

مال بعباد بغرض عبادت ست - چنانکه دانستی - باقی اگر کسی در ہوا و ہوس خراب کند، در تعمیر خانۂ کعبہ و مساجد ہم احتمالات دیگر موجود اند - قصۂ اقامت نصب و بتان بزمان جاہلیت دران مکان جنت توامان ہمہ شنیدہ باشند - نظر برین محققان امت ہمہ را از آنِ خدا داشتند و لفظ فَلِلّٰہِ را برین محل فرود آوردند و تکریر لام علاوہ آنکہ گفتم شاہد دیگر بہر این مطلوب دیدند و ہمین طور از توسیط فَلِلرَّسُوْلِ مابین فَلِلّٰہِ وَلِذِی الْقُرْبٰی الخ بدو معنی پی بردند - یکی آنکہ از لام لِلرَّسُوْلِ یعنی از لام متوسط کہ برلفظ رسول ست توسط نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مابین خدا و بندگانش بہ برزخیت کبری و توسط آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بطوریکہ گفتہ ام پی بردہ مالکیت خلافت برای آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مسلم داشتند - بلکہ از لفظ رسول نیز اول ہمین معنی اشارہ یافتند - زیراکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نائب و فرستادہ او تعالی

کیونکہ بندوں کو مال دینا عبادت کی غرض سے ہے جیساکہ تم جان چکے ہو - باقی اگر کوئی شخص ہوا[1] اور ہوس میں مال خراب کرے تو خانۂ کعبہ اور مسجدوں کی تعمیر میں بھی عبادت کے علاوہ اور دوسرے احتمالات[2] موجود ہیں - زمانۂ جاہلیت میں بتوں کا اس مکان جنت نشان میں رکھنا سب نے ہمیشہ سنا ہوگا اس پر نظر رکھتے ہوئے امت کے محققین نے سبھی کو خدا کی ملکیت قرار دیا اور لفظ فَلِلّٰہِ کو اسی معنی پر محمول کیا اور لام کے دوبارہ لانے کو اس کے علاوہ جو میں نے کہا ہے ایک دوسرا گواہ[3] اس مطلوب کے لئے سمجھا اور اسی طرح سے فَلِلّٰہِ اور وَلِذِی الْقُرْبٰی کے درمیان فَلِلرَّسُوْلِ کو لانے سے محققین نے دو معنی سمجھے ہیں - ایک یہ کہ لِلرَّسُوْلِ کے لام سے یعنی اس لام سے جو لِلرَّسُوْلِ کے لفظ پر درمیان میں آیا ہے، خدا اور اس کے بندوں کے درمیان نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا واسطہ ہونا بربنائے برزخیت[4] کبری (یعنی واسطۂ عظمی) اور جس طرح پر کہ میں نے آنحضورؐ کا واسطہ ہونا بیان کیا ہے اس کو سمجھ کر خلیفۃ اللہ کی حیثیت سے آنحضرتؐ کا مالک الملک ہونا محققین نے تسلیم کرلیا بلکہ لفظ رسول

---

[1] اگر کوئی خواہشات نفس یعنی عیاشی میں روپیہ خرچ کرے حالانکہ مال عبادت کے لئے دیا گیا تھا تو وہ مال خلاف مصرف ہوگا - مترجم

[2] یعنی خانۂ کعبہ کو بتوں کے رکھنے کے واسطے یا مسجدوں کو بدعات کے لئے بنائے تو ان میں بھی احتمالات ہوا و ہوس موجود ہیں - یا جیساکہ مسجد ضرار مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے کے لئے حضورؐ کے زمانے میں بنائی گئی تھی - مترجم

[3] پہلا گواہ ہمارا استحقاق فعلی کا بیان اور دوسرا لام کو مکرر لانا گواہ ہے - مترجم

[4] برزخیت کبریٰ کے متعلق ہم پہلے بیان کرچکے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے بندوں کے درمیان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک بڑا واسطہ یا ذریعۂ عظمیٰ ہیں - مترجم

بجانب بندگان ست - و پیداست کہ رسول ص را توسط فیما بین مرسل و مرسل الیہ ضروری ست - چنانچہ لفظ اطیعوا کہ برسر این لفظ در مواقع دیگر نہادہ اند شرح این مقصود بوجہ اتم فرمودہ -

دوئم بدلالت التزامی بعدم فراغت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم متنبہ شدہ از استحقاق انفعالی اوشان متنبہ و خبردار شدند - چہ اطلاق لفظ رسول بر این معنی گواہ است کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم شب و روز مصروف این کار بودند و فرصت تحصیل سرمایہ قضاء حوائج خود نمی داشتند - الغرض این لفظ بدو معنی دلالت

سے بھی محققین نے اول اسی معنی کی طرف اشارہ پایا ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس اللہ تعالیٰ کے نائب اور بندوں کی طرف اس کے بھیجے ہوئے ہیں - اور یہ بات صاف ہے کہ رسول ص کو خدا اور بندے کے درمیان واسطہ بنانا ضروری ہے جیسا کہ لفظ اطیعوا[1] کہ اس لفظ رسول کے اول میں دوسرے مقامات میں رکھا ہے، اس مقصد کی شرح پورے طور پر کرتا ہے -

دوسرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تبلیغ نبوت کے باعث عدیم الفرصتی سے محققین دلالت[2] التزامی کے ذریعہ آگاہ ہوکر آنحضور ص کے انفعالی استحقاق سے متنبہ اور خبردار ہوئے - کیونکہ رسول ص کے لفظ کا بولا جانا اس بات کا ثبوت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ رات دن اس کام میں مصروف تھے اور اپنی ضروریات کے پورا کرنے کے لئے سرمایہ حاصل کرنے کی فرصت نہ رکھتے

---

[1] اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ میں اللہ کے نام کے اول میں اَطِیْعُوْا کا لفظ ہے ٹھیک اسی طرح رسول کے اول میں بھی مستقل طور پر علیحدہ اَطِیْعُوْا لفظ رکھا گیا ہے جس سے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی وساطت کی تائید ہوتی ہے - مترجم

[2] دلالت کے لفظی معنی ارشاد یعنی راہ دکھلانے کے ہیں لیکن علم منطق میں ایک چیز کے جاننے سے دوسری چیز کے جاننے کو دلالت کہتے ہیں جیسے دھوئیں سے آگ کا علم ہونا - اس دلالت لفظیہ وضعیہ کی تین قسمیں ہیں (۱) دلالت مطابقی (۲) دلالت تضمنی (۳) دلالت التزامی - یوں تو دلالت کی کل چھ قسمیں بن جاتی ہیں لیکن منطقی مذکورہ تین دلالتوں سے بحث کرتے ہیں - الغرض دلالت مطابقیہ وہ دلالت کہلاتی ہے کہ جس میں لفظ اپنے تمام معنی موضوع لہ پر صادق آئے - جیسے انسان کی دلالت حیوان ناطق پر - (۲) دلالت تضمنی اس دلالت کو کہتے ہیں جس میں لفظ اپنے معنی موضوع کے جیسے انسان صرف حیوان یا صرف ناطق پر بولا جائے حالانکہ انسان کا لفظ پورے حیوان ناطق کے لئے بنایا گیا ہے لیکن یہاں اس سے صرف ایک جزء مراد لیا گیا ہے یعنی حیوان یا ناطق - (۳) تیسرے دلالت التزامی یہ وہ دلالت ہوتی ہے کہ لفظ نہ تو ان پورے معنی پر بولا جائے جس کے لئے وہ بنایا گیا ہے اور نہ اس کے جزء پر بولا جائے بلکہ ایک ایسے معنی پر بولا جائے جو خارج ہوں اور جس معنی کے لئے وہ بنایا گیا ہے اس کے لئے وہ خارجی معنی ضروری ہوں جیسے انسان بول کر نہ تو حیوان ناطق مراد لیں اور نہ صرف حیوان اور نہ صرف ناطق بلکہ انسان بول کر کاتب مراد لیں یا ضاحک (ہنسنے والا) (مرقات ص۹) مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا مقصد بھی یہاں دلالت التزامی کے طور پر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا استحقاق انفعالی ثابت کرنا ہے - مترجم

دارد و برزخیۃ مشارٌ الیہا را مستحکم میگرداند۔
چہ بدلالۃ این لفظ از ہر دو طرف حکمی رسیدہ
می بینیم۔ و میدانی کہ مفاد برزخیۃ ہمین ست
و بس کہ بہر دو جانب مناسبتی داشتہ باشد

شبہ و ازالۂ آں

و ازین تقریر آں خلجان ہم از سینہ برآمدہ
باشد کہ باستماع اینکہ استحقاق اصناف مندرجہ
این آیت استحقاق انفعالی ست بدلت خطور
کردہ باشد یعنی بہر استحقاق انفعالی اول تحقق
مالکان باستحقاق فعلی ضرورست۔ و وجہ اندفاع
این خلجان اینست کہ بایراد لفظ فَلِلّٰہِ اشارہ
باین معنی فرمودہ اند کہ مستحق فعلی درین اموال
خداوند ذو الجلال ست تو گوئی چنانکہ در اوقاف
عباد موافق رائے ابوحنیفہ رح اصل شئ موقوف
مملوک واقف باشد و منافع را تصدق
کردہ باشند۔ اینجا مالک اصل خدا تعالیٰ
خود را داشتہ، اصناف باقیہ را مصرف
منافع مقرر فرمود و این کہ این اصناف
مصرف منافع اند نہ مصرف اصل مال حالانکہ
استحقاق انفعالی چنانکہ در مستحقان فئ یافتہ میشود
ہمچناں در مستحقان زکوٰۃ ہم یافتہ می شود۔ و میدانی
کہ مستحقان زکوٰۃ بلکہ مستحقان اوقاف ہم پس از
عطاء مالک قدر عطا میگردند۔ و جہش ہمین ست

تھے۔ الغرض یہ لفظ دو معنی پر دلالت کرتا ہے اور مذکورہ
وساطت کو پختہ بنا دیتا ہے۔ کیونکہ اس لفظ کی دلالت کے
دونوں طرف سے مجھے ایک حکم پہنچا ہوا نظر آرہا ہے اور
تمہیں معلوم ہے کہ برزخیت کا مطلب یہی ہے اور بس کہ
دونوں جانبوں سے کوئی مناسبت پائی جاتی ہو۔

شبہ اور اس کا ازالہ

اور اس تقریر سے وہ شک بھی دل سے نکل گیا
ہوگا جو یہ سن کر کہ اس آیت کے ماتحت داخل لوگوں کا
استحقاق، انفعالی استحقاق ہے تمہارے دل میں گذرا ہوگا۔
یعنی انفعالی استحقاق کے لئے سب سے پہلے فعلی استحقاق
رکھنے والے مالکوں کا پایا جانا ضروری ہے۔ اور اس شبہ
کے دور ہونے کی صورت یہ ہے کہ فَلِلّٰہِ کا لفظ لاکر
اس معنی کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ ان اموال کا فعلی حقدار
خدائے ذوالجلال ہے۔ یوں سمجھو کہ جس طرح بندوں کے
مقرر کردہ اوقاف میں امام ابوحنیفہ رح کی رائے کے مطابق
اصل وقف کی گئی چیز، وقف کرنے والے کی ملکیت میں
ہوتی ہے اور اس کے منافع کو صدقہ کر دیا جاتا ہے۔
یہاں پر خداوند تعالیٰ نے اصلی مالک اپنے آپ کو رکھ کر
باقی اقسام ذوالقربیٰ، یتامیٰ اور مساکین وغیرہ کو منافع
کا مصرف قرار دیا۔ اور یہ بات کہ یہ اصناف (ذوی القربیٰ
وغیرہ) نفع[1] کے حقدار ہیں کہ اصل مال کے۔ حالانکہ انفعالی
استحقاق جیسا کہ فے کے مال کے مستحقین میں پایا جاتا ہے۔
اور تمہیں معلوم ہے کہ زکوٰۃ کے مستحق بلکہ اوقاف کے
اموال کے مستحق بھی عطا کئے جانے کے بعد بقدر عطا کے

---

[1] مطلب یہ ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر ذوی القربیٰ وغیرہ مستحقین، اموال کے ذاتی طور پر مالک نہیں ہیں بلکہ ان کے منافع سے
فائدہ اٹھانے کے حقدار ہیں۔ مترجم

که در ایراد لفظ فَلِلّٰهِ تعبیه فرموده اند۔
غرض اگر این چنین نکنند ایراد این لفظ محض
بیکار باشد۔ چه این هم نتوان گفت که
اوصاف عرضیه اگر بجهتی مضاف بسوی
معروض می شوند بجهتی مضاف الی الموصوف
بالذات هم باشند۔ وبدین جهت لفظ فَلِلّٰهِ
را آورده، بعده بیان مصارف کرده اند۔
زیرا که این مالکیت خدا تعالیٰ مخصوص باین
مال نبود۔ پس چه ضرورت افتاد که درینجا
بالتخصیص ذکر بمیان آوردند۔ اگر در خمس
ذکر فرموده بودند در غنیمت نیز همین سان
ذکر می فرمودند و اگر جمله قُلِ الْاَنْفَالُ
لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ بهر همین غرض بگوش
سامعان رسانیده اند باز ایراد این لفظ
در خمس بیکار بود۔ وقتیکه همه غنائم را ازان
خود گفته خمس که حصه ازان ست خود ازان
او تعالیٰ گردید۔ علاوه برین در مواضع
کثیره بارشادات وَلِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ واشباه ذالک این عقیده را
خود مستحکم کرده بودند۔ باین اهتمام این
ذکر موجه نتوان شد۔ معهذا تقاریر یکه
درج هدیة الشیعه کرده ام نیز ان شاء الله
برین امر گواه عادل اند و نیز بعض احادیث هم
به سیاق دیگر آورده اشاره باین معنی خواهم
کرد ان شاء الله۔

بالجمله از لفظ خاصه و خالصه و دیگر الفاظ
مثل لَمْ يُعْطِهِمْ اَحَدًا وغیره که ظاهر بینان را

مالک ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ لفظ فَلِلّٰهِ
کے لانے میں پوشیدہ رکھی ہے۔ غرض اگر یہ معنی نہ کریں گے
تو اس لفظ کا لانا بیکار محض ہو جائے گا کیونکہ یہ بھی نہیں کہا جا سکتا
کہ عرضی اوصاف اگر ایک حیثیت سے معروض کی طرف
منسوب ہوتے ہیں تو دوسری حیثیت سے موصوف بالذات
کی طرف بھی منسوب ہوتے ہیں۔ اور اسی لحاظ سے لفظ
فَلِلّٰهِ کو لایا گیا ہے اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے مصارف
کا بیان کر دیا ہے کیونکہ خداوند تعالیٰ کی یہ مالکیت خاص اس مال
کے ساتھ مخصوص نہ تھی۔ پھر کیا ضرورت پیش آئی کہ اس
جگہ خاص طور پر اپنا ذکر درمیان میں لاتے۔ اگر خمس میں
ذکر فرمایا تھا تو غنیمت میں بھی اسی طرح ذکر فرماتے اور اگر جملہ
"کہہ دیجئے کہ انفال اللہ اور رسول کے لئے ہیں" اسی غرض
کے لئے سننے والوں کے کان میں ڈالا ہے تو پھر اس لفظ کا خمس
کے بیان میں لانا بے فائدہ تھا کیونکہ جب تمام غنیمت کے اموال
کو اپنی ملک قرار دیدیا تو خمس جو کہ اسی کا ایک حصہ ہے
خود بخود اللہ تعالیٰ کی ملکیت بن گیا۔ اس کے علاوہ بہت
سے مواقع میں "اور اللہ ہی کے لئے ہے جو کچھ کہ آسمانوں
اور زمین میں ہے" کے ارشادات اور اسی طرح دوسری
آیات کے مطابق اس عقیدے کو خود پختہ کر دیا تھا۔ اس
وجہ سے اس ذکر کے اہتمام کی کوئی وجہ نہیں نکل سکتی۔
اس بات کے ساتھ ساتھ جو تقریریں کہ میں نے "ہدیۃ الشیعہ"
میں بیان کی ہیں وہ بھی ان شاء اللہ اس بات پر منصف گواہ
ہیں۔ اور نیز بعض احادیث بھی دوسرے بیان کے ذیل
میں لا کر اس معنی کی طرف میں ان شاء اللہ تعالیٰ اشارہ
کروں گا۔

الغرض لفظ خاصۃ اور خالصۃ اور
دوسرے الفاظ مثلاً لَمْ يُعْطِهِ اَحَدًا "وغیرہ سے کہ

وہم مذکور بخاطر می نشیند از مغالطہ نظر سرسری ست
یا بدایت وہم ورنہ خود میدانی کہ ایں الفاظ مخصوص
بملک و موضوع بہر مالکیۃ نیستند۔ تاچار و ناچار
پای عقل را شکستہ در پی وہم مذکور روند۔

ایں الفاظ باعتبار معانی مطابقیۃ موضوعہ
لہا ازیں محمل متبادر عام اند و عام را قبل
دلالت دلائل مخصصہ بر محمل خاص فرود آوردن
کار کسانی ست کہ وہم را از سر نشناسند۔ خود
میدانی کہ خصوص و اختصاص وخلوص از دو قسم
استحقاق عام ست و بہر دو قسم ارتباط دارد۔
میتوان گفت کہ زکوٰۃ مخصوص بہر فقرا و
مساکین وغیرہم اصناف معلومہ ست۔ اغنیا
را دراں حقی و استحقاقی نیست۔ علیٰ ہذا القیاس
اموال فیٔ خاص بہر اصناف مندرجہ آیۃ
مَا اَفَآءَ اللّٰہُ ست۔ اغنیا را دراں
مداخلت نمیرسد۔ چنانچہ خود بجملہ کَیْلَا یَکُوْنَ
دُوْلَۃً بَیْنَ الْاَغْنِیَآءِ مِنْکُمْ بایں جانب
اشارہ فرمودند۔ اکنون تجسس مخصصات باید
کرد۔ تاکہ اگر بہم رسند فبہا ورنہ ایں کلام مجمل
باشد۔ چہ دو محمل متضاد بیکدم مراد نتواں شد
تا عام گفتہ باطمینان بنشینند۔ مگر چوں تلاش
مخصصات کردیم بشہادۃ مقدمات گذشتہ

سطحی نظر رکھنے والوں کے دل میں مذکورہ وہم پیدا ہوتا
ہے تو وہ سرسری نظر کی غلطی کے باعث ہے یا ظاہری
وہم کے سبب۔ ورنہ تمہیں خود معلوم ہے کہ یہ الفاظ ملکیت
کے لئے خاص اور مالکیت کے لئے نہیں بنائے گئے ہیں۔
کہ مجبور ہو کر عقل کے پاؤں کو توڑ کر مذکورہ وہم کے پیچھے
لگ جائیں۔

یہ الفاظ ان معانی کے اعتبار سے جن کے لئے
یہ بنائے گئے ہیں اس متبادر محمل[1] سے عام ہیں۔ اور
عام لفظوں کو تخصیص کے دلائل سے پہلے کسی خاص
معنی پر محمول کرنا انہی لوگوں کا کام ہے جو وہم اور سر میں تمیز
نہیں کرتے۔ تمہیں خود معلوم ہے کہ الفاظ خصوص و اختصاص
اور خلوص استحقاق کی دونوں قسموں سے عام ہیں اور دونوں
قسموں سے تعلق رکھتے ہیں۔ لہذا کہہ سکتے ہیں کہ زکوٰۃ
فقراء اور مساکین وغیرہم معروف قسموں کے لئے خاص
ہے مالداروں کا اس میں کوئی حق اور استحقاق نہیں ہے۔
اسی پر قیاس کرتے ہوئے فے کے اموال بھی مندرجہ آیت
مَا اَفَآءَ اللّٰہُ کے مطابق انہی لوگوں کے لئے مخصوص
ہیں جو آیت مَا اَفَآءَ اللّٰہُ کے تحت آتے ہیں۔ مالداروں
کو اس میں دخل کا حق نہیں پہنچتا۔ چنانچہ خود آیت کا یہ ٹکڑا
تاکہ تم میں[2] سے مالداروں کے درمیان ہی مال گھومتا نہ رہے
میں اس طرف اشارہ فرما دیا اب وجوہ تخصیص کی تلاش کرنی
چاہیئے۔ اگر وہ مل جائیں تو اچھا ہے ورنہ یہ کلام مجمل ہوگا۔
کیونکہ دو متضاد محمل بیک وقت مراد نہیں لئے جا سکتے کہ ہم
اس کو عام کہہ کر اطمینان سے بیٹھ جائیں۔ مگر جب ہم نے وجوہ

---

[1] متبادر محمل ایسے معنی کو کہا جاتا ہے جو کسی لفظ کو سن کر یا پڑھ کر ذہن میں یکدم آ جاتے ہیں اور عام طور پر جو معنی مراد لئے جائیں وہی متبادر محمل کہلاتے ہیں۔ مترجم

[2] اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ مال، مالداروں میں ہی نہ گھومتا رہے بلکہ فقرا اور حاجتمندوں کو بھی پہنچنا ضروری ہے۔ مترجم

بیقین دانستیم کہ ایں اختصاص بایں معنی ست کہ جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم ایں اراضی را بہر خود داشتہ بودند وبیشتر دانستہ کہ در استحقاق انفعالی رسانیدن حق بہر ہر فرد و ہر ہر صنف از مستحقاں ضرور نیست ـ بیک فرد ہم اگر حوالہ کند از عہدۂ ادا بدر آیند ـ چوں ملکیت مخصوص بآنجناب صلی اللہ علیہ وسلم بود تقسیم و تولیۃ ہمہ برای ایشاں باشد ـ حاجت دست نگری دگراں نبود ـ و ازینجا اختیار اخذ صفایا از خمس و فیٔ کہ ہمہ اہل سنت بہر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تجویز فرمودہ اند موجہ دانستہ باشی ـ بالجملہ ازیں خصوص و خلوص دیگر مضامین مؤیدہ ایں معنی، معنی ملک برآمدن قطع نظر ازانکہ افزایش از معنی مطابقی ست مخالف دلائل قطعی ست کہ بعض ازانہا درگذشت و بعض را انتظار باید کرد

یکی ازانہا حدیث مالک بن اوس بن الحدثان ست کہ در مشکوٰۃ از ابوداؤد آوردہ ـ

وعنہ قال کان فیما احتج بہ عمر ان قال کانت لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلث صفایا[1] بنی النضیر وخیبر وفدک فاما بنو النضیر فکانت حبسا لنوائبہ

تخصیص کی تلاش کی تو گذشتہ تمہیدات کی شہادت پر ہمیں یقین ہوگیا کہ یہ اختصاص اسی معنی کر ہے کہ جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان زمینوں کو اپنے لئے رکھ لیا تھا ـ اور بیشتر تمہیں معلوم ہو چکا ہے کہ انفعالی استحقاق میں مستحقین کی ہر ہر صنف اور ہر ہر فرد کو حق کا پہنچانا ضروری نہیں ہے ـ اگر کسی ایک شخص کے بھی حوالے کر دیں گے تو ادا کرنے کی ذمہ داری سے بری ہو جائیں گے ـ چونکہ خلافت کے باعث مالکیت آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کے ساتھ مخصوص تھی اس لئے ان سب اموال کا متولی ہونا اور تقسیم کرنا آپ ہی کے لئے مخصوص ہوگا دوسروں کی دست نگری کی ضرورت نہیں ـ اور یہیں سے فے اور خمس کی منتخبہ اشیا کے لے لینے کا اختیار جس کو اہل سنت نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے جائز فرمایا ہے مدلل تم نے معلوم کر لیا ہوگا ـ بالجملہ اس خصوص اور خلوص اور اس معنی کی تائید کرنے والے دوسرے مضامین سے، ملکیت کے معنی نکالنا، قطع نظر اس سے کہ اصلی مطابقی معنی پر زیادتی کرنا ہے یقینی دلائل کے مخالف ہے جن میں سے بعض گذر چکے اور بعض کا انتظار کرنا چاہیئے ـ

انہی میں سے ایک مالک بن اوس بن حدثان کی حدیث ہے جو مشکوٰۃ میں ابوداؤد سے مروی ہے:ـ

اور ابوداؤد سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ جس چیز کو عمر حجت میں پیش کیا کرتے تھے اسی میں سے یہ بات ہے کہ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بنی نضیر خیبر اور فدک کے وہ اموال جو حضور نے اپنے لئے منتخب

---

[1] صفایا، صفیہ کی جمع ہے ـ بہت دودھ دینے والی اونٹنی اور چھوارے کے بہت پھل دینے والے درخت کو کہتے ہیں ـ لیکن جب صفایائے غنیمت کے اس حصے کو صفایا کہا جاتا ہے جس کو رئیس قوم اپنے لئے مخصوص کر لے (منجد)

واما فدك فكانت حبسا لابناء السبيل واما خيبر فجزاها رسول الله صلی الله علیہ وسلم ثلثة اجزاء - جزئين بين المسلمين وجزءاً نفقة لاهله فما فضل عن نفقة اهله جعله بين الفقراء المهاجرين رواه ابوداود

حدیث دیگر | حدیثی دیگر از شرح السنہ بروایت مالک بن اوس بن الحدثان در مشکوٰۃ آوردہ:—

عن مالك بن اوس بن الحدثان قال قرأ عمر بن الخطاب رضی الله عنه انما الصدقات للفقراء والمساكين حتى بلغ عليم حكيم فقال هذه لهؤلاء ثم قرأ واعلموا انما غنمتم من شيء فان لله خمسه وللرسول حتى ابن السبيل ثم قال هذه لهؤلاء ثم قرأ "ما أَفَآءَ اللهُ على رسوله من اهل القرى حتى بلغ للفقرآء ثم قرأ والذين جآءوا من بعدهم ثم قال هذه استوعبت المسلمين عامة فلئن عشت

فرمائے تھے ان کا تہائی حق آنحضورؐ کو تھا پس بنی نضیر کا مال وقتی ضروریات کے لئے وقف تھا اور فدک کی آمدنی مسافروں کے لئے وقف تھی رہا خیبر تو اس کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین حصے فرمائے، اس میں سے دو حصے مسلمانوں کے لئے اور ایک حصہ اپنے گھر کے خرچ کے لئے مخصوص تھا- اور جو کچھ آپ کے اہلبیت کے خرچ سے بچتا تو اس کو مہاجرین فقرا میں خرچ فرماتے - ابوداؤد نے یہ روایت بیان کی -

دوسری حدیث | اور دوسری حدیث شرح السنہ سے بروایت مالک بن اوس بن حدثان مشکوٰۃ میں لائے ہیں:-

مالک بن اوس بن حدثان سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی "سوائے اس کے نہیں کہ صدقات فقرا، مساکین یہاں تک کہ علیم حکیم تک[2] آیت تلاوت کی تو فرمایا یہ ان لوگوں کے لئے[1] ہے - پھر یہ دوسری آیت پڑھی، اور جان لو کہ جو کچھ تم غنیمت حاصل کرو کسی چیز کی بھی ہو تو اس میں سے اللہ کے لئے پانچواں حصہ اور رسول اللہ صلی اللہ کے لئے ابن سبیل تک آیت پڑھی اور پھر کہا یہ اموال غنیمت ان لوگوں کے لئے ہیں پھر پڑھا مَا اَفَآءَ اللهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰی تا آنکہ للفقراء تک آیت پڑھی پھر پڑھا والذین جاءوا من بعدھم پھر فرمایا کہ اس

---

[1] یعنی یہ صدقات ان لوگوں کے لئے ہیں جن کا اس آیت میں ذکر ہے - مترجم

[2] پوری آیت یہ ہے اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاۤءِ وَالْمَسَاكِيْنِ وَالْعَامِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ فَرِيْضَةً مِّنَ اللهِ ۗ وَاللهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ (پارہ ۱۰ - سورۂ توبہ - رکوع ۸)

فلیاتین الراعی وھو بسرو حمیر نصیبہ منھا لم یعرق فیھا جبینہ رواہ فی شرح السنۃ

ایں دو حدیث را اگر بغور نگرند آشکارا مے شود کہ حضرت رضی اللہ عنہ فے را منجملہ اوقاف می فہمیدند ۔ حدیث اول صاف ست در دلالت ایں معنی چہ حُبُس ہمیں وقف را گویند وقطع نظر ازیں ، وضع و اطلاق خود مفہوم حُبُس کہ بمعنی محبوس ست بر ایں قدر دلالۃ دارد کہ از اصل ایں اشیا مملوک نبوی صلی اللہ علیہ وسلم نبودند بلکہ ہمچو قیدیاں و محبوساں کہ بہر چندی یا بہر دوام بکار سرکارے ہمچو غلامان مملوک جانفشانی ہا کنند ایں اموال نیز ہمچو اموال مملوکہ زیر تصرف نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بودند نہ اینکہ مملوک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بودند ۔

علاوہ بریں ایں احتجاج خود بمقابلہ کسانے بود کہ فیٔ فتوح عراق و شام را تقسیم کردن میخواستند و ہمچو غنائم قابل ملک می پنداشتند و ایں احتجاج در مجمع صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین بود و کسی انکار بریں احتجاج نکرد نہ آنوقت نہ وقت دیگر ، نہ از حاضران نہ از غائبان بلکہ ہر کہ بشنید حق را روشن دید و باطل را از حق جدا جدا فہمید ۔

آیت نے عام مسلمانوں کو اپنے احاطے میں لے لیا ۔ اگر میں زندہ رہا تو آئے گا ایک چرواہا اور وہ مال نیم پختہ کھجوریں اور مواشی ہوں گے تو میں اس چرواہے کو ان میں سے اس کا حصہ دوں گا جس کے حاصل کرنے کے لئے اس کو دوڑ دھوپ نہ کرنی پڑی ۔

ان دو حدیثوں کو اگر غور سے دیکھیں تو صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فے کے مال کو منجملہ اوقاف کے سمجھتے تھے ۔ پہلی حدیث بھی اپنے اس معنی کی وضاحت میں صاف ہے ۔ کیونکہ حُبُس اسی وقف کو تو کہتے ہیں ۔ لفظ حُبُس کی بناوٹ اور اطلاق سے قطع نظر خود لفظ حبس کا لغوی مفہوم بھی جو محبوس کے معنی میں ہے اتنی بات بتا رہا ہے کہ اصل میں یہ چیزیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ملکیت میں نہ تھیں ۔ بلکہ قیدیوں اور محبوس لوگوں کی مانند کہ کچھ عرصے یا ہمیشہ کے لئے سرکاری کام میں مملوک غلاموں کی طرح جانفشانیاں کرتے ہیں ۔ یہ اموال بھی مملوکہ اموال کی مانند نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تصرف میں تھے نہ یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ملکیت میں تھے ۔

اس کے علاوہ یہ استدلال خود ان لوگوں کے مقابلے میں تھا جو عراق و شام کی فتح میں حاصل ہوئے مال فے کو تقسیم کرنا چاہتے تھے ۔ اموال غنیمت کی طرح ملکیت میں لے لینے کے قابل سمجھتے تھے اور یہ استدلال صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے مجمع میں ہوا اور کسی نے بھی اس استدلال پر انکار نہ کیا ۔ نہ اس وقت اور نہ کسی دوسرے وقت نہ حاضرین میں سے اور نہ غائبین میں سے کسی نے انکار کیا بلکہ جس شخص نے بھی سنا حق کو روشن دیکھا اور باطل کو حق سے جدا جدا سمجھا ۔

باقی این قول حضرت عمر رضی اللہ عنہ نزد شیعہ اگرچہ از پایۂ اعتبار ساقط باشد وگویند کہ اخبار عمری را چہ اعتبار - مگر چون بنا ر این تحریر بر دفع الزام وشک اہل سنت سنت لیکن حوالہ چہ حرج - با این ہمہ تاریخ یکی از فریقین ہم انشاء اللہ مخالف این قول نخواہد برآمد - عمل درآمد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں طور بود - باز اگر گویند این قدر گویند کہ اموال معلومہ وقف نبود مملوک بود اگرچہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم درہمین مصارف صرف کردہ باشند - مگر احتجاج حدیث ثانی نہ قابل دم زدن سنیان ست نہ شیعہ استیعاب فی جملہ مسلمین را انکار نتوان کرد مگر آنکہ خود منکر کلام اللہ شوند و خداوند علیم را ہمچو حضرت عمر رضی اللہ عنہ پندارند گویند کہ خدا را ہم چہ اعتبار نعوذ باللہ -

و آنچہ در یکی از دو روایات گذشتہ از حضرت عمر رض دربارۂ اموال بنی نضیر چنیں گذشتہ :-

فکانت لرسول صلی اللہ علیہ
خاصۃ ینفق علی اھلہ
ثم یجعل ما بقی فی السلاح والکراع عدۃ
فی سبیل اللہ -

و دریں حدیث ست :-

فاما بنو النضیر فکانت حبسا لنوائبہ ونفقہ اہل را بر خیبر حوالہ کردند معارض یکدیگر نیست -

باقی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ قول اگرچہ شیعوں کے نزدیک اعتبار کے مقام سے گرا ہوا ہوگا کیونکہ وہ کہیں گے کہ عمر کی خبروں کا کیا بھروسہ - لیکن چونکہ اس تحریر کی بنیاد اہل سنت کے شک اور الزام کو دور کرنے کے لئے ہے اس لئے اس حوالے میں کیا حرج ہے - اس کے باوجود شیعہ اور سنی دونوں فریقین کی تاریخ میں اس قول عمر رض کے خلاف کوئی چیز نہ نکلے گی - نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل درآمد اسی طرح پر تھا - پھر بھی اگر کچھ کہیں گے تو صرف اسی قدر کہیں گے کہ یہ اموال وقف نہ تھے بلکہ مملوک تھے اگرچہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہی مصارف میں اموال کو صرف کیا ہوگا - لیکن دوسری حدیث سے حجت لانے میں نہ تو سنیوں کے لئے دم مارنے کا موقع ہے نہ شیعوں کے لئے - کیونکہ فے کی آیت کا تمام مسلمانوں پر حاوی ہونے سے انکار قطعاً نہیں کیا جا سکتا ہاں یہ کہ کلام اللہ کا ہی انکار کر دیں اور خدائے علیم کو حضرت عمر رضی اللہ کی طرح کہدیں کہ خدا کا بھی نعوذ باللہ کیا اعتبار ہے - (تو یہ دوسری بات ہے)

اور جو گذری ہوئی دو روایات میں سے ایک روایت میں بنی نضیر کے اموال کے بارے میں حضرت عمر رض سے یہ بیان گذرا ہے :-

"کہ وہ مال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مخاص تھے جنہیں اپنے گھر والوں پر سال بھر کے نان و نفقہ کے لئے خرچ کیا کرتے تھے پھر جو باقی بچتا تو ہتھیاروں اور گھوڑوں پر فی سبیل اللہ تیاری پر خرچ فرماتے ۔"

اور اس حدیث میں ہے :-

"رہے اموال بنو نضیر تو وہ آپ کے ہنگامی اخراجات کے لئے مخصوص تھے۔" اور گھر والوں کے نفقے کو خیبر پر ڈالے کیونکہ یہ دونوں ایک دوسرے کے خلاف نہیں :

قبل از افتتاح خیبر نفقہ اہل از اموال بنی النضیر گرفتہ باشند بعد افتتاح خیبر بطوریکہ مذکور شد کار فرمودند یا آنکہ کانَ مقتضی استمرار باین معنی نیست کہ گاہی مخالف آں بساحت وجود نیاید۔ ہر فعل یکدو بار ہم استعمال کانَ در احادیث و محاورات عرب موجود ست۔ منجملہ حدیث كُنْتُ أُطَيِّبُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاِحْرَامِهٖ حِيْنَ يُحْرِمُ وَلِحِلِّهٖ قَبْلَ اَنْ يَطُوْفَ بِالْبَيْتِ است کہ از حضرت عائشہ رضؓ در بخاری فی باب الطیب عند الاحرام مروی ست۔ ایں واقعہ بجز یک بار صورت نہ بستہ۔ چہ استعمال طیب قبل طواف معتمر را بالاجماع جائز نیست و پس از صحبت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بجز یکبار یعنی حجۃ الوداع اتفاق اداء حج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم را نیفتادہ۔ بالجملہ مفاد کانَ استمرار بطور مذکور نیست تا خلشے بدل اہل فہم ماند۔ ما نیز در محاورات اردو الفاظیکہ بمقابلہ کانَ موضوع اند، در وقائع گذشتہ کہ بجز یکبار یا دوبار نشدہ باشند استعمال می کنیم۔

اندریں صورت طلب میراث حضرت علیؓ و حضرت عباس (رضی اللہ عنہما) کہ از بعض روایات در زمانہ حضرت عمر مفہوم میشود، اگر محمول بر طلب حقیقی داریم بگمان جریان میراث یا استحقاق انفعالی و تولیت باشد کہ بمرتبہ

خیبر کی فتح سے پہلے اہل خانہ کا خرچ بنی نضیر کی آمدنی سے لیتے ہوں گے لیکن فتح خیبر کے بعد اس طریقے پر جیسا کہ ذکر کیا گیا عمل فرمایا۔ یا یہ کہ کانَ اس معنی میں دوام نہیں چاہتا کہ کبھی بھی اس دوام کے خلاف وجود میں نہ آسکے۔ بلکہ کانَ حدیثوں اور عربوں کے محاوروں میں استمرار کے بجائے ایک دو دفعہ کام کرنے کے معنی میں بھی استعمال ہوا ہے۔ ایک حدیث تو یہ ہے "کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے احرام کے لئے جب آپ احرام باندھتے اور احرام سے حلال ہونے کے وقت بیت اللہ کا طواف کرنے سے پہلے خوشبو لگایا کرتی تھی، یہ حدیث جو کہ حضرت عائشہ رضؓ سے بخاری میں "احرام باندھنے سے پہلے خوشبو لگانے کے باب میں" روایت کی گئی ہے۔ (احرام کا) یہ واقعہ ایک دفعہ سے زیادہ پیش نہیں آیا۔ کیونکہ طواف سے پہلے خوشبو کا استعمال عمرہ کرنے والے کو فقہا کے متفقہ فیصلے کے مطابق جائز نہیں ہے۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ساتھ ہونے کے بعد ایک مرتبہ یعنی حجۃ الوداع کے سوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حج کا اتفاق نہیں ہوا۔ الحاصل کانَ کا تقاضہ مذکورہ طریقے پر استمرار کا نہیں ہے کہ کوئی خلش اہل فہم کے دل میں رہ جائے۔ ہم بھی اردو کے محاورات میں ان الفاظ کو جو کانَ کے مقابلے میں بنائے گئے ہیں ان گذشتہ واقعات کے سلسلے میں جو ایک بار یا دو بار کے سوا پیش نہیں آئے۔

اس صورت میں حضرت علی رضؓ اور حضرت عباس (رضی اللہ عنہما) کا حضرت عمر رضؓ کے زمانے میں میراث طلب کرنا جو کہ بعض روایات سے سمجھا جاتا ہے اگر اس طلب کو ہم حقیقی طلب پر رکھیں تو (اس صورت میں) انفعالی استحقاق اور تولیت میں میراث جاری ہونے کے گمان کی بنا پر ہوگا جو

مالکیۃ خلافت تعلق دارد اگر محمول بر تشبیہ طلب تولیہ بطلب میراث کنیم و وجہ شبہ آں طلب اول باشد کہ در زمانہ حضرت ابوبکر صدیقؓ افتادہ باز حاجت ایں اشارہ ہیچ نیست۔

سوال باقی ماند اینکہ صرف در سامان جہاد بکدام جہت بود۔ جہاد از مصارف فئ نیست؟

جواب جوابش اینست کہ لفظ رسول خود کفیل دفع ایں خلجان ست۔ خرچ سفیران و جاسوسان سلاطین را بنگر کہ چہ قسم میباشند۔ و باز آنہمہ بذمہ سرکار بود۔ نہ اینکہ فقط خرچ خورد و نوش بدہند و باقی را حساب کردہ بگیرند۔ سفیر خداوندی و نائب و خلیفہ او را ہر ضرورتیکہ در اداء پیام یا اعلاء کلام ملک علام پیش آید ہمہ از خزانۂ عامرہ خداوندی بدہانند و باز ہمہ را بصرف رسول بنویسند۔ غرض ایں خرچ از بیت المال باشد و ایں نیز یکی از شواہد عدم ملک نبوی ست۔ بہ نسبت اموال معلومہ۔ (بمرتبہ ساقطہ کردہ خود)

باجملہ از ہر سوئیکہ می بینیم ہمیں می تراود کہ اموال فئ از مملوکات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بمرتبہ ساقطہ

استحقاق خلافت الٰہیہ کی وجہ سے مالک ہونے کے مرتبے سے تعلق رکھتا ہے اور اگر اس (طلب کو) اس پر محمول کریں کہ تولیت کا مطالبہ میراث کے مطالبے کے مانند ہے اور وجہ شبہ وہی پہلی طلب ہو جو کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ میں پیش آئی تھی تو پھر اس اشارے کی بالکل حاجت نہیں رہتی۔

سوال باقی رہی یہ بات کہ جہاد کے سامان میں یہ مال صرف کرنا کس دلیل کی بنا پر تھا (کیونکہ) جہاد فے کے (مال) کے مصارف میں سے نہیں ہے؟

جواب اس کا جواب یہ ہے کہ لفظ رسولؐ اس شبہ کو زائل کرنے کا خود ذمہ دار ہے۔ چنانچہ بادشاہوں کے جاسوسوں اور سفیروں کے خرچ کو دیکھ لو کہ کس قسم میں داخل ہے۔ وہ سب حکومت کے ذمہ ہے نہ صرف یہ کہ کھانے پینے کا خرچ حکومت دیتی ہے اور بقایا کو حساب فہمی کر کے واپس لے لیتی۔ اسی طرح خدا کے سفیر (یعنی پیغمبر) اور خدا کے نائب اور خلیفہ کو ہر وہ ضرورت کہ اللہ کے پیغام پہنچانے میں یا ملک علام (یعنی اللہ تعالیٰ) کے کلام کو بلند کرنے کے لئے پیش آئے گی۔ تو خداوند تعالیٰ کے بھرپور خزانے سے تمام ضروریات کے اخراجات دلائیں گے اور پھر سب کو رسولؐ کے کھاتے میں لکھ دیں گے۔ غرض یہ ہے کہ یہ خرچ بیت المال سے ہوگا۔ اور یہ بھی مذکورہ اموال سے متعلق نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مالک نہ ہونے کے دلائل میں سے ایک دلیل ہے۔

الحاصل جس پہلو سے بھی کہ ہم دیکھیں یہی مترشح ہوتا ہے کہ فے کے اموال نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مملوکات

نبودند - اگر بودند بمرتبہ فوقانی بودند۔ مگر
ماحصلش دانستی کہ فقط تولیت و اختیار
تصرف ست مناسب وقت بمصرفی از
مصارف مقررہ خداوندی از مستحقاں
انفعالی صرف باید کرد این ضرور نیست کہ بہر فرد ہر
رسانید ورنہ ادائی حق بایں وجہ ممکن نیست
وَالَّذِيْنَ جَآءُوْا مِنْۢ بَعْدِهِمْ نیز
ہستند کہ ہنوز بساحت وجود قدم نہادہ اند
کسی چہ تواند ادا خمس و زکوٰۃ نیز منجملہ
محالات عادی ست - کدام کس ست
کہ جملہ فقرا شرق و غرب و مساکین وغیرہ
را تجسس کردہ یگاں یگاں را دادن میتواند۔

اکنوں اگر حدیث واقدی صحیح ہم باشد
چہ حرج کہ مفادش بیش ازیں نہ باشد اگر
فرق باشد ہمیں قدر باشد کہ احادیث حضرت
عمر رضی اللہ عنہ موقوف اند و آں مرفوع۔
نمونیکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گفتہ بود
ہمیں حضرت عمر گفتند - زیادہ ....
فرض گوئیم کہ معنی خالصہ و خاصہ ایں نیست
گر گفتہ شد آں وقت ما را جوابی دگر بزبان ست -

سے مرتبۂ سافلہ میں نہ تھے - اگر تھے تو مرتبۂ فوقانی میں تھے۔
مگر اس کا ماحصل (نتیجہ) تم نے جان لیا کہ صرف انتظام کرنے اور تصرف کرنے کا اختیار ہے - یعنی خداوند تعالیٰ
کے مقررہ مصارف میں سے، صرف کے مناسب وقت
میں، انفعالی استحقاق کے مستحقین پر صرف کر دینا چاہیئے
یہ ضروری نہیں ہے کہ ہر ہر صنف کے ہر ہر فرد کو پہنچایا
جائے، ورنہ ڈ کا اس طور سے ادا کرنا کیسے ممکن ہے
جبکہ مصارف میں سے وہ لوگ بھی ہیں جو ان کے بعد آئیں گے
اور انہوں نے ابھی دنیا میں قدم بھی نہیں رکھا ہے -
کوئی ایسا کس طرح کر سکتا ہے - خمس اور زکوٰۃ کا ادا کرنا
بھی (اس طور پر) عادت انسانی کے لیئے محالات میں سے
ہے - کونسا آدمی ہے کہ مشرق و مغرب کے تمام فقرا
اور مساکین وغیرہ کو ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر ایک ایک
کو دے سکتا ہے -
اب اگر واقدی کی حدیث صحیح بھی ہو تو کیا مضائقہ
ہے کہ اس کا مقصد اس سے زیادہ نہ ہوگا - اگر فرق
ہوگا تو اسی قدر ہوگا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیثیں
موقوف[2] ہیں اور وہ مرفوع[3] - پس گویا کہ وہ مضمون
جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا وہی مضمون
حضرت عمر رض نے کہا، اس سے زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں۔
ہاں اگر فرض کر لو کہ خالصہ اور خاصہ کے معنی یہ نہیں،
تو اس وقت دوسرا جواب ہماری زبان پر موجود ہے -

---

[1] اس طور سے ادا کرنے کے یہ معنی ہیں کہ ہر ہر صنف کے ہر ہر فرد کو دیا جائے - مترجم

[2] موقوف وہ حدیث ہے جس کی سند کسی صحابی پر جا کر رک جائے اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم تک اس سند کو نہ پہنچایا گیا ہو - مترجم

[3] حدیث مرفوع وہ حدیث ہے جس کی سند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتی ہو - مترجم

گویم سلمنا لفظ خاصه و خالصه وغیره
دلالت برمالکیت فعلی میکنند نه بر
استحقاق انفعالی - لیکن بهر انتساب
چنانکه دانستی مرتبه فوقانی کافی ست - این
وقت این جواب ازهمان قبیل خواهد بود که پس
ازسوال مندرج جمله

یَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ

جواب

قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ

آمده - یعنی درباره تقسیم وتعیین حصص اختیار بخدا
تعالیٰ و رسول الله صلی الله علیه وسلم ست
نه بدیگران همچنیں اینجا تقسیم نکردن مال
فیٔ را بطور غنیمت بعد خمس باید پنداشت
والله اعلم-

و این را هم گذار- در حدیث واقدی
تضمین آیت ثانیه از دو آیت فیٔ بغرض
جواب حضرت عمر است که بعد برآوردن
خمس مثل مال غنیمت تقسیم مال فیٔ میخواستند-

و حاصل جواب این باشد که مصرف این
اموال خود خداوند کریم بیان فرمود- همراهیان مرا
که بهر این غزوه رفته بودند دراں مصرف

چلو ہمنے تسلیم کرلیا کہ لفظ خاصہ اور خالصہ وغیرہ
مالکیت فعلی پر دلالت کرتے ہیں نہ کہ انفعالی استحقاق
پر- لیکن نسبت کرنے کے لئے جیسا کہ تمہیں معلوم
ہوچکا ہے مرتبہ فوقانی کافی ہے - اس وقت یہ جواب
اسی قبیل سے ہوگا جیسا کہ اس سوال کے بعد جو کہ اس
جملہ میں

"آپ سے انفال کے متعلق سوال کرتے ہیں"

جواب

کہدیجئے کہ انفال اللہ اور رسول کے لئے ہے

آیا ہے - یعنی حصوں کے مقرر کرنے اور تقسیم کے
بارے میں خدا تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کو ہی اختیار ہے نہ کہ دوسروں کو اسی طرح یہاں پر
مال فے کے تقسیم نہ کرنے کو، خمس نکال کر، مال غنیمت
کو تقسیم کرنے کی مانند سمجھنا چاہیئے - واللہ اعلم

اور اس کو بھی چھوڑیے ، واقدی کی حدیث میں
فے کی دو آیتوں میں سے دوسری آیت کو لانا حضرت عمرؓ
کا جواب دینے کی غرض سے ہے کہ مال غنیمت کی مانند
خمس کے نکالنے کے بعد فے کے مال کو بھی تقسیم کرنا چاہتے
تھے -

اور حضرت عمرؓ کی طرف سے جواب کا حاصل یہ ہے
کہ[1] ان اموال کا مصرف خود خداوند کریم نے بیان فرمادیا -
میرے[2] ساتھیوں کو کہ اس غزوہ کے لئے گئے تھے اس مصرف

---

[1] اس جملے کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح حصوں کا تعین اور تقسیم اللہ اور اس کے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اختیار میں ہے اسی طرح مال فے غنیمت کے مال کی طرح خمس نکالنے کے بعد اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اختیار میں ہے - مترجم

[2] میرے سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں - مترجم

یاد نفرمودہ اگر ذکر کردہ فقط مرا ذکر کردہ
بدین سبب این مال خاص بہر من است و میدانی
کہ اطلاق آب و خاک و مال وغیرہ اسماء
اجناس بر قلیل وکثیر برابرست - اگر قدری از
مال فیٔ برای آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم باشد آنقدم
ہم این گفتن روا ست کہ مال فیٔ برای آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم باشد باقی محمل خصوص آنست کہ گفتہ
شد - یعنی از روندگان غزوہ، بجز نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کسی را نمی رسد - و اگر تضمین آیت
ثانیہ غلط باشد و گویند بجای آیۃ اولیٰ آیۃ ثانیہ
را کاتب یا مصنف بغلط آوردہ - میگویم ما نیز
ہمین راہ میرویم - آیت اولیٰ دلالت بر مالکیت
خلافت میکند و میدانی کہ دریں مالکیت کسی دیگر شریک و سہیم
آنسرور صلی اللہ علیہ وسلم نبود - اندرین صورت ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم
باین اختصاص، اشارہ بآن باشد کہ دیگر برا در تقسیم
این اموال مداخلۃ نیست - مالک این اشیا از
اصل منم - و این از ہمان قبیل باشد کہ در
آیت قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ
شنیدہ - پس چنانکہ آنجا بعد این ارشاد
بانزال آیت وَاعْلَمُوْا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ
مِنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ
وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰى مقسم
انفال بیان فرمودند - اعنی ارشاد شد کہ
خمس را جدا ساختہ یکسان مذکور باید داد

میں یاد نہ فرمایا - اگر ذکر کیا ہے تو فقط مجھ کو ذکر کیا۔
اس سبب سے یہ مال خاص میرے لئے ہے" اور
تمہیں معلوم ہے کہ آب، خاک اور مال وغیرہ اسمائے
جنس کا اطلاق قلیل وکثیر پر برابر ہے - اگر مال فے میں
سے کچھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہے تو اس وقت یہ کہنا درست
ہے کہ فے کا مال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہے باقی خاص
محمل وہی ہے جو بتا دیا گیا - یعنی غزوے میں جانیوالوں میں سے نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کے سوا اور کسی کو حق نہیں پہنچتا ہے[1] اور اگر دوسری آیت کا
ضمناً لانا غلط ہو یا یوں کہیں کہ پہلی آیت کی جگہ دوسری
آیت کو کاتب یا مصنف غلطی سے لکھ گیا تو میں کہوں گا
کہ ہم بھی تو اسی راستے پر چل رہے ہیں کہ پہلی آیت
مالکیت خلافت پر دلالت کرتی ہے اور تمہیں معلوم
ہے کہ اس مالکیت میں کوئی آنسرور صلی اللہ علیہ وسلم
کا شریک اور حصہ دار نہیں ہے - اس صورت میں
اس خصوصیت کے ساتھ، ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم
کا اس طرف اشارہ ہوگا کہ کسی اور کو ان اموال کی تقسیم میں
دخل دینے کا حق نہیں ہے - ان چیزوں کا مالک اصل میں
سے میں ہی ہوں - اور یہ ویسا ہی ہے جیسے کہ آیت قُلِ الْاَنْفَالُ
لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ میں تم نے سن لیا ہے - پس جیسا کہ
وہاں اس ارشاد کے بعد وَاعْلَمُوْا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ
مِنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ
وَلِذِی الْقُرْبٰى کی آیت کے نازل کرنے سے انفال
کی تقسیم کے مصارف بیان فرما دیئے - یعنی یہ ارشاد
ہوا کہ پانچویں حصے کو جدا کر کے مذکورہ اصناف کو دیدینا

[1] یعنی جہاد میں جانے والوں میں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کسی غازی کا اموال جہاد میں حق نہ تھا۔ کیونکہ
آیت میں صرف آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہے - مترجم

و بہ نسبت باقی اخماس اربعہ اشارہ تملیک بمخاطبین غَنِمْتُمْ شد - ہمچنیں در اموال فیٔ - پس از ارشاد مذکور کہ از حدیث مذکور دریافتے واز اشارہ آیۃ اولیٰ از دو آیۂ فیٔ بشناختی بانزال آیۃ ثانیہ فیٔ تقسیم اموال فیٔ را بیان فرمودند -

الغرض موجب ملک کہ قبض ست بطور استحقاق فعلی در مرتبہ تحتانی نہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم را بہ نسبت اموال فیٔ حاصل بود نہ دیگراں را - و در مرتبہ فوقانی قبض و ملک و استحقاق فعلے آنسرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہمہ مسلم - مگر دراں مرتبہ بیع و شرا و ہبہ و میراث وغیرہ تصرفات و حقوق تصرفات را رسائی نیست - واللہ اعلم و علمہ اتم -

چاہیئے - اور باقی چار خمسوں کے متعلق غَنِمْتُمْ کے مخاطبین کو مالک بنا دینے کا اشارہ ہوگیا - اسی طرح فے کے اموال میں - پس مذکورہ ارشاد سے کہ مذکورہ حدیث سے تم نے پا لیا اور آیت فے کی دو آیتوں میں سے پہلی آیت کے اشارے سے تم نے پہچان لیا کہ فے کی آیت ثانیہ کے نازل کرنے سے فے کے اموال کی تقسیم بیان فرما دی -

الغرض قبضہ جو ملکیت کا موجب ہے استحقاق فعلی کے طور پر مرتبہ تحتانی میں نہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فے کے اموال کے بارے میں حاصل تھا نہ دوسروں کو - اور مرتبۂ فوقانی میں قبضہ اور ملکیت اور فعلی استحقاق آنسرور صلی اللہ علیہ وسلم کو سب کچھ حاصل ہے - مگر اس مرتبہ میں بیع و شراء ، ہبہ اور میراث وغیرہ تصرفات اور حقوق تصرفات کو رسائی نہیں ہے - واللہ اعلم و علمہ اتم -

دوسرا مکتوب

مولانا فخر الحسن صاحب گنگوہی کے نام

تعارف مکتوب الیہ

•

یہ مکتوب مولانا فخر الحسن صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے نام ہے جو حضرت حجۃ الاسلام مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے جاں نثار شاگردوں میں سے تھے۔ اصل مکتوبات میں اس کا نمبر گیارہواں ہے لیکن جیساکہ ہم نے مقدمہ مکتوبات میں لکھا ہے، ہم نے مکتوبات کی ترتیب بدل دی ہے۔

مولانا فخر الحسن صاحب، گنگوہ ضلع سہارنپور میں ۱۸۵۲ء کے لگ بھگ پیدا ہوئے جو ان کا آبائی وطن تھا جس کو حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے قیام سے شرف بخشا۔ مولانا فخر الحسن صاحب حضرت مولانا عبد القدوس صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے سلسلۂ نسب رکھتے تھے۔ ابتدائی تعلیم گنگوہ میں حاصل کی بعد ازاں دار العلوم دیوبند میں داخل ہوئے۔

دار العلوم کا افتتاح سنہ ۱۲۸۳ھ میں ہوا اور مولانا فخر الحسن صاحب نے سنہ ۱۲۸۹ھ میں دار العلوم دیوبند سے علوم معقولات اور منقولات کی تکمیل کی۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ آغاز دار العلوم میں آکر داخل ہوئے۔ آپ حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب اسیر مالٹا کے ہم سبق تھے جن کی طالب علمی سے دار العلوم دیوبند کا افتتاح ہوا۔ مولانا فخر الحسن صاحب اگرچہ سنہ ۱۲۸۹ھ میں دار العلوم دیوبند کے فاضل بنے لیکن آپ کی فضیلت کی دستار بندی ۱۹ ذیقعدہ سنہ ۱۲۹۰ھ مطابق ۹ جنوری سنہ ۱۸۷۴ء کو دیوبند کی جامع مسجد میں جلسہ تقسیم انعام میں ہوئی۔ مولانا فخر الحسن دار العلوم دیوبند کے اس پہلے گروپ میں تھے جو دار العلوم سے فارغ ہوئے۔ آپ کے ساتھ حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب اسیر مالٹا، مولانا عبد الحق صاحب ساکن پورقاضی، مولانا فتح محمد صاحب تھانوی اور مولانا عبد اللہ صاحب جلال آبادی کے بھی دستار فضیلت باندھی گئی۔ (رپورٹ دار العلوم دیوبند ۱۲۹۰ھ)

آپ نے تعلیم سے فارغ ہو کر مدرسہ عربیہ قاسم العلوم جامع مسجد نگینہ میں ملازمت کی جیسا کہ مجموعہ قاسم العلوم کے آئندہ مکتوب حضرت مولانا محمد قاسم صاحب سے واضح ہے ۔ نگینے کے مدرسے کے بعد ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مطبع مجتبائی دہلی میں جو اس وقت منشی ممتاز علی میرٹھی کی ملکیت میں تھا تصحیح کتب پر ملازمت کی ہے ۔ ۱۲۹۵ھ مطابق ۱۸۷۸ء میں نواب عظیم علی خاں صاحب رئیس خورجہ کے پاس تیس روپیہ پر ملازم رہے ۔ (رپورٹ موتمر الانصار مراد آباد صـ۴۶)

بعد ازاں مدرسہ دہلی میں بھی ملازم رہے جیسا کہ قاسم العلوم کے مکتوب نہم میں آپ کے نام کے ساتھ مدرس مدرسہ دہلی لکھا ہوا ہے ۔ یہ مدرسہ عبد الرب" تھا جو دہلی میں تھا ۔ امیر الروایات میں، امیر شاہ خاں صاحب سے روایت ہے کہ :- "یہ مدرسہ عبد الرب" پہلے امام کی گلی کی طرف تھا اور اس میں مولوی احمد حسن صاحب امروہی اور مولوی فخر الحسن گنگوہی مدرس تھے ۔ مولانا محمد قاسم صاحب اس زمانے میں منشی ممتاز علی صاحب کے مطبع میں کام کرتے تھے ۔ مولوی احمد حسن اور مولوی فخر الحسن صاحبان کی وجہ سے مدرسے میں سویا کرتے تھے ۔"

(امیر الروایات صـ۴۵)

اس روایت سے صاف معلوم ہو گیا کہ مولانا فخر الحسن صاحب "مدرسہ عبد الرب" دہلی میں ملازم تھے کہ مولانا محمد قاسم صاحب کے قیام کا زمانہ تھا جو ۱۲۹۲ھ مطابق ۱۸۷۵ء میں قاسم العلوم کی تصحیح کا وقت تھا جیسا کہ قاسم العلوم کے ٹائٹل سے واضح ہے ۔

۱۲۹۵ھ مطابق ۱۸۷۸ء میں حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں جن طلبا نے دار العلوم دیوبند نے انجمن "ثمرۃ التربیت" قائم کرنے کی درخواست کی تھی ان میں مولانا فخر الحسن صاحب کا نام بھی فہرست میں موجود ہے اور سات روپیہ آٹھ آنے کا چندہ بھی اس انجمن میں مولانا فخر الحسن صاحب کی طرف سے موتمر الانصار مراد آباد کی رپورٹ میں درج ہے ۔

مولانا فخر الحسن صاحب نے سفر و حضر میں دار العلوم دیوبند کے علاوہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب سے حدیث اور دیگر علوم کی کتابیں بھی پڑھی ہیں ۔ میرٹھ ، نانوتہ ، دیوبند مولانا کے ساتھ ساتھ رہتے تھے اور پڑھتے تھے ۔ خود مولانا فخر الحسن صاحب انتصار الاسلام کے دیباچے میں لکھتے ہیں :-

"جناب مولانا (محمد قاسم صاحب) مرحوم نے شاگرد و معتقد بہت چھوڑے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ بندہ بھی ایک ادنیٰ شاگردوں میں شمار ہوتا ہے ۔"

مولانا فخر الحسن صاحب نے حضرت قاسم العلوم کے ہمراہ جابجا مثلاً رڑکی ، میرٹھ ، شاہجہانپور کے مناظروں میں شرکت کی ہے اور رڑکی میں تقریریں بھی کی ہیں ۔ رجب ۱۲۹۵ھ میں دیانند نے مناظرے کیے ، جب مولانا قاسم العلوم رڑکی تشریف لے گئے تو مولانا فخر الحسن صاحب ، حضرت شیخ الہند اور عبد العدل بھی ہمراہ تھے ۔ جب دیانند مولانا قاسم العلوم کے سامنے نہ آیا تو آپ نے ان کے اعتراضات کے جوابات کے لئے شاگردوں سے فرمایا ۔ مولانا فخر الحسن صاحب

انتصار الاسلام کے دیباچے میں لکھتے ہیں :-

"بندے نے اس حکم کی تعمیل کر دی یعنی پنڈت جی کے اعتراضوں کے جواب بر سر بازار کئی روز تک بیان کئے ۔ اور پنڈت جی کے مذہب جدید پر بہت سے اعتراض کئے اور بہت سی غیرت دلائی ۔" (انتصار ص۶)

مولانا فخر الحسن صاحب نے اپنے استاذ محترم مولانا محمد قاسم صاحب کی کتابوں، مناظروں کی رپورٹوں اور تقریروں کی اشاعت میں سرگرمی سے حصہ لیا ۔ حجۃ الاسلام، انتصار الاسلام، مباحثۂ شاہجہانپور وغیرہ انہی کی کوششوں سے طبع ہوئیں ۔ علاوہ ازیں حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کی سوانح عمری آپ نے تحریر فرمائی لیکن بدقسمتی سے زمانہ سے ضائع ہوگئی اور جل کر خاکستر ہوگئی ۔ اس غم میں ہم تمام عمر جتنقدر قلق اور اضطراب کے انگاروں پر کروٹیں اور پہلو بدلتے رہیں تو بجا ہے ۔ سر سید مرحوم کے عقائد فاسدہ کے رد میں بھی ایک کتاب مولانا فخر الحسن نے لکھی لیکن غالباً طبع نہ ہو سکی ۔ الغرض مولانا فخر الحسن صاحب حضرت قاسم العلوم کے بڑے عزیز شاگردوں میں سے تھے ۔ خود حضرت قاسم العلوم اپنے مکتوب دہم کے آخر میں مولانا فخر الحسن صاحب کو لکھتے ہیں :-

من نداِنم از طرف شما و مولوی احمد حسن و مولوی محمود حسن بدلم چہ نہادہ اند کہ اکثر مو کشاں بکار پردازی شما میکنند ۔

وفات

آپ کی وفات کی تاریخ اور سال معلوم نہ ہو سکا ۔ میں نے استاذ محترم مولانا محمد طیب صاحب مدظلہ العالی کو مولانا فخر الحسن صاحب کے حالات کے بارے میں لکھا، تو انہوں نے تحریر فرمایا :-

"مولانا فخر الحسنؒ صاحب گنگوہی خاندان قدوسیہ سے تعلق رکھتے تھے ۔ حضرت قطب عالم شیخ عبد القدوس (گنگوہی) رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد میں سے تھے ۔ ان کے انتقال پر (۱۳۸۹ھ) میں اٹھتر سال گذر چکے ہیں ۔"

اس تحریر کا یہ مطلب ہوا کہ ان کا انتقال ۱۳۱۱ھ میں ہوا ۔ اگر ہم ان کا سال پیدائش شیخ الہندؒ کے سال پیدائش ۱۸۵۳ء کو مان لیں تو ان کی عمر ۵۵، اور ۶۱ سال کے درمیان کی عمر ہوئی ۔

الغرض اب دوسرا مکتوب جو مولانا فخر الحسن صاحب کے نام ہے اگلے صفحات میں ملاحظہ فرمایئے اور مکتوب سے پہلے اس کا خلاصہ مطالعہ کیجئے ۔ (مترجم)

تعارفِ مکتوب الیہ و پسِ منظرِ مکتوب

خلاصۂ مکتوب دوم

اگرچہ یہ مکتوب بجائے خود سلیس اور آسان ہے اس لئے چنداں اس کے خلاصے کی ضرورت نہیں۔ تاہم مختصر طور پر اس دوسرے مکتوب کا خلاصہ پیشِ خدمت ہے۔

مکتوب کا پس منظر شیعہ حضرات کے نزدیک یہ بات محقق ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے لے کر حضرت امام مہدی تک بارہ امام ان کے یہاں گذرے ہیں۔ ان میں آخری امام مہدی علیہ السلام ہیں۔ ان کا یہ بھی عقیدہ ہے کہ امام مہدی اپنے زمانے میں پیدا ہوئے تھے اور پھر اچانک غائب ہو گئے۔ اور وہ سرمن رای میں جو ملک عراق کے قریب ایک مقام ہے غائب ہیں۔ اور قیامت کے قریب میں وہ پھر ظاہر ہوں گے اور جو شخص امام مہدی علیہ السلام کے متعلق یہ عقیدہ نہ رکھے اور ان کی معرفت انہیں نصیب نہ ہو تو وہ ایسا ہی مرے گا جیسا کوئی شخص اسلام سے پہلے جاہلیت کے زمانے میں مرا۔ اور جاہلیت کی موت کفر کی موت ہے لہٰذا یہ شخص بھی کافر ہو کر مرا۔

سُنیوں کے نزدیک امام مہدی قربِ قیامت میں پیدا ہوں گے جیسا کہ احادیث سے ثابت ہے۔ حدیثوں میں یہ بھی ہے کہ وہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی حضرت فاطمہ کی نسل میں سے ہوں گے۔ دنیا کو ہدایت کی طرف لائیں گے۔ اور ان کے عہد میں حضرت عیسٰی علیہ الصلوٰۃ والسلام جو آسمان پر اٹھا لئے گئے ہیں، آسمان سے نزول فرمائیں گے اور خنزیر کو قتل اور صلیب کو توڑیں گے یعنی عیسویت اور کفر کو ختم کر دیں گے اور دینِ محمدیؐ کا اعلان فرمائیں گے تا آنکہ ہر ایک کافر مسلمان ہو جائیگا۔

شیعہ حضرات کے یہاں حسبِ ذیل حدیث ہے:-

مَنْ لَمْ يَعْرِفْ إِمَامَ زَمَانِهٖ فَقَدْ مَاتَ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً	جس شخص نے اپنے زمانے کے امام کو نہ پہچانا تو وہ جاہلیت کی موت مرا

میں امام مہدی کا اعتقاد رکھنا ہے لیکن سُنیوں کے یہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ کے خلفائے راشدینؓ مراد ہو سکتے ہیں اور ہر وہ امام راشد مراد ہو سکتا ہے جو لوگوں کو ہدایت اور اصلاح کی طرف لائے ان میں حضرت ابو بکر و عمر و عثمان و علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم سب ہی شامل ہو سکتے ہیں لہٰذا سُنیوں کے یہاں یہ حدیث عام ہے جس میں خلفائے راشدین کے علاوہ عمر بن عبدالعزیزؓ اور امام مہدی رضی اللہ عنہم بھی شامل ہیں جن کے اعمال آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نمونہ ہوں اور ان کے اتباع میں دین کی ترقی اور شخصی بہبودی ہو لہٰذا ایسے ائمہ، خلفاء، مجددین کو جو نہ پہچانیگا اور ان کے احکام کا اتباع نہ کرے گا ایسا شخص ایسی موت پائے گا جیسا کہ اسلام سے پہلے کوئی شخص جاہلیت کی موت مرا ہو کیونکہ وہ گمراہی کی طرف چلتا رہا اور اسی پر مر گیا۔

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ نے اس مکتوب میں تحریر فرمایا ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا، لہٰذا اب دین کی اصلاح کے لئے ہر صدی میں ایک مجدد آئے گا۔ تو چونکہ نبوت کا زمانہ ختم ہو گیا لہٰذا

امامت کا زمانہ باقی رہیگا۔ یہ امام یا مجدد لوگوں کو قرآن کریم کے احکام کے مطابق ان سے برائیوں کو دور کر کے ان کو پاکیزہ بنا دے گا جیسا کہ شیخ عبدالقادر جیلانی اور حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہما نے کیا۔ لہٰذا جنہوں نے ان ائمہ اور مجددین کو پہچان لیا اور ان کا اتباع کیا وہ ہدایت پر آگئے اور جنہوں نے ان کو پہچان کر ان کا اتباع نہ کیا تو گویا دین کا اتباع نہ کیا اور وہ جہالت کی موت مر گئے۔

امام کی تعریف

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ ہر دور میں جس طرح آب و ہوا اور زمانوں کے اختلاف کے باعث انسان بیمار ہو جاتے ہیں، اسی طرح مختلف زمانوں میں روحانی طور پر ماحول کے حالات کے باعث لوگوں کو مذہبی بیماریاں بھی لاحق ہوتی رہتی ہیں لہٰذا قدرت کی حکمت کے تحت لوگوں کے علاج کے لئے اللہ تعالیٰ کوئی شخص بھیجتا ہے جو ان کی اصلاح کرتا ہے اس کو امام کہتے ہیں۔

تعریف مجدد

اور چونکہ بگڑے ہوئے زمانے کے خلاف وہ دین کے پرانے احکامات لوگوں میں جاری کرتا ہے جو بگڑے ہوئے لوگوں کو نئے معلوم ہوتے ہیں، اس لئے اس کو مجدد کہا جاتا ہے۔

شبہ

اس گئے گذرے زمانے میں سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر امام مہدی علیہ السلام موجود ہیں۔ تو زمانے کو ان کی اصلاح سے فائدہ حاصل کرنے کی سخت ضرورت ہے۔ ان کو ظاہر ہونا چاہیئے۔ آخر موجود رہتے ہوئے یہ دیر کیوں ہے۔ اس کے برعکس حضرات خلفائے ثلاثہ جن کو یہ امام نہیں مانتے انہوں نے تو دنیا کو اصلاح سے بھر دیا تو وہ امام کہلانے کے مستحق نہ ہوں اور من لم یعرف میں شامل نہ ہوں تو کیوں۔

امام مہدی علیہ السلام

ہاں ایک وقت آئے گا جب امام مہدی علیہ السلام بھی پیدا ہوں گے اور اس وقت جو ان کا اتباع نہ کرے گا اور امام پہچان کر ان کی پیروی نہ کرے گا وہ جاہلیت کی موت مرے گا۔ امام مہدی جو اتباع سنت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تبلیغی مشن پر آئیں گے وہی کچھ فرمائیں گے جو اہلسنت والجماعت کے عقائد صحیحہ میں موجود ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ مسلمانوں کا کوئی خاص فرقہ ان کو اپنے مذہب کا نہ پا کر یہودیوں کی طرح سے جو پیغمبر آخر الزماں کے انتظار میں تھے اور پھر ان سے برگشتہ ہو گئے تھے ایسے ہی وہ فرقہ امام مہدی علیہ السلام سے برگشتہ ہو جائے۔

یہ ہے حضرت قاسم العلوم رحمۃ اللہ علیہ کے اس مکتوب کا خلاصہ

دوسرا مکتوب

کہ دراصل مکتوب یازدہم تھا

دربیان معنی حدیث مَنْ لَمْ یَعْرِفْ اِمَامَ زَمَانِہٖ

اس حدیث کے معنی کے بیان میں کہ جسنے اپنے وقت کے امام کو نہ پہچانا

فَقَدْ مَاتَ مِیْتَۃً جَاھِلِیَّۃً

تو وہ جاہلیت کی موت مرا

بنام مولانا فخر الحسن صاحب گنگوہی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رہین منتہای بی پایان احباب محمد قاسم عفی اللہ عنہ بخدمت سراپا مکرمت جامع کمالات عزیزم مولوی فخرالحسن صاحب دام کمالاتہ۔

پس از سلام مسنون وشوق مکنون عرض پرداز ست کہ دیروز سہ شنبہ نامۂ عنایت آمیز رسید و سرمایۂ منتہا گردید۔

نامۂ اول کہ بارسالش دریں نامہ اشارہ فرمودہ اند یاد ندارم کہ کی رسید۔ مگر آنکہ سوء حفظم باعث فراموشی شدہ باشد یا حسن انتظام عملہ ڈاک در اثنای راہ گم کرد۔

احباب کی بے انتہا مہربانیوں کا مرہون محمد قاسم عفی اللہ عنہ سراپا کرم، جامع کمالات مولوی فخرالحسن دام کمالاتہ کی خدمت میں۔

سلام مسنون اور شوق مکنون کے بعد عرض پرداز ہے کہ کل منگل کو عنایت نامہ پہنچا اور احسانات کا سرمایہ بنا۔

پہلا خط کہ اس کے بھیجنے کا آپ نے اس خط میں ارشاد فرمایا ہے مجھے یاد نہیں کہ کب پہنچا۔ شاید قوت حافظہ کی کمزوری کی وجہ بھول جانے کا باعث ہوئی ہوگی یا ڈاک کے عملے کے حسن انتظام نے راستے میں ہی گم کردیا۔

بالجملہ اگر جوابش نفرستادم معذورم۔ ارسال جواب این نامہ اگر مکفر تقصیر اول شود از اخلاق سامی چہ بعید۔ ہمین است کہ بفور رسیدن دواۃ وقلم برگرفتم و این نامہ برین صفحہ بنوشتم۔

تاہم اگر میں نے اس کا جواب نہیں بھیجا تو معذور ہوں۔ اس خط کے جواب کا ارسال کرنا اگر پہلی کوتاہی کو پورا کر دے تو بلند اخلاقی سے کیا بعید ہے۔ یہی ہے نہ کہ فوراً تمہارا خط پہنچتے ہی دوات وقلم میں نے سنبھالے اور یہ خط اس صفحے پر میں نے لکھ ڈالا۔

تجویز نام فرزند وتبریک پیدائش

معروض اول اینست کہ تولد فرزند مبارک باد۔ خداوند بسیار بخش عمر درازش یار بخت سعید مددگار فرماید۔ از علم وعمل بہرہ وافر بردارد۔ آمین۔

لڑکے کی پیدائش پر مبارک باد اور تجویز نام نومولود

پہلی گذارش تو یہ ہے کہ لڑکے کی پیدائش مبارک ہو۔ بہت بخشنے والا خدا عمر دراز کو یار اور بخت نیک کو مددگار فرمائے۔ اور علم وعمل سے بہرہ وافر عطا فرمائے۔ آمین

نامش محمد نور الحسن یا محمد حسن خوش می نماید مگر آنکہ در عشائر اوشان کسی بایں نام بود۔ اندریں صورۃ غالباً زنان را این نامہا پسند نخواہند آمد۔ لہذا میخواہم کہ بخدمت مولانا رشید احمد صاحب عرض دارند۔ ہرچہ فرمایند ہمان مقرر سازند۔

اس کا نام محمد نور الحسن یا محمد حسن اچھا لگتا ہے مگر ان کے خاندان میں اگر کوئی اس نام کا ہو تو اس صورت میں عورتوں کو یہ نام غالباً پسند نہیں آئیں گے۔ لہذا میں چاہتا ہوں کہ مولانا رشید احمد صاحب کی خدمت میں عرض کریں جو کچھ وہ فرمائیں وہی نام رکھدیں۔

تزلزل در بنا مدرسہ نگینہ

باقی باطلاع تزلزل بنا مدرسہ نگینہ بدو وجہ رنج دارم یکی از طرف آنعزیز دوم از طرف اہل نگینہ کہ چہ کم حوصلگی کردند۔ آری ہر نعمتی

مدرسہ نگینہ کی بنیاد میں زلزلہ

باقی نگینے[1] (ضلع بجنور۔ یو۔پی) کی بنیاد کے اندر خرابی آنے سے مجھے دو وجہ سے رنج ہوا۔ ایک تو تمہاری طرف سے۔ دوسرے نگینہ والوں کی طرف سے کہ کیا حوصلے کے پست ہیں۔

---

[1] مولانا فخر الحسن کو غالباً حضرت مولانا محمد قاسم صاحبؒ نے نگینے کے مدرسہ عربی میں بھیجا ہوگا۔ یہ مدرسہ قاسم العلوم کے نام سے مولانا محمد قاسم صاحبؒ کے ایما سے جاری کیا گیا۔ شہر کی عالیشان جامع مسجد میں قائم ہے، میں بھی اس میں ۱۹۱۴ء میں ایک سال تعلیم پائی ہے۔ اس وقت مولانا بشیر احمد صاحبؒ مرحوم بڈھانوی عربی مدرس تھے اور میانجی سراج الدین سیوہاروی فارسی پڑھاتے تھے، میں نے ان سے مصدر فیوض، پند نامہ، رقعات عنایتؒ پڑھی تھیں۔ مولوی شوکت علی رئیس نگینہ اس زمانہ میں مہتمم تھے۔ مولانا فخر الحسن صدر مدرس مدرسہ قاسم العلوم نگینہ رہے ہیں۔ مترجم

کہ بی سابقہ جلد جلد میرسد ناقدر شناساں ہمیں
ساں ضائع میکنند - یارب ایں چہ زمانہ است کہ
از شرفا مادہ فہم برگرفتند - چیزیکہ سرمایہ شرف
انسانی بر ملائکہ باشد

چنانچہ رکوع
وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ إِنِّيْ
جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً
بریں دعویٰ شاہد است - ایں چنیں بی قدر گردد -
چوں بنظر غور بنگریم ایں ہمہ نیرنگیہا بی نیازی
است صدق اللہ و صدق رسولہ
الکریم

يُرْفَعُ الْعِلْمُ

خیر نظر بر خدا دارند و ہیچ نہراسند
إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا
اگر دری بحکمۃ بند میفرمایند چہ باک کہ درہائے دیگر
خواہند کشاد - لیکن بظاہر چناں می نماید کہ اگر ایں

ہاں ہر نعمت کہ پہلے کی ہوئی کوشش کے بغیر مل جاتی
ہے - ناقدر شناس لوگ اس کو اسی طرح ضائع کر دیتے
ہیں - یارب یہ کیا زمانہ ہے کہ شریفوں سے سمجھ کا مادہ
ہی لے لیا - باوجودیکہ انسان کو فرشتوں پر بلندی حاصل ہے
جیسا کہ رکوع

"اور جبکہ[1] آپ کے رب نے فرشتوں سے کہا کہ میں
زمین میں خلیفہ بنانے والا ہوں -"

اس دعوے پر گواہ ہے - یہ انسان اسقدر
بے قدر ہو جائے - جب ہم غور کی نظر سے دیکھتے ہیں تو
یہ سب قدرت کی نیرنگیاں معلوم ہوتی ہیں - اللہ اور
اس کے رسول کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) نے سچ فرمایا کہ -
"علم[2] اٹھا لیا جائے گا"

[3] خیر خدا پر نظر رکھیں اور بالکل ہراساں نہ ہوں -
"تنگی کے ساتھ فراخی ہے - یقیناً تنگی کے ساتھ فراخی ہے"
اگر ایک[4] دروازہ حکمت سے بند فرماتے ہیں کیا خوف ہے
کہ دوسرے دروازے کھول دیں گے - لیکن ظاہر میں ایسا معلوم

---

[1] پارہ ۱ سورۂ بقرہ رکوع ۴ - مترجم

[2] یہ حدیث بخاری اور مسلم دونوں میں موجود ہے - پوری حدیث یہ ہے :-

عَنْ اَنَسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ اَنْ يُّرْفَعَ الْعِلْمُ وَيَكْثُرَ الْجَهْلُ وَيَكْثُرَ الزِّنَا وَيَكْثُرَ شُرْبُ الْخَمْرِ وَيَقِلَّ الرِّجَالُ وَيَكْثُرَ النِّسَآءُ حَتّٰى يَكُوْنَ لِخَمْسِيْنَ امْرَاَةً الْقَيِّمُ الْوَاحِدُ وَفِيْ رِوَايَةٍ يَقِلُّ الْعِلْمُ وَيَظْهَرُ الْجَهْلُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (مشکوٰۃ باب اشراط الساعۃ)

انس رض سے ہے انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے کہ قیامت کی شرطوں میں سے یہ ہے کہ علم اٹھا لیا جائے گا اور جہالت بڑھ جائے گی اور بہت ہوگا زنا اور شراب نوشی بہت ہو جائے گی، مرد کم ہوں گے اور عورتیں زیادہ ہوں گی تا آنکہ پچاس عورتوں پر ایک خبرگیری کرنے والا ہوگا - اور ایک روایت میں ہے کہ علم قلیل ہوگا اور جہل پیدا ہوگا - (بخاری و مسلم سے علامات قیامت میں مشکوٰۃ شریف نے اس حدیث کو نقل کیا) مترجم

[3] إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا مشہور آیت تیسویں پارے کی سورت الم نشرح لک صدرک میں ہے مترجم

[4] بقول شیخ سعدی علیہ الرحمۃ سے : حکمت خدا اگر بہ بندد درے - برحمت کشاید در دیگرے

خوان نعمت را از نگینہ خواہند برداشت باز نخواہند گسترانید انا للہ و انا الیہ راجعون۔

آں عزیز گرامی اگر از جای خود برخیزند برائی ایں ہیچمدان چناں مستحسن می نماید کہ اول بدہلی رسند و بمنشی ممتاز علی صاحب و منشی عبدالرزاق صاحب ملاقات کنند۔ شاید بمطبع صورتی پیدا آید۔

اکنوں جواب مستفسر خود دریابند۔ برادر من باایں ہمہ دانشمندی کہ خدا تعالیٰ شمارا ارزانی داشتہ باز چہ حاجت است کہ ایں ہیچمداں را تکلیف مید ہند خیر اگر پاس خاطر شما نبودی کاہلی من مانع ایچنیں امور خود است۔ ناچار ہرچہ بذہن ناقص می آید تحریر می نماید۔

اوّل باید دانست کہ معرفۃ شناختن است نہ دانستن فقط۔ و ظاہر است کہ شناختن بعد علم اول و نوعی ذہول می باشد۔ لیکن علم شی بدو گونہ می باشد۔

یکی علم بالحقیقۃ و بالماہیۃ۔

دوئم علم بالوصف

مثلاً اگر کسی از ساکنان اطراف بدربار بادشاہی اول برسد و سابق ازاں بادشاہ را ندیدہ و دانستہ باشد بمجرد رسیدن خود فقط بملاحظہ آنکہ آں بادشاہ برتخت بلند بطوری نشستہ است کہ تاج مکلل برسر و قبا مکمف

ہوتا ہے کہ اس خوان نعمت کو نگینہ سے اٹھائیں گے تو پھر نہیں بچھائیں گے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

آں عزیز گرامی اگر اپنی (ملازمت کی) جگہ (نگینہ) سے اٹھیں تو اس ناچیز کی سمجھ میں یہ بھلا معلوم ہوتا ہے کہ اول دہلی پہنچیں اور منشی ممتاز علی صاحب اور منشی عبدالرزاق صاحب سے ملاقات کریں۔ شاید مطبع میں کوئی صورت پیدا ہو جائے۔[1]

اب اپنے پوچھے ہوئے سوال کا جواب لیں۔

برادر من اس تمام دانشمندی[2] کے باوجود کہ خدا تعالیٰ نے آپ کو بخشی ہے۔ پھر کیا ضرورت ہے کہ اس ناچیز کو تکلیف دیتے ہیں خیر آپ کی خاطرداری اگر ملحوظ نہ ہوتی تو میری سستی ان جیسے کاموں کے لئے خود مانع ہے۔ مجبوراً جو کچھ میری ناقص سمجھ میں آتا ہے یہ بندہ تحریر کرتا ہے۔

اول یہ جاننا چاہیئے کہ معرفت، پہچاننے کا نام ہے نہ صرف جاننے کا۔ اور ظاہر ہے کہ پہچاننا پہلی مرتبہ جاننے اور ایک قسم کے بھلا دینے کے بعد ہوتا ہے۔ لیکن کسی چیز کا علم دو طرح ہوتا ہے۔

ایک تو حقیقت اور اصلیت کا جاننا

دوسرے کسی کا وصف کے واسطے سے جاننا

مثال کے طور پر اگر آس پاس کے رہنے والوں میں سے کوئی پہلی مرتبہ بادشاہی دربار میں پہنچے اور اس سے پہلے اس نے بادشاہ کو نہ دیکھا ہو اور نہ جانا ہو تو محض پہنچنے پر ہی یہ دیکھ کر کہ وہ بادشاہ ایک اونچے تخت پر اس طرح سے بیٹھا ہوا ہے کہ سونے کا تاج اس کے سر پہ

---

[1] اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ نگینہ کی ملازمت کے بعد مولانا فخر الحسن صاحب حسب مشورہ مولانا محمد قاسم صاحب دہلی پہنچے ہوں گے اور منشی ممتاز علی کے مطبع میں کام کیا ہوگا۔ بعد ازاں دہلی میں قیام کے باعث مدرسہ عبدالرب" میں ملازمت ملی۔ مترجم

[2] حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کی نظروں میں مولانا فخر الحسن صاحب دانشمند تھے۔ اسی لئے یہاں ان کے لئے دانشمندی کا لفظ استعمال فرمایا ہے۔ مترجم

در بر، ہمہ وزرا و امرا دست بستہ استادہ ہمہ کس و ناکس رو بداں سو نہادہ - حکمی کہ می فرماید کہ بجان و دل می دوزند - حرکتی میکند، کہ بمساعدتش می دوند - بالجملہ بملاحظہ امثال ایں امور بی آنکہ کسی اورا بیاگاہاند خواہد دانست کہ بادشاہ این ست و حاکم این درگاہ ایں۔

الغرض آنکس بادشاہ را بحقیقۃ وذات او نمیدانست - اعنی بتشخص صوری نمی شناخت آری بایں وصف می دانست و بہمیں سبب بے آنکہ از کسی پرسد یا کسی اورا خبر دہد بخودی خود میداند کہ بادشاہ این است نہ آں۔

دوم اینکہ جملہ :-

"مَنْ لَمْ يَعْرِفْ إِمَامَ زَمَانِهِ فَقَدْ مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً"

جملہ شرطیہ است - و شرط علۃ وجزا معلول آں می باشد - مگر ایں رابطہ علیۃ ومعلولیۃ درینجا

اور عمدہ قبا اس کے جسم پر ہے اور تمام وزیر اور امیر ہاتھ باندھے کھڑے ہوئے ہیں اور ہر کس و ناکس کا منہ اس کی طرف ہے، کوئی بھی حکم جو وہ دیتا ہے ایسا نہیں کہ جان و دل سے وہ اس کو نہ بجا لائیں، جو بھی کوئی اشارہ بادشاہ کرتا ہے اس کو عمل میں لانے کے لئے وہ دوڑتے ہیں - تو ان جیسے امور کو دیکھ کر بغیر اس کے کہ اس کو کوئی خبر دے وہ خود جان لے گا کہ بادشاہ یہ ہے اور اس درگاہ کا حاکم یہ ہے۔

الغرض وہ شخص بادشاہ کو اس کی ذات اور حقیقت کی وجہ سے نہیں جانتا تھا - میرا مطلب[1] ہے اس کی صورت کی خصوصیت کے ذریعہ نہیں پہچانتا تھا - ہاں ان شئون کے باعث جانتا تھا اور اسی سبب سے اس کے بغیر کہ کسی سے پوچھے یا اسے کوئی خبر دے خود بخود جان لیتا ہے کہ بادشاہ یہ ہے وہ نہیں۔

دوسرے یہ کہ جملہ

"جس شخص نے اپنے زمانے کے امام کو نہیں پہچانا تو وہ جاہلیت کی موت مرا"

جملہ شرطیہ[2] ہے - اور شرط علت اور جزا اس کا معلول ہوا کرتی ہے - لیکن علیت و معلولیت کا یہ

---

[1] مطلب یہ ہے کہ وہ بادشاہ کی ذات اور حقیقت کو نہیں جانتا تھا لیکن ان اوصاف کے واسطے سے جو دیکھے اس نے اس کو بادشاہ سمجھ لیا - اسی طرح امام اور نبی کو پہچاننا آسان ہوتا ہے - مترجم

[2] جملہ شرطیہ قواعد میں مشہور جملہ ہے جس میں شرط اور جزا ہوتی ہے - جیسے اگر حامد محنت کرتا تو امتحان میں پاس ہو جاتا - اگر کے بعد حامد محنت کرتا شرط، امتحان میں پاس ہو جاتا جزا ہے - دوسرے لفظوں میں محنت کرنا علت ہے - امتحان میں پاس ہو جانا معلول ہے - اسی طرح مذکورہ بالا حدیث بھی جملہ شرطیہ ہے یعنی امام کی معرفت نہ ہونا جاہلیت کی موت مرنا ہے - من لم یعرف امام زمانہ شرط اور فقد مات میتۃ جاھلیۃ جزا ہو کر جملہ شرطیہ ہوا - مترجم

وقتی متحقق می شود کہ از امام زمان عالمی مراد گیرند کہ بیخ و بنیاد ضلالۃ زمانہ خود را داشتہ بہ بیان حق و باطل دیر کند و ہم بزور ہمۃ خود تزکیۂ احوال شان کردہ اصلاح علاج مردم فرماید۔

بالجملہ شان

يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ [a]

شرح معما شرح این معما این است کہ زمانہ جاہلیت زمانہ را گویند کہ در ایام فترۃ قبل بعثت نبوی گذشت۔ و وجہ تسمیہ خود ظاہر است چہ بوجہ اندراس علوم انبیا تمیز حق از باطل و شناخت نیک از بد محال گردید۔ غرض بوجہ کمال جہل در حق و باطل فرقی نماندہ بود۔ اندریں صورۃ زمانۂ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم زمانۂ علم باید خواند۔ چہ حقائق عقائد و اخلاق و احوال و اعمال و عادات آنچناں منکشف گشتند کہ از کوہ تا ذرہ پیش آفتاب نیمروز می باشد۔ پس ہر کہ حضرت ما محمد رسول اللہ را صلی اللہ علیہ وسلم بوصف رسالت بشناخت بسعادۃ ملازمت بشتافت و حلقۂ ارادت و عقیدت در گوش کردہ و کمر

تعلق یہاں اس وقت پایا جاتا ہے کہ امام زمانہ سے مراد ایک ایسا عالم لیا جائے جو کہ اپنے زمانے کی گمراہی کی بنیاد کو جڑ سے اکھاڑ پھینکے اور حق و باطل کو جدا کرنے والے بیان اور اپنی ہمت کے بل بوتے پر ان کے حالات کو پاک کر کے آدمیوں کا علاج اور اصلاح فرمائے۔

خلاصہ یہ کہ وہ اس آیت کی شان رکھتا ہو۔

"وہ ان پر اللہ کی آیتیں تلاوت کرتا ہے اور ان کو پاک کرتا ہے اور ان کو کتاب اور حکمت سکھاتا ہے۔"[1]

اشکال کی شرح اس مشکل بات کی تفصیل یہ ہے کہ زمانہ جاہلیت اس زمانے کو کہتے ہیں جو کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مبعوث ہونے سے پہلے بغیر نبی کے گذرا۔ اور اس کا نام ایام جاہلیت رکھنا خود ظاہر ہے کیونکہ انبیا کے علوم مٹ جانے سے حق کی باطل سے تمیز اور نیک کی بد سے پہچان محال ہو گئی تھی۔ غرض یہ کہ بے حد جہالت کی وجہ سے حق اور باطل میں کوئی فرق نہیں رہا تھا۔ اس صورت میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے کو علم کا زمانہ کہنا چاہیئے۔ کیونکہ (اس زمانے میں) عقائد، اخلاق، احوال اور اعمال اور عادات کی حقیقتیں اس طرح کھل کر سامنے آگئیں جیسا دوپہر کے آفتاب کے سامنے پہاڑ سے لے کر ذرے تک ہر چیز روشن ہو جاتی ہے۔ پس جس شخص نے کہ ہمارے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو صفت رسالت کے ذریعہ پہچان لیا اور خدمت میں رہنے کی خوش بختی کیلئے

---

[1] پوری آیت یہ ہے لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ (پارہ ۴ سورۃ آل عمران رکوع ۱۷)

اطاعۃ چست بستہ حسب اشارات ہدایت آیات رفتہ۔ و ہرکرا دیدۂ بصیرۃ کور برآمد ہمچناں پابند رسوم جاہلیۃ وخیالات زمانۂ فترۃ ماند۔ آں کور باطن بی نصیب را طلوع آں آفتاب نبوۃ ہیچ سود نفرمود۔ مگر ظاہر است کہ بشناختن رسالت رسولی ہمیں طور است کہ علم بوصف رسالت در جذر طبیعۃ ہرکس نہادہ اند۔ اعنی ہرکرا بینند کہ بتعبد مولی و حسن معاملگی باخلائق بیغرضانہ امر میفرماید و با ایں ہمہ شواہد جلیہ و براہین علیہ عقلیہ و از دلائل ومعجزات بردست او ظاہر می شوند بی آنکہ کسی اورا بوصف رسالۃ و تقرب حق یاد کند خودبخود علم رسالتش و خدا رسیدگی او از دل جوش می زند و بانقیاد و اطاعتش میکشد۔

عمدڑا اور کان میں عقیدت اور ارادت کا حلقہ ڈالا اور اطاعت کی کمر کو مضبوطی سے باندھ کر ہدایت والی باتوں پر چلا۔ اور جس کسی کی عقل کی آنکھ اندھی نکلی اور جاہلیت اور نبی سے خالی زمانے کی رسموں کا اسی طرح پابند رہا اس بدنصیب دل کے اندھے کو اس نبوت کے آفتاب کے طلوع ہونے نے کوئی فائدہ نہ بخشا۔ مگر ظاہر ہے کہ کسی رسول کی رسالت کو پہچاننا اسی طریقے پر ہو سکتا ہے۔ کہ صفت رسالت کا علم ہر آدمی کی اصل طبیعت میں قدرت نے رکھ دیا ہے۔ میرا مطلب ہے کہ جس شخص کو لوگ دیکھیں کہ خدا کی عبادت اور مخلوق کے ساتھ اچھے معاملے کا بغیر کسی غرض کے حکم فرماتا ہے اور ان سب باتوں کے ساتھ روشن مشاہدات اور عقلی اور حسی بڑے دلائل اور معجزات اس کے ہاتھ پر ظاہر ہوتے ہیں تو بغیر اس کے کہ کوئی اس کو رسالت کے وصف اور اللہ سے نزدیکی کے ساتھ بتائے خودبخود اس کی رسالت اور خدا تک رسائی کا علم دل سے جوش مارتا ہے اور اس کی اطاعت اور فرمانبرداری کی طرف کھینچتا ہے۔

القصہ اینقدر در دل ہرکس نہادہ اند کہ لوازم رسالۃ و مقبولیۃ خداوندی ایں چنیں امور است۔ مگر آنکہ طبیعۃ کسی بامراض نفسانیہ چناں فاسد شدہ باشد کہ در وقت امراض جسمانی ذائقہ کسی خراب گردد وشیریں و ترش را نشناسد ایں چنیں کساں را اعتبار نیست اعتبار اگر ہست کسانرا است کہ ہنوز باعتدال خود اند اگر مدۃ العمر شیریں و ترش و تلخ نچشیدہ اند چہ زیاں وقتیکہ اتفاق چشیدن اینہا خواہد شد بی گفتہ دیگراں مرغوب وغیر مرغوب را خواہند شناخت۔

القصہ اتنی بات ہر شخص کے دل میں قدرت نے رکھ دی ہے کہ رسالت کے لوازم اور خداوندی مقبولیت ایسی ہی باتیں ہیں مگر جس کسی کی طبیعت نفسانی بیماریوں کے سبب ایسی خراب ہو گئی ہو جیسی کہ جسمانی بیماریوں کے وقت کسی کا ذائقہ خراب ہو جائے اور میٹھے اور کھٹے کا امتیاز باقی نہ رہے۔ ایسے لوگوں کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ اعتبار اگر ہے تو ان لوگوں کا ہے کہ جو ابھی اپنے اعتدال پر ہیں۔ اگر مدۃ العمر تک انہوں نے میٹھے، کھٹے اور کڑوے کو نہیں چکھا ہے تو کیا نقصان۔ جس وقت چکھنے کا اتفاق ہوگا دوسرے کے کہے بغیر مرغوب اور غیر مرغوب کو پہچان لیں گے۔

سخن دور افتاد باز از سر میگیرم ــ
مقصود اینست کہ ہر کرا ذوق طبیعۃ درست
است بمجرد دیدن احوال و شنیدن اقوال انبیا را
می شناسد ـ و اگر اتفاقاً دلی بپیش می آید بمعجزات
مصدقہ دعوی اوشاں آں شبہ زائل میگردد
و می شناسد کہ لاریب ایں کس نبی است ـ
بایں وجہ بخدمۃ او می شتابد و از فیض صحبۃ او
بہرہ مند می شود و قوت علمیہ خود را بنور
علمش منور می سازد و قوت عملیہ خود را بزور
ہمۃ اعنی عزم قوۃ عملیہ اش مہذب
ساختہ از غواشی طبیعت می برآید۔

مگر چوں حضرت سرورکائنات علیہ وعلی آلہ
الصلوات والتسلیمات ازیں جہاں بجوار خالق
انس وجاں رفتند وہنوز زمانہ امۃ علیہ شاں
صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم دراز باقی بود لازم افتاد کہ در
ہر قرن ہادیی برسر ایشاں رسد و براہ راست
اوشاں را کشد ـ زمانہ نبوت بآخر رسیدہ بودہ

بات دور جا پڑی پھر شروع سے کہتا ہوں۔
مقصد یہ ہے کہ جس کسی کا ذوق طبیعت درست ہے،
محض اعمال کے دیکھنے اور اقوال کے سننے سے انبیا کو
پہچان لیتا ہے۔ اگر اتفاق سے کوئی شبہ پیش آتا ہے
تو ان انبیاء کے واضح اور تصدیق کرنے والے معجزات
سے وہ شبہ دور ہو جاتا ہے اور پہچان لیتا ہے کہ بے شک
یہ شخص نبی ہے۔ اس وجہ سے اس کی خدمت میں
دوڑتا ہے اور اس کے فیض صحبت سے فائدہ حاصل
کرتا ہے۔ اپنی قوت علمیہ کو اس کے علم کے نور سے
روشن کرتا ہے۔ اور اپنی قوت عملیہ کو پیغمبر کی ہمت کے
زور سے یعنی اس کی عملی قوت کی پختگی سے مہذب بنا کر
نفسانی خرابیوں سے نجات پاتا ہے
مگر چونکہ حضرت سرور کائنات علیہ وعلی آلہ الصلوات
والتسلیمات اس دنیا سے خداوند تعالیٰ کی طرف تشریف
لے گئے اور ابھی آنحضور صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کی
بلند شان امت کا زمانہ دراز (قیامت تک) باقی تھا
لہٰذا ضروری ہوا کہ ہر صدی[1] میں کوئی ہادی ان کے سر پر
پہنچے اور براہ راست ان کو کھینچ لے۔ نبوت کا زمانہ چونکہ

---

[1] اس مضمون کی حدیث کہ ہر صدی میں کوئی ہدایت کرنے والا آئے گا یہ ہے عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ فِیْمَا اَعْلَمُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ یَبْعَثُ لِھٰذِہِ الْاُمَّۃِ عَلٰی رَأْسِ کُلِّ مِائَۃِ سَنَۃٍ مَنْ یُّجَدِّدُ لَھَا دِیْنَھَا رَوَاہُ ابوداود ــ اور روایت ہے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ جس چیز کے بارے میں حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے میں جانتا ہوں یہ ہے کہ فرمایا کہ بے شک اللہ بزرگ و برتر سو سال کے سر پر ایسے شخص کو جو کہ امت کے لئے دین کو نئے سر سے اس کے لئے درست کرتا ہے بھیجتا ہے (ابوداؤد نے روایت کی) اس حدیث کا یہ مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ امت میں کسی ممتاز شخص کو بھیجتا ہے جو دین کے اندر پیدا کردہ بدعات کو دور کر کے دین کو صاف اور نیا بنا تا ہے جیسا کہ وہ پہلے تھا۔ بعض علماء نے کہا ہے کہ یہ حدیث عام ہے کہ ایک شخص ہو یا جماعت ہو جو دین کی تجدید کرے۔

(مظاہر حق جلد اول کتاب العلم صفحہ ۹۱)

درجۂ امامت تجویز فرمودند۔ اعنی کسان را فرستادند کہ در علم قرآن وحدیث راسخ بوند و با این اقوال شان مطابق احوال شان و احوال شان موافق اقوال شان باشد۔ بالجملہ دریوزہ گر در نبوۃ باشند و از مرتبہ

"یَتْلُوْ عَلَیْھِمْ اٰیٰتِہٖ وَیُعَلِّمُھُمُ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَۃَ وَیُزَکِّیْھِمْ"

(قرآن کریم)

مستفید بودہ بہ نیابۃ حضرت رسالۃ پناہی صلی اللہ علیہ وسلم برخاستہ باشند۔ پس کسی کہ اوشان را بطور مذکور بشناخت و بسعادۃ ملازمت اوشان بشتافت۔ گوی مقصود دریافت۔ تمیز حق و باطل حاصل کرد و ہمچنان زیست و جان بداد۔ و ہر کرا غبار فساد طبیعۃ دیدہ بہم دوخت بجز ناکامی ہیچ نیندوخت و ہمچنان در ضلالۃ جہالت ماند و بمرد اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ نعوذ باللہ من سوء الفہم

چوں این قدر محقق شد باید دانست کہ معنی حدیث مذکور این است کہ بشناختہ باشی نہ آنکہ شیعیان میگویند چہ محصل تقریر اوشان چنانچہ دانی این است کہ معرفۃ را اعتقاد و علم قرار میدہند و میگویند کہ ہر کہ با مامۃ امام وقت

ختم ہو چکا تھا اس لئے امامت کا درجہ تجویز فرمایا۔ میری مراد ہے کہ ایسے لوگوں کو بھیجا کہ قرآن وحدیث کے علم میں راسخ ہوں۔ اور اس کے ساتھ ساتھ ان کے اقوال ان کے احوال کے مطابق اور ان کے احوال ان کے اقوال کے مطابق ہوں۔ خلاصہ یہ کہ در نبوت کے سوالی ہوں مضمون آیت ذیل

"وہ[1] تلاوت کرتا ہے ان پر اس کی آیتیں اور تعلیم دیتا ہے۔ ان کو کتاب کی اور حکمت کی اور ان کو پاکیزہ بناتا ہے۔"

سے مستفید ہو کر حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی قائم مقامی کے لئے کمربستہ ہوں۔ پس جس شخص نے ان اماموں کو ذکر کئے گئے طریقے کے ساتھ پہچان لیا اور ان کی خدمت کی سعادت کے لئے دوڑا۔ اس نے منزل مقصود کو پا لیا۔ اس نے حق اور باطل میں تمیز حاصل کر لی اور اسی طرح ہدایت پر زندہ رہا اور اسی پر جان دیدی۔ اور جس کسی کو طبیعت کے فساد کے غبار نے اندھا کر دیا اس نے نامرادی کے سوا کچھ حاصل نہیں کیا اور اسی طرح جہالت کی گمراہی میں رہا اور مر گیا۔ ہم اللہ[2] کے لئے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ جائیں گے۔ ہم اللہ کی پناہ چاہتے ہیں بدفہمی سے۔

جب اتنی بات تحقیق میں آ گئی کہ مذکورہ حدیث کے معنی یہ ہیں کہ جو تم نے پہچان لئے ہوں گے نہ وہ کہ شیعہ کہتے ہیں۔ کیونکہ ان کی تقریر کا حاصل جیسا کہ تمہیں معلوم ہے یہ ہے کہ معرفت کو اعتقاد اور علم قرار دیتے

---

[1] اس طرح کی آیات کئی جگہ قرآن کریم میں آئی ہیں۔ پہلے پارے میں بنیاد کعبہ کے اٹھانے کے وقت دعائے ابراہیمی میں بھی یہ دعائیہ مضمون موجود ہے۔ مترجم

[2] یہ آیت دوسرے پارے کے تیسرے رکوع میں ہے۔ پوری آیت یہ ہے وَبَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ الَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَتْھُمْ مُّصِیْبَۃٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ

یعنی امام مہدی علیہ السلام اعتقاد نکرد و
بدل معتقد نشد او مردن جاہلیۃ خواہد مرد۔
ازیں صاحبان کسی بپرسد اگر کسی معتقد امامۃ
شاں شد کدام شمع علم پیش نظرش
افروخت و اگر معتقد نشد کدام غبار
جہل پیش دیدہ بصیرۃ او برخاست۔
فقط انتسابی بیش نیست کہ مادر امامۃ
فلاں بزرگ آمدہ ایم۔ اگر این است تو

ہیں اور کہتے ہیں کہ جس شخص نے امام وقت کی امامت
پر میری مراد ہے امام مہدیؑ علیہ السلام سے اعتقاد نہ کیا
اور دل سے معتقد نہ ہوا وہ جاہلیت کی موت مرے گا۔
ان صاحبان سے کوئی پوچھے کہ اگر کوئی ان کی امامت
کا معتقد ہوا تو کون سی علم کی شمع اس کی آنکھ کے سامنے
روشن ہوگئی اور اگر معتقد نہ ہوا تو کونسا جہالت کا غبار
اس کی چشم بصیرت کے سامنے آگیا۔ بس نسبت سے
زیادہ کوئی بات نہیں ہے کہ ہم فلاں بزرگ کی امامت

ل؎ اہلسنت والجماعۃ کا عقیدہ ہے کہ قیامت سے پہلے حضرت امام پیدا ہوں گے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی فاطمہ رضؓ اور حضرت علی رضؓ
کی نسل سے ہوں گے اور چالیس سال کی عمر میں ظاہر ہوں گے اور دنیا کو ہدایت سے بھر دیں گے۔ مشکوٰۃ میں یہ حدیث ترمذی اور ابوداؤد سے
لی گئی ہے۔ حدیث یہ ہے۔ عن عبد اللہ بن مسعود قال قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَذْہَبُ
الدُّنْیَا حَتّٰی یَمْلِکَ الْعَرَبَ رَجُلٌ مِنْ اَھْلِ بَیْتِیْ یُوَاطِیُٔ اِسْمُہٗ اِسْمِیْ (رواہ الترمذی و ابوداؤد)
ترجمہ:۔ اور عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا فنا نہ ہوگی تا آنکہ عرب کا ایک شخص میرے اہل بیت
میں سے مالک ہوگا عرب کا اور اس کا نام میرے نام کے موافق (محمدؐ) ہوگا۔ (دوسری حدیث) عن ام سلمۃ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَلْمَہْدِیُّ مِنْ عِتْرَتِیْ مِنْ اَوْلَادِ فَاطِمَۃَ (ابوداؤد) ترجمہ ام سلمہؓ سے روایت ہے
کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے کہ مہدی میری ذریت میں سے فاطمہ کی اولاد میں سے ہوگا۔ (تیسری حدیث) عن
ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اَلْمَہْدِیُّ مِنِّیْ اَجْلَی الْجَبْہَۃِ اَقْنَی
الْاَنْفِ یَمْلَأُ الْاَرْضَ قِسْطًا وَّعَدْلًا کَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَّجَوْرًا یَمْلِکُ سَبْعَ سِنِیْنَ (ابوداؤد) ابوسعید خدریؓ سے
روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مہدی میری اولاد میں سے ہے (نہ کہ مرزا خاندان سے) روشن اور کشادہ پیشانی بلند
بینی دنیا کو عدل و سخاوت سے بھر دے گا جیسی کہ دنیا ظلم و ستم سے بھری ہوئی ہے وہ زمین کا سات برس مالک رہے گا۔ ایک اور حدیث ابوداؤد
میں حضرت علیؓ سے مروی ہے جس میں ذکر ہے کہ مہدی، حسنؓ کی اولاد میں سے ہیں۔ ان تمام روایات کا خلاصہ یہ ہے کہ امام مہدی کا نام محمد ہوگا، حضرت فاطمہؓ
کے بیٹے حسنؓ کی اولاد میں سے ہوں گے۔ ان کے والد کا نام عبداللہ اور والدہ کا نام آمنہ ہوگا۔ اور دنیا کو ہدایت سے بھر دیں گے اس لیئے ان کا لقب مہدی ہوگا۔
حدیث میں عرب کے مالک ہونے کا ذکر کیا گیا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ عرب کے ماتحت عجم کے بھی وہ مالک ہوں گے تبھی تو ساری دنیا کو ہدایت سے بھر دیں گے۔
امام مہدی کے پیدا ہونے اور دنیا کو عدل و انصاف اور سخاوت سے بھر دینے کے متعلق امت کا اجماع ہے اور اس عقیدے کی صحت پر اہلسنت والجماعت کا
اتفاق ہے۔ میرزا غلام احمد کا مہدیت کے لئے دعویٰ کرنا حدیث کی وضاحتوں کے خلاف ہے۔ کیونکہ میرزا آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی فاطمہ کی اولاد
سے نہیں ہیں، اور نہ وہ عرب و عجم کے مالک ہوئے۔ نہ دنیا کو ہدایت و سخاوت سے بھرا۔ امام مہدی مدینے کے رہنے والے ہوں گے لیکن ظہور مکے میں ہوگا۔ شام
اور عراق کے اولیا ان کے ہاتھ پر بیعت کریں گے۔ شریعت محمدیہ پر عمل کریں گے۔ دجال ان کے زمانے میں نکلے گا اور انہی کی خلافت یا بادشاہت کے زمانے میں عیسیٰ علیہ السلام
دمشق کے مشرقی منارے پر نازل ہوں گے اور امام مہدی کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔ امام مہدی نصاریٰ سے جہاد کریں گے قسطنطنیہ کو فتح کریں گے۔ ان کی آمد کا اعتقاد ضروری ہے اور ...

حضرت خاتم الانبیا چہ کمی داشت کہ باوجود
آں ضرورۃ انتساب دیگر افتاد

الحق ہمہ استدلالات ایں فرقہ بمثابہ
ایست کہ میگویند
اَلْغَرِیْقُ یَتَعَلَّقُ بِکُلِّ حَشِیْشٍ
جای غور و تماشا است کہ مدعی باشند و
ایں دلیل آرند۔ ایں قدر نمی شناسند کہ مدعی را
دلیلی باید کہ گنجائش احتمال خلاف مقصود نماند
نہ آنکہ احتمالی بیش نباشد۔ و آنہم چناں کہ نہ معنی
معرفۃ برقرار ماند و نہ رابطہ علیۃ و معلولیۃ
بجای خود۔ اگر کسی را تمیز حق و باطل دادہ اند
و مادہ فہم نیک و بد در طبیعۃ نہادہ اند و باز
بر سر انصاف باشد۔ کسی گوید یا نگوید خود بخود
خواہد گفت کہ شیعیان چہ غلط کار اند و چہ
دور از حقائق و اسرار۔ معنی فہمی این است
کہ اہل سنۃ را کرامت فرمودہ اند۔ و حقیقت
شناسے این است کہ اوشاں را عنایت
نمودہ۔

نکتہ اکنوں دقیقہ باید نوشت۔ امام را کہ
دریں حدیث سوی زمانہ اضافت فرمودہ اند
دریں صنعۃ گری است بس باریک شرحش این کہ
طبائع بشری باعتبار اختلاف ادوار ہمچناں مختلف الاعراض
والاحوال میگردد کہ اجسام اوشاں باعتبار اختلاف
فصول و تبدل و تغیر آب و ہوا معروض امراض
مختلفہ می شوند۔ پس در ہر زمانہ مرضی از
امراض روحانی کہ در

میں آ گئے ہیں۔ اگر یہ ہے تو حضرت خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم
کی نبوت کونسی کمی رکھتی تھی کہ باوجود اس کے کسی دوسرے
کا دامن پکڑنے کی ضرورت پیش آ گئی۔
حق یہ ہے کہ اس فرقے کے تمام استدلالات اس
درجے کے ہیں جیسا کہ مثل مشہور ہے۔
ڈوبتے کو تنکے کا سہارا
غور اور تماشے کی جگہ ہے کہ مدعی ہوں اور اس قسم
کی دلیل لائیں۔ اسقدر نہیں پہچانتے ہیں کہ مدعی کو ایسی
دلیل چاہیئے کہ خلاف مطلوب احتمال کی گنجائش باقی نہ
رہے نہ یہ کہ وہ دلیل صرف ایک احتمال کا درجہ رکھتی
ہو اور وہ احتمال بھی ایسا کہ نہ تو معرفت کے معنی برقرار رہیں
اور نہ علیت و معلولیت کا رابطہ قائم رہے۔ اگر کسی
کو حق و باطل کی تمیز دی ہے اور نیک و بد کے سمجھنے کا
مادہ طبیعت میں رکھا ہے اور پھر وہ انصاف پر بھی آمادہ
ہو تو کوئی کہے یا نہ کہے خود بخود کہہ اٹھے گا کہ شیعہ صاحبان
کسقدر غلط کار ہیں اور حقائق و اسرار سے کسقدر دور
ہیں۔ معنی فہمی یہ ہے جو کہ اہل سنت کو اللہ نے عطا فرمائی
ہے۔ اور حقیقت شناسی یہ ہے کہ اہل سنت کو عنایت
کی ہے۔

نکتہ اب ایک نکتہ کی بات لکھنی چاہیئے۔ امام کی
اضافت اس حدیث میں جو کہ زمانے کی طرف
فرمائی ہے۔ اس میں بہت دقیق صنعت گری ہے۔ اس
کی شرح یہ ہے کہ انسانی طبیعتیں زمانوں کے اختلاف کے
اعتبار سے مختلف احوال اور بیماریوں سے دوچار ہو جاتی
ہیں۔ جس طرح انسانوں کے جسم موسموں کے اختلاف اور
آب و ہوا کی تبدیلی کے باعث مختلف امراض کے
شکار ہو جاتے ہیں، اسی لئے ہر زمانے میں امراض روحانی

فِیۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ

اشارہ بداں است پیش می آید۔ و آثار خود می نماید۔ دریں چنیں وقت رحمۃ عامہ بندہ را خاص میفرماید و بصیرۃ و تشخیص آں امراض عطا می نماید۔ دریں چنیں زمانہ ہدایۃ در اتباع آنکس منحصر میگردد۔ و ہرکہ دنبال او بگرفت براہ راست آمد ورنہ در مہاوی ضلالۃ ہلاکۃ خواہد برداشت۔ ایں چنیں کس را بایں لحاظ کہ پیش روزانہ خود می باشد امام میگویند و بایں اعتبار کہ احکام او بحکم امراض زمانہ بنسبت اوامر و نواہی سابقاں یک گونہ نو و جدید می نمایند مجدد خوانند۔ مگر چوں اوامر و نواہی آں اگرچہ جدید نمایند ماخوذ از کلام اللہ و حدیث می باشند و مثالش دریں بارہ چناں می باشد کہ طبیبی کہ بیمار انرا وقت بیماری از لذائذ اطعمہ و نفائس اشربہ باز میدارد و بدواء تلخ امر میفرماید حالانکہ در ایام صحۃ قصہ منعکس بود۔ و ایں امر و نہی او مستفاد از کتب طب می باشد۔ اعنی حقائق ہر شئی و خواص آں را دانستہ امر و نہی میفرماید زیں وجہ آں کس را کہ امام باشد نبی نخوانند چہ ایں امر و نہی او مستند بوحی جداگانہ نیست بلکہ از ہمیں کلام اللہ و حدیث حقائق و خواص اعمال وغیرہ دریافتہ بحکم

میں سے کوئی مرض پیش آجاتا ہے جیسا کہ آیت
"ان کے دلوں میں مرض ہے"[1]
اس کی طرف اشارہ کر رہی ہے، اور وہ مرض اپنے اثرات دکھلاتا ہے۔ اس جیسے وقت میں اللہ کی رحمت عامہ کسی بندے کو مخصوص فرما لیتی ہے اور ان روحانی امراض کی بصیرت اور تشخیص اس کو عطا فرماتی ہے۔ اس جیسے زمانے میں اس شخص کے پیچھے چلنے میں ہدایت منحصر ہو جاتی ہے اور جو شخص اس کے پیچھے لگ گیا راہ ہدایت پر پڑ گیا ورنہ گمراہی کے گڑھوں میں گر کر ہلاکت سے دوچار ہوگا۔ اس جیسے شخص کو اس لحاظ سے کہ وہ اپنے زمانے کا پیش رو ہوتا ہے امام کہتے ہیں اور اس اعتبار سے کہ اس کے احکام زمانہ کے امراض کے حکم کے مطابق سابق لوگوں کے اوامر و نواہی کی بہ نسبت ایک گونہ نئے اور جدید دکھائی دیتے ہیں اس کو مجدد کہتے ہیں مگر چونکہ اس کے اوامر و نواہی اگرچہ نئے معلوم ہوتے ہیں لیکن قرآن و سنت سے لئے گئے ہوتے ہیں۔ اور اس کی مثال اس بارے میں ایسی ہے جیسا کہ ایک طبیب بیماروں کو بیماری کے وقت لذیذ کھانوں اور نفیس پینے کی چیزوں سے روک دیتا ہے اور تلخ دوا پینے کا حکم دیتا ہے حالانکہ صحت کے دنوں میں قصہ برعکس ہوتا ہے۔ اور اس کے یہ امر و نہی طب کی کتابوں سے لئے ہوتے ہیں۔ میرا مطلب ہے کہ طبیب ہر چیز کے حقائق اور اس کے خواص کو جان کر حکم یا انکار کرتا ہے، اس وجہ سے اس شخص کو جو کہ امام ہوتا ہے نبی نہیں کہیں گے کیونکہ اس مجدد کے امر و نہی علیحدہ کسی

[1] پارہ ۱ سورہ بقرہ رکوع ۲ – مترجم

مرض وقت امر و نہی می فرماید و یا احکام جدیدہ
سیاستہ می نماید - این دقیقہ را خوب
باید فہمید مبادا تجدید احکام محمول بر شریعۃ
تازہ کردہ اید - و سرمایہ غلطے فاحش شود
و افزا تو آ بالجملہ مناسب ہر زمانہ شخصی را
معین میفرمایند - دران زمانہ کہ جاہلیۃ کبری
اگر آن را توان خواند حضرت معدن العلوم
سرور انبیا صلی اللہ علیہ وسلم برانگیختند - والحق
دران زمانہ ہمچنیں یگانہ اقلیم

عُلِّمْتُ عِلْمَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ

می بایست - نہ آن سرور انبیا بودی نہ
گمراہان آن زمانہ را ازان جہالۃ بلد کشیدی.
چہ "ہرکاری ہر مردی" این چنیں جہالۃ
کبری اگر مرتفع می شود باینچنیں علم وسیع
مرتفع می شود - نہ بہر قدر کہ باشد -
پس ازاں ہرقدر کہ جہالۃ راہ می یابد باندازہ آن
عالمی را میفرستند و مردماں را بہدایتش کامیاب
میفرمایند - پس ازیں تقریر حاجۃ بیان وجہ
تشبیہ کہ در "مِیْتَۃً جَاہِلِیَّۃً"
مکنون است نماند - چہ خود ظاہر شد کہ
مردن کسیکہ باتباع امام وقت نشتافتہ
دربارہ نبودن تمیز حق و باطل ہرقدر کہ
باشد، ہمچوں مردن کسانی است کہ قبل بعثۃ
نبوی در ایام فترۃ مردند چہ ادشان

نئی وحی سے مستند نہیں ہیں بلکہ اسی کلام اللہ اور
حدیث رسول اللہ سے حقائق اور خواص اعمال وغیرہ
معلوم کر کے مرض کے مطابق امر و نہی فرماتا ہے اور
نئے احکام کا اجرا کرتا ہے - اس دقیق بات کو خوب
سمجھ لینا چاہیئے - ایسا نہ ہو کہ مجدد کے احکام شریعت کے
تازہ کرنے کو کسی نئی شریعت پر محمول کر لیا جائے اور سخت
غلطی کا سامان اور تباہی کا نقصان بن جائے - ہر زمانہ
کے مناسب کسی شخص کو مقرر فرماتے ہیں - اس زمانے میں
کہ اس کو سخت جاہلیت کا زمانہ کہا جا سکتا ہے - حضرت
معدن العلوم سرور انبیا صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا -
اور حق یہ ہے کہ اس زمانے میں دنیا کے یکتا تھے (جنہوں نے
فرمایا کہ)

"میں اولین اور آخرین کا علم دیا گیا ہوں" (حدیث)
امتیازی ضرورت تھی - نہ وہ نبیوں کے سردار ہوتے نہ اس
زمانے کے گمراہوں کو اس جہالت سے باہر نکالتے - کیونکہ
ہر کام کے لئے ایک مرد ہوتا ہے - اگر اس جیسی سخت جہالت
دور ہو سکتی ہے تو اسی جیسے وسیع علم کے ذریعہ دور ہو سکتی
ہے - معمولی علم سے نہیں - زمانہ نبوت کے بعد جسقدر کہ
جہالت راہ پاتی ہے اس کے اندازے کے مطابق کسی
عالم کو مقرر فرماتے ہیں اور لوگوں کو اس کی ہدایت سے
کامیاب کرتے ہیں پس اس تقریر کے بعد وجہ تشبیہ کے
بیان کرنے کی حاجت جو کہ "مِیْتَۃً جَاہِلِیَّۃً"
میں پوشیدہ ہے نہ رہی - کیونکہ خود ظاہر ہو گیا کہ اس شخص کا
مر جانا جو امام وقت کے اتباع کی طرف نہیں لپکا حق و باطل
کی تمیز نہ ہونے کے بارے میں خواہ یہ بے امتیازی کسی درجے
میں کیوں نہ ہو ان لوگوں کے مر جانے کی مانند ہے جو کہ نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے فترت کے زمانے میں مر گئے

وایشاں دریں امر قلیل و کثیر شرکت دارند که حق را از باطل نشناختند۔

اکنوں از شیعیان باید پرسید که اگر بالفرض حضرت امام مہدی علیہ السلام بمنصۂ حیات از پردۂ عدم بروں آمده باشند تاہم چه کردند۔ تمام امت بزعم شیعیان گمراه شد۔ کار اوشاں آں بود که گمراہاں را ہدایت میفرمودند نه آنکه ہدایت یافتگاں ہم برگشتند۔ و کمر ہدایت تاہم نه بستند۔ ایں امامت نشد قیامت شد۔ منتظراں را نفس برلب آمد۔ ندانیم چه انتظار است۔ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہم باآنکه امام نبودند اقالیم وسیعه فتح کردند و اسلام را وسعت دادند۔ بیت المال از مال مالا مال شد۔ نماز و صوم رواج گرفت۔ کفار بی شمار مسلمان شدند و بلادہاء کفر دارالاسلام گشتند۔ ہزارہا مساجد بنا کرده شدند غرض آنانکه مرد ایں کار نبودند کارہا کردند و حضرت امام که برائے ہمیں کار بودند آنچناں سر ببردابه سرمن رای فرو بودند

کیونکہ وہ اور یہ اس امر میں تھوڑی بہت شرکت رکھتے ہیں کہ انہوں نے حق کو باطل سے نہ پہچانا۔

اب شیعوں سے پوچھنا چاہیئے کہ اگر بالفرض حضرت امام مہدی علیہ السلام عدم کے پردے سے زندگی کے میدان میں آگئے ہوں تو انہوں نے کیا کیا تمام امت شیعوں کے خیال کے مطابق گمراہ ہوگئی۔ ان کا کام تو یہ تھا کہ گمراہوں کو ہدایت فرماتے نہ یہ کہ ہدایت پائے ہوئے بھی ہدایت سے پھر گئے۔ پھر بھی وہ رہنمائی کے لیئے کمربستہ نہ ہوئے۔ یہ امامت نہ ہوئی قیامت ہوگئی۔ انتظار کرنے والوں کی تو جان لبوں پر آگئی۔ معلوم نہیں کیا انتظار ہے۔ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہم شیعوں کے مطابق امام نہ تھے اس کے باوجود پھر وسیع ملک انہوں نے فتح کر لئے اور اسلام کو انہوں نے خوب پھیلا دیا۔ بیت المال، مال سے مالا مال ہوگیا۔ نماز، روزہ نے رواج پالیا۔ بے شمار کافر مسلمان ہوگئے۔ کافروں کے شہر "دارالاسلام" بن گئے۔ ہزارہا مسجدیں بنوادی گئیں۔ غرض جو لوگ اس کام کے مرد نہ تھے وہ تو کام کر گئے اور حضرت امام جو اسی کام کے لئے تھے وہ سرمن رائے[1] شہر کے تہ خانے میں ایسے جا چھپے کہ ہدایت کا کارخانہ تباہ ہوگیا اور گمراہی پھیل گئی۔ دارالاسلام (ہندوستان) کا

[1] شیعہ حضرات کے عقیدے کے مطابق امام مہدی ۱۵ شعبان ۲۵۵ھ بوقت نماز صبح سرمن رائے میں جو موصل کے پاس ایک بستی ہے پیدا ہوئے۔ آپ امام عسکری کے بیٹے ہیں اور آپ کی والدہ نرجس جن کا اصل نام ملیکہ تھا قیصر روم کے لڑکے یشوعا کی بیٹی تھیں اور جن کی والدہ اور والد دونوں شمعون علیٰ علیہ السلام کے وصی کی اولاد میں سے تھے نرجس یعنی ملیکہ کے دادا قیصر روم نے بلاد اسلامیہ پر حملہ کیا تو نرجس بھی شاگرد پیشہ والوں کی جماعت میں چھپ کر روانہ ہوئیں اور مسلمانوں کے ہراول دستے کے ہاتھوں گرفتار ہو کر ایک سوداگر کے حصے میں آئیں اور بشیر بن سلیمان انصاری جو امام نقی کی طرف سے وکیل بن کر گئے تھے نرجس کو بغداد سے خرید کر لائے اور امام نقی نے ان کا نکاح اپنے بیٹے امام عسکری سے کر دیا اور ان سے امام مہدی پیدا ہوئے جو پانچ سال کی عمر میں غائب ہوگئے اور سرمن رائے کے غار میں پوشیدہ ہیں جو پھر کبھی ظاہر ہوں گے۔ (صفحہ ۵-۶-۸-۱۰۰ در مقصود مصنفہ شیعی سید اولاد حیدر فوق بلگرامی) مترجم

کہ کارخانۂ ہدایۃ برہم خورد و ضلالۃ رواج کرد۔ دارالاسلام دارالکفر گردید شیعیان مغلوب شدند و تاہم ہیچ التفات نمیفرمایند۔ ایں امامۃ مزعومہ شیعہ اگر بالفرض راست باشد بظاہر چناں می نماید کہ توجہ لطف کہ برخدا بزعم شیعہ واجب است بملاحظہ ایں مداہنۃ کہ ذکر کردہ شد مغلوب شد۔ و حضرت امام معزول شدند۔ ورنہ نعوذ باللہ کار امام ایں نبود کہ پا بدامن زدہ ہمچو تاجران فارغ بی فکر خواب کنند۔ باایں ہمہ اگر حضرت امام بر روی کار آیند ہیچ سنی و شیعی راند انیم کہ اوشاں را بی مشاہدہ نیرنگیہای ہدایۃ اوشاں بشناسد۔ پس اگر بالفرض آں روز روشن ظہور حضرت امام پیش آید سنی و شیعہ ہمہ یکساں خواہند شد ہر کرا دامن توفیق دیدۂ بصیرۃ خواہد کشاد، دست بہ بیعت اوشاں خواہد داد و گردن اطاعت زیر فرمان خواہد نہاد والا ہمچو گمراہان پیشیں رو خواہد تافت۔

ایں اعتقاد سابق را دریں معرفۃ و عدم معرفۃ چہ مداخلت بلکہ عجب نیست نی بلکہ انشاء اللہ شدنی است کہ شیعیان باایں دعوہای بیصرفہ محبت ہمچو یہودیاں کہ از پیشتر بحضرت خاتم الانبیاؐ اظہار عقیدہ میکردند و باز رہ انحراف ورزیدند، رو از حضرت امام خواہند تافت۔ چہ اوشاں چنانکہ خواہند دانست سراپا موافق کلام اللہ خواہند بود۔ و کلام اللہ خود ظاہر است کہ بجز کلمہ سنیاں ہیچ نمیسراید۔ اندریں صورۃ

دارالکفر بن گیا۔ شیعہ صاحبان بدل گئے اور پھر بھی وہ کوئی توجہ نہیں فرماتے۔ شیعوں کی یہ مزعومہ امامۃ اگر بالفرض درست ہو تو بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس مہربانی کی توجہ جو کہ خدا پر شیعوں کے زعم میں واجب ہے امام مہدی کی مذکورہ سستی کے پیش نظر وہ توجہ جاتی رہی۔ مہدی امامت سے معزول ہو گئے۔ ورنہ نعوذ باللہ امام کا تو یہ کام نہ تھا کہ پاؤں کو دامن میں سمیٹ کر بے فکر تاجروں کی طرح سوتے رہیں۔ ان باتوں کے باوجود اگر حضرت امام مہدی اپنے کام پر آجائیں تو ہم کسی سنی اور شیعہ کو نہیں جانتے کہ ان کی ہدایت کے عجائبات کو مشاہدہ کیے بغیر ان کو پہچانے۔ پس اگر بالفرض وہ روشن دن حضرت امام مہدی کے ظہور کا پیش آجائے تو پھر سنی اور شیعہ سب ایک ہو جائیں گے۔ جس کسی کی چشم بصیرت کو توفیق کا جذبہ کھول دے گا تو وہ ان کے ہاتھ پر بیعت کر لے گا اور ان کے حکم کے سامنے گردن جھکا دے گا ورنہ پہلے گمراہوں کی طرح منہ پھیر لے گا۔

اس پہلے اعتقاد کو اس معرفت اور عدم معرفت میں کیا دخل ہے بلکہ تعجب نہیں ہے۔ نہیں، بلکہ انشاء اللہ یہ بات ہو کر رہے گی کہ یہ حضرات محبت کے ان بے فائدہ دعوؤں کے باوجود توریت کے ماننے والوں کی مانند جو حضرت خاتم الانبیاؐ کے تشریف لانے سے پہلے عقیدت کا اظہار کرتے تھے اور پھر وہ منحرف ہو گئے۔ یہ صاحبان بھی حضرت امام مہدی سے منہ پھیر لیں گے۔ کیونکہ امام مہدی جیسا کچھ جانیں گے سراپا کلام اللہ کے موافق ہوں گے۔ اور

شیعیان اوشاں را امام سنیاں پنداشته بقفا خواہند نہاد۔ وآں دجال را موافق خیال خود خواہند دید۔ ہم دوزخ وجنته ہمراہ وہم احیاء اب وجد مردم بردست آں گمراہ ہو بہو امام مہدی خود خواہند دانست وبہاویہ ضلالة خواہند افتاد۔

وَاللّٰهُ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَاءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

کلام اللہ خود ظاہر ہے کہ شیعوں کی باتوں کے سوا کچھ نہیں فرماتا ہے۔ اس صورت میں یہ صاحبان امام مہدی کو سنیوں کا امام خیال کرکے ان سے روگردانی کریں گے اور ہاں دجال کو اپنے خیال کے موافق دیکھیں گے، کہ اس کے ہمراہ جنت و دوزخ ہوں گے اور اس گمراہ کے ہاتھ باپ دادوں کو زندہ کرنا دجال کے ذریعہ ظہور میں آئے گا تو شیعہ اس کو ہو بہو امام مہدی جانیں گے اور گمراہی کے گڑھے میں جا پڑیں گے۔

اور اللہ جس کو چاہتا ہے سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔

نوٹ :- اس مکتوب کا ترجمہ ۱۵ ربیع الآخر ۱۳۸۸ھ مطابق ۱۲ جولائی ۱۹۶۸ء بروز جمعہ دس بجے شروع کیا گیا اور بروز اتوار سوا بارہ بجے دوپہر بتاریخ ۱۷ ربیع الآخر ۱۳۸۸ھ ۱۴ جولائی ۱۹۶۸ء - ۳۱ اساڑھ ۲۰۲۵ بکرمی لائل پور میں ختم ہوا۔

تیسرا مکتوب بنام مولوی فدا حسن

جو کہ اصل میں چوتھا مکتوب ہے

تعارف مکتوب الیہ

جیسا کہ مقدمہ میں عرض کیا گیا ہے کہ ہم نے مکتوبات کی ترتیب بدل دی ہے اصل مطبوعہ خطوط میں یہ مکتوب چوتھا ہے لیکن ہم نے اس کو تیسرے مکتوب کے نام سے درج کیا ہے۔ یہ مکتوب کس سال میں لکھا گیا اس کا پتہ نہیں چل سکا۔ مولانا قاسم العلوم رحمۃ اللہ علیہ اپنے خطوط میں تاریخیں اور سال درج فرمایا کرتے تھے لیکن حیرت ہے کہ مولوی ممتاز علی صاحب نے مکتوبات کے ساتھ تاریخوں اور سالوں کو درخور اعتنا نہ سمجھا حالانکہ کسی کتاب یا مکتوب میں تاریخیں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ لیکن اتنا خط سے واضح ہے کہ ۱۸۵۷ء کے چند سال بعد جب آپ میرٹھ کے مطبعوں میں تصحیح کتب کا شغل فرماتے تھے اور درس بھی دیتے تھے اسی زمانے کا یہ مکتوب ہے۔ چنانچہ اس کا ثبوت خود دوسرے مکتوبات بنام مولوی فدا حسین سے ملتا ہے اور تاریخ بھی لکھتے ہیں۔ " جامع کمالات مولوی فدا حسین صاحب زاد اللہ فی کمالہ۔ کمترین انام ہمہ پاگناہ محمد قاسم پس از عرض سلام مسنون می‌گزارد امروز ششم ماہ رمضان شریف بروز چہار شنبہ نامہ آں مشفق بہ تسلی میرٹھ تمام فرمودہ بود در قصبہ نانوتہ کہ مسقط الراس ایں نابکار است رسید و خوشنود گردید" اس تحریر سے واضح ہو گیا کہ دوسرا مکتوب ۶ رمضان ۱۲۸۳ھ بروز بدھ نانوتہ میں لکھا گیا۔ البتہ سال معلوم نہ ہو سکا۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ مولوی فدا حسین صاحب نے جو خط روانہ کیا تھا وہ میرٹھ کے پتے پر تھا۔ یہ وہ زمانہ ہے جب مولانا منشی ممتاز علی صاحب کے یہاں کام کرتے تھے یعنی مطبع میں۔ لہذا یہ مکتوب شوال کا معلوم ہوتا ہے اس مکتوب میں مکتوب الیہ کا نام بھی کہیں درج نہیں لیکن یقین سے کہا جاتا ہے کہ یہ مکتوب مولوی فدا حسین صاحب کے نام ہے کیونکہ اصل مطبوعہ مکتوبات میں تیسرا مکتوب مولوی فدا حسین صاحب کے نام ہے اس لئے اس مکتوب میں علیحدہ نام نہیں لکھا گیا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دونوں مکتوب ایک ہی خط کے جواب میں ساتھ ساتھ لکھے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک میں مَا اُہِلَّ بِہٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ کی تحقیق پیش کی گئی ہے اور اسی کے ضمن میں جو اگرچہ یہ مکتوب لکھا گیا ہے۔ اس لئے مکتوب الیکا

نام دوبارہ لکھنے کی ضرورت نہ سمجھی گئی۔

تعارف مکتوب الیہ مولوی فدا حسین صاحب کا اصلی وطن کہاں ہے یہ کسی صورت سے تحقیق میں نہ آسکا البتہ اتنا معلوم ہوتا ہے کہ وہ کلکتے کے اطراف وجوانب کے رہنے والے تھے۔ وہ اس مکتوب کے روانہ کرنے سے پہلے میرٹھ میں حضرت قاسم العلوم سے پڑھ چکے ہیں اور پھر وطن واپس چلے گئے ہیں۔ چنانچہ قاسم العلوم اپنے دوسرے مکتوب بنام مولوی فدا حسین میں لکھتے ہیں:۔

"حال مشغولی احقر خود دیدہ رفتہ اند"

یعنی

احقر کی مشغولیت کا حال آپ خود دیکھ کر گئے ہیں۔

دوسری دفعہ مولوی فدا حسین صاحب حدیث پڑھنے کے ارادے سے میرٹھ آنا چاہتے ہیں۔ حضرت قاسم العلوم مکتوب میں لکھتے ہیں:۔

شوق علم حدیث مبارک باد: علم حدیث حاصل کرنے کا شوق مبارک ہو۔

مولانا کو اتنے لمبے سفر پر حصول تعلیم کے لئے زحمت برداشت کرنے کے بجائے کلکتے میں اپنے استاد محدث سہارنپوری (متوفی ۱۲۹۷ھ) جنسے قاسم العلوم نے ابوداؤد شریف صحاح ستہ کی مشہور کتاب پڑھی تھی اور جو ان ایام میں میرٹھ کے مشہور لال کرتی کے چمڑے کے تاجروں کی طرف سے کلکتہ میں وکیل تجارت تھے وہاں جانے اور ان سے پڑھنے کا مشورہ دیتے ہیں لکھتے ہیں:۔

عالم آباد است غالباً درجوار اوشاں بسیاری از اہل کمال باشند ورنہ کلکتہ شاید بنسبت دہلی و اطراف آں (میرٹھ) از انجا نزدیک باشد۔ بخدمت مخدوم العلماء مطاع الفضلا حضرت استاذی مولوی احمد علی صاحب باید شتافت۔	دنیا آباد ہے غالباً آپ کے آس پاس بہت سے اہل کمال ہوں گے۔ ورنہ کلکتہ، دہلی اور میرٹھ کی بنسبت وہاں سے زیادہ قریب ہے اس لئے مخدوم العلماء مطاع الفضلا حضرت استاذی مولوی احمد علی صاحب کی خدمت میں دوڑ جائیں۔

حالات سے معلوم ہوتا ہے کہ ان تمام عذرات کے باوجود وہ دوبارہ میرٹھ آئے ہیں اور مولوی فدا حسین کا حضرت قاسم العلوم سے حدیث کا پڑھنا معلوم ہوتا ہے۔

خلاصہ مکتوب قاسم العلوم کا یہ مکتوب انبیا علیہم السلام کی عصمت کے بارے میں ہے نہ صرف یہ کہ انبیا نبوت کے ملنے کے بعد معصوم ہوتے ہیں بلکہ نبوت کے ملنے سے پہلے بھی معصوم ہوتے ہیں۔ یہ ہے تحقیق حضرت موصوف کی اور اسی کو آپ نے اکابر کا خیال ظاہر فرمایا ہے۔ چنانچہ حضرت قاسم العلوم اپنے ایک مکتوب میں جو فیوض قاسمیہ میں حکیم ضیاء الدین صاحب مرحوم رام پوری منہاران کے نام ہے۔ لکھتے ہیں:۔

انبیا علیہم السلام بعد بعثت و ہم قبل بعثت از	انبیا علیہم السلام بعثت کے بعد اور بعثت سے پہلے ہر قسم

صغائر وکبائر معصوم اند و بآیات قرآنی ایں دعویٰ را باثبات رسانیده ام هر کرا ہوس باشد قاسم العلوم راکہ مجموعہ بعض خرافات احقراست از مطبع مجتبائی طلبیده ملاحظہ فرمایند ۔ (صـ۵۵)

کے چھوٹے بڑے گناہوں سے پاک ہوتے ہیں اور اس دعوے کو میں نے قرآنی آیات سے ثابت کیا ہے جس کسی کو خواہش ہو مطبع مجتبائی سے منگا کر قاسم العلوم کا مطالعہ کرے جو احقر کے بعض خرافات (جواہرات ۔ مترجم) کا مجموعہ ہے ۔

مولانا قاسم العلوم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا ہے کہ "اگر تم اللہ سے محبت چاہتے ہو تو میری پیروی کرو اللہ تم سے محبت کرے گا۔" اس آیت میں آنحضور علیہ الصلوٰۃ کی ہر بات میں مطلق پیروی کو کہا گیا ہے ۔ کسی خاص امر میں پیروی کو مقید نہیں کیا گیا ۔ جس کا مطلب یہ نکلتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر عمل نمونہ ہے اور جب وَلَكُمْ فِي رَسُولِ اللهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ کے مطابق تمام زندگی نمونہ ہوگی تو آپ ہر ہر عمل میں معصوم ہوں گے ۔ ورنہ اگر کسی ایک بات میں بھی آپ کو معصومیت حاصل نہ ہوتی تو مومنین کو اس میں مستثنیٰ کر دیا جاتا ۔ ان آیات سے پتہ چلتا ہے کہ تمام پیغمبر آنحضور علیہ الصلوٰۃ کی طرح معصوم ہیں ۔ آگے چل کر قاسم العلوم نے تحریر فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو فرمانبرداری کے لئے پیدا کیا لہٰذا ان کے اندر اطاعت کا مادہ رکھدیا ۔ چنانچہ ان سے اطاعت ہی سرزد ہوتی ہے جیسا کہ لَا يَعْصُونَ اللهَ مَا اَمَرَهُمْ سے ظاہر ہوتا ہے اور شیطان میں معصیت رکھدی کہ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا کے مطابق اس سے کفر ہی سرزد ہوتا ہے اور انسان میں شر اور خیر دونوں کا مادہ رکھدیا ، لہٰذا اس سے خیر اور شر دونوں کا ظہور ہوتا ہے ۔ لہٰذا جس جس کے خمیر میں جو کچھ رکھدیا گیا ہے اسی کے مطابق اس سے عمل ظہور میں آئے گا ۔ چنانچہ عقلی طور پر یہ بات واضح ہے کہ ملزوم کے ساتھ اس کے لوازم ضرور ہوا کرتے ہیں ، لہٰذا فرشتوں کی ذات کے ساتھ اطاعت اور شیطان کی ذات کے لوازم میں سے معصیت ہے جو ظہور میں آنا فطری ہے ۔

ٹھیک اسی طرح انبیا کے خمیر میں اللہ تعالیٰ نے عصمت اور ہر قسم کے چھوٹے بڑے گناہ سے معصوم رہنا رکھدیا ہے لہٰذا انبیا کے لوازم میں سے عصمت کا ہونا قرار پایا اور ان کے خمیر میں سے ہر قسم کے شر کو نکال کر ہر قسم کا خیر رکھدیا اس لئے انبیاء معصوم ٹھہرے ۔ چنانچہ مولانا قاسم العلوم لکھتے ہیں :۔

"اس صورت میں لازم آیا کہ حضرت خلاصہ موجودات سرور کائنات علیہ وعلیٰ آلہٖ افضل الصلوات واکمل التسلیمات کی ذات بابرکات شیطانی شائبہ سے بالکل خالص اور پاک ہوں ورنہ بلا شرط آپ کی پیروی کیسے ہو سکتی ہے ۔"

نہ صرف یہ کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم ہر قسم کے صغیرہ اور کبیرہ گناہ سے معصوم ہیں بلکہ گناہ کے تصور سے بھی پاک ہیں ۔ چنانچہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب تحریر فرماتے ہیں ۔

"اور چونکہ گناہ کا منشا خواہ گناہ صغیرہ ہو خواہ کبیرہ وہی شیطانی مادہ ہے تو لازم

آیا کہ معصوم نبیوں کے سردار صلی اللہ علیہ وسلم گناہ کے خیال سے بھی معصوم تھا۔

پھر قاسم العلوم تمام انبیا کی معصومیت کے بارے میں قرآن کریم کی اس آیت سے استدلال فرماتے ہیں۔ تحریر کرتے ہیں کہ عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ جس کا مطلب ہے کہ غیب کا جاننے والا خدا اپنے غیب کو کسی پر ظاہر نہیں کرتا سوائے اس کے کہ کسی رسول کو وہ چن لیتا ہے اور جتنا چاہے غیب ظاہر کردے جو پھر غیب نہیں رہا۔

اس آیت میں چنا ؤ کو بغیر کسی شرط کے رکھا ہے جس کے یہ معنی ہے کہ چُنا ہوا رسول ہر طرح سے صغائر و کبائر سے پاک ہوتا ہے۔ لہٰذا یہ لازم آیا کہ رسولوں کے تمام عناصر اور عادات خدائے کریم کے نزدیک پسندیدہ ہوں، علاوہ ازیں وہ آیت جس سے سرور کائنات اور دیگر انبیا کی مطلقاً معصومیت ثابت ہوتی ہے فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ہے کہ آپ انبیا کی ہدایت کی پیروی کیجیے۔ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں بغیر کسی شرط کے پیروی کرنے کا حکم ہوا ہے جس سے پیروی کرنے والا نبی اعلیٰ پیروی کئے جانے والے انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام سب کی عصمت ثابت ہوتی ہے ورنہ مطلقاً ان کی اقتدا کرنے کا حکم کیسا۔

اولیا کی حفاظت

انبیا کے علاوہ کسی کے لئے بھی گناہ سے پاک ہونے کا دعویٰ نہیں کیا جا سکتا، خواہ گناہ صغیرہ ہو یا کبیرہ۔ قاسم العلوم کا مطلب یہ ہے کہ انبیا کے سوا اور کوئی شخص ایسا نہیں کہ جس کے خمیر میں گناہ کی قوت نہ ہو جو گناہ کا منبع ہوتی ہے۔ اولیا گناہ سے بچنے کی پوری پوری کوشش کرتے ہیں اور متقی ہوتے ہیں۔ چنانچہ مولانا نے اس کے لئے دلیل میں یہ آیت پیش کی ہے اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ۔ نہیں ہیں اس اللہ کے دوست مگر متقی لوگ، آگے چل کر ایک مثال سے مولانا نے واضح کیا ہے کہ جس طرح برسات میں لوگ چلتے پھرتے وقت اپنے آپ کو پھسلنے اور گر پڑنے سے محفوظ رکھنے کی پوری کوشش کرتے ہیں لیکن پھر بھی بعض اوقات پاؤں پھسل جاتا ہے اور گر جاتے ہیں۔ ہاں اللہ تعالیٰ نے جیسا کہ فرمایا يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ یعنی اللہ تعالیٰ قول ثابت لا الٰہ الا اللہ سے ایمانداروں کی حفاظت کرتے ہیں۔ لہٰذا انبیا کے لئے عصمت اور اولیا کے لئے حفاظت ثابت ہوتی ہے۔ اس کے بعد مولانا قاسم العلوم نے گناہ کا منبع نیت کو قرار دیا ہے، اور اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ کے ماتحت فرمایا ہے کہ بعض امور اچھی نیت کے باعث خیر ہو جاتے ہیں اور وہی امور بری نیت کے باعث شر بن جاتے ہیں بشرطیکہ اصل میں ناجائز نہ ہوں۔ پھر چونکہ گناہ کی دو قسمیں ہوتی ہیں جن میں سے بعض کبیرہ ہوتے ہیں اور بعض گناہ صغیرہ۔ تاہم کبیرہ گناہ ایسے ہوتے ہیں کہ عقلی طور پر ان کی برائی مشہور اور واضح ہوتی ہے اور وہی گناہوں میں مقصود بالکذب ہوتے ہیں۔ رہے چھوٹے چھوٹے گناہ تو وہ کبائر کے اسباب ہوتے ہیں۔ ان کا قبح عارضی ہوتا ہے۔ اس کے برعکس کبائر میں ذاتی قبح ہوتا ہے۔ لہٰذا اپنے واضح ہونے کے باعث کبیرہ گناہوں کا ارتکاب انبیا سے نبوت سے قبل اور بعد میں بھی نہیں ہو سکتا۔ مگر صغائر پر اطلاع مشکل ہوتی ہے۔ اس لئے وحی کے بغیر معلوم نہیں ہو سکتے۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ وحی کے ذریعہ انبیاء کو صغائر سے بھی معصوم رکھتے ہیں۔

انبیا کی عصمت کی عقلی دلیل

لیکن جہاں تک انبیا کی عصمت کی عقلی دلیل ہے حضرت قاسم العلوم نے فیوض قاسمیہ کے پندرھویں مکتوب بنام حکیم ضیاء الدین کے آخر میں تحریر فرمائی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ انبیا علیہم السلام بالخصوص سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اللہ اور بندوں کے درمیان وسیلہ کبریٰ اور واسطہ ہوتے ہیں۔ جس طرح آفتاب اور زمین کے درمیان چاند واسطہ ہوتا ہے اور سورج سے روشن ہو کر اس کی روشنی زمین کو پہنچاتا ہے۔ لہٰذا چاند میں روشن ہونے کی پوری استعداد ہونی چاہیئے۔ اسی طرح انبیا علیہم السلام مقدس بارگاہ ربانی تک رسائی رکھتے ہیں۔ اور بارگاہ قدوس جو کہ ہر قسم کے عیب سے پاک ہے اس لئے اس تک رسائی کے لئے بھی مقدس اور پاک ہستیاں ہونی چاہئیں۔ جب تک انبیا علیہم السلام ہر قسم کے گناہ سے پاک نہ ہوں گے بارگاہ قدس میں رسائی نہیں ہو سکتی۔ یہ ہے خلاصہ اس مکتوب کا۔

(نوٹ) اس مضمون کے بعد حضرت قاسم العلوم نے کلی طبعی کے متعلق تشریح بیان فرمائی ہے۔ جس کے متعلق ہم مقدمے میں اشارہ سے کر چکے ہیں وہاں ملاحظہ فرمایئے۔

مباحثہ شاہجہانپور میں عصمت انبیا پر نکتہ آرائی

جب حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ شاہجہانپور کے مناظرے میں تشریف لے گئے اور وہاں انہوں نے وجود باری، توحید، رسالت، رسالت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اور حقانیت اسلام پر تقریر کے سلسلے میں عصمت انبیا پر گہرافشانی فرماتی تو فرمایا کہ کوئی شریعت اور کوئی دین عصمت انبیا کے بغیر قائم نہیں رہ سکتا چنانچہ عصمت انبیا پر آپ کی تقریر کا متن حسب ذیل ہے:۔

"یہ بھی ظاہر ہے کہ کوئی کسی کا مقرب جبھی ہو سکتا ہے جبکہ وہ اس کی مرضی کے موافق ہو۔ جو لوگ مخالف مزاج ہوتے ہیں ان کو قرب و منزلت میسر نہیں آسکتی چنانچہ ظاہر ہے۔ لیکن یہ بھی ظاہر ہے کہ اگر کوئی شخص یوسف ثانی اور حسن میں لاثانی ہو مگر اس کی ایک آنکھ کانی ہو تو اس ایک آنکھ کا نقصان تمام چہرے کو بدنما اور نازیبا کر دیتا ہے۔ ایسے ہی اگر ایک بات بھی کسی میں دوسروں کے مخالف مزاج ہو تو انکی اور خوبیاں بھی ہوئی نہ ہوئی برابر ہو جائیں گی۔

غرض ایک عیب بھی کسی میں ہوتا ہے تو پھر محبوبیت اور موافقت طبیعت اور رضا متصور نہیں ہوتی لا امید تقرب ہو۔ اس لئے یہ بھی ضرور ہے کہ انبیا اور مرسلین سراپا اطاعت ہوں اور ایک بات بھی ان میں خلاف مرضی خداوندی نہ ہو۔ اسی وجہ سے ہم انبیا کو معصوم کہتے ہیں اور اس کہنے سے یہ مطلب ہوتا ہے کہ ان میں گناہ کا مادہ اور سامان ہی نہیں کیونکہ جب ان میں کوئی بری صفت ہے ہی نہیں تو پھر ان سے برے افعال کا صادر ہونا بھی ممکن نہیں۔ اس لئے کہ افعال اختیاری تابع صفات ہوتے ہیں۔ اگر سخاوت ہوتی ہے تو داد و دہش کی نوبت آتی ہے اور اگر بخل ہوتا ہے تو کوڑی کوڑی جمع کی جاتی ہے۔ شجاعت میں معرکہ آرائی اور بزدلی میں پسپائی ظہور میں آتی ہے۔

ہاں یہ بات ممکن ہے کہ بوجہ سہو یا غلط فہمی جو گاہ بگاہ بڑے بڑے عاقلوں کو بھی پیش آجاتی ہے اور سوائے

خداوند علیم و خبیر اور کوئی اس سے منزہ نہیں کسی مخالف مرضی کام کو موافق مرضی اور موافق مرضی کو مخالف مرضی سمجھ جائیں اور اس وجہ سے بظاہر خلاف مرضی کام ہو جاتے تو ہو جاتے ..... اس کو گناہ نہیں کہتے۔ گناہ کے لئے یہ ضرور ہے کہ عمداً مخالفت کی جائے۔ چنانچہ بھول چوک کو لغزش کہتے ہیں گناہ نہیں کہتے۔ جب یہ بات واضح ہو گئی کہ افعال صفات کے تابع ہیں تو اب دو باتیں قابل لحاظ ہیں۔ ایک پہلے اخلاق یعنی صفات اصلیہ دوسرے عقل و فہم۔ اخلاق کی ضرورت تو یہیں سے ظاہر ہے کہ افعال جن کا کرنا کہ زبان عبادت اور اطاعت اور فرمانبرداری میں مطلوب ہوتا ہے ان کا بھلا برا ہونا اخلاق کی بھلائی اور برائی پر موقوف ہے اور اس سے صاف ظاہر ہے کہ اصل میں بھلے اور برے اخلاق اور صفات ہی ہوتے ہیں۔ اور پہلے عقل و فہم کی ضرورت اس لئے ہے کہ اخلاق کے مرتبے میں موقع بے موقع دریافت کرنے کی ضرورت پڑتی ہے تاکہ افعال میں بوجہ بے موقع ہو جانے کے کوئی خرابی اوپر سے نہ آ جائے۔ دیکھئے سخاوت اچھی چیز ہے اگر مستحقین کو کی جائے ورنہ شراب خواروں اور بھنگ نوشوں کو دی جائے تو برائی کا سامان ہے ..... اس لئے ضرور ہے کہ انبیاء میں عقل کامل موجود ہے تو پھر خدا سے بڑھ کر اور کون سا موقع سزاوار محبت ہوگا۔ لیکن جب خدا کے ساتھ محبت ہو گی تو پھر عزم اطاعت و فرمانبرداری بھی ضرور ہوگا جس کا انجام یہی نکلے گا کہ نافرمانی کے ارادے کی گنجائش ہی نہیں اور ظاہر ہے اسی کو معصومیت کہتے ہیں۔

یہ ہے حضرت قاسم العلوم مولانا محمد قاسم صاحب کی تقریر جو معصومیت انبیاء کے بارے میں انہوں نے کس قدر مربوط اور مضبوط بیان فرمائی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سے زیادہ اور معصومیت انبیاء پر اور کیا کہنے کی ضرورت ہے درحقیقت انبیاء اور فرشتوں کی عصمت انتہا درجے پر ضروری ہے چنانچہ فرشتوں کے لیے ارشاد ہوا کہ

یعصون ما امرھم اللہ ویفعلون ما یؤمرون ۝	وہ اللہ کے حکم سے سرتابی نہیں کرتے اور جو ان کو حکم دیا جاتا ہے وہ کرتے ہیں۔

الغرض مولانا محمد قاسم صاحب کا یہ مکتوب عصمت انبیاء پر ایک بہترین شاہکار ہے جس کو پڑھئے اور علمی چٹخارے لیجئے اگرچہ بالکل سادہ لفظوں میں ہے۔ اب اس سلسلے میں تمہیدی تعارف اور خلاصہ مضمون کے بعد ان کا اصل مکتوب پڑھئے جو آئندہ اوراق میں پیش خدمت ہے۔

تیسرا مکتوب

کہ اصل میں مکتوب چہارم ہے

در معصومیۃ انبیاء علیہم السلام و ہم تحقیق حقیقۃ کلی طبعی

جو کہ انبیاء کی عصمت اور کلی طبعی کی حقیقت میں ہے

بنام مولوی فدا حسین صاحب

میرٹھ (یو۔ پی)

رمضان یا شوال ۱۲۸۳ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بزعم احقر انبیاء علیہم السلام و السلام از صغائر وکبائر قبل النبوۃ و بعد النبوۃ بہر طور کہ باشد معصوم اند۔ و ایں رائ جدیدہ ہر چند کہ بظاہر مخالف اقوال اکابر ست

احقر کے خیال میں انبیاء علیہم الصلوٰۃ و السلام چھوٹے اور بڑے گناہوں سے، نبوت سے پہلے اور نبوت کے بعد دونوں صورتوں میں معصوم ہیں، اور یہ جدید رائے ہر چند کہ

اما ہر کرا بہرہ از فہم دادہ اند انشاء اللہ بعد تنقیح اصل مراد موافق اقوال اکابر خواہد یافت۔

چوں ہر دعویٰ را دلیل بکار است نہ فقط لانسلم و انکار۔ می باید کہ ایں دعویٰ را اولاً موجہ نمایم

برادر من! در کلام اللہ میفرمایند

"قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ"[1]

وہمچنیں:-

"لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ"[2]

فرمودہ اند۔ ایں دو آیہ باتباع مطلق ہدایۃ میفرمایند۔ وایں طرف آیۃ:-

"وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ٥[3] وَمَا اُمِرُوْا اِلَّا لِیَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ[4]" (قرآن کریم)

باہم پیوستہ، بایں جانب مشیر اند کہ مقصود

بظاہر اکابر علماء کے اقوال کے مخالف ہے لیکن جس شخص کو سمجھ کا اللہ تعالیٰ نے حصہ دیا ہے وہ انشاء اللہ اصل مدعا کی وضاحت کے بعد میری رائے کو اکابر کے اقوال کے موافق پائے گا۔

چونکہ ہر دعوے کے لئے دلیل کی ضرورت ہے صرف لانسلم اور انکار کر دینا کافی نہیں اس لئے مناسب ہے کہ میں پہلے اس دعوے کی دلیل پیش کروں۔

میرے بھائی اللہ تعالیٰ اپنے کلام میں فرماتے ہیں:-

"کہدیجیے[1] اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو اللہ تمہیں دوست رکھے گا۔"

اور اسی طرح:-

"تمہارے[2] لیے رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی ذات میں اچھا نمونہ ہے۔"

فرمایا ہے۔ یہ دونوں آیتیں بغیر کسی شرط کے پیروی کی ہدایت کرتی ہیں۔ اور اس طرف آیۃ:-

"اور[3] نہیں پیدا کیا میں نے جنات اور انسانوں کو مگر اس لئے کہ وہ عبادت کریں اللہ کی خالص کرتے ہوئے اس کے مگر یہ کہ[4] وہ عبادت کریں اللہ کی خالص کرتے ہوئے اس کے لئے دین کو۔ (قرآن کریم)

یہ دونوں آیتیں ملا کر اس طرف اشارہ کر رہی ہیں کہ

---

[1] پوری آیت یہ ہے:- قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ٥ (پارہ ۳ سورہ آل عمران رکوع ۴)

[2] پوری آیت یہ ہے:- لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ لِّمَنْ کَانَ یَرْجُوا اللّٰهَ وَالْیَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَکَرَ اللّٰهَ کَثِیْرًا (پارہ ۲۱ سورۃ احزاب رکوع ۳)

[3] پارہ ۲۷ سورۃ ذاریات رکوع ۳

[4] سورۃ بینہ پارہ ۳۰

از انسان همانست که مامور بآنست۔ وآں جز عبادۃ ہیچ نیست مگر میدانی کہ چیز را لوازم ذات خود ناگزیر است

چہ "اَلشَّیْءُ اِذَا ثَبَتَ ثَبَتَ بِلَوَازِمِہٖ" (مقولہ)
واین طرف در تعریف ملائکہ وشیطان میخوانی کہ:—
كَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا (قرآن)

وَلَا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝ (قرآن)

پس شیطان را عصیان و ملائکہ را اذعان فرمان لازم آمد۔ وچوں اینقدر پیشتر گوش خوردۂ آں عزیز است کہ لازم ذات از ملزوم

انسان کی پیدائش کا مقصد وہی ہے کہ جس کا اس کو حکم دیا گیا ہے۔ اور وہ عبادت کے سوا کچھ نہیں ہے۔ مگر تمہیں معلوم ہے کہ ہر چیز کے لئے ذاتی لوازمات[1] کا ہونا ضروری ہے۔

کیونکہ "جب کوئی چیز پائی جاتی ہے تو اپنے لوازمات کے ساتھ پائی جاتی ہے۔" اور اس طرف فرشتوں اور شیطان کی تعریف کے متعلق آپ پڑھتے ہی ہیں کہ:—
"شیطان[2] اپنے رب کا نافرمان ہے۔"

اور فرشتے[3] اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے جو کچھ وہ ان کو حکم دیتا ہے اور جو کچھ انہیں حکم دیا جاتا ہے وہی کرتے ہیں۔" (قرآن)

پس شیطان کو نافرمانی اور فرشتوں کے لئے فرمانبرداری لازم اور ضروری ہوگئی۔ اور چونکہ اتنی بات آں عزیز کے کان میں پہلے سے پڑی ہوئی ہے کہ لازم[4] ذات اپنے ملزوم

---

[1] ذاتی لوازمات جو کسی ملزوم کے لئے لازم اور ضروری ہوں جیسے سورج ملزوم کے لئے دن کا ہونا اور روشنی کا لازم ہونا ذاتی لوازمات میں سے ہے۔ اسی طرح انسان کو عبادت کے لئے پیدا کیا گیا تو عبادت انسان کے ذاتی لوازمات میں سے ہیں۔ یا مثلاً فرشتوں کے ذاتی لوازمات میں سے ان کی فرمانبرداری کا ہونا یا شیطان کے لئے ذاتی لازم میں نافرمانی اور معصیت کا ہونا۔ اسی طرح انبیاء علیہم السلام کے لئے عصمت کا ہونا ان کی ذوات کے لوازمات میں سے ہے۔ مترجم

[2] پوری آیت یہ ہے:۔ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ۭ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ۝ (پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل رکوع ۳)

[3] پوری آیت یہ ہے:۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝ (پارہ ۲۸ سورہ تحریم رکوع ۱)

[4] ملزوم کے لئے جو لازم بھی ہوتا ہے وہ ملزوم کے ساتھ خصوصیت رکھتا ہے۔ یہی مطلب ہے اس بات کا۔ لازم ملزوم کا عام نہیں ہوتا کہ ہر ایک چیز کے لئے لازم بن جائے بلکہ ملزوم کا لازم خاص ہوتا ہے۔ مثلاً انسان کا لازم عبادت فرشتے کا لازم فرمانبرداری اور شیطان کا لازم نافرمانی ومعصیت ملزوم کے ساتھ خاص ہوتے ہیں۔ مترجم

خود عام نمی باشد، لازم ذات اوست۔ بجای دیگر نمی رود۔ وچگونہ تواں شد۔
"اَلْوَاحِدُ لَا یَصْدُرُ اِلَّا عَنِ الْوَاحِدِ" (معقولہ)

"خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّ اٰخَرَ سَیِّئًا" (قرآن)

از ہر دو نوع پارہ در خمیر نہادہ باشند۔ نی، بلکہ ہر کرا خیال خیر و خطرہ شر بدل میرود از ہر دو نوع چیزی چیزی در آغوش دادہ اند۔ و از ہر قسم قدری در نہادہ اند ورنہ لازم آید کہ لازم ذات عام شد۔

اندریں صورت مثال ترکیب ارواح انسانی ازیں دو قسم مادہ چناں باشد کہ درباره ترکیب انواع مرکبہ از اربع عناصر شنیدہ۔ بلکہ چنانکہ از خواص اربعہ کہ یبوست و رطوبت و برودت و حرارت کہ در اجسام مرکبہ یافتہ میشوند و لوازم ذات خاک و آب و باد و آتش اند بترکیب اجسام مرکبہ ازیں اجسام چارگانہ پی بردہ اند ورنہ کیست کہ وقت آفرینش نگریستہ، ہمچنیں

سے عام نہیں ہوتا بلکہ اس کی ذات کے لئے لازم ہوتا ہے، وہ تو کسی دوسری جگہ جا ہی نہیں سکتا۔ اور ایسا کس طرح ہو سکتا ہے۔ "ایک چیز سے ایک ہی چیز پیدا ہوتی ہے" کے مطابق لازم آیا کہ (اس آیت کے) معنی ہیں:۔
"انہوں[1] نے نیک عمل میں برائی کی ملاوٹ کر لی۔"
دونوں[2] قسم سے کچھ کچھ حصہ انسان کی فطرت میں رکھدیا ہے۔ نہیں، بلکہ جس کسی کے اچھا خیال اور شر کا خطرہ دل میں گذرتا ہے تو دونوں خیر اور شر کی قسم کا کچھ کچھ حصہ اس کے اندر رکھدیا ہے اور نیکی و بدی کی ہر قسم سے کچھ کچھ مقدار اس کی ذات میں رکھدی ہے۔ ورنہ لازم آتا ہے کہ لازم ذات عام ہو۔

اس صورت میں انسانی روحوں کی ترکیب کی مثال ان دو قسموں یعنی خیر و شر کے مادوں سے اسی طرح ہوگی جیسی کہ چار عنصروں سے مرکب ہونے والی اشیا کی ترکیب کے بارے میں تم نے سنا ہے بلکہ جس طرح کہ چار خاصیتیں خشکی، تری، ٹھنڈک اور گرمی اجسام مرکبہ میں پائی جاتی ہیں اور وہ خاک، پانی، ہوا اور آگ کے ذاتی لوازم ہیں۔ انہی چار خاصیتوں کے ذریعہ سے اجسام کے چار عنصروں سے مرکب ہونے کا پتہ ملا ہے ورنہ کون ہے جسے کہ پیدائش کے وقت دیکھا ہو۔ اسی طرح ہم

---

[1] پوری آیت ہے وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَیِّئًا عَسَی اللّٰهُ اَنْ یَّتُوْبَ عَلَیْهِمْ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ (پارہ ۱۱ سورہ توبہ رکوع ۱۳)

[2] جب ملزوم کا لازم خاص ٹھہرا تو فرشتے سے تعصب اور شیطان سے طاعت نہیں ہو سکتی۔ لیکن چونکہ انسان سے معصیت اور اطاعت دونوں ظہور ہوتی ہیں، اس لئے معلوم ہوا کہ انسان میں دونوں اوصاف ایسے ہی جمع ہیں جیسا کہ اس میں عناصر اربعہ، آگ، پانی، خاک اور باد۔ مترجم

ترکیب ارواح امثال ما و شما از دو عنصر ملکی و شیطانی پی تواں برد۔ گو ماورای ایں دو چیزہای دیگر باشند۔ اندریں صورت لازم افتاد کہ ذات با برکات حضرت خلاصۂ موجودات سرور کائنات علیہ و علی آلہ افضل الصلوات و اکمل التسلیمات از شائبۂ شیطانی مبرا باشد۔ ورنہ اتباع مطلق چگونہ صورت بندد۔ ہاں اگر از لوازم ذات امید مفارقت بودی میتواں گفت کہ ہرچند کہ در ذات شریف حضرت رب العالمین جزوی از نوع شیطانی ہستہ اما عصیاں کہ لازم آں بود، دریں مادہ مفارقت نمود

بالجملہ

"اَلشَّیْءُ اِذَا ثَبَتَ، ثَبَتَ بِلَوَازِمِہٖ" (مقولہ)

اگر نعوذ باللہ مادہ شیطانی در خمیر حضرت سرور انبیا صلی اللہ علیہ وسلم بودی، اتباع مطلق را نشائستی۔ آخر کم از کم کیفیتی از آں عارض حال اوشاں شدی و رنگی از عصیاں پدید آمدی۔ پس اگر بہ گونہ اتباع اوشاں فرمودہ شود بعصیاں نیز ارشاد کردہ شود۔ اندریں صورت تصحیح ایں حصر کہ

مَا اُمِرُوْا اِلَّا لِیَعْبُدُوا اللّٰہَ[1]

تم جیسے لوگوں کی روح کے شیطانی اور ملکوتی عنصر سے مرکب ہونے کا سراغ لگایا جا سکتا ہے۔ اگرچہ ان دو چیزوں کے علاوہ اور چیزیں بھی ہوا کریں، اس صورت میں لازم آیا کہ حضرت خلاصہ موجودات سرور کائنات علیہ و علی آلہ افضل الصلوات و اکمل التسلیمات کی ذات بابرکات شیطانی شائبہ سے (بالکل) پاک اور خالص ہو۔ ورنہ بلا شرط آپ کی پیروی کس طرح ہو سکتی ہے۔ ہاں اگر ذات کے لوازم سے جدا ہونے کی امید ہو سکتی تو یہ کہہ سکتے تھے کہ ہرچند کہ حضرت حبیب رب العالمین کی ذات شریف میں بالفرض نوع شیطانی کا ایک جزء تھا لیکن گناہ جو اس جزء کے لئے لازم تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مادے میں اس گناہ نے اس جزء شیطانی سے علیحدگی اختیار کر لی۔

بالجملہ

"کوئی چیز جب وجود میں آتی ہے تو اس کے ساتھ کی ضروری چیزیں بھی ساتھ آتی ہیں" اگر نعوذ باللہ حضرت سرور انبیا صلی اللہ علیہ وسلم کے خمیر میں کوئی برائی کا مادہ ہوتا تو بلا شرط اتباع کے آپ لائق نہ ہوتے۔ آخر کم از کم اس سے کوئی کیفیت ان کے عارض حال ہوتی اور کوئی رنگ معصیت کا ظاہر ہوتا۔ پس اگر ان کے ہر طرح کے اتباع کا حکم فرمایا جاتا تو معصیت کا بھی حکم دینا پڑے گا۔ اس صورت میں اس حصر کا ہونا کہ

"نہیں حکم دئے گئے وہ مگر یہ کہ عبادت کریں اللہ کی

[1] اوپر سے یہ آیت اس طرح چلی آرہی ہے وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ اِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْھُمُ الْبَیِّنَةُ ۝ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِیَعْبُدُوا اللّٰہَ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ ۝ (ترجمہ) اور وہ لوگ جو کتاب دئے گئے فرقے فرقے نہیں ہوئے مگر اس کے بعد کہ ان کے پاس واضح دلیل آگئی۔ اور ان کو اس کے سوا حکم نہیں دیا گیا تھا کہ اللہ کی اس کے لئے دین کو خالص کئے ہوئے عبادت کریں۔ (سورہ بینہ رکوع ۱ پارہ ۳۰) مترجم

مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ (قرآن کریم)
چگونہ تواں شد۔

وچوں منشار گناہ صغیرہ باشد یا کبیرہ ہماں مادہ شیطانی است لازم آمد کہ حضرت سرور معصوماں از اندیشہ گناہ معصوم باشند باز باید شنید کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم را ارشاد میفرمایند۔

فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ[1]

واین ارشاد نیز باقتداء مطلق شدہ است۔ تخصیص نوعی از افعال وتقیید قسمی از اخلاق و افعال نیست وہم مقرراست کہ چوں صلہ را بے قرینہ حذف میکنند چنانکہ در "اللہ اکبر" صلہ اکبر را حذف فرمودہ اند۔ این حذف مشیر بتعمیم میباشد۔ لہذا اکبریۃ اللہ تعالیٰ مخصوص باحدی نیست۔ پس لازم آمد کہ حضرات دیگر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام نیز ازیں عیب مبرا باشند۔

علاوہ بریں در آیۃ

عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖ أَحَدًا إِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ[2]

فاعل ارتضٰی ضمیراست راجع بسوی خدا تعالیٰ

"خالص کرتے ہوئے اس کے لئے دین کو" (قرآن کریم) کس طرح درست ہو سکتا ہے۔

اور چونکہ گناہ کا منشا خواہ گناہ صغیرہ ہو یا کبیرہ وہی شیطانی مادہ ہے تو لازم آیا کہ معصوم نبیوں کے سردار صلی اللہ علیہ وسلم گناہ کے خیال سے بھی معصوم ہوں۔ پھر سننا چاہیئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہیں کہ

"پس ان نبیوں کی ہدایت کی پیروی کیجیئے"

اور یہ حکم بھی بغیر کسی شرط کے پیروی کرنے کا ہوا ہے۔ افعال میں سے کسی خاص فعل اور اخلاق میں سے کسی خاص خلق کی قید نہیں ہے۔ اور یہ بھی طے شدہ ہے کہ جب صلہ کو بغیر قرینہ کے حذف کرتے ہیں جیسا کہ "اللہ اکبر" میں اکبر کے صلے کو حذف فرمادیا ہے تو یہ حذف تعمیم کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ لہذا اللہ تعالیٰ کی (اکبریت) کسی ایک شخص ہی کے اعتبار سے نہیں ہے بلکہ ہر ایک کے اعتبار سے ہے۔ پس لازم آیا کہ دوسرے انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام بھی اس عیب سے مبرا ہوں۔

اس کے علاوہ (اس) آیت میں:-

"خدا غیب[3] کا جاننے والا ہے کہ کسی کو اپنے پر مطلع مطلع نہیں کرتا سوائے کسی رسول کے جس کو اس نے چن لیا"

فعل ارتضٰی کی (آیت بالا میں) فاعل ضمیر ہے جو خدائے تعالیٰ

---

[1] پوری آیت یہ ہے أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ (پارہ ۷ سورہ انعام رکوع ۱۰) مترجم

[2] پارہ ۲۹ سورہ جن رکوع ۲ - مترجم

[3] اس آیت کے منشا سے حضرت قاسم العلوم نے یہ اجتہاد کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا کسی رسول کو اس پر غیب ظاہر کرنے کے لئے مطلقاً چن لینا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ ہر رسول اپنے انتخاب کے باعث صغائر اور کبائر گناہ سے پاک ہوتا ہے جب ہی تو اس کو منتخب کیا گیا ہے اور کسی خاص وصف میں چن لینے کا ذکر نہیں کیا گیا۔ لہذا ہر ایک رسول اپنے افعال میں پاک ہوتا ہے۔ مترجم

وضمیر مفعول کہ راجع بسوی مَن ست محذوف۔ باز ارتضٰی را مطلق داشتہ اند۔ یعنی این نفرمودہ اند کہ :- ارتضٰی فی الاعمال والاخلاق او فی ھذا الامر۔ وبعد این ہمہ مِن رسول گفتہ اند۔ و پیدا ست کہ مِن در مِن رسول بیانیہ است نہ غیر آں لہٰذا ضرور افتاد کہ ہمہ عناصر روحانی رسل محبوب و مرضی خداوندی باشند۔

کی طرف لوٹتی ہے اور مفعول کی ضمیر جو کہ مَن کی طرف (آیت بالا میں) راجع ہے یعنی ارتضاہ میں (ہ) وہ محذوف کردی گئی۔ پھر فعل ارتضٰی کو کسی شرط کے بغیر مطلق رکھا ہے۔ یعنی یہ نہیں فرمایا ہے کہ اعمال یا اچھے عادات کے باعث یا اس امر میں اور اس امر میں چن لیا۔ اور ان سب کے بعد "من رسول" فرمایا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ مِن مذکورہ بالا آیت کے جز من رسول میں چنے جانے والے شخص کے بیان کے لئے ہے نہ اس کے سوا کسی اور چیز یعنی تبعیض کے لئے۔ لہٰذا ضروری ہوا کہ رسولوں کے تمام روحانی عناصر خدا تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ اور محبوب ہوں۔

وجہش این است کہ چنانکہ زر و نقرہ را بر معیار سودہ میگیرند تا غش از خالص معلوم شود، ہمچنیں امتحان عناصر روحانی یعنی اخلاق و ملکات و قوی باعمال میکنند۔ تا نیک از بد متمیز شود۔ چنانچہ خود میفرمایند:-

لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلاً

(قرآن کریم)

اس کی وجہ یہ ہے کہ جیسا کہ سونے اور چاندی کو کسوٹی پر رگڑ کر دیکھتے ہیں تاکہ کھرا اور کھوٹا معلوم ہو جائے، اسی طرح روحانی عناصر یعنی عادات، خصائل اور روحانی قوتوں کا اعمال کے ذریعہ امتحان کرتے ہیں، تاکہ اچھے کی برے سے تمیز ہو جائے، چنانچہ خود فرماتے ہیں:-

"تاکہ تم کو آزمائے کہ تم میں کون عمل کے اعتبار سے اچھا ہے۔"

(قرآن)

۱؎ من ارتضٰی میں شبہ ہوتا ہے کہ اللہ نے کس کو چنا یا اللہ کس کو چن لیتا ہے مِن کے ذریعہ اس شبہ کو دور کر دیا گیا یعنی وہ چنا ہوا کوئی رسول ہوتا ہے۔ لہٰذا اس مِن کو جس کے ذریعہ پہلے الفاظ میں ابہام کو کھول کر بیان کیا جائے مِن بیانیہ کہا جاتا ہے اور جس کا مِن بیان بنتا ہے اس کو مبین کہا جاتا ہے، اس آیت میں من ارتضٰی مبین اور من رسول بیان ہے۔ عربی میں مِن کے معنی بعض کے بھی آتے ہیں جس کو من تبعیضیہ کہا جاتا ہے۔ جیسے منھم من کلم اللہ۔ مترجم

۲؎ سورۃ ملک پارہ ۲۹ رکوع ۱ میں پوری آیت اس طرح ہے۔ تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ۙ الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا۔ برکت والی خدا کی ذات کہ اس کے قبضے میں ملک ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے جس نے موت اور حیات کو پیدا کیا تاکہ آزمائے کہ تم میں سے عمل کے اعتبار سے کون زیادہ اچھا ہے۔ مترجم

وظاہر است کہ فعل داد و دہش از آثار ملکہ سخاوت
و معرکہ آرائی از آثار شجاعت در وغا ہمچنیں
جملہ افعال از آثار ملکات و قوی
و اخلاق کامنہ می باشند و ایں
افعال و آثار را باآں اخلاق و ملکات ہماں
نسبت است کہ خطوط معیار را بازر و نقرہ۔
پس چنانکہ در زر و نقرہ قدر و قیمت ہماں زر
و نقرہ را باشد نہ آں خطوط را و مقصود
اصلی و محبوب زر و نقرہ بود نہ آں خطوط۔
بلکہ آں خطوط فقط مظہر حسن و قبح
زر و نقرہ باشند نہ اصل مقصود و محبوب
و مبیح و مرغوب۔
ہمیں ساں قصہ دین است۔ اصل
محبوب و مقصود و مطلوب اخلاق مرضیہ اند
نہ اعمال و در بازار آخرت دراصل قدر و
قیمت ہماں اخلاق را باشد نہ ایں اعمال
را۔ ایں اعمال مظہر آں اخلاق و ملکات اند
نہ بذات خود محبوب و مرضی۔ اندریں صورت
ضروراست کہ ہمہ اخلاق و ملکات و قوای
رسولاں محبوب و مرضی خدا تعالیٰ باشند۔
ایں نتواں شد کہ بعضی ازانہا منجملہ مرضیات
باشند و بعض ازاں خلاف مرضی۔
ورنہ اطلاق ایں تقضی باطل گردد۔ مگر
دانی کہ اندریں صورت معصومیۃ انبیاء

اور ظاہر ہے کہ عطا و بخشش سخاوت کے ملکہ کی علامات
میں سے ہے اور جنگ جوئی، جنگ میں بہادری کی
علامات میں سے ہے۔ اسی طرح تمام افعال، پوشیدہ
اخلاق اور قوتوں کی علامات میں سے ہوتے ہیں اور ان
افعال اور آثار کو ان اخلاق اور ملکات کے ساتھ وہی
نسبت ہے جو کہ کسوٹی کی لکیروں کو سونے اور چاندی
کے ساتھ۔ پس جیسا کہ سونے اور چاندی میں، اسی سونے
اور چاندی کی قدر و قیمت ہوتی ہے نہ کہ ان لکیروں کی اور
اصلی اور پسندیدہ مقصد سونا اور چاندی ہی ہوتے ہیں
نہ کہ وہ لکیریں، بلکہ وہ لکیریں سونے اور چاندی کی اچھائی
اور برائی کو صرف ظاہر کرنے والی ہوتی ہیں۔ نہ کہ اصل
مقصد اور محبوب اور مطلوب و مرغوب ہوتی ہیں۔
اسی طرح سے دین کا قصہ ہے۔ اصل محبوب
اور مقصود اور مطلوب اچھے اخلاق ہیں نہ کہ اعمال۔
اور آخرت کے بازار میں دراصل انہی اخلاق کی قدر و قیمت
ہوگی نہ کہ ان اعمال کی۔ یہ اعمال تو ان اخلاق اور عادات
کو ظاہر کرنے والے ہیں نہ کہ بذات خود محبوب اور پسندیدہ ہیں
اس صورت میں ضروری ہے کہ پیغمبروں کے تمام اخلاق عادات اور قوتیں خدا تعالیٰ
کو پیاری اور پسندیدہ ہوں۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ بعض تو
ان میں سے پسندیدہ ہوں اور ان میں سے بعض مرضی
کے خلاف ہوں۔ ورنہ اس تقضی کا مطلق ہونا بیکار
ہو جاتا ہے۔ مگر تمہیں معلوم ہے کہ اس صورت میں
چھوٹے اور بڑے گناہوں سے انبیا کا پاک ہونا ضروری
ہے۔ اور اس تقضی کے بعد من رسولہ کو لانا کہ اس میں

[1] اس سے یہ کہ اعمال اچھے اخلاق سے صادر ہو سکتے ہیں۔ اگر اخلاق اچھے نہ ہوں گے جو اعمال کا منبع اور سرچشمہ ہیں تو ان سے اچھے اعمال ہرگز نہیں ہو سکتے۔ لہٰذا مقصود اصلی اخلاق ہیں نہ کہ اعمال۔ مترجم

از صغیرہ و کبائر ضروری است۔ و از انجا کہ بعد از ارتضیٰ با ایراد
من ارتضٰی لِ کہ دراں متن بیانیہ آوردہ اند بیان ایمعنی فرمودہ اند
کہ ہر کہ مصداق من ارتضٰی باشد رسول شدنش ضروری ست۔
ہمہ فہمیدہ باشند کہ سوائے انبیا کسی را
بمعصومیتہ اعنی صدور عصیاں صغیرہ
باشد یا کبیرہ صفت نتواں کرد۔

مگر غرضم از صدور این است کہ مصدر معصیۃ
اعنی قوتیکہ مقتضائیش عصیاں باشد در خمیر بود نہ اینکہ
مثل آب گرم کہ معروض حرارت خارجیہ از ذات
خود میتواں شد، معروض عصیاں از خارج
ہم نمیتواں شد۔ آری باوجود امکان
عروض عصیاں انبیا را از عروض آں نگاہ میدارند۔
چنانچہ فرمودہ اند:۔
كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ

متن بیانیہ لائے ہیں۔ اس مطلب کو بیان فرمایا ہے
کہ جو شخص بھی خدا کا پسندیدہ ہوگا اس کا رسول ہونا
ضروری ہے۔
سب نے سمجھ لیا ہوگا کہ انبیا کے سوا کسی کو بھی
گناہ سے پاک ہونے کے ساتھ خواہ گناہ چھوٹا ہو یا بڑا
متصف نہیں کر سکتے کہ اس گناہ کا صادر ہونا ممکن
نہ ہو۔

مگر میری غرض گناہ کے صادر ہونے سے یہ
ہے کہ گناہ کا منبع یعنی وہ قوت کہ اس کا تقاضہ گناہ ہوتا
ہے خمیر میں ہو نہ یہ کہ گرم پانی کی مانند کہ باہر کی گرمی اس
کی اپنی ذات کو لگ سکتی ہے بیرونی گناہ سے وہ ملوث نہیں
ہو سکتا۔ ہاں گناہ کے انبیاء کو لگ جانے کے ممکن ہونے کے
باوجود، انبیا کو گناہ کے چھو جانے سے محفوظ رکھتے ہیں۔
چنانچہ فرمایا ہے:۔
"اسی طرح تاکہ ہم اس سے برائی اور بے حیائی کو

لہ یہ آیت یوسف علیہ السلام کے قصے میں اس مقام سے ہے جبکہ عزیز کی بیوی زلیخا نے یوسف علیہ السلام سے اپنی خواہش پوری کرنے کا ارادہ کیا۔
پوری آیت یہ ہے وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ۝ (پارہ ۱۲ سورہ یوسف رکوع ۳) (ترجمہ) اور عزیز کی عورت نے یوسف علیہ السلام کے ساتھ ارادہ کیا اور یوسفؑ بھی ارادہ کر لیتے اگر اپنے رب کی دلیل نہ دیکھتے۔ اسی طرح تاکہ ہم اس سے برائی اور بے حیائی کو پھیر دیں بے شک وہ ہمارے مخلص بندوں میں سے تھا۔ (تفصیل) جس عورت نے یوسف علیہ السلام کو اپنے لئے پھسلانا چاہا وہ عزیز مصر کی بیوی تھی۔ عزیز مصر کے جلوا عمل کے سردار کا لقب ہوتا تھا۔ عزیز مصر کا نام فوطی فار تھا۔ اس کی بیوی کا نام راعیل یا زلیخا تھا۔ اس وقت بادشاہ مصر ریان بن ولید تھا یونانی مورخین نے اس کا نام ای پونس (E. PONAS) لکھا ہے۔ عربی والوں نے عزیز مصر کے نام فوطی فار کو تغیر یا تطفیر سے بدل کر معرب کر لیا۔ حقیقت یہ ہے کہ یوسف علیہ السلام کی زلیخا سے شادی کے بارے میں قرآن و حدیث اور بائیبل سب خاموش ہیں۔ البتہ اون کا رہنے والا ایک مذہبی پیشوا جس کا نام فوطی فرع تھا جو نام فوطی فار سے ملتا جلتا ہے اس کی بیٹی آس ناتھ نامی سے حضرت یوسف علیہ السلام کی شادی ہوئی۔ اس کے پیٹ سے یوسف علیہ السلام کے دو لڑکے پیدا ہوئے۔ ایک کا نام منسی یا منسایا اور دوسرے کا نام افرائیم تھا۔ توریت میں ہے کہ منسی نام اس لئے رکھا کہ خدا نے میری مصیبت فراموش کر دی اور افرائیم نام اس لئے رکھا کہ خدا نے مجھے ثمر دار بنایا۔ الحاصل عزیز مصر کو معزول کر کے میاں نے یوسف علیہ السلام کو وزیر خزانہ بنایا۔ مترجم

إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِينَ ○
(قرآن کریم)

مگر آنکه بعض اقسام معصیة از سوء و فحشاء هم خارج باشند بالجمله این آیت بر امکان عروض هم دلالت دارد۔ ورنه صرف بیجا کار آمدی۔ و بر محفوظ ماندن انبیاء هم شاهد است ورنه صرف بیکار رفتی۔

بهرحال معصومیت بمعنی مذکور مخصوص انبیاء است اولیا را هم شریک اوشاں دریں صفت نتواں گفت۔

چنانچه بجمله

إِنْ أَوْلِيَاؤُهُ إِلَّا الْمُتَّقُونَ

که بتعریف اولیا فرموده اند بر این معنی اشاره دارد۔

تفصیل اجمال

تفصیل این اجمال اینکه متقون صیغه اسم فاعل است و ضمیرش راجع سوئے اولیاء و مفعولش هرچه باشد محذوف۔ لیکن حاصل اتقا همیں اجتناب از معاصی و غیر مرضیات بود۔

ازیں بعد بشنو که حاصل متقی اینست که موصوف بوصف اتقا مبنی للفاعل باشد۔ و پیداست تحقق اتقا مبنی للفاعل بر تعدی الی مفعول ضرور نیست۔

و این بداں ماند که در ایام برشکال مثلاً وقت رفتار خود را از افتادن باز میدارند و با این همه گاهی پای رونده می لغزد و

پھیر دیں۔ بے شک وہ ہمارے با اخلاص بندوں میں سے تھا۔ (قرآن کریم)

مگر یہ کہ گناہ کی بعض قسمیں برائی اور بے حیائی سے باہر ہوتی ہیں۔ تاہم یہ آیت انبیاء کو گناہ چھو جانے پر دلالت کرتی ہے۔ ورنہ گناہ کا نبی سے پھیر دینے کا کیا مطلب ہو سکتا ہے اور یہی آیت انبیا کے محفوظ رہنے کی دلیل ہے ورنہ گناہ کا نبی سے پھیر دینے اور ہٹا دینے کا مقصد فوت ہو کر رہ جاتا ہے۔

بہرحال مذکورہ معنی میں گناہوں سے پاکی صرف انبیا کے ساتھ خاص ہے۔ اولیا کو ان انبیا کے ساتھ اس صفت معصومیت میں شریک نہیں کہہ سکتے۔ جیسا کہ آیت: (ذیل)

"نہیں ہیں اس اللہ کے دوست مگر پرہیزگار لوگ" کہ اولیا کی تعریف میں اللہ تعالیٰ نے فرمائی ہے اس معنی کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

اجمال کی تفصیل

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ متقون اسم فاعل کا صیغہ ہے اور اس کی ضمیر اولیا کی طرف راجع ہے۔ اور اس کا مفعول جو بھی ہو محذوف ہے۔ لیکن تقوے کا حاصل یہی گناہ اور اللہ کی ناپسندیدہ باتوں سے بچنا ہے۔

اس کے بعد سنیے کہ متقی کا خلاصہ یہ ہے کہ تقوے سے متصف شخص ہو۔ اور ظاہر ہے کہ تقوے کا پایا جانا فاعلی صورت میں مفعول کی طرف متعدی ہونے پر موقوف نہیں ہے۔

اور یہ اسی کے مانند ہے کہ برسات کے موسم میں مثلاً چلتے پھرتے وقت لوگ اپنے آپ کو گر پڑنے سے محفوظ رکھنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود کبھی

با می افتد- و بریں بنا ، بدیگراں میگوید کہ من ہر چند خود را از افتادن نگاہ داشتم مگر نتوانستم۔

غرض ازیں تعریف کہ در کلام اللہ مذکور شد عدم امکان صدور معاصی نمی بر آید۔ آری بشہادت ہمچو آیت

يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ (قرآن کریم)

محفوظ ماندن اوشاں از معاصی می بر آید۔ زیرا کہ اطلاق اٰمَنُوْا اشارہ بکمال ایمان می کند۔ فرمودہ اند۔

"المطلق یراد بہ الفرد الکامل"

(معقولہ)

و پیداست کہ کمال ایمان با ولایت وساز است

گذرنے والے کا پاؤں پھسل جاتا ہے اور وہ گر پڑتا ہے۔ اسی بنا پر دوسروں سے گرنے والا کہتا ہے کہ میں نے اپنے آپ کو گر پڑنے سے محفوظ رکھنے کی بہت کوشش[1] کی مگر محفوظ نہ رکھ سکا۔

غرض اس تعریف سے کہ جو کلام اللہ میں ذکر کی گئی ہے (اولیاء سے) گناہوں کے صادر ہونے کا ممکن نہ ہونا نہیں نکلتا ہے۔ ہاں اس آیت کی شہادت کی بنا پر "ثابت[2] رکھتا ہے اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے قول ثابت (یعنی لا الٰہ الا اللہ) کے ذریعہ دنیا اور آخرت کی زندگی میں"

ان اولیاء کا گناہوں سے محفوظ رہنا ظاہر ہوتا ہے کیونکہ اٰمَنُوْا کا مطلق ہونا کامل ایمان ہونے کی طرف اشارہ کرتا ہے جیسا کہ علماء نے فرمایا ہے کہ: "مطلق[3] بول کر اس سے اس صفت کا کامل فرد مراد ہوتا ہے۔"

اور ظاہر ہے کہ ایمان کا کمال ولایت کے ساتھ پایا

---

[1] کوشش کے باوجود متقیوں سے گناہ کے ہو جانے کی جو تشبیہ حضرت قاسم العلوم نے دی ہے وہ علمی دنیا میں اہل تقوے کی وکالت کا بہترین اور ان کی پوزیشن کا اعلیٰ ترین سرمایہ ہے۔ اس مثال نے متقین کی حالت کا صحیح نقشہ ہمارے سامنے پیش کر کے علمی حجاب اٹھا دیا ہے۔ مترجم۔

[2] پارہ ۱۳ سورۂ ابراہیم رکوع ۱۴) قول ثابت سے مراد کلمہ لا الٰہ الا اللہ ہے۔ اس کلمے کے پڑھنے والے اور اعتقاد رکھنے والے کو اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں کفر کی لغزش سے بچا کر ایمان پر قائم رکھتا ہے۔ دوسری جگہ ارشاد ہے۔ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا - دونوں آیتوں کا ثمرہ ایک ہی ہے۔ مترجم۔

[3] یہ اہل علم کا ایک مسلمہ اصول ہے کہ جب کسی جنس یا شخص یا چیز کو تحریر یا تقریر میں مطلق طور پر بولا جاتا ہے تو اس سے اس کا سب سے اعلیٰ فرد مراد لیا جاتا ہے۔ مثلاً اگر نجم بولا جائے تو اس کا فرد کامل یعنی آفتاب مراد لیں گے۔ اسی طرح اگر جنگل کے کسی بہادر جانور کا ذکر مطلق طور پر کیا جائے تو اس کا فرد کامل شیر مراد لیا جائے گا۔ مترجم

باۓ[1] استعانت در "بالقولِ الثابتِ" بریں امر دلالت دارد ...... کہ آنچہ بران ثابت میدارند آں چیز دیگرست۔

لیکن پیداست کہ آنچہ در تحقق قول ثابت یعنی

لا الٰہ الا اللہ

را دخل است، ہمیں طاعت و تقوی است۔

نظر بریں اگر گویند کہ مومنان کامل را برکت

لا اِلٰہ الا اللہ

بر طاعت و تقوی ثابت میدارند، بجاست۔ وظاہرست کہ ایں وقت محفوظیت از معاصی ضرور است۔

باقی وجہ تخصیص معصومیۃ بہر انبیا و محفوظیت بہر اولیا باآنکہ ہر دو متحد المفہوم می نمایند درخور ایں عجالہ نیست ورنہ انشاء اللہ دریں بارہ ہم چیزی رقم

جاتا ہے۔ پھر "بالقول الثابت" میں بآ جو کہ مدد[1] طلب کرنے کے لئے اس بات پہ دلالت کرتی ہے کہ (اللہ تعالیٰ اولیا کو) جس چیز پر ثابت قدم رکھتے ہیں وہ اور ہی چیز ہے۔

لیکن ظاہر ہے کہ وہ چیز جس کے پائے جانے میں قول ثابت یعنی

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ

کو دخل ہے، یہی بندگی اور پرہیزگاری ہے۔

اس پر نظر رکھتے ہوئے اگر کہیں کہ کامل مومن لوگوں کو

لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللہ

کی برکت سے بندگی اور پرہیزگاری پر ثابت رکھتے ہیں تو درست ہے اور ظاہر ہے کہ اس وقت گناہوں سے حفاظت ضروری ہے۔

باقی انبیا کے لئے معصوم ہونے کی خصوصیت اور اولیا کے لئے حفاظت[2] کی تخصیص، باوجودیکہ دونوں کا مطلب ایک ہی معلوم ہوتا ہے۔ اس خط میں داس مضمون کے لکھنے کی گنجائش نہیں۔ ورنہ انشاء اللہ اس بارے

---

[1] عربی اور فارسی میں کئی حروف کئی کئی معنی میں استعمال ہوتے ہیں۔ حرف (ب) بھی عربی میں کئی معنوں میں استعمال ہوتا ہے ان معانی میں سے ایک معنی حرف (ب) کے ذریعہ مدد حاصل کرنے کے لئے آتے ہیں۔ جیسے بسم اللہ میں (ب) مدد کے لئے بھی ہو سکتی ہے یعنی اللہ کے نام کی مدد سے میں شروع کرتا ہوں۔ اسی طرح بالقول الثابت میں بآ مدد حاصل کرنے کے لئے ہے۔ یعنی قول ثابت کی مدد سے۔ مترجم

[2] عصمت، انبیا کے لئے اور حفاظت اولیا کے لئے ہونے کو علما نے اس طرح واضح کیا ہے کہ برائی کو انبیاء سے دور رکھنے کا نام عصمت ہے اور متقیوں کو برائی سے دور رکھنے کا نام حفاظت ہے۔ گویا عصمت میں برائیوں کو معصوم سے دور رکھا جاتا ہے اور حفاظت میں محفوظ کو برائیوں سے دور رکھا جاتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں یوں تعبیر کیا جائے کہ انبیا ارادہ کرتے ہی نہیں اور اولیا ارادہ کریں تو حفاظت کی جاتی ہے لیکن اگر لغزش ہونے لگے تو بچتے بچتے پاؤں پھسل سکتا ہے لیکن انبیاء کا پاؤں پھسل نہیں سکتا ان کو تھام لیا جاتا ہے۔ یہ میری ذاتی رائے ہے جو میں نے بعض اولیا کے پائے ثبات میں لغزش سے واقفیت کی بنا پر ظاہر کی ہے۔ مترجم

میسر دم۔

شبہ باقی ماند اینکہ ایں جرائم مسلم الثبوت از کجا خاستند اگر مادہ مذکور نبود صدور جرائم محال بود۔

جواب جوابش اینست کہ افعال[1] رو بدو سو است۔ یکی نیت و مبادی آں کہ آنرا مصدر افعال تواں گفت۔ دوم[2] پیکر و ہویات آں مظہر آں تواں خواند لیکن پیداست مصدر و مظہر رابیک وتیرہ نداشتہ اند یک فعل بیک مظہر میباشد۔ و انواع نیات بلکہ مدارج یک نوع ہم ازاں متفاوت۔ اندریں صورت میتواں شد کہ پیکری و مظہری دریوزہ گر مصادر شتی باشد۔

ہاں ازیں قدر انکار نتواں کرد کہ بعض مظاہر ارتباط طبعی با بعض مصادر دارند۔ وازیں جہت در صورت صدور آں از مصدر دیگر بیننده را بغلط اندازد و خود با مصدر دیگر سازد۔ مثلاً

پیکر صلوٰۃ اعنی ایں صورت خاصہ از رکوع و سجود علاقہ طبعی با مصدر خاص کہ اخلاص است

میں بھی کچھ لکھتا۔

شبہ باقی رہی یہ بات کہ یہ دلیل سے ملنے ہوئے جرائم کہاں سے پیدا ہو گئے جبکہ مادہ مذکورہ گناہ کا نہ تھا تو جرائم کا صادر ہونا محال تھا۔

جواب اس کا جواب یہ ہے کہ افعال کا رخ دو چیزوں کی طرف ہوتا ہے۔ ایک[1] تو نیت اور اس کی ابتدائی باتوں کی طرف کہ ان کو افعال کا مصدر کہہ سکتے ہیں۔ دوسرے[2]۔ اس فعل کا وجود اور اس کی جزئی صورتیں کہ اس کی مظہر کہہ سکتے ہیں۔ لیکن ظاہر ہے کہ فعل کے صادر ہونے کی جگہ اور اس کے ظاہر ہونے کی جگہ کو ایک ہی طور پر نہیں رکھا ہے۔ ایک فعل کا ایک ہی مظہر ہوتا ہے اور نیتوں کی مختلف قسمیں بلکہ ایک ہی قسم کی نیت کے مختلف درجے بھی اس کی وجہ سے مختلف ہوتے ہیں۔ اس صورت میں ہو سکتا ہے کہ معصیت کا ایک مجسمہ اور ایک مظہر گناہ کے متعدد دروازوں کا سوالی ہو۔

ہاں اتنی بات سے انکار نہیں کر سکتے کہ گناہوں کے بعض مظاہر بعض مصادر سے طبعی ربط رکھتے ہیں۔ اور اس سبب سے اس کا دوسرے مصدر سے صادر ہونا دیکھنے والے کو غلطی میں ڈال دیتا ہے۔ خود دوسرے مصدر کے ساتھ موافقت کر لیتا ہے۔ مثلاً

نماز کا ڈھانچہ یعنی یہ خاص شکل جس میں رکوع اور سجدہ ہے خاص مصدر کے ساتھ جو کہ اخلاص ہے طبعی تعلق رکھتا ہے۔

---

[1] کسی اچھے یا برے فعل کے صادر ہونے کے سبب یا جگہ کو مظہر کہا گیا ہے۔ مثلاً نماز پڑھنے کا مصدر خلوص ہوتا ہے۔ گویا نماز کا سبب یا مظہر خلوص ٹھہرا۔ ہاں بعض اوقات کسی اچھے یا برے فعل کے ظہور میں آنے کے نیت کے اعتبار سے کئی مظہر اور مصدر بھی ہو سکتے ہیں۔ مثلاً کوئی شخص کسی کو کوئی وجہ یعنی دشمنی، حسد اور غیرت و ناموس کے باعث قتل کرتا ہے تو قتل کے کئی سبب یا مظہر ہوا گے جو مختلف نیتوں کے باعث قتل کے مصدر بن سکتے ہیں۔ مترجم

میدارد - وبا اینہمہ با مصادر دیگر اعنی نیات فاسدہ نیز گاہے خود را می سپارد - و از زیر پردۂ نیات دیگر مثل ریا و شمعہ سر می برآید - لیکن بوجہ ہمان علاقہ طبعی کہ مذکور شد در بادی النظر بر اخلاص کہ عین تعبد ست محمول میشود - ہمین ست کہ در حق منافقان سرمایۂ اطمینان و امن شد - ورنہ بکفر اوشاں چہ کمی بود کہ آب تیغ جنداللہ نچشیدند -

ہمین طور بعض پیکر و ہیاکل بعض افعال را مثل سب و شتم و نقصان مال و جان و دست و گریبان شدن یکے بدیگری و دروغ و امثال آن علاقہ خاص با عصیان است - گرچہ و بیگاہ مصدر آنہا چیزی دیگر شدہ باشد - مقام جہاد و کشت و خون فساد و عناد ہرچند ہمرنگ یکدیگر اند لیکن بوجہ آنکہ این قصد را با عناد و فساد اتحادی ست طبعی گر دستاویز بغض فی اللہ و مظہر اطاعت نیز میتواں شد - ہمیں است کہ بسیاری از انسان صورتاں جہاد را ظلم و ستم انگاشتہ دل از حقیقت دین اسلام برداشتہ اند -

چوں ایں مقدمہ ممہد شد، سخن دیگر کہ ہم ازاں سر می زند باید شنید - بحکم :-

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ (حدیث)

اور ان تمام کے باوجود نماز کبھی فاسد نیتوں کی جگہ سے بھی صادر ہوتی ہے اور دوسری نیتوں مثلاً ریاکاری اور دکھاوے کی نیت کے ما تحت بھی ظہور میں آتی ہے - لیکن اسی طبعی تعلق کی وجہ سے جس کا ذکر ہوا ، ظاہری نظر میں اخلاص پر مبنی سمجھی جاتی ہے جو کہ موجب عبادت ہے - یہی وجہ ہے کہ منافقوں کے حق میں (یہ ریاکاری کی نماز) اطمینان اور امن کا سبب بن گئی ورنہ ان کے کفر میں کیا کمی تھی کہ اللہ کے لشکر کی تلوار کی آب نہ چکھتے -

اسی طرح پر بعض افعال کی شکلیں اور ڈھانچے مثلاً گالم گلوچ ، مال و جان کا نقصان ، ایک کا دوسرے سے لڑنا جھگڑنا اور جھوٹ اور اسی طرح کی دوسری چیزوں کا گناہ کے ساتھ خاص تعلق ہے - اگرچہ کبھی کبھی ان کے صادر ہونے کا سبب دوسری باتیں بھی ہوں - جہاد کی جنگ اور فساد اور دشمنی کا خون خرابہ ہر چند ایک دوسرے کی شکل جیسے ہیں لیکن اس وجہ سے کہ اس ارادے کو دشمنی اور فساد کے ساتھ طبعی اتحاد ہے گو اللہ کے لئے دشمنی کا وسیلہ اور اطاعت خداوندی کے مظہر بھی ہو سکتے ہیں - یہی وجہ ہے کہ بہت سے انسان کی شکل رکھنے والے لوگ جہاد کو ظلم و ستم خیال کر کے دل کو اسلام کی حقیقت سے انہوں نے ہٹا لیا ہے -

جب اس مقدمہ کی تمہید بیان ہو چکی تو دوسری بات بھی جو اس سے نکلتی ہے سننی چاہیئے - بحکم (حدیث)[1]

"سوائے اس کے نہیں کہ اعمال نیتوں پر ہیں"

[1] یہ مشہور حدیث ہے جس کو بعض علماء نے تواتر کا درجہ دیا ہے اور جو صحت کے اعتبار سے یقین کا مرتبہ رکھتی ہے - پوری حدیث یہ ہے :-
عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ وَاِنَّمَا لِامْرِءٍ مَا نَوٰی فَمَنْ کَانَتْ ہِجْرَتُہٗ اِلَی اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ فَہِجْرَتُہٗ اِلَی اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ
(باقی اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

و

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ إِلَىٰ صُوَرِكُمْ وَ
أَعْمَالِكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَنْظُرُ إِلَىٰ قُلُوبِكُمْ
وَنِيَّاتِكُمْ أَوْ كَمَا قَالَ (حدیث)

مدار اعتبار کاروبار بنی آدم بر مصادر اعنی نیات و مبادی آں خواہد بود۔ حسن یا قبحی کہ در ذات افعال ودیعت نہادہ اند ازاں حساب نخواہند فرمود۔ اندریں صورت نوعی از حسن و قبح از طرف مصادر سوی مظاہر خواہد آمد ولاجرم آں حسن و قبح در حق مصادر لازم ذات و در حق مظاہر عارض خواہد بود۔

پس اگر مصادر آں قبیح بالذات و مذموم حضرت رفیع الدرجات است مثل جحود و عناد و تکبر و ہوا و ہوس آنرا گناہ باید پنداشت و ہرچہ مصادر آں حسن بالذات و محمود خالق کائنات است اگر از قسمی است کہ آنرا علاقہ طبعی با مصادر قبیحہ و ذمیمہ است بدو حال

متصور

است

یکی آنکہ غلط فہمی باعث تحرک اخلاق حمیدہ گشتہ کہ ایں پیکر بداں وابستہ است

اور یہ

"بیشک اللہ تمہاری صورتوں اور اعمال کو نہیں دیکھتا لیکن اللہ تمہارے دلوں اور نیتوں کو دیکھتا ہے۔ یا جیسا رسول اللہ نے فرمایا۔"

آدمی کے کاروبار کے اعتبار کا دارومدار، مصادر یعنی نیتوں اور اس کے مبادی پر ہوگا۔ کوئی اچھائی یا کوئی برائی کہ افعال کی ذات میں امانت رکھی ہے اس کا حساب نہیں فرمائیں گے۔ اس صورت میں ایک قسم کی اچھائی یا برائی مصادر کی طرف سے مظاہر کی طرف ضرور آئے گی اور ضروری طور پر وہ اچھائی یا برائی مصادر کے حق میں لازم ذاتی اور مظاہر کے حق میں لازم عارض ہوگی۔

پس اگر اس فعل کے صادر ہونے کے مقامات ذاتی طور پر برے ہیں اور بلند درجات والی ذات کی بارگاہ میں برے ہیں جیسا کہ انکار، گھمنڈ اور خواہش نفسانی تو ان کو گناہ سمجھنا چاہیئے۔ اور اگر اس کے صادر ہونے کے مقامات ذاتی طور پر اچھے اور کائنات کے خالق کے نزدیک پسندیدہ ہیں تو اگر اس قسم سے ہے کہ اس کو برے مصادر کے ساتھ طبعی طور پر تعلق ہے تو دو حال سے تصور کیا گیا ہے۔

ایک تو یہ کہ غلط فہمی اخلاق حمیدہ کو حرکت میں لانے کا باعث بنی کہ یہ ڈھانچہ اس کے ساتھ وابستہ

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۳۶)

وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى الدُّنْيَا يُصِيبُهَا أَوِ امْرَأَةٍ يَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهُ إِلَىٰ مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ

(بخاری و مسلم) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اعمال کے ثمرات، نیتوں پر ہیں اور اس کے سوا نہیں کہ آدمی کو وہی ملے گا جو اس نے نیت کی۔ پس جس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کے لئے ہوئی تو اس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کے لئے ہے اور جس کی ہجرت دنیا کے لئے یا کسی عورت سے نکاح کے لئے ہوئی تو اس کی ہجرت اسی کے لئے ہے جس کے لئے ہجرت کی۔ مترجم

آنرا خطای اجتہادی باید گفت۔
دوم آنکہ غلط فہمی را در این سلسلہ دخلی نباشد این قسم را زلات باید خواند۔
مثال اول مناقشہ حضرت موسیٰ علیہ السلام با حضرت ہارون علیہ السلام و حضرت خضر علیہ السلام است۔

ہے اس کو اجتہادی غلطی کہنا چاہیئے۔
دوسرے یہ کہ غلط فہمی کو اس سلسلے میں کوئی دخل نہ ہو۔ اس قسم کو لغزشیں کہنا چاہیئے۔
پہلے کی مثال موسیٰ علیہ السلام کا حضرت ہارون علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام کے ساتھ مناقشہ ہے۔

۱؎ موسیٰ علیہ السلام کا ہارون علیہ السلام کے ساتھ مناقشہ وہ ہے جس کا ذکر قرآن کریم میں ہے کہ جب موسیٰ علیہ السلام چالیس دن کے بعد کوہ طور سے واپس ہوئے اور قوم نے سامری کے بنائے ہوئے بچھڑے کو پوجنا شروع کر دیا تو موسیٰ علیہ السلام طیش میں آگئے اور اپنے بھائی ہارون علیہ السلام کی ڈاڑھی پکڑ لی اور ان سے کہا کہ میرے بعد تم قوم کو قابو میں نہ رکھ سکے۔ موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کے الفاظ کو قرآن کریم میں اس طرح ادا کیا گیا ہے:۔

قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْٓا ۝ اَلَّا تَتَّبِعَنِ ؕ اَفَعَصَيْتَ اَمْرِيْ ۝ قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا بِرَاْسِيْ ۚ اِنِّيْ خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِيْ ۝ (پارہ ۱۶۔ سورہ طٰہٰ رکوع ۵)

موسیٰ علیہ السلام نے کہا اے ہارون تجھے میرے پاس آنے سے جب لوگ گمراہ ہو گئے تھے کس نے روکا کیا تم نے میری حکم عدولی کی۔ ہارون نے کہا اے میرے ماں کے جائے میری ڈاڑھی اور سر کے بال نہ پکڑ مجھ کو یہ اندیشہ ہوا تم کہنے لگو کہ تم نے بنی اسرائیل میں پھوٹ ڈال دی اور تم نے میری بات کا پاس نہ کیا۔

۲؎ خضر علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام کے باہم مناقشے کا قصہ قرآن کریم میں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ حدیث میں ہے کہ موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کو نہایت موثر اور بلیغ پیرایہ میں نصیحتیں فرما رہے تھے۔ ایک شخص نے پوچھا اے موسیٰ کیا روئے زمین پر آپ سے بڑا عالم کسی کو جانتے ہیں۔ آپ نے فرمایا نہیں۔ اللہ تعالیٰ کو ان کے یہ الفاظ پسند نہیں آئے وحی آئی کہ جس جگہ دو دریا ملتے ہیں وہاں ہمارا ایک بندہ (خضر علیہ السلام) ہے جو تم سے زیادہ علم رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو کائنات کی جزئیات کا اپنے پاس سے علم دیا تھا اگرچہ شریعت کا علم موسیٰ علیہ السلام کو زیادہ تھا۔ بہرحال خضر علیہ السلام سے ملاقات ہوئی تو ان سے موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ کیا میں تمہارے ساتھ رہ کر کچھ سیکھ سکتا ہوں۔ انہوں نے کہا: آپ میرے ساتھ رہ کر صبر سے کام نہیں لے سکتے۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ آپ صابر پائیں گے اور میں کسی معاملے میں نافرمانی نہ کروں گا۔ چنانچہ دونوں چل پڑے اور ایک کشتی میں سوار ہو گئے تو خضر نے کشتی کا ایک تختہ توڑ دیا۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا اِمْرًا تم نے یہ تختہ توڑ کر کشتی والوں کو ڈبونے کا ارادہ کیا یہ تو عجیب سی بات کی۔ خضر علیہ السلام نے کہا اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ رہ کر صبر نہیں کر سکتے۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا۔ پھر دونوں آگے چل پڑے ایک لڑکے سے ملاقات ہوئی۔ خضر علیہ السلام نے اسے قتل کر دیا۔ موسیٰ علیہ السلام سے رہا نہ گیا اور بول اٹھے اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةًۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ ؕ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا نُّكْرًا ۝ تم نے ایک پاکیزہ جان کو قتل کر دیا یہ تو بڑی نامعقول بات کی۔ خضر علیہ السلام نے پھر وہی بات کہی کہ آپ میرے ساتھ رہ کر صبر نہیں کر سکتے۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍۢ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِيْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا۔ یعنی اگر اس کے بعد میں سوال کروں تو مجھے ساتھ نہ رکھنا۔ پھر دونوں چل پڑے حتی کہ ایک گاؤں کے لوگوں کے پاس پہنچے اور ان سے کھانا مانگا، انہوں نے انکار کر دیا۔ وہاں ایک دیوار بھی جو گرا چاہتی تھی اس کو خضر نے سیدھا کر دیا۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا یعنی اگر آپ چاہتے تو اس پر معاوضہ لے سکتے تھے تاکہ ہم کھانا کھا سکتے۔ بالآخر اب ساتھ ٹوٹ گیا۔ یہ ہے وہ مناقشہ جو خضر اور موسیٰ علیہما السلام کا ہوا۔ (قرآن کریم پارہ ۱۵۔ ۱۶۔ سورہ کہف) مترجم

ومثال ثانی معاملہ برادران یوسف علیہ السلام

با وشاں و قصہ گریختن حضرت یونس علیہ السلام

می نماید کہ مصدر ایں حرکات

و باعث صدور آں از اخوان یوسف

علیہ السلام محبت دنیا نبود۔

جملہ

لَیُوْسُفُ وَ اَخُوْہُ اَحَبُّ

اِلٰی اَبِیْنَا

خود بریں قدر گواہ است۔ کہ باعث ایں حرکات

عنایات حضرت یعقوب علیہ السلام بود۔ وظاہر

است کہ حضرت یعقوب علیہ السلام از ملوک زمانہ

یا امراء وقت و سردار نبودند کہ عنایات اوشاں

بحال یوسف علیہ السلام موجب حصول مناصب

دنیوی میشد و ازیں باعث عرق حسد برادراں

بجوش می آید۔ نی، بلکہ توجہ حضرت یعقوب

علیہ السلام مورث برکات دینی بود۔ و

موجب حصول مقاصد یقینی۔ زیں باعث برادراں اوشاں

را حسد از دل سر زد۔ ومیدانی کہ حسد از

لوازم محبت و آثار آنست ہر قسم محبت کہ باشد

دوسرے کی مثال یوسف[1] علیہ السلام کے بھائیوں کا

ان کے ساتھ معاملہ اور یونس[2] علیہ السلام کے (قوم کے

پاس سے) بھاگنے کا واقعہ معلوم ہوتا ہے کیونکہ برادران یوسف

سے ان حرکتوں کا مصدر اور یوسف علیہ السلام کے بھائیوں

سے اس سلوک کا صادر ہونا دنیا کی محبت نہ تھی ۔ آیت

کا حصہ

"البتہ یوسف[3] اور ان کا بھائی (بنیامین) ہمارے

باپ کو پیارے ہیں ۔"

خود اتنی بات پر گواہ ہے کہ ان حرکتوں کا سبب، حضرت

یعقوب علیہ السلام کی عنایتیں تھیں ۔ اور ظاہر ہے کہ حضرت

یعقوب علیہ السلام زمانے کے بادشاہوں یا وقت کے

امیروں اور سرداروں میں سے نہ تھے کہ ان کی عنایتیں

یوسف علیہ السلام کے حال پر دنیا کے جاہ ومنصب کے

حصول کا باعث ہوتیں ۔ اور اسی سبب سے بھائیوں

کے حسد کی پسلی پھڑک اٹھتی ، نہیں، بلکہ حضرت یعقوب

علیہ السلام کی توجہ دینی برکتوں کا سبب اور یقینی مقاصد

کے حصول کا باعث تھی ۔ اس سبب سے ان کے بھائیوں

کے دل سے حسد نے سر نکالا ۔ اور تمہیں پتہ ہے کہ حسد محبت

کے لوازمات اور اس کے آثار میں سے ہے خواہ کسی قسم

---

[1] یوسف علیہ السلام کے ساتھ ان کے بھائیوں کا معاملہ لوگوں میں مشہور ہے کہ ان کو کنویں میں ڈالا گیا اور ان کو ستایا گیا یہاں تک کہ وہ مصر میں جاکر فروخت ہوئے ۔ مترجم

[2] یونس علیہ السلام کا معاملہ بھی مشہور ہے کہ انہوں نے قوم کو سمجھایا لیکن انہوں نے تکذیب کی ۔ بالآخر ان کو عذاب کی دھمکی دے کر چلے گئے اور اللہ تعالیٰ کے حکم کا انتظار نہیں کیا ۔ قوم نے توبہ کی اور عذاب سے بچ گئے ۔ یونس علیہ السلام کو ملاحوں نے دریا میں ڈال دیا اور ان کو مچھلی نے نگل لیا ۔ پھر اللہ کے حکم سے مچھلی نے اگل دیا ۔ مترجم

[3] یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے اپنی میٹنگ میں کہا اِذْ قَالُوْا لَیُوْسُفُ وَاَخُوْہُ اَحَبُّ اِلٰی اَبِیْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَۃٌ ۭ اِنَّ اَبَانَا لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنِ ۝ (پارہ ۱۲ سورہ یوسف رکوع ۱) مترجم

پس اگر محبت دنیوی ست حسد نیز لازم و درحکم و اعتبار تابع آن خواہد بود۔ و اگر محبت خداوندی ست ہمچناں حسد آن بہماں حساب شمردہ خواہد شد۔

بالجملہ ایں رشک اوشاں از آثار محبت خداوندی می نماید۔ آری پیکر نازیبا دربرگرفتہ۔ ظاہر بیناں ایں را جریمہ خوانند و مرتکباں را گنہگار انگارند۔ و بندہ گمنام ایں را از قسم زلات می شمارد۔ و ہمیں است کہ مغفور شدند۔ ورنہ فساد ذات البین را حالقہ فرمودہ اند۔ و از ینجا

معنی

لَاحَسَدَ اِلَّا فِیْ اِثْنَیْنِ

پیدا شدہ باشد۔ وہم ہویدا شدہ باشد کہ در ایں حدیث حسد بمعنی خودست۔ حاجت آں نیست کہ بمعنی غبطہ گیرند۔

مگر غرضم نہ آنست کہ کاربند ایں قسم حسد

کی بھی محبت ہو۔ پس اگر دنیوی محبت ہے تو حسد بھی لازم ہے اور حکم اور اعتبار میں اس محبت کے تابع ہوگا۔ اور اگر محبت خداوندی ہے تو اسی طرح اس کا حسد اسی حساب میں شمار ہوگا۔

بالجملہ یہ ان کا رشک محبت خداوندی کے آثار میں سے دکھائی دیتا ہے۔ ہاں اس حسد نے نامناسب صورت اختیار کرلی۔ ظاہری دیکھنے والے اس کو جرم کہتے ہیں اور اس فعل کا ارتکاب کرنے والوں کو گنہگار خیال کرتے ہیں۔ اور یہ گمنام (قاسم) اس کو لغزشوں کی قسم سے شمار کرتا ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ وہ بخشے گئے۔ ورنہ آپس میں فساد کو (حدیث میں) ایمان پر استرا پھیرنے والا فرمایا گیا ہے اور یہیں سے اس حدیث کے معنی کہ:۔

"نہیں[1] ہے حسد مگر دو چیزوں میں"

ظاہر ہوگئے اور یہ بھی آپ پر واضح ہوگیا ہوگا کہ اس حدیث میں حسد اپنے اصلی معنی میں ہے یعنی دوسرے سے زوال نعمت غبطہ کے معنی کرنے کی ضرورت ہی نہیں۔

مگر میری غرض یہ نہیں کہ اس قسم کے حسد پر کاربند

---

[1] پوری حدیث یہ ہے عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَاحَسَدَ اِلَّا فِیْ اِثْنَیْنِ رَجُلٌ اٰتَاہُ اللّٰہُ مَالًا فَسَلَّطَہٗ عَلٰی ھَلَکَتِہٖ فِی الْحَقِّ وَرَجُلٌ اٰتَاہُ اللّٰہُ الْحِکْمَۃَ فَھُوَ یَقْضِیْ بِھَا وَیُعَلِّمُھَا (بخاری و مسلم۔ مشکوٰۃ کتاب العلم) نہیں ہے حسد مگر دو میں۔ ایک وہ آدمی کہ اللہ نے اس کو مال دیا تو اس کو حق کی راہ میں صرف کیا اور دوسرا وہ آدمی کہ دی اللہ نے اس کو حکمت وہ اس کے ذریعہ فیصلہ کرتا ہے اور اس کی دوسروں کو تعلیم دیتا ہے۔ اس حدیث میں حسد سے غبطہ مراد ہے۔ غبطہ اس کو کہتے ہیں کہ دوسرے کی نعمت کے زوال کی خواہش نہ ہو اور اپنے آپ کو مل جانے کی تمنا ہو۔ لیکن حسد میں دوسرے سے نعمت کے زوال کی خواہش ہوتی ہے خواہ خود کو ملے یا نہ ملے۔ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ خدا کی راہ میں خرچ کرنے والا اور دین سکھانے والا دو ایسے شخص ہیں کہ ان پر غبطہ ہوتا ہے کہ ہم بھی ایسے ہی ہو جائیں۔ مترجم

ہم باید شد۔ و بزدوکوب و ایذارسانی باید پرداخت۔ نی، بلکہ مرادم آنست کہ ایں قسم حسد کہ از آثار محبت خداوندی است و در عروضش برطبع کسے را اختیار نیست۔ بذات خود مذموم نیست۔

ازینجا دریافت کردہ باشی کہ جرم چیزی دیگراست و زلہ وخطاء اجتہاد چیزے دیگر۔ بلحاظ پیکر یکی را از قسم دیگر شمردن نشاید۔ و ہم دریافتہ باشی کہ کذب وغیرہ کہ منشاء آں ہمیں حسد متفرع بر محبت خداوندی شدہ باشد درحکم و اعتبار و شمار ہماں حسد خواہد بود۔ اندریں صورت کذبات اخوان یوسف علیہ السلام را جرم نباید گفت زلہ باید خواند۔

باقی وجہ تسمیہ ہم ازیں بیان خواہی دریافت لیکن اینقدر باید نوشت کہ درصورتی کہ مصدر گناہ صغیرہ باشد یا کبیرہ ہماں مادہ شیطانی شد۔ چوں پیش آمد کہ اکابر دین امتناع کبائر پیش وپیش نبوۃ برابر شمرند و صغائر را

بھی ہونا چاہیئے اور مارنا، پیٹنا اور ایذا پہنچانے میں مشغول ہونا چاہیئے۔ نہیں، بلکہ میرا مطلب یہ ہے کہ اس قسم کا حسد محبت خداوندی کے آثار میں سے ہے۔ اور اس کے طبیعت پر عارض ہونے میں کسی کو اختیار نہیں ہے۔ (یہ حسد) اپنی ذات سے بُرا نہیں ہے۔

یہیں سے تمہیں پتہ چل گیا ہوگا کہ جرم دوسری چیز ہے اور لغزش اور اجتہادی بھول چوک دوسری چیز ہے ڈھانچے کے اعتبار سے ایک کو دوسری قسم سے نہیں خیال کرنا چاہیئے۔[1] اور تم نے یہ بھی معلوم کر لیا ہوگا کہ جھوٹ بول کے کہا لینے کا جھوٹ وغیرہ کہ اس کا منشا یہی محبت خداوندی پر مرتب ہونے والا حسد ہوا۔ اسی حسد کے شمار اور اعتبار اور حکم میں ہوگا۔ اس صورت میں برادران یوسف علیہ السلام کے کئی دفعہ جھوٹ[2] بولنے کو جرم نہیں کہنا چاہیئے بلکہ لغزش پکارنا چاہیئے۔

باقی وجہ تسمیہ بھی اسی بیان سے تمہیں معلوم ہو جائے گی۔ لیکن مجھے اتنا تو کہہ دینا چاہیئے کہ اس صورت میں کہ گناہ کے صادر ہونے کی جگہ خواہ گناہ بڑا ہو یا چھوٹا وہی شیطانی مادہ ہوا۔ آخر کیا ضرورت پیش آئی کہ دین کے بڑوں نے بڑے گناہوں کو تو نبوت سے پہلے اور بعد میں ممتنع ہونے

[1] یعنی یہ حسد جو برادران یوسف علیہ السلام کو پیش آیا، جس طرح بذات خود مذموم نہیں ہے کیونکہ محبت خداوندی کے آثار میں سے ہے اور اس کے پیش آنے میں نفس امارہ کا دخل نہیں ہے لہذا برادران یوسف علیہم السلام نے حضرت یعقوب علیہ السلام سے جو جنگل سے واپس آکر یہ کذب بیانی کی تھی کہ یوسف علیہ السلام کو بھیڑیئے نے کھا لیا لغزش کہا جائے گا نہ کہ جرم۔ مترجم

[2] کئی دفعہ جھوٹ بولنا یہ کہ باپ سے کہا کہ ہم جنگل میں کھیلنے جا رہے ہیں یوسف علیہ السلام کو بھی اسی لیے لے جاتے ہیں، حالانکہ ان کو قتل کے ارادے سے لئے جا رہے تھے۔ دوسرا جھوٹ یہ کہ ان کو بھیڑیا اٹھا کر لے گیا۔ تیسرے یہ کہ قمیص کو کہیں اور طرح سے خون میں ملوث کر کے دکھایا کہ دیکھئے یہ خون کے دھبے قمیص پر موجود ہیں۔ یہ بھی جھوٹ بولا۔ مترجم۔

مخصوص بزمانۂ پس نبوۃ داشتند مقتضای اتحاد منشاء آں بود کہ ہر دو یکساں می بودند۔

جواب در جوابش آنچہ بفہم احقر می آید اینست کہ کبائر بذات خود مقصود می باشند و صغائر ذرائع کبائر می بودند۔ قبح کبائر بہ نسبت صغائر ذاتی میباشد وقبح آں عرضی۔ چہ کبائر را بجز یک مصدر معین مصدر ے دیگر نمی باشد۔ و ذرائع را مصادر کثیرہ می بود۔ و آنہم بسا اوقات متبدل می شود۔

ہمیں است کہ زنا باہر کہ باشد ممنوع وبوس وکنار با اولاد خود محمود۔ و دانی کہ اندریں صورت کبائر موصوف بالذات و صغائر بالعرض وقابل عروض خواہند بود۔ قبل عروض اطلاع قابلیت بغایۃ عسیر مثل اطلاع موصوف بالذات سہل و آشکار این ست لہٰذا تحدید حدود کار خداوند معبود ست۔ نبی را ہم اگر ایں علم میسر می آید بذریعہ وحی میسر می آید۔ وغالباً۔

وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدَىٰ

کو برابر خیال کیا اور صغیرہ گناہوں کو نبوت کے زمانے کے بعد خاص رکھا۔ منشا کے ایک ہونے کا تقاضہ تو یہ تھا کہ دونوں حالتیں برابر ہوتیں۔

جواب اس کے جواب میں جو احقر کی سمجھ میں آتا ہے یہ ہے کہ بڑے گناہ بذات خود مقصود ہوتے ہیں اور چھوٹے گناہ بڑے گناہوں کا ذریعہ ہوتے ہیں۔ بڑے گناہوں کی بُرائی چھوٹوں کی نسبت ذاتی ہوتی ہے اور صغیرہ گناہوں کا قبح عرضی ہوتا ہے۔ کیونکہ بڑے گناہوں کا ایک مصدر معین کے سوا اور دوسرا مصدر نہیں ہوتا ہے اور ذرائع کے بہت سے مصدر ہو سکتے ہیں۔ اور وہ بھی بسا اوقات بدل جاتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ زنا جس کے ساتھ بھی ہو منع ہے اور اپنے بچوں کو پیار کرنا چومنا چاٹنا اور گود میں لینا پسندیدہ ہے اور تجھے معلوم ہے کہ ان صورتوں میں بڑے گناہ ذاتی طور پر موصوف اور چھوٹے بالعرض اور قابل عروض ہوں گے۔ گناہ کے عارض[1] ہونے سے پہلے گناہ کی استعداد کی خبر نہایت مشکل ذاتی طور پر موصوف کی اطلاع کی طرح آسان اور واضح نہیں ہے۔ اس کے ساتھ حدود کا متعین کر دینا خداوند معبود کا کام ہے۔ نبی کو بھی اگر یہ علم میسر آتا ہے تو وحی کے ذریعہ میسر آتا ہے اور غالباً۔

اور آپ[2] ان تبدیلیوں سے ناواقف تھے اللہ تعالیٰ نے

---

[1] جو گناہ اپنی ذات میں برا ہوتا ہے یعنی ذاتی طور پر برا ہے اس پر مطلع ہونا آسان ہے لیکن جو گناہ اپنی ذات میں برائی نہیں رکھتا بلکہ بعض جگہ وہ گناہ نہیں اور بعض جگہ گناہ ہے اس پر مطلع ہونا دشوار ہے۔ مثلاً زنا واضح طور پر مذموم ہے کہ ذاتی برائی اس کے اندر موجود ہے اور بوس و کنار ذاتی برائی نہیں رکھتا۔ کیونکہ اپنے بچوں کو شفقت کے طور پر پیار کرنا محمود ہے، اس کے برعکس کسی اجنبی عورت یعنی غیر محرم کو چومنا حرام ہے کیونکہ اس میں اگرچہ عرضی برائی ہے لیکن وہ گناہ کبیرہ کا باعث بن سکتی ہے۔ اس لیے حرام ہے۔ مترجم

[2] پارہ ۳۰ سورہ والضحیٰ وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدَىٰ کا یہ مطلب ہے جو حضرت قاسم العلوم نے بیان فرمایا کہ آپ اللہ کی ان حدود سے قبل نبوت بے خبر تھے جو بعد نبوت معلوم ہوئیں۔ علامہ شبیر احمد عثمانی صاحب اپنی تفسیر میں اس آیت کے ماتحت لکھتے ہیں کہ نبوت سے پہلے آپ کو کوئی پروگرام معلوم نہ تھا۔ بعد ازاں عبادات اور معاملات کا پروگرام بتا یا گیا تاکہ زندگی کی راہ معلوم ہو جائے۔ بالفاظ راقم الحروف۔ مترجم

ہمیں معنی داشتہ باشد۔ مگر علم حدود کبائر بایں وجہ کہ بوجہ مقصود بودن آن و اشتہار مذمت آن قرناً بعد قرن۔ و اتفاق انبیا دراں روشن تر است۔ چنداں محتاج وحی نیست۔ بایں وجہ لازم آمد کہ ہم پیش از نبوۃ و ہم بعد از نبوۃ ممتنع باشد۔

باقی ماند صغائر چوں آنہا درایں مرتبہ اشتہار نمی باشند و نہ چناں مقصود و بر روی کار گونہ اختفار دراں راہ یافت کہ بی نزول وحی علم بسیارے اناں در حکم ممتنع باشد۔ آخر کیست کہ نمیداند کہ ممانعت ذرائع زنا کہ از حدیث و کلام اللہ می برآید۔ ہرگز بخیال احدی نمی آید۔ ہاں بعضے ازاں مثل کذب کہ علم بطلان آں طبعی ست۔ دربارہ امتناع و انتہا انبیا ازاں محتاج وحی نیست۔ مگر ایں ہمہ تاہماں دم ست کہ جرمیہ باشد۔ واگر از قسم زلت بود امتناعش درحق اوشاں ممتنع نمی نماید۔ ہاں ایں قدر صحیح کہ قوۃ علمیہ و قوۃ عملیہ از کمالات ذاتیہ بلکہ اصل آں است وکذب بظاہر دلالت بر فساد اول دارد کہ اشرف است۔ و بعد اطلاع تعمد کذب در اخبار دنیوی دافع اعتماد مطلق ست۔ پس خدا را چہ امید کہ وحی بجنسہ خواہد رسانید۔ و بنی نوع را چہ یقین کہ ہرچہ از خدا آمدہ بی کم و کاست محدودہ۔ بایں وجہ

ان حدود کی طرف رہنمائی فرمادی۔"
کے یہی معنی ہوں۔ مگر بڑے گناہوں کی حدبندیوں کا علم اس کا مقصود ہونا اور اس کی برائی کا مشہور ہونا ہر زمانہ میں ہے اور انبیا کا متفق ہونا زیادہ واضح ہے چنداں وحی کا محتاج نہیں ہے۔ اس وجہ سے ضروری ہوا کہ نبوت سے پہلے اور نبوت سے بعد بھی گناہ کا ہونا ممتنع ہو۔

باقی رہے چھوٹے گناہ چونکہ وہ اس درجے میں مشہور نہیں ہوتے اور نہ مقصود اس لئے ان گناہوں پر ایک گونہ مخفی ہونے کی صورت پیدا ہوگئی کہ وحی کے نازل ہونے کے بغیر اس کے اکثر حصے کا علم ہونا ممتنع ہونے کے حکم میں ہے۔ آخر کون ہے کہ وہ نہیں جانتا ہے کہ زنا کے ان اسباب کی ممانعت جو حدیث اور قرآن سے معلوم ہوتی ہے۔ ہرگز کسی کے خیال میں نہیں آسکتی۔ ان میں سے بعض گناہ جیسا کہ جھوٹ کہ اس کے باطل ہونے کا علم فطری ہے انبیاء کا اس جھوٹ سے بچنا اور ان کے حق میں اس کا ممتنع ہونا وحی کا محتاج نہیں ہے مگر یہ سب کچھ اسی وقت تک ہے کہ گناہ جرم کے درجے میں ہو۔ اور اگر گناہ لغزش کی قسم سے ہو تو اس کا ناممکن ہونا ان کے حق میں ناممکن نہیں دکھلائی دیتا ہے۔ ہاں اتنا صحیح ہے کہ علمیہ قوت اور عملیہ قوت ذاتی کمالات میں سے ہے بلکہ اس کی اصل ہے اور جھوٹ ظاہر میں فساد اول پر دلالت رکھتا ہے کہ اشرف ہے۔ اور دنیا کی خبروں میں عمداً جھوٹ کی اطلاع کے بعد مطلق اعتماد کو ختم کردینے والا ہے۔ پس خدا کو کیا امید کہ نبی وحی کو اسی طرح پہنچا دے گا۔ اور لوگوں کو کیا یقین کہ وہ جو کچھ خدا کی

کسیکہ کذب مقتضائے طبعش بود نبوت را نشاید۔ لیکن از پاک نہاداں بوقت غلبہ مصدر چنانچہ صدور کبائر ممکن ست

و

جملہ[1]

لَوْلَا اَنْ رَّاٰى بُرْهَانَ رَبِّهٖ

شاہد براں کذب و آنہم بطور زلت بدرجہ اولیٰ ممکن باشد۔ البتہ کبیرہ بوجہ تعین مصدر بطور زلہ صادر نتواں شد۔ زینوجہ عصمۃ لازم افتاد۔

فقط

ختم شد تقریر عصمت انبیاء علیہم السلام

حال کلی

اکنون حال کلی باید گفت

برادر من! ہر چند این ہیچمدان از ہر دو کوچہ منقول و معقول نابلد است مگر

طرف سے لایا ہے گھٹائے بڑھائے بغیر لایا ہے۔ اس وجہ سے جو شخص کہ اس کی فطرت کا تقاضہ ہی جھوٹ ہو وہ نبوت کے لائق نہیں ہے۔ لیکن اگر پاک طینت حضرات سے مصدر کے غالب ہونے کے وقت جیسا کہ بڑے گناہوں کا ہو جانا ممکن ہے اور جملہ

"اگر نہ دیکھ پاتے اپنے رب کی دلیل" اس کا گواہ ہے تو جھوٹ اور وہ بھی لغزش کے طور پر اولیٰ درجے میں ممکن ہے۔ البتہ گناہ کبیرہ مصدر کے تعین کی وجہ سے لغزش کے طور پر بھی صادر نہیں ہو سکتا۔ اس وجہ سے انبیاء کے لئے معصوم ہونا ضروری ہوا۔

فقط عصمت انبیاء علیہم السلام کی تقریر ختم ہوئی۔

کلی کا حال[2]

اب کلی کا حال بیان کرنا چاہیے۔

میرے بھائی! ہر چند یہ ناچیز علوم نقلیہ اور عقلیہ کے کوچے سے ناواقف ہے مگر

---

[1] یہ سورہ یوسف کا ایک ٹکڑا ہے پوری آیت یہ ہے وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَا اَنْ رَّاٰى بُرْهَانَ رَبِّهٖ یعنی زلیخا نے تو یوسف علیہ السلام کے ساتھ خواہش نفس کی تکمیل کا پورا ارادہ کر لیا تھا لیکن یوسف علیہ السلام نے ارادہ نہیں کیا کیونکہ اللہ کی حفاظت نے دستگیری کی۔ اگر وہ اللہ کی برہان نہ دیکھتے تو وہ ارادہ کر لیتے۔ وہ برہان کیا تھی۔ علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر میں لکھتے ہیں۔

"برہان دلیل اور حجت کو کہتے ہیں۔ یعنی اگر یوسف علیہ السلام اس وقت اپنے رب کی دلیل نہ دیکھتے تو بھی میلان پر چل پڑتے۔ دلیل کیا تھی زنا کی حرمت و شناعت کا وہ عین الیقین جو حق تعالیٰ نے انہیں عنایت فرمایا یا وہی دلیل جو خود انہوں نے زلیخا کے مقابلہ میں اِنَّهٗ رَبِّيْٓ اَحْسَنَ مَثْوَايَ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ کہہ کر پیش کی۔ بعض کہتے ہیں کہ خدا کی قدرت سے اس وقت حضرت یعقوب علیہ السلام نظر آئے، کہ انگلی دانتوں میں دبائے سامنے کھڑے ہیں۔ بعض نے کہا کہ کوئی تحریر نظر پڑی، جس میں اس فعل سے روکا گیا تھا۔" (تفسیر عثمانی)

[2] کلی طبعی کی مختصر تعریف اور اس کے متعلق اشارہ ہم مقدمہ مکتوبات میں کر چکے ہیں، وہاں ملاحظہ فرمایا جائے۔ مترجم

بہ نسبت معقول اگر دعوی ناآشنائی محض کنم زیبا است۔ مگر بایں نظر کہ قدوہ و امام دریں فن، عقل است نہ نقل اگر بر اقوال گذشتگان نظر نیست یا از خرخشار ایشاں خبر نیست گو مباد۔ آخر کم و بیش عقل کہ بمن عنایت فرمودہ اند برای رہبری ایں راہ کافی است بالجملہ امتثال ایمار آنعزیز و پاس خاطر نازک شما ضرور است۔

چناں بذہن ناقصم می آید کہ مفہومات را ذہن و مصادیق را خارج ظرف است۔ در کلی مفہوم کلی منطقی و مصداق کلی طبعی است۔ چوں علم تحقق چیزی در خبر است و خبر را صدق یا کذب لازم درصورت تصادق مفاہیم بامصادیق لازم افتاد کہ چنانکہ مفاہیم بالاتفاق در ذہن موجودند مصادیق در خارج باشند۔ مگر اندریں صورت معنی خارج و مراد ازاں ظرفے باشد ماوراء ذہن۔ یعنی آنکہ در تحققش حاجت اعتبار معتبر نباشد۔ وچناں دانم کہ جزئیات مشخصہ حصص کلیات طبعیہ مے باشد بمعنی قطعات آں۔ غرض بقدرت کاملہ کلیات طبعیہ را پارہ پارہ کردہ در احاطہ اعدام گوناگوں میسازند۔ و مصداق جزئی و مشخص بیک نظر ہماں پارہ جدا

علوم عقلیہ منطق و فلسفہ وغیرہ کے متعلق اگر مطلق ناواقفیت کا دعویٰ کرے تو درست ہے۔ مگر اس خیال کے پیش نظر کہ علوم عقلیہ میں امام اور پیشوا عقل ہے نہ کہ نقل تو پھر اگر اگلے لوگوں کے اقوال پر نظر نہیں ہے یا ان کے خیالات سے مجھے اطلاع نہیں ہے تو نہ سہی، آخر تھوڑی بہت عقل جو اللہ تعالیٰ نے مجھے بخشی ہے اس راہ کی رہبری کے لئے کافی ہے۔ بالجملہ آپ کے حکم کو بجا لانا اور آپ کے دل نازک کی نگہداری ضروری ہے۔[1]

میرے ناقص ذہن میں اس طرح کچھ آتا ہے کہ مفہومات کا ظرف ذہن ہے اور جن پر وہ مفہوم صادق آتے ہیں ان کا ظرف خارج ذہن ہے۔ کلی کا عقلی مفہوم کلی منطقی ہے اور اس کا مصداق کلی طبعی ہے۔ چونکہ خارج میں کسی چیز کے پائے جانے کا علم خبر کہلاتا ہے اور خبر کے لئے صحیح یا غلط ہونا ضروری ہے اس لئے مصداقوں پر مفہوموں کے صادق آنے کی صورت میں ضروری ہوا کہ جیسا کہ مفہومات متفقہ طور پر ذہن میں موجود ہیں تو ان کے مصادیق خارج میں موجود ہوں۔ مگر اس صورت میں خارج کے معنی اور اس کی مراد وہ ظرف ہوگا جو ذہن کے علاوہ ہے۔ یعنی وہ چیز کہ جس کے پائے جانے میں اعتبار کرنے والے کے اعتبار کی حاجت نہیں ہوتی۔ اور میں اس طرح سمجھتا ہوں کہ شخصی جزئیات طبعی کلیات کے حصے ہوتے ہیں یعنی اس کے ٹکڑے۔ غرض قدرت کاملہ کے ذریعہ کلیات طبعیہ کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے رنگا رنگ نابودگیوں کے احاطہ میں رکھ دیتے ہیں۔ ہو

---

[1] یہاں حضرت قاسم العلوم انکساری کے باوجود اپنی عقلی قوتوں کی وجہ سے وہ مقام رکھتے ہیں کہ کلی طبعی کے متعلق دوسرے مناطقہ کے اقوال یاد نہ ہونے کے باوجود خود کلی طبعی کے پہلوؤں پر گہری نظر رکھتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ علوم عقلیہ میں عقل امام ہوتی ہے لہذا جو عقل مجھے عطا ہوئی ہے اس کی مدد سے میں کلی طبعی کو میں خوب بیان کر سکتا ہوں۔ اللہ اکبر۔ گویا انکی عقل بھی امامت کا درجہ رکھتی ہے۔ مترجم۔

افاده می باشد۔ قطع نظر از اعدام لاحقہ۔
دگاہی آں پارہ باآں عدم پیوستہ مخبرعنہ
میگردد۔ اندریں صورت آنرا فرد باید گفت
نہ جزئی۔

ہمچنیں اسباب لحوق اعدام یعنی پارہای
دیگر کلیات و جزئیات۔ آنرا اگر باو شمارند چناں
باید کہ فردش خوانند۔ و اگر کسی قصدا را
برگرداند گنجائش انکار نیست۔

"لامشاحۃ فی الاصطلاحات" (مقولہ)

محاکمہ قاسمی | پس ہر کہ کلی را در خارج موجود بوجود اشخاص گفتہ غلط نگفتہ۔ نظرش

بر شق اول است۔ چہ اندریں صورت وجود اشخاص ہماں وجود کلی است۔ ہاں ازیں سخن ایں فہمیدن کہ کلی در خارج نیست اگر ہست اشخاص اوست کار خوش فہماں است۔ بمقابلہ اوشاں اگر گویند کہ در خارج اشخاص نیست اگر ہست کلی است۔ و مراد از اشخاص پارہ

جزئی مصداق اور شخص لاحق ہونے والی نیستی سے قطع نظر ایک ہی نظر میں وہی جدا کیا ہوا ٹکڑا ہوتا ہے۔ اور کبھی وہ[1] ٹکڑا اس نیستی سے مل کر مخبر عنہ بن جاتا ہے۔ اس صورت میں اس کو فرد کہنا چاہیئے[2] نہ کہ جزئی۔

اسی طرح نیستی کے لاحق ہونے کے اسباب میری مراد ہے کلیات و جزئیات کے دوسرے ٹکڑوں سے۔ ان کو اگر اس کے ساتھ شمار کریں تو ایسا چاہیئے کہ اس کو فرد کہیں۔ اور اگر کوئی قصد ہی کو الٹ دے تو پھر انکار کی گنجائش نہیں ہے۔ کیونکہ
"اصطلاحات کے بارے میں کوئی جھگڑا نہیں ہوا کرتا"

محاکمہ قاسمی | پس جس شخص نے[3] کلی کو خارج میں اشخاص کے وجود کے ساتھ موجود کہا اس نے

غلط نہیں کہا۔ کیونکہ اس کی نظر شق اول پر ہے۔ اس لئے کہ اس صورت میں اشخاص کا وجود اور کلی کا وجود دونوں ایک ہیں۔ ہاں اس بات سے یہ سمجھنا کہ کلی خارج میں نہیں ہے اگر ہیں تو اس کے اشخاص ہیں۔ یہ خوش فہموں کا کام ہے۔ ان کے مقابلے میں اگر کہیں کہ خارج میں اشخاص نہیں ہیں مگر ہے

---

[1] یعنی اسی عدم سے وابستہ ٹکڑے کو مبتدا اور مسند الیہ بنا دیتے ہیں۔ مترجم۔
[2] فرد اور جزئی میں یہ فرق ہے کہ جزئی اور شخص کلی طبعی کا ایک حصہ ہوتا ہے اور عدم لاحق سے اس میں قطع نظر ہوتا ہے لیکن فرد میں عدم لاحق سے وابستہ ہونے کا لحاظ ہوتا ہے۔ افادہ
[3] کلی طبعی کے خارج میں موجود ہونے اور اشخاص اعیان کے وجود کے ساتھ کلی طبعی کے موجود ہونے کو غلط قرار دیتے ہیں تو شق اول کے مطابق ان کا یہ کہنا درست نہیں ہے۔ مولانا یہ فرماتے ہیں کہ کلی طبعی کا خارجی صورتوں میں ذہنی وجود سے ہٹ کر موجود ہونے کے یہ معنی ہیں کہ کلی طبعی اور خارج میں اشخاص کے ساتھ اس کا وجود دونوں ایک ہی چیزیں ہیں۔ البتہ یہ بھی قاسم العلوم نے صاف فرما دیا کہ کلی طبعی کا وجود خارج میں موجود ہونا درست ہے اور جو اہل علم کلی طبعی کو خارج میں نہیں مانتے اور اس کے اشخاص کو خارج میں مانتے ہیں، مولانا کو ان کے ساتھ قطعاً اتفاق نہیں ہے۔ انوار

کلی معہ قید عدمی یا وجودی گیرند، زیباست۔ چہ ہیئات اجتماعیہ از امور انتزاعیہ است کہ در خارج تنہا بذات خود موجود نیست۔ ہاں امری دیگر است کہ از اشخاص منتزع میشود۔ آنرا اگر تمثال کلی و ہیکل کلی گویند بجاست۔

تحقیق این سخن اینست کہ سوای وجود مطلق کہ مصداقش بجز ذات خداوندی کیست کہ باشد ہمہ باقتران وجود و عدم صورت گرفتہ اند۔ لاجرم کلی باشد یا جزئی ماورای مادہ وجودی آنرا ہیئتی باشد۔ و بزعم این ہیچدان حقائق ممکنہ ہمین ہیاکل و صور است کہ باقتران وجود و عدم پیدا و منتزع میشوند۔ و آن بتمامہا جزئی است ہیکل جزئی باشد یا ہیکل کلی۔ چہ ہیکل ہر چیز را ضرور است کہ از ما سوای آنرا تمیز دہد۔ و این امر بجز جزئیہ صورت نہ بندد۔ و در صورت اشتراک تمیز کجا

وبزعم احقر قول کسی کہ بعینیہ تشخص رفتہ یا بانتزاع آن گفتہ بریں ہیکلہا نظرش افتادہ باشد۔ مگر چنانکہ این ہیکلہا قابل چنان انقسام نیست کہ بر نحو قسمت اصل منقسم صادق آید، ہمچنین تکثری دیگر حاصل میتوان کرد کہ آنرا تکثر انطباعی نام می نہم۔

تو کلی ہے اور اشخاص سے مراد کلی کا حصہ کہ اس کے ساتھ عدمی یا وجودی کی قید لگاتے ہیں، درست ہے۔ کیونکہ اجتماعی شکل انتزاعی امور میں سے ہے کہ خارج میں تنہا بذات خود موجود نہیں ہے۔ ہاں کوئی اور ہی امر ہے کہ اشخاص میں سے نکلتا ہے۔ اس کو اگر کلی طبعی کی شبیہ اور کلی طبعی کا ڈھانچہ کہیں تو درست ہے۔

اس بات کی تحقیق یہ ہے کہ وجود مطلق کے سوا کہ اس کا مصداق ذات خداوندی کے سوا کوئی نہیں، سب کے سب ہست و نیست سے مل کر صورت اختیار کئے ہوئے ہیں۔ ناچار کلی ہو یا جزئی وجود کے مادے کے سوا اس کی ایک شکل ہوتی ہے۔ اور اس ناچیز کے خیال میں ہست سے نیست ہونے والی حقیقتیں یہی ڈھانچے اور صورتیں ہیں کہ ہست و نیست کے اتصال کے ساتھ پیدا اور ناپید ہو جاتی ہیں اور وہ تمام کی تمام جزئیات ہیں۔ خواہ پیکر جزئی ہو یا پیکر کلی۔ کیونکہ ڈھانچہ ہر چیز کے لئے ضروری ہے کہ اس کو ماسوا سے تمیز دے۔ اور یہ امر جزئیت کے سوا صورت اختیار نہیں کر سکتا۔ اور شرکت کی صورت میں تمیز کہاں۔

اور احقر کے خیال میں اس شخص کا قول جو تشخص کی عینیت کا قائل ہے یا تشخص کے منتزع ہونے کا قائل ہے اس کی نظر انہی اجسام پر پڑی ہوگی۔ مگر جیسا کہ یہ اجسام اس قسم کی تقسیم کے قابل نہیں ہیں کہ خارج میں قسمت پر اصل تقسیم کیا گیا امر صادق آئے اسی طرح دوسری کثرت حاصل کر سکتے ہیں کہ اس کا نام میں تکثر انطباعی[1] رکھتا ہوں۔

---

[1] حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ان مکتوبات میں بہت سے اصطلاحی الفاظ اپنی طرف سے وضع کئے ہیں۔ جیسا کہ ہم مقدمہ میں لکھ آئے ہیں۔ چنانچہ یہاں خود واضح فرمایا ہے کہ تکثر انطباعی کا اصطلاحی نام میں نے خود رکھا ہے۔ مترجم

مثالش اگر بکار رست صور مثلث یا مربع
را کہ بجز خطوط متلاصقہ چیز دیگر نیست
پیش نظر داشتہ تصدیق سخن احقر خوانند۔
چہ صورت مثلث یا مربع را اگر تقسیم فرمایند آں
خطوط را پارہ پارہ خواہند کرد۔ مگر از مثلث
یا مربع باز نشانی نخواہند یافت۔ ہاں یک صورت
مثلث در آئینہ ہای کثیرہ منطبع میتواں شد۔
لیکن چنانکہ در انطباع بسا اوقات کمیت اشیا
ملحوظ نمی ماند بلکہ باندازہ مرئی و رائی صغر و
کبر عارض می شود یک صورت بیک مادہ
کبیر می نماید۔ بدیگر مادہ صغیر چنانکہ در تصاویر
بنی آدم مشاہد باشی۔ ہمچنیں صور کلیات
چنانچہ در مجموعہ حصص کہ کلی طبعی بود متجلی و
منطبع بود۔ ہمچناں در یک حصہ ہم ہماں
جلوہ می نماید۔ ہمیں است کہ اطلاق آب
چنانکہ بر بحر ذخار صحیح است بر قطرہ ہم ہمچناں۔
وجہش ہمیں است کہ اندریں صورت
پیکر کلی طبعی ملحوظ و مدنظر میباشد

ازیں تنقیح دانستہ باشی کہ کلی طبعی پارہ
کبیر از وجود منبسط میباشد کہ بلباس خاص الخ

اگر اس کی مثال درکار ہے تو مثلث یا مربع شکلوں
کو کہ باہم ملنے والے خطوط کے سوا اور کوئی چیز نہیں
پیش نظر رکھ کر احقر کی بات کی تصدیق کریں۔ کیونکہ
مثلث یا مربع کی صورت کو اگر تقسیم فرمائیں تو ان
خطوط کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیں گے۔ مگر مثلث یا مربع
کا پھر نام و نشان بھی نہ پائیں گے۔ ہاں ایک مثلث صورت
بہت سے آئینوں میں چھپ سکتی ہے۔ لیکن جیسا کہ
منعکس ہونے میں بسا اوقات اشیاء کی مقدار ملحوظ نہیں
رہتی ہے بلکہ دیکھی گئی چیز اور دیکھنے والے کے اندازے
کے مطابق چھوٹائی اور بڑائی عارض ہوتی ہے۔ ایک
صورت ایک مادے میں بڑی دکھائی دیتی ہے۔ اور
دوسرے مادے میں چھوٹی جیسا کہ بنی آدم کی تصویروں
میں تم نے دیکھا ہوگا۔ اسی طرح کلیات کی صورتیں جیسا کہ
مجموعۂ حصص میں کہ کلی طبعی ہوتی ہے ظاہر ہوتی ہیں۔
اسی طرح ایک حصے میں بھی وہی جلوہ دکھائی دیتا ہے۔
یہی وجہ ہے کہ پانی کا اطلاق جیسا کہ بہت زیادہ پانی والے
دریا پر صحیح ہے قطرے پر بھی اسی طرح بولا جاتا ہے۔ اس
کی وجہ یہی ہے کہ اس صورت میں کلی طبعی کا جسم ملحوظ اور
مدنظر ہوتا ہے۔

اس تنقیح سے تم نے جان لیا ہوگا کہ کلی طبعی پھیلے ہوئے
وجود کا ایک بڑا ٹکڑا ہوتا ہے کہ خاص لباس میں میری مراد

ا؎ معلوم ہوا کہ کلی طبعی جس طرح اپنے ایک بڑے جزو پر صادق ہوتی ہے چھوٹے جزو پر بھی صادق آ سکتی ہے۔ جس طرح سمندر کہ پانی کا مجموعہ ہے اس کو بھی کلی طبعی کا نام دیا جا سکتا ہے اسی طرح ایک قطرے کو بھی کلی طبعی کہہ سکتے ہیں کیونکہ اس پر بھی پانی کا نام صادق آتا ہے۔ فرق اتنا ہے کہ دریا پھیلے ہوئے وجود کا ایک بڑا ٹکڑا ہے اور قطرہ اس کا ایک چھوٹا فرد ہے۔ مگر کلی طبعی دونوں پر صادق ہوتی ہے۔ جس طرح کسی کا بڑا فوٹو اور اسی کو چھوٹا کر لیا جائے لیکن دونوں بڑی اور چھوٹی تصویریں صحیح معنی میں ایک ہی شخص کی تصویریں ہیں۔ یہی حال کلی طبعی کا ہے کہ بڑے اور چھوٹے دونوں اجزا پر صادق آتی ہے۔

پیکر مخصوص آراستہ۔

غرض کلی طبعی چیزی دیگر است و پیکر آں چیز دیگر۔ کلی طبعی بذات خود در خارج موجود است و جزئیات و اشخاص پارہای آں وجود اشخاص ہماں وجود کلی طبعی است و وجود کلی طبعی ہماں وجود اشخاص و پیکر کلی طبعی کہ آنرا جنس باید دانست۔ چنانچہ از نفس کلی طبعی اگر پیش نظر آید منتزع تواں شد۔ ہمچناں از اشخاص منتزع ست۔ اگر فرق است فرق صغر و کبر است۔

بالجملہ ہر کہ بوجود کلی طبعی در خارج گفتہ ہم غلط نگفتہ۔ و ہر کہ بانتزاع آں از جزئیات رفتہ ہم از حق نگذشتہ مسقط اشارہ ہر یک چیز دیگر ست۔ کسی مصداق و معروض را پیش نظر داشتہ و کسی عارض و پیکر را قبلہ خود ساختہ۔ ہاں بوجہ

ہے کہ ایک خاص جسم میں آراستہ ہے۔

غرض کہ کلی طبعی دوسری چیز ہے اور اس کا ڈھانچہ دوسری چیز۔ کلی طبعی بذات خود خارج میں موجود ہے۔ اور اس وجود کے ٹکڑوں کے اشخاص اور جزئیات، اسی کلی طبعی کا وجود ہے۔ اور کلی طبعی کا وجود، وہی اشخاص کا وجود[1] اور کلی طبعی کا پیکر ہے کہ اس کو جنس[2] جاننا چاہیئے۔ چنانچہ نفس کلی طبعی اگر نظر کے سامنے آئے تو منتزع ہو سکتا ہے۔ اگر کچھ فرق ہے تو چھوٹائی اور بڑائی کا فرق ہے۔

بالجملہ جس شخص نے کلی طبعی کے وجود کو خارج میں کہا ہے اس نے بھی غلط نہیں کہا ہے۔ اور جو شخص اس کے جزئیات سے نکلنے کی طرف گیا وہ بھی حق سے نہیں ہٹا۔ ہر ایک کا نقطۂ نظر الگ الگ ہے۔ کسی نے مصداق اور معروض کو پیش نظر رکھا اور کسی نے عارض اور پیکر کو اپنا قبلہ بنایا۔

---

[1] یہاں حضرت قاسم العلوم نے کلی طبعی کے وجود کو خارج میں اشخاص کے وجود کے ساتھ موجود ہونا پھر ظاہر کیا ہے اور فرمایا ہے کلی طبعی کا وجود وہی اشخاص کا وجود ہوتا ہے۔ مترجم

[2] صاحب مرقات نے جنس کی یہ تعریف کی ہے الجنس وھو کلی مقول علی کثیرین مختلفین بالحقائق فی جواب ما ھو کالحیوان فانہ مقول علی الانسان والفرس والغنم اذا سئل عنھا بما ھی ویقال الانسان والفرس ما ھما الجواب حیوان۔
اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ جنس ایسی چیز کا نام ہے جو مختلف حقیقتوں والی چیزوں پر بولی جا سکے۔ مثلاً انسان اور گھوڑا اور شیر تینوں کی حقیقت مختلف ہے لیکن تینوں کے متعلق جب سوال کیا جائے کہ وہ کیا ہیں تو ایسا جواب دینا جس میں تینوں شامل ہو جائیں جیسے یہ کہیں کہ تینوں حیوان ہیں تو گویا حیوان ایک جنس ہے جس کے ماتحت مختلف الحقائق جانور آتے ہیں، لہذا حیوان جنس ہے۔ مترجم

قلت تدبر احکام یکی را بدیگری آمیختند۔ و فتنہا انگیختند۔	ہاں قلت تدبر کے باعث ایک کے احکام کو دوسرے سے ملا دیا۔ اور فتنے برپا کر دئے۔
والحمد للہ علی ما ھدانا الی الصواب	اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں اس بات پر کہ اس نے ہمیں راستی کی ہدایت کی۔

(نوٹ) یہ مکتوب ۱۸ ربیع الاول ۱۳۸۸ھ - ۱۵ جولائی ۱۹۶۸ء ۳۲ اساڑھ ۲۰۲۵ بکرمی بروز پیر ۸ بجے صبح لاہور میں شروع - اور اختتام ترجمہ ایں مکتوب بتاریخ ۲۷ جولائی ۱۹۶۸ء مطابق ۳۰ ربیع الآخر ۱۳۸۸ھ بمقام راولپنڈی بر مکان برخوردار ثریا 95 B - سٹلائٹ ٹاؤن - سید پور روڈ راولپنڈی بوقت چھ بجکر ۲۳ منٹ شام

ل کلی طبعی کے متعلق اہل فن کے جن دو طبقوں میں اختلاف ہے کہ ایک طبقہ کلی طبعی کے خارج میں وجود کا قائل ہے۔ حضرت قاسم العلوم اس کو بھی صحیح تسلیم کرتے ہیں۔ اور جو لوگ خارج میں اس کو نہیں مانتے بلکہ ذہنی قرار دیتے ہیں اور اس کے اشخاص کو خارجی قرار دیتے ہیں ان دونوں پر محاکمہ کرتے ہوئے حضرت قاسم العلوم کی رائے یہ ہے کہ کسی نے کلی طبعی کے مصداق اور معروض کو پیش نظر رکھا ہے اور کسی نے عارض اور عنوان کو خیال میں رکھا ہے دونوں درست کہتے ہیں لیکن دونوں میں تدبر کی کمی ہے کہ ایک دوسرے میں خلط ملط کر دیتے ہیں ان کو غلط فہمی ہوئی جس غلط فہمی سے حضرت قاسم العلوم بلند و بالا ہیں۔ اللہ اکبر۔ یہ ہیں حضرت قاسم العلوم۔ مترجم

چوتھا مکتوب

تعارف

یہ مکتوب جو ہم چوتھے مکتوب کے نام سے پیش کر رہے ہیں القاسم کے اصل مکتوبات میں نواں مکتوب ہے لیکن جیسا کہ ہم نے مکرر سکرر کہا ہے کہ ہم نے القاسم کے مکتوبات کی ترتیب بدل دی ہے۔ آسان اور مختصر مکتوبات اول میں رکھے ہیں اور مشکل اور طویل مکتوبات بعد میں۔ اس لئے اس مکتوب کو ہم نے چوتھے نمبر پر رکھا ہے۔

یہ مکتوب مولانا فخر الحسنؒ صاحب گنگوہی کے نام ہے۔ ان کا تعارف پہلے کرایا جا چکا ہے لہٰذا یہاں ان کے تعارف کی ضرورت نہیں۔ علاوہ ازیں ہم نے اپنی مصنفہ کتاب "انوار قاسمی" جلد اول میں جو ابھی نومبر ۱۹۶۹ء میں ادارہ سعدیہ سے شائع ہوئی ہے اس میں بھی مولانا فخر الحسن صاحب کے حالات پر تفصیل سے بحث کی ہے لہٰذا وہاں بھی مطالعہ کر سکتے ہیں۔

مضمون مکتوب

مولانا فخر الحسن صاحب کے جواب میں اس مکتوب میں سنیوں کے قواعد کے مطابق حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت پر حضرت قاسم العلوم نے نہایت مجتہدانہ، عالمانہ، فقیہانہ اور محققانہ بحث کی ہے اور سچ تو یہ ہے کہ حضرت مولانا نے جس احتیاط اور اجتہاد سے شہادت امام حسین پر کلام کیا ہے اس کے بعد کسی کو لب کشائی کی گنجائش نہیں رہتی۔ انہوں نے اس مکتوب کے اول میں یہ فرمایا ہے کہ مجتہد ائمہ (امام ابو حنیفہ اور امام مالک وغیرہما) کی طرح ائمہ اہل بیت بھی اجتہادی مقام رکھتے تھے۔ یہی مقام امام الشہدا امام حسین کا تھا اور مجتہد ائمہ اپنے اجتہاد پر عمل کرنے کے مکلف ہیں، دوسروں کو پیروی ان کے لئے ضروری نہیں۔ البتہ امام سے اجتہادی غلطی ممکن ہے۔

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے یزید کی بیعت نہیں کی تھی۔ چونکہ امام حسین خود اہل حل و عقد میں سے تھے اس لئے اگر دیگر اکابر نے مصلحتاً یزید کی بیعت کر بھی لی تھی تو حضرت امام پر یزید کی بیعت کرنا لازم نہ تھا۔ لہٰذا جب امام حسینؓ نے یزید کی بیعت ہی نہیں کی تو اس کے خلاف اٹھنا خروج کیونکر ہوا۔ جن لوگوں نے حضرت امام کے خروج پر اپنے قلم کا زور صرف کر دیا ہے وہ تحقیق کے مقام سے بہت دور جا پڑے ہیں۔

علاوہ ازیں یزید کی بیعت پر اجماع نہ تھا۔ جب تک کسی کے بارے میں اجماع نہ ہو جائے اس وقت تک بیعت نہ کرنے والوں پر الزام عائد نہیں ہوتا۔ ہاں جب کسی کی بیعت کے بارے میں اجماع ثابت ہو جائے تو پھر ضروری ہو جاتا ہے کہ اجماع کی پیروی کی جائے۔ نیز اگر اجماع کے منعقد ہونے سے پہلے اگر کسی مسئلے میں اختلاف ہوا ہے تو اجماع منعقد ہو جانے کے بعد پہلے سے اختلاف کرنے والا اجماع کے خلاف طعنے کی زد میں نہیں آتا۔ پھر مولانا نے اپنے مقدمات میں یہ بھی ایک اصول پیش کیا ہے کہ مطلق خلافت کا منعقد ہونا اور بات ہے اور عام خلافت کا منعقد ہونا اور چیز ہے۔ بیعت کا مطلق انعقاد تو ایک دو آدمیوں کی بیعت سے بھی حاصل ہو جاتا ہے البتہ عام انعقاد تمام اہل حل و عقد کے متفق ہوئے بغیر نہیں ہو سکتا۔ چونکہ امام حسینؓ نے بیعت نہیں کی لہٰذا

تمام اہل حل و عقد کا متفق ہونا حاصل نہ ہو سکا۔

پھر اگر خلافت کے تخت پر کوئی فاسق و فاجر چڑھ بیٹھے اور بدعات و معاصی کا بازار گرم ہو جائے یا گرم ہونے کا اندیشہ ہو تو اس صورت میں اگر کوئی صاحب ہمت اٹھ کھڑا ہو اور اس کو خلافت سے علیحدہ کر دے تو اس میں کسی کو مخالفت کا کیا موقع ہے۔ ہاں اگر فاسق خلیفہ کے اتار دینے میں فتنہ عظیم ہو اور دین اور اہل دین کی بے آبروئی کی صورت پیدا ہو جاتی ہو تو پھر اس وقت عارضی طور پر خروج کی اجازت ہے۔ اس صورت میں خلیفہ کو زجر اور تنبیہ کی ضرورت ہے۔ ہاں ایسی صورت میں بھی اگر اپنے رفقاء، اعزہ اور اپنی جان پر صدمے کو نظر میں رکھتے ہوئے حق کا علم بلند کریں تو یہ ہمت اور اولوالعزمی کی بات ہے اور ایسا ہی ہے جیسا کہ حدیث میں ہے کہ افضل جہاد جابر بادشاہ کے سامنے حق بات کہنا ہے۔ ہاں یہ بات بھی قابل غور ہے کہ ایک شخص فتنوں کا احساس قوی رکھتا ہے اور فاسق خلیفہ کے مقابلے کی ہمت نہیں رکھتا تو ایسے شخص کے لئے نہ کھڑا ہونا ہی مناسب ہے لیکن اگر کوئی شخص نہیں ڈرتا تو اس کے لئے مباح ہے کہ وہ خلیفہ کو تخت سے اتار پھینکنے کی کوشش کرے۔ بہر حال یہ اپنی اپنی ہمت کا معاملہ ہے۔

اس بحث کے بعد حضرت مولانا نے فرمایا ہے کہ خلافت کا اہل ہونے کے لئے اسلام اور قریشیت کافی ہے لیکن صحیح معنی میں خلیفہ ہونے کے لئے کثرت علم، عمل صالح، حسن تدبیر، ہمت اور ترک دنیا کی ضرورت ہے۔ ایسے خلیفہ سے سرکشی سخت ممنوع ہے یزید میں عمل صالح اور ترک دنیا کا فقدان تھا۔ لیکن سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایسے شخص کو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے ولیعہد کیوں بنایا۔ مولانا لکھتے ہیں کہ اس وقت وہ ایسا نہ تھا یا تھا تو ان کے علم میں اس کا فسق نہ آیا تھا۔ علاوہ ازیں امیر معاویہؓ کا نظریہ خلیفہ کے بارے میں یہ تھا کہ انتظام ملکی میں اگر کسی کو سلیقہ زیادہ ہو تو وہ اس شخص سے خلافت کا زیادہ اہل ہے جو انتظام کا سلیقہ نہیں رکھتا اس لئے انہوں نے یزید کو ولیعہد بنا دیا۔ مولانا لکھتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ یہ وارد ہوتا ہے کہ یزید کو ولیعہد بنا کر افضلیت کو پس پشت ڈال دیا گیا اور افضل کو خلیفہ بنانا افضل ہے نہ کہ واجب۔

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد یزید نے پر پرزے نکالے اور فسق و فجور میں مبتلا ہو گیا۔ اس وقت اہل حل و عقد کی رائے مختلف ہو گئی۔ جس کسی کو فتنہ و فساد کا اندیشہ غالب آیا اس نے مجبوراً بیعت کے لئے ہاتھ بڑھایا اور جن حضرات نے ایک بڑی جماعت کے وعدے پر غلبہ کی امید رکھی مثلاً امام حسینؓ اور حضرت عبد اللہ بن زبیرؓ نے تو وہ جنگ کے لئے کھڑے ہو گئے اور انہوں نے درست کیا اور اس اختلاف کی بنیاد صرف غلبہ اور عدم غلبہ پر ہے نہ کہ اصل فعل کے جائز اور ناجائز ہونے پر اتفاق سے حضرت امام حسینؓ کی تدبیر فیل ہو گئی اور ایسا جنگوں میں ہوا ہی کرتا ہے جیسا کہ جنگ بدر اور جنگ حنین میں مسلمانوں کو عارضی ابتری پیش آئی تھی۔ ان دونوں جنگوں میں جو صحابہ مارے گئے وہ یقیناً شہید ہوئے کہ ان کی نیت اچھی تھی۔

شہادت کی پہلی وجہ

اسی طرح حضرت امام حسینؓ کی نیت بھی ایک فاسق کو خلافت سے علیحدہ کرنے کی تھی جو صالح نیت تھی لہٰذا اس صورت میں اگر وہ مارے گئے تو شہید ہوئے کیونکہ اعمال کا دارومدار نیت پر ہے۔

شہادت کی دوسری وجہ

اگر پہلی وجہ کو نظر انداز بھی کر دیا جائے تو میدان کربلا میں امام مظلوم نے جنگ سے گریز کر کے واپس چلے جانے کا ارادہ کیا تھا لیکن یزید کے لشکر اور سپاہیوں نے انہیں نہیں چھوڑا اور گھیر کر شہید کر دیا وہ اس حدیث کے مطابق شہید ہوئے

من قتل دون عرضه وماله فهو شهيد ۔ [1] جو اپنی عزت اور مال کے بچانے کے لئے قتل کیا گیا تو وہ شہید ہے۔

چوتھا مکتوب

در تحقیق و اثبات شہادت حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ

موافق قواعد سُنیاں

سُنیوں کے اصول کے مطابق حضرت امام حسینؓ کی شہادت کے اثبات اور تحقیق میں

بجواب خط

مولوی فخر الحسن صاحب (گنگوہی) مدرس مدرسہ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید المرسلین سیدنا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین بعد حمد وصلوٰۃ اول مقدمات چند می نویسم کہ ثبوت مدعا و وضوح آں بی آں مقدمات دشوار ست۔ آں مقدمات این ست

مقدمات
مقدمہ اول

اول آنکہ حضرت امام حسین و دیگر ائمہ اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین نزد اہل سنت مثل دیگر ائمہ مجتہدین امام و مجتہد اند کہ خطـ۔

تمام تعریفیں جہانوں کے پروردگار کے لئے ہیں اور درود سلام رسولوں کے سردار ہمارے آقا محمدؐ اور ان کی اولاد اور اصحاب سب پر ہو۔ خدا کی تعریف اور رسولؐ پر درود کے بعد پہلے میں چند تمہیدیں لکھتا ہوں کہ مدعا کا ثبوت اور اس کی وضاحت ان تمہیدوں کے بغیر مشکل ہے اور وہ مقدمات یہ ہیں

مقدمات
پہلا مقدمہ

اول یہ ہے کہ حضرت امام حسین اور دوسرے اہل بیت امامؑ اللہ کی ان سب پر رضامندی ہو، اہل سنت کے نزدیک، دوسرے مجتہد

اجتہادی ازوشان ممکن۔ عقیدہ ما مثل شیعہ ان نیست
که از امام خطا محال وغلطی ازان ممتنع باشد ہرچند دریں مقام
ہمیں قدر کافی ست چہ مقام، مقام جواب ست۔ بیان
اصول خود بس ست۔ عرض دلیل ضرور نیست۔ زیرا که
اعتراض از طرف شیعیان ست واعتراض برکسی ہمیں
ست که معارض مذہب واصول مذہب او اثبات
کردہ آید۔ پس اگر گوئیم که مذہب ما ایں نیست که میگویند
مذہب ما دیگرست، کفایت میکند۔ ایراد دلیل دریں
مقام ضرور نخواہد بود۔ اما تاہم اشارہ اجمالی باینطرف
ہم کردہ میروم تا ناظر منصف طالب حق را از ما ہدایتی باشد
و متعصب اعتراض و شکایتی۔ در قصہ اسارٰی بدر معلوم
باشد که رای نبوی صلی اللہ علیہ وسلم چہ بود واز حضرت خداوندی
چہ خطاب آمد۔ و در قصہ نفش غنم معلوم باشد که رای[2]
حضرت داؤد علیہ السلام چہ بود فَفَهَّمْنَاهَا سُلَيْمٰنَ
چہ ارشاد فرمود۔ پس چوں حال انبیا علیہم السلام در اجتہاد
این است حال دیگر مجتہدان چہ باشد۔ پس چگونہ

اماموں (امام ابوحنیفہؒ وغیرہ) کی طرح امام اور مجتہدین
کا اجتہادی غلطی ان سے ممکن ہے۔ ہمارا عقیدہ شیعوں کی
طرح یہ نہیں ہے کہ امام سے بھول چوک محال اور غلطی ناممکن
ہے۔ ہرچند کہ اس مقام پر اسی قدر لکھنا کافی ہے کیونکہ یہ
مقام جواب کا مقام ہے۔ اپنے اصول کا لکھ دینا کافی ہے
دلیل کا پیش کر دینا ضروری نہیں ہے کیونکہ اعتراض شیعوں کی
طرف سے ہے اور کسی پر اعتراض یہی ہو سکتا ہے کہ اس
کے مذہب اور اصول مذہب کے خلاف کسی بات کو پیش کر
دیا جائے جو اس کے معارض ہو۔ پس اگر ہم کہیں کہ ہمارا مذہب
یہ نہیں ہے کہ لوگ کہتے ہیں ہمارا مذہب اور ہے تو اتنا کہہ
دینا کافی ہے۔ اس مقام پر دلیل کا لانا ضروری نہ ہوگا۔
تاہم اجمالی اشارہ اس طرف بھی کر کے میں آگے روانہ ہوتا
ہوں تاکہ غور و فکر کرنے والے حق کے طلبگار مناظر کو ہماری
طرف سے کوئی ہدایت حاصل ہو جائے اور متعصب[1] بدر
کے قیدیوں کے قصے میں معلوم ہونا چاہیے نبی صلی اللہ علیہ
وسلم کا فیصلہ کیا تھا اور حضرت خدا کی طرف سے کیا فرمایا[2]

[1] غزوہ بدر سنہ ۲ھ میں ستر کافر پکڑے ہوئے آئے۔ آپ نے صحابہ سے مشورہ کیا۔ بعض نے قتل کا مشورہ دیا بعض نے کچھ مال
لے کر چھوڑ دینے کا مشورہ دیا۔
حضورؐ نے بھی رحم دلی کی وجہ سے اسی رائے کو پسند فرمایا چنانچہ عقبہ، نضر اور طعمہ تو قتل کیے گئے
باقی سب قیدیوں سے فدیہ لے کر ان کو چھوڑ دیا گیا۔ البتہ حضرت ابو العاصؓ کو کچھ لیے بغیر صحابہ کی رائے سے چھوڑ
دیا گیا۔ اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں۔ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَكُونَ لَهُ أَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ
تُرِيدُونَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ يُرِيدُ الْآخِرَةَ وَاللّٰهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ۔ یعنی نبی کے
شان کے لائق نہیں کہ ان کے قیدی باقی رہیں جب تک کہ وہ زمین میں اچھی طرح خونریزی نہ کرلیں۔ تم تو دنیا
کا مال اسباب چاہتے ہو اور اللہ تعالیٰ آخرت کو چاہتے ہیں اور اللہ غالب حکمت والے ہیں۔ (سورۂ انفال
پارہ ۱۰ رکوع ۹)

نگویند کہ

"اَلْمُجْتَہِدُ یُخْطِیْ وَیُصِیْبُ"

گیا - اور بکریوں کے جھگڑے[1] میں معلوم ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام کی رائے کیا تھی اور "ہم نے سلیمان کو سمجھا دیا" میں کیا حکم فرمایا - پس جب انبیاء علیہم السلام کا حال اجتہاد میں یہ ہے تو دوسرے مجتہدوں کا کیا ہوگا - اس لئے کیوں نہ یہ کہیں کہ

"مجتہد خطا بھی کرتا ہے اور ٹھیک فیصلہ بھی کرتا ہے۔"

مقدمہ دوم

دوم[2] آنکہ مجتہداں مامور باتباع اجتہاد خویشتن اند - اتباع مجتہدان دیگر روا نیست - ورنہ ازیں چہ کم کہ اتباع دیگراں ضرور نیست۔

مقدمہ سوم در حقیقت اجماع

سوم[3] آنکہ حقیقت اجماع ایں ست کہ ہمہ اہل رای یکعصر یا زیادہ در امری بایں طور رای زنند کہ ایں امر بفلاں فلاں وجوہ چنیں ست یا چناں نہ فقط عدم مخالفت چنانچہ جملہ

"ما رآہ المومنون حسنا فھو عند اللہ حسن"

یکی از ماخذہای حجیۃ اجماع ست، بر ہمیں کو دلالہ میکند چہ رویۃ دریں جملہ رویت قلبی ست نہ رویت بصری و رویت قلبے ہمیں خود می باشد کہ عرض کردہ شد - پس اگر یکدو کس از علماء دی رای با مری رفتند و دیگراں

دوسرا مقدمہ

دوسری[2] بات یہ ہے کہ مجتہد ائمہ اپنے اجتہاد کے مطابق عمل کرنے پر حکم دیئے گئے ہیں ان کے لئے دوسرے اماموں کی پیروی درست نہیں ہے ورنہ اس سے بھی کیا کم کہ دوسروں کی پیروی ضروری نہیں ہے۔

تیسرا مقدمہ اجماع کے متعلق

تیسری بات یہ ہے کہ اجماع کی حقیقت یہ ہے کہ ایک دور یا زیادہ کے تمام اہل رائے کسی معاملے میں اس طرح رائے دیں کہ یہ امر فلاں فلاں دلائل کی بنا پر اس طرح یا اس طرح ہے۔ نہ صرف مخالفت نہ کرنا اجماع نہیں کہلا سکتا چنانچہ یہ جملہ کہ

جس امر کو مومنین اچھا سمجھیں تو وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھا ہے۔

جو اجماع کے حجت ہونے کی دلیلوں میں سے ایک دلیل ہے وہ بھی اسی بات پر دلالت کرتا ہے کیونکہ اس جملہ میں دیکھنے سے دل کا دیکھنا مراد ہے نہ کہ آنکھ کا دیکھنا اور دل

---

[1] ایک کھیت میں کچھ لوگوں کی بکریاں جا پہنچیں اور انہوں نے کھیت کھا لیا - داؤد علیہ السلام نے کھیت کی لاگت اور بکریوں کی قیمت کو برابر پاکر بکریاں کھیت والے کو دینے کا فیصلہ کر دیا جو شرع کے مطابق تھا لیکن چونکہ اس میں بکریوں والوں کا بالکل ہی نقصان تھا اس لئے سلیمان علیہ السلام نے دونوں کی رضامندی سے یہ فیصلہ کر دیا کہ چند روز کے لئے بکریاں کھیت والے کو دی جائیں کہ گزارہ کرے اور بکریوں والوں کے کھیت سپرد کیا کہ آبپاشی کریں - جب کھیت پہلی حالت کو آگیا تو بکریاں مالکوں کو واپس ہوئیں اور کھیت والے کو کھیت دے دیا - وَدَاوُدَ وَسُلَيْمَانَ إِذْ يَحْكُمَانِ فِي الْحَرْثِ إِذْ نَفَشَتْ فِيهِ غَنَمُ الْقَوْمِ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شَاهِدِينَ ۝ فَفَهَّمْنَاهَا سُلَيْمَانَ ع سورہ انبیاء رکوع ۶

مسامحہ کردند بی آنکہ خود ہم دراں امر بطور مذکور
نگرند اتباع اوشاں اختیار فرمودند لازم یا خود اہل
رای نبودند و مقلدانہ پی رو اوشاں شدند ایں را
اجماع نباید گفت۔ وہمچنیں اگر شخصی یا جماعتی
برامری بی تنقیح وجوہ حلت و حرمت اصطلاح کردند چنانکہ
در رسوم می باشد اجماع نخواہد بود۔

کا دیکھنا اسی طریقے سے ہوتا ہے جیسا کہ عرض کیا گیا
پس اگر صاحب رائے علماء میں سے ایک دو عالم کسی
بات کی طرف گئے اور دوسروں نے سستی اختیار کی اور
خود بھی اس کے بغیر کہ اس معاملے میں مذکورہ طریقے سے
غور کریں، انکا اتباع اختیار کیا یا خود صاحب رائے نہ
تھے اور تقلیدی طور پر ان کے پیرو بن گئے تو اس کو
اجماع نہ کہنا چاہیے اور اسی طرح اگر کسی شخص یا کسی جماعت نے کسی امر میں حلال اور حرام ہونے کی
وجوہات کی تنقیح کئے بغیر اصطلاح بنا لی جیسا کہ (شادی بیاہ کی) رسموں میں ہوتا ہے تو وہ اجماع نہ ہوگا۔

مقدمۂ چہارم

چہارم آنکہ اتباع اجماع مذکور ہم بعد تحقق اجماع لازم ست
اگر مسئلہ قبل تحقق و انعقاد اجماع مختلف فیہ باشد
کسانیکہ پیشتر از انعقاد اجماع مخالف اجماع کار
کردہ اند اوشاں مورد طعن مخالفۃ اجماع نخواہند
شد۔

چوتھا مقدمہ

چوتھا مقدمہ یہ کہ اجماع مذکور کی پیروی اجماع کے ثابت ہو جانے
کے بعد ہی ضروری ہے۔ اگر کوئی مسئلہ اجماع کے متحقق
اور منعقد ہونے سے پہلے اختلافی ہوگا تو وہ لوگ جنہوں نے اجماع
کے منعقد ہونے سے پہلے، بعد میں منعقد ہونے والے
اجماع کے مخالف کام کیا ہے تو وہ لوگ اجماع کی مخالفت
کے طعنے میں نہیں آئیں گے۔

مقدمۂ پنجم

پنجم آنکہ انعقاد مطلق خلافۃ چیزی دیگرست و عموم خلافت چیزی دیگر
توضیحش این ست کہ
کُلُّکُمْ رَاعٍ وَکُلُّکُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ
رَعِیَّتِہٖ
پس بیعت ہر راعی مستلزم انعقاد بیعت در
حق رعیت اوست و ہمین ست معنی وجوب و لزوم
بیعت اہل حل و عقد۔ پس بیعت حضرت ابن عمر
مثلاً مستلزم وجوب اطاعت در حق حشم و خدم و
اتباع اوشاں ست از ملازمین و موالی و اولاد وغیرہم
نہ در حق حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ و اتباع اوشاں
و آنکہ گفتہ اندکہ عدد معین دربارۂ اہل حل و عقد

پانچواں مقدمہ

پانچواں مقدمہ یہ ہے کہ مطلق خلافت کا منعقد ہونا دوسری چیز ہے اور عام
خلافت کا ہونا دوسری چیز۔ اس کی وضاحت یہ ہے کہ
"تم میں سے ہر ایک نگران ہے اور تم میں سے ہر
ایک اپنی رعیت کے بارے میں ذمہ دار ہے"
اس لئے ہر سردار کا بیعت کرنا اسی کی رعایا کے حق
میں بیعت منعقد ہو جانے کا موجب ہے اور یہی معنی ہیں
اہل حل و عقد کے بیعت کے واجب ہونے کے۔ پس مثال
کے طور پر ابن عمر رضی اللہ عنہ کا یزید کی بیعت کرنا ان کے
نوکر چاکر اور ان کے متبعین کے حق میں بھی اطاعت کا
موجب ہے۔ جن میں ملازمین، غلام اور اولاد وغیرہم
شامل ہیں لیکن امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے تابع

مشروط نیست بنایش برین ست کہ وجود اہل حل وعقد را قاعدہ معین نیست۔ باعتبار اتفاق کلمہ و تفرق کلمہ اہل حل وعقد قلیل وکثیر می شوند۔ نہ آنکہ برای عموم انعقاد کیف ما اتفق بیعۃ یکدو کس از اہل حل وعقد کافی ست۔

مثلاً در زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و خلافۃ خلفاء ثلثہ مصداق اہل حل وعقد یک کس بیش نبود۔ مرادم اینست کہ صلح و جنگ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم صلح و جنگ ہمہ اہل اسلام بود و ہمچنیں صلح و جنگ خلفا بعد اتفاق مردم بر خلافت اوشان صلح و جنگ جملہ رعیت بود و پس ازاں کہ ایں اتحاد مبدل بافتراق شد و جماعتہائے جدا جدا پیدا شدند اہل حل وعقد کثیر شدند۔ سرحلقہ ہر جماعتی مصداق مفہوم اہل حل وعقد بود۔ دریں وقت بیعت یک کس از اہل حل وعقد موجب انعقاد مطلق خلافت خواہد بود کسانیکہ از اتباع آنکس اند اتباع خلیفہ بر اوشاں لازم ست اما دیگراں و اتباع دیگراں یا کسانیکہ نہ در عیر کسی اند و نہ در نفیر کسی ازیں لزوم و وجوب مرفوع القلم اند۔ ہاں اگر ہمہ اہل حل وعقد دست ارادت و کف بیعت بدست یکی از اہل اسلام بنہند ہمہ کس را از اہل اسلام خواہ از اتباع کسی باشند یا نی اطاعۃ آں کس لازم و واجب خواہد بود۔ و اگر قدری چشم پوشیم زیادہ ازیں مجال گفتن نیست کہ پی سراں خود و سر خود دراں بی سروراں افسر برداریش و حلقہ بگوشیش در گوش لازم آید۔ اما باقیاں از اہل حل و عقد ہر گونہ ازیں اطاعۃ در کنار اند۔ آری اگر

لوگوں کے اوپر واجب نہیں ہے اور علماء نے یہ جو کہا ہے کہ اہل حل وعقد کے بارے میں کسی معین عدد کی شرط نہیں ہے اس کی بنیاد اسی پر ہے کہ اہل حل وعقد کے وجود کیلئے کوئی قاعدہ مقرر نہیں ہے بلکہ اتفاق اور اختلاف کلمہ کے اعتبار سے اہل حل وعقد میں سے کم اور زیادہ ہو سکتے ہیں اور یہ بات نہیں ہے کہ عام بیعت منعقد ہونے کے حسب الاتفاق اہل حل وعقد میں سے ایک دو آدمیوں کی بیعت کر لینا کافی ہے۔

مثال کے طور پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور تینوں خلفا کی خلافت کے زمانے میں اہل حل وعقد کا مصداق ایک شخص سے زیادہ نہ تھا۔ میرا مطلب یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صلح اور جنگ، تمام مسلمانوں کی صلح و جنگ تھی اور اسی طرح آپ کے خلفا کی صلح و جنگ، ان کی خلافت پر تمام کے متفق ہو جانے کے بعد، تمام رعایا کی صلح و جنگ تھی اور اس کے بعد کہ یہ اتحاد (چوتھے خلیفہ کے زمانے میں) نااتفاقی میں بدل گیا اور جماعتیں جدا جدا پیدا ہو گئیں تو اہل حل وعقد بھی بہت ہو گئے۔ ہر جماعت کا سردار اہل حل و عقد کے مفہوم کا مصداق بن گیا۔ اس وقت اہل حل وعقد میں سے ایک شخص کی بیعت مطلق خلافت کے منعقد ہونے کا سبب ہو گی (نہ کہ عام خلافت کے منعقد ہونے کا) جو لوگ اس کے پیرو ہوتے خلیفہ کا اتباع ان پر لازم ہوگا لیکن دوسرے اہل حل وعقد اور ان کے پیرو یا وہ لوگ جو نہ کسی جماعت میں ہیں اور نہ کسی کی پارٹی میں ہیں وہ لوگ اس بیعت کے لازم اور واجب ہونے سے آزاد ہوں گے۔ ہاں اگر تمام اہل حل وعقد بیعت اور ارادت کا ہاتھ مسلمانوں میں سے کسی ایک کے ہاتھ میں دیدیں تو تمام مسلمانوں کو خواہ کسی کے تابع ہوں یا نہ ہوں اس شخص کی فرمانبرداری ضروری

شخصے نکتہ دنیوی چناں داشتہ باشد کہ لشکری تابع فرمان ہمعناں دارد اما در علم وعمل ہم سنگ دیگراں نیست و دیگراں کہ از علم وعمل بہرہ وافر دارند ہمہ یکجان ویکعنان شوند و دست بدست کسی نہند، آنوقت شخص مذکور را اتباعش را نیز اتباع و اقتداء اوشاں لازم خواہد افتاد۔ چہ اوشاں حسب اشارات ربانی وہم کنایات نبوی واجب الاطاعۃ اند و اہل حل وعقد در حق او آیۃ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ وہم جملہ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ۔ اگر انصاف باشد وجوب اطاعۃ اینچنیں کساں دلالۃ واضحہ دارد۔

اگر ضیق وقت مانع وخروج ایں بحث از مبحث مزاحم حال نبودی دریں بارہ نقشبندیہا میکردم بالنہم العاقل تکفیہ الاشارۃ اینقدر کہ

اور لازمی ہو جائے گی۔ اور اگر ہم کچھ چشم پوشی کریں تو اس سے زیادہ کہنے کا موقع نہیں ہے کہ خود سر جنکا کوئی سردار نہ ہو اور بغیر سردار کے اپنی راہ چلنے والے لوگوں کو اس کی پیروی اور فرمانبرداری ضروری ہوگی لیکن باقی اہل حل وعقد اس قسم کی ہر ایک اطاعت سے جدا ہیں۔ ہاں اگر کوئی شخص ایسی دنیوی مرکزیت رکھتا ہو کہ وہ اپنے ساتھ کوئی وفادار لشکر رکھتا ہو لیکن علم وعمل میں دوسروں کے برابر نہیں ہے اور دوسرے جو کہ علم وعمل سے کافی حصہ رکھتے ہیں تمام کے تمام متفق ہو جائیں اور کسی کی امارت قبول کر لیں، اس وقت مذکورہ دنیوی شخص کو اور اسکے پیچھے چلنے والوں کو ان کی پیروی ضروری ہو جائے گی کیونکہ وہ لوگ اللہ کے احکام اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کے مطابق واجب الاطاعۃ ہیں اور اہل حل وعقد اس کے حق میں "ان میں سے ہر جماعت میں سے ایک گروہ کیوں نہیں سفر کرتا تاکہ دین میں سمجھ حاصل کریں اور اپنی قوم کو جب ان کی طرف واپس آئیں ڈرائیں تاکہ وہ حذر کریں اور نیز آیت "اطاعت کرو تم اللہ کی اور اطاعت کرو تم رسول کی اور تم میں سے جو حاکم ہوں" اس طرح کے لوگوں کی اطاعت پر واضح دلالت کرتی ہے بشرطیکہ انصاف سے کام لیا جائے

اگر وقت کی تنگی مانع نہ ہوتی اور اس بحث کا موضوع سے نکل جانے کا معاملہ موجودہ حالت کے درمیان رکاوٹ نہ بنتا تو اس بارے میں قلم سے پھول بوٹے نکالتا اگر

---

[1] یہ آیت یعنی فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ الخ (پارہ ۱۱ سورۃ توبہ رکوع ۱۵ میں ہے) مترجم

[2] پوری آیت اس طرح ہے يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ" (پارہ ۵ سورۃ نساء رکوع ۸)

گفته شد بهر رہنمائی کافی ست - واین نکتهٔ اخیره دفع
دخل مقدر ست که شاید بر زبان کسے آید - بالجملہ مطلق
انعقاد ببیعة یک دو کس حاصل میشود و عموم و شمول انعقاد
بی اتفاق جملہ اہل حل و عقد متصور نیست - ہاں اگر حل و
عقد دریک کس منحصر گردد آن وقت عموم خلافت بیک
کس نیز حاصل میتوان شد -

باوجود عقلمند آدمی کیلئے اشارہ کافی ہوتا ہے کے مطابق جو کچھ کہا
گیا رہنمائی کے لئے کافی ہے اور یہ آخری نکتہ ایک پیدا
ہونے والے اعتراض کی پہلے ہی سے پیش بندی کیلئے ہے
کہ شاید کسی کی زبان پر یہ بات آجائے - بالجملہ بیعت کا مطلق
انعقاد تو ایک دو آدمیوں کی بیعت سے بھی حاصل ہو جاتا ہے
اور عام انعقاد تمام اہل حل وعقد کے متفق ہوئے بغیر نہیں
ہو سکتا - ہاں اگر اہل حل وعقد کی اہلیت ایک ہی شخص میں منحصر ہو جائے تو اس وقت خلافت کا عام
ہونا ایک شخص کے ذریعہ سے بھی حاصل ہو سکتا ہے -

وآنچه در شرح مقاصد ست

"وتنعقد الامامة بطرق احدها
بیعة اهل الحل والعقد الی ان قال بل
لو تعلق الحل والعقد بواحد مطاع
کفت بیعته"

اور وہ جو کہ شرح مقاصد میں ہے (کہ)
اور امامت کئی طریقوں سے منعقد ہو جاتی ہے ان
میں سے ایک طریقہ اہل حل وعقد کی بیعت کر لینا ہے یہاں
تک کہ پھر مصنف شرح مقاصد نے کہا " بلکہ اگر کسی ایک ہی
واجب الاطاعت ہستی سے حل وعقد وابستہ ہو جائے تو اسی ایک
کی بیعت کر لینا کافی ہے -

بعد ازاں گفته

والثانی استخلاف الامام الخ اگر
طرق مطلق انعقاد باشند معنی آنست که برای مطلق
انعقاد، بیعة یک دو کس و ہم استخلاف و ہم قہر و شوکة
کافی ست لیکن در مطلق انعقاد عموم انعقاد لازم
نمی آید تا حضرت امام را اطاعة یزید لازم و خروج
بر آں حرام گردد - واگر طرق انعقاد مطلق یعنی عموم
وشمول خلافت اند و صحیح ہمیں ست و معنی آں ست
که اہل حل و عقد در یک دو کس منحصر ست او شاں
کافی اند - زیرا که عددی برائے اہل حل و عقد معین
نیست - لیکن اندریں صورت ہم حضرت امام را
اطاعت یزید ضرور نیست زیرا که خلافة بی اجتماع
کل اہل حل و عقد متصور نیست - چوں حضرت امام

اس کے بعد صاحب شرح مقاصد نے کہا
اور دوسرا طریقہ انعقاد امامت کا استخلاف امام ہے الخ
اگر یہ طریقے مطلق انعقاد امامت کے طریقے ہوں تو یہ
معنی ہیں کہ مطلق انعقاد کے لئے ایک دو آدمیوں کی بیعت
اور نیز استخلاف اور غلبہ اور شوکت کافی ہے لیکن مطلق انعقاد
سے انعقاد کا عام ہونا لازم نہیں آتا ہے کہ حضرت امام
حسینؑ کو یزید کی اطاعت لازم ہو اور اس کے خلاف اٹھنا
حرام ہو اور اگر یہ طریقے کامل انعقاد یعنی خلافت کے عام
اور شامل ہونے کے طریقے ہیں اور صحیح بھی یہی ہے تو
معنی یہ ہوں گے کہ اگر اہل حل وعقد فقط ایک دو شخص ہیں
تو وہی کافی ہیں کیونکہ اہل حل وعقد کے لئے کوئی عدد مقرر
نہیں ہے لیکن اس صورت میں بھی حضرت امام حسینؑ کو
یزید کی اطاعت ضروری نہیں ہو جاتی کیونکہ عام خلافت

بیعة نکردند اتفاق جملہ میسر نیامد - بالجملہ اندر
ینصورت ہمہ اہل حل و عقد پابند دو باشند یا
چار - ہاں عددی برای اوشاں معین نیست -

مقدمہ ششم ششم آنکہ خروج چیزی دیگرست
و خلع بیعت چیزی دیگر چنانچہ
نقض عہد چیزے دیگرست و منابذۂ عہد چیزی دیگر - اول[1]
بحکم " اَوْفُوْا بِالْعَهْدِ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ
مَسْئُوْلًا " " وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ
تَوْكِيْدِهَا "[2] ممنوع ست - و ثانی بارشاد " فَانْۢبِذْ
اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ "[3] مباح
ہمچنیں خروج برامام بعد بیعت ممنوع بالذات ست
و خلع بیعت وقت ضرورۃ بذاتِ خود مباح - اگر فاسقی
سریر آرائے خلافت باشد تعطل حقوق و صدور مظالم و توانی
عوام در احکام و شیوع بدعات در جاہلاں مظنون بلکہ ضروری
الوقوع ست - درینوقت ضرورة اگر صاحب ہمتی برخیزد
و دست بداماں خلیفہ آویزد و از سریر خلافتش برکشد و دست
بدست عادلی زند عاقلی را امید الم کند و ترش کند و چیں
بجبیں افگند و آواز انکار بریں کار برآرد - ہاں اگر

تمام اہل حل و عقد کے بغیر ممکن نہیں ہے - چونکہ حضرت امام
حسینؓ نے بیعت نہیں کی اس لئے سب اہل حل و عقد کا
متفق ہونا حاصل نہ ہو سکا - اس لئے اس صورت میں
تمام اہل حل و عقد دو کے پابند ہوں گے یا چار کے - ہاں
ان کے لئے کوئی عدد مقرر نہیں ہے -

چھٹا مقدمہ چھٹے یہ کہ کسی خلیفہ کے خلاف بغاوت
اور چیز ہے اور بیعت توڑ دینا دوسری
بات ہے - چنانچہ عہد شکنی کرنا دوسری چیز ہے اور معاہدے
کو ختم کر دینا اور بات ہے - اول یعنی عہد توڑنا تو وہ موسلے عہد
کو پورا کرو کیونکہ عہد کے بارے میں سوال کیا جائے گا اور قسموں[2]
کو ان کی تاکید کے بعد مت توڑو کے حکم کے مطابق ناجائز ہے
اور عہد کو منہ پر مارنا تو برابری کے طور پر ان کی طرف عہد[3]
کو پھینک دو کے ارشاد باری کے مطابق مباح ہے - اسی
طرح امام کے خلاف بغاوت، بیعت کرنے کے بعد ذاتی
طور پر ناجائز ہے اور بیعت سے ضرورت کے وقت بری
ہو جانا اپنی جگہ مباح ہے - اگر کوئی فاسق خلافت کے تخت
پر چڑھ بیٹھے گا تو حقوق کا ضائع ہونا، مظالم کا صادر ہونا، عوام
کا احکام الٰہی میں سست پڑ جانا، جاہلوں میں بدعت کا
شائع ہو جانا گمان کیا جا سکتا ہے بلکہ ان امور کا واقع ہونا لازمی
بات ہے - اس وقت ضرورت کی وجہ سے اگر کوئی ہمت

---

[1] وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا - (پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل رکوع ۴)

[2] وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا (سورۂ نحل رکوع ۱۳)

[3] پوری آیت یہ ہے - وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ○ اور اگر آپ کو کسی قوم سے دغا کا ڈر ہو تو ان کا عہد ان کی طرف پھینک دیں ایسی طرح کہ تم اور وہ برابر ہو جائیں - بیشک اللہ تعالیٰ دغا بازوں کو پسند نہیں کرتا - مطلب یہ ہے کہ اگر کسی قوم میں ایسے آثار پائے جائیں کہ وہ عہد شکنی پر آمادہ ہیں تو آپ کو اجازت ہے کہ اگر مصلحت سمجھیں تو ان کا عہد واپس کر دیں اور معاہدے کی دست برداری سے انکو مطلع کر دیں تاکہ دونوں مساویانہ طور پر آگاہ ہو جائیں - (سورۂ انفال رکوع ۷ پارہ ۱۰)

دریں عزل و نصب فتنہ برخیزد و آبروئی دین و
اہل دین ریزد البتہ ممانعت عرضی عارض حال ایں
فعال خواہد شد۔ پس بقدر مفاسد، انکار و انزجار
ضروری ست۔ اگر برہمی دین بنظر آید یا پریشانی
اہل دین مظنون بود نشاید کہ پیرامون ایں کار گردند۔
و اگر فقط صدمۂ بر جان و مال خود یا اتباع یکجان
خود افتادہ بینند ایں خود از عزائم ست۔ منشا ایں
عزیمت ہماں ست کہ از اعظم شہادۃ کلمۃ حق عند
سلطان جائر او کما قال فہمیدہ باشی۔ مگر دانی کہ
اندیشۂ فتنہ و فساد چنانچہ باعتبار وقائع مختلف
ست ہمچنیں باعتبار اندیشہ کناں مختلف ست
یکی را در یک واقعہ اندیشہا بر روی کار می آیند
و ہمتہ را می گزایند و یکی را امیدہا کار میفرمایند و
ہمتش را می افزایند۔ پس اگر شخصے از اقامۃ فسقۃ
از مسند خلافت از فتنہا بترسد و دیگری امید دریں
عزل و نصب دارد آں را ممنوع و ایں را مباح
خواہد بود۔ باقی ایں قصہ را خدا داند کہ رائی کدام بر
صواب ست و کدام بر خطا المجتہد
یخطی و یصیب۔

والا شخص اٹھ کھڑا ہو اور خلیفہ کے دامن کو پکڑے
جو اس کو خلافت کے تخت سے اتار پھینکے اور کسی
منصف آدمی کے ہاتھ پر بیعت کرے تو میں کسی عقلمند
کو ایسا نہیں پاتا کہ وہ ترش رو ہو اور اس کی پیشانی
پر بل پڑ جائیں اور ایسا کہنے پر مخالفت کی آواز بلند
کرے۔ ہاں اگر اس فاسق خلیفہ کے اتارنے اور دوسرے
کو مقرر کرنے میں فتنہ پیدا ہو جائے اور دین اور اہل
دین کی بے آبروئی ہو تو عارضی طور پر ایسا کرنے والے
کے لئے ممانعت پیدا ہو جائے گی۔ اس لئے فسادات
کی مقدار کے مطابق تنبیہ اور زجر ضروری ہے۔ اگر
دین کا شیرازہ منتشر ہوتا نظر آئے یا اہل دین کی پریشانی
کا گمان غالب ہو تو اس کے خلاف اٹھنا لائق نہیں ہے۔
اس کام کے قریب بھی نہ پھٹکیں اور اگر کوئی صدمہ اپنی
جان یا مال یا اپنے موافقین فرمانبرداروں پر واقع ہوتا
دیکھیں تو یہ ہمت کا کام ہے۔ اس اولوالعزمی کا مقصد
وہی ہے جیسا کہ جابر[1] بادشاہ کے سامنے حق کا کلمہ کہنا
بڑی شہادت ہے کی حدیث تم نے سمجھا ہوگا۔ مگر
تمہیں معلوم ہے کہ فتنہ و فساد کا اندیشہ جیسا کہ واقعات
کے اعتبار سے مختلف ہے اسی طرح اندیشہ کرنے والوں
کے اعتبار سے بھی مختلف ہوا کرتا ہے۔ ایک شخص کو ایک واقعے میں کتنے ہی خطرے محسوس
ہوتے ہیں اور ہمت کو توڑ دیتے ہیں اور ایک شخص کے لئے امید افزا ہوتے ہیں اور اس کی
ہمت کو بڑھاتے ہیں۔ پس اگر کوئی شخص کسی فاسق کو تخت سے اتارنے میں فتنوں سے ڈرتا
ہے اور دوسرا اس کو اتارنے اور دوسرے کو خلیفہ بنانے میں امید رکھتا ہے تو ڈرنے والے
کے لئے ممنوع اور نہ ڈرنے والے کے لئے مباح ہوگا۔ باقی اس قصے کو اللہ ہی جانتا ہے کہ کس
کی رائے ٹھیک ہے اور کس کی غلط۔ کیونکہ مجتہد سے غلطی بھی ہوتی ہے اور درستی بھی۔

---

[1] وَاَفْضَلُ الْجِهَادِ مَنْ قَالَ كَلِمَةَ حَقٍّ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ (حدیث) افضل جہاد ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہنا ہے۔ مترجم۔

دراہلیت ولیاقت خلافت

ہفتم آنکہ اہلیت ولیاقت

خلافت بدوگونہ ست۔
یکی آنکہ تفویض خلافت باو روا بود وبس اینقدر
لیاقت فقط باسلام وقریشیت بہم میرسد وصلاح و
تقوی در ینقدر بکار نیست

دویم آنکہ خلعت خلافت بر بالای حال او
راست آید۔ اعنی تمکین دین از دست او مظنون
بود۔ ایں قسم لیاقت بی علم وافر وعمل صالح و
حسن تدبیر وہمت بلند وترک دنیا میسر نمی
تواں شد۔ پس آنچہ در احادیث نسائی مروی
ست کہ :۔

بایعنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم علی السمع والطاعۃ فی الیسر
والعسر والمنشط والمکرہ وان لاننازع
الامر اھلہ وان نقول او نقوم بالحق
حیث ماکنا لا نخاف لومۃ لائم

نظر برہمیں اہلیۃ ثانیہ ست کہ از منازعۃ
امر باوجود آں اہلیۃ منع فرمودہ اند۔

دلیل اول

ودلیلش اول ہمیں حدیث است
چہ جملہ اخیرہ اعنی ان
نقول او نقوم بالحق الخ خود برینقدر
دلالت واضحہ دارد کہ اگر خلیفہ وقت فاسق بود
داد حق باید داد۔ وایں امر بدرجۂ اتم ہمسان

خلافت کی لیاقت اور اہلیت کے بارے میں

ساتویں بات یہ ہے کہ خلافت کی لیاقت از خود خلافت دو قسم
کی ہوتی ہیں ــــ اول یہ کہ خلافت کی سپردگی اس
شخص کے لئے فقط جائز ہو۔ اتنی لیاقت صرف اسلام
اور قریشیت سے حاصل ہو جاتی ہے اور نیکی اور پرہیزگاری
کی اس میں چنداں ضرورت نہیں۔

دوسرے یہ کہ خلافت کا لباس اس کے قد پر
فٹ آجائے۔ میرا مطلب ہے کہ دین کا اقتدار اس کے
ہاتھوں اغلب ہو تو اس قسم کی لیاقت کثرت علم،
عمل صالح اور حسن تدبیر، ہمت بلند اور ترک دنیا کے
بغیر میسر نہیں ہو سکتی ہے اس لئے جو کچھ کہ نسائی
کی حدیثوں میں روایت کیا گیا ہے کہ :۔

"ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تنگی
اور فراخی، سکھ اور دکھ میں مطیع وفرمانبردار رہنے کی
بیعت کی اور یہ کہ ہم اہل امر سے کسی امر میں جھگڑا
نہیں کریں گے اور یہ کہ ہم حق کہیں گے اور حق پر قائم
رہیں گے، ہم جس حال میں بھی ہوں گے، ہم کسی ملامت
کرنیوالے کی ملامت سے نہیں ڈریں گے۔

اسی دوسری اہلیت خلافت پر نظر رکھتے ہوئے
ہے کہ کسی امر میں جھگڑنے سے اس کی اہلیت کے باوجود
منع فرمایا ہے۔

دلیل اول

اور اسکی دلیل، اول تو یہی حدیث
ہے کیونکہ آخری جملہ میری مراد ہے
ان نقول او نقوم بالحق الخ خود اتنی بات پر واضح
دلیل ہے کہ اگر خلیفۂ وقت بدکار ہو تو حق بات کا
اعلان کرنا چاہیئے اور یہ امر بدرجۂ اتم اس

وقت ظہور کند کہ خلع بیعت تواں کرد۔

دلیل دوم | دوم آنکہ در اقامت فاسق از مسند خلافت و نشاندن عادل بجائش

ہیچ محذوری مکنون و لازم ذات نیست کہ احتراز ازاں قابل اہتمام باشد۔ باقی ماند آنکہ اندیشۂ فتنہ و فساد موجب نہی باشد اگر عقل باشد دریجا معقول نیست۔ چہ اول علی الاطلاق اینطور منع نمی فرمودند۔ بلکہ بشرط اندیشۂ مذکور را منع میفرمودند۔ و اگر بلحاظ اکثریۃ وقوع فساد در چنیں وقائع حجۃ کردہ آید قطع نظر از آنکہ ما را کہ مجیبیم احتمال ہم کافی ست۔ بجز تعنت ایں را چہ جواب است کہ قرینہ عطف جملہ لاحقہ اعنی وَاَنْ نَقُوْلَ اَوْ نَقُوْمَ بِالْحَقِّ مصحح اول ست نہ ثانی۔ اعنی آنکہ مراد از اہلیۃ اتصاف بعلم و تقوی و زہد و قوۃ و ہمۃ و حسن تدبیر ہست نہ فقط اسلام و قریشیۃ۔

ہفتم آنکہ انعقاد خلافت بوجہ استیلاء و قہر و غلبہ بحکم ضرورۃ ست و خروج اندریں صورت باندیشہ فتنہ و فساد نہ آنکہ بذات خود ممنوع ست پس اگر کسی بزور و غلبہ متسلط شود و دیگراں را لائق خلافت نماید اگر امید غلبہ دارند روا ست کہ سر بر آرند و دست از اطاعتش بدارند۔ آئندہ خدا داند کہ ایں ظن اوشاں راست خواہد آمد یا نی واللہ اعلم

وقت ہی ظاہر ہوگا جبکہ اس فاسق خلیفہ کی بیعت کو گلے سے نکال پھینکے۔

دوسری دلیل | دوسرے یہ کہ مسند خلافت سے فاسق کو اتار دینے اور اس کی جگہ

انصاف پرست کو بٹھلانے پر کوئی ایسا نقصان پوشیدہ نہیں ہے اور نہ لازم آتا ہے کہ اس سے بچنا ضروری ہو۔ باقی رہا یہ کہ فتنہ و فساد کا اندیشہ ممانعت کا سبب ہو تو اگر کوئی عقل والا ہو تو اس کے لئے یہاں معقول نہیں ہے کیونکہ اول تو مطلقاً اس طور پر منع نہیں فرماتے تھے بلکہ مذکورہ اندیشے کی شرط پر منع فرماتے تھے اور اگر اکثریت کے لحاظ سے فساد کا واقع ہونا اس جیسے مواقع پر حجت بنا لیا جائے تو قطع نظر اس کے کہ ہم جواب دینے والے ہیں اس کا احتمال بھی کافی ہے۔ سوائے دھینگا دھانگی کے اس کا کیا جواب ہے کہ جملہ لاحقہ کے عطف کا قرینہ میری مراد وان نقول او نقوم، اول کی تصحیح کر رہا ہے نہ کہ دوسرے کی۔ میرا مطلب یہ ہے کہ اہلیت سے مراد علم، پرہیزگاری، زہد اور ہمت کی قوت اور حسن تدبیر ہے صرف مسلمان اور قریش ہونا کافی نہیں ہے۔

ساتویں یہ کہ خلافت کا انعقاد، غلبہ، زور اور زبردستی کی وجہ سے ضرورت کے سبب سے ہے اور اس صورت میں اطاعت سے نکل جانا، فتنہ و فساد کے اندیشے سے ہے نہ یہ کہ بذات خود خروج ناجائز ہے۔ پس اگر کوئی غلبہ اور طاقت سے قابض ہو جائے اور دوسروں کو خلافت کے لائق نہ دکھائی دے تو اگر غلبہ کی امید رکھتے ہوں تو درست ہے کہ اس کے خلاف اٹھ کھڑے ہوں اور اس کی اطاعت سے ہاتھ اٹھا لیں۔ آئندہ خدا جانتا ہے کہ ان کا یہ گمان درست ہوگا یا نہیں - واللہ اعلم

هشتم آنکه اتباع و اطاعت ائمه و خلفا
وجوب آں مشروط بشرط بقاء امامت است و خلافت
مثل اتباع رسل تا وقتیکه نبوة کسی بحال خود باقی ست
اعنی منسوخ بنبوة دیگری نگردیده اتباع او امر و نواہی
شاں ضرور ست و زمانیکه اوشاں از عهده نبوة
خود برآیند اعنی نبوة شاں منسوخ گردد آں دم اتباع
اوشاں ضرور نیست خواه اوشاں زنده باشند مثل
حضرت عیسی علیہ السلام یا مرده بموت مخصوص خود۔
ہمچنیں خلفاء را باید پنداشت۔ پس اگر خلیفه را بوجہی
معزول کنند یا خلافت او قبول نکنند اتباع او امر و
نواہی او لازم نخواهد بود۔ غایته مافی الباب ایں عزل و
عدم قبول نازیبا و مکروه و ممنوع بود۔ غرض تاکیدات
نبوی بنسبتہ اطاعة اولی الامر نه علی العموم ست بلکه
تا وقت بقاء خلافت و امامت شاں ست۔

آٹھویں یہ کہ خلفا اور اماموں کی اطاعت
اور پیروی کا واجب ہونا۔ ان کی امامت کے باقی رہنے
کی شرط کے ساتھ مشروط ہے جیسا کہ رسولوں کی پیروی
ان کی رسالت کی بقا کی شرط کے ساتھ مشروط ہوا
کرتی ہے جب تک کہ کسی نبی کی نبوت اپنی حالت
پر باقی ہے یعنی دوسرے نبی کی نبوت سے منسوخ
نہیں ہوتی تو اس کے احکامات کی پیروی ضروری ہے
اور جب انبیا اپنی نبوت سے عہدہ برآ ہو جائیں یعنی
ان کی نبوت منسوخ ہو جائے تو اس وقت ان کی
پیروی ضروری نہیں ہے خواہ وہ زندہ ہی کیوں نہ
ہوں جیسا کہ عیسی علیہ السلام یا اپنی امتیازی موت
کے ساتھ دنیا سے تشریف لے گئے ہوں۔ اسی طرح
خلفا کو بھی سمجھ لینا چاہئے۔ پس اگر کسی وجہ سے خلیفہ
کو معزول کر دیں یا اس کی خلافت کو لوگ قبول نہ
کریں تو اس خلیفہ کے احکام اور نواہی کی تعمیل ضروری نہ ہوگی۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہ خلیفہ
کا معزول کر دینا اور قبول نہ کرنا (بعض حالات میں) نامناسب (بعض میں) مکروہ اور (بعض
میں) ممنوع ہوگا۔ غرض نبی اکرم کی طرف سے اولی الامر کی اطاعت کے متعلق تاکیدیں عام
طور پر نہیں ہیں بلکہ ان کی امامت اور خلافت کے باقی رہنے کے وقت تک ہیں۔

نهم آنکه اگر افراد کثیره در لیاقت بمعنی ثانی
شریک باشند فرق اگر باشد در شدة و ضعف و
زیادة و قلت باشد۔ آں وقت افضل آنست که
افضل را خلیفه گردانند نه آنکه واجب است چنانچه
ظاہرست نیز هم از قصه بیعة خلیفه اول با ہرچه بعد
وفات سرور کائنات علیه و علی آله الصلوات والتسلیمات
اول مرا داعیه امارت بسر افتاد۔ اگر افضلیة
در امام ضروری بودی ایں خیال محال بود۔ چه
افضلیة دین ذا آنہم چاریار و بقیه عشره مبشره

نویں یہ کہ اگر بہت سے آدمی لیاقت بمعنی
ثانی (یعنی قریشی، متقی اور عالم وغیرہ) میں شریک
ہوں اور اگر ان میں کوئی فرق ہو تو شدت اور ضعف
اور زیادتی و قلت میں ہو تو اس وقت افضل یہ ہے
کہ سب سے زیادہ اچھے آدمی کو خلیفہ بنائیں۔ البتہ
یہ واجب نہیں ہے (اولی یہ ہے کہ افضل کو بنائیں)
جیسا کہ ظاہر ہے چنانچہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم
کی وفات کے بعد خلیفہ اول کی بیعت کے قصہ
میں اول انصار کے دماغ میں خلافت کا جو جذبہ پیدا

ودراں زمانہ ہم حکم بدیہیات داشت۔ خصوصاً افضلیۃ خلیفۂ اول۔ واگر گفتہ شود کہ تا آنوقت ضرورت افضلیۃ مثل ضرورت قریشیت معلوم نباشد۔

ہوا تو اگر امامت میں افضلیت واجب ہوتی تو پھر) انصار کا داعیہ ایک خیال محال ہوتا کیونکہ مہاجرین صحابہ کی اور ان میں بھی چار یاروں اور باقی عشرۂ مبشرہ کی افضلیت اس زمانے میں بدیہی طور پر مسلم تھی۔ خاص طور پر خلیفۂ اول کی افضلیت اور اگر کہا جائے کہ اس وقت تک خلیفہ کا افضل ہونا قریشی ہونے کی ضرورت کی طرح ضروری نہ تھا۔

جواب جوابش این است کہ ضرورت قریشیت محض شرعی است۔ عقل را دراں مجال مداخلت نیست۔ آری افضلیت بمثابہ است کہ اگر ضروری باشد اعنی بدیہی بود۔ وازیں ہم واگذاشتیم پس از آنکہ

الائمۃ من قریش

خواندہ شد آنوقت کہ خلیفۂ اول حوالہ بر حضرت عمر و حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہم کردند چنانکہ یاد باشد خود دلیل کامل است بریں مدعا۔ چہ اگر نسبت خود دیگراں را افضل میدانستند یاری تفاوت مراتب دیگراں بالیقین معلوم بود۔ ہر کرا افضل میدانستند بہ بیعۃ ہماں کس ارشاد میفرمودند۔

جواب اس کا جواب یہ ہے کہ قریشی ہونے کی ضرورت صرف شرعی ہے۔ عقل کو اس میں دخل دینے کی مجال نہیں ہے۔ ہاں افضلیت اس درجہ پہ ہے کہ اگر ضروری ہو یعنی واضح ہو اور پہلے ہم اس کو بھی چھوڑتے ہیں اور اسکے بعد کہ حدیث کے مطابق کہ)

"خلفا قریش میں سے ہوں گے"

سنائی گئی تو اس وقت خلیفۂ اول نے خلافت کو حضرت عمرؓ اور حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہم کے حوالے کیا جیسا کہ آپ کو یاد ہوگا۔ یہ بات اس مدعا پر مکمل دلیل ہے کیونکہ اپنے مقابلے میں اگر وہ دوسروں کو افضل جانتے اور یقیناً دوسروں کے مرتبوں کا فرق ان کو معلوم تھا تو جس کسی کو وہ افضل سمجھتے اسی کی بیعت کرنے کے لئے ارشاد فرماتے۔

شبہ واگر گفتہ شود کہ ہر دو را بیک مرتبہ دانستہ باشند۔ ہرچند ایں قسم بیہودہ خیالات تعنت محض ست و مکابرہ سخت۔ ودریں امر چہ عذر خواہند آورد کہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ خلافت با میر معاویہؓ سپردند۔ شیعہ اگر چشم حق بیں بستہ یا شکستہ عذر تقیہ کنند سنیاں چہ خواہند گفت ہرچند ایں عذر شیعیاں نیز دریں واقعہ تعنت و مکابرہ است۔ چہ با ایں افواج کثیرہ کہ بودند آں

شبہ اور اگر یہ کہا جائے کہ دونوں کو ایک ہی مرتبہ کا سمجھا ہوگا تو ہرچند کہ یہ خیال بیہودہ اور دھینگا مشتی ہے اور سخت زبردستی ہے تو پھر اس بات کا کیا عذر پیش کریں گے کہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے خلافت حضرت امیر معاویہ کے سپرد کر دی تھی۔ شیعہ لوگ اگر نظر حق بیں بند کر کے یا پھوڑ کر تقیہ کا عذر کریں گے تو سنیوں کے پاس کہنے کا موقع مل جائے گا۔ ہرچند شیعوں کا تقیہ کا عذر بھی اس

انکار کہ لشکریاں کہ نمودند این عذر پوچ بزنخ گوز شتر مے ارزد۔

واقعے میں دھینگا مشتی ہے کیونکہ اتنی کثیر التعداد فوج جو کہ ان کے پاس تھی اور فوج بھی انکار کر رہی تھی، یہ تقیہ کا عذر گوز شتر سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا۔

اما کلام بر اصول سنیاں است، ایشاں را بجز تسلیم آنچہ خود تسلیم کردند، ہیچ چارہ نیست و بعد ایں ہمہ چنین وچناں اینقدر بدیہی است کہ افضلیت کسے، موجب افضلیت استخلاف اولی تواں شد سبب وجوب استخلاف او نتواں شد

لیکن بحث تو سنیوں کے اصول پر ہو رہی ہے لیکن چونکہ سنی پہلے تسلیم کر چکے ہیں اس لئے انہیں تسلیم کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے اور اس قدر بحثوں کے بعد یہ بات کھل کر آگئی ہے کہ کسی کا افضل ہونا خلیفہ نامزد کرنے کے لئے صرف افضلیت کا موجب ہو سکتا ہے اس کی نامزدگی کے واجب ہونے کا سبب نہیں ہو سکتا۔

دہم آنکہ حال در معرض تحول می باشد ہمین است کہ حال نام کردند پس ممکن بلکہ ہزارہا را می بینم کہ وقتی تقوی است وطہارت و زہد است وعبادت وسجادہ طاعت بر دوش وحلقہ اطاعت خداوندی درگوش باز پس از چندی مسخرہ شیطان مے شوند وبرعکس رہ اول میروند۔ درحال اول لیاقت خلافت بمعنی ثانی دارند نہ درحال ثانی۔

دسویں بات یہ ہے کہ انسان کی حالت بدلتی رہتی ہے، اسی وجہ سے تو اس کا نام حال رکھا ہے پس ممکن ہے بلکہ ہزاروں کو میں دیکھتا ہوں کہ ایک وقت تقویٰ، طہارت اور دنیا سے بے رغبتی ان کو ہوتی ہے اور عبادت اور اطاعت کا مصلی کندھے پر ہے اور اطاعت خداوندی کا حلقہ کان میں ہے لیکن پھر کچھ عرصے کے بعد شیطان کا کھلونا بن جاتے ہیں اور پہلی راہ ہدایت کے برخلاف چلنے لگتے ہیں، پہلی حالت میں تو وہ دوسرے معنی میں خلافت کی لیاقت رکھتے ہیں لیکن نہ دوسری حالت میں نہیں۔

یازدہم آنکہ اوامر ونواہی نبوی صلی اللہ علیہ وسلم نہ فقط برای ایجاب وتحریم می باشند بہر استحباب وغیرہ امور معلومہ نیز می باشند آری تمیز اینکہ ایں امر ونہی برای ایجاب وتحریم است وایں امر ونہی برای استحباب وغیرہ ہر کس را میسر نیست آنکہ فرق مراتب موجبات امر ونہی وعلل غائیہ آنرا می شناسد ایں را می داند۔ چوں بحث دریں امر خاص است دیگری از تقسیم باید گفت۔ اگر خلیفہ

گیارہواں اصول یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اوامر ونواہی صرف کسی چیز کو واجب اور حرام کرنے کے لئے ہی نہیں ہوتے بلکہ ان امور معلومہ کے، استحباب و اباحت وغیرہ کے لئے بھی ہوتے ہیں البتہ یہ تمیز کرنا کہ کونسا امر اور نہی ایجاب وتحریم کے لئے ہے اور کون سا استحباب واباحت کے لئے ہے ہر شخص کے بس کا کام نہیں ہے۔ ہاں وہ شخص جو کہ امر ونہی کے مقتضا کے مراتب اور ان

وقت اہلیۃ ثانیہ داشتہ باشد قتال وجدال او حرام قطعی است چہ مضرۃ دینی و دنیوی بی شائبۂ منفعت دینی پیش خواہد آمد۔ وایںقدر کیست کہ نمی داند کہ ایں قسم امور حرام مطلق می باشند۔ واگر از اہلیۃ ثانیہ بہرہ ندارد فقط باہلیت اولی سریر خلافت را زیر پا گرفتہ و بر مسند امامت وحکومت اہلال نشستہ می باید دید کہ در تقدیر عزل آں ونصب دیگراں اگر فقط اتلاف جان ومال خویشتن است وبس امید غلبہ ورجاء شوکت نیست نہی از قتال وجدال او نہی شفقت خواہد بود واگر اندیشۂ تمادی و استطارۃ فتنہ باشد یعنی بداند کہ ایں آتش در عرض وطول خود کردہ و ناکردہ را فرا خواہد گرفت فقط سر وکار با اہل پیکار نخواہد ماند آں وقت نباید کہ دست قتال کشاید۔ مگر اکثر ہمیں است کہ ایں تخم بی حقیقت شاخ وبرگ خود دور دور میرساند وچوں نرساند، کینہ از سینۂ سلاطین دریں چنیں اوقات سر میزند وحب مال وجاہ کینہ کش بد خواہ خود میشود۔ با ایں ہمہ آنطرف مال ودولت در دست وحشم وخدم سر پرست، قہر واستیلا حاصل، مخالف ومزاحم مستاصل وایں طرف بجز موشک دوانی وامید پنہانی چیست کہ امید لستہ آید و قوت دشمن شکستہ آید۔ لیکن تاہم کار پردازی غیب گاہی در کار بی سروساماناں می شود واقبال ونصرت مددگار بی خانماناں میگردد۔ انقلاب دولت بنی امیہ از دست عباسیان شنیدہ باشی وترقی دولت تیموریہ

کے اغراض اصلیہ کا فرق پہچانتا ہے وہی اس فرق کو سمجھ سکتا ہے۔ چونکہ ہم اس خاص مسئلے میں بحث کر رہے ہیں تو کچھ اشارہ اس طرف بھی کر دینا چاہیئے اگر خلیفۂ وقت خلافت کی دوسری قسم کی اہلیت[1] رکھتا ہو (کہ وہ پرہیزگار ہے) تو اس وقت اس کے ساتھ جنگ وجدال کرنا قطعی حرام ہے کیونکہ اس صورت میں کسی دینی نفع کے شائبہ کے بغیر دینی[2] اور دنیوی نقصان پیش آئے گا اور اتنی بات کو کون ہے جو نہیں جانتا ہے کہ اس قسم کے امور بالکل حرام ہوتے ہیں اور اگر اہلیتِ ثانیہ سے وہ بہرہ ور نہیں ہے صرف پہلی اہلیت کی وجہ سے تخت خلافت کو اپنے پاؤں کے نیچے دبائے بیٹھا ہے اور اس نے خلافت کے اہل لوگوں کی جگہ گھیری ہوئی ہے تو پھر یہ دیکھنا چاہیئے کہ اس کو تخت سے ہٹانے اور دوسروں کو بٹھانے میں اگر صرف اپنی جان ومال کا کھونا ہے اور فتح کی امید اور شوکت کی صورت نہیں ہے تو اس کو ایسے خلیفہ سے جنگ وجدال کرنے سے منع کرنا صرف شفقت کے طور پر ہوگا۔ اور اگر فتنہ کے بھڑکنے اور تمادی کا اندیشہ ہو میرا مطلب یہ ہے کہ وہ جانتا ہے کہ یہ آگ اپنے عرض وطول میں کرنے والے اور نہ کرنے والے کو گھیر لے گی صرف اہل پیکار تک ہی محدود نہ رہے گی تو اس وقت جنگ وجدال کے لیے ہاتھ نہیں اٹھانا چاہیئے مگر اکثر یہی ہے کہ یہ معمولی سا بیج اپنی شاخیں اور پتے دور دور تک پہنچاتا ہے اور کیوں نہ پہنچائے کہ اس

[1] یعنی قرشیت کے ساتھ صاحب علم وتقوی بھی ہو۔ مترجم
[2] یعنی نقصان دینی اور دنیوی دونوں قسم کا ہوگا اور کوئی دینی فائدہ نہ ہوگا۔ مترجم

درکتب دیدہ باشی۔ پس اگر امید غلبہ و رجاء شوکت باشد در محاربہ و مجادلہ چہ باک۔

قسم کے حالات میں سلاطین اپنا انتقام لیتے ہیں اور مال و جاہ کی محبت اپنے دشمن سے کینہ پر مجبور کرتی ہے باوجود اس طرف ہاتھ میں مال و دولت ہوتے ہیں اور نوکر چاکر اور لشکر مددگار ہوتا ہے، غلبہ اور تسلط حاصل اور مخالف و مزاحم کی جڑیں کھوکھلی اور اس طرف شوشے چھوٹنے اور در پردہ امیدیں باندھنے کے سوا کیا رکھا ہے کہ امید پوری ہو جائے اور دشمن کی قوت ٹوٹ جائے لیکن پھر بھی کبھی غیبی نصرت بے سروسامان لوگوں کی کامیابی کا سامان پیدا کر دیتی ہے اور بے خانماں لوگوں کی مدد گار بن جاتی ہے۔ عباسیوں کے ہاتھوں بنی امیہ کی حکومت کا انقلاب تم نے سنا ہی ہوگا اور حکومت تیموری کی ترقی کا حال کتابوں میں دیکھا ہوگا پس اگر غلبے کی امید اور شوکت کی توقع ہو تو پھر جنگ و جدل میں کیا مضائقہ ہے۔[1]

الحاصل درصورت فسق خلیفہ موازنہ منافع و مضار خلع بیعت باید کرد ہر چہ راجح نماید بداں کاربند باید شد۔ و ایں مضمونیست کہ در اشارات آیۃ

"قُلْ فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ مِن نَّفْعِهِمَا" ودیعت نہادہ اند۔

حاصل یہ ہے کہ خلیفہ کے بدکار ہونے کی صورت میں اس کی بیعت کے توڑنے کے نفع و نقصان کا اندازہ کرنا چاہئے۔ جو صورت راجح ہو اس پر عمل کرنا چاہئے اور یہی مضمون ہے جو کہ اس آیت کے اشارات میں پنہاں ہے۔ کہہ دیجئے کہ ان دونوں (یعنی شراب اور جوئے) میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کیلئے کچھ منافع بھی ہیں لیکن ان کے نفع سے نقصان زیادہ ہیں۔[2]

دوازدہم آنکہ در احادیث کتب صحیحہ مثل مسلم از عبادۃ بن صامت مروی ست کہ

"دعانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فبایعنا فکان فیما اخذ علینا ان بایعنا

بارہویں یہ کہ احادیث کی صحیح کتابوں میں جیسی مسلم عبادۃ بن صامت سے روایت ہے کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت دی پس ہم نے بیعت کی پس جن باتوں کے لئے ہم سے

---

[1] یعنی اگر جنگ میں فائدہ ہو تو جنگ کرے اور اگر ملکی نقصان کا اندیشہ ہے تو پھر جنگ سے باز رہے۔ مترجم

[2] اس آیت میں شراب اور جوئے کے بارے میں حکم دیا گیا ہے کہ ان دونوں میں گناہ بڑا اور کچھ منافع بھی ہیں لیکن گناہ ان دونوں کے منافع سے زیادہ ہیں۔ اس لئے جب گناہ غالب ہو تو اس کا اعتبار کرکے ان کو حرام قرار دیا گیا۔ اسی طرح خلیفہ کے فاسق ہونے میں اگر نقصانات غالب ہوں اور فسادات اور تباہی بھی غالب نہ ہو تو چاہئے کہ ایسے خلیفہ کو معزول کر دیا جائے۔

مترجم

على السمع والطاعة فى منشطنا ومكرهنا وعسرنا ويسرنا واثرة علينا ولا ننازع الامر اهله قال الا ان تروا كفراً بواحاً عندكم من الله فيه برهان"

ازیں روایت مثل آفتاب روشن است کہ اگر خلیفہ علی الاعلان مرتکب معصیت بینہ باشد واز امر معروف ونہی عن المنکر منزجر نشود منازعت با او جائز است چہ مراد از کفراً بواحاً دریںجا معصیت است بقرینہ جملہ عندکم من اللہ فیہ برہان ورنہ کفر اصطلاحی محتاج ایں توصیف نبود چنانچہ ظاہر است۔ ہمچنیں جملہ لا ما اقاموا الصلوٰۃ کہ در بعض روایات صحیح مسلم بعد استفسار صحابہ از منابذہ امر فسقہ وارد است بریں امر دلالت دارد کہ اگر کسی ارکان ضروریہ دینیہ را ترک دہد دست اطاعت از دست او باید کشید۔

سیزدہم[۱۳] آنکہ فسق را مدارج کثیرہ است وحکم ہر درجہ جدا۔ ہمہ را بیک نرخ نباید گرفت۔ شرب خمر وامثال او نیز فسق است وترک صوم صلوٰۃ وحج وزکوٰۃ ہم فسق است۔ باز اخفاء آں نیز فسق است واعلان آں نیز فسق است وتنہا کردن ایں کارہا نیز فسق است تحریص دیگراں ہم فسق است۔ ہمچنیں ارتکاب امور

بیعت لی یہ تھیں کہ ہم بیعت کریں اطاعت و فرمانبرداری پر اپنی خوشی اور ناخوشی میں اپنی تنگی اور فراخی میں اور اولوالامر سے ہم جھگڑا نہ کریں۔ پھر حضور نے فرمایا ہاں اگر تم کھلا کفر دیکھو کہ اس کے بارے میں تمہارے پاس اللہ کی طرف سے برہان موجود ہو (تب اولوالامر سے نزاع کر سکتے ہو)

اس روایت سے آفتاب کی طرح روشن ہے کہ اگر خلیفہ علی الاعلان کھلے گناہ کا مرتکب ہو اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے اثر قبول نہ کرے تو اس کے ساتھ نزاع جائز ہے کیونکہ کفراً بواحاً سے یہاں مراد گناہ ہے۔ عندکم من اللہ فیہ برہان کے قرینے سے۔ ورنہ اصطلاحی کفر اس صفت بیان کرنے کا محتاج نہیں ہے چنانچہ ظاہر ہے۔ اسی طرح جملہ لا ما[۱] اقاموا الصلوٰۃ کہ صحیح مسلم کی بعض روایات میں صحابہ کے پوچھنے کے بعد واقع ہوا ہے جب کہ صحابہ نے بدکار حاکموں کی نافرمانی کے متعلق سوال کیا تھا یہ جملہ اس بات پر دلالت رکھتا ہے کہ اگر کوئی حاکم دین کے ضروری ارکان کو چھوڑ دے تو اس کی فرمانبرداری سے ہاتھ کھینچ لینا چاہیے۔

تیرہویں[۱۳] یہ کہ فسق کے بہت سے درجے ہیں اور ہر درجے کا حکم بھی جدا ہے۔ سب کو ایک ہی بھاؤ نہ سمجھنا چاہیے۔ شراب کا پینا اور اسی طرح کے گناہ (جوا وغیرہ) بھی فسق ہے اور روزہ، نماز، حج اور زکوٰۃ کا چھوڑ دینا بھی فسق ہے۔ پھر فسق کا چھپانا بھی فسق ہے اور فسق کا اعلان کرنا بھی فسق ہے اور ان کاموں کو تنہائی میں کرنا بھی

[۱] اولوالامر سے نزاع نہ کرو جب تک کہ وہ نماز قائم کرتے رہیں۔ انوار

مجرد ہم فسق است و اعتقاد امور بدعہ ہم فسق است پس جائیکہ تحذیر از خروج بر فساق فرمودہ اند مراد از اں مطلق فسق داشتہ اند۔ مرادم ایں است کہ نفس فسق من حیث ھو یعنی ماہیت و مصداق فسق بی اعتبار امور زائدہ موجب عزل و انعزال نیست۔ ورنہ ہر نوع فسق کہ باشد اگرچہ کفر بواح باشد و ترک صلوٰۃ بود موجب عزل نتواند شد۔

غرض ازیں گفتن کہ بر فاسق خروج نباید کرد لازم نمی آید کہ بر اعلان فسق ظاہر و ترک ضروریات دین و بدعت ہم خروج نباید کرد۔

بالجملہ فسق کلی مشکک است نہ ہر فرد او موجب خروج و نہ ہر مرتبہ او مانع از اں۔ بالجملہ قدر مشترک فیما بین مدارج فسق موجب خروج نیست و ہمیں است معنی

لا ینعزل ولا یجوز الخروج علیہ

چہاردہم آنکہ عقائد اہل سنت دو قسم است یکی متفق علیہا جملہ اہل سنت بیک عقیدہ دل دادہ اند مخالفت ایں قسم عقائد چنانکہ

فسق ہے اور دوسروں کو رغبت دینا بھی فسق ہے۔ اسی طرح حرام کاموں کا کرنا بھی فسق ہے اور بدعت کے کاموں کا اعتقاد کرنا بھی فسق ہے۔ پس جہاں فاسق خلفا کے خلاف علم بغاوت بلند کرنے سے ڈرایا گیا ہے۔ اس سے مراد مطلق فسق رکھا ہے۔ میرا مطلب یہ ہے کہ فسق صرف فسق ہونے کی حیثیت سے یعنی اس کی ماہیت اور مصداق امور زائدہ کا اعتبار کئے بغیر خلیفہ کے خود معزول ہو جانے یا معزول کر دینے کا موجب نہیں ہے ورنہ ہر قسم کا جو فسق بھی ہو اگرچہ کفر بواح ہو اور یا ترک نماز ہی کیوں نہ ہو عزل کا سبب نہ ہو سکتا۔

غرض اس کہنے سے کہ فاسق کے خلاف خروج نہیں کرنا چاہئے یہ لازم نہیں آتا کہ فسق ظاہر کے اعلان کرنے اور دین کی ضروریات ترک کرنے اور بدعت کا ارتکاب کرنے پر بھی خروج نہیں کرنا چاہئے

نتیجہ یہ ہے کہ فسق کلی مشکک[1] ہے۔ نہ اس کا ہر فرد خروج کو واجب کرتا ہے اور نہ اس کا ہر مرتبہ خروج کو مانع ہے مختصر یہ کہ فسق کے درجوں کے درمیان قدر مشترک خروج کو واجب نہیں کرتی اور یہی مطلب ہے اس کا " نہ تو بیعت کو توڑے اور نہ اس کے برخلاف خروج جائز ہے "۔

چودھویں یہ کہ اہل سنت کے عقائد دو قسم کے ہیں ایک تو وہ عقائد ہیں جن پر تمام اہل سنت بیک خیالی متفق ہیں اور جان دیتے ہیں۔ اس قسم کے عقائد کی

[1] مسئلہ تشکیک منطقیوں میں ایک معرکۃ الآرا مسئلہ ہے۔ یہاں ان تفصیلات کی گنجائش نہیں۔ مختصر طور پر یوں سمجھئے کہ افراد میں صفت کے اعتبار سے کمی اور زیادتی اور درجہ بدرجہ اولیت اور اولویت، زیادہ شدت اور زیادہ تخفیف جو پیدا ہوتی ہے اس کا نام تشکیک ہے۔ مثلاً ایک وجود کی ماہیت میں دوسرے کی بہ نسبت زیادہ کمال ہو لہٰذا کلی مشکک وہ کلی ہے جو اپنے مصداق کے درجات کے اعتبار سے مختلف ہو۔ مترجم

شیعه و خوارج و نواصب و معتزله و مرجئه کرده اند
موجب تفسیق و تبدیع می شود۔
دوم عقائد مختلف فیها که اکابر اہل سنت دراں
مختلف شده اند مثل اختلاف در تکوین و حسن و قبح ۔ ایں
قسم اختلاف را مثل اختلاف در شرائط جمعه باید پنداشت۔
اگر فرق است ہمیں قدر است که آنرا در کتب کلامیه آورده
اند۔ و ایں را در کتب فقهیه سپرده اند مگر ایں قدر فرق نزد اہل
عقل قابل التفات نیست در باب عقلاں کلام نیست ۔ پس
چنانکه شافعیه حنفیه را اگر در دیہات جمعه نخوانند و درانجا
جمعه را واجب ندانند کافر و فاسق نخوانند۔ علی ہذا القیاس
حنفیه، شافعیه را اگر با وجود سه کس جمعه را واجب ندانند
کافر و فاسق ندانند ۔

پانزدہم آنکه استخلاف خلیفه کسی را موجب عموم انعقاد
است اگر شخص مستخلف لیاقت ثانیه داشته باشد و وجه عموم
انعقاد ظاہر است چه اطاعت اولو الامر واجب است۔

مخالفت کرنا جیسا کہ شیعہ[1]، خارجی[2]، نواصب[3]، معتزلہ[4] اور
مرجئہ[5] نے کی ہے۔ تفسیق اور تبدیع کی موجب ہوتی ہے۔
دوسرے وہ عقائد جن میں اختلاف کیا گیا ہے
کہ اہل سنت کے بڑے بڑے علما ان میں مختلف ہو گئے
ہیں مثلاً کسی چیز کے ہونے اور اچھے برے ہونے میں
اختلاف۔ اس قسم کے اختلاف کو جمعہ کی شرطوں میں
اختلاف کی مانند سمجھنا چاہیے۔ اگر کوئی فرق ہے تو اس
قدر ہے کہ اس کو علم کلام کی کتابوں میں لاتے ہیں اور اس کو
فقہ کی کتابوں میں تحریر کیا ہے۔ مگر اتنا فرق اہل عقل کے
نزدیک توجہ کے قابل نہیں ہے اور بے عقلوں سے ہمارا
سروکار نہیں ہے۔ پس جیسا کہ شافعیہ حنفیہ کو اگر حنفیہ دیہات
میں جمعہ نہیں پڑھتے ہیں اور وہاں جمعہ کو واجب نہیں جانتے
ہیں، کافر اور فاسق نہیں کہتے۔ اسی پر قیاس کرکے حنفیہ، شافعیہ کو جو تین آدمیوں کے ہوتے ہوئے بھی جمعہ کو واجب
نہیں جانتے، کافر و فاسق نہیں جانتے۔

پندرہویں[6] یہ کہ خلیفہ برحق کا کسی کو اپنا قائم مقام نامزد
کر دینا عام خلافت کے انعقاد کا موجب ہے بشرطیکہ جس شخص
کو خلیفہ نامزد کیا جا رہا ہے وہ خلافت کی دوسری قابلیت رکھتا

---

[1] شیعہ وہ فرقہ کہلاتا ہے جو حضرت علیؓ کی بلا فصل خلافت کا قائل ہے اور ان کو سب سے افضل سمجھتا ہے اور اہلبیت کی محبت کا دم بھرتا ہے۔ مترجم
[2] خارجی وہ گروہ تھا جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی خلافت کا منکر بلکہ ان کے کفر تک کا قائل تھا
[3] نواصب۔ یہ لوگ ظاہر میں بڑے عابد زاہد تھے لیکن اہلسنت والجماعۃ کے نزدیک یہ فرقہ نجات آخرت سے محروم ہے۔ مترجم
[4] معتزلہ مسلمانوں کے فرقوں میں وہ ایک فرقہ تھا جو گناہ کبیرہ کے مرتکب کو نہ مسلمان کہتے ہیں اور نہ کافر۔ اس فرقے کا امام ابو علی جبائی تھا جس نے یہ عقیدہ پیش کیا جس پر امام ابو الحسن اشعریؒ نے فرمایا تھا کہ اعتزل عنا وہ ہم سے صحیح العقیدتی میں جدا ہو گیا۔ اسی اعتزال کی وجہ سے اس فرقے کو معتزلہ کہا جانے لگا۔ مترجم
[5] مرجئہ وہ فرقہ ہے جو یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ ایمان کے ساتھ گناہ مضر نہیں جیسا کہ کفر کے ساتھ طاعت مفید نہیں۔ مترجم
[6] یعنی نامزد شخص میں قرشیت، تقویٰ اور علم وغیرہ صفات ہوں جو کہ قابلیت کی دوسری قسم ہے جبکہ پہلی شرط صرف یہ ہے کہ وہ قریشی ہو جیسا کہ الائمۃ من القریش سے واضح ہے۔ مترجم

ہر چہ فرماید، فرمان باید پذیرفت۔ مگر چوں بنا۔ ایں قسم استخلاف بر اطاعت اولوا الامر است۔ ہمہ فوائد اطاعت قابل لحاظ خواہند بود۔ پس اگر شخصی را خلیفہ وقت خلیفہ گرداند کہ لیاقت ثانیہ نداشتہ باشد بلکہ تارک صلوٰۃ یا مبتدع بود، اطاعتش دریں امر لازم نخواہد بود۔ چہ

لا طاعۃ لمخلوق فی معصیۃ الخالق

و اگر بزعم خلیفہ او قابل خلافت بود و نزد دیگراں نبود تاہم اطاعتش ہمیں لازم نخواہد بود۔ البتہ خلیفہ وقت را ایں وقت بد نتواں گفت، چہ بزعم خود او را قابل دانستہ ولیعہد کردہ بود۔ بزعم دیگراں اگر قابل نہ برآمد او چہ کند و ایں قسم اختلاف و تنازع خلیفہ و رعیت کہ خلیفہ امر مستحسن پندارد و رعیتش قبیحش انگارد و اکثر اتفاق افتادہ منجملہ مباحثہ ابوبکر صدیق و عمر فاروق و زید بن ثابت در جمع قرآن نیز ہست و ہمچنیں دیگر وقائع بریں قدر دلالت دارند۔ پس ممکن کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ۔ یزید را لائق خلافت خود، چنانکہ مذکور خواہد شد، دیدند و بر خبث افعال او مطلع نشدہ باشند۔ و دیگراں او را قابل خلافت ندیدند یا دیدند و باز حال او متبدل شد۔ ازیں وجہ از بیعتش انکار کردند۔

ہو (جو خلیفہ میں ہونی چاہیئے) اور عام خلافت کے منعقد ہونے کی وجہ ظاہر ہے کیونکہ صاحب امر کی اطاعت ضروری ہے۔ وہ جو حکم دے قبول کرنا چاہیئے لیکن چونکہ اس قسم کے خلیفہ بنانے کی بنیاد اولی الامر کی فرمانبرداری پہ ہے تو اطاعت کے مجموعی فوائد پیش نظر رکھنے ہوں گے۔ پس اگر خلیفہ وقت ایسے شخص کو خلیفہ بنائے جو لیاقت ثانیہ نہ رکھتا ہو بلکہ تارک نماز یا بدعتی ہو تو اس صورت میں خلیفہ کی اطاعت ضروری نہ ہوگی۔ کیونکہ

"اللہ کی نافرمانی میں مخلوق کی اطاعت نہیں ہے"

اور اگر خلیفہ کے گمان میں وہ خلافت کے قابل ہو اور دوسروں کے نزدیک نہ ہو پھر بھی اس خلیفہ کی اطاعت اتنی بات پر ضروری نہ ہوگی البتہ خلیفہ وقت کو اس وقت برا بھلا نہیں کہہ سکتے کیونکہ اس نے اپنے گمان میں اس کو قابل جان کر ولیعہد بنایا تھا۔ اگر وہ دوسروں کے خیال میں قابل نہ نکلا تو وہ کیا کرے اور خلیفہ اور رعیت میں اس قسم کا اختلاف اور باہمی جھگڑا کہ خلیفہ تو اس کو اچھا سمجھتا ہے اور خلیفہ کی رعایا اس کام کو برا خیال کرتی ہے اس قسم کی باتیں اکثر واقع ہوتی ہیں ان میں سے ایک حضرت ابوبکر صدیق، عمر فاروق اور زید بن ثابت (رضی اللہ عنہم) کے درمیان قرآن کو یکجا جمع کرنے کے بارے میں بھی بحث و مباحثہ ہے اور اسی قسم کے دوسرے واقعات اتنی بات پر دلالت کرتے ہیں۔ پس ممکن ہے کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے یزید کو اپنی جگہ خلافت کے لائق دیکھا جیسا کہ ذکر آئیگا اور یزید کے برے افعال کی انہیں خبر نہ ہو اور دوسروں نے اس کو خلافت کے قابل نہ پایا یا پایا اور بعد ازاں اسکی حالت بدل گئی تو اس وجہ سے انہوں نے اسکی بیعت سے انکار کر دیا۔

---

[1] یعنی جس خلیفہ برحق نے اپنا قائم مقام نامزد کر دیا تو چونکہ اولو الامر نے ایسا کیا ہے لہٰذا اسکی اطاعت ضروری ہوگی اور نامزد خلیفہ کے سامنے سر تسلیم خم کرنا ضروری ہوا جیسا کہ حضرت ابوبکرؓ نے حضرت عمرؓ کو نامزد کر دیا تھا۔ مترجم

[2] حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جمع قرآن کے لئے فرمایا تو زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اختلاف فرمایا۔ مگر پھر حق واضح ہونے پر انہوں نے حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ سے اتفاق کیا۔ مترجم

الغرض استخلاف خلیفہ موجب عموم انعقاد است۔ اما بشرطیکہ در نظر رعیت امور قادحہ در خلافت ولیعہد یافتہ نہ شوند[1]۔

غرض یہ ہے کہ خلیفہ کا کسی کو اپنے قائمقام خلیفہ بنانا عام انعقاد کو واجب کرتا ہے لیکن اس شرط کے ساتھ کہ رعایا کی نظروں میں ولیعہد کے خلیفہ بنانے میں ایسے امور نہ پائے جاتے ہوں جو قابل اعتراض ہوں (تو عموم انعقاد واجب نہ ہوگا)

چوں ایں مقدمات شانزدہ گانہ تمہید یافت اعتراض شیعیان خود پاش پاش شد۔ و بطور سنیاں در شہادۃ جگر گوشہ رسول الثقلین صلی اللہ علیہ وسلم امام الشہداء آنحضرت امام حسین رضی اللہ عنہ وعن اولادہ جای انگشت نہادن نماند وہمچنیں در ولی عہد کردن امیر معاویہ رضی اللہ عنہ یزید پلید را خدشہ موجب انکار نہ برآمد۔

جب یہ سولہ مقدمات تمہید کے طور پر بیان ہو گئے تو شیعوں کے اعتراض کی دھجیاں بکھر گئیں اور سنیوں کے طرز فکر کے مطابق رسول انس وجن صلی اللہ علیہ وسلم کے جگر گوشہ، شہداء کے امام حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ وعن اولادہ کی شہادت پر انگلی اٹھانے کی گنجائش نہ رہی اور اسی طرح امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے یزید پلید کو ولیعہد بنانے میں بھی کوئی خدشہ موجب انکار نہ نکلا۔

بحث در ولیعہدی یزید

اول از ولی عہدے یزید بحث میکنم بعد ازاں در شہادت حضرت سید الشہداء علیہ وعلی آبائہ السلام حرف میزنم۔ تا وقتیکہ امیر معاویہ یزید پلید را ولیعہد خود کردند فاسق معین نبود۔ اگر چیزی کردہ باشد در پردہ کردہ باشد کہ حضرت امیر معاویہ را ازاں خبر نبود۔ علاوہ بریں حسن تدبیر در جہاد آنچہ کہ از وشہود شدہ مشہور است۔

یزید کی ولیعہدی پر بحث

اول میں یزید کی ولیعہدی پر بحث کرتا ہوں اس کے بعد سید الشہداء اُن پر اور ان کے آباء پر سلام ہو کی شہادت پر کلام کرتا ہوں۔ جس وقت کہ امیر معاویہؓ نے یزید پلید کو اپنا ولیعہد بنایا تھا تو وہ علانیہ فاسق نہ تھا۔ اگر اس نے کچھ کیا ہوگا تو در پردہ کیا ہوگا کہ حضرت معاویہؓ کو اس کی خبر نہ تھی۔ علاوہ ازیں جہاد میں یزید کا حسن تدبر جیسا کہ اس سے دیکھا گیا مشہور ہے۔

خواب رسول اللہ صلی اللہ وسلم درباب یزید وجہادش

در بیت ام ملحان رضی اللہ عنہ کہ حضرت محبوب رب العالمین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وصحبہ اجمعین یک بار دوبار خفتند و بیدار شدند وہر بار خندیدند و در وجہ خندہ فرمودند (کہ) جماعتی از امتیان خود را دیدہ ام کہ در دریا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب یزید اور اسکے لشکر کے بارے میں

ام ملحان رضی اللہ عنہ کے گھر میں کہ حضرت رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وصحبہ اجمعین ایک مرتبہ دو دفعہ سوئے اور جاگے اور ہر مرتبہ ہنسے اور ہنسی کی وجہ بیان فرمائی کہ میں نے اپنی امت کے ایک گروہ کو دیکھا ہے کہ دریا میں

[1] دراصل یہ لفظ یافتہ نشوند ہے۔ کاتب سے پرانے نسخے میں غلطی ہو گئی ہے کہ اس نے یافتہ شوند لکھ دیا ہے۔ مترجم

جہاد میکنند و درشان اوشاں فرمودہ اند۔

ملوک علی الاسرۃ او مثل الملوک علی الاسرۃ[1]

مصداق خواب ثانی ہمیں یزید و ہمراہیانش برآمدند چنانچہ بر تاریخ داناں و حدیث خواناں پوشیدہ نیست۔ غایۃ مافی الباب بسبب خرابیہائی پنہانی کہ درشت ہمچو منافقاں کہ در بیعت الرضوان شریک بودند بوجہ نفاق، رضوان اللہ نصیب اوشاں نشد، یزید ہم از فضائل ایں بشارت محروم ماند۔

مذہب امیر معاویہؓ دربارۂ خلافت

واتظرف: مذہب

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ دربارہ خلافت آں بود کہ ہر کرا سلیقہ انتظام مملکت زائد از دیگراں باشد گو افضل از و باشند افضل است از دیگراں۔ نظر بریں اورا افضل از دیگراں دانستند و اگر افضل ندانستند پس بیش ازیں نیست کہ ترک افضل کردند۔ چنانچہ در مقدمات سابقہ واضح شدہ کہ استخلاف افضل، افضل است نہ واجب۔ لیکن ایں قدر را گناہ نتواں گفت کہ بسبب و شتم امیر معاویہؓ پیش آئیم و انظر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ را از اجلۂ صحابہ نمی شماریم کہ بنسبت ترک افضل و اولی ہم درچنیں امور معذرۃ نمائیم۔

جہاد کر رہے ہیں اور ان کی شان میں (پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے) فرمایا ہے کہ "وہ قبیلوں کے بادشاہ ہیں یا قبیلوں کے بادشاہوں کی طرح ہیں۔"

دوسرے خواب کا مصداق یہی یزید اور اس کے ساتھی ظہور میں آئے چنانچہ تاریخ جاننے والوں اور حدیث پڑھنے والوں پر پوشیدہ نہیں ہے۔ زیادہ سے زیادہ اس بارے میں پوشیدہ خرابیوں کے باعث کہ یزید رکھتا تھا منافقوں کی طرح جو کہ بیعت رضوان میں شریک تھے اور نفاق کی وجہ سے "اللہ کی خوشنودی" ان کو نصیب نہ ہوئی۔ یزید بھی اس بشارت کی فضیلتوں سے محروم رہا۔

امیر معاویہؓ کا خلافت کے بارے میں نظریہ

اور اس طرف حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نظریۂ خلافت کے متعلق یہ تھا کہ جس کسی کو مملکت کے انتظام کا سلیقہ دوسروں سے زیادہ ہو، گو اس سے افضل ہوں تو دوسروں سے اس کا خلیفہ بنانا افضل ہے اس بات پر نظر رکھتے ہوئے یزید کو انہوں نے دوسروں سے افضل جانا اور اگر (بالفرض) افضل نہ بھی جانا تو اس سے زیادہ بات آگے نہیں بڑھتی کہ انہوں نے افضل کو چھوڑ دیا جیسا کہ گذشتہ مقدمات[2] میں واضح ہو گیا کہ افضل کا خلیفہ بنانا افضل ہے نہ کہ واجب لیکن اتنی بات کے باعث ترک افضل کا ان پر گناہ نہیں تھوپا جا سکتا کہ امیر معاویہؓ کے ساتھ گالم گلوچ سے ہم پیش آئیں

---

[1] اسرہ بمعنی قبائل و خاندان۔ مطلب یہ ہے کہ قبائلی بادشاہوں کی طرح وہ جماعت تھی خلیفہ کے طور پر نہ تھی۔ مترجم

[2] یعنی افضل کو قائم مقام نامزد کرنا زیادہ اچھا ہے واجب نہیں ہے۔ مترجم

اور پھر ہم امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو جلیل القدر[1] صحابہ میں شمار نہیں کرتے ہیں کہ افضل اور اولیٰ کو ترک کرنے کے باعث ان جیسے معاملات میں ہم ان کی طرف سے معذرت پیش کریں۔

حال یزید پس از وفات امیر معاویہ رضی اللہ عنہ

ہاں پس از انتقال اوشاں یزید پای خود از شکم برآورد ودل بکام و دست بجام سپرد - اعلان فسق نمود و ترک صلوٰۃ داد - بحکم بعض مقدمات سابقہ قابل عزل گردید واین قسم تحول احوال گفتہ آمدہ ام کہ ممکن است محال نیست مگر دریں وقت رای اہل رای و تدبیر مختلف افتاد - کسی را کہ اندیشہ فتنہ و فساد غالب افتاد ناچار دست بہ بیعتش بکشاد و احترازاً عن المعصیۃ شرط اتباع معروف درمیان نہاد و آنرا کہ بوعدہ یک جماعت کثیرہ مثل امید غلبہ و رجاء شوکت بنظر آمد حسبۃ للہ برخاست و تہیہ کارزار ساخت پس ہرچہ حضرت عبداللہ بن عمر و امثال اوشاں کردند بجا کردند و آنچہ حضرت سید الشہداء نمودند عین حق و صواب نمودند۔

بنا ایں اختلاف بر اختلاف امیدات نہ بر اختلاف در جواز اصل فعل و عدم جواز آن۔ مگر انجام کار بوجہ نقض عہد کوفیان تدبیر حضرت سید الشہداء علیہ السلام بر نشانہ ننشست و روز عاشورہ قیامت قبل از قیامت در میدان کربلا برخاست إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ۔

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ کے بعد یزید کی حالت

ہاں ان کے انتقال کے بعد یزید نے پر پرزے نکالنے شروع کئے اور دل کو خواہش نفس اور ہاتھ کو جام شراب پر لے گیا۔ فسق کھلم کھلا کرنے لگا اور نماز چھوڑ دی۔ بعض سابقہ تمہیدوں کی بنا پر معزول کر دینے کے قابل ہو گیا اور یزید کے اس قسم کے حالات کی تبدیلی کا بیان کرتا آیا ہوں کیونکہ ممکن ہے محال نہیں۔ مگر اس وقت اہل رائے اور اہل تدبیر کی رائے مختلف ہو گئی۔ جس کسی کو فتنہ و فساد کا اندیشہ غالب آیا اس نے مجبوراً بیعت کے لئے ہاتھ بڑھایا اور معصیت سے بچنے کے لئے نیکی کی پیروی کرنے کی شرط کو درمیان میں رکھا لیکن جس شخص یعنی حضرت امام حسین کو بڑی جماعت[2] کے وعدے پر غلبہ اور شوکت کی امید نظر آئی وہ اللہ کے لئے کھڑا ہو گیا اور جنگ کا عزم کر لیا۔ پس جو کچھ حضرت عبداللہ بن عمر اور ان جیسوں نے کیا وہ بجا کیا اور جو کچھ حضرت سید الشہداء (امام حسین) نے کیا وہ بالکل حق و صواب کیا۔

اس اختلاف کی بنیاد امید غلبہ و عدم غلبہ کی بنیاد پر ہے نہ کہ اصل فعل کے جائز اور ناجائز ہونے کے اختلاف پر۔ مگر انجام کار کوفیوں کی وعدہ خلافی کی وجہ سے حضرت سید الشہداء (امام حسین) علیہ السلام کی تدبیر فیل ہو گئی اور ۱۰ محرم کو قیامت سے پہلے میدان کربلا میں قیامت برپا ہو گئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

---

[1] یعنی چونکہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت ابوبکر و عمر و عثمان و علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی طرح کے ایسے صحابہ میں سے نہ تھے کہ یزید کو اپنا جانشین بنانے پر ان کی طرف سے ہم معذرت پیش کریں۔ مترجم

[2] یعنی اہل کوفہ نے آپ کے ہاتھ پر بیعت کرنے اور یزید کے خلاف لڑنے کا پیغام بھیجا تھا۔ مترجم

حادثہ کربلا چوں غزوۂ احد و حنین

وانیقسم بر ہمیں کار نہ فقط

حضرت سید الشہدا را علیہ السلام پیش آمد در جہاد امثال این اکثر پیش می آید۔ واقعہ احد و حنین شنیدہ باشی۔ پس چنانکہ شہیدان احد و حنین بذروۂ شہادۃ رسیدہ اند۔ و ازاں بر ہمی کار خللی در فضائل اوشاں راہ نیافت۔ ہمچنین شہیدان کربلا را باید شناخت۔ و اینوقتی است کہ بمجرد استخلاف امیر معاویہ رضی اللہ عنہ یا بیعت مردم یا تسلط او خلافتش را عام و شامل شمارند۔ و اگر باینقدر کہ بوقوع آمد فقط انعقاد مطلق خلافت او قائل شویم و عموم و شمول خلافتش را تسلیم نکنیم و گوئیم کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ و اتباع و امثال او از ربقۂ اطاعت او ہنوز خارج بودند حاجت عزل ہیچ نیست و اوشان را در خروج بر و محذوری نی ۔ و این فرق انعقاد مطلق

کربلا کا حادثہ اور غزوہ احد و حنین

اور اس قسم کی صورتحال

نہ صرف حضرت سید الشہدا امام حسین علیہ السلام کو پیش آئی بلکہ جہاد میں اس طرح کی صورت اکثر پیش آتی ہے۔ احد[1] اور حنین کا واقعہ تم نے کیا نہ سنا ہوگا۔ پس جس طرح کہ احد اور حنین[2] کے شہدا شہادت کی چوٹی پر پہنچ چکے ہیں اور اس سے ان شہدا کے فضائل میں کوئی خلل نہیں پڑا اسی طرح کربلا کے شہیدوں کو پہچاننا چاہئے اور یہ اس وقت ہے جب کہ محض امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے یزید کو خلیفہ بنانے یا لوگوں کی بیعت یا یزید کے تسلط کے وقت اس کی خلافت کو عام اور شامل سمجھیں اور اگر اسی قدر سے جو کہ ظہور میں آیا فقط اس کی مطلق خلافت کے منعقد ہو جانے کے ہم قائل ہو جائیں اور اس کی خلافت کے عام ہونے اور سب لوگوں پر شامل

---

[1] غزوۂ احد ۳ھ میں ہوا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پچاس تیر اندازوں کو ایک درے پر کھڑا کر دیا اور فرمایا کہ کسی صورت میں بھی یہاں سے نہ ہٹنا جنگ شروع ہوئی۔ مسلمان کامیاب ہوئے اور کفار رکہ بھاگنے لگے۔ پچاس تیر اندازوں نے یہ سمجھ کر کہ اب تو فتح ہو گئی وہاں سے ہٹ گئے۔ خالد بن ولید کفار مکہ کے کمانڈر تھے جو ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے انہوں نے درے کو خالی دیکھا تو لوٹ کر حملہ کیا۔ ستر مسلمان صحابہ شہید ہو گئے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک گڑھے میں گر گئے۔ دندان مبارک شہید ہو گئے۔ شہرت کر دی گئی کہ حضور شہید ہو گئے۔ مسلمانوں کے حواس بجا نہ رہے۔ پھر حضور نے پکارا میں یہاں ہوں۔ صحابہ کو ہوش آیا۔ پھر منظم ہو کر لڑے اور فتح ہوئی کفار بھاگ گئے۔ مترجم

[2] غزوۂ حنین ۸ھ میں مکہ فتح ہونے کے بعد ہوا۔ ہوازن و ثقیف کے دو مشرک قبیلوں نے مضر اور بنی ہلال کو ساتھ ملا کر چار ہزار سپاہ لے کے ساتھ وادی حنین میں مکے کے مشرق میں پڑاؤ کیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بارہ ہزار کا لشکر لیکر مکے سے آگے بڑھے جن میں دس ہزار مدینے کے مجاہد اور دو ہزار مکے کے نو مسلم اور اسی معاہد مشرک تھے۔ مسلمانوں کے دلوں میں اپنی کثرت پر ناز پیدا ہو گیا۔ دشمن گھات میں چھپے بیٹھے تھے۔ انہوں نے تیر اندازی شروع کر دی۔ اسی معاہد مشرکوں اور نو مسلموں میں بھگدڑ مچ گئی۔ آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انصار اور مہاجرین کو پکارا اور جمع ہو کر حملہ کیا۔ دشمنوں کے ستر آدمی مارے گئے اور مسلمان صرف چار شہید ہوئے۔ غرض ابتری کے بعد فتح ہوئی۔ مترجم

[3] انعقاد مطلق اور عموم انعقاد میں یہ فرق ہے کہ انعقاد مطلق لیاقت اولی یعنی قریشیت کی بنا پر بھی ہو جاتا ہے اور عموم انعقاد خلیفہ میں لیاقت ثانیہ یعنی قریشیت اور علم اور تقوے کی بنا پر ہوتا ہے۔ مترجم

وعموم[1] انعقاد ہر چند امروز کم فہمان نفہمند مگر بہ تتبع معاملات سابقین واضح است کہ بیعت ہر کس را از اہل حل وعقد فقط موجب اطاعت در حق او و در حق ملزم او می شمردند ورنہ حاجت بیعت حضرت علی واہتمام بداں بر دست حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہما چہ بود وہمچنیں یزید بعد بیعت اہل شام ودیگر اہل حل وعقد خواستگار بیعت از حضرت حسنین وعبدالرحمٰن بن ابی بکر ودیگر رضوان اللہ علیہم نشدی

ہونے کو تسلیم نہ کریں اور کہیں کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھی اس کی اطاعت کے دائرے سے ابھی تک خارج تھے تو پھر یزید کو معزول کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور امام حسینؓ کو یزید کے خلاف اٹھنے پر کوئی دغدغہ نہیں اور یہ انعقاد مطلق اور عموم انعقاد کے فرق کو اس زمانے میں کم فہم لوگ ہر چند نہ سمجھیں گے لیکن اگلے لوگوں کے معاملات کی تحقیق سے واضح ہے کہ اہل حل وعقد میں سے ہر شخص کی بیعت کو اس کے اور اس کے نوکر چاکر کے حق میں بیعت خیال کرتے تھے ورنہ حضرت علیؓ کو بیعت کی ضرورت اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہما کے ہاتھ پر اس بیعت کے اہتمام کی کیا ضرورت تھی اور اسی طرح یزید اہل شام کی بیعت اور دوسرے اہل حل وعقد کی بیعت کے بعد حضرت حسینؓ اور عبدالرحمٰنؓ بن ابی بکر اور دیگر صحابہؓ کی بیعت کا طالب نہ ہوتا۔

مدار کار بر نیت

چوں اینقدر دانستہ شد دیگر معلوم باد کہ مدار کار بر نیت است بشہادۃ

إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ

وحسن نیت حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ قابل آں نیست کہ دراں تردد کردہ آید۔ اندریں صورت در شہادت حضرت امام علیہ السلام چہ تردد۔ نہ یزید در حق او شاں خلیفہ بود نہ خروج بر و ممنوع۔ واگر خلیفہ بود تاہم خروج[2] ممنوع نہ بود۔ واگر خروج ممنوع بود عزل ممنوع نہ بود۔ بالجملہ وجوہ ممانعت مفقود وموجبات جہاد موجود۔ در حسن نیت کلام نیست۔ باز اگر او شاں شہید نشوند دیگر کدام خواہد بود۔

نیت پر دار و مدار

جب اتنی بات معلوم ہو گئی تو یہ بھی معلوم ہونا چاہیے کہ کسی کام کا ہونا نیت پر موقوف ہے جس کی شہادت میں حدیث ہے کہ

"اعمال کا دار و مدار نیت پر ہے"

اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا "حسن نیت" اس قابل نہیں ہے کہ اس میں شبہ کیا جائے۔ اس صورت میں حضرت امام علیہ السلام کی شہادت میں کیا تردد ہو سکتا ہے۔ نہ تو یزید[1] ان کے حق میں خلیفہ تھا نہ اس کے خلاف اٹھنا ناجائز تھا اور اگر خلیفہ بھی ہوتا تو پھر بھی خروج[2] ناجائز نہ تھا اور اگر خروج کرنا ممنوع بھی ہوتا تو معزول کرنا ممنوع نہ تھا۔ الحاصل ممانعت کی وجوہات تو موجود نہیں اور موجبات جہاد موجود ہیں اور (امام حسینؓ) کی نیت کی اچھائی میں

---

[1] یعنی یزید حضرت امام حسینؓ کی نظر میں خلیفہ نہ تھا۔ مترجم

[2] چونکہ حضرت امام حسین یزید کو خلیفہ ہی نہیں مانتے تھے لہٰذا ان کے خلاف جہاد کرنا ممنوع نہ تھا۔ مترجم

شبہ نہیں ہے۔ پھر اگر وہ ہی شہید قرار نہ دیئے جائیں تو پھر اور کون شہید کہلائے گا۔

دیگر وجہ شہادت

وازیں ہم درگذشتیم ۔ اگر موجبات جہاد نبودند اوشاں نیز از تصدی جہاد باز آمدہ میخواستند کہ براہ خود روند بلکہ لشکر یزید پلید نگذاشتند و محاصرہ کردند ظلماً شہید ساختند۔

مَنْ قُتِلَ دُوْنَ عِرْضِہٖ وَمَالِہٖ فَهُوَ شَهِيْدٌ

شہادت امام حسین کی دوسری وجہ

چلو اس دلیل کو بھی جانے دو۔ اگر موجبات جہاد امور نہ تھے تو امام حسینؓ بھی جہاد کے معاملے سے دستکش ہو کر چاہتے تھے کہ وہ اپنی راہ لیں لیکن یزید پلید کے سپاہیوں نے انہیں نہیں چھوڑا اور گھیر کر ظلم کے طور پر شہید کر دیا (اور حدیث کے مطابق شہید ہوتے)

"جو شخص اپنی عزت اور مال کی حفاظت میں مارا جائے تو وہ شہید ہے"

اجماع بیعت یزید و جواب آن

باقی ماند کہ اوشاں مخالفت بیعت اجماع کردند۔

جوابش اینست کہ اول اجماع مسلم نیست ۔ اگر باشد عدم مخالفت باشد۔ باایں ہمہ اجماع بر عدم جواز خروج بر فساق است ۔ و معنی آں ہر چہ ہست عرض کردہ شد۔ از اجماع بر عدم جواز خروج بر نفس فسق لازم نمی آید کہ خصوصیات زائدہ مراتب ایں کلی مشکک نیز موجب خروج نتواں شد باایں ہمہ اجماع غیر مسلم وقتیکہ حضرات حسنین رضوان اللہ علیہما و عبداللہ بن زبیرؓ و اہل مدینہ کاری کردہ باشند مخالف آں را مجمع علیہ چگونہ تواں گفت و اگر بالفرض اجماع را تسلیم کنیم آں اجماع اگر منعقد گردیدہ بعد حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ منعقد گردیدہ مخالفت ایں اجماع حضرت امام رضی اللہ عنہ را چہ مضر۔ غایۃ مافی الباب امام ہمام علیہ السلام در زمان خود در یک مسئلہ مختلف فیہ خطا کردند و لا محذور فیہ چنانچہ عرض کردہ شد۔

یزید کی بیعت پر اجماع اور اس کا جواب

باقی رہی یہ بات کہ امام حسینؓ نے یزید کی مخالفت کر کے اجماع کی مخالفت کی۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اول تو یہیں اجماع ہی تسلیم نہیں اگر کچھ ہے تو وہ (صحابہ کی) عدم مخالفت ہے۔ اس کے باوجود "فاسق خلفا کے خلاف اٹھنے کے ناجائز ہونے پر اجماع ہے" اس کے معنی جو کچھ ہیں عرض کر دیئے گئے ہیں۔ عدم جواز پر اجماع کی وجہ سے نفس فسق پر اطاعت سے روگردانی کرنا لازم نہیں آتا ہے کیونکہ اس کلی مشکک کے درجات کی خصوصیات زائدہ بھی خروج کا موجب نہیں ہو سکتیں۔ ان سب باتوں کے باوجود بھی اجماع مسلم نہیں جس وقت حضرت امام حسن اور حسین رضی اللہ عنہما اور عبداللہ بن زبیر اور اہل مدینہ نے کوئی کام کیا ہو۔ اس کام کے مخالف کو مجمع علیہ کس طرح کہہ سکتے ہیں اور اگر مان لو ہم اجماع کو تسلیم کر لیں تو وہ اجماع اگر منعقد ہوا بھی تو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے بعد منعقد ہوا۔ اس اجماع کی مخالفت، حضرت امام حسین کو مضر نہیں پڑتی۔ زیادہ سے زیادہ اس بارے میں امام حسین علیہ السلام نے اپنے زمانے میں ایک اختلافی اجتہادی مسئلے میں

خطا گفتائی اور اس میں کوئی منافقہ نہیں جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے ۔

عبارت امام نوویؒ

اکنوں وقت آں است کہ عبارت نووی دریں بارہ نقل کردہ شود تا تفصیل اجمال و تصدیق ایں مقال بدست آید (امام نووی گوید)

اجمع اھل السنة ان لا ینعزل السلطان بالفسق واما الوجه المذکور فی کتب الفقه لبعض اصحابنا انه ینعزل وحکی عن المعتزلة فغلط من قائله مخالف الاجماع - قال العلماءُ و سبب عدم انعزاله و تحریم الخروج علیه ما یترتب علی ذٰلك من الفتن واراقة الدماء و فساد ذات البین فتکون المفسدة فی عزله اکثر منها فی بقائه -

امام نووی کا اجماع بیعت پر نظریہ

اب وہ مقام آ پہنچا ہے کہ امام نوویؒ کی عبارت اس بارے میں نقل کر دی جائے تاکہ اس اجمال کی تفصیل اور اس قول کی تصدیق مل جائے۔ (امام نووی لکھتے ہیں)

اہل سنت نے اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ سلطان فسق کی وجہ سے معزول نہیں ہو جاتا اور اس کی وجہ بعض احناف کی کتب فقہ میں ذکر کی گئی ہے۔ وہ فاسق سلطان خود معزول ہو جاتا ہے[1] اور یہی بات معتزلہ کی طرف سے بیان کی گئی ہے تو یہ اس قائل کی غلطی ہے[2] اور اجماع کے خلاف ہے۔ علماء نے کہا ہے کہ اس کے معزول نہ ہونے اور اس کے خلاف علم بغاوت بلند کرنے کی حرمت کا سبب وہ فتنے، خونریزیاں اور باہمی فسادات ہیں جو اس پر مرتب ہوتے ہیں۔ اس لئے اس کے معزول کرنے میں اس کو باقی رکھنے کی بنسبت فساد زیادہ ہے۔

قول العیاض

قال القاضی عیاض اجمع العلماء علی ان الامامة لا تنعقد لکافر وعلی انه لو طرء علیه الکفر انعزل - قال وکذا لو ترك

قاضی عیاض کا قول

قاضی عیاض نے کہا ہے کہ علما کا اس بات پر اجماع ہے کہ کافر امام نہیں ہو سکتا اور اس بات پر کہ اگر اس پر کفر طاری ہو گیا تو وہ معزول ہو جائے گا[4] (پھر قاضی عیاض نے کہا ہے

---

[1] حضرت مولانا محمد قاسم صاحبؒ نے یہ فرما کر کہ زیادہ سے زیادہ امام حسینؓ کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ انہوں نے یزید کے خلاف اٹھ کر اجتہادی غلطی کی یہ بالفرض کہا ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے بلکہ انہوں نے اس کے خلاف جو کچھ کیا وہ درست کیا اور آخر مقام شہادت پایا - مترجم

[2] یعنی معزول نہ کرنے کے باوجود بھی وہ معزول سمجھا جائے کیونکہ اس میں خلافت کی اہلیت کا فقدان ہے۔ مترجم

[3] یعنی خلیفہ جو پہلے ہدایت پر تھا اور عادل و متقی تھا۔ بعد ازاں اس پر فسق طاری ہو گیا تو وہ خلافت کے لئے نااہل نہیں ہو گا۔ لہٰذا جو اس کے خلاف کہتا ہے وہ اجماع کے خلاف کہتا ہے جیسا کہ بعض اصحاب حنفیہ نے کہا ہے۔ مترجم

[4] یعنی اگر ابتداءً کوئی شخص کافر ہو تو اس کی خلافت منعقد نہیں ہوتی اور اس پر بھی اجماع ہے کہ اگر بعد میں کفر طاری ہو گیا تو وہ خود معزول ہو جائے گا۔ مترجم

اقامة الصلوٰة والدعاء عليها۔ قال وكذلك عند جمهورهم البدعة قال وقال بعض البصريين تنعقد له وتستدام له لانه متاول۔ قال القاضی فلو طرأ عليه كفر وتغيير للشرع او بدعة خرج عن حكم الولاية وسقطت طاعته ووجب على المسلمين القيام عليه وخلعه ونصب امام عادل ان امكنهم ذلك۔ فان لم يقع ذلك الا لطائفة وجبت عليهم القيام بخلع الكافر ولا يجب فی المبتدع الا اذا ظنوا القدرة عليه فان تحققوا العجز لم يجب القيام وليهاجر المسلم من ارضه الی غيرها و يفر بدينه۔ قال ولا ينعقد لفاسق ابتداء فلو طرأ على الخليفة فسق قال بعضهم يجب خلعه الا ان يترتب عليه فتنة وحرب۔

کہا یہی حکم اس وقت ہے جبکہ خلیفہ نماز کی پابندی اور نماز کی دعوت چھوڑ دے۔ پھر کہا اور یہی حکم جمہور علما کے نزدیک ارتکاب بدعت کا بھی ہے اور بقول قاضی عیاض بعض بصرے والوں نے کہا اس کے لئے بھی خلافت منعقد ہوجاتی ہے اور ہمیشہ رہتی ہے کیونکہ وہ بدعت[1] بعد میں طاری ہوتی ہے۔ قاضی عیاض نے کہا کہ اگر خلیفہ پر کفر طاری ہو جائے اور شریعت میں تبدیلی یا بدعت کا ارتکاب کرے تو امامت کے حکم سے خارج ہو جائے گا اور اس کی اطاعت ساقط ہوجائے گی اور مسلمانوں پر اس کے خلاف اٹھ کھڑا ہونا ضروری اور اس کی خلافت کو گلے سے نکال پھینکنا اور عادل امام کو قائم کرنا اگر یہ ان کے لئے ممکن ہو سکے واجب ہو جائے گا۔ پس اگر یہ واقع نہ ہو مگر ایک گروہ کے لئے تو ان پر کافر کی ولایت کو ہٹانے کے لئے کھڑا ہو جانا واجب ہے اور بدعتی کے بارے میں واجب نہیں ہے۔ مگر جب ان کو اس پر قدرت کا گمان غالب ہو[2]۔ اگر انہیں عجز کا یقین ہو تو اس کے معزول کرنے کے لئے کمربستہ ہونا واجب نہیں اور مسلمانوں کو اس کی حکومت سے ہجرت کر جانی چاہیے اور اپنے دین کو بچا لے جانا چاہیئے۔ قاضی نے کہا کہ فاسق کی خلافت ابتداً میں منعقد نہیں ہوتی ہاں اگر بعد میں خلیفہ پر فسق طاری ہوجائے تو بعض نے کہا اس کو علیحدہ کر دینا واجب ہے مگر اس صورت میں نہیں کہ فتنہ اور جنگ کا اندیشہ ہو۔

قول جماہیر سنت از فقہا و محدثین و متکلمین

قال جماهير اهل السنة من الفقهاء

جماہیر سنت فقہا، محدثین اور متکلمین کا قول

جمہور اہل سنت فقہا۔ محدثین اور متکلمین نے کہا کہ

---

[1] یعنی اگر وہ ابتداءً بدعتی ہے تو اس کی امامت منعقد نہیں ہوگی اور اگر بعد میں وہ بدعتی ہوگیا تو خود بخود معزول ہو جائے گا لیکن بعض علمائے بصرہ کے خیال کے مطابق اس کی امامت منعقد بھی ہو جائے گی اور آئندہ بھی برقرار رہے گی۔ مترجم

[2] کافر کو تو ہٹانا ضروری ہے خواہ کچھ بھی ہو لیکن مبتدع کو ہٹانے کی قدرت کا ظن غالب ہو۔ مترجم

وا لمحدثین والمتکلمین لا ینعزل بالفسق والظلم وتعطیل الحقوق ولا یخلع ولا یجوز الخروج علیہ بذلک بل یجب وعظہ وتخویفہ للاحادیث الواردۃ فی ذلک۔

قال القاضی وقد ادعی ابو بکر بن مجاهد فی هذا الاجماع وقد رد علیهم بقیام الحسین وابن الزبیر واهل المدینۃ علی بنی امیۃ وبقیام جماعۃ عظیمۃ من التابعین والصدر الاول علی الحجاج مع ابن الاشعث وتاول هذا القائل قولہ

ان لا ننازع الامر اهلہ

فی ائمۃ العدل وحجۃ الجمهور ان قیامهم علی الحجاج لیس بمجرد الفسق بل لما غیر من الشرع وظاهر من الکفر۔ قال القاضی وقیل ان هذا الخلاف کان اولا ثم حصل الاجماع علی منع الخروج علیهم واللہ اعلم انتهی بلفظہ

پس از مطالعہ ایں عبارت تصدیق اکثر مقدمات مذکورہ حاصل میشود۔ بالجملہ بر اصول اہل سنت حال یزید بنسبت سابق متبدل شد۔ نزد بعض کافر شد و نزد بعض کفر او متحقق نگشت۔ اسلام سابق مخلوط بفسق لاحق شد۔ اگر حضرت امام کافرش پنداشتند در خروج بر او چہ خطا کردند۔ امام احمد را ہمیں رای پسند خاطر افتاد مگر چنانچہ ممکن است کہ

فسق، ظلم، حقوق کے معطل کرنے کے باعث بھی معزول نہ کیا جائے اور نہ ہٹایا جائے اور اس کی وجہ سے اس کے مقابلے کے لئے کھڑا ہونا جائز نہیں بلکہ اس کو نصیحت کرنا واجب ہے اور تنبیہ کرنا ضروری ہے۔ ان احادیث کی روشنی میں جو اس بارے میں وارد ہوئی ہیں۔

قاضی عیاض نے کہا کہ ابو بکر بن مجاہد نے اس بارے میں اجماع کا دعویٰ کیا ہے اور امام حسینؓ اور ابن زبیرؓ اور اہل مدینہ کے بنی امیہ کے خلاف کھڑے ہونے کا ان پر رد کیا ہے۔ اور تابعین کی ایک بڑی جماعت اور صدر اول کے لوگوں کے حجاج ابن اشعث کے مقابلے میں کھڑے ہونے کی بھی تردید کی ہے اور اس کہنے والے کے قول کی تاویل کی ہے کہ

ہم اہل امر سے کسی امر میں نزاع نہیں کریں گے۔

(یعنی) عادل اماموں کے بارے میں نزاع نہیں کریں گے اور جمہور کی دلیل یہ ہے کہ حجاج کے خلاف کھڑا ہونا محض اس کے فسق کی وجہ سے نہیں تھا بلکہ اس وجہ سے تھا کہ اس نے شرع کو بدل دیا تھا اور کفر کا مظاہرہ کیا تھا۔ قاضی نے کہا کہ کہا گیا ہے کہ یہ اختلاف اول اول میں تھا پھر ان کے خلاف خروج کی ممانعت پر اجماع حاصل ہو گیا واللہ اعلم ان کا کلام بلفظہ ختم ہوا۔

اس عبارت کے مطالعہ کرنے کے بعد مذکورہ اکثر مقدمات کی تصدیق حاصل ہو جاتی ہے۔ بالجملہ اہل سنت کے اصول پر یزید کا حال پہلے کی نسبت بدل گیا تھا۔ بعض کے نزدیک کافر ہو گیا اور بعض کے نزدیک اس کا کفر تحقیق میں نہیں آیا۔ سابق اسلام بعد میں آنے والے فسق کے ساتھ مل گیا۔ اگر حضرت امامؓ نے اسے کافر جانا تو اس کے خلاف اٹھنے میں کیا خطا کی۔ امام احمدؒ کو بھی یہی رائے پسند آئی ہے مگر

ؔ امام احمد کو بھی یہی نسخہ پسند آئی ہے کہ یزید بعد میں کافر ہو گیا تھا لہٰذا امام حسینؓ نے اس کے خلاف علم جہاد بلند کر کے ٹھیک کیا کیونکہ وہ کافر تھا۔ مترجم

کفر کسی نزدیکی متحقق شود و نزد دیگراں نشود ہمچنیں خروج بر شورحق ایں و آں مختلف خواہد بود و اتفاق در تکفیر و تفسیق و تعدیل و تجریح کسی از ضروریات دینی یا از بدیہیات عقلی نیست کہ حاجت معذرۃ افتد۔ و در صورت فسق آنچہ پیش کردہ ام یاد خواہد بود۔ تاہم ہیچ صعوبتی بر اصول اہل سنت نیست۔ چہ یزید اندریں صورت یا فاسق معلن بود، تارک صلوٰۃ وغیرہ یا بتدع بود چہ از رؤسای نواصب است باایں ہمہ عموم خلافتش غیر مسلم۔

جیسا کہ ممکن ہے کہ کسی شخص کا کفر ایک عالم کے نزدیک تو ثابت ہوتا ہے لیکن دوسروں کے نزدیک نہیں ہوتا۔ اسی طرح اس کے خلاف اٹھنا اس کے اور اس کے حق میں مختلف ہو جائے گا اور کسی کی تکفیر و تفسیق اور تعدیل و تجریح میں اتفاق ہونا دینی ضروریات یا عقلی بدیہیات میں سے نہیں ہے کہ عذر کرنے کی ضرورت پیش آئے اور فسق کی صورت میں جو کچھ کہ میں نے پیش کیا ہے تمہیں یاد ہوگا۔ تاہم اہل سنت کے اصول پہ کوئی دشواری باقی نہیں رہی ہے کیونکہ یزید اس صورت میں یا کھلم کھلا فاسق تھا، نماز کا ترک کرنے والا وغیرہ یا بدعت کا مرتکب تھا کیونکہ وہ نواصب[1] کے سرداروں میں سے تھا۔ ان سب پہلوؤں کے پیش نظر اس کی عام خلافت کا ہونا مسلم نہیں۔

نظر بریں وجوہ بیاد ملفوظات سابقہ در حسن خروج بر وی ہیچ قباحتی نے۔ باایں ہمہ خروج بر چنیں کساں تا حال، نزد ہمہ جائز و اگر نزد ہمہ جائز نیست نزد بعض جائز۔ چنانچہ از مشاہدہ عبارت نووی واضح است۔ و در مسائل مختلفہ، خلاف یکی مر دیگراں را موجب تفسیق ایشاں آنرا و بطلان اعمال او عنداللہ نمیتواں شد۔ چنانچہ دانستہ شد۔ و اگر فرض کنیم بہ عدم جواز خروج بر چنیں کساں اجماع است اجماع حادث است، اجماع قدیم نیست تا بر اصول اہل سنت در شہادت امام ہمام تردد راہ یابد۔ زیادہ از

ان دلائل کے پیش نظر، سابقہ مقدمات کو ذہن میں رکھتے ہوئے یزید کے خلاف اٹھ کھڑے ہونے میں کوئی قباحت نہیں ہے اور ان سب باتوں کے باوجود ان جیسے لوگوں کے خلاف اٹھ کھڑے ہونا ابھی تک سب کے نزدیک جائز ہے اور اگر (بنا اختلاف کی بنا پر) سب کے نزدیک جائز نہیں تو بعض کے نزدیک جائز ہے جیسا کہ نوویؒ کی عبارت کے مطالعہ سے واضح ہے اور اختلافی مسائل میں ایک شخص کا[2] دوسرے سے اختلاف کرنا اس کا سبب نہیں ہو سکتا کہ وہ دوسرے لوگ اس اختلاف کرنے والے کو فاسق قرار دیں اور

---

[1] نواصب وہ لوگ ہیں جو حرام چیزوں کو اپنے نفسانی دلائل کے باعث حلال سمجھتے تھے جیسا کہ یزید بھی شراب پیتا تھا اور اس کو حلال سمجھتا ہوگا۔ آج کل کے شرابی بھی کہتے سنے گئے ہیں کہ شراب کی حرمت کا قرآن کریم میں کہیں ذکر نہیں ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ رجس من عمل الشیطٰن سے حرمت ثابت نہیں ہوتی۔ مترجم

[2] اگر اکثر لوگوں کے اتفاق کے خلاف کسی مسئلے میں کسی ایک صاحب الرائے نے اختلاف کیا تو اکثریت سے اختلاف کرنے والے کو نہ فاسق کہا جا سکتا ہے اور نہ اللہ کے یہاں اس کا اجتہادی عمل بیکار جائے گا جیسا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے تنہا ہوتے ہوئے یزیدیوں کی مخالفت کی۔ مترجم

زیادہ اگر کسی گوید ایں بگوید کہ حضرت امام دریں مسئلہ خطا کردند لیکن چہ حرج المجتہد یخطی و یصیب۔ بنای ثواب بر نیت خطای اجتہادی دریں بارہ مزاحم حال نمیشود۔ چنانچہ در اصول اہل سنت مصرح است و ہم واضح است۔ چہ اگر بظن غروب روزہ افطار کرد تا نماز مغرب بخواند و ہنوز آفتاب غروب نشدہ بود۔ ایں کس را آخر عمر بر خطای خود اطلاع نشد ہرگز عاقلی تجویز نمیتواں کرد کہ از ثواب محروم ماند ورنہ تکلیف مالا یطاق لازم خواہد آمد و ہو محال لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا

. . . . اس کے اعمال کو عنداللہ باطل ٹھہرائیں۔ جیسا کہ جانا گیا۔ اور اگر ہم یہ بھی فرض کریں کہ اس جیسے لوگوں کے خلاف اٹھنے کے ناجائز ہونے پر اجماع ہے تو وہ اجماع بعد کا ہے، قدیمی اجماع نہیں کہ اہل سنت کے اصول پر امام حسین کی شہادت میں کوئی شک کی گنجائش ہو سکے۔ زیادہ سے زیادہ اگر کوئی کہہ سکتا ہے تو یہ کہہ سکتا ہے کہ حضرت امامؓ نے اس مسئلہ میں غلطی کی لیکن اس سے کیا فرق پڑتا ہے کیونکہ مجتہد سے غلطی بھی ہوتی ہے اور درستی بھی۔ اس بارے میں خطائے اجتہادی کی نیت پر بھی ثواب کا ملنا مزاحم حال نہیں ہوتا ہے چنانچہ اہل سنت کے اصول میں تصریح موجود ہے اور یہ امر واضح بھی ہے اس لئے کہ سورج غروب ہونے کے گمان میں اگر کسی نے روزہ افطار کر لیا یہانتک کہ نماز مغرب بھی پڑھ لی اور ابھی تک سورج غروب نہیں ہوا تھا اور اس شخص کو عمر کے آخر حصے تک اپنی خطا پر اطلاع نہیں ہوئی تو کوئی عقلمند یہ فتویٰ نہیں لگا سکتا کہ وہ ثواب سے محروم رہا ورنہ ایسی تکلیف جس کی طاقت نہ ہو لازم آئے گی اور وہ محال ہے کیونکہ اللہ کسی نفس کو اس کی وسعت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔

آری بر طبق اصول شیعہ شہادت حضرت امام الشہداء در کنار دین و ایمان شاں ہم از دست میروند۔ نعوذ باللہ منہا۔ اگر باور نباشد بنگر کہ در کافی کلینی روایات دریں باب کہ ہر کرا تقیہ نیست دین و ایمان ندارد وارد شدہ اند مع سند نقل میکنم۔

ہاں شیعہ صاحبان کے اصول کے مطابق حضرت امام الشہداء کی شہادت[1] ان کے دین و ایمان کے ساتھ ساتھ ہاتھوں سے نکل جاتی ہے۔ نعوذ باللہ منہا۔ اگر یقین نہ ہو تو دیکھ لو کہ کافی کلینی[2] میں اس بارے میں روایات موجود ہیں کہ جو شخص تقیہ نہ رکھے اس کا دین و ایمان نہیں ہے۔ میں ان روایات کو مع سند کے نقل کرتا ہوں۔

اول:۔ عن ابن عمر عن هشام بن سالم عن ابن ابی بكر الاعجمی قال قال ابو عبد اللّٰه يا ابا عمر ان تسعة اعشار الدين فی التقية ولا دين لمن لا تقية له والتقية فی كل شئ حتی المسح علی الخفين

پہلی روایت:۔ ابن عمر سے انہوں نے ہشام بن سالم سے انہوں نے ابو بکر اعجمی سے روایت کی۔ ابو بکر نے کہا کہ ابو عبداللہ نے کہا کہ اے ابا عمر نوے فیصدی دین تقیہ میں ہے اور جس کا تقیہ نہیں اس کا دین نہیں اور تقیہ ہر چیز میں ہے حتیٰ کہ چمڑے کی جرابوں پر مسح میں بھی ہے۔

[1] مطلب یہ ہے کہ شیعوں کا ایک طرف تو دین و ایمان جاتا رہے گا اور دوسری طرف شہادت امام حسینؓ بھی ختم ہو جائے گی۔ مترجم
[2] شیعہ حضرات کی مشہور کتاب۔ مترجم

روایت دیگر:- عن محمد بن یحییٰ عن احمد بن محمد بن عمر بن حنلا و قال سالت اباالحسن علیه السلام عن القیام للولاة فقال ابوجعفر التقیة دینی و دین اٰبائی ولا ایمان لمن لا تقیة له

ازیں دو روایت مثل آفتاب روشن می برآید کہ ہر کہ تقیہ نکند بی دین و ایمان است۔

اکنوں از حضرات شیعہ التماس است کہ اگر ہمیں تقیہ است حسن خاتمہ حضرت امام الشہدا معلوم چہ جائیکہ شہادت۔ وظاہر است کہ دریں دو روایت ہیچ گونہ گنجائش تاویل یا تخصیص نیست۔ اگر تاویل فرمایند یا تخصیص بعددی وشخصی نمایند، مسموع نخواہد بود۔ اکنوں ازیں چارہ نیست کہ مذہب اہل سنت اختیار کنند۔ و اگر از اتباع حق عار و انکار است لاجرم از ائمہ دوازدہ گانہ کل یازدہ باقی خواہند ماند۔ اندریں صورت انکار از حق و اصرار بر مذہب باطل لاجرم خواہد آمد۔ چہ حضرت امام را دریں تنگی و ناچاری کہ قابل سی ہزار فوج جرار چند معدود بودند و آنہم یکی بعد دیگری شربت شہادت چشیدند تقیہ لازم بود۔ اگر اول امر امید بود۔ در آخر وقت کہ ہیچکس نماند تقیہ لازم افتادہ بود ؎

من آنچہ شرط بلاغ است با تو میگویم
تو خواہ از سخنم پند گیر خواہ ملال

وجواب دیگر انشاء اللہ تعالیٰ بشرط فرصت عنقریب بہ نظر سامی خواہد گذشت لا تقنطو

ایں دو روایت را کہ نقل کردہ شد اگر احتمال دروغ باشد مطابق نمایند۔ اگر نزد شما کافی کلینی نباشد نسخہ

دوسری روایت :- محمد بن یحییٰ سے، انہوں نے احمد بن محمد بن عمر بن خلا سے روایت کی اور کہا میں نے حضرت علی علیہ السلام سے حکام کیلئے اکڑا کھڑے ہونے کے بارے میں پوچھا تو ابوجعفر نے فرمایا "تقیہ میرا اور میرے باپ دادا کا دین ہے اور جس کا تقیہ پر اعتقاد نہیں اس کا ایمان نہیں۔

ان دو روایتوں سے آفتاب کی مانند روشن ہو جاتا ہے کہ جو شخص تقیہ نہ کرے بے دین و ایمان ہے۔

اب حضرات شیعہ سے گزارش ہے کہ اگر تقیہ یہی ہے تو پھر تو امام حسین رضی اللہ عنہ کا ایمان پر خاتمہ معلوم ہے شہادت تو کہاں۔ اور ظاہر ہے کہ ان روایات میں کسی قسم کی تاویل یا تخصیص کی گنجائش نہیں ہے۔ اگر وہ تاویل کریں یا کسی شخص اور عدد کی تخصیص کریں تو قابل سماعت نہ ہوگی۔ اب اس کے سوا چارہ نہیں ہے کہ اہل سنت کا مذہب اختیار کریں اور اگر حق کی پیروی سے انہیں شرم آتی ہے یا انکار ہے تو پھر تو یقیناً بارہ اماموں میں سے کل گیارہ رہ جائیں گے اور اس صورت میں حق سے انکار اور جھوٹے مذہب پر ضد لازم آئے گی کیونکہ حضرت امام حسین علیہ السلام کو اس تنگی اور مجبوری میں کہ تیس ہزار فوج کثیر کے مقابلے میں چند گنتی کے آدمی تھے اور وہ بھی سب شہید ہو چکے تھے، تقیہ کرنا ضروری تھا۔ اگر شروع میں غلبہ کی امید تھی تو آخری وقت میں جب کوئی نہ رہا تھا تقیہ کرنا ضروری تھا ؎

جہاں تک تبلیغ کی شرط ہے، میں تم سے کہتا ہوں
تم خواہ میری بات سے نصیحت اختیار کرو یا نہ

اور دوسرا جواب انشاء اللہ تعالیٰ بشرط فرصت عنقریب نظر گرامی سے گزرے گا ناامید نہ ہوں۔

یہ دو روایتیں جو کہ نقل کی گئی ہیں اگر ان کے جھوٹ ہونے کا شک ہو تو مطابق کر لیں۔ اگر تمہارے پاس کافی

مطبوعہ طہران نزد ما موجود است ملاحظہ نمایند۔

اللھم ارنا الحق حقا و ارزقنا اتباعہ و ارنا الباطل باطلا و ارزقنا اجتنابہ و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔ فقط

کلینی نہ ہو تو طہران کا چھپا ہوا نسخہ ہمارے پاس موجود ہے ملاحظہ کریں۔

اے اللہ ہمیں حق دکھا دے اور اس کے پیچھے چلنے کی توفیق عطا فرما اور جھوٹ کو جھوٹ کر کے دکھا دے اور اس سے بچنا نصیب فرما اور ہماری آخری دعا یہ ہے کہ تمام تعریفیں رب العالمین کے لئے ہیں۔ فقط

(نوٹ) اس مکتوب کا ترجمہ الحمد للہ آج بتاریخ ۲۷ ربیع الاول ۱۳۸۸ھ مطابق ۲۴ جون ۱۹۶۸ء مطابق ۲۰ اساڑھ ۲۰۲۵ بکرمی بروز پیر بوقت سوا گیارہ بجے صبح بہیڈ انوار ۲۹ ڈی چیپلز کالونی لائلپور بالاخانہ پر نشست میں ختم ہوا اور اس مکتوب کے ترجمے کا آغاز ۱۱ ربیع الاول ۱۳۸۸ھ ۱۰ جون ۱۹۶۸ء بروز دوشنبہ چھ بجے شام شروع ہوا تھا۔

والحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی رحمۃ للعالمین

محمد انوار الحسن شیر کوٹی

پانچواں مکتوب

مولانا فخرالحسن صاحب گنگوہی کے نام

ازعلیگڑھ یکم یا ۲ر محرم ۱۲۹۰ھ دسمبر ۱۸۷۲ء بروز جمعہ یا ہفتہ

یہ پانچواں مکتوب یعنی کہ اصل کتاب قاسم العلوم میں دسواں مکتوب ہے مولانا فخرالحسن صاحب گنگوہی کے نام ہے جن کا تذکرہ گزشتہ مکتوبات میں آپ نے پڑھا ہے۔ جہاں تک مکتوب کے مہینے کا تعلق ہے تو خط سے واضح ہے کہ محرم کے ماہ میں یہ خط لکھا گیا ہے جبکہ مولانا محمد قاسم صاحب دارالعلوم دیوبند کے تقسیم انعام کے جلسے سے فارغ ہو کر میرٹھ اور خورجہ ٹھہر کر غالباً ۲۰ر ذوالحجہ کو علی گڑھ پہنچے ہیں۔ یہ وہ زمانہ ہے جب مولانا فخرالحسن صاحب خورجہ ضلع بلند شہر میں نواب عظیم علی خان صاحب رئیس خورجہ کے یہاں تیس روپیہ پر ملازم تھے۔ المختصر مولانا اس مکتوب کے اول میں لکھتے ہیں :-

> عید کے بعد پندرھویں یا سولھویں تاریخ کو پھر دیوبند آ کر ایک روز (دارالعلوم دیوبند میں) انعام کے تقسیم کی وجہ پھر قیام کر کے ہفتہ کے روز وہاں سے روانہ ہوا اور میرٹھ میں ایک رات گذار کر خورجہ پہنچا اور دو رات وہاں رہ کر آج غالباً گیارھواں دن ہے کہ یہاں علی گڑھ پہنچ گیا ہوں۔

دارالعلوم دیوبند کی سالانہ روئدادوں کے مطالعہ سے معلوم ہوا کہ یہ جلسہ تقسیم انعام ۱۶ر ذوالحجہ ۱۲۸۹ھ مطابق دسمبر ۱۸۷۲ء کو ہوا۔ لہٰذا اس کی روشنی میں متعین ہو جاتا ہے کہ مولانا نے یہ مکتوب محرم ۱۲۹۰ھ میں لکھا ہے۔

[...]صہ مکتوب علامہ نصیرالدین محمد طوسی جو کہ شیعہ مذہب سے تعلق رکھتے تھے انہوں نے لکھا ہے کہ امام ہر قسم کے گناہ اور غلطی سے پاک ہوتا ہے۔ شیعہ حضرات بارہ ہستیوں کو اپنا امام مانتے ہیں جو اہلبیت سے نسلاً بعد نسل تعلق

رکھتے ہیں۔ سنی اصحاب بھی ان کی کمالات علم کے قائل ہیں مگر امامت کو انہیں حضرات میں محدود نہیں سمجھتے بلکہ حضرت ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بھی امام مانتے ہیں۔ شیعہ صاحبان کے یہاں امامت حسب ذیل حضرات میں منحصر ہے:۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ، حضرت امام حسنؓ، حضرت امام حسینؓ، حضرت امام زین العابدینؒ، حضرت امام باقرؒ، حضرت امام جعفر صادقؒ، حضرت امام موسیٰ کاظمؒ، حضرت امام علی رضاؒ، حضرت امام تقیؒ، حضرت امام نقیؒ، حضرت امام عسکریؒ، حضرت امام مہدیؑ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

شیعہ حضرات کے یہاں امام مہدی کا پیدا ہو کر پانچ سال کی عمر میں غائب ہو چکے ہیں لیکن اہلسنت کے عقیدے کے مطابق وہ قرب قیامت میں پیدا ہوں گے۔

۱۔ المختصر محقق طوسی نے ایک تو یہ لکھا ہے کہ امام گناہوں سے پاک ہوتا ہے۔

۲۔ دوسرے یہ کہ امام کی ضرورت اس لئے ہوتی ہے کہ رعایا میں غلطی کرنے کا احتمال ہوتا ہے لیکن امام میں نہیں ہوتا۔ اگر امام بھی غلطی کرے تو پھر تسلسل لازم آتا ہے کہ اس کی غلطی کی اصلاح کے لئے اور امام کی ضرورت ہے اور اگر وہ بھی غلطی کرے تو اس کی اصلاح کے لئے اور امام کی ضرورت ہے اس طرح ایک کی اصلاح دوسرے پر اور دوسرے کی تیسرے پر اور تیسرے کی چوتھے پر اور یہ سلسلہ ختم نہیں ہوگا جو منطق کے مطابق محال ہے لہٰذا ماننا چاہیے کہ امام غلطی سے پاک ہو تاکہ تسلسل لازم نہ آئے۔

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب علامہ طوسی کی اس دلیل کو غلط قرار دیتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ امام کا وجود قرآن کریم کے فرمانے کے مطابق اس لئے ہوتا ہے کہ وہ لوگوں کو نیکی کا حکم دے اور برائی سے روکے، دوسرے لفظوں میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اس کا کام ہوتا ہے اور یہ کہ وہ لوگوں کو نماز اور زکوٰۃ کا پابند بنائے لیکن امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے والے سے خطا اور غلطی کا امکان ہو سکتا ہے اس کا غلطیوں سے معصوم ہونا لازم نہیں۔ اس صورت میں جبکہ اگر غلطی سے معصوم قرار دیئے جائیں تو یہ لازم آتا ہے کہ انہیں کسی معاملے میں بھی رعایا اور اہل حل و عقد سے مشورے کی ضرورت نہیں حالانکہ خود رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرمایا جا رہا ہے کہ شَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ یعنی صحابہ سے مشورہ کیا کیجئے اور دوسری جگہ وَالَّذِينَ أَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ فرمایا گیا تو جب امام ہی کلام خداوندی کو سمجھ سکتا ہے اور تمام رعایا لے گئے اس کا سمجھنا محال ہے کیونکہ امام تو ان کی غلطیوں کو ٹھیک کرنے کے لئے آتا ہے تو پھر دوسرے امام کی کیا ضرورت ہے اور قرآن کریم کی یہ آیتیں تبیاناً لِكُلِّ شَيْءٍ اور هُدًى وَرَحْمَةً وَبُشْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ اور هُدًى لِلْمُتَّقِينَ بیکار ہو کر رہ جاتی ہیں۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ مسائل میں تو رعایا کی اصلاح کرے اور اس سے سمجھنے میں کوئی غلطی نہ ہو کر کوئی دوسرا عالم اس کی اصلاح کر سکے۔ مولانا محمد قاسم صاحب فرماتے ہیں کہ امام کتنا ہی بلند مرتبہ کیوں نہ ہو پھر بھی وہ نبی کا نائب ہوتا ہے۔ اگر امام میں کسی مسئلے کے سمجھنے میں غلطی محال ہے تو انبیاء میں تو بدرجہ اولیٰ غلطی محال ہونی چاہیے حالانکہ انبیاء علیہم السلام سے بھی بعض امور کے سمجھنے میں بھول ہوتی ہے مثلاً داؤد علیہ السلام نے ایک کھیت میں بکریوں کے گھس جانے اور چر لینے کے بدلے میں کھیت والے کو ساری بکریاں دلا دیں اس پر اللہ تعالیٰ نے فَفَهَّمْنَاهَا سُلَيْمَانَ فرمایا کہ ہم نے سلیمان علیہ السلام کو فیصلہ

کی سو مجبوراً بوجہ خطا قربانی - اسی طرح موسیٰ علیہ السلام کو خضر علیہ السلام یاد دہانی کراتے تھے اور وہ بھول جاتے تھے۔ آدم علیہ السلام نے بھول کر اس درخت کا پھل کھالیا جس سے منع کیا گیا تھا۔

یہ بندہ مترجم انوار الحسن عرض کرتا ہے کہ جب عذاب کا آغاز ہوا تو نوح علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا حَتّٰۤی اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ قُلْنَا احْمِلْ فِیْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَیْنِ اثْنَیْنِ وَاَهْلَكَ یعنی جب ہمارا حکم آگیا اور تنور سے پانی ابلنے لگا تو ہم نے نوح علیہ السلام سے کہا کہ کشتی میں ہر چیز کے دو دو جوڑے اور اپنے اہل کو سوار کرلو۔ چنانچہ ایسا کیا گیا مگر جب بیٹا ڈوب گیا تو نوح علیہ السلام نے عرض کیا۔

رَبِّ اِنَّ ابْنِیْ مِنْ اَهْلِیْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِیْنَ ۝

اے رب بے شک میرا بیٹا میرے اہل میں سے ہے اور آپ کا وعدہ حق ہے اور آپ حاکموں کے بڑے حاکم ہیں۔

دیکھئے نوح علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو اہل سمجھا لیکن رب العالمین کا مقصد اہل سے کچھ اور تھا چنانچہ جواب ملا۔

یٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَیْسَ مِنْ اَهْلِكَ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَیْرُ صَالِحٍ

اے نوح وہ تیرے اہل میں سے نہیں ہے کیونکہ وہ عمل صالح نہیں رکھتا۔

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب فرماتے ہیں کہ طوسی کا یہ کہنا کہ امام سے خطا اور بھول نہیں ہوسکتی قطعاً غلط ہے دیکھئے نوح علیہ السلام کے اسی معاملے کو لے لیجئے کہ اللہ تعالیٰ نے بیٹے کے بارے میں نوح علیہ السلام سے کیا فرمایا اور آئندہ آیات ملاحظہ ہوں فَلَا تَسْــَٔلْنِ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ اِنِّیْۤ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِیْنَ اور پھر نوح علیہ السلام نے کیا عرض کیا رَبِّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْــَٔلَكَ مَا لَیْسَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ ط وَاِلَّا تَغْفِرْ لِیْ وَتَرْحَمْنِیْۤ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ ۝ باری تعالیٰ اور نوح علیہ السلام دونوں کے کلام سے جو کچھ واضح ہے واضح ہے۔ لہٰذا امام سے سہو اور خطا فی الفہم کیا مشکل ہے لہٰذا طوسی کا یہ قول باطل ہے۔

علامہ طوسی کی دوسری دلیل اور اس کا رد

علامہ طوسی نے امام کی فہم میں غلطی سے معصومیت کے بارے میں دوسری دلیل یہ دی ہے کہ امام شریعت کا محافظ ہوتا ہے۔ اگر اس کی فہم میں غلطی جائز ہوسکتی تو وہ محافظ نہیں رہ سکتا۔

مولانا محمد قاسمؒ صاحب فرماتے ہیں کہ اگر دین کی حفاظت کا یہ مطلب ہے کہ قرآن و حدیث کو اعدائے دین ضائع نہ کردیں تو امام دین کی حفاظت کے کام آتے تو ہمیں کیا انکار لیکن اس سے امام کی معصومیت عن الخطا کیسے ثابت ہوتی۔ اگر کوئی شخص قرآن کریم کو حفظ کرلے چاہے وہ گناہ گار ہو تو قرآن کریم کے الفاظ کی حفاظت تو ہوگئی خواہ وہ معنی بھی نہ جانتا ہو اب رہے معنی تو علما حافظوں سے کلام سن کر اس کے معانی بیان کرکے دین کی حفاظت کرلیں گے اور قرآن کریم کی حفاظت ہوجائے گی اور یہ بھی ضروری نہیں کہ امام امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے اجراء سے پہلے بھی عالم ہو البتہ کسی عالم سے بوقت اجراء احکام ان کا علم ہوا تو کافی ہے چنانچہ طالوت امام تھا لیکن حضرت شموئیل کے بتلانے اور ہدایت پر احکام نافذ کرتا تھا۔ یہاں یہ افضل ہے کہ امام دوسروں سے علم میں زیادہ ہو لیکن ضروری نہیں کجا یہ کہ امام کا غلط فہمی سے محفوظ ہونا

ضروری ہو اور اس میں غلطی کا احتمال نہ ہو کیونکہ غلطی سے پاک ہونا صرف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے ہاں انبیاء علیہم السلام ہر قسم کے صغیرہ اور کبیرہ گناہ سے پاک ہوتے ہیں لیکن گناہ سے معصوم ہونا اور بات ہے اور فہم میں بھول ہو جانا اور بات ہے۔

مولانا محمد قاسم صاحب امام کا شریعت کی حفاظت سے دوسرے معنی یہ متعین کرتے ہیں کہ اگر طوسی کا مطلب امام کے ذمے شریعت کی حفاظت سے یہ ہو کہ شریعت کو امام خود خدائے تعالیٰ سے لے کر آتا ہے تو یہ بھی غلط ہے کیونکہ اس کے لئے طوسی نے کوئی دلیل نہیں دی۔

طوسی کی تیسری دلیل

تیسری دلیل طوسی نے یہ دی ہے کہ چونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ لہٰذا امام اولی الامر ہے اور اس کی پیروی جب ہی ممکن ہے جب وہ خطا سے معصوم ہو ورنہ اتباع کا حکم بے معنی ہے۔ نیز اگر وہ معصوم نہ ہوگا تو اس کے احکام کا انکار واجب ہوتا اور یہ تضاد ہے

مولانا محمد قاسم صاحب اس دلیل کو بھی رد کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ یہ کیا ضرور ہے کہ امام ہی اولی الامر ہو علماء جو نائب انبیاء ہوتے ہیں وہ بھی اولی الامر ہیں۔ بالفرض اگر مان لیں کہ اولی الامر سے مراد خاص اصطلاحی امام ہے تو اس صورت میں اطاعت کا منشاء ان کا اولی الامر ہونا ہے نہ کہ مطلق ان کی ذات۔ نیز امام کا ہر حکم اگر اللہ کا حکم ہے تو قابل اطاعت ہے ورنہ اگر اپنا ذاتی ہو تو قابل اطاعت نہیں۔ جیسا کہ کھجوروں کی شاخ بندی کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے فرمایا کہ اس کی کیا ضرورت ہے لیکن پھر فرما دیا اَنْتُمْ اَعْلَمُ بِاُمُوْرِ دُنْیَاکُمْ اور پھر اہل مدینہ شاخ بندی کرنے لگے۔

علامہ کی چوتھی دلیل اور اس کا رد

علامہ طوسی نے کہا کہ اگر امام گناہ کرے تو درجے میں عوام سے کمتر ہوگا کیونکہ امام گناہوں کی برائیوں سے زیادہ آگاہ ہوتا ہے اور طاعتوں کی خوبیوں سے زیادہ

خبردار۔ مولانا محمد قاسم صاحب نے علامہ کی اس دلیل کی بنیاد دو مقدموں پر بتلائی ہے۔

اول:۔ یہ کہ امامت اس شخص کی جو کمتر درجے کا نہ ہو اپنے سے افضل اور زیادہ فاضل پر نہیں ہو سکتی۔

دوسرے:۔ یہ کہ امام کو گناہوں کی برائیوں اور طاعات کی خوبیوں سے دوسروں کی بہ نسبت زیادہ آگاہی ہونی چاہئے۔

مگر مولانا نے پہلے مقدمے کو یہ کہہ کر باطل کر دیا کہ طالوت کی امامت شمویل علیہ السلام پیغمبر کے ہوتے ہوتے کیسے قائم کی گئی۔ طالوت حضرت شمویل علیہ السلام سے افضل نہ تھا اور دوسرا مقدمہ اس طرح باطل کر دیا کہ امام کا دوسروں سے علم میں زیادہ ہونا ضروری نہیں گو افضل ہے۔

خلاصہ تحقیقات طوسی

محقق طوسی کا اشارہ اس طرف ہے کہ حضرت علی اپنے علم اور فضائل کے اعتبار سے تمام میں افضل تھے لہٰذا ان کے ہوتے ہوئے کوئی امام بننے کا مستحق نہیں۔

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نے فرمایا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے فضائل سے کسی کو انکار نہیں لیکن کوئی ایسی ترازو ان کے پاس نہیں ہے جس سے وہ یہ ثابت کر سکیں کہ خلفاء ثلاثہ سے وہ افضل تھے اور افضل کے ہوتے ہوتے مفضول کی خلافت اور امامت درست نہ ہو بلکہ مولانا نے کہا کہ خلفائے ثلاثہ میں بعض ایسے فضائل ہیں جو اوروں میں نہ تھے۔ ہاں حضرت علی کرم اللہ وجہہ میں بھی بعض فضائل ایسے تھے مثلاً شجاعت وغیرہ لیکن ایسا معیار پیش کرنا مشکل ہے جس میں

حضرت علیؓ کو کلی فضیلت حاصل ہو۔

اختلاف امتی رحمة

رہا اس حدیث کے متعلق حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کی تحقیقات تو اس کا خلاصہ صرف یہ ہے کہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور امت کا اختلاف جبکہ ان کو دلی طور پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع مدنظر اور مقصود ہو اور خدا تعالیٰ کے احکام کو بجا لانا پیش نظر ہو تو پھر جو اختلاف ہوگا وہ بمجبوری ہوگا اور اس میں خواہش نفس اور حب جاہ وغیرہ کو دخل نہ ہوگا اور احقاق حق مدنظر ہوگا تاکہ صحیح راہ پر گامزن ہو سکیں۔

لیکن تختلف امتی میں جو اختلاف ہے اس اختلاف میں امت کے ارادے اور کرتوت کو دخل ہوگا۔ وہ مجبوری کا اختلاف نہیں ہوگا بلکہ ایسا اختلاف ہوگا جیساکہ اہل کتاب کے بارے میں کہا گیا ہے۔

فاختلفوا مِنْ بَعْدِ مَاجَاءَ تْهُمُ البینات بغیاً بَیْنَہُمْ

انہوں نے واضح بینات کے آجانے کے بعد آپس میں سرکشی کے طور پر اختلاف کیا

لہٰذا حالت اضطرار اور حالت اختیار میں فرق ہے۔ پہلا اختلاف رحمت ہے اور دوسرا عذاب ہے۔

پانچواں مکتوب

بنام مولانا فخر الحسن صاحبؒ

جواب استدلالات علامہ طوسی دربارۂ امامت

امامت کے بارے میں علامہ طوسی کے دلائل کا جواب

و

بیان معنی اختلاف امتی وحدیث ستفترق

اختلاف امتی رحمت اور حدیث ستفترق کی حقیقت کی وضاحت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

جامع علوم مولوی فخر الحسن صاحب دام کمالاتہ
ہیچمدان محمد قاسم پس از سلام مسنون وشوق
مکنون عرض پرداز است۔ در اوائل عشرہ ماہ گذشتہ

جامع علوم مولوی فخر الحسن صاحب دام کمالاتہ
ازنا چیز محمد قاسم سلام مسنون اور
شوق مکنون کے بعد عرض پرداز ہے کہ گذشتہ

پس از ردو کد بسیار انجام کار رفتن کول[1] تا اختتام بخاری وصحیح مسلم قرار یافتہ بود و خواستہ بودم کہ پا بریل نہم وبکول رسم۔ لیکن ہمدراں ایام لطیفۂ غیبی بعض اسباب ناگفتہ بہ را بروی کار آوردہ بجانب وطن کشید۔ پنجم ماہ مذکور بدیوبند رسیدہ ہفتم بوطن رسیدم و پس از عید پانزدہم یا شانزدہم باز بدیوبند آمدہ یکروز بغرض تقسیم انعام دیگر قیام کردہ روز شنبہ از انجا روانہ شدم۔ و بمیرٹھ (میرٹھ۔ یو۔ پی) یکشبہ گذاردہ بخورجہ رسیدم۔ و دو شب در آنجا بودہ امروز روز یازدہم است غالباً کہ در اینجا رسیدہ ام۔ ہنگام واپسی بدیوبند نامہ آنعزیز رسید۔ از ہماں روز فکر جوابش بسرم بود اما در آں کہ ہم کاہلم و ہم بمشاغل کثیرہ شاغل۔ ہر روز حوالہ بفردا میکردم و باز ہماں عذرا وں سدراہ تحریر می شد۔ امروز کہ ایں سلسلہ تحریر اجوبہ خطوط احباب جنبانیدم جواب نامہ آں عزیز نیز یاد آمد تجسس افتادم۔ بدستم نیامد لیکن خط دیگر کہنہ متضمن خیالات علامہ طوسی دربارہ امامۃ حضرت علی و دلائل ضرورۃ امام معصوم بنظر آمد۔ چوں مضمونش غیر ششش

ماہ کے پہلے دہے[1] میں بہت بحث اور حجت کے بعد آخر کار بخاری اور صحیح مسلم کے ختم ہونے تک کول[2] (علیگڑھ) کی روانگی طے پا گئی تھی۔ میری خواہش تھی کہ ریل میں سوار ہوں اور علیگڑھ پہنچ جاؤں لیکن عین ان دنوں میں غیبی ہاتھ بعض ناقابل بیان اسباب کو ظہور میں لایا جس نے مجھے نانوتے میں کھینچ بلایا۔ مذکورہ ماہ کی پانچ[3] کو دیوبند پہنچ کر سات کو وطن پہنچا اور عید[4] کے بعد پندرھویں[5] یا سولہویں تاریخ کو پھر دیوبند آکر ایک روز (دارالعلوم میں) انعام کی تقسیم کی وجہ سے پھر قیام کر کے ہفتے کے روز وہاں سے روانہ ہوا اور میرٹھ میں ایک رات گذار کر خورجہ پہنچا اور دو رات وہاں رہ کر آج غالباً گیارھواں دن ہے کہ یہاں علیگڑھ پہنچ گیا ہوں۔ دیوبند کو واپسی کے وقت آپ کا خط ملا۔ اسی دن سے اس کے جواب کا بوجھ سر پر تھا لیکن تمہیں معلوم ہے کہ میں کاہل بھی ہوں اور بہت ہی مصروفیات میں مصروف بھی۔ ہر روز خط لکھنے کو کل پر ٹالتا رہا اور پھر وہی سستی جواب لکھنے میں رکاوٹ بنتی رہی۔ آج کہ احباب کے خطوط کے جوابوں کے لکھنے کی حرکت پیدا ہوئی تو آپ کے خط کا

---

[1] گذشتہ ماہ کے پہلے دہے یعنی ۱۲۸۹ھ کے ماہ ذوالحجہ کے پہلے دس دنوں میں۔ مترجم

[2] کول پہلے زمانے میں علی گڑھ کو کہا جاتا تھا۔ مترجم

[3] ۵ ذوالحجہ ۱۲۸۹ھ مراد ہے۔ مترجم

[4] عید سے عیدالاضحیٰ مراد ہے۔

[5] پندرہویں یا سولہویں یعنی ۱۶ ذوالحجہ صحیح ہے کیونکہ دارالعلوم دیوبند کی رپورٹ میں ہے "۱۶ ذوالحجہ ۱۲۸۹ھ (دسمبر ۱۸۷۲ء) کو دیوبند کی جامع مسجد میں تقسیم انعام کے لئے ایک عام جلسہ منعقد ہوا۔ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نے اپنے دست مبارک سے انعام تقسیم فرمایا۔" (رپورٹ ۱۲۸۹ھ)۔ یہ جلسے جمعہ کے روز جمعہ کی نماز کے بعد ہوا کرتے تھے۔ یہ بھی جمعہ کے روز ہوا اور اگلے روز مولانا محمد قاسم صاحب ہفتے کے روز روانہ ہو کر میرٹھ پہنچے۔ ۱۸ ذوالحجہ کو خورجہ پہنچے۔ ۱۸ - ۱۹ ذوالحجہ اتوار پیر کو وہاں قیام فرمایا۔ ۲۰ ذوالحجہ ۱۲۸۹ھ منگل کے دن علیگڑھ پہنچے۔ دس دن علیگڑھ گذارنے کے بعد گیارھویں روز یکم محرم ۱۲۹۰ھ کو آپ نے یہ مکتوب مولانا فخرالحسن صاحب کو لکھا ہے۔ اس روز یا یکم ہوگی اور اگر چاند ۲۹ کا ہوا تو محرم کی ۲ ہوگی اور دن جمعہ یا ہفتے کا ہوگا۔ مترجم

ہماں است کہ در نامہ اخیر بود و ایں طرف چوں ایں نامہ در رفاروی وطن رسیدہ بود اتفاق تحریر جوابش نشدہ بود۔ مصلحت دید احقر آں شد کہ جواب جملہ مضامینش زیر قلم کشیدہ نزد آں عزیز برسانم شاید بدعائی یادم کنند۔ ای عزیز دست ایں افتادہ باید گرفت۔ بار گناہانم ندانم کجا برد۔

جواب لکھنا بھی یاد آیا۔ خط تلاش کرنے میں لگ گیا لیکن نہ ملا لیکن آپ کا دوسرا پرانا خط، علامہ طوسی کے حضرت علی کی امامت کے بارے میں اور "امام معصوم کی ضرورت" کے دلائل پر شامل خیالات کے متعلق نظر پڑ گیا۔ چونکہ اس کا آخری مضمون بھی وہی ہے کہ جو آخری خط میں تھا اور اس طرف چونکہ یہ خط بھاگ دوڑ میں وطن پہنچا تھا تو اس کے جواب کے لکھنے کا اتفاق نہ ہوا تھا اس لیے میری رائے یہ ہوئی کہ اس کے تمام مضامین کا جواب لکھ کر آپ کے پاس بھیجوں شاید آپ کے دل سے میرے لئے دعا نکل جائے۔ اے عزیز اس عاجز کا ہاتھ پکڑنا چاہیئے گناہوں کے بوجھ سے خدا جانے مجھے کہاں پہنچا دیا ہے۔

برادرم، علامہ طوسی بایں علم و عقل بسخنان ابہ فریب ابلہاں را می فریبد۔ دلائل عصمت ائمہ کہ نوشتہ دعاوی است نہ دلائل۔ ہاں اگر ایں دعاوی را کہ در پیرایہ دلائل آوردہ باثبات میرساید سو دلائل دعوی عصمت ائمہ و منصوص بودن آنہا می شد و اذلیس فلیس۔

میرے بھائی: علامہ طوسی اس علم و عقل کے ہوتے ہوئے بیوقوفوں کو جال میں پھنسانے والی باتوں سے بیوقوفوں کو فریب دیتے ہیں۔ انہوں نے اماموں کی گناہوں سے پاکی کے متعلق جو دلائل لکھے ہیں وہ محض دعوے ہیں دلائل نہیں ہاں اگر ان دعووں کو جو دلائل کے لباس میں انہوں نے بیان کیے ہیں ثابت کر دیتے تو وہ ان کی معصومیت کے دعوے کے اور ان کے منصوص ہونے کے دلائل بن جاتے اور جب ان کو ثابت نہ کیا تو دلیل بھی نہیں بن سکتے۔

ضرورت امام در نظر علامہ طوسی

نزد بہم کہ در دلیل اول می نویسد

کہ احتیاج امام بہر ایں است کہ در رعیت احتمال خطا است

علامہ طوسی کی نظر میں امام کی ضرورت

تم سنہ غور نہیں

کیا کہ طوسی پہلی دلیل میں لکھتا ہے کہ امام کی احتیاج اس لئے

لے علامہ طوسی۔ طوس کے رہنے والے مشہور حکیم یعنی محقق نصیرالدین محمد۔ تمام علوم حکمت و فلسفہ، علم ہندسہ، علم فلکیات، تاثیر سیارات کے ماہر تھے۔ آغاز شباب میں اپنے وطن طوس سے نیشاپور آئے اور امام سراج الدین قمری کے درس میں شامل ہوئے اور بہت بڑے ماہر علوم و فنون بن گئے۔ بارگاہ قلعہ الموت اور اسماعیلیوں کے پیشوا ناصح اعظم کی جانب سے فدائی (فرقہ اسماعیلیہ کے فدا کار) ان کو نیشاپور سے قلعہ الموت میں پہنچانے پر مامور تھے۔ چنانچہ ایک روز اچانک شارع بساتین میں گھیر لیا اور قتل کی دھمکی دے کر الموت لے گئے۔ سالہا سال وہاں قید رہے اسی قید کی حالت میں مکارم اخلاق ناصری، رسالہ معینیہ، تذکرہ (علم ہیئت میں) کشف القناع عن اسرار القطاع (اقلیدس میں) اور مجسطی کتابیں لکھیں۔ قید سے چھوٹ کر ہلاکو خان کے دربار میں پہنچے۔ بعد ازاں رصد مراغہ، زیج خانی اور شرح اشارات کتابیں لکھیں۔ غرضکہ یہ شخص اپنے زمانے کا بہت بڑا محقق، تمام علوم عقلیہ اور نقلیہ اور نظم و نثر میں علماء و حکماء میں بلند درجہ رکھتا تھا۔ مگر مذہب کا شیعہ تھا۔ اس کی وفات ۶۷۲ھ میں ہوئی۔ مذہب انسان کا غلط بھی ہو لیکن بڑے سے بڑا محقق بھی غلط مذہب کو صحیح ثابت کرنے کے لیے اپنا سب علم و فضل بالاتفاق رکھ

اگر در امام ہم احتمال خطا باشد تسلسل لازم آید انتہی۔

بر دلیل طوسی جرح قاسم العلومؒ

سبحان اللہ چہ دلیل است و چہ دعویٰ۔ اول ایں امر مسلم نیست کہ وضع امام بہر غرض مذکور است۔ بہر ہر دعویٰ دلیلی بکار است۔ اینکہ دعویٰ کردہ است کہ احتیاج امام بہر ایں غرض است از کجا آوردہ۔ از عقل و نقل شاہدی نیاوردہ۔

وجہ ضرورت امام بنظر قاسم العلومؒ

بلکہ اگر در الفاظ قرآنی غور بکار بریم ہدایتیم کہ وضع امام فقط بہر امر بالمعروف و نہی عن المنکر است۔ ارشاد فرمودند:۔

اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ۔[۲]

چوں اینقدر محقق است دریں امر بحث میکنم کہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر را عصمت ضروری است یا نی۔

ہے کہ رعایا میں غلطی کا احتمال ہے۔ اگر امام میں بھی خطا کا احتمال ہو تو پھر تسلسل[۱] لازم آتا ہے (اور تسلسل محال ہے) انتہی۔

قاسم کی جرح طوسی کی دلیل پر

سبحان اللہ کیا دلیل ہے اور کیا دعویٰ۔ اول تو یہی امر تسلیم نہیں ہے کہ امام کی ضرورت مذکورہ غرض کے باعث ہے کیونکہ ہر دعوے کے لئے دلیل درکار ہے اور انہوں نے یہ جو دعویٰ کیا ہے کہ امام کی ضرورت اس وجہ سے ہے کہ رعایا میں غلطی کا احتمال ہے، یہ دعویٰ کہاں سے گھڑا ہے انہوں نے اس کے لئے عقلی اور شرعی طور پر کوئی شاہد پیش نہیں کیا۔

قاسم العلومؒ کی نظر میں امام کی ضرورت

بلکہ اگر قرآن کریم کے الفاظ میں ہم غور کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ امام کا تقرر صرف نیکی کے حکم کرنے اور برائی سے منع کرنے کے لئے ہوا کرتا ہے چنانچہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:۔

"وہ لوگ کہ اگر ہم ان کو زمین میں اقتدار دیں تو نماز کو قائم کریں گے، زکوٰۃ دیں گے، لوگوں کو نیکی کا حکم کریں گے اور برائی کرنے سے منع کریں گے۔"

جب اتنی بات (ضرورت امام سے متعلق) تحقیق میں آ گئی تو پھر میں اس بات میں بحث کرتا ہوں کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے لئے معصوم ہونا ضروری ہے یا نہیں۔

(بقیہ صفحہ ۱۹۵) دیتا ہے۔ علامہ طوسی نے امامت کے بارے میں جو کچھ کہا ہے حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نے اس کی دھجیاں اڑا کر رکھ دی ہیں۔ مترجم (تاریخ الحکما اردو ترجمہ درۃ الاخبار فارسی صفحہ مطبوعہ الامان پریس دہلی)

[۱] تسلسل ایک منطقی اصطلاح ہے جس کا یہ مطلب ہے کہ ایک چیز دوسری پر اور دوسری تیسری پر اور تیسری چوتھی پر چلی جاتے اور یہ سلسلہ ختم نہ ہونے پاتے۔

[۲] اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ یہ آیت پارہ ۱۷ سورۃ ۲۲ رکوع ۶ میں ہے۔ مترجم۔

ضرورت عصمت برائے امر بالمعروف و نہی عن المنکر

ہر کہ بہرۂ از عقل دارد میداند کہ اگر در تحقق حوادث ضروری است فقط مبادی آں ضرور است از اجزاء و شرائط ہر چہ جز این است از ضروریات نمی تواں شد۔ اجزاء داخل ماہیت حوادث می باشد۔ کار شرائط فقط ایصال اثر واسطہ فی العروض الی المعروض می باشد۔

الغرض در تحقق حوادث اگر ضروری است واسطہ فی العروض و واسطہ فی الثبوت و معروض ضروری است۔ اجزاء در جانب واسطہ فی العروض است و معروض در جانب واسطہ فی الثبوت کہ آنرا شرائط خوانند۔ چہ شرط آں است کہ خارج از ماہیت باشد۔ و باز موقوف علیہ بود۔ و دانی کہ معروض ہمیں صفت است لیکن ہویدا است کہ عصمۃ بنسبۃ امر بالمعروف وغیرہ نہ واسطہ فی الثبوت است نہ واسطہ فی العروض نہ معروض۔

القصہ در ماہیت اقامۃ صلوٰۃ و امر بالمعروف اگر

نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے کے لئے پاکدامنی کی ضرورت

جس شخص کو عقل سے حصہ ملا ہے وہ جانتا ہے کہ حوادث کے وقوع میں آنے کے لئے کوئی ضروری چیز ہے تو وہ اس کے فقط مبادی ضروری ہیں یعنی اس کے اجزا اور شرائط ان کے سوا جو کچھ ہے وہ ضروریات میں سے نہیں قرار دیا جا سکتا۔ اجزاء تو حوادث کی حقیقت میں داخل ہوتے ہیں اس لئے ضروری ہیں اور شرائط کا کام تو واسطہ[1] فی العروض کا اثر معروض تک پہنچانا ہوتا ہے۔

غرض یہ ہے کہ حوادث کے واقع ہونے میں اگر ضروری ہے تو واسطہ فی العروض اور واسطہ فی الثبوت اور معروض ضروری ہے رہے اجزا تو وہ واسطہ فی العروض کی جانب میں ہیں اور معروض واسطہ فی الثبوت کی جانب میں ہے کہ اس کو شرائط کہتے ہیں کیونکہ شرط وہ ہوتی ہے جو کہ ماہیت سے خارج ہو کر پھر موقوف علیہ ہو۔ اور تمہیں معلوم ہی ہے کہ معروض اسی صفت پر ہوتا ہے لیکن ظاہر ہے کہ معصومیت امر بالمعروف وغیرہ کے لحاظ سے نہ واسطہ فی الثبوت ہے نہ واسطہ فی العروض ہے اور نہ خود معروض ہے۔ (لہٰذا معصومیت نہ جزء کے درجے میں ہے اور نہ شرط کے درجے میں)

قصہ یہ ہے کہ اقامت صلوٰۃ اور امر بالمعروف کی

---

[1] واسطہ کی دو قسمیں ہوتی ہیں ایک واسطہ فی العروض اور دوسرا واسطہ فی الثبوت۔ واسطہ فی العروض وہ ہوتا ہے جس میں واسطہ حقیقی سے اول متصف ہوتا ہے اور ذی واسطہ دوسرے درجے میں۔ جیسے ہاتھ کی حرکت قفل کھولتے ہوئے چابی کی حرکت کے لئے واسطہ ہے کہ دونوں متحرک ہیں۔ پہلے ہاتھ حرکت کرتا ہے اور پھر چابی ہاتھ کے واسطے سے حرکت کرتی ہے لیکن واسطہ فی الثبوت میں صرف واسطہ ہی متصف بالعرض ہوتا ہے اور ذی واسطہ حکماً متصف ہوتا ہے جیسے کشتی اور کشتی میں بیٹھنے والا کہ حرکت کشتی ہی کرتی ہے اور بیٹھنے والا کو ہوتا ہے لیکن وہ حرکت کشتی کے واسطے سے سوار کے لئے بھی ثابت ہے۔ مترجم

بنگریم امری نمی برآید کہ با عصمت ہم آغوش بود بلکہ ایں ہم ضروری نیست کہ آمر بالمعروف وغیرہ وقت تمکین او عالم بجمیع علوم باشد۔ آری اینقدر ضروری است کہ قبیل از امر بالمعروف ونہی عن المنکر از معروف ومنکر آگاہ شود اگرچہ از زبان دیگر علما باشد۔ چنانچہ پیدا است ورنہ امامت دیگراں درکنار خود امامت حضرت پیغمبر آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم محل تامل خواہد بود۔ چہ علوم نبوی صلی اللہ علیہ وسلم علوم تدریجی است۔ باقی ماند اینکہ تسلسل خواہد بود۔ سبحان اللہ ایں چنیں فہم و فراست ہمچنیں علامہ را میرزد۔ اگر مجموعہ دیں معلوم یک عالم می بود آں وقت البتہ اگر علامہ شیعیان ایں چنیں ارشاد میفرمود بجا بود ورنہ بطور معقول می تواند کہ در یک ہزار مسئلہ امام وقت تصحیح مدارک رعیت فرماید و در یک مسئلہ مثلاً از رعیت تصحیح علم خود خواہد۔ ہاں اگر بر امام شوری در وقائع نازلہ و مسائل واردہ از علما رعیت حرام بودی و باز واجب بودی کہ ہرچہ در رای او آید بفرماید، اگرچہ مخالف دیگراں باشد آں وقت دلیل مذکور شاید با تمام میرسید مگر شاید آیہ۔

ماہیت کو اگر ہم غور سے دیکھیں تو کوئی بات ایسی نہیں نظر آتی ہے کہ جو عصمت کے ساتھ وابستہ ہو بلکہ یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ امر بالمعروف وغیرہ اپنی قدرت کے وقت تمام علوم کا عالم ہو۔ ہاں اس قدر ضروری ہے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے ذرا پہلے، معروف اور منکر سے واقف ہو اگرچہ دوسرے علما کی زبان کے ذریعے سے ہی ہو۔ چنانچہ ظاہر ہے ورنہ دوسروں کی امامت تو الگ رہی خود حضرت پیغمبر آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی امامت محل تامل ہو جائے گی کیونکہ علوم نبوی صلی اللہ علیہ وسلم تدریجی علوم ہیں۔ باقی رہا علامہ کا یہ قول کہ تسلسل لازم آئے گا، واہ واہ کیا کہنے، اس جیسی فہم و فراست ان جیسے علامہ کو ہی زیب دیتی ہے۔ اگر سارا دین ایک ہی صاحب علم کے معلومات کا مجموعہ ہوتا اس وقت البتہ اگر شیعوں کے یہ علامہ یہ بات ارشاد فرماتے تو بجا تھا ورنہ عقلی طور پر ہو سکتا ہے کہ ہزار مسائل میں سے امام وقت پبلک کے معلومات کی تصحیح کرے اور ایک مسئلہ میں مثلاً رعایا سے اپنے علم کی تصحیح کرائے۔ ہاں اگر نازل ہونے والے واقعات اور پیش آنے والے مسائل میں علمائے رعایا سے مشورہ کرنا امام پر حرام ہوتا اور پھر یہ بھی واجب ہوتا کہ جو کچھ اس کی رائے میں آئے فرما دے اگرچہ ان کا فرمایا ہوا دوسرے علما کے مخالف ہی کیوں نہ ہو اس وقت مذکورہ دلیل شاید پوری ہو سکتی

شاید آیت ذیل،

وَالَّذِیْنَ اَمْرُھُمْ شُوْرٰی بَیْنَھُمْ

(سورۂ شوریٰ رکوع ۴)

تا بگوش علامہ نرسیدہ۔ و چوں رسیدی ایں کار کار سنیاں است با حفظ آیات شیعیان را چہ سروکار۔ و آنہم چنیں علامہ روزگار را کہ مقتدائے فرقہ خود باشد۔ معہذا خطابات عامہ مثل یَا اَیُّھَا النَّاسُ، یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وغیرہ باز بہر چہ کار لند۔ و ہمچنیں آیۃ

فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ کُلِّ فِرْقَۃٍ مِّنْھُمْ طَآئِفَۃٌ

(سورۂ توبہ رکوع ۱۵)

اور وہ لوگ کہ ان کا معاملہ آپس میں مشورہ سے ہوتا ہے۔

علامہ کے کان تک نہیں پہنچی ہے اور کیسے پہنچتی کہ یہ کام تو سنیوں کا ہے۔ آیتوں کے حفظ سے شیعوں کو کیا تعلق اور وہ بھی اپنے زمانے کے اس جیسے علامہ کو کہ جو اپنے فرقے کا پیشوا ہو اس کے ساتھ عام خطابات جیسے اے لوگو! اے ایمان والو! وغیرہ پھر کس مقصد کے لئے ہیں اور اسی طرح یہ آیت

"ان میں سے ہر فرقے میں کیوں نہ ایک گروہ" الخ

نعوذ باللہ لغو گفتار خواہد ماند - اگر فہم کلام ربانی سوائے معصوم دیگراں را محال بود ایں خطابات وچو آیات از قسم تکلیف مالا یطاق است ورنہ امام را کلام ربانی کافی است آخر در شان ہمیں کلام تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَهُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ فرمودہ اند - وقتیکہ امام را فہم کلام است وکلام تبیانا لکل شی باز چہ حاجت کہ امام معصوم باشد - آری اگر تبیانا لکل شیٔ نبودی ضرورت وحی افتادی آنوقت اگر عصمت شرطی فرمودند کہ نزد ما بہر وحی ضروری نیست ضروری میگفتیم - ہاں مثل انبیا اگر پیروی افعال ائمہ ہم از ہر قسم کہ باشد فرض بودی آنوقت البتہ بحکم برہان عصمت ائمہ ضروری بود وایکہ علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین من بعدی فرمودہ لہذا اطاعت و اتباع مطلق افعال لازم نفرمودہ اند بلکہ سنن معتادہ کہ پیش نظر ہر آئندہ وروندہ از اصحاب وعلما کردہ باشند - زیراکہ خلفاء راشدین بحکم عموم خطاب اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ[1]

وہمچنیں بارشاد عموم

من احدث فی امرنا ھذا ما لیس منہ فھو رد۔[2]

مامور آں اند کہ عمل بِمَآ اُنْزِلَ کنند وپیروی ما سوا

خدا کی پناہ فضول ہو کر رہ جاتے گا - اگر کلام خداوندی کا سمجھنا معصوم کے سوا دوسروں کیلئے محال ہوگا تو اس قسم کے خطابات اور آیات تکلیف مالا یطاق کی قسم سے ہو جائیں گی ورنہ امام کو تو کلام ربانی ہی بس ہے تو آخر اسی کلام ربانی کی شان میں "ہر چیز کا بیان کرنے والا اور مومنین کے لئے خوشخبری، رحمت اور ہدایت اور متقین کے لئے ہدایت" اللہ تعالیٰ نے فرماتے ہیں جبکہ امام میں کلام سمجھنے کی قابلیت ہے اور کلام خود ہر چیز کا بیان ہے پھر کیا ضرورت ہے کہ امام معصوم ہو - ہاں اگر کلام ربانی ہر چیز کا بیان نہ ہوتا تو وحی کی ضرورت پڑتی اور اس وقت امام کیلئے معصوم ہونا شرط قرار دیتے کیونکہ معصومیت ہمارے نزدیک وحی کے لئے ضروری ہے " ہم بھی ضروری کہتے ہاں انبیا کی طرح سے ائمہ کے افعال کی پیروی بھی خواہ وہ افعال کسی قسم کے ہوں اگر فرض ہوتی تو البتہ دلیل کی بنا پر ائمہ کا معصوم ہونا ضروری ہوجاتا (کیونکہ انبیاء کی طرح ائمہ بھی واجب الاطاعت ہیں) مطلق افعال کی پیروی اور اتباع کو ضروری نہیں فرمایا ہے بلکہ وہ مروجہ سنتیں جو ان خلفاء نے صحابہ اور علماء میں سے ہر آنے اور جانے والے شخص کی نظروں کے سامنے کی ہوں اس لئے کہ خلفائے راشدین عام خطاب "پیروی کرو تم جو کچھ تمہاری طرف تمہارے رب کی طرف سے نازل ہوا اور اسکے سوا اولیا کی پیروی مت کرو" کے حکم کے مطابق اور اسی طرح عام حکم کے مطابق کہ "جس شخص نے ہمارے اس امر (یعنی دین) میں ایسی نئی بات پیدا کی جو دین میں سے نہیں ہے تو وہ قابل رد ہے" اس بات کے مامور ہیں کہ اللہ کی طرف سے نازل کی گئی

---

[1] پوری آیت یہ ہے اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝ (سورہ اعراف رکوع نمبر ۱) مترجم

[2] اس حدیث کا گذشتہ کسی مکتوب میں حوالہ دیا جا چکا ہے جو حضرت عائشہؓ سے مروی ہے - حدیث یہ ہے :- عن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ اَحْدَثَ فِیْ اَمْرِنَا ھٰذَا مَا لَیْسَ مِنْہُ فَھُوَ رَدٌّ (بخاری ومسلم) مترجم۔

نکنند و ایں طرف خطاب كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ الخ بگوش ہمہ اہل اسلام فرارسیدہ و پروانہ وَائْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ سینۂ بی باکاں دریدہ امیر باشد یا خلیفہ۔ نظر بریں نہ ادانی رعیت را گنجائش رد و انکار، و امیر و خلیفہ را استماع نصیحت ہر کس و ناکس درکار بود اکنوں غور بکن کہ چوں رعیت چنیں باشد و امیر چناں واز آنطرف حکم اِتَّبِعُوْا مَا اُنْزِلَ و نعرۂ من احدث الخ قافیہ را چناں تنگ کردہ باشد ممکن نیست کہ امری غیر مشروع و محدث جاری تواں شد۔ اگر گاہ و بیگاہ بحکم خطاء بشری و غلطی فہم حکمی خلاف مَا اُنْزِلَ خلیفہ صادر فرمودہ باشد ہماندم ارکین دین تنبیہ فرمودہ باشند۔ و باز بجادہ مستقیم آوردہ باشند۔

چیز کی پیروی کریں اور اللہ کی نازل کی ہوئی چیز کے ماسوا کی پیروی نہ کریں اور اس طرف "تم ایک ایسی امت ہو جو لوگوں کے لئے پیدا کی گئی ہو کہ لوگوں کو نیکی کا حکم کرتے ہو اور برائی سے منع کرتے ہو"[1] کا خطاب تمام مسلمانوں کے کانوں میں پہنچ چکا ہے اور "آپس میں نیکی کا ایک دوسرے کو حکم کرو" کے پروانے نے بے خوف لوگوں کے سینوں کو چاک کر دیا۔ امیر ہو یا خلیفہ نظر بنابریں نہ تو رعایا کے ادنیٰ طبقے کو رد کرنے اور انکار کی گنجائش رہتی ہے اور نہ امیر اور خلیفہ کو ہر کس و ناکس کی نصیحت کو سننے کی ضرورت باقی رہتی ہے۔ اب غور کرو کہ جب رعیت ایسی ہو اور خلیفہ اس طرح کا ہو۔ دوسری طرف "پیروی کرو جو تمہاری طرف نازل کیا گیا" کا حکم اور "من احدث" کا نعرہ اس طرح قافیہ تنگ کر رہا ہو تو پھر ممکن نہیں ہے کہ کوئی بات بھی شریعت کے خلاف یا کوئی بدعت جاری ہو سکے۔ اگر وقت بے وقت خطاء بشری اور غلط فہمی کے باعث خلیفہ نے خلاف قرآن کوئی حکم صادر کر دیا ہو تو اسی وقت دین کے ارکین نے ضرور تنبیہ فرمائی ہو گی، اور پھر سیدھی راہ پر اس کو لے آئے ہوں گے۔

اکنوں بداں کہ سنت خلفاء آں خطاء اول خواہد بود یا صواب ثانی بلکہ اگر فہم باشد لفظ سنت خود بر سلوک و معمول بودن آں دلالت دارد کہ بی تکرر عمل صورت نہ بندد۔ چنانچہ محاورہ دانان عرب و واقفان الملافات قرآن و حدیث واقف اند۔

اب غور کرو کہ سنت خلفاء وہ خطا ہوگی جو اولاً ہو گئی تھی یا وہ رائے ثواب امر غلط قرار دیا جاتے کا جو ابتداء میں ان سے از رہ بشریت سرزد ہو گیا تھا یا وہ امر درست جو بعد میں ارکان دین کے مشورے سے طے پایا۔ خلفا کی سنت پہلی غلطی ہو گی یا جو بعد میں قائم ہوئی بلکہ اگر عقل ہو تو سنت کا لفظ خود اس بات کے مروج ہونے اور معمول ہونے پر دلالت کرتا ہے جس کی صورت بار بار عمل کئے بغیر اختیار نہیں کرتی۔ چنانچہ عربی محاورات جاننے والے اور قرآن و حدیث کی تعبیرات سے واقف لوگ سمجھتے ہیں۔

بالجملہ معصومیت اگر ضروری است در پیروی اعمال

خلاصہ یہ کہ معصومیت اگر ضروری ہے تو اعمال کی

---

[1] پوری آیت یہ ہے كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ط وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ط مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ○ مترجم

ضروری است ۔ باقی در نزول وحی آں را مداخلتی نیست آری در باب ایصال معصومیت از کذب ضروری است فقط۔ مگر ایصال چیزی دیگر است و نزول چیز دیگر البتہ غرض در نزول ہمیں ایصال است در نبی و نائبان نبی فقط چہ اگر وحی متعلق بخاصہ نفس موحی الیہ باشد آنجم بعصمت از کذب ہم سروکار نخواہد ماند۔ با اینہمہ میگوئیم کہ امام ہر چند بلند مرتبہ باشد اما تاہم نائب نبی است۔ اگر در امام خطاء فہم محال است در نبی بدرجہ اولیٰ ممتنع خواہد بود مگر حافظان قرآنی میدانند کہ اکابر انبیا مثل آدم و موسیٰ علیہما السلام و داؤد علیہ السلام در فہم مطالب و حقائق و وقائع خطا کردہ اند۔ حضرت آدم علیہ السلام در فہم حکم و خطاب

پیروی میں ضروری ہے۔ باقی وحی کے نزول میں اس کو دخل نہیں ہے۔ ہاں تبلیغ احکام کے سلسلے میں جھوٹ سے فقط پاک ہونا ضروری ہے لیکن کسی آیت کا پہنچا دینا اور بات ہے اور نزول آیت دوسری بات ہے۔ البتہ وحی کے نازل ہونے کی غرض نبی اور نائب نبی کو صرف وحی کا پہنچا دینا ہے۔ کیونکہ اگر وحی صرف پیغمبر کی ذات خاص سے متعلق ہو تو اس وقت کذب سے معصوم ہونے سے بھی کوئی سروکار نہ رہے گا۔ اس کے باوجود میں کہتا ہوں کہ امام کتنا ہی بلند مرتبہ ہو پھر بھی نبی کا نائب ہے۔ اگر امام میں سمجھنے میں غلطی محال ہے تو نبی میں بدرجہ اولیٰ غلطی ناممکن ہوگی۔ لیکن قرآن کے حافظ جانتے ہیں کہ بڑے بڑے پیغمبر مثلاً

آدم اور موسیٰ علیہما السلام اور داؤد علیہ السلام سے بھی حقائق اور واقعات کے مطالب کے سمجھنے میں بھول چوک ہو گئی ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام سے اس خطاب اور حکم کے بارے میں

لَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ

خطا کردند۔ و اگر شیعیان بمقابلۂ ما گویند کہ ہر چہ کردند عمداً کردند خطا نکردند، عذر گناہ بدتر از گناہ باشد۔ باقی حضرت موسیٰ علیہ السلام با اینہمہ سامان تذکر و اسباب یادگاری کہ از یاد کردن قصۂ قصد مصاحبہ حضرت خضر علیہ السلام تا آخر صحبت ہویدا است در فہم حقائق آں وقائع کہ حضرت خضر نمودند او کجا بکجا رسیدند و حضرت داؤد علیہ السلام با آنکہ نبی بودند در قصہ نفش غنم کہ در آیۃ

"کہ اس درخت کے پاس تم دونوں مت جانا"

بھول چوک ہو گئی اور اگر شیعہ ہمارے مقابلے میں یوں کہیں کہ انھوں نے جو کچھ کیا جان بوجھ کر کیا نہ کہ بھول سے کیا[1] تو عذر گناہ، گناہ سے بدتر ہوگا۔ باقی حضرت موسیٰ علیہ السلام باوجود ان تمام یاد دہانیوں کے سامان کے ہوتے ہوئے قصے کے یاد رکھنے کی وجہ سے واضح ہے پھر بھی ان واقعات کی اصلیت کے سمجھنے میں جو حضرت خضر[2] سے نمودار ہوئے کہاں سے کہاں پہنچے اور حضرت داؤد علیہ السلام باوجود

[1] جان بوجھ کر کرنے کی تردید خود قرآن کریم کر رہا ہے چنانچہ فرماتے ہیں فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا آدم علیہ السلام نے درخت کے پھل کو بھول کر کھا لیا اور ہم نے جان بوجھ کر کھانے کا ارادہ نہیں پایا۔ (مترجم)

[2] موسیٰ علیہ السلام اور خضر علیہ السلام کا واقعہ مشہور ہے کہ کشتی کا تختہ توڑنے ایک لڑکے کے قتل کرنے اور دیوار سیدھی کرنے کے بارے میں موسیٰ علیہ السلام بار بار بھول میں مبتلا ہو رہے تھے حالانکہ خضر علیہ السلام نے دو دفعہ صبر سے واقعات دیکھتے جانے کی دہائی کرائی اور موسیٰ علیہ السلام بھول کی معذرت کرتے رہے۔ مترجم

وَدَاوٗدَ وَسُلَیْمٰنَ اِذْ یَحْکُمٰنِ فِی الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِیْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ وَکُنَّا لِحُکْمِهِمْ شٰهِدِیْنَ فَفَهَّمْنٰهَا سُلَیْمٰنَ الخ

مذکور است، بحقیقة الامر نرسیدند و حضرت سلیمان علیه السلام باآنکه تا آنزمانه نبی نشده بودند حق بحقدار رسانیدند والله اعلم بحقیقة الحال

اسی بات کے کہ نبی تھے بکریوں کے کھیت چر جانے کے بارے میں جو کہ آیت

"اور داؤدؑ اور سلیمانؑ جبکہ فیصلہ کر رہے تھے کھیتی کے بارے میں جبکہ اس کو قوم کی بکریوں نے چر لیا تھا تو ہم ان کے حکم کو دیکھ رہے تھے۔ ہم نے سلیمانؑ کو اس مسئلہ میں سمجھا دیا" الخ

مذکور ہے۔ داؤد علیہ السلام نبی ہونے کے باوجود حقیقت امر کو نہ پہنچے اور حضرت سلیمان علیہ السلام باوجودیکہ اس وقت نبی نہ تھے انہوں نے حق حقدار کو دلا دیا۔ باقی حقیقت حال کو اللہ زیادہ جانتا ہے۔

اول الحاصل اول، دلیل اول ناتمام است واگر تمام است ہرچہ در امام ضروری است در نبی ضرورتر۔ چوں آنجا نیست اینجا چگونہ ضروری بود۔ این است حال دلیل اول۔ و از حال دلیل ثانی مپرس کہ ازیں ہم بترا است۔

الحاصل پہلے تو یہ بات ہے کہ علامہ کی دلیل اوّل ہی ناقص ہے اور اگر مکمل مان لی جائے تو جو بات امام میں ضروری ہے وہ نبی میں زیادہ ضروری ہے۔ جب نبی میں نہیں تو امام میں کس طرح ضروری ہے۔ یہ تو ہے اول دلیل کا حال۔ رہی دوسری دلیل اس کا تو پوچھنا ہی کیا کہ پہلی سے بھی بدتر ہے۔

نزد علامہ طوسی امام حافظ شریعت است

علامہ طوسی می نویسد کہ امام حافظ شریعت است۔ اگر خطاء در فہم او جائز باشد حافظ نباشد۔ سبحان اللہ۔

بریں فہم و دانش بباید گریست

اگر مطلبش اینست کہ شریعت را وجودی است در خارج اما در محل آفات از دست برد مخالفاں اندیشہ گم گشتگی

علامہ طوسی کے نزدیک امام حافظ شریعت ہوتا ہے

علامہ طوسی لکھتے ہیں کہ امام شریعت کا حافظ ہوتا ہے۔ اگر اس کی فہم میں غلطی جائز ہو سکتی ہے تو پھر وہ محافظ نہ ہوا۔ سبحان اللہ

اس سمجھ اور علم پہ رونے کا مقام ہے۔

اگر مطلب یہ ہے کہ شریعت کا خارج میں وجود ہے البتہ آفات کے مواقع پر دشمنوں کی دستبرد سے گم ہو جانے کا

ﻟﮧ داؤد علیہ السلام کا کھیت کے بارے میں فیصلہ اور سلیمان علیہ السلام کا تصفیہ گذشتہ مکتوب کے حاشیے میں گذر چکا ہے۔ یہ آیت سورہ انبیاء میں ہے۔ مترجم

علم۔ ما نیز میگوئیم کہ شریعت محمدی دریں عالم خود حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم آوردہ اند کلام ربانی بطفیل اوشاں نزول فرمودہ و خود اوشاں صلی اللہ علیہ وسلم بشہادت یُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ بیان مطالبش نمودند۔ اما اندیشہ ہا است کہ اعدائے دین برہم زنند کلام اللہ را بسوزند و احادیث را کہ شرح معانی قرآنی است بشویند یا ہرچہ ساماں بوئی دین و زوال شرح متین ازیں جہاں باشد بکنند لیکن بہر نگاہداشت ایں چنیں دین متین کہ در خزانہای الفاظ معلومہ مرکوز است فہم معانی چہ ضرور است۔

اندیشہ ہے مسلم۔ ہم بھی کہتے ہیں کہ شریعت محمدی اس دنیا میں خود حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم لائے ہیں۔ کلام ربانی ان کے طفیل میں اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا اور خود انہوں نے ان پر اللہ کا درود وسلام ہو" یعلمهم الكتٰب والحكمة " کی گواہی کے مطابق اس قرآن کریم کا مطلب بیان فرمایا لیکن ایسے خطرات موجود ہیں کہ دین کے دشمن اس کو درہم برہم کر دیں اور کلام اللہ کو جلا دیں اور حدیثوں کو کہ قرآن کریم کے معانی کی شرح ہیں مٹا دیں یا جو بھی دین کی پراگندگی اور شرح متین کے زوال کی صورت اس دنیا میں ہو سکتی ہے کر ڈالیں لیکن اس جیسے دین متین کی حفاظت کیلئے کہ الفاظ معلومہ کے خزانوں میں مدفون ہے معانی کا سمجھنا کیا ضرور ہے۔

حافظان قرآن الفاظ را یاد میکنند و از معانی خبر ندارند و عالماں کہ الفاظ یاد ندارند از وشاں پرسیدہ معانی می برآرند

قرآن کریم کے حافظ صاحبان الفاظ کو یاد کرتے ہیں اور انہیں معانی کا کچھ پتہ نہیں ہوتا اور علما حضرات جو کہ الفاظ قرآن یاد نہیں رکھتے حافظوں سے پوچھ کر معانی نکال لیتے ہیں۔

اصل دین کلام مبین است

بالجملہ اصل دین کلام مبین است کہ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ برآں شاہد است و احادیث بحکم يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ شرح آن۔ ہر کہ ایں متن و آں شرح را یاد کرد حافظ دین شد۔ فہمیدہ باشد کہ نفہمیدہ باشد آری وقت تنفیذ احکام کہ بجاں امر بالمعروف و نہی عن المنکر است فہم دین ضروری است آں را خود فہمی آمر ضرور نیست چنانکہ دانستہ۔

اصل دین کلام مبین ہے

بالجملہ اصل دین کلام مبین ہے کہ جو ہر چیز کو بیان کرنے والا ہے اور حدیثیں یُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ کے حکم کے مطابق اس کی شرح ہیں۔ جس نے اس متن (کلام اللہ) اور اس شرح (یعنی احادیث) کو یاد کر لیا وہ دین کا حافظ ہو گیا خواہ اس نے معنی سمجھے ہوں یا نہ سمجھے ہوں۔ ہاں احکام[1] کو نافذ کرنے کے وقت کہ یہ نافذ کرنا ہی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ہے دین کا سمجھنا ضروری ہے۔ اس کے لیے خود آمر کا سمجھنا ضروری نہیں ہے جیسا کہ تمہیں معلوم ہو گیا ہے۔

[1] احکام کے نفاذ کے وقت امر کا خود سمجھنا ضروری نہیں ہے کیا ... مطلب کے سمجھانے پر اس کے متعلق نفاذ امر کیونکہ ... فہم دین ... اگر چہ ... [illegible] مترجم

وازہمیں جا است کہ طالوت امام بود و نبی نبود والیک نبی در برابر میداشت تا ہرچہ بفرماید ایں نیز ہماں بفرماید دیگر مرادش اینست کہ اقامت دین بفرماید ما نیز میگوئیم کہ امام مقیم دین و حامی شرع متین کہ ہمانا مرادف اقامۃ الصلوٰۃ وایتاء الزکوٰۃ وامر بالمعروف ونہی عن المنکر است می باشد لیکن ایں قدر را علم ہم ضرور نیست تا بعصمۃ از خطاء فہم چہ رسد۔ آری افضل ہمیں است کہ اعلم از دیگراں باشد مگر نہ آنکہ احتمال خطا ممکن نباشد چہ ایں خود سواء ذات کبریائی ممکن نیست۔ نبی باشد یا ولی۔ چنانچہ قصص مذکورہ بایں نظر کہ قصص اکابر انبیاء اند بہر اثبات ایں کلیہ کافی است چہ دیگراں از انبیاء بدرجہ اولی در محل خطا خواہند بود۔ والا قصص مذکورہ دریں بارہ دلیل کافی نیست قصہ اسیراں بدر کہ خود قصہ سرور انبیاء است دلیل عدم عصمۃ فہم انبیاء است۔

اور یہیں سے یہ بات نکلتی ہے کہ طالوت[1] امام تھا اور نبی نہ تھا لیکن اپنے ساتھ ایک نبی (شموئیل علیہ السلام) بھی رکھتا تھا تاکہ وہ نبی جو فرمائے یہ بھی وہی حکم دے۔ اور اگر اس کی (طوسی کی) مراد یہ ہے کہ دین کو قائم کردے۔ ہم بھی کہتے ہیں کہ امام دین کا قائم کرنے والا اور شرع متین کی حمایت کرنے والا ہوتا ہے کہ وہی نماز قائم کرنے، زکوٰۃ دینے، نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے کے مترادف ہے، لیکن اتنی بات کیلئے خود عالم ہونا ضروری نہیں ہے۔ کجا غلط فہمی سے محفوظ ہونا ضروری ہو۔ ہاں افضل بات یہی ہے کہ دوسروں سے زیادہ عالم ہو۔ مگر نہ یہ کہ غلطی کا احتمال اس میں ممکن نہ ہو کیونکہ غلطی سے پاکی سوائے ذات خداوندی کے اور کسی کیلئے ممکن نہیں ہے۔ نبی ہو یا ولی۔ چنانچہ انبیاء کے مذکورہ واقعات اس نظر سے کہ وہ بڑے بڑے انبیاء کے قصے ہیں اس قاعدہ کلیہ کے ثابت کرنے کے لئے کافی ہیں کیونکہ دوسرے (چھوٹے انبیاء) بدرجہ اولیٰ خطا کی جگہ میں واقع ہو جائیں گے مگر مذکورہ واقعات اس بارے میں کافی وشافی دلیل نہیں ہیں تو بدر کے قیدیوں[2] کا قصہ جو کہ خود انبیاء کے سردار کا قصہ ہے۔ انبیاء علیہم السلام کے خطائے فہم سے غیر معصوم ہونے کی دلیل ہے۔

الغرض عصمت عملی چیزے دیگر است وعصمت فہمی چیزے دیگر۔ دریں قدر شک نیست کہ انبیاء دیدہ و دانستہ مخالفہ اوامر و نواہی خداوندی نمیکنند۔ و دلیلش یاد دارم کہ در پرچہ ہای سابق عرضداشتہ ام لیکن ازیں قدر عصمۃ فہمی

غرض یہ ہے کہ انبیاء کی عملی عصمت (گناہ سے معصوم ہونا) اور چیز ہے اور فہم کی عصمت دوسری چیز ہے۔ اتنی بات میں شک نہیں ہے کہ انبیاء جان بوجھ کر خداوند کریم کے اوامر اور نواہی کی مخالفت نہیں کرتے ہیں اور اس کی دلیل مجھے یاد

---

[1] موسیٰ علیہ السلام کے بعد ایک بادشاہ جالوت نے بنی اسرائیل پر حملہ کیا۔ ان پر مسلط ہوا اور ان کو لوٹا اور شہر سے نکال دیا۔ بنی اسرائیل بیت المقدس میں جمع ہوئے اور اپنے زمانے کے پیغمبر شموئیل علیہ السلام سے کہا کہ ہمارے لئے کوئی بادشاہ مقرر کردیں تاکہ ہم جہاد کریں۔ انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے طالوت کو بادشاہ مقرر کیا ہے چنانچہ طالوت کے ساتھ مل کر انہوں نے جہاد کیا۔ طالوت تمام اوامر و نواہی سے واقف تھا بلکہ حضرت شموئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ہدایات، اور احکام کو نافذ کرتا تھا جس سے معلوم ہوا کہ طالوت قوم کا امام ہوتے ہوئے پیغمبری احکام سے بقدر ضرورت واقف ہو کر نافذ کرتا تھا۔ مترجم

[2] بدر کے قیدیوں کو باستثنائے بعض آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے صحابہ کے مشورے سے فدیہ لے کر چھوڑ دیا تھا۔ اس کا ذکر گذشتہ مکتوب کے حاشیے میں آچکا ہے۔ مترجم۔

لازم نمی آید۔

باانیہمہ آیۃ:۔

فَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ

بہر تفسیرے کہ گیری بر وقوع خطاء فہمی جملہ انبیا و رسل دلالۃ دارد۔ وچوں نباشد ہر کہ محل حوادث نیست معرض خطا نمی تواں شد۔ ورنہ ہر کہ باشد در محل خطا است۔ لیکن دانی محل حوادث نبودن منحصر در یک فرد است کہ ذات کبریائی است۔ علمش محیط است وصاف کہ منشأ آں بجز وجود امر دیگر نیست۔ ظلمۃ شیطانی و دیگر حوادث مظلمہ را آنجا دسترسائی نیست کہ نورش را مکدر کند و در خطا افگند۔ باقی در ممکن اول ظلمۃ عدم، دامنگیر حال اوست۔ چہ امکان خاص باقتران وجود و عدم عبارۃ

ہے پہلے اوراق میں، عرض کر چکا ہوں لیکن اتنی بات سے فہم کی عصمت لازم نہیں آتی۔

ان سب باتوں کے باوجود آیت ذیل

"نہیں بھیجا[1] ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول اور نہ نبی لیکن جب اس نے کوئی تمنا کی تو شیطان نے اسکی تمنا میں ملاوٹ کر دی"

جس تفسیر سے بھی اس مذکورہ آیت کو لوگے تمام انبیاء اور رسولوں کی فہمی خطا کے پیش آجانے پر دلالت کرتی ہے اور کیوں نہ ہو کیونکہ جو ہستی حوادث کا محل نہیں ہے (یعنی اللہ تعالیٰ) وہی ہستی محل خطا نہیں ہو سکتی ورنہ ہر کسی سے خطا سرزد ہو سکتی ہے لیکن تمہیں معلوم ہے کہ حوادث کا محل نہ ہونا صرف ایک فرد میں منحصر ہے اور وہ ذات خدا ہے کیونکہ اسکا علم محیط اور روشن ہے کیونکہ اس علم کا منشا وجود باری کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ شیطان کی پیدا کردہ تاریکی اور دوسرے ظلمت خیز

[1] یہ آیت پارہ ۱۷ سورۂ حج رکوع ۱۳ میں ہے۔ اس آیت کی تفسیر میں علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی لکھتے ہیں "قدیم سے یہ عادت رہی ہے کہ جب کوئی نبی یا رسول کوئی بات بیان کرتا یا اللہ کی آیات پڑھ کر سناتا ہے شیطان اس بیان کی ہوئی بات یا آیت میں طرح طرح کے شبہات ڈالتا ہے یعنی بعض باتوں کے متعلق بہت لوگوں کے دلوں میں وسوسہ اندازی کر کے شکوک و شبہات پیدا کر دیتا ہے مثلاً نبی نے آیت حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ الخ پڑھ کر سنائی شیطان نے شبہ ڈالا کہ دیکھو اپنا مارا ہوا تو حلال اور اللہ کا مارا ہوا حرام کہتے ہیں، یا آپ نے اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ پڑھا اس نے شبہ ڈالا کہ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ میں حضرت مسیح و عزیر اور ملائکہ بھی شامل ہیں۔ یا آپ نے حضرت مسیح کے متعلق پڑھا كَلِمَتُهٗٓ اَلْقٰىهَآ اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ شیطان نے سجھایا کہ اس سے حضرت مسیح کی ابنیت اور الوہیت ثابت ہوتی ہے اس القاء شیطانی کے ابطال اور رد میں پیغمبر علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی وہ آیات سناتے ہیں جو بالکل صاف ہوں اور ایسی پکی باتیں بتلاتے ہیں جن کو سن کر شک و شبہ کی گنجائش نہ رہے گویا متشابہات کی ظاہری سطح کو لے کر شیطان جو اغوا کرتا ہے آیات محکمات اسکی جڑ کاٹ دیتی ہیں جنہیں سن کر تمام شکوک و شبہات ایک دم کافور ہو جاتے ہیں۔" علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی کی اس تفسیر پر انبیاء کی فہمی خطا کا اندیشہ اس آیت سے باقی نہیں رہتا لہٰذا مولانا محمد قاسم صاحب کا یہ فرمان کہ اس آیت کو جس حیثیت سے لو خطا فہمی ثابت ہوتی ہے درست نہیں رہتا۔ ہاں بعض مفسرین نے ایسی تفسیریں کی ہیں جن سے مولانا کا مدعا ثابت ہوتا ہے دیکھو تفسیر موضح القرآن حضرت شاہ عبدالقادر صاحب اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں "نبی کو ایک حکم یاد ایک خبر، اللہ کی طرف سے آتی ہے اس میں ہرگز ذرہ برابر تفاوت نہیں ہو سکتا اور ایک اپنے دل کا خیال (اور رائے کا اجتہاد) ہے وہ کبھی ٹھیک پڑتا ہے اور کبھی نہیں۔"

(مترجم)

بندہ وہمین است کہ ممکنہ خاصہ بایجاب وسلب ترکیب یافتہ[1]

حوادث کی غذا تک پہنچ نہیں ہے کہ وہ اس کے نور کو غبار آلود کر دیں اور غلطی میں ڈال دیں لیکن ممکن ہستی میں سب سے پہلے تو تاریکی عدم اس کا دامن پکڑے ہوتے ہے کیونکہ امکان خاص[1] وجود و عدم دونوں کے ممکن ہونے سے صورت اختیار کرتا ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ (قضیہ) ممکنہ خاصہ[2] کی ترکیب میں اثبات ونفی دونوں شامل ہیں۔

دوم صدہا کدورات مظلمہ از بدن و متممات بدن اغذیہ و اشربہ و فضلات آں با واصحاب واقران نیک و بد میرسد۔ وشیطان وجنات کہ در اصل فطرۃ مظلم افتادہ اند بوساوس گوناگون دل صافی را مکدر میگردانند بہر حال ماوراء ذات کبریائی ہر کہ باشد در محل حوادث است و معرض کدورات۔ نبی باشد یا ولی۔ اما بنسبۃ ما گنہگاران تیرہ دروں نور اوشاں سراپا نور است اما مقابل او تعالیٰ صفائی وشفافی کجا۔ تا از خطاء وغلطی فہم عصمۃ ضروری باشد۔ غایۃ ما فی الباب مثل ما تیرہ درونان در ہر امر غلط نکردہ باشند۔ اما چوں علۃ خطا فہم مشترک است اگر فرق است فرق شدۃ وضعف است۔ خطاء فہم نیز مشترک باشد۔ لٰکن فرق شدۃ خطا وضعف خطا وقلۃ وکثرت بوجہ مذکور ضروری است۔

دوسرے یہ کہ سینکڑوں تاریک کدورتیں بدن کی اور بدن کو تربیت دینے والی غذاؤں اور پینے کی چیزوں اور ان کے فضلات اور اچھے برے ہم زمانہ اور ساتھیوں کی طرف سے پہنچتی رہتی ہیں اور شیطان اور جنات کہ اصل میں تاریک فطرت واقع ہوتے ہیں طرح طرح کے وسوسوں سے صاف دل کو میلا کر دیتے ہیں۔ بہر حال ذات کبریائی کے سوا جو بھی ہے حوادث کے مقام اور کدورتوں کی جگہ میں ہے۔ خواہ وہ نبی ہو یا ولی۔ لیکن ہم سیہ دل گنہگاروں کی بنسبت اولیا اور انبیا کا نور سراپا نور ہے لیکن پھر بھی اس اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں صفائی اور شفافی کہاں ہو سکتی ہے کہ بھول چوک اور غلط فہمی سے عصمت ضروری ہو۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہم جیسے سیہ دلوں کی طرح ہر بات میں انبیا اور اولیا غلطی نہیں کرتے لیکن چونکہ غلط فہمی کا سبب ہم میں اور ان میں مشترک ہے اس لئے اگر ہم میں اور ان میں کوئی فرق ہے تو قوت اور

---

[1] جس چیز کے وجود و عدم کا ہونا ممکن ہو تو اس کو امکان خاص کہتے ہیں۔ مثلاً زَیْدٌ مَوْجُوْدٌ و زَیْدٌ لَیْسَ بِمَوْجُوْد دونوں درست ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ زید کا وجود اور عدم وجود دونوں ممکن ہیں۔ مترجم۔

[2] ممکنہ خاصہ وہ قضیہ ہے جس میں محمول کا ثبوت موضوع کے لئے اور محمول کا سلب موضوع سے دونوں ممکن ہوں مثلاً زَیْدٌ مَوْجُوْدٌ میں زید موضوع اور موجود محمول ہے۔ زید کے لئے نہ وجود ضروری ہے اور نہ عدم ضروری ہے، اور ممکنہ عامہ وہ قضیہ ہوتا ہے کہ اس میں جو حکم بیان کیا جاتا ہے اس کی مخالف جانب ضروری نہ ہو خواہ جانب موافق واجب ہو یا ممکن ہو۔ مثلاً اَللّٰہُ مَوْجُوْدٌ میں اللہ کے وجود کا حکم لگایا گیا ہے تو اس کی جانب مخالف یعنی اللہ کا عدم ضروری نہیں۔ یہ دونوں قضایا یعنی ممکنہ خاصہ اور ممکنہ عامہ عموم و خصوص کی نسبت رکھتے ہیں ہر ممکنہ خاصہ پر ممکنہ عامہ صادق آئے گا لیکن ہر ممکنہ عامہ پر ممکنہ خاصہ کا صادق ہونا ضروری نہیں۔ مترجم

ضعف کا ہے سمجھنے میں خطا ہو جانا دونوں میں مشترک ہے۔ ہاں[1] شدت خطا اور ضعف خطا اور قلت خطا اور کثرت خطا کا فرق وجہ مذکور کی وجہ سے ضرور پایا جائے گا۔

و اگر غرض طوسی از حفظ شریعۃ این است کہ شریعۃ خود از خدا آرد اوّل این معنی بنسبۃ این لفظ از قبیل المعنی فی بطن الشاعر است۔

دوم[2] این گوز شتر ہنوز دعوی است کہ بدلیلی مدلل نمی توان شد۔

دلیل سوم طوسی

اکنوں حال دلیل سومیش بنگر کہ چہ قدر پوچ است می نویسد کہ بحکم اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم امتثال اوامر ونواہی امام واجب است۔ پس اگر معصوم نباشد انکار بروی واجب باشد نہ امتثال۔ این دلیل نیز بر فہم وفراست جناب علامہ شیعیان شہادتی میدہد کہ مپرس۔ این سخن از ہماں قبیل است کہ "من چہ میگویم وتنبور من چہ میگوید" چہ ما حصل آیۃ ہمیں است کہ اطاعت اہل امر باید کرد۔ مگر چہ ضرورست کہ مراد از اہل امر امیر وامام باشد، بلکہ علماء ربانی باشند کہ بنیابت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اوامر ونواہی نبوی وخداوندی بخلائق میرسانند وبہمیں وجہ مطاع خلائق گردیدہ باشند۔ چنانچہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بوجہ نیابۃ خداوندی مطاع خلائق گردیدند۔ پس شیعیان کہ دریں مقام مدعی اند باوجود ایں احتمال کہ بنسبۃ احتمال مقصود اوشاں بشہادۃ معنی اظہر است چگونہ استدلال بایں آیۃ خواہند کرد۔ وسلمنا کہ مراد از اولی الامر امیر وامام مصطلح است لیکن منشاء اطاعۃ اوشاں ہمیں اولی الامری است نہ نفس

اور اگر طوسی کی غرض حفظ شریعت سے یہ ہے کہ شریعت کو امام خود خدا سے لے کر آتا ہے تو اول تو اس لفظ کے یہ معنی کرنا بالکل ایسے ہی ہیں جیسا کہ کہا گیا ہے المعنی فی بطن الشاعر

دوسرے[2] یہ کہ یہ لوچ کلام ابھی تک ایک ایسا دعویٰ ہے کہ جو کسی دلیل سے مدلل نہیں کیا جا سکتا۔

طوسی کی تیسری دلیل

اب طوسی کی تیسری دلیل کا حال دیکھ لو کہ کس قدر لچر ہے لکھتا ہے کہ "اللہ کی، رسول کی اور اولی الامر کی طاعت کرو" کے حکم کیمطابق، امام کے اوامر اور نواہی کا بجا لانا واجب ہے پس اگر امام معصوم نہ ہوتا تو اس کے احکام کا انکار واجب ہوتا نہ کہ احکام کو ماننا۔ یہ دلیل بھی شیعوں کے علامہ کی سمجھ بوجھ (یعنی حماقت) پر ایسی شہادت دیتی ہے کہ کچھ نہ پوچھئے۔ یہ بات تو ایسی ہی ہے کہ جیسا فارسی کا محاورہ "میں کیا کہہ رہا ہوں اور میرا تنبور کیا کہہ رہا ہے" کیونکہ آیت کا خلاصہ تو صرف یہ ہے کہ اہل امر کی اطاعت کرنی چاہیئے مگر کیا ضرور ہے کہ اہل امر سے مراد، امیر اور امام ہی ہو بلکہ علماء ربانی ہو سکتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نائب ہونے کی وجہ سے خدا اور رسول کے احکامات لوگوں کو پہنچاتے ہیں اور اسی وجہ سے وہ مخلوق کے پیشوا بن گئے ہیں جیسا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خدا کے نائب ہونے کی وجہ سے مخلوق خدا کے پیشوا ہوتے۔ پس شیعہ صاحبان کہ اس موقع پر مدعی بنے ہوتے ہیں، اس احتمال کے ہوتے ہوئے کہ جو ان کے مقصود احتمال کی بہ نسبت معنوی شہادت

---

[1] یعنی انبیاء اور اولیاء کی فہمی خطا بہت معمولی اور بہت کم ہو گی اور ہم جیسوں کی خطا بہت بڑی اور بکثرت ہو گی۔ مترجم

ذات اوشاں - چنانچہ منشاء اطاعۃ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم
وصف رسالۃ است نہ ماہیۃ و ذات محمدی صلی اللہ علیہ وسلم
چنانچہ لفظ رسول و اولی الامر خود بریں قدر دلیل کافی است و
طاعۃ ذاتی منحصر دراں ذات خداوندی است کہ خالق ہمہ
ذوات و اوصاف است و ہمیں وجہ اسم ذات یعنی اللہ
اختیار فرمودند - لیکن چوں اینچنیں است اگر ضروری است
امتثال ہماں اوامر ضروری است کہ اوامر خداوندی
باشند ورنہ وصف رسالۃ و اولی الامری از میان خواہد
برخاست - پس اگر فرضاً نبی وقت ماورای اوامر خداوندی
امری فرمودہ باشد چنانچہ در صحاح اہل سنۃ موجود است کہ در
تابیر نخل از خود منع فرمودند، اطاعۃ دراں امر بحکم آیۃ لازم
واجب نیست چنانچہ خود فرمودند

أَنْتُمْ أَعْلَمُ بِأُمُورِ دُنْيَاكُمْ

سے زیادہ ظاہر ہے - اس آیت سے کس طرح استدلال کر سکتے
ہیں اور ہم نے مانا کہ اولی الامر سے مراد امیر اور اصطلاحی امام ہی
ہو لیکن ان کی اطاعت کا منشا ان کا اولی الامر ہونا ہے نہ مطلق
ان کی ذات - چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کا منشا آپ کے
رسول ہونے کا وصف ہے نہ ذات محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اور
نہ آپ کی ماہیت انسانی - چنانچہ رسول اور اولی الامر کا لفظ
اتنی بات پر خود کافی دلیل ہے اور ذاتی اطاعت اس ذات
خدا تعالیٰ میں منحصر ہے جو کہ تمام ذوات اور ان کی صفات کا
خالق ہے اور اسی وجہ سے اسم ذات یعنی (اطیعوا اللہ میں)
اللہ اختیار فرمایا - لیکن جب بات یہ ہے تو اگر ضروری ہے تو
انہی احکام کی اطاعت ضروری ہے جو کہ خدا کی طرف سے ہوں
ورنہ رسالت اور صاحب امر ہونے کا وصف جاتا رہے گا - پس اگر
فرض کر لو کہ اپنے وقت کا نبی، اگر خداوندی احکام کے سوا کسی بات کا خود حکم دے جیسا کہ اہل سنت کی صحیح کتب میں موجود ہے
کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجوروں[1] کی شاخ بندی سے منع فرمایا تو اس بات میں آیت کے حکم کے مطابق اطاعت لازم
اور واجب نہیں ہے جیسا کہ خود حضورؐ نے فرمایا

"تم لوگ اپنے دنیا کے معاملات کو خود زیادہ جانتے ہو۔"

۱؎ عرب کے لوگ کھجور کے نر درخت کے پھول مادہ درخت کے اوپر جھاڑا کرتے تھے جس سے کھجوریں زیادہ آیا کرتیں - ایسا کرنے کو تابیر کہتے
ہیں (مظاہر حق کتاب الایمان) حدیث میں ہے:

عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ قَالَ قَدِمَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَهُمْ يَأْبُرُونَ النَّخْلَ
فَقَالَ مَا تَصْنَعُونَ قَالُوا كُنَّا نَصْنَعُهُ قَالَ لَعَلَّكُمْ
لَوْ لَمْ تَفْعَلُوا كَانَ خَيْرًا فَتَرَكُوهُ فَنَقَصَتْ قَالَ
فَذَكَرُوا ذَالِكَ لَهُ فَقَالَ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ إِذَا
أَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ مِنْ أَمْرِ دِينِكُمْ فَخُذُوا بِهِ
وَإِذَا أَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ مِنْ رَأْيِي فَإِنَّمَا
انا بشر (مسلم)

رافع بن خدیج نے کہا کہ نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینے
تشریف لائے اور وہاں کے لوگ کھجور کے درختوں کی تابیر کیا کرتے تھے آپ نے
دریافت فرمایا کہ تم کیا کرتے ہو - انہوں نے کہا ہم حسب عادت کرتے ہیں - فرمایا
شاید کہ اگر تم نہ کرو تو بہتر ہے - لہٰذا انہوں نے چھوڑ دیا تو اس سال
میوہ کم ہوا - راوی نے کہا یہ بات انہوں نے آنحضورؐ سے کہی تو آپ نے
فرمایا میں تو ایک بشر ہوں اگر میں تم سے تمہارے دین کے بارے میں
کہوں تو اسے اختیار کرو اور اگر میں تم سے اپنی عقل سے کوئی بات
کہوں تو اس کے سوا نہیں کہ میں ایک بشر ہوں۔

اور بعض روایات میں اسی حدیث سے متعلق یہ الفاظ ہیں " انتم اعلم باموردینا کم " تم اپنے دنیا کے معاملات کو خوب جانتے ہو۔ (مظاہر حق)

او کرا قال۔ لیکن وقتیکہ اہل سنت دربارہ نبی اینچنیں گفتہ باشند و اوشاں چہ کنند۔ خداوند علیم خود چنیں میفرماید چنانچہ دانستی، دربارہ امام بدرجہ اولی تسلیم نخواہند کرد کہ بہر گونہ مطاع باشد و منکر و مدعا علیہ را دانی کہ باحتمالے رد قول مدعی تواں کرد چہ جائیکہ خود منطوق کلام مستدل بہ باشد و ہمیں وجہ غالباً پس ازیں آیۃ جملہ دیگر آوردہ اند کہ بمنزلہ شرح و تفسیر است نسبۃ آیۃ اولی در بارہ اشارہ مذکور یعنی جملہ

فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ
إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ إِنْ كُنْتُمْ
تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ

مطلب مذکور پس از مطالعہ — جملہ لاحقہ از علم الیقین بحق الیقین میرسد بلکہ بر امکان خطا ائمہ دلالتے وارد کہ میرس مگر فہم بکار است۔ ورنہ نابینایاں را با ایں روشنی آفتاب ہم بنظر نمی آید۔

الغرض اگر امام معصوم نخواہد بود اگر در فہم معصوم نیست ہرچہ بحکم خطا گفتہ باشد منجملہ اوامر خداوندی نخواہد بود۔ نی بلکہ وصف امامت و اولی الامری نیز از میاں خواہد خاست ہاگر کسی انکار کند بر امام انکار نمیکند و اگر تسلیم نمیکند انکار از حکم خداوندی ندارد و قول باطل او رد میکند و امر خیر خدا را پس پشت می اندازد۔ مگر نمیدانم کہ دریں امر علماء شیعیاں چہ گناہی دیدہ اند بجز آنکہ موافق (آیہ)

یا جیسا کہ فرمایا۔ لیکن جب اہل سنت نبی کے بارے میں ایسا عقیدہ رکھتے ہوں اور وہ بھی کیا کریں جب خداوند علیم خود اسی طرح فرماتے ہیں جیسا کہ تمہیں معلوم ہو چکا تو امام کے بارے میں تو بدرجہ اولی تسلیم نہیں کریں گے کہ ہر طرح سے وہ قابل اطاعت ہوگا اور منکر اور مدعا علیہ یعنی منکر دعوی کو یہ حق پہنچتا ہے کہ مدعی کے خلاف ایک احتمال بھی نکل آئے تو مدعی کے دعوے کو رد کر دے کجا یہ کہ کلام کا واضح مفہوم وجہ استدلال ہو اور غالباً اسی وجہ سے آیت کے بعد دوسرا جملہ لائے ہیں جو اشارہ مذکورہ کے بارے میں آیت اولی کے متعلق شرح اور تفسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ میری مراد یہ آیت ہے:-

"پہلے[1] اگر تم کسی چیز میں جھگڑ پڑو تو اس میں اللہ اور رسول کی طرف رجوع کرو اگر تم اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہو"

مذکورہ مطلب بعد والے جملے کے مطالعے کے بعد علم الیقین سے حق الیقین کے درجے پر پہنچ جاتا ہے بلکہ ائمہ کی لغزش کے ممکن ہونے پر ایسی دلالت کرتا ہے کہ کچھ نہ پوچھو۔ مگر اس کے لئے سمجھ کی ضرورت ہے۔ ورنہ اندھوں کو تو آفتاب کی روشنی میں بھی کچھ نظر نہیں آتا۔

غرض یہ ہے کہ اگر امام معصوم نہ ہوگا تو اگر وہ فہم میں معصوم نہیں ہے تو وہ جو کچھ لغزش کے باعث کہتا ہوگا تو وہ منجملہ خدائی احکامات کے نہ ہوگا یہی نہیں بلکہ اس وقت اس بارے میں امامت اور صاحب امر ہونے کی صفت بھی درمیان سے اٹھ جائے گی۔ اس صورت میں امام کا کہنا ماننے سے انکار کر دینا۔ امام کا انکار کرنا نہیں ہے اور اگر اس کی غلط بات کو تسلیم نہ کرے تو حکم خداوندی کا انکار لازم

[1] یہ آیت پارہ ۵ سورۃ نساء رکوع ۵ میں ہے۔ مترجم

نہیں آتا بلکہ وہ امام کے غلط حکم اور باطل بات کو رد کر رہا ہے اور غیر اللہ کے حکم کو پس پشت ڈال رہا ہے۔ مگر میں نہیں جانتا کہ شیعوں کے علامہ نے اس معاملے میں کیا گناہ دیکھا ہے سوائے اس کے کہ اس آیت کے موافق

اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِہٖٓ اَوْلِیَآءَ

باشد دیگر چہ باشد

و اگر خاطی در عمل است و باعتبار اعمال معصوم نیست انکار بر افعالش ندانم چہ طور مخالفت فرمان واجب الاذعان

اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ۔

است ما چناں شنیدہ ایم کہ امر چیزی دیگر است و فعل چیزی دیگر۔ مقتضاء اطاعۃ اولی الامر امتثال و امر است نہ اتباع افعال تا انکار بر افعال امام مخالف این باشد

این است حال دلیل سوم۔

اکنوں از حال دلیل چہارم نیز بشنو

دلیل چہارم علامہ طوسی

علامہ شیعیان نیز میفرمایند کہ اگر امام معصیۃ کند از عوام در درجہ کمتر باشد۔ چہ امام از قبح معاصی آگاہ تر است و از مناقب طاعات خبردار تر۔ ما میدانستیم کہ علامہ نصیر الدین لاجرم علامہ باشد این نمیدانستیم کہ این چنیں سخنہا را بی سر و پا نیز بزبان آوردہ اند۔ بنا این دلیل بر دو مقدمہ است کہ

"اتباع کرو تم جو تمہارے رب کی طرف سے نازل کیا گیا ہے اور اس کے سوا اور اولیا کی پیروی مت کرو۔"[1]

یعنی ہے اور اس کے سوا کیا ہے۔

اور اگر (امام سے) کسی عمل میں خطا ہوتی ہے اور اعمال کے اعتبار سے معصوم نہیں ہے تو اس کے افعال پر نکیر کرنا میں نہیں سمجھتا کہ کس طرح خدا کے واجب الاطاعت حکم کے خلاف ہوگا (جو اس نے فرمایا ہے کہ)

"اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور جو تم میں سے صاحب حکم ہو۔"[2]

ہم نے تو ایسا سنا ہے کہ امر اور چیز ہے اور فعل دوسری چیز ہے۔ اولی الامر کی اطاعت کا مقتضا احکام کی تعمیل ہے نہ کہ اس کے افعال کی پیروی۔ کہ امام کے افعال سے انکار اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول کے مخالف قرار دیا جا سکے

یہ ہے علامہ طوسی کی تیسری دلیل کی حقیقت

اب ذرا علامہ طوسی کی چوتھی دلیل کا حال سنیے

علامہ طوسی کی چوتھی دلیل

شیعوں کے علامہ صاحب فرماتے ہیں کہ اگر امام گناہ کرے تو درجہ میں عوام سے کمتر ہوگا۔ کیونکہ امام گناہوں کی برائی سے زیادہ آگاہ ہوا کرتا ہے اور طاعتوں کی خوبیوں سے زیادہ خبردار ہوا کرتا ہے۔ ہم تو یہ سمجھتے تھے کہ علامہ نصیر الدین طوسی یقیناً علامہ ہوں گے لیکن ہم یہ نہیں جانتے تھے کہ اس قسم کی

---

[1] سورۂ اعراف رکوع ۱۔ پوری آیت اس طرح ہے "اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِہٖٓ اَوْلِیَآءَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَذَکَّرُوْنَ ○" مترجم

[2] پارہ ۵ سورۂ نساء رکوع ۸۔ مترجم

بہر ثبات دو مقدمہ مذکورہ ضروری است۔

مقدمہ اول | اول آنکہ امامت مفضول بر افضل و فاضل نمی تواں شد۔

مقدمہ دوم | دوم آنکہ امام را آگاہی و اطلاع قبائح معاصی و مناقب طاعات از دیگراں زیادہ تر باید۔

لیکن دانی کہ ہر دو مقدمہ باطل است۔ امامت طالوت دلیل بطلان مقدمہ اولی است۔ و مضامین مسطورہ بالا کہ در شرط بودن علم و نبودن آں بہر امام گذشتہ مذکور شدہ بہر ابطال مقدمہ ثانیہ کافی است۔ با اینہمہ علماء را اگر دلیلی ہم نہ رسیدہ بود ازیں مصادرہ علی المطلوب کدام مطلوب بدست افتاد۔ آخر دریں گفتن کہ امام را عصمت ضروری است، و دریں قول کہ امام را افضلیت و اعلمیت ضرور است چندان فرق نیست کہ آں را دعوی و ایں را دلیل گردانید۔ آری اگر اول را دلیل و ثانی را دعوی قرار دادی قدری گنجائش رد و کد بود۔ چہ اول خاص است و مستلزم ثانی و ثانی عام است و مستلزم اول نیست۔ بالجملہ بہر اثبات خاص اگر عام را آوردہ کاری نمی بر آید۔ ہاں بدیں نظر کہ عام خاص را لازم محل باشد مصادرہ لازم خواہد آمد۔

اور چھٹانک باتیں بھی انہوں نے ذکر کی ہیں۔ اس دلیل کی بنیاد دو مقدموں پر ہے کہ اس دلیل کو ثابت کرنے کے لیے وہ دونوں مقدمے[1] ضروری ہیں۔

اول یہ کہ امامت اس شخص کی جو کمتر درجہ کا ہو اپنے سے افضل اور زیادہ فاضل پر نہیں ہو سکتی۔

دوسرے یہ کہ امام کو گناہوں کی برائیوں اور طاعات کی خوبیوں سے دوسروں کی بہ نسبت زیادہ آگاہی اور واقفیت ہونی چاہیئے۔

لیکن تمہیں پتہ ہے کہ یہ دونوں مقدمے باطل ہیں۔ پہلے مقدمہ کے باطل ہونے کی دلیل طالوت کی امامت ہے اور مذکورہ بالا (یعنی) مضامین جو امام کے لئے عالم ہونے اور نہ ہونے کے بارے میں ہے۔ دوسرے مقدمے کے باطل کرنے کیلئے کافی ہے۔ ان سب باتوں کے باوجود اگر علماء کو کوئی دلیل دستیاب نہ ہوتی تھی تو اس مصادرہ علی المطلوب[2] سے کون سا مقصد حاصل ہوا۔ آخر اس کہنے میں کہ امام کیلئے عصمت ضروری ہے اور اس قول میں کہ امام کے لئے زیادہ فاضل ہونا اور زیادہ عالم ہونا بہت ضروری ہے۔ چنداں فرق نہیں ہے کہ دعویٰ اسکو دعوی اور اسکو دلیل بنا دیا۔ ہاں اگر اول کو دلیل اور دوسرے کو دعوی قرار دیتے تو بحث کرنے کی قدرے گنجائش تھی۔ کیونکہ اول خاص ہے اور ثانی کو مستلزم ہے اور ثانی عام ہے اور وہ اول کو مستلزم نہیں ہے خلاصہ

---

[1] دونوں مقدمے یعنی کمتر درجے والے کی افضل تر پر امامت کا نہ ہو سکنا اور امام کا دوسروں کی بہ نسبت طاعات اور سیئات سے زیادہ واقف ہونا اس لئے غلط ہے کہ طالوت دونوں حالتوں میں حضرت شموئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کم درجہ تھا اور پھر اس کو امام بنایا گیا۔ مترجم

[2] دعوے ہی کو دوسرے عنوان سے دلیل بنا دینے کو مصادرہ علی المطلوب کہا جاتا ہے۔ یہ علم مناظرہ کی ایک اصطلاح ہے۔ مترجم

[3] مطلب یہ ہے کہ جہاں خاص ہو وہاں عام پایا جاتا ہے اور جہاں عام ہو وہاں خاص پایا جانا ضروری نہیں۔ مترجم

یہ ہے کہ اگر خاص کو ثابت کرنے کیلئے اگر دلیل میں عام کو پیش کریں گے تو کام نہیں نکلتا - ہاں اس خیال سے کہ عام خاص کے لئے لازم ہوتا ہے، مصادرہ علی المطلوب لازم آجائے گا -

باقی ماند آنکہ چون عصمت ضروری شد تنصیص نیز ضروری باشد ورنہ معرفت امام محال است - چہ معنوی است نہ امر خارجی کہ بچشم و گوش توان دید و شنید - بہر ابطالش کاغذ سیاہ کردن ضرور نیست و ہمانا دریں دعوی قدم بقدم نصاری رفتہ اند کہ بشارۃ نبی اول بہر نبی ثانی شرط میکند - ہاں اگر دلائل مردودہ بہ ثبوت میرسید آنوقت دریں امر نیز بحث میکردیم - بالجملہ مرادش از تنصیص اگر تعیین و تشخیص نام و نشان و صورۃ شکل و حسب و نسب است کہ مفادش تشخص جزئی باشد ایں چنیں تعیین در انبیا ہم مفقود تا با ئمہ چہ رسد - از آدم علیہ السلام گرفتہ تا بہ نبی آخر الزمان صلوات اللہ علیہم اجمعین یکی نیست کہ از سابق ایں چنیں تعیین بہر او کردہ باشند - و اگر فرضا برائے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چنیں کردہ باشند آن تعیین در حق کدام مومن بکار آمدہ - ہاں معجزات علمی و عملی را اگر گوئی بجا است - لیکن از آن تا بایں فرق است کہ محتاج بیان نیست و اگر مرادش ایں است کہ بوصفی تعبیر کنند کہ بجز یک کس بر کسی دیگر منطبق نشود -

باقی رہی یہ بات کہ چونکہ عصمت ضروری ہو گئی ہے تو اس کا اعلان بھی ضروری ہوگا ورنہ امام کی شناخت محال ہو جائے گی کہ یہ معنوی امر ہے نہ کہ خارجی کہ آنکھ اور کانوں سے دیکھ سکیں یا سن سکیں - اس کو باطل ثابت کرنے کے لئے کاغذ کالا کرنا ضروری نہیں ہے - اور (علامہ طوسی) اس دعوے میں نصاریٰ کے قدم بقدم چلے ہیں کہ جو پہلے نبی کی طرف سے دوسرے نبی کے آنے کی بشارت دینا شرط قرار دیتے ہیں - ہاں اگر رد کئے گئے دلائل ثبوت کو پہنچ جاتے تو اس وقت ہم اس معاملے میں بحث کرتے - ان تمام باتوں کے باوجود اگر تنصیص سے علامہ کی مراد امام کا حسب و نسب شکل و صورت اور نام و نشان کا متعین کرنا تو اس کا فائدہ تشخص جزئی ہوگا اور اس قسم کا تعیین انبیا میں بھی نہیں پایا جاتا کجا یہ کہ ائمہ میں پایا جائے - آدم علیہ السلام سے لیکر نبی آخر الزمان صلوٰۃ اللہ علیہم اجمعین تک ایک بھی نبی ایسا نہیں ہے کہ پہلے سے اس قسم کی تعیین اس کے لئے کسی نے کی ہو اور اگر فرض کر لو کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے اس قسم کی تعیین کی ہو تو وہ تعیین کس مومن کے لئے کام آئی - ہاں علمی[1] اور عملی معجزات کے متعلق اگر کہو تو درست ہے لیکن اس میں اور اس میں واضح فرق ہے کہ جو بیان کا محتاج نہیں اور اگر علامہ کی مراد یہ ہے کہ یہ اس کا ایسا وصف بیان کریں کہ ایک کے سوا کسی دوسرے پر چسپاں نہ ہو سکے تو

اول ضرورتش معلوم ورنہ حاجت اعجاز کہ بالاتفاق ضروری است چہ باشد -

دوم در جملہ انبیا مفقود خصوصا در اول انبیا

یعنی آدم علیہ السلام -

اول تو اس کی ضرورت ہی کیا ورنہ اعجاز کی ضرورت کہ متفقہ طور پر ضروری ہے کیا رہیگی -

دوسرے تمام انبیا میں ایسی تعیین وصف مفقود ہے خاص طور پر سب سے پہلے نبی[2] یعنی آدم علیہ السلام میں -

---

[1] یعنی علمی و عملی معجزات دیکھ کر لوگ ایمان لاتے اور نبی کی اس طرح تعیین ہوئی - مترجم

[2] کیونکہ آدم علیہ السلام سے پہلے کوئی نبی یا انسان تھا ہی نہیں جو آدم علیہ السلام کی پیشگوئی کرتا یا ان کی تعریف کرتا لہذا کسی نبی کی تعیین کیسے ہو سکتی ہے تو پھر آدم علیہ السلام طوسی کے خیال کے مطابق نبی کیسے ہو سکتے ہیں - مترجم

سوئم گوئیم کہ این تعیین بہر خلفا اربعہ فرمودند چنانچہ آیۃ۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ

اگر بہ دیدہ تدبر دیدہ شود برین قدر گواہی دارد و ہمچنین۔

عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ مِنْ بَعْدِيْ

وحدیث

اِقْتَدُوْا بِالَّذِيْنَ مِنْ بَعْدِيْ

بہر امامۃ ائمہ اربعہ یا دوازدہ شان شاہد می تواں شد چہ لفظ مِنْ بَعْدِيْ کہ در حدیث دوم است سوا شیخین رضی اللہ عنہما برکسی راست نمی آید۔ و در حدیث اول ہمیں لفظ با لفظ راشدین پیوستہ تعیین خلفاء اربعہ میفرماید۔ چہ معنی رشد کہ ہمانا اہتداء و اتباع نبویست من کل الوجوہ اگر یافتہ می شود چنانچہ از سیرۃ وصورۃ شان ہویدا بود۔

بالجملہ اگر تعیین فرمودہ اند بہر این مردان فرمودہ اند نہ بہر دیگراں و اگر مرادش از تنصیص آں باشد کہ خود امام

تیسرے ہم کہتے ہیں کہ یہ تعیین خلفاء اربعہ کے لئے ہے۔

چنانچہ آیت (حسب ذیل)

"اللہ نے تم میں سے ان لوگوں سے وعدہ کیا ہے جو ایمان لائے"۔

کو غور کی نگاہ سے دیکھا جائے تو اتنی بات پر گواہی دیتی ہے اور اسی طرح

"تم میری[1] سنت اور میرے بعد کے خلفاء راشدین کی سنت کو اپنے اوپر لازم کر لو"

اور حدیث ذیل

"تم میرے[2] بعد میں آنے والے لوگوں کی پیروی کرو۔"

چاروں اماموں یا ان کے بارہ اماموں کی امامت کے لئے گواہ ہو سکتی ہے کیونکہ "من بعدی" (کے الفاظ) جو کہ دوسری حدیث کے ہیں سوائے شیخین (حضرت ابو بکرؓ و عمرؓ) کے کسی پر فٹ نہیں ہوتے اور پہلی حدیث میں یہی لفظ راشدین کے لفظ کے ساتھ مل کر خلفاء اربعہ کی تعیین کر دیتا ہے کیونکہ رشد کے معنی کہ وہ رشد یقیناً نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی اور ان سے ہدایت حاصل کرنا ہے اور وہ رشد ان ہی حضرات میں پایا جاتا ہے جیسا کہ ان کی صورت اور سیرت سے ظاہر تھا۔

بالجملہ اگر تعیین فرمائی ہے تو ان ہی اشخاص کے لئے فرمائی ہے نہ کہ دوسروں کے لئے اور اگر اعلان سے ان

---

[1] پوری حدیث جو مشکوٰۃ "باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ" میں ہے حسب ذیل ہے۔

عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهٖ فَوَعَظَنَا مَوْعِظَةً بَلِيْغَةً ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُوْنُ وَوَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوْبُ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَاَنَّ هٰذِهٖ مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَاَوْصِنَا فَقَالَ اُوْصِيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَاِنْ كَانَ عَبْدًا حَبَشِيًّا فَاِنَّهٗ مَنْ يَّعِشْ مِنْكُمْ بَعْدِيْ فَسَيَرٰى اخْتِلَافًا كَثِيْرًا فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ تَمَسَّكُوْا بِهَا وَعَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ وَاِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْاُمُوْرِ فَاِنَّ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ (احمد، ابوداؤد، ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کی مگر ترمذی اور ابن ماجہ نے صلوٰۃ کا ذکر نہیں کیا)۔ مترجم

با وحی درباره تقریرش بر منصب امامت وحی از خدا آید۔ اگر تسلیم کنیم مطلبش
نخواهد برآمد چه وحی امام اگر حجت باشد بهر او حجت دباشد بهر دیگران که هنوز
در امامتش تامل دارند چه کار خواهد کرد۔ چه تسلیم قول نبی یا ولی بعد تسلیم
نبوت و ولایتش ضروری است۔ در تسلیم نبوت و ولایتش تاثیری ندارد
ورنه چنانچه مصادره علی المطلوب لازم خواهد آمد۔ وآنکه درباره شرط
بودن عدم سبق کفر درباره امامت دست باآیه

لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ

زده اند۔ شاید بعالم سکر یا وقت وجد زده باشند۔ اگر فرض کنیم
که در

إِنِّي جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَامًا

از امام امام مصطلح شیعه مراد داشته اند از ظلم که در ظالمین[1] مضمون
است ظلم بالفعل بکدام دستاویز گرفته اند۔ اگر فهم باشد در ہمچو
آیات اشارة بملکات و مراتب بالقوة است ورنه هُدًى
لِّلْمُتَّقِيْنَ وغیرہ جملها قرآنی مضحکه اطفال طحان خواهد شد۔
کس نمیداند که بهر متقیان بالفعل ہدایت دوای کدام مرض است۔
تحصیل حاصل امری بیہودہ است که از خداوند متعال محال۔ واگر تسلیم کنیم
که مرتبہ فعلی در ہمچو آیات مراد است لازم آید که ہدایۃ مشرکان و
کافران و فاسقان و ایمان و توبه ایشان محال باشد چه در
ہمین قرآن می فرماید۔

کی مراد یہ ہے کہ خود امام کے منصب امامت پر تقرر کے وقت، خدا کی
طرف سے وحی آتی ہے۔ اگر ہم مان بھی لیں تو طوسی کا مطلب کچھ نہ نکلے گا
کیونکہ امام کی وحی اگر حجت ہوگی تو ماننے والوں کے لئے ہوگی۔ دوسروں
کے لئے کہ ابھی اس کی امامت میں تامل رکھتے ہیں کیا فائدہ دے گی کیونکہ
نبی یا ولی کے قول کو تسلیم کرنا اس کی نبوت یا ولایت کو ماننے کے بعد
ضروری ہے۔ خود اس کی ولایت یا نبوت کو مان لینے میں کوئی اثر نہیں رکھتی
ورنہ وہی مصادرہ علی المطلوب لازم آئے گا اور یہ کہ امامت کے بارے
میں زمانہ سابق میں کفر کا نہ ہونا شرط قرار دیا ہے اور اس آیت

میرا عہد ظالمین کو نہیں پہنچتا۔

کو دستاویز بنایا ہے تو شاید نشہ کے عالم میں یا بے ہوشی کے وقت
بنایا ہوگا۔ اگر ہم فرض کر لیں کہ

میں تجھے لوگوں کا امام بنانے والا ہوں

میں امام سے شیعوں کا اصطلاحی امام مراد لیا ہے تو پھر ظلم سے جو کہ
ظالمین میں ہے بالفعل ظلم کا ہونا کس سند سے لیا ہے۔ اگر سمجھ
ہو تو اس جیسی آیات میں بالقوہ مراتب اور ملکات کی طرف
اشارہ ہے ورنہ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ وغیرہ قرآن کی آیتیں طحان
کے لئے بچوں کا کھلونا بن کر رہ جائیں گی۔ کوئی نہیں جانتا کہ بالفعل
متقیوں کے لئے ہدایت، کس مرض کی دوا ہے۔ حاصل شدہ بات کو حاصل
کرنا فضول ہے جو کہ خدائے قدیر سے محال ہے اور اگر ہم تسلیم کر لیں
کہ اس جیسی آیات میں مرتبہ فعلی مراد ہے تو پھر لازم آتا ہے کہ مشرکوں
کافروں اور فاسقوں کی ہدایت اور ان کا ایمان اور توبہ محال ہے کیونکہ
اسی قرآن میں فرماتے ہیں

[1] یہ آیت ہو لگی آگے پیچھے کی آیات کی ترتیب اس طرح ہے۔ "وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ؕ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِى الظّٰلِمِيْنَ" (پارہ الم سورۃ بقرہ رکوع نمبر ۱۵) اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کو چند باتوں (احکام) میں آزمایا انہوں نے ان کو پورا کر دکھایا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے ابراہیم میں ضرور تجھے لوگوں کا امام بنانے والا ہوں۔ انہوں نے کہا اور میری ذریت میں سے بھی۔ فرمایا میرا عہد ظالمین کو شامل نہیں ہے۔" مترجم

۱- وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ

۲- وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ

۳- وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِينَ

اکنون بجز آنکہ ازیں الفاظ مراتب بالقوہ مراد دارند چارہ نیست۔ ورنہ قصص ایمان آوردن بسیاری از کافراں و توبہ کردن بسیاری از فاسقان کہ در قرآن موجود است چہ معنے داشتہ باشد۔ آیت

اِلَّا قَوْمَ يُونُسَ لَمَّا اٰمَنُوا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ (قرآن کریم)

وہم دیگر آیات را یاد کن و مدح توّاباں و احکام و خطابات توبہ و ایمان را پیش نظر کن و باز بگو کہ اگر توبہ کافراں و فاسقاں از محالات بودی ایں وقوع توبہ چگونہ بودی و ایں سہ خطابات چہ کار کشودی۔ مگر آنکہ نزد شیعیان ایمان آوردن کافراں یا ہدایۃ او تعالیٰ فیض شیعانی باشد کار خدا نباشد نعوذ باللہ من ذالک

وحق اینست کہ نہ از امام دریں آیۃ امام مصطلح مراد ہست و نہ از ظالمین دریں آیۃ ظالمان بالفعل و نہ از آنکہ ہدایت یافتہ اند یا وقت خروج امام آخر الزمان یا پس و پیش آں ہدایۃ خواہند یافت دو مرتبہ تلکہ از کفر و فسق و ظلم چناں منزہ بودند کہ آبد در تبہ

۱- اور اللہ قوم کافرین کو ہدایت نہیں دیتا۔

۲- اور اللہ فاسقوں کی قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔

۳- اور اللہ ظالمین کی قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔

اب اس کے سوا کہ ان الفاظ سے بالقوہ[1] مراتب مراد لیں اور کوئی چارہ نہیں ہے۔ ورنہ بہت سے کافروں کے ایمان لانے اور بہت سے فاسقوں کے توبہ کرنے کے قصے جو کہ اسی قرآن میں موجود ہیں کیا معنی رکھتے ہیں۔ اور آیت (ذیل)

"مگر قوم یونسؑ جب وہ ایمان لے آئی تو ہم نے ان سے عذاب کو ہٹا دیا۔"[2]

اور دوسری آیات کو یاد کیجئے اور توبہ کرنے والوں کی مدح اور توبہ و ایمان کے خطابات کو پیش نظر رکھئے اور پھر بتائیے کہ اگر کافروں اور فاسقوں کی توبہ محالات میں سے ہوتی تو پھر قوم یونسؑ کی توبہ کا واقعہ کس طرح ممکن ہوتا اور یہ مذکورہ بالا تینوں خطابات کیا مشکل کشائی کرتے شاید کافروں کا ایمان لانا اور ہدایت پانا شیعوں کے نزدیک شیعوں کا فیض ہوگا۔ خدا کا فیض نہ ہوگا۔ تو ہم اس بات سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں

اور حق یہ ہے کہ نہ تو اس آیت میں امام سے اصطلاحی امام مراد ہے اور نہ ظالمین سے اس آیت میں بالفعل ظالم لوگ مراد ہیں اور جو لوگ کہ ہدایت یافتہ ہیں یا امام آخر الزمان (امام مہدیؑ) کے نکلنے کے وقت یا اس سے آگے پیچھے ہدایت پائیں گے تو وہ

---

[1] بالقوہ کافرین، فاسقین اور ظالمین سے وہ کافر، فاسق اور ظالم مراد ہیں جن کی فطرت کفر، فسق اور ظلم کو ہمیشہ کے لئے قبول کر چکی ہو وہ کبھی ہدایت پر نہیں آتے۔ البتہ کتنے کافر ہوتے ہیں جو ایمان لے آتے ہیں لہٰذا وہ بالفعل تو کافر ہوتے ہیں لیکن بالقوہ نہیں کہ وہ مومن ہو جاتے ہیں جیسے قوم یونس علیہ السلام۔ مترجم

[2] پوری آیت یہ ہے "فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ" (سورہ یونس رکوع ۱۰) یونس علیہ السلام کی قوم نینوی میں جو موصل کے پاس عراق میں ایک شہر ہے آباد تھی۔ یہ لوگ بت پرست تھے۔ پیغمبرؑ نے ان کو بت پرستی سے منع فرمایا۔ مگر نہ مانے۔ آخر یونس علیہ السلام تین دن تک عذاب کی خبر دے کر اور غضب ناک حالت میں بستی کو چھوڑ کر چلے گئے۔ قوم کے لوگوں نے توبہ کی۔ بت توڑ ڈالے۔ سچے دل سے ایمان لے آئے تو اللہ تعالیٰ نے ان سے عذاب کو ہٹا لیا۔ مترجم

ملا از حرارۃ - آری چنانکہ آب از صحبۃ آتش حرارۃ بخود میکشد و آنوقت اطلاق حار بران رواست ہمچنان کسانیکہ ہدایۃ یافتہ اند یا نخواہند یافت بصحبۃ کفار وفساق وصف کفر وفسق وظلم گرفتہ مصداق ایں اطلاقات معروفہ اعنی کافر و فاسق و ظالم می شوند۔

ہدایت یافتہ اپنی استعداد اور قوت کے مرتبے میں کفر فسق اور ظلم سے ٹھیک اسی طرح پاک تھے جیسے کہ پانی مرتبہ قوت میں حرارت سے پاک ہوتا ہے۔ ہاں جیسا کہ پانی آگ کی صحبت سے حرارت کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے اور اس وقت حار (گرم) کا لفظ اس پر بولنا درست ہو جاتا ہے۔ اسی طرح سے وہ لوگ جنہوں نے ہدایت پائی یا ہدایت پائیں گے وہ کفار اور فاسق لوگوں کی صحبت سے کفر، فسق اور ظلم کا وصف لے کر ان مشہور اوصاف کے نام سے متصف ہو کر کافر، فاسق اور ظالم بن جاتے ہیں۔

باقی ماند اینکہ اگر امام مصطلح شیعہ مراد نیست بازچہ مراد است از ما بشنو کہ انشاء اللہ تیر بر ہدف میزنیم

باقی رہی یہ بات کہ اگر امام سے شیعوں والا اصطلاحی امام مراد نہیں ہے تو پھر کونسا مراد ہے۔ ہم سے سنئے کہ انشاء اللہ ہم تیر نشانے پر لگاتے ہیں۔[1]

عزیز من! اول دو مقدمہ یاد دارد۔

میرے عزیز! پہلے دو مقدمے یاد رکھئے

مقدمہ اول یکی آنکہ موافق :- مَا أَرْسَلْنَا مِنْ رَسُولٍ إِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهِ[2] تا مقدور از الفاظ قرآنی معنی حقیقی موضوع عرب مراد داری۔

مقدمہ اول ایک تو موافق "نہیں بھیجا ہم نے کوئی رسول مگر اسکی قوم کی زبان میں" حتی المقدور قرآن کے الفاظ سے اصلی معنی جو عربوں کے نزدیک ہیں تم مراد لو۔ (اردو والے معنی مراد نہیں لینا)

مقدمہ دوم دوم آنکہ "سَتَكُونُ إِمَامًا" نفرمودہ اند۔ إِنِّي جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَامًا فرمودہ اند - اندریں دو مقدمہ اگر غور بکار بری خود بخود دانی کہ مفاد ایں آیت وعدۂ عطاء نبوۃ است چہ معنی امام در محاورات عرب پیشوا است در ہر امر کہ باشد لیکن دریں آیۃ ایں مطلق را مقید بجعل خود کردہ اند۔ کہ سوا از نوع نبوۃ امامتی یافتہ نشود۔ وبالجملہ

مقدمہ دوم دوسرے یہ کہ "سَتَكُونُ إِمَامًا (تو عنقریب امام ہوگا) نہیں فرمایا ہے (بلکہ) "میں آپ کو لوگوں کا امام بنانے والا ہوں"۔ فرمایا ہے۔ ان دو مقدمات میں اگر غور کو کام میں لاؤ تو تم خود جان لوگے کہ اس آیت کا مطلب نبوۃ عطا کرنے کا وعدہ ہے کیونکہ امام کے معنی عرب کے کلام میں اسی "پیشوا" کے ہیں خواہ وہ کسی امر کا پیشوا ہو لیکن اس آیت میں مطلق امامت کو اپنے بنائے ہوئے امام سے مقید

---

[1] ہم تیر نشانے پر لگاتے ہیں کا جملہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کی جابجا انکساریوں کے اظہار کے باوجود اس غیبی طاقت کا مظاہرہ کرتا ہے جو اہل علم اور صحت مند محققین کی قلم یا زبان سے مناظرے یا مباحثے کے وقت نکل جاتا ہے اور صحیح یہ ہے کہ حضرت قاسم العلوم کا مقام اس جیسے جملوں کے لئے موزوں اور برمحل ہوتا ہے۔ مترجم

[2] پوری آیت یہ ہے وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ رَسُولٍ إِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهِ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ فَيُضِلُّ اللَّهُ مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي مَنْ يَشَاءُ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (پارہ ۱۳ سورۃ ابراہیم ۱)

امام جنس است کہ نبی وغیرنبی از انواع اوست وفصل نوع نبی مفہوم مجعولیت خداوندی است کہ با ارسال رسل دم مساوات میزند و شاید ہمیں حکمت باشد کہ خدا ورسول صلی اللہ علیہ وسلم متصدی خلافت احدی از خلفا نشدند۔

شبہ وآنکہ در سینہ ات خلجان کردہ باشد کہ ہرچہ بعالم از حوادث سرمیزند ہمہ مجعول خدا تعالیٰ است۔

جواب جوابش این ست کہ بجا است اما فرق واسطہ و بالاواسطہ است۔ درصورۃ اول منسوب بوسائط می شود وہمین است کہ احسان وظلم را بما نسبت میکنند ودر صورۃ ثانیہ حوادث منسوب بخدا می باشد۔ مثل ارسال رسل وعلم لدنی وغیرہ۔

اگر جای تنگ نہ شد مثالی عرض میکردم مگر بوجہ شہرۃ بر فہم آں عزیز میگذارم۔

ودلیل دیگر کہ بر اثبات امامۃ امام برحق حضرت رابع الخلفاء آوردہ قابل آن نیست کہ اہل علم رو بجوابش کنند۔ تعداد اوصاف کدام کس نمیداند آری اگر میزانی بہر وزن اوصاف بمیان نہادہ می گفتند کہ پلہ اوصاف رابع الخلفاء بنسبۃ پلہ اوصاف خلفاء ثلثہ گران است بجای ہیچ گنجائش انکار نبود۔ اکنون مارا ہمین بس است کہ اگر تسلیم کنیم کہ امامۃ مفضول باوجود فاضل قبیح است وھو کما تری بل تراٰیت تاہم چہ گلہ کہ خلفاء ثلثہ در وزن اوصاف معدودہ فاضل تر بودند ورنہ وعدہ خداوندی کہ درباره خلافۃ از لسان حبیب آیۃ

کیا ہے تاکہ نوع نبوت کے سوا کوئی اور امامت نہ پائی جائے۔ بالجملہ امام ایک جنس ہے کہ نبی اور غیر نبی اس کی قسموں میں سے ہے اور نوع نبی کی فصل خدا کی طرف سے بنائے جانے کا مفہوم ہے جو ارسال رسل کے ساتھ برابری کا دم مارتا ہے اور شاید یہی حکمت ہوگی کہ خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم خلفاء میں سے کسی ایک کی بھی خلافت کے درپے نہیں ہوئے۔

شبہ اور وہ بات جو تمہارے دل میں کھٹکتی ہوگی کہ دنیا میں جو حوادث بھی سرزد ہوتے ہیں وہ اللہ کے ہی پیدا کئے ہوئے ہوتے ہیں۔

جواب اس کا جواب یہ ہے کہ درست ہے لیکن واسطہ اور بلا واسطہ کا فرق ہے۔ پہلی صورت میں حوادث وسائط کی طرف منسوب سمجھتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ احسان اور ظلم کو ہماری طرف نسبت کرتے ہیں اور دوسری صورت میں واقعات سے خدا کی طرف منسوب ہوتے ہیں مثلاً رسولوں کا بھیجنا اور علم لدنی[1] وغیرہ۔

اگر جگہ تنگ نہ ہوتی تو میں ایک مثال پیش کرتا لیکن شہرت کی وجہ سے آنعزیز کی سمجھ پر چھوڑتا ہوں۔

اور دوسری دلیل کہ امام برحق چوتھے خلیفہ (حضرت علیؓ) کی امامت کے ثابت کرنے میں (طوسی نے) بیان کی ہے اس قابل نہیں ہے کہ اہل علم اس کے جواب کی طرف منہ کریں۔ (انکی) صفات کی تعداد کون نہیں جانتا ہاں اگر کوئی ترازو اوصاف کے تولنے کے لئے درمیان میں رکھ کر کہتے کہ چوتھے خلیفہ (حضرت علیؓ) کی خوبیوں کا پلہ تینوں خلفا کی خوبیوں کے پلے کی بنسبت بھاری ہے تو بیشک ہر انکار کی گنجائش نہ تھی۔ اب تو ہمیں یہی کافی ہے کہ اگر ہم تسلیم بھی کرلیں کہ مفضول کی امامت فاضل کے ہوتے ہوئے ٹھیک نہیں ہے جیسا کہ وہ آپ دیکھتے ہیں بلکہ دیکھ لیا پھر بھی کوئی حرج نہیں کیونکہ تینوں خلفا اوصاف معدودہ کے وزن میں زیادہ فاضل تھے ورنہ خدا کا

---

[1] علم لدنی وہ علم ہوتا ہے جس میں بندے کے کسب کو دخل نہ ہو بلکہ اللہ تعالیٰ اپنی جانب سے تحصیل کے بغیر کسی کے دل میں ڈال دے جیسے خضر علیہ السلام کا علم جس کے بارے میں خود اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ وَعَلَّمْنَاهُ مِن لَّدُنَّا عِلْمًا۔ مترجم

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وغیرہ

بگوش ہمہ رسیدہ بترتیب مذکورہ ظہور نفرمودی۔ باقی انکار ثبوت این اوصاف از ذوات خلفائے ثلثہ انکار بداہت است کہ جوابش بجز انکار ثبوت اوصاف معلومہ در حضرت علی رضی اللہ عنہ نمی تواں شد لیکن موافق

ہر کسی را بہر کاری ساختند

این خدمت بمقابلہ رفاض حوالہ خوارج شد۔ با اینہمہ میگوئیم کہ اگر وفور شجاعت وغیرہ اوصاف معدودہ از کثرت وقائع معلوم وظہور آثار مشہورہ دریافتہ اند میدانم کہ تقدیم مصطفوی نیز نزد شیعیان نازیبا شدہ باشد۔ مقتضائے این دلیل آن است کہ حضرت مرتضیٰ را اول پیشوائے خلق میکردند۔ آخرا از دست حضرت مرتضیٰ رضی اللہ عنہ صدہا کافر کشتہ شدند وحضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم یکبار ہم کافری را بجہنم نرسانیدند وہمچنین ع

قیاس کن زگلستان من بہار مرا

چون از کشف حقیقت جملہ مزخرفات طوسی کہ در بارہ امامت رقمزدہ بود، فراغت یافتیم وخوب دانستی کہ مراد از

اِنِّیْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا

وہ وعدہ جو خلافت کے بارے میں آیت ذیل کی[1] زبان سے :-

"وعدہ کیا ہے اللہ نے ان لوگوں سے جو تم میں سے ایمان لائے اور اچھے عمل کئے۔"

سب کے کانوں تک پہنچ چکا ہے، مذکورہ ترتیب سے ظہور میں نہ آتا۔ باقی ان اوصاف کو تینوں خلفاء کی ہستیوں میں ثبوت کا انکار ایک بدیہی چیز کا انکار ہے کیونکہ پھر اس کا جواب حضرت علی رضی اللہ عنہ میں اوصاف معلومہ کے ثبوت کے انکار کے سوا نہیں ہو سکتا لیکن موافق (مصرعہ)

"ہر ایک آدمی کو کسی کام کے لئے بنایا ہے"

یہ خدمت روافض[2] کے مقابلے میں خارجیوں[3] نے انجام دی۔ ان سب کے باوجود ہم کہتے ہیں کہ حضرت علیؓ میں شجاعت اور دوسرے اوصاف معدودہ کی فراوانی کو اور مشہور لڑائیوں سے دریافت کیا ہے تو پھر میں یہ جانتا ہوں کہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا مقدم ہونا بھی شیعوں کے نزدیک نازیبا ہوگا۔ اس دلیل کا تقاضہ یہ ہے کہ حضرت علیؓ کو خلق کا اول پیشوا بناتے۔ آخر حضرت علیؓ کے ہاتھ سے سینکڑوں کافر مارے گئے اور حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ نے ایک بار بھی ایک کافر کو جہنم میں قتل کر کے نہ پہنچایا۔ ع

"میرے باغ سے میری بہار کا اندازہ لگا لو۔"

جب طوسی کی تمام فضولیات کی حقیقت سے امامت کے بارے میں جو لکھی گئیں نقاب اٹھا کر ہم نے فراغت پالی اور تم نے خوب جان لیا کہ

"میں تجھے لوگوں کا امام بنانے والا ہوں۔"

---

[1] پوری آیت یہ ہے وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَیَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِی الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَیُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِیْنَهُمُ الَّذِی ارْتَضٰى لَهُمْ (سورۂ نور رکوع ۷)

[2] روافض وہ فرقہ جو حضرت علی کرم اللہ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا وصی اور خلیفہ بلافصل مانتا ہے۔ مترجم

[3] خارجی وہ فرقہ ہے جو حضرت علیؓ کی اطاعت سے نکل کر ان کو مسلمان بھی نہیں مانتا۔ یہ لوگ علمائے اسلام کے نزدیک دائرۂ اسلام سے خارج ہیں۔ مترجم

چیست این نیز دانسته باشی کہ ایں عذر شیعہ کہ امام حسب مصطلح شیعہ نیز مجعول من اللہ باشد وحی براو می آید و احکام خدا بروی نزول می فرماید قابل پذیرائی نیست چہ در مقام مناظرہ مدعیان را دعوی مجرد سودی نمی بخشد۔ دلیل محکم بدست می باید۔ واگر بالفرض دلیلی ناقض دعوی منکران دعوے در انبان خود داشتہ باشند باز بکدام دہان و زبان آن دعوی را در محفل مناظرہ پیش خواہند کرد۔ اینجا قصہ ہمچنیں است۔ نہ بینی کہ وقوع ایں چنیں امامت پس از رحلت حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم منقوض بہمیں وصف خاتمیت است چہ امام مصطلح شیعہ اگر غور کردہ شود مرادف نبی است نزد شاں۔ وحی براو می آید و نسخ احکام سابقہ می فرماید۔ در نبی زیادہ ازیں چہ می باشد۔ غرض از امام و پیشوا اگردانیدن ہمیں باشد کہ در ہر قول و فعل و امر و نہی دیگراں اتباع دیگراں نکند نبی باشد آں دیگراں یا ولی۔ واگر کنند بوجہ ارشاد او کنند بی واسطہ دیگراں را پیشوا خود ندانند۔ چنانچہ ما در بسیاری از احکام اتباع انبیاء سابق حسب ارشاد نبوی صلعم میکنیم۔ پس وقتی کہ وحی آمد و نسخ احکام سابقہ نمود، در نبوۃ چہ کمی است کہ نبی نگویند و امامش خوانند۔

سے کیا مراد ہے تو یہ بھی تمہیں معلوم ہو گیا ہوگا کہ شیعوں کا یہ عذر کہ امام شیعوں کی اصطلاح کے مطابق بھی انٗ کی طرف سے بنایا جاتا ہے۔ اس پر وحی آتی ہے اور خدا اپنے احکام اس پر نازل فرماتا ہے قابل قبول نہیں ہے کیونکہ مناظرہ کے مقام میں مدعیوں کو صرف دعوی کر دینا کوئی فائدہ نہیں دیتا بلکہ اس کے لئے کوئی ٹھوس دلیل چاہیئے اور اگر بالفرض کوئی دلیل منکرین دعوے کے دعوے کو توڑنے والی اپنی زنبیل میں پوشیدہ رکھتے ہوں تو پھر کس منہ اور زبان سے اس دعوے کو مناظرہ کی محفل میں پیش کریں گے۔ یہاں پر قصہ اسی طرح ہے۔ دیکھتے نہیں ہو کہ اس جیسی امامت کا حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کے بعد واقع ہونا اسی وصف ختم نبوت کی وجہ سے ٹوٹ کر رہ گیا ہے کیونکہ شیعوں کا اصطلاحی امام اگر غور کیا جائے تو ان کے نزدیک وہ نبی کے ہم معنی ہے۔ اس پر وحی آتی ہے اور پہلے احکام کو وہ منسوخ بھی کرتا ہے تو نبی میں اس سے زیادہ کیا ہوتا ہے۔ غرض اس کے امام اور پیشوا بنانے سے یہی مطلب ہوتا ہے کہ ہر قول، فعل اور امر و نہی میں دوسرے لوگ اس کی پیروی کریں دوسروں کا اتباع نہ کریں وہ دوسرے نبی ہوں یا ولی۔ اور اگر کریں تو اس کے حکم سے کریں۔ بغیر واسطے کے دوسروں کو اپنا پیشوا نہ جانیں۔ چنانچہ ہم بہت سے احکام میں، نبی صلعم کے ارشاد کے مطابق اگلے انبیاءؑ کے احکام کی پیروی کرتے ہیں۔ پس جب امام پر وحی آئی اور اس نے پہلے احکام کو منسوخ کر دیا تو پھر (اس شیعوں کے امام کی) نبوت میں کیا کمی رہ گئی کہ اس کو نبی نہ کہیں امام کہیں۔

تحقیق حدیث

اِخْتِلَافُ اُمَّتِیْ رَحْمَۃٌ

اکنوں وقت آں است کہ از معنی حدیث

اِخْتِلَافُ اَصْحَابِیْ رَحْمَۃٌ

کہ حسب تحریر آنعزیز بیہقی در مدخل از ابن عباس و دارقطنی و دارمی و ابن عساکر از ابن عمر روایت کردہ اند و حاکم تصحیح آں نمودہ برچہ بذہن نارسای ایں ہیچمدان آید یادگار خود گذاشتہ شود

"تحقیق حدیث"

"میری امت کا اختلاف رحمت ہے"

اب ہم اس مقام پر پہنچ گئے ہیں کہ اس حدیث یعنی

"میرے صحابہ کا اختلاف رحمت ہے"

جیسا کہ آپ کی تحریر کے موافق بیہقی نے مدخل میں ابن عباسؓ سے اور دار قطنی اور دارمی اور ابن عساکر نے ابن عمرؓ سے روایت کی ہے اور حاکم نے اس کو صحیح کہا ہے، اس ناچیز کے نارسا ذہن میں جو کچھ آتا ہے اپنی یادگار کے طور پر چھوڑ دیا جاتا ہے۔

مقدمات کہ بس نفیس و نازک است

عزیزمن! اول دو سہ مقدمہ کہ

بس نفیس و نازک است زیر قلم میکشم۔

مقدمۂ اول یعنی آنکہ افعال لازمہ حسب اصطلاح صرف و نحو ہموارہ افعال مالم یسم فاعلہ و صفات مفعولیہ می باشند۔ آری بوجہ اقامت مفعول بجای فاعل بہر طور ظاہر بینان بغلط می افتند (کہ مفعول را فاعل می شمارند) اگر اقامت او بجای فاعل فقط در بارہ اعراب می بود چنانچہ در مفعول فعل مجہول می بینی تاہم کار سہل بود چہ اختلاف صیغہ بہر ہدایت کافی بود اینجا کہ اعراب ہم اعراب فاعل است و صیغہ ہم صیغۂ فاعل اگر ناظر غلط کاری کند (کہ مفعول را فاعل داند) چہ دور است۔ اینجا اگر حقیقۃ الحال را کما ہی می فہمند چہ ہر فعل را از فاعل و مفعول ناگزیر است و فاعل بی مفعول و مفعول بی فاعل نباشد۔ پس اگر در قَامَ زَیْدٌ مثلاً زید فاعل است مفعول نیز ضروری است لیکن لازم است نہ متعدی کہ زید را فاعل فعل قرار دہند و مفعول دیگر بر آرند۔ لاجرم این را مفعول خوانی و فاعل بہر او برآری۔

معہذا افعال لازمہ ہمیشہ مطاوع افعال متعدیہ می باشند کہ در مادہ شریک این افعال می باشند چنانکہ میگویند کہ

اَقَمْتُہٗ فَقَامَ وَ اَقْعَدْتُہٗ فَقَعَدَ وَ قَطَعْتُہٗ فَانْقَطَعَ

و امثال ذالک۔ این مطاوعۃ بطور مذکور قرینۂ دگر است۔ بہر آنکہ افعال لازمہ، افعال مالا یسم فاعلہ می باشند و فاعل آن، فاعل افعالی می باشد کہ آنہا مطاوع آن افعال متعدیہ می بود۔

مقدمات جو کہ بہت ہی نفیس اور نازک ہیں

میرے عزیز! اول دو

تین مقدمے جو کہ بہت نفیس اور نازک ہیں تحریر کرتا ہوں۔

پہلا مقدمہ اولٰی یہ کہ وہ افعال[1] جو مفعول نہیں چاہتے صرف و نحو کی اصطلاح کے مطابق ہمیشہ فعل مجہول ہوتے ہیں (یعنی ان کی نسبت فاعل کی طرف نہیں ہوتی) اور مفعول کی صفات ہوتے ہیں۔ ہاں اگر فاعل کی جگہ مفعول کو رکھ دینے کی وجہ سے بہر حال ظاہری نظر رکھنے والے غلطی میں پڑ جاتے ہیں (کہ مفعول کو فاعل جانتے ہیں) مگر اس کا فقط فاعل کی جگہ رکھ دینا، اعراب کے بارے میں ہوتا چنانچہ فعل مجہول کے بارے میں تم دیکھتے ہو تو پھر بھی کام آسان تھا کیونکہ صیغہ کا مختلف ہونا ہدایت کے لئے کافی تھا۔ یہاں کہ اعراب فاعل کا اعراب ہے اور صیغہ بھی فاعل کا صیغہ ہے تو اگر دیکھنے والا غلطی کھا جائے (کہ مفعول کو فاعل جان لے) تو کیا بعید ہے۔ اس جگہ اگر حقیقت حال کو صحیح طور پر سمجھتے ہیں تو صحیح سمجھ لوگ سمجھتے ہیں کیونکہ ہر فعل کے لئے فاعل اور مفعول ضروری ہے اور فاعل مفعول کے بغیر اور مفعول فاعل کے بغیر نہیں ہوتا ہے۔ پس اگر مثال کے طور پر قَامَ زَیْدٌ (زید کھڑا ہوا) میں زید فاعل ہے تو مفعول بھی ضروری ہے لیکن لازم ہے نہ کہ متعدی کہ زید کو فعل کا فاعل قرار دیں اور دوسرا مفعول بنا لیں مجبوراً اس کو مفعول کہو اور اس کے لئے فاعل پیدا کرو۔

اس کے ساتھ (یہ بھی خیال میں رکھیں) افعال لازم ہمیشہ متعدی افعال کے تابع ہوتے ہیں جو کہ مادے میں ان لازم افعال کے شریک ہوں جیسا کہ کہتے ہیں کہ

"میں نے اسے کھڑا کیا تو وہ کھڑا ہو گیا اور میں نے اسے بٹھایا تو وہ بیٹھ گیا اور میں نے اس کو کاٹا تو وہ کٹ گیا۔"

اور اسی طرح کی اور مثالیں۔ یہ مذکورہ مطاوعت (یعنی فعل لازم کا فعل متعدی کی پیروی میں آنا) اس امر کا ایک دوسرا قرینہ بن جاتا ہے کہ لازمی افعال درحقیقت ایسے افعال ہوتے ہیں جن کا فاعل نامزد نہیں ہوتا

---

[1] جیسے جَاءَ زَیْدٌ یعنی زید آیا میں جَاءَ فعل لازم ہے جو مفعول نہیں چاہتا صرف فاعل پر ختم ہو گیا ہے۔ مترجم

مقدمہ دیگر چوں ایں قدر محقق شد۔ مقدمہ دیگر بشنو کہ گاہی افعال عرضیہ[1] یعنی اوصاف عرضیہ با معروضہا خود نسبتی خاص میدارند کہ باعتبار آں نسبت فاعلیت آں افعال معروضات آں را می سزد۔ مثلاً آئینہ وقت مقابلہ آفتاب اگر معروض نور گا باشد بہر ایصال آں نور تا بدر و دیوار وغیرہ اشیاء کہ مقابلہ آئینہ باشد و مقابل آفتاب نبود وجود آئینہ درمیان ضروری است۔

بالجملہ یک مفعول گاہی واسطہ مفعولیۂ مفعول ثانی می شود۔ آئینہ و در و دیوار وغیرہ ہمہ در تنویر مفعول آفتاب اند و بہر آئینہ و در و دیوار وغیرہ فاعل ہماں یک آفتاب است و بس۔ مگر باین نظر کہ بظاہر بدر و دیوار وغیرہ نور از آئینہ میرسد اگر آئینہ را در حق در و دیوار وغیرہ فاعل گویند بجا است و افعال ممکنات خصوصاً الارادیات ہمہ ازیں قسم اند۔ فاعل حقیقی ہماں یک ذات پاک خدا تعالیٰ است و قوۃ ارادیہ با دیگر قوا عملیہ معروض و مفعول است و مفاعیل ظاہرہ کہ آنرا مساعیل خود می انگاریم نیز مفعول او تعالیٰ است مگر اول واسطہ ایصال فعل و اثر ثانیا ثانی است و فرق دریں قسم افعال و آں افعال کہ دوسہ مفعول را اقتضا کنند، مثل اعطاء و علم وغیرہ آں است کہ در قسم ثانی

اور ان کا فاعل درحقیقت ان افعال متعدیہ کا فاعل بھی ہوتا ہے جن کے یہ مطاوع ہوتے ہیں۔

دوسرا مقدمہ جب اس قدر تحقیق میں آگیا تو دوسرا مقدمہ سنو کہ کبھی عرضیہ افعال میری مراد ہے عرضی اوصاف اپنے معروض کے ساتھ ایک خاص نوعیت کا تعلق رکھتے ہیں کہ اس تعلق کے اعتبار سے ان افعال کا فاعل ہونا ان کے معروضات کے لئے موزوں ہوتا ہے۔ مثلاً آئینہ آفتاب کے سامنے ہونے کے وقت اگر نور کا معروض ہوتا ہے تو اس نور کو در و دیوار وغیرہ اشیاء تک پہنچانے کے لئے جو کہ آئینے کے مقابلے میں ہوں اور آفتاب کے بالمقابل نہ ہوں اس آئینہ کا وجود درمیان میں ہونا ضروری ہے۔

بالجملہ ایک مفعول کبھی دوسرے مفعول کی مفعولیت کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ خود آئینہ اور در و دیوار وغیرہ سب تمام روشن ہونے میں آفتاب کے مفعول ہیں آئینے اور در و دیوار وغیرہ کے لئے فاعل فقط ایک آفتاب ہے مگر اس خیال سے کہ ظاہر میں در و دیوار وغیرہ کو نور آئینے سے پہنچتا ہے اس لئے اگر آئینے کو در و دیوار وغیرہ کے حق میں فاعل کہیں تو درست ہے اور تمام ممکنات[2] عالم کے افعال خاص طور پر ارادی[3] افعال تمام اسی قسم سے ہیں۔ اصلی فاعل وہی ایک خدا تعالیٰ کی ذات پاک ہے اور قوت ارادیہ دوسری عملی قوتوں کے ساتھ معروض و مفعول ہے اور ظاہری مفعولات کہ ان کو ہم اپنے فعل کا محل وقوع خیال کرتے ہیں در اصل وہ بھی اللہ تعالیٰ کے مفعول ہیں۔ پہلا مفعول دوسرے مفعول تک فاعل

---

[1] ۔ عرضیہ افعال وہ کہلاتے ہیں جو ذاتی افعال نہیں ہوتے جیسے آئینے کا نور آئینے کا عرضی فعل ہے اصلی نہیں بلکہ آفتاب سے حاصل ہوا ہے جو اصلی ہے یہی معنی عرضی اوصاف کے ہیں۔ مترجم

[2] ممکنات عالم کے افعال سے مراد باری تعالیٰ کے سوا مخلوقات کے افعال مثلاً سورج، زمین وغیرہ کی گردش اور کائنات میں جو کچھ بھی ہوتا ہے وہ ممکنات عالم کے افعال ہیں۔ مترجم

[3] ارادی افعال وہ ہوتے ہیں جو انسان یا کوئی جاندار اپنے ارادے سے کرتا ہے مثلاً اٹھنا، بیٹھنا، چلنا پھرنا، کھانا پینا یہ سب ایسے افعال ہیں جو ارادے سے ظاہر ہوتے ہیں۔ مترجم ۔

مفاعیل آنہا از ضروریات تحقق آں افعال می باشد - و در قسم اول موقوف علیہ وضروری بہر تحقق فعل فقط یک مفعول می باشد از یک و زائد از آں چنانکہ ممکن است کہ باشد، ہمچناں ممکن است کہ نباشد۔

حقیقی کے) فعل اور اثر کے پہنچانے کا واسطہ ہے اور اس قسم کے افعال اور ان افعال میں کہ دو تین مفعول کا تقاضہ کرتے ہیں۔ مثل اعطاء وغیرہ، ان کے درمیان فرق یہ ہے کہ دوسری قسم (یعنی ان افعال میں جو دو تین مفعول چاہتے ہیں) میں ان کے مفعولات خود ان افعال کے مفہوم کے تحقق کے لئے ضروری ہیں - اور قسم اوّل میں موقوف علیہ اور ضروری فعل کے تحقق کے لئے صرف ایک مفعول ہوتا ہے ایک سے لے کر سو تک اور اس سے بھی زائد جیسا کہ ہونا ممکن ہے، اسی طرح نہ ہونا بھی ممکن ہے -

مقدمہ سوم

سوم آنکہ در بعض افعال لازم مثل اختلاف وائتلاف وغیرہ دو جہۃ مرکوز است کہ بیک جہۃ متعدی است و بیک جہۃ لازم۔ خلاصہ ایں تقریر اگر برآری ایں است کہ مضامین اضافیہ را در تحقق و فہم خود تحقق و فہم طرفین و حاشیتین ضروری است۔ فوقیۃ و تحتیۃ مثلاً در حق ارض اگر لازمی است بایں اعتبار کہ در طرف ثانی موجب تحقق مقابل خود است در حق طرف ثانی متعدی است۔ گو بظاہر بایں نظر کہ بتحتیۃ و فوقیۃ انواع متقابلہ اند، از یک قسم نیست کہ وصولش از ایں طرف بآنطرف بتصور آید، اطلاق تعدی بجب ظاہر بیجا باشد۔ لیکن اینقدر ضروری است کہ ہر کہ را اول گیری لاجرم در طرف ثانیش موثر خواہی گفت کہ اصل تعدی ہست چہ بناء آں بر ہمیں تاثیر است و بس مگر جائیکہ اختلاف نوعیۃ ہم از میاں برخیزد آنجا ایں مغلطہ ہم نباشد تا در تجویز تاثیر تامل کنی مثلاً مفہوم تقابل و تخالف و توافق و تناقض ہر چند اضافی است لیکن ایں لا اگر متقابل و مخالف و موافق و متناقض آں خوانی آں را نیز متقابل و مخالف و موافق و مناقض ایں دانی۔ مثل فوقیۃ و تحتیۃ و فاعلیۃ و مفعولیت اختلاف نوعیۃ نیست کہ اینجنیں غلط خوری لیکن تعدی را دانی کہ گاہے بی واسطہ حرفی می باشد و وقتی بواسطہ حرفی از حروف جارہ با و علیٰ و فی و من وغیرہ می باشد اہل نظر باریک ہمہ را

تیسرا مقدمہ

تیسرے یہ کہ بعض لازم افعال جیسے اختلاف و ائتلاف وغیرہ میں دو حیثیتیں موجود ہیں کہ ایک حیثیت سے متعدی ہیں اور ایک حیثیت سے لازم۔ اس تقریر کا خلاصہ اگر تم نکالنا چاہو تو یہ ہے کہ اضافی مضامین کے لئے سمجھ میں آنے اور وجود میں آنے کے سلسلے میں دونوں جانبوں اور دو طرفوں کا سمجھ میں آنا اور پایا جانا ضروری ہے مثلاً بلندی اور پستی کا پایا جانا اور ان کا سمجھنا اپنے مقابل کے فہم و تحقق پر موقوف ہے۔ چنانچہ ظاہر ہے لیکن یہ بھی ظاہر ہے کہ اونچائی[1] مثلاً چھت کے حق میں اور نیچائی مثلاً زمین کے بارے میں اگر لازم ہے تو اس لحاظ سے کہ وہ دوسری طرف میں اپنے مقابل کے واقع ہونے کا موجب ہے اس لئے دوسری طرف کے حق میں وہ متعدی ہے۔ گو ظاہر میں اس خیال کے ساتھ کہ اونچائی اور نیچائی ایک دوسرے کے مقابل نوعیتیں ہیں۔ دونوں ایک ہی قسم کی نہیں ہیں کہ اس کا اس طرف سے اس طرف پہنچنا تصور میں آسکے، اس لئے متعدی ہونے کا اطلاق کرنا ظاہر کے اعتبار سے بے جا معلوم ہوتا ہے لیکن اس قدر ضروری ہے کہ جس کسی کو بھی تم پہلے لوگے لامحالہ وہ اپنے دوسرے کے مقابل میں موثر پاؤگے کہ متعدی ہونے کی بنیاد یہی ہے کیونکہ اس کی بنا فقط اسی تاثیر پر ہے لیکن جس جگہ کہ نوعیت کا اختلاف درمیان سے اٹھ جاتا ہے وہاں یہ غلط فہمی بھی نہیں ہوگی کہ تاثیر کی تجویز میں تم تامل کرنے لگو مثلاً تقابل، تخالف، توافق

---

[1] اس عبارت کا یہ مطلب ہے کہ سقف کی فوقیت اپنے حق میں اور زمین کی تحتیت اپنے حق میں لازم ہے متعدی نہیں ہے لیکن چونکہ سقف کی فوقیت زمین کی تحتیت کا موجب اور زمین کی تحتیت، سقف کی فوقیت کے متحقق ہونے کا موجب ہے اس لئے ان میں سے ہر ایک دوسرے کے حق میں متعدی ہے۔ مترجم

تعدی میگویند وظاہر بیناں فقط افعالی راکہ بی واسطہ متعدی شوند متعدی خوانند۔ مگر در لفظ مفہوم اختلاف چوں غور کردیم دانستیم کہ اختلاف ہر چند لازم است اما اضافی است و ہر دو طرفش از یکنوع می باشند مابین دو کس یا دو چیز اگر اختلاف و تخالف باشد ایں اگر مخالف آں است و مختلف ازاں، آں نیز مخالف ایں است و مختلف ازیں غرض ہر دو طرف یک مفہوم عارض می شود۔

اور متناقض کا مفہوم ہر چند کہ اضافی ہے لیکن تم اگر اس چیز کو اس چیز کا متقابل مخالف و موافق اور اس کے متناقض کہو گے تو اس کو بھی اس کا مقابل، مخالف، موافق اور اس کے متناقض جانو گے کیونکہ اونچائی، نیچائی اور فاعل ہونے اور مفعول ہونے کی مانند نوعیت کا اختلاف نہیں ہے کہ اس قسم کی غلطی کھاؤ۔ لیکن متعدی ہونے کو تم جانتے ہو کہ کبھی تو کسی حرف کے واسطے کے بغیر ہوتا ہے اور کسی وقت حروف جارہ میں سے کسی حرف ب، علیٰ، فی اور من وغیرہ کے واسطے سے ہوتا ہے۔ باریک نظر والے سب کو متعدی کہتے ہیں اور ظاہر بیں صرف انہی افعال کو جو بغیر واسطہ حرف جر متعدی ہوتے ہیں متعدی کہتے ہیں لیکن (لفظ) اختلاف کے معنی میں جب ہم نے غور کیا تو جانا کہ اختلاف ہر چند لازم ہے لیکن اضافی ہے اور اس کے دونوں اطراف ایک ہی قسم کے ہوتے ہیں۔ دو آدمیوں یا دو چیزوں کے درمیان اگر اختلاف اور تخالف ہو یہ اگر اسکے مخالف اور اس کے مختلف ہے تو وہ بھی اس کے مخالف اور اس سے مختلف ہوگا۔ غرضکہ دونوں طرف ایک ہی مفہوم عارض ہے (یہ اس سے مختلف اور وہ اس سے مختلف ہے)

وچوں اینقدر محقق شد بداں کہ در اختلاف اصحابی وغیرہ اضافۂ اختلاف الی الاصحاب ہر چند بظاہر نظر اضافۂ مصدر الی الفاعل است لیکن اگر بغور بینی، بدانی کہ اضافت الی المفعول است مگر بواسطہ فی۔ حاصل کلام اندریں صورۃ آں شد کہ

اور جب اس قدر تحقیق میں آگیا تو جان لو کہ در اختلاف اصحابی وغیرہ اختلاف کی نسبت اصحاب کی طرف ہر چند ظاہر نظر میں مصدر کی اضافت فاعل کی طرف ہے لیکن اگر غور سے دیکھو تو جانو گے کہ اضافت مفعول کی طرف ہے لیکن لفظ جار فی کے ذریعہ سے ہے۔ اس صورت میں کلام کا حاصل یہ ہوا کہ

الاختلاف فی اصحابی رحمۃ

"اختلاف میرے صحابہ میں رحمۃ ہے"

وغرض شارع ازیں کلام آں است کہ اختلافی کہ در امتہ من از جانب او تعالیٰ افتادہ منشاء آں رحمۃ باشد نہ غضب وجہش آں است کہ چوں اصحاب وامتہ را مد نظر و مقصود دلی اتباع نبوی صلی اللہ علیہ وسلم و امتثال اوامر و نواہی خداوندی باشد۔ باز اگر اختلاف باشد بمجبوری باشد۔ اعنی باایںہمہ اہتمام تمام بجانب اتباع و امتثال کہ از لفظ اصحابی و امتی ہویدا است ورنہ اطلاق ایں لفظ نازیبا است۔ چنانچہ پیدا است ممکن نیست کہ منشاء اختلاف حب جاہ یا کینہ پروری یا خواہشی از خواہشہای دنیوی نفسانی باشد اگر باشد نارسائی فہم یکی از مختلفاں باشد۔

اور صاحب شریعت (پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) کی غرض اس بات سے یہ ہے کہ جو اختلاف میری امت میں اس خدا تعالیٰ کی جانب سے واقع ہو اس کا منشا رحمت ہوگا نہ کہ غضب اور اس کی وجہ یہ ہے کہ چونکہ اصحاب اور امت کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دلی طور پر اتباع مد نظر اور مقصود ہے اور خدا تعالیٰ کے احکام اور نواہی کو بجالانا مقصود ہے تو پھر جو اختلاف ہوگا وہ مجبوری ہوگا یعنی اتباع اور امتثال کو پورے اہتمام کے ساتھ اختیار کرتے ہوئے اختلاف کرنا جیسا کہ اصحابی اور امتی سے ظاہر ہے ورنہ اس لفظ کا اطلاق نازیبا ہو جائیگا جیسا کہ ظاہر ہے (کیونکہ صحابہ ہیں) ممکن نہیں ہے کہ اختلاف کا منشا حب جاہ یا کینہ پروری یا دنیاوی نفسانی خواہشات میں سے کوئی خواہش ہو اگر منشائے اختلاف ہوگا بھی تو اختلاف کرنے والوں میں سے کسی ایک کی سمجھ کی نارسائی ہوگی۔

ملہ یعنی صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین اس بات کا پورا اہتمام کرتے ہیں کہ وہ منشائے نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچان کر اس کا اتباع کریں لیکن اگر اس (باقی ص ۲۴۴ پر)

نظر بریں گنجائش مواخذہ نیست کہ عذاب وعتاب را مزد ناچار
و اگذاشتن ضرور افتاد وچوں واگذاشتند امت واصحاب را وسعتی بہم رسید
کہ در صورۃ اتفاق ممکن نبود و میدانی تو سعہ چہ قسم رحمت وعنایۃ است

و آنکہ

"ستختلف امتی"

فرمودہ بوعید

کلہم فی النار

ترسانیدہ اند۔ آنجا اضافت فاعلیۃ اختلاف بجانب مختلفان است چنانچہ
امتی را فاعل صیغہ ستختلف نہادہ اند ومیدانی کہ انتساب فاعلیۃ بلہ
دگونہ می باشد :-

یکے بطور اصدار چنانچہ در افعال متعدیہ می باشد۔

دوم بطور انفعال چنانچہ در افعال لازمہ۔

باز انفعال را بدو قسم منقسم ساختہ اند:-

یکے آنکہ منفعل صفۃ عارضہ را از فاعل اعنی واسطہ فی العروض
بگیرد وذات او بحال خود ماند۔ اعنی حقیقتش دم عروض ہماں باشد کہ
قبل عروض بود۔ چنانکہ در اکثر افعال لازمہ از قیام وقعود وغیرہ مشاہدہ
میکنی۔ ذات قائم وقاعد وقت عروض قیام وقعود ہم ہماں است کہ پیشتر
از عروض بود۔

دوم آنکہ از حقیقۃ خود برگرد وقبل از عروض چیز دگر شد۔ ایں قسم
راصیرورۃ گویند۔ پس چنانکہ در

اس پر نظر رکھتے ہوئے مواخذہ کی گنجائش نہیں ہے کہ عتاب اور
عذاب کا سزاوار ہو۔ ناچار (اختلاف کرنے والے کا) مواخذہ ذکر ضروری
ہوا اور جب چھوڑ دیا تو اصحاب اور امت کو توسیع مل گئی جو کہ (امت کے) اتفاق
کی صورت میں ممکن نہ تھی اور تمہیں معلوم ہے کہ یہ (امت کی) توسیع کس قسم کی
رحمت اور عنایت ہے۔

اور وہ بات کہ

"عنقریب میری امت اختلاف کرے گی"

فرما کر اس دھمکی کے ساتھ کہ

"تمام جہنم میں ہیں"

ڈرایا ہے۔ اس جگہ اختلاف کے فاعل ہونے کی اضافت اختلاف کرنے
والوں کی جانب ہے چنانچہ "امتی" کو "ستختلف" کے صیغہ کا فاعل
رکھا ہے اور تمہیں معلوم ہے کہ فاعلیت کا منسوب کرنا دو طرح پر ہوتا ہے:-

ایک[1] تو صادر کرنے کے طور پر جیسا کہ متعدی افعال میں ہوتا ہے۔

دوسرے[2] انفعال کے طور پر جیسا کہ لازم افعال میں ہوتا ہے۔

پھر انفعال کو دو قسموں میں تقسیم کیا ہے:-

ایک[1] یہ کہ متاثر ہونے والا عارض ہونے والی صفت کو فاعل
یعنی واسطہ فی العروض سے حاصل کرے اور اس کی ذات اپنی حالت پر رہے
یعنی اس کی حقیقت عارض ہونے کے وقت بھی وہی ہو جو عارض ہونے سے
پہلے تھی جیسا کہ اکثر لازم افعال میں جیسا کہ قیام (کھڑا ہونا) اور قعود (بیٹھنا)
وغیرہ میں تم دیکھتے ہو۔ کھڑا ہونے والا اور بیٹھنے والا کھڑا ہونے اور بیٹھنے کی
حالت پیش آنے کے وقت وہی ہے جو کہ قیام وقعود سے پہلے تھا۔

دوسری[2] قسم وہ ہے جو اپنی حقیقت سے بدل جائے کہ وہ عارض ہونے سے
پہلے اور ہی چیز تھی اور عارض ہونے کے بعد اور چیز ہو گئی اس قسم کو صیرورۃ[1] کہتے ہیں پس جیسا کہ

(بقیہ صفحہ ۲۲۳) منشا کے سمجھنے میں کوشش کے باوجود اگر ایک کو غلط فہمی ہو جاتی ہے اور وہ دوسرے اصحاب سے اختلاف کرتا ہے تو پھر اس اجتہادی
غلط فہمی کی وجہ سے صحابی قابل مواخذہ نہیں ہے۔ مترجم

[1] ایک حقیقت یا ایک حالت سے دوسری حقیقت یا حالت کی طرف منتقل ہونے کو صیرورت کہا جاتا ہے۔ مترجم

"صلا طینی خذ فا"

طینیۃ لفظ "خذفیۃ" عارض میشود ہمچناں در جملہ صیرورات خیال باید کرد۔ دریں چنیں مواقع ہرچند معروض صفت عارضہ ہماں است کہ معروض صفۃ زائلہ بود۔ چہ خذفیت بر چیزی عارض بود نہ آنکہ طینی من حیث ہو طینی معروض خذفیۃ شدہ ورنہ لازم آید کہ اجتماع آں دو مفہوم شود کہ ما بین آں نسبۃ منع جمع است و با ہم ربط تضاد دارند زیرا کہ بقاء معروض دم عروض و ہم تا بقاء معروض آں چناں ضروری است کہ منکرش بجز احمقاں دیگری نباشد لیکن باین نظر کہ اظہار زوال یکی و عروض دیگری مد نظر می باشد، نہ تنہا عروض دیگری۔ معروض را بعنوان وصف زائل معروض قرار میدہند۔

" ہوگئی پکی مٹی ٹھیکری"

میں "مٹی ہونا" ختم ہوکر "کنکر ہونا" عارض ہوجاتا ہے۔ اسی طرح تمام صیرورات کو خیال کرنا چاہئے۔ اس جیسے موقعوں میں، عارض ہونے والی صفت کا معروض ہرچند وہی ہے جو کہ صفت کا معروض تھا کیونکہ کنکر وہی چیز ہو ہے جو کہ پہلے مٹی تھی۔ یہ نہیں کہ مٹی کے مٹی ہوتے ہوئے کنکر ہونا بھی اس کو عارض ہوگیا ورنہ تو یہ لازم آئے گا کہ دو ایسے مفہوم اکٹھا پائے جائیں جن کے درمیان نسبت منع الجمع[1] کی ہے اور وہ دونوں ایک دوسرے کی ضد ہیں (جیسا کہ آگ اور پانی) کیونکہ جس کو کوئی چیز عارض ہوتی اس کا باقی رہنا، عارض ہونے کے وقت اور عارض ہونے کی بقا تک ایسا واضح طور پر ضروری ہے کہ اس کا منکر بے وقوفوں کے سوا دوسرا نہیں ہو سکتا لیکن اس خیال کے پیش نظر کہ ایک صفت کے زائل ہونے اور دوسری صفت کے عارض ہونے کا اظہار یہ دونوں امر مد نظر ہوتے ہیں نہ کہ فقط دوسرے وصف کے عارض ہونا اس لئے معروض کو وصف زائل کے عنوان سے بھی معروض قرار دیتے ہیں۔

غرض افعالیکہ بہر صیرورۃ می باشند گو بظاہر بسیط بودند لیکن اگر بنظر دقیق دیدہ شود مثل امکان خاص کہ مرکب از دو امکان عام متعارض باشد آنچنان افعال نیز مرکب از دو فعل متعارض می باشند۔ چناں اختلاف متضمن "ستخلف" نیز از ہمیں قسم است و بوجوہ فاعل آں کہ ہماں معروض صفت اختلاف است "استی" قرار دادند تا دانی کہ از خلافۃ اصلی کہ مصداق "استی" بودن نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بود برگزیدہ دانیم

غرض وہ افعال جو صیرورۃ کے لئے ہوتے ہیں اگرچہ بظاہر بسیط ہوتے ہیں لیکن اگر غور سے دیکھا جائے تو امکان خاص[2] کی مانند کہ جو دو متعارض امکان عام سے مرکب ہوتا ہے۔ اس قسم کے افعال بھی دو متعارض افعال سے مرکب ہوتے ہیں۔ چونکہ "ستخلف" میں پایا جانے والا اختلاف بھی اسی صیرورت کی اسی قسم میں داخل ہے۔ اس لئے لازمی طور پر اس کا فاعل کہ وہی صفت اختلاف کا معروض ہے۔ "استی" کو

---

[1] منع الجمع ایک ایسی نسبت ہے جو ایسی دو چیزوں کے درمیان پائی جاتی ہے جو ایک دوسرے کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتیں جیسے آگ اور پانی کہ ان کا ایک جگہ جمع ہونا نہیں ہو سکتا۔ مترجم

[2] امکان خاص اور امکان عام منطق کی دو اصطلاحیں ہیں جن میں سے امکان عام میں صرف جانب مخالف کی عدم ضرورت کا اظہار مقصود ہوتا ہے اور امکان خاص میں جانب موافق اور جانب مخالف دونوں غیر ضروری ہوتی ہیں۔ مثلاً "الانسان موجودٌ" ممکنہ خاصہ ہے کہ انسان کا وجود بھی ضروری نہیں ہے اور عدم وجود بھی ضروری نہیں۔ یہی ممکنہ عامہ کی مثال بن سکتی ہے کہ اس میں جانب مخالف کی عدم ضرورت کا اظہار ہوتا ہے دوسرے الفاظ میں امکان خاص دو امکان عام سے مرکب ہوتا ہے جس کے یہ معنی ہیں کہ امکان خاص مرکب ہے اور امکان عام بسیط ہوتا ہے۔ مترجم

دانستہ باشی کہ استثناء الا واحدۃ استثناء منقطع است ولیکن کہ متصل باشد مگر تاویلش آں باشد کہ از حالۃ اصلی کہ وحدۃ بود بکثرت کذائی ظہور خواہد کرد۔

بالجملہ اینجا انتساب اختلاف بجانب مختلفان انتساب فاعلیۃ است نہ انتساب مفعولیۃ کہ بواسطہ ی باشد۔ چہ اگر مثل اختلاف امتی اینجا نیز اضافت بودی، می تواں گفت کہ اضافت بمعنی فی است نہ بمعنی لام۔ اینجا امتی را فاعل قرار دادہ اند نہ مفعول فیہ۔

وجہ دخول نار

و وجہ دخول نار ایں باشد کہ حالۃ سابقہ را کہ مصداق امتی بودی بود از خود گذاشتند

چنانچہ فاعل گردانیدن اوشاں دلیل بر آں است و ایں از اں قبیل باشد کہ در حق اہل کتاب فرمودہ اند

فَاخْتَلَفُوا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ

اعنی باوجود وضوح حقیقۃ دین و کتاب خود کہ مجمع بینات را لازم است فقط بوجہ عدوان و بغی آں ہا را بگذاشتند۔ و دانی کہ ایں

قرار دیا تاکہ تم جان لو کہ اصلی حالت سے یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی ہونے کے مصداق سے وہ لوٹ گئے اور یہیں سے تم نے یہ بھی جان لیا ہوگا کہ الا واحدۃ (مگر ایک) کا استثنا منقطع ہے اور ممکن ہے کہ استثنا متصل ہو مگر اس کی توجیہ یہ ہوگی کہ امت اصلی حالت سے جو کہ وحدت تھی اس طرح کی کثرت میں ظہور پذیر ہوگی۔

خلاصہ یہ کہ یہاں اختلاف کی نسبت اختلاف کرنے والوں کی جانب ان کے فاعل ہونے کے اعتبار سے ہے نہ کہ مفعول ہونے کے اعتبار سے جو بواسطہ حرف جار ہوتی ہے کیونکہ اگر اختلاف امتی کی طرح یہاں پر بھی اضافت تو کہہ سکتے تھے کہ اضافت فی کے معنی میں ہے نہ کہ لام کے معنی میں۔ یہاں پر امتی کو فاعل قرار دیا ہے نہ کہ مفعول فیہ۔

آگ میں داخل ہونے کی وجہ

اور آگ میں داخل ہونے کی وجہ یہ ہوگی کہ پہلی حالت کو جو کہ "امتی" ہونے کا مصداق تھی انہوں نے اس کو خود چھوڑ دیا چنانچہ ان کا فاعل قرار دینا اس پر دلیل ہے اور یہ بالکل اسی طرح کی بات ہوگی جیسے کہ اہل کتاب کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمائی ہے۔

"اہل کتاب نے اختلاف کیا اس کے بعد کہ ان کے پاس واضح آیات آچکی تھیں، آپس میں ضد کی وجہ سے۔"

یعنی اپنی کتاب اور دین کی حقیقت واضح ہو جانے کے باوجود جو صاف نشانیوں کے آنے کے بعد ضروری ہے صرف سرکشی اور بغاوت کی وجہ سے

ل استثنائے منقطع وہ ہے جو مستثنیٰ منہ کے ذکر کے وقت فوراً نہ کیا جائے۔ مثلاً آج تمام طلبہ آئے اور تھوڑی دیر ٹھہر کر پھر کہا۔ خالد کے سوا تو یہ منقطع استثنا کہلاتا ہے اور اگر استثنا کو مستثنیٰ منہ کے ساتھ بیان کر دیا جائے تو یہ متصل استثنا کہلاتا ہے جیسے آج تمام طلبہ آئے لیکن خالد نہیں آیا۔ مترجم

ٹ پوری آیت جو اہل کتاب کے بارے میں ہے یہ ہے "كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً فَبَعَثَ اللَّهُ النَّبِيِّينَ مُبَشِّرِينَ وَمُنْذِرِينَ وَأَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيمَا اخْتَلَفُوا فِيهِ وَمَا اخْتَلَفَ فِيهِ إِلَّا الَّذِينَ أُوتُوهُ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ فَهَدَى اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا لِمَا اخْتَلَفُوا فِيهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِهِ وَاللَّهُ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ" (سورہ بقرہ رکوع ۲۶)

چنیں اختلاف کہ منشاء آں صفۃ ذمیمہ عبد باشد از عُدوان و بغی وغیرہ قابل آں نیست کہ ازاں درگذرند۔

اہل کتاب نے اس کو چھوڑ دیا اور تمہیں معلوم ہے کہ اس طرح کا اختلاف کہ اس کا پیدا ہونا بندے کی بری عادت کی وجہ سے ہوتا ہے یعنی سرکشی اور بغاوت وغیرہ، اس قابل صفات نہیں کہ اوسے اللہ تعالیٰ درگذر کریں۔

بالجملہ ایں اختلاف از افعال ارادیہ اوشاں است و اختلافی کہ رحمتش خوانند از حرکات اضطراریہ۔ و ثواب و عقاب متفرع بر ارادہ است۔ بر اضطرار نتواں شد۔ آری چنانکہ شکل نیکو و سیرۃ نیک اگر قابل ثواب نیست مجملہ رحمت ضرور است ہمچنیں اختلافی کہ بجبوری باشد اگر قابل ثواب نیست قابلیۃ اسم رحمۃ دارد و چوں نباشد ہر چہ از ارادہ بندہ نیست فاعلش محض ارادہ خداوندی است۔ لاجرم از افعال خداوندی باشد۔ اکنوں اگر محرک آں فعلی ناسزا از افعال بندگاں شدہ آں را از اقسام قہر و غضب و آثار آں دانند ورنہ از آثار رحمۃ شمارند۔ زیرا کہ تحرک غضب را ارادہ ناسزا ضروری است و تحرک رحمۃ گاہی محرکی باشد کہ از بندگاں باشد۔ اعنی فعلی نیک خواہ قلبی باشد یا بدنی و گاہی بی سبب ہم رحمۃ عامہ حرکتے فرماید چنانچہ تکون ہمہ عالم و عطاء استعدادات حسنہ و صفات حمیدہ و اشکال نیکو و دیگر نعماء بے اختیاری ہمیں طور صورۃ بستہ۔

بالجملہ یہ اختلاف ان کی ارادہ کی عادتی کرتوتوں میں سے ہے اور وہ اختلاف جس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے رحمت فرمایا ہے وہ مجبوری کا ہے اور ثواب اور عذاب ارادہ پر ہو اکرتا ہے۔ حالت اضطراری پر نہ ہوگا۔ ہاں جیسی کہ خوبصورت شکل اور خوش خلقی اگر قابل ثواب نہیں ہے تو مجملہ رحمت ضرور ہے۔ اسی طرح وہ اختلاف کہ مجبوری سے ہو اگر ثواب کے قابل نہیں نہ سہی رحمت کے قابل ضرور ہے اور کیوں نہ ہو جو چیز بندے کے ارادے سے نہیں ہے اس کا فاعل محض خدا کا ارادہ ہے لامحالہ وہ خداوندی افعال سے ہوگا۔ اب اگر اس نادرست فعل کا محرک بندوں کے افعال میں سے ہوا ہے تو اس فعل کو قہر و غضب کے اقسام اور اس کے آثار میں سے جانیں گے ورنہ رحمت کے آثار میں سے شمار کریں گے۔ کیونکہ غضب کو حرکت میں لانے کے لیے برا ارادہ ضروری ہے اور رحمت کو حرکت میں لانے کا باعث کبھی تو وہ محرک ہوتا ہے جو کہ بندوں میں سے ہو یعنی نیک کام خواہ قلبی ہو یا بدنی اور کبھی بغیر سبب کے عام رحمت حرکت میں آتی ہے چنانچہ تمام دنیا کا پیدا ہونا اچھی قابلیتوں اور صفات حمیدہ کی بخشش اور حسین شکلیں اور دوسری غیر اختیاری نعمتیں اسی (عام رحمت) کے سبب ظہور میں آئیں۔

باقی ماند اینکہ اگر اختلاف متضمن صیرورۃ است می باید کہ در ہر دو جا صیرورۃ باشد و لازم آید کہ مصداق امتی بودن ہر چہ بود در ہر دو جا زائل گردیدہ باشد۔

باقی رہا یہ شبہ کہ اگر اختلاف صیرورۃ کو شامل ہے تو چاہیئے کہ دونوں جگہوں میں صیرورۃ پائی جائے اور لازم آتا ہے کہ امتی ہونے کا مصداق جو کچھ بھی ہو دونوں جگہ زائل ہو جائے۔

جواب — جوابش این است کہ اول چہ ضرور است کہ اختلاف ہر جا کہ باشد متضمن صیرورۃ باشد۔ لفظ کان و صار را بنگرید کہ گاہی متضمن صیرورۃ می باشد و گاہی نمی باشد۔ چنانچہ ناظران رسائل نحو میدانند۔

جواب — اس کا جواب یہ ہے کہ اول تو یہ کیا ضرور ہے کہ اختلاف جس جگہ بھی ہو وہ صیرورۃ کو شامل ہو لفظ کان اور صار کو ہی دیکھ لو کہ کبھی صیرورۃ کو شامل ہوتے ہیں اور کبھی نہیں، چنانچہ علم نحو کے رسالوں کو پڑھنے والے جانتے ہیں

ہاں اینقدر مسلم کہ بہر ترجیح معانی مشترکہ مرجحی باید۔ اینجا قرینہ حمل رحمۃ و آنجا قرینہ وعید، دخول نار۔ بدیں جانب میکشد کہ در

ہاں اس قدر مسلم ہے کہ مشترک معنوں میں ایک کو دوسرے پر ترجیح دینے کے لیے کوئی وجہ ترجیح ہونی چاہیئے۔ یہاں پر اختلاف امتی میں رحمت کا

اختلاف امتی صیرورة نباشد ورنہ در ستختلف باشد۔ فلذا فی الباب جملہ اختلاف امتی وہم جملہ ستختلف ہر دو جملہ باشند بنسبۃ افراد اختلاف۔

واین طرف اختلاف منقسم بدو قسم باشد۔

۱۔ یکی متضمن صیرورة

۲۔ دیگر آنکہ متضمن صیرورة نبود

واین امر دانی کہ بنسبۃ ماہیۃ اختلاف مستبعد نیست۔ چہ اختلاف بین الشیئین بہر دو طور متصور است۔ اینکہ حالۃ اولی منقلب شود چنانکہ اکثر است و آنکہ ہر دو بر حقیقۃ خود باشند و در امور زائدہ از حقیقۃ و مسمی تغیر واقع شود۔ چنانچہ زید در حالت قیام مخالف عمرو است۔ اگر قاعد باشد۔ لیکن ازین اختلاف قیام وقعود، اختلاف در زیدیۃ زید و عمریۃ عمرو فرقی نرسیدہ کہ صیرورۃ گفتہ شود۔ واگر این قدر پسند خاطر نیست میگوئیم کہ اختلاف ہر جا کہ باشد صیرورۃ ہم باغوش او بود۔ بلکہ از ضروریات تحقق اوست۔ چہ اختلاف را لازم است کہ حالۃ اولی کہ اتفاق بود زائل شدہ حالۃ دیگر بجایش پا نہد کہ آنرا اختلاف گویند۔ مگر بہ اینمعنے کہ ہرچہ از لوازم و ضروریات انقلاب است مثل زمان ومکان آنہم از حقیقۃ خود منقلب گردد۔ بلکہ ہر کہ موصوف و معروض اختلاف باشد آنرا ضرور است کہ از حالتی بحالتی رو نہد۔ وا ینجا دانی کہ در ستختلف امتی معروض اختلاف امتی است زیرا کہ فاعل اوست و در اختلاف امتی موصوف ومعروض نیست بلکہ ظرف چنانچہ مقتضاء اضافۃ بمعنی فی نیز ہمین است وموصوف آن درین جملہ مسائل و مذاہب است کہ عزیز و ظاہر است ..... کہ اختلافی کہ فیما بین مذاہب است بی آنکہ صیرورة بمیان آید صورت نہ بندد۔ اگر فرض کنیم کہ شافعی المذہب حنفی شود لاجرم حالۃ اولیٰ زائل شدہ حالۃ ثانیہ بجایش قائم خواہد شد وبہر تصحیح اضافۃ بمعنی فی وقوع فی در صلہ اختلاف در محاورات قرآنی دلیل کامل

اطلاق کیا گیا اور وہاں ستختلف امتی میں دخول نار کی وعید کا قرینہ ذہن کو اس طرف لے جاتا ہے کہ اختلاف امتی میں صیرورت نہ ہو اور ستختلف میں ہو۔ زیادہ سے زیادہ جملہ اختلاف امتی اور نیز جملہ ستختلف دونوں جملہ تقاضا یہ ہیں جن میں اختلاف کے افراد کی مقدار بیان نہیں کی گئی ہے۔

اور اس طرف اختلاف دو قسموں میں تقسیم ہوگا۔

۱۔ ایک تو وہ جو صیرورت کو شامل ہو

۲۔ دوسرا وہ جو صیرورت کو شامل نہ ہو۔

اور یہ بات تم تو جانتے ہی ہو کہ نفس اختلاف کے اعتبار سے کچھ بعید بھی نہیں ہے کیونکہ دو چیزوں کے درمیان اختلاف دونوں طریقوں پر متصور ہے۔ ایک یہ کہ پہلی حالت بدل جائے جیسا کہ اکثر ہے اور دوسرے یہ کہ دونوں کے دونوں اپنی حقیقت پر رہیں اور زائد امور میں حقیقت اور مسمی کے علاوہ تبدیلی واقع ہو جائے چنانچہ زید کھڑے ہونے کی حالت میں عمرو کے جبکہ وہ بیٹھا ہوا ہو مخالف ہوگا لیکن اس اختلاف قیام وقعود سے زید کے زید ہونے اور عمرو کے عمرو ہونے میں کوئی فرق نہیں پڑتا کہ اس کو صیرورۃ کہا جائے اور اگر اتنی بات ناپسند خاطر ہے تو ہم کہتے ہیں کہ اختلاف جہاں کہیں بھی ہوگا صیرورت بھی اس کی گود میں ہوگی بلکہ اس کے محقق ہونے کے لئے اس کی ضروریات میں سے ہے کیونکہ اختلاف کے لئے ضروری ہے کہ پہلی حالت جو اتفاق کی تھی زائل ہو کر اس کی جگہ دوسری حالت آجائے کہ اسی کو اختلاف کہتے ہیں مگر اس معنی میں نہیں کہ جو کچھ انقلاب کے لوازم اور ضروریات میں مثلاً زمان ومکان وہ بھی اپنی حقیقت سے بدل جائیں بلکہ جو اختلاف کا معروض اور موصوف ہوگا اس کے لئے ضروری ہے کہ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف رخ کرے اور یہاں تم جانتے ہو کہ ستختلف امتی میں اختلاف کا معروض امتی ہے کیونکہ اس کا فاعل ہے اور اختلاف امتی میں امت اختلاف کا معروض اور موصوف نہیں ہے بلکہ ظرف ہے جیسا کہ اضافت بمعنی فی کے معنی میں اضافت کا مقتضا بھی یہی ہے اور اختلاف کا موصوف اس صورت میں تمام مسائل اور مذاہب

است مثل فاختلفوا فیہ وغیرہ بلکہ درکلام اللہ درسورۃ روم

ہیں نہ اور کچھ۔ اور ظاہر ہے کہ جو اختلاف مذاہب کے درمیان میں ہوتا ہے وہ میرورت کے درمیان آنے بغیر صورت اختیار نہیں کر سکتا۔ اگر ہم فرض کریں کہ کوئی شافعی المذہب، حنفی ہو جائے تو لازمی طور پر پہلی حالت زائل ہوگی اور دوسری حالت اس کی جگہ قائم ہو جائے گی اور اضافت بمعنی فی کو درست قرار دینے کے لئے اختلاف کے سلسلے میں فی کا محاورات قرآن میں آنا مثلاً فاختلفوا فیہ وغیرہ بلکہ کلام اللہ کی سورہ روم میں :-

"وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ"

"اور اس کی آیتوں میں سے آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا اور تمہاری بولیوں اور رنگوں کا اختلاف ہے۔ بیشک اس اختلاف میں دنیا والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔"[1]

فرمودہ اند۔ ازینجا ہویدا است کہ السنہ والوان را ظرف اختلاف قرار دادہ اند و مشار الیہ ذٰلِكَ ہمیں السنہ والوان می نماید۔ زیرا کہ بحکم ومن اٰيٰتِهٖ اول اختلاف را منجملہ آیات شمردند۔ باز اگر مشار الیہ ذٰلِكَ ہمیں خلق واختلاف دارند۔ لازم آید کہ ہم ظرف باشد وہم مظروف۔ لاجرم مشار الیہ ذلک السنہ والوان باشد۔ اندریں صورت بشہادت فی ذلک اضافہ اختلاف السنتکم اضافہ بمعنی فی باشد۔ مگر آنکہ باعتبار انفتاح دیدۂ عبرت کہ بمشاہدہ اختلاف مذکور رو میدہد مجازاً نفس اختلاف را ہم ظرف آیات قرار دادہ باشند و صورۃ حال اندریں صورت آں باشد کہ نفس اختلاف نیز منجملہ آیات است۔ باز دراں ہم آیات بسیار برای عالماں نہادہ اند۔ واللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔

فرمایا ہے یہاں سے ظاہر ہے کہ زبانوں اور رنگوں کو اختلاف کا ظرف قرار دیا ہے اور ذٰلِكَ کا اشارہ انہی زبانوں اور رنگوں کی طرف معلوم ہوتا ہے کیونکہ ومن اٰيٰتِهٖ کے حکم کے موافق اول اختلاف کو منجملہ آیات شمار کیا۔ پھر اگر ذالک کا مشار الیہ اسی خلق اور اختلاف کو قرار دیں تو لازم آتا ہے کہ اختلاف ظرف بھی ہو اور مظروف بھی۔ اس لئے ناچار ذلک کا مشار الیہ السنہ اور الوان ہوں گے۔ اس صورت میں فی ذالک کی شہادت کے باعث اختلاف السنتکم کی اضافۃ فی کے معنی میں ہوگی لیکن دیدۂ عبرت کھل جانے کی وجہ سے جو کہ مذکورہ اختلاف کے مشاہدہ کا نتیجہ ہے وہ یہ ہے کہ مجازی طور پر نفس اختلاف کو بھی آیات کے ہم ظرف قرار دیا گیا ہو اور اس صورت میں، صورت حال وہ ہوگی کہ نفس اختلاف بھی منجملہ آیات کے ہے۔ پھر اس اختلاف میں بھی بہت سی نشانیاں اہل علم کے لئے رکھ دی ہیں اور اللہ ہی حقیقت حال کو زیادہ جانتا ہے۔

مختصر ازیں ہم مختصر گویم کہ ظرفیت مقتضی بقاء ظرف بحالہ خود است اگرچہ مظروف متغیر الحال باشد فاعلیۃ اگر نسبۃ افعالی است کہ تغیر فاعل را نخواہند فاعل بحال خود باشد۔ واگر فعل ہمیں تغیر و امثال ست لاجرم تغیر در فاعل رو دہد۔ پس درصورۃ اعنی اختلاف امتی اضافۃ و انسلب ظرفیۃ است فیما بین اختلاف و امۃ و در مستخلف

مختصر اس سے بھی مختصر میں کہتا ہوں کہ ظرفیت اس بات کی مقتضی ہے کہ ظرف اپنے حال پر باقی رہے اگرچہ مظروف کی حالت بدلتی رہے اور فاعلیت اگر ان افعال کی نسبت سے ہے جو فاعل میں تغیر کو نہیں چاہتے تو فاعل اپنے حال میں رہے گا اور اگر فعل خود تغیر اور اس کی مثل ہوں تو یقیناً فاعل میں تغیر پیش آئے گا۔ پس پہلی صورت یعنی "اختلاف امتی" میں اختلاف

---

[1] سورۂ روم رکوع ۳ ۔ مترجم

انتساب فاعلیت است و فعل متضمن میرورة چنانچہ ہویداست
بالجملہ مرجع مرکب اضافی بجانب جملہ اسمیہ باشد کہ دوام وثبوت
راخواہد۔ وجملہ ستخلف جملہ فعلیہ است کہ تجدد را مقتضی است
و میدانی کہ تجدد در عرضیات متصوراست نہ در طبعیات و لوازم
ذات ۔ لیکن اختلافی کہ مقتضاء ذات باشد ولاجرم دوام پذیر
واگر باشد ہمیں اختلاف باشد کہ منشاء آں نارسائی فہم بود و اختلافی
کہ بوجہ عوارض معلومہ از افعال ذمیمہ باشد و نیات ذمیمہ باعث
او بود لاجرم متجدد باشد بحسب تجدد وقائع ۔ واللہ اعلم بالصواب
لیکن اولٰی قابل واگذاشت است کہ مستلزم توسع باشد وثانی
موجب عتاب کہ اکثر منجر بعذاب بود ۔ واللہ الہادی

اور امت کے درمیان ظرفیت کی نسبت اور اضافت ہے اور
ستخلف میں فاعلیت کی نسبت ہے ۔ فعل میرورت تغیر کو شامل
ہے جیسا کہ ظاہر ہے ۔ ان تمام باتوں کے باوجود مرکب اضافی کا
مرجع جملہ اسمیہ کی طرف ہوا کرتا ہے جو کہ ہمیشگی اور ثبوت کو چاہتا ہے
اور جملہ ستخلف جملہ فعلیہ ہے جو تجدد کو مقتضی ہے اور تم جانتے ہو
کہ تجدد عرضیات میں متصور ہوتا ہے نہ کہ طبعیات اور ذات کے
لوازم میں ۔ لیکن جو اختلاف کہ مقتضاء ذات ہوتا ہے اور یقیناً اسے
ہمیشگی حاصل ہوتی ہے ۔ اگر ہے تو وہ اسی قسم کا اختلاف ہوتا ہے
کہ اس کا منشاء عقل کی نارسائی ہے اور وہ اختلاف جو کہ عوارض معلومہ
یعنی افعال ذمیمہ سے ہوگا اور بری نیتیں اس کا باعث ہوں گی ۔ یقیناً
وہ واقعات کے نئے نئے طور پر ہونے کے باعث متجدد ہوگا باقی اللہ ہی ٹھیک جانتا ہے لیکن پہلا اختلاف (اختلاف امتی)
درگذر کے قابل ہے جو توسع کا موجب ہے اور دوسرا (ستخلف والا) اختلاف عتاب خداوندی کا موجب ہے جو اکثر طور پر عذاب
کی طرف لے جانے والا ہے ۔ اور اللہ ہی ہادی ہے :۔

چوں دریں قدر بہر آں عزیز منجر کفایت است ۔ وقت
آں است کہ قلم را باز دارم چہ بفضلہ تعالیٰ آں عزیز خود استعداد
نیکو دارند ۔ بتقاضاء حسن ظن خود ایں نارسا را بسخرہ میگیرند خیر اگر
پسند آید از طرف است بیدہ الفضل وھو علی کل شیئ
قدیر و اگر غلط گفتہ باشم متنبہ فرمایند کہ ناکارہ ہمیں ساں
درعالم بیفکری قلم برداشتہ[1] نوشتہ ام ۔

بملازمان محفل خود از من سلام رسانند و مرا یکی از مشتاقان
دیدار خود دانند ۔
می ندانم از طرف شاہ و مولوی احمد حسن و مولوی محمود حسن

چونکہ اس قدر لکھنا آں عزیز کے لئے کافی ہے اس لئے اب
وقت کا تقاضا یہ ہے کہ قلم کو روک لوں کیونکہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے
آں عزیز خود عمدہ استعداد کے مالک ہیں ۔ اپنے حسن ظن سے
اس نارسا کو بیگار میں پکڑ لیتے ہیں ۔ خیر اگر پسند آئے تو اللہ کی طرف
سے سمجھئے کیونکہ اس کے ہاتھ میں فضل ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے
اور اگر میں نے غلط کہا ہو تو مجھے آگاہ فرمائیں کہ ناکارہ نے اسی طرح
بے سوچے سمجھے قلم برداشتہ[1] لکھ دیا ہے ۔
اپنی مجلس میں بیٹھنے والوں کو میری طرف سے سلام پہنچا دیں
اور مجھے اپنے مشتاقین ملاقات میں سے ایک سمجھیں ۔
مجھے معلوم نہیں کہ تمہاری اور مولوی احمد حسن اور مولوی محمود حسن

[1] اندازہ لگائیے کہ یہاں حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ان جیسے مضامین عالیہ کا فی البدیہہ بلا فکر
و تامل لکھنے کا اظہار کیا ہے اور واقعہ یہی ہے ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا کو علم لدنی سے بہرۂ وافر
عطا ہوا تھا ۔ مترجم

بدلم چہ نہادہ اند کہ اکثر مو کشاں بکار پردازی شما میکشند ۔

باقی از دعاء خیر یادم دارند کہ ذریعہ نجات من بجز دعاء احباب ہیچ نیست ۔

غالباً بتقریب نکاح مولوی محمود حسن تا بدیوبند قدم رنجہ فرمایند لیکن افسوس کہ کول از راہ یکسو افتادہ است ۔ فقط

(شیخ الہند اسیر مالٹا) کی طرف سے میرے دل میں کیا رکھ دیا ہے کہ اکثر مو کشاں آپ لوگوں کے کام کی طرف کھینچتے ہیں ۔

باقی دعائے خیر میں مجھے یاد رکھیں کہ نجات کا ذریعہ احباب کی دعا کے سوا اور کچھ نہیں ہے ۔

غالباً مولوی محمود حسن کے نکاح[1] کی تقریب میں دیوبند قدم رنجہ فرمائیں گے لیکن افسوس کہ علی گڑھ راہ سے ایک طرف واقع ہوا ہے ۔ فقط

[1] شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی شادی محرم یا صفر ۱۲۹۰ھ مطابق جنوری یا فروری ۱۸۷۴ء کو ہوئی ہے ۔ یہ وہ زمانہ ہے جبکہ مولانا فخر الحسن صاحب بلند شہر میں ملازم تھے ۔ مترجم

(تاریخی نوٹ) اس مکتوب کا ترجمہ ۲۷ ربیع الاول ۱۳۸۸ھ مطابق ۲۴ر جون ۱۹۶۸ء بروز پیر شروع کیا گیا اور بتاریخ ۱۵ ربیع الآخر ۱۳۸۸ھ مطابق ۱۲ جولائی ۱۹۶۸ء بروز جمعہ بوقت پونے دس بجے صبح مہبط انوار رائپور میں ختم ہوا ۔ والحمد للہ ۔

تعارف

چھٹا مکتوب

مولوی فدا حسین صاحب کے نام

تعارف مکتوب الیہ

یہ چھٹا مکتوب جو اصل مجموعہ مکتوبات "تکسیر اصنام" میں تیسرا مکتوب ہے۔ مولوی فدا حسین صاحب کے نام ہے جن کا نام آپ نے گزشتہ مکتوبات میں سے کسی ایک مکتوب میں تعارفاً پڑھ چکے ہیں جو عصمت انبیاء کے متعلق تھا۔ اس کتاب میں یہ مکتوب تیسرا ہے اور عصمت انبیاء کے بارے میں اصل چوتھا ہے اور ہم نے اس مکتوب کو چھٹے نمبر میں رکھا ہے۔ لہٰذا مولوی فدا حسین صاحب کا جو اجمالی تعارف وہاں ہم نے پیش کیا ہے مطالعہ کر لیا جائے۔

خلاصہ مکتوب مولوی فدا حسین صاحب

مولوی فدا حسین صاحب نے وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کے متعلق حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی تفسیر کو اپنے لیے مجمل قرار دے کر لکھا ہے کہ مجھے شاہ صاحب کی مذکورہ بالا آیت کی تفسیر سے تسلی اور اطمینان حاصل نہیں ہوا۔ ان کے نزدیک آیت کی تفسیر تشنہ تفصیل ہے۔ نیز انہوں نے شاہ صاحب کی تفسیر پر یہ بھی نکتہ چینی کی معلوم ہوتی ہے کہ شاہ صاحب کا دعویٰ اور ہے اور دلیل اور ہے۔ یہ صورت حال حضرت مولانا کے جواب مکتوب سے معلوم ہوتی ہے۔ حیرت یہ ہے کہ مولوی فدا حسین صاحب نے شاہ عبدالعزیز کی تفسیری عبارت اپنے خط میں تحریر نہیں کی اس لیے ہمیں یہ عبارت پیش کرنی پڑی۔

تفسیر آیت از شاہ عبدالعزیز صاحب

شاہ عبدالعزیز صاحب تفسیر عزیزی سورۂ بقرہ میں وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ واضح رہے کہ اس وقت مطبع حیدری بمبئی کی تفسیر عزیزی مطبوعہ ۱۲۹۴ھ ہمارے پیش نظر ہے۔ بہرحال شاہ صاحب کی بعینہٖ تفسیری عبارت یہ ہے:-

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ یعنی و مگر آن جانور کہ آواز بر آوردہ شدہ و شہرت دادہ شدہ در حق آن جانور کہ لِغَيْرِ اللّٰهِ یعنی برائے غیر خدا است خواہ آن غیر بت باشد یا روح خبیث کہ بطریق بھوگ (جوگ) کہ بنام او

اور مَا اُهِلَّ بِهٖ یعنی مگر وہ جانور کہ جس پر آواز بلند کی گئی ہو اور اس جانور کے حق میں شہرت کی گئی ہو کہ لِغَيْرِ اللّٰهِ یعنی خدا کے سوا کسی اور کے لیے ہے خواہ وہ غیر بت ہو یا کوئی ناپاک روح ہو کہ بھوگ کے طریقے پر

بر بہند وخواہ جنی مسلط بر خانہ یا سرائی کہ بدون دادن جانور از ایذائی سکنہ آنجا دست بردار نشود یا توپ را روانہ کردن ندہد وخواہ پیری یا پیغمبرہ را بایں وضع جانوری زندہ مقرر کردہ دہند کہ ایں ہمہ حرام است ودر حدیث صحیح وارد است کہ ملعون من ذبح لغیر اللہ یعنی ہر کہ بذبح جانور تقرب بغیر خدا نماید ملعون است خواہ در وقت ذبح نام خدا بگیرد یا نی زیرا کہ چوں شہرت داد کہ ایں جانور برائے فلانی است ذکر نام خدا وقت ذبح فائدہ نکرد چہ آں جانور منسوب بآں غیر گشت وخبثی در و پیدا گشت کہ زیادہ از خبث مردار است۔ زیرا کہ مردار بی ذکر نام خدا جان دادہ است وجان ایں جانور را از آں غیر قرار دادہ کشتہ اند و آں عین شرک است وہرگاہ ایں خبث در وی سرایت کرد۔ دیگر بذکر نام خدا حلال نمیشود۔ مانند سگ وخوک کہ اگر بنام خدا مذبوح شوند حلال نمیگردند۔

کہ اس کے نام پر دیتے ہیں خواہ کسی گھر یا سرائے پر مسلط جن کے نام پر کہ وہ جانور دیئے بغیر اس گھر کے رہنے والوں کو ایذا پہنچانے سے باز نہیں آتا ہے یا توپ کو چلنے نہیں دیتا اور خواہ کسی پیر یا پیغمبر کے لئے اس طریقہ پر جانور مقرر کر کے دیں تو یہ سب طریقے حرام ہیں اور صحیح حدیث میں وارد ہے کہ ملعون من ذبح لغیر اللہ یعنی جو شخص جانور کے ذبح کرنے سے غیر خدا کا تقرب چاہے تو ملعون ہے خواہ ذبح کے وقت خدا کا نام لے یا نہ لے کیونکہ جب اس نے مشہور کر دیا کہ یہ جانور فلاں کے لئے ہے تو خدا کے نام کا ذکر ذبح کے وقت مفید نہیں کیونکہ وہ جانور اس غیر خدا کی طرف منسوب ہو گیا اور اس میں ناپاکی پیدا ہو گئی جو کہ مردہ جانور کی ناپاکی سے بھی زیادہ ہے کیونکہ مردار نے تو خدا کا نام لئے بغیر جان دی ہے اور اس جانور کی جان کو غیر خدا کے لئے نامزد کر کے مارا ہے اور وہ بالکل شرک ہے اور جب یہ گندگی اس جانور میں سرایت کر گئی تو پھر خدا کا نام لے کر ذبح کرنے سے بھی حلال نہیں ہوگا جیسا کہ کتا اور خنزیر کہ اگر ان کو خدا کا نام لے کر ذبح کریں تو حلال نہیں ہو جاتے ہیں۔

و کنہ ایں مسئلہ آنست کہ جان را برائی غیر جان آفریں نیاز کردن درست نیست وماکولات ومشروبات ودیگر اموال را نیز اگرچہ از راہ تقرب بغیر اللہ دادن حرام وشرک است اما ثواب آں چیزہا را کہ عاید بدہندہ میشد از آں غیر ساختن جائز است۔ زیرا کہ انسان را میرسد کہ ثواب عمل خود را بغیر خود بخشد چنانچہ میرسد کہ مال خود را بغیر خود بدہد و جان جانور مملوک آدمی نیست تا او را بکسی تواند بخشید ونیز دادن مال ازیں جہت مستوجب ثواب است کہ آدمیاں بوی منتفع میشوند وچوں مردہ ہا بعد از مفارقت ایں جہان قابل انتفاع بعین مال نماندہ اند طریق نفع رسانیدن آنہا در شرع چنیں قرار یافت کہ ثواب اموال را کہ بمستحقاں برسانند بآنہا عاید سازند وچوں جان جانور اصلاً قابل انتفاع آدمی نیست در زندگی پس از مردگی نیز قابل انتفاع او نباشد آری اضحیہ از طرف مردہ کردن در حدیث صحیح آمدہ است لیکن معنیش ہمیں است کہ دادن جان برای خدا ثوابی کہ دارد بآں مردہ بخشیدہ شود نہ آنکہ ذبح برائے مردہ کردہ آید۔

اور اس مسئلے کی حقیقت یہ ہے کہ جان کو جان آفریں کے سوا نذر کرنا درست نہیں ہے اور کھانے پینے کی چیزوں اور دوسرے اموال کو بھی تقرب کے طور پر غیر اللہ کو دینا حرام اور شرک ہے لیکن ان چیزوں کے ثواب کو جو کہ دینے والے کی طرف عاید ہوتے تھے دوسرے کی ملکیت میں دیدینا جائز ہے کیونکہ انسان کو یہ حق پہنچتا ہے کہ اپنے عمل کا ثواب اپنے سوا کسی کو بخش دے۔ اسی طرح یہ بھی اسے حق پہنچتا ہے کہ اپنا مال اپنے سوا کسی کو دیدے لیکن جانور کی جان انسان کی مملوک نہیں ہے کہ وہ کسی کو بخش سکے اور نیز اس طرح سے مال دے دینا ثواب کا باعث جس سے آدمی نفع حاصل کرتے ہیں اور جب مُردے اس جہان سے چلے جانے کے بعد اصل مال سے نفع حاصل کرنے کے قابل نہیں رہے تو ان کو نفع پہنچانے کا طریقہ شریعت میں اس طرح قرار پایا کہ اموال کو جو حق داروں کو دیدیتے ہیں ان کا ثواب مردوں کو بخش دیں اور چونکہ جانور کی جان زندگی میں آدمی کے نفع حاصل کرنے کے بالکل قابل نہیں ہے تو مرنے کے بعد بھی انسان کے انتفاع کے قابل نہیں ہوتی۔ ہاں مردے کی طرف سے قربانی کرنا صحیح

حدیث میں آیا ہے لیکن اس کا مطلب یہی ہے کہ خدا کے لئے جان دینے کا جو ثواب ہے وہ اس مردے کو بخشدیا جاتے نہ یہ کہ ذبح ہی مردے کے لئے کیا جاتے ۔

وبعضی جہال مسلمین دریں مقام کج فہمی می کنند ومی گویند کہ گوشت را پختہ بنام مردہ ہا دادن بلاشبہ جائز است وما نیز از ذبح کردن جانور بنام مردہ ہمیں قدر قصد مینمائیم ۔

بجہان فہمیدن ایشاں یک نکتہ کافی است کہ بایشاں باید گفت ۔ کہ ہرگاہ شما ذبح کردن جانور بنام غیر خدا نذر میکنید اگر عوض آں جانور گوشت بہای مقدار خریدہ وپختہ بفقرا خورانید درذہن شما آں نذر ادا میشود یا نی ۔ اگر میشود راست میگوئید کہ مقصود شما از ذبح غیر از گوشت خورانیدن برای ثواب آں مردہ نبود والا تقرب بذبح نذر او کردہ آید وشرک صریح لازم می آید ۔

ودر لفظ ایں آیت کہ درچہار جا از قرآن مجید وارد شدہ تامل باید کرد ۔ کہ مَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ فرمودہ اند نہ مَا ذُبِحَ بِاسْمِ غَيْرِ اللّٰهِ پس ذبح کردن بنام خدا ہمراہ شہرت دادن وآواز بر آوردن بآنکہ فلانی گاو فلانی وبز فلانی میکند ہیچ فائدہ نمیکند ۔ وگوشت آں جانور حلال نمیگردد ۔ واُهِلَّ را بر ذبح حمل کردن خلاف لغت وعرف است ۔ ہرگز اہلال در لغت عرب وعرف آں دیار دراں وقت بمعنی ذبح نیامدہ در ہیچ شعر وہیچ عبارت ۔ بلکہ اھلال در لغت عرب بمعنی بلند کردن آواز وشہرت دادن است ۔ چنانچہ اہلال ہلال واہلال طفل نو تولد واہلال بمعنی تلبیہ حج وغیر ذلک مستعمل است ۔ واگر کسی بگوید کہ اَهْلَلْتُ لِلّٰهِ ہرگز بمعنی ذَبَحْتُ لِلّٰهِ فہمیدہ نخواہد شد ونیز اگر اُهِلَّ را بر ذبح حمل کردہ شود پس ذبح لغیر اللّٰہ مراد خواہد شد ذبح باسم غیر اللّٰہ از کجا فہمیدہ شود دعای ایں مردم حاصل شود پس دریں عبارت اہلال را بمعنی ذبح گرفتن باز لغیر اللّٰہ را بجائے

اور بعض جاہل مسلمان اس موقع پر کج فہمی سے کام لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ گوشت کو پکا کر مردوں کے نام پر دینا بلاشبہ جائز ہے اور ہم بھی مردے کے نام پر جانور کے ذبح کرنے سے اتنا ہی ارادہ رکھتے ہیں ۔

ان کے سمجھانے کے لئے ایک نکتہ کافی ہے اور وہ یہ کہ ان سے کہنا چاہئے کہ جس وقت تم جانور کے ذبح کرنے کو غیر خدا کی نذر کرتے ہو ، اگر اس جانور کے عوض اتنا ہی گوشت خرید کر اور پکا کر فقیروں کو کھلا دو تو اس صورت میں تمہارے ذہن میں وہ نذر ادا ہو جاتی ہے یا نہیں ۔ اگر ہو جاتی ہے تو ٹھیک کہتے ہیں کہ تمہارا مقصد ذبح سے گوشت کھلانے کے سوا اس مردے کے ثواب کے لئے اور کچھ نہ تھا ورنہ اگر ذبح کے ذریعہ تقرب کے طور پر اس کی نذر کیا جاتا ہے تو صاف شرک لازم آتا ہے

اور اس آیت کے لفظ میں کہ قرآن مجید میں چار جگہ آیا ہے غور کرنا چاہئے کہ مَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ فرمایا ہے نہ کہ مَا ذُبِحَ بِاسْمِ غَيْرِ اللّٰهِ ۔ پس خدا کے نام کے ساتھ ذبح کرنا اور اسکے ساتھ شہرت کرنا اور آواز دے کر کہنا کہ فلاں کی فلاں گائے اور فلاں بکری فلاں کے نام کی ہے تو کوئی فائدہ نہیں دیتا اور اس جانور کا گوشت حلال نہیں ہوتا ہے اور اُهِلَّ کو ذبح پر محمول کرنا لغت اور عرف کے خلاف ہے ۔ اہلال عرب کی زبان اور اس دیار کے عرف میں اس وقت ذبح کے معنی میں نہیں آیا نہ کسی شعر میں اور نہ کسی عبارت میں ۔ بلکہ اھلال عرب کی لغت میں آواز بلند کرنے اور شہرت دینے کے معنی میں آیا ہے ۔ چنانچہ اھلال ھلال اور اھلال طفل نو مولود اور اھلال تلبیہ حج وغیرہ کے معنی میں مستعمل ہے اور اگر کوئی کہے کہ اَهْلَلْتُ لِلّٰهِ ہرگز ذَبَحْتُ لِلّٰهِ کے معنی میں نہیں سمجھا جائے گا اور نیز اگر اُهِلَّ را ذبح پر محمول کیا جائے تو ذبح لغیر اللّٰہ مراد ہوگا ذبح باسم غیر اللّٰہ کہاں سے

بنام غیر اللہ ساختن قریب بہ تحریف کلام الٰہی میرسد۔

سمجھا جائے تاکہ ان لوگوں کا مدعا حاصل ہو۔ پس اس عبارت میں اہلال کو ذبح کرنے کے معنی میں لینا۔ پھر لغیر اللہ کو باسم غیر اللہ کی جگہ کرنا کلام اللہ کو بدل ڈالنے کے قریب پہنچ جاتا ہے۔

در تفسیر نیشا پوری میگوید

اجمع العلماء لو ان مسلما ذبح ذبیحۃ وقصد بذبحھا التقرب الی غیر اللہ صار مرتدا وذبیحتہ ذبیحۃ مرتد۔ انتہی

نیشا پوری، تفسیر میں کہتے ہیں۔

"علماء کا اجماع ہے کہ اگر مسلمان نے کوئی ذبیحہ ذبح کیا اور اس کے ذبح کرنے سے غیر اللہ کی طرف تقرب کا ارادہ کیا تو وہ مرتد ہوگیا اور اس کا ذبیحہ مرتد کا ذبیحہ ہوگا (یعنی حرام ہے) (ختم ہوا کلام نیشا پوری)

وکفار در جاہلیت در وقت برآمدن از خانہ و در راہ بنام بتان آواز میکردند و چون بمکہ معظمہ میرسیدند طواف خانہ کعبہ مینمودند این طواف ایشان بجناب خدا ہرگز از ایشان قبول نبود۔ لہٰذا حکم شد کہ

اور کافر لوگ زمانہ جاہلیت میں گھر سے نکلنے کے وقت اور راہ میں بتوں کے نام پر آواز دیا کرتے تھے اور جب مکہ معظمہ پہنچتے تھے تو خانہ کعبہ کا طواف کرتے تھے۔ ان کا یہ طواف خانہ کعبہ میں ہرگز مقبول نہ تھا۔ لہٰذا حکم ہوا کہ

فَلَا یَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا

یعنے اس سال کے بعد مسجد حرام کے قریب بھی (کفار) نہ جائیں۔

پس در ذبائح چون آواز بر آوردند و شہرت دادند کہ این جانور از فلانی است و بنام اوست و برای او میکنیم و در وقت ذبح بنام خدا ذبح کنانیدند اصلا موجب ترتب علیت نمیگشت و سرش کہ نزد عوام طریق ذبح جانور ہر گونہ کہ مقرر است متعین است برای رسانیدن جان بجانور برای ہر کہ منظور باشد۔ چنانچہ فاتحہ و قل و درود خواندن طریق متعین است برای رسانیدن ماکولات و مشروبات بارواح خواہ بقصد رسانیدن ثواب بآن ارواح نمایند یا بقصد تقرب و دفع شر و چاپلوسی و تملق آری ذکر نام خدا برای جانور وقتی فائدہ میدہد کہ تقرب بغیر خدا را از دل دور کردہ و خلاف آن شہرت و آواز، شہرت آواز دیگر دہند کہ ما ازین کار برگشتیم۔

پس یہاں بھی جب پکار کر کہہ دیا اور مشہور کر دیا کہ فلاں کا یہ جانور ہے اور اس کے نام ہے اور اس کے لئے ہم کرتے ہیں اور ذبح کے وقت خدا کے نام پر ذبح کرایا تو ہرگز ایسا کرنا حلال ہونے کا موجب نہیں ہوا اور اس کا راز یہ ہے کہ عوام کے نزدیک جانور کے ذبح کرنے کا طریقہ جس طرح بھی مقرر ہے تو جس کے لئے جان پہنچانی ہو اس کا طریقہ متعین ہے۔ چنانچہ سورہ فاتحہ اور قل اور درود شریف کا پڑھنا متعین ہے۔ روحوں کو کھانے اور پینے کی چیزوں کے پہنچانے کے لئے خواہ ان روحوں کو ثواب پہنچانے کے ارادے سے کریں یا تقرب اور شرارت کو دفع کرنے اور چاپلوسی اور خوشامد کے دفع کرنے کے ارادے سے۔ ہاں خدا کے نام کا ذکر اس جانور پر اس وقت فائدہ دیتا ہے کہ غیر خدا کے تقرب کو دل سے دور کرکے اور اس شہرت و آواز کے خلاف دوسری آواز اور شہرت دیں کہ اس کام سے ہم نے رجوع کر لیا۔

آمدیم برآنکہ درین سورہ لفظ بہ را بر لفظ لغیر اللہ مقدم آوردند و در سورۂ مائدہ و انعام و نحل مؤخر۔ وجہش آنست کہ اصل ہمین است کہ با را متصل فعل و مقدم بر متعلقات دیگر آرند زیرا کہ با درین مقام برای تعدیۂ فعل است مانند ہمزہ

اب ہم اس بات پر آتے ہیں کہ اس سورۂ بقرہ میں بہٖ کو لغیر اللہ سے پہلے لائے ہیں اور سورۂ مائدہ اور انعام اور سورۂ نحل میں بعد میں لاتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اصل تو یہی ہے کہ با کو فعل کے متصل اور دوسرے متعلقات سے مقدم لائیں

و تضعیف پس حتی الامکان ملاحق فعل باشد۔ و ایں موضع اول قرآن است۔ دریں موضع بر ہماں اصل خود استعمال فرمودہ اند و در سورتہای دیگر آنچہ محل انکار و مدار سرزنش است یعنی ذبح بقصد غیر اللہ مقدم آمدہ و لہذا در باقی سورتہا جملہ فَلَآ اِثْمَ عَلَیْهِ را نیز موقوف داشتہ اند۔ زیرا کہ در اول قرآن مسموع شدہ آمدہ است و ایں ہر چہار چیز کہ مذکور شد یعنی مردار^1 و خون^2 و گوشت خوک^3 و جانوری کہ برای غیر خدا مقرر کردہ ذبح نمایند۔ ازاں جنس است کہ بر جمیع فرقہ ہا در جمیع حالات حرام است۔ و ازاں قبیل نیست کہ بر فرقہ حرام باشد و برای دیگراں حلال مانند مال زکوٰۃ و صدقات یا در حالی حرام باشد و در حالت دیگر حلال مانند دوای گرم سمی مضر کہ بر محرور مزاجاں حرام است و چوں مزاج آنہا برودت پیدا کند حلال میشود۔ آری در وقت ناچارگی خوردن ایں چیزہا با وجود حرمت معاف میگردد۔ (تفسیر عزیزی سورہ بقر جلد اول از صـ۷۷۹ تا صـ۷۸۲)

کیونکہ با اس مقام پر ہمزہ اور تضعیف کی طرح فعل کو متعدی بنانے کے لئے ہے۔ پس حتی الامکان فعل سے متصل ہوتی ہے اور یہ قرآن کریم میں پہلی جگہ ہے۔ اس جگہ میں (با) کو اسی اپنی اصل جگہ میں استعمال فرمایا ہے اور دوسری سورتوں میں چونکہ انکار اور سرزنش کی جگہ ہے یعنی غیر اللہ کے ارادے سے ذبح کرنا تو وہاں پر مقدم آئی ہے لہٰذا باقی سورتوں میں جملہ فَلَآ اِثْمَ عَلَیْهِ کو بھی موقوف رکھا ہے کیونکہ قرآن کے اول حصے میں مسموع ہو کر آیا ہے اور یہ چاروں چیزیں کہ مذکور ہوئیں یعنی مردار، خون اور خنزیر کا گوشت اور وہ جانور جو غیر خدا کے لئے مقرر کر کے ذبح کریں اسی جنس سے ہیں کہ تمام فرقوں پر تمام حالات میں حرام ہیں اور اس قبیل سے نہیں ہیں کہ ایک گروہ پر تو حرام ہوں اور دوسروں کے لئے حلال ہوں جیسا کہ زکوٰۃ اور صدقات کا مال۔ یا ایک حالت میں تو حرام ہوں اور دوسری حالت میں حلال جیسا کہ زہریلی مضر دوا گرم جو کہ گرم مزاجوں پر حرام ہے اور جب ان کے مزاج میں برودت پیدا کرے تو حلال ہو جاتی ہے۔ ہاں حالت اضطرار میں حرمت کے باوجود ان چیزوں کا کھانا معاف ہو جاتا ہے (فتح العزیز یا تفسیر عزیزی جلد اول سورہ بقرہ صـ۷۷۹ تا صـ۷۸۲) مترجم۔

حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب قدس سرہ نے مَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کی تفسیر میں نہایت مدلل اور مفصل جو کچھ لکھا ہے ہم نے آپ کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ اس تفسیر کے پیش نظر شاہ صاحب اور دیگر مفسرین میں جو اختلاف ہے وہ صاف ظاہر ہے۔ عام مفسرین کا نظریہ تو یہ ہے کہ وہ جانور جس پر ذبح کے وقت خدا کے نام کے سوا کسی اور کا نام لیا گیا ہو وہ جانور بھی حرام ہے اور شاہ صاحب کے نزدیک آیت میں وہ جانور مراد ہے جس کو غیر اللہ کی نذر کے لئے مشہور کیا گیا یا پکار کر کہہ دیا گیا ہو کہ مثلاً یہ شیخ سدو کا بکرا ہے۔ ایسا جانور خواہ اللہ کا نام لے کر ذبح کیا گیا ہو اس کا کھانا حرام ہے۔ ہاں اگر نیت کو بدل کر اللہ کی نذر کے لئے شہرت دیا گیا ہو تو پھر حلال ہو جائے گا۔ گویا عام مفسرین مَآ اُهِلَّ کو مَا ذُبِحَ کے معنی میں بدل لیتے ہیں اور شاہ صاحب مَآ اُعْلِنَ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ منذوراً یعنی جو اللہ کے سوا کسی بت یا پیر یا پیغمبر کی نذر و نیاز کے لئے اعلان کیا گیا ہو۔ شاہ صاحب کی تفسیر میں کوئی ابہام نہیں نہ ہی یہ بات ہے کہ دعویٰ اور ہو اور دلیل کوئی اور ہو۔

بہر حال مفسرین اور شاہ صاحب کی تفسیر میں اختلاف ہے لیکن حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نے دونوں مفسرین کے تفسیری رجحانات میں مطابقت پیدا کی ہے اور فرمایا ہے کہ جو مفسرین یہ فرماتے ہیں کہ ذبح کے وقت جو لوگ جانور کو اللہ کے نام کے سوا کسی اور کا نام لے کر ذبح کرتے ہیں وہ بھی حرام ہے نیز اسی حرمت میں وہ جانور بھی آ جاتا ہے جس کو غیر اللہ کے لئے نذر و نیاز کے طور پر پکار کر نامزد کر دیا گیا ہو جیسا کہ شاہ عبدالعزیز صاحب نے فرمایا ہے گویا جانوروں کی حرمت میں یہ دونوں صورتیں شامل ہیں لہٰذا زمانے کے حالات کے ساتھ ساتھ جانوروں کے حرام ہونے کی مختلف صورتیں پیدا ہو سکتی ہیں۔ یہ لکھ کر حضرت

مولانا محمد قاسم صاحب تحریر فرماتے ہیں :-

"لیکن چوں سرمایۂ حرمت این قسم جانوران ہماں نیت غیر اللہ است و
وجہ مداخلت آں دریں قضیہ از اوراق سابقہ چوں روز روشن گشت و اینکہ
در ذیل اسباب حرمت آں را ذکر نکردہ اند قابل آں نیست کہ بر بناء
آں تردد باید کرد۔ غصب و سرقۂ گوشت و جلالہ بودن جانور نیز در عداد
اسباب حرمت مذکور نیست۔ اندریں صورت جرمیکہ بجانب شاہ
صاحب قدس اللہ اسرارہ عائد خواہد شد ہمیں قدر خواہد بود کہ آنچہ از
قسم مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ نبود در بحث مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ
در آوردند تا آنچہ ازیں قطار نبود دریں سلک کشیدند مگر صدہا مباحث
کہ استطراداً در کلام مفسران دیرینہ و ہم دیگر مصنفان بادنیٰ مناسبت
مذکور می شوند ہمہ از قسم جرائم معدود خواہند شد۔ تنہا شاہ صاحب
را دریں جرم گرفتن کار انصاف نیست۔ باایں ہمہ در تسمیہ باوصاف
ہر جا اعتبار حال نمی باشد گاہی زمانہ ماضی را دریں باب قدوہ خودی
نمایند و وقتی زمانہ استقبال را مطمح نظری گردانند۔ ... پس اگر شاہ صاحب
بلحاظ زمانہ گذشتہ این قسم را کہ در پے تحقیق آں بستیم فقط باعتبار معنی
لغوی و بلحاظ زمانہ ماضی منجملہ مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ شمردند اول
گناہ نیست کہ ایں قدر شور بے جا از چہار طرف برخاستہ مگر آں کہ
آرزوی تبرک شیخ سدو ایں ہمہ جا بے جا گویانیدہ باشد"۔ (مکتوب قاسمی)

میں کہتا ہوں کہ اس قسم کے جانوروں کی حرمت کا سبب غیر اللہ کی نیت
ہے اور اس معاملے میں اس کی مداخلت کی وجہ گذشتہ اوراق میں دن کی طرح روشن
ہو چکی ہے۔ رہی یہ بات کہ حرمت کے اسباب کے ذیل میں اس کا ذکر نہیں کیا
ہے اس بات کے قابل نہیں ہے کہ اس کی بنا پر تردد کرنا چاہیے۔ جانور کا
غصب اور گوشت کی چوری اور جانور کا جلالہ ہونا مذکورہ حرمت کے اسباب
کی گنتی میں نہیں ہے۔ اس صورت میں جو جرم کہ جناب شاہ صاحب قدس اللہ
اسرارہ کے اوپر عائد ہوگا وہ اتنا ہی ہوگا کہ جو جانور مَا اُهِلَّ بِهٖ
لِغَیْرِ اللّٰہِ کی قسم سے نہ تھا وہ مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ کی بحث
میں وہ لے آئے اور جو کہ اس فہرست میں نہ تھا وہ اس سلک میں
انہوں نے پرو دیا مگر سینکڑوں مباحث ضمنی طور پر پرانے اور دوسرے
مصنفین کے کلام میں ادنیٰ تعلق کی وجہ سے مذکور ہوتے ہیں وہ تمام جرائم
کی قسم میں شمار کئے جائیں گے۔ اکیلے شاہ صاحب کو اس جرم میں پکڑنا انصاف
کی بات نہیں ہے۔ اس سب کے باوجود وصفی اسماء میں ہر جگہ زمانہ حال کا اعتبار
نہیں ہوتا ہے کبھی گذشتہ زمانہ کو اس بارے میں پیش نظر رکھتے ہیں اور کسی
وقت زمانہ استقبال کو مطمح نظر بنا لیتے ہیں جیسا کہ مذکورہ مقدمات میں تم نے
معلوم کر لیا ہے۔ پس اگر شاہ صاحب نے زمانہ گذشتہ کے لحاظ سے اس
قسم کو کہ ہم جس کی تحقیق کے پیچھے لگے ہوئے ہیں فقط لغوی معنی کے لحاظ سے
منجملہ مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ شمار کیا تو یہ اول گناہ نہیں ہے کہ اس قدر بے جا شور چاروں طرف سے اٹھ کھڑا ہوا مگر یہ بات ہو
گی کہ شیخ سدو کے تبرک کی آرزو نے یہ سب جا و بے جا باتیں کہلائی ہوں گی۔

غرض یہ ہے کہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کا فیصلہ جو شاہ صاحب کی مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ کی تفسیر کے بارے میں ہے وہ آپ کے سامنے ہے
مزید برآں ہم مقدمہ میں بھی اشارہ کر چکے ہیں وہاں ملاحظہ کیجئے۔ (مترجم)

اصل

چھٹا مکتوب

بنام مولوی فدا حسین صاحب

در تحقیق مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ و ايضاح معنى قيد عند الذبح

مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کی تحقیق اور عند الذبح (ذبح کے وقت) کی قید کے

کہ اکثر مفسراں افزودہ اند

معنی کی وضاحت جو کہ اکثر مفسروں نے زیادہ کی ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

جامع کمالات مولوی فدا حسین صاحب زاد اللہ فی کمالہ

کمترین انام سراپا گناہ محمد قاسم پس از عرض سلام مسنون می طرازد۔

امروز ششم رمضان شریف روز چہارشنبہ نامہ آں شفیق کہ بہ نشان میرٹھ (یو۔پی) رقم فرمودہ بودند دریں قصبہ نانوتہ نام کہ مسقط الراس ایں نابکار است رسید و ممنون گردانید۔

جامع کمالات مولوی فدا حسین صاحب زاد اللہ فی کمالہ

کمترین مخلوق سراپا گناہ محمد قاسم سلام مسنون عرض کرنے کے بعد لکھتا ہے۔

آج رمضان المبارک کی چھ تاریخ کو بدھ کے روز آں شفیق کا مکتوب جو کہ آپ نے میرٹھ کے پتے پر تحریر فرمایا تھا، اس نانوتہ نام کے قصبے میں جو اس نابکار کی جائے پیدائش ہے پہنچا اور ممنون کیا۔

شوق علم حدیث مبارک باد مگر اینقدر مسافت طویلہ قطع کردن آں ہم پیش ایں ہیچداں رسیدن قرین مصلحت نیست۔ عالم آباد است غالباً در جوار اوشاں بسیاری از اہل کمال باشند ورنہ کلکتہ شاید نسبت دہلی داطراف آں ازانجا نزدیک باشد۔ بخدمت مخدوم العلماء مطاع الفضلاء حضرت اوستادی مولوی احمد علی صاحب باید شتافت کہ بہر طور کشش بر طلوی اوشاں از منت نہی بر سر احقر درحق اوشاں بہتر است۔ بالائے اینہمہ حال مشغولی احقر بخود دیدہ رفتہ اند۔ از ہمہ مقدم کار مطبع است و باز وقتے قلیل کہ باقی میماند پارہ بہر اشتغال خود تجویز کردہ است آنہم باقیماندہ بہر اسباق قدیمیاں ہم کافی نیست تا بسبق نو چہ رسد۔ مگر ہاں اگر بجز دو قصد تحصیل مکنون خاطر بود سبقی جداگانہ میسر آید یا معیت دیگراں باشد آں وقت تکلیف فرمائی اگرچہ بجائی خو نیست لیکن چنداں مضائقہ ہم ندارد۔

علم حدیث (حاصل کرنے) کا شوق مبارک ہو مگر اس قدر دور دراز کا فاصلہ طے کرنا اور وہ بھی مجھ ناچیز کے پاس پہنچنے کے لئے مصلحت نہیں معلوم ہوتا۔ (پڑھانے والوں سے) دنیا آباد ہے غالباً آپ کے اطراف وجوانب میں بہت سے باکمال عالم ہوں گے ورنہ دہلی اور اس کے آس پاس کی نسبت وہاں سے کلکتہ شاید زیادہ نزدیک ہوگا۔ مخدوم العلماء اور مطاع الفضلاء میرے استاد حضرت مولوی احمد علی صاحب[1] محدث سہارنپوری (وارد حال کلکتہ) کے پاس جانے میں سعی کیجئے کہ مجھ پر کرم فرمائی کی بجائے ان کی کشش پیرواری بہرحال آپ کے لئے بہتر ہے۔ مزید براں احقر کی معروفیت کی صورت آپ اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کرکے گئے ہیں۔ (میرے لئے) تمام کاموں سے مقدم مطبع[2] کی ڈیوٹی ہے اور پھر تھوڑا سا وقت جو بچتا ہے اس کا کچھ حصہ ذاتی کاموں کے لئے تجویز کر رکھا ہے۔ اس پر بھی جو باقی بچتا ہے وہ پرانے طلبہ کے لئے بھی کافی نہیں ہے۔ نئے طلبہ کے لئے تو کیا ہوگا۔ ہاں اگر صرف علم حاصل کرنے کا ارادہ دل میں ہے (اور کسی خاص کتاب کا نہیں) تو پھر تنہا پڑھنا میسر ہو سکے یا دوسروں کے ساتھ مل کر تو اس وقت بھی اگرچہ آپ کا تکلیف کرنا مناسب نہیں لیکن چنداں مضائقہ بھی نہیں ہے۔

---

[1] حضرت مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری محشی بخاری شریف تقریباً ۱۲۲۵ھ مطابق ۱۸۱۰ء سہارنپور میں پیدا ہوئے۔ والد کا نام شیخ لطف اللہ تھا۔ اٹھارہ سال کی عمر میں قرآن شریف حفظ کیا۔ بعد ازاں مولانا سعادت علی صاحب فقیہ سہارنپوری سے عربی کی ابتدائی کتابیں پڑھیں۔ بعد ازاں دہلی میں تمام کتب درسیہ بالخصوص مولانا مملوک علی نانوتوی اور مولانا وجیہ الدین سہارنپوری سے پڑھیں۔ حدیث کی کتابیں شاہ محمد اسحاق صاحب دہلوی سے مکہ مکرمہ میں پڑھیں۔ حج سے واپسی پر تجارت میں مصروف ہوئے۔ مولانا محمد قاسم صاحب نے جب یہ مکتوب مولوی فدا حسین کو لکھا ہے۔ اس زمانہ میں مولانا احمد علی صاحب کلکتے میں بسلسلہ تجارت تشریف فرما تھے۔ ۱۸۵۷ء میں اور اس سے پہلے آپ کا دہلی میں مطبع احمدی تھا جو جنگ آزادی میں تباہ ہو گیا۔ بعد ازاں مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور میں حدیث پڑھاتے رہے۔ تمام عمر درس حدیث اور طباعت کتب احادیث میں لکھنے میں گزاری۔ بخاری شریف کا نہایت عمدہ حاشیہ لکھا۔ فالج میں مبتلا ہو کر ۶ جمادی الاول ۱۲۹۷ھ مطابق ۱۷ اپریل ۱۸۸۰ء بروز ہفتہ انتقال ہوا اور سہارنپور میں ہی دفن ہوئے (نزہۃ الخواطر وسوانح قاسمی از مولانا محمد یعقوب صاحب[29])

[2] ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے بعد حضرت مولانا محمد قاسم صاحب مطبع مجتبائی میرٹھ میں منشی ممتاز علی کے یہاں تصحیح کتب کا کام کرتے تھے۔ اسی دوران میں مطبع ہاشمی میرٹھ میں بھی کام کیا۔ یہ خدا اسی اشنا کا ہے۔ مترجم۔

باقی ماند جواب مسئلہ

مَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللّٰهِ

پس از انکہ ارشاد ہدایت بنیاد خاتم المحققین حضرت شاہ عبدالعزیز قدس اللہ سرہ سرمایۂ تسکین نشد من چہ امید دارم کہ تقریر پریشان من خار از دل خواہد بر آورد۔

علاوہ بر این درین دیار از کتب متداولہ ہم میسر نمی آیند تفسیر عزیزی کجا تا معلوم شود کہ حضرت چہ رقم فرمودہ اند و کدام قضیہ از ان تقریر اجمالی است کہ بوجہ اجمال ہنوز در دل مشککین نہ نشستہ و اینکہ تقریر ایشان ناتمام باشد یا دلیل دیگرے و مدعا دیگر من و تو ہمہ میدانند کہ از ایشان ہیچ اہل کمال متصور نیست۔ با اینہمہ شبہات اہل علم از تقریر ہیچمدانان مرتفع شدن معلوم و جہال را سوائے متبوعان خود سخن دیگرے بگوش نمی نشیند۔ آرے پاس خاطر آن شفیق ہم عزیز است و باز اندیشۂ تعنت ہم پیمان نیست نظر برین اگر یک دو سخن ریختہ شود مضائقہ ندارد۔ فقط اگر وہمی سد راہ است ہمین است کہ مقابلہ با دیگران باشد و ایشان سخن خود را ببرند۔ و بدین وجہ دلہای اعتراض در رد و قدح شوند بہر چہ باداباد ہر چہ بلا سر بزند زیر پا صفحہ میگذارم۔ اگر راست آید از انطرف است ورنہ من

رہا (حسب ذیل مسئلہ

مَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللّٰهِ[1]

کا جواب تو سنئے) جبکہ خاتم المحققین حضرت شاہ عبدالعزیز[2] صاحب (دہلوی) قدس اللہ سرہ کے ہدایت بنیاد جواب سے آپ کی تسلی نہ ہوئی تو میں کیا توقع کر سکتا ہوں کہ میری[3] پریشان تحریر آپ کے دل سے خلجان دور کر دے گی۔

علاوہ ازیں اس ویرانے میں رائج کتابیں بھی میسر نہیں آتی ہیں تفسیر عزیزی (از شاہ عبدالعزیز صاحب) کہاں تا معلوم ہو کہ حضرت نے کیا تحریر فرمایا ہے اور ان کی تقریر کا کونسا قضیہ مفصل نہیں ہے جو کہ مجمل ہونے کی وجہ سے ابھی تک شک کرنے والوں کے دلوں میں نہ بیٹھ پایا اور یہ بات کہ ان کی تقریر کا کوئی پہلو نا تمام ہو یا دلیل اور ہو اور دعویٰ اور، ان جیسے کامل عالم سے جیسا کہ آپ اور ہم سب جانتے ہیں، تصور میں بھی نہیں آسکتا۔ ان سب باتوں کے باوجود اہل علم کے شبہات کا مجھ جیسے ناچیز سے دور ہونا معلوم اور جاہلوں کے کانوں کو اپنے عقیدتمندوں کے سوا اور کسی کی بات بھلی نہیں لگتی۔ ہاں تو آپ جیسے مہربان کی دلجوئی عزیز ہے اور پھر آپ سے جھگڑے کا اندیشہ بھی نہیں ہے۔ اس بنا پر ایک دو باتیں اگر لکھ ماروں تو مضائقہ نہیں ہے۔ صرف اگر کوئی وہم سد راہ ہوا کرتا ہے تو یہی جبکہ غیروں سے مقابلہ ہو اور وہ اپنی بات بہا لے جائیں،

---

[1] یہ آیت پارہ ۶ سورہ مائدہ کے پہلے رکوع اور البقرہ میں بھی ہے۔ مترجم

[2] شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی کے سب سے بڑے فرزند ارجمند، علم و فضل میں یکتائے روزگار تھے۔ فن فقہ و حدیث و تفسیر و مناظرہ میں ان کی نظیر مشکل ہے۔ حاضر جوابی میں ان کا ثانی اس دور میں نظر نہیں آتا۔ انہوں نے قرآن کریم کے بعض پاروں کی تفسیر کی ہے جس کا نام تفسیر عزیزی یا فتح العزیز ہے۔ اس میں مَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللّٰهِ کی تفسیر امتیازی شان رکھتی ہے۔ شاہ صاحب نے اپنے والد محترم شاہ ولی اللہ کے بعد ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت اور ان کے اقتدار کے باقی رکھنے میں پوری جدوجہد کی۔ آپ ۱۱۵۹ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۲۳۹ھ میں وفات پائی۔ مترجم

[3] معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کے اہل علم حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کے تحقیقی مسائل کو اس دور میں فیصلہ کن اور اطمینان بخش تصور کرتے تھے اور جب کوئی مسئلہ علماء کو پیش آتا مولانا ہی کی طرف رجوع کرتے تھے۔ مترجم۔

خود بہ بیچمدانی و نادانی خود گواہم۔

اور اس وجہ سے اعتراض اور بحث و مباحثہ کے پیچھے پڑ جائیں۔ خیر جو کچھ بھی ہو غیب[1] سے وہ میرے دل میں جو کچھ القا کریں گے میں اس صفحہ پہ لکھ دوں گا۔ اگر ٹھیک نکلے تو ان کی طرف سمجھئے ورنہ (یعنی غلط) مجھے اپنی بے بضاعتی اور نادانی کا اقرار ہے۔

مقدمات و تمہیدات

اول بطور مقدمہ و تمہید چند مقدمہ بنام خدا عرض میکنم بعد ازاں تفریع مطلب کردہ خواہد شد۔

تمہید اول

اول ایں سخن کہ عرض کردنی است ایں است کہ تغیر حکم سابق ہر چہ کہ باشد نسخ است عام است کہ تبدیل تحریم بتحلیل کردہ باشند یا تبدیل تحلیل بتحریم، تخصیص بعد تعمیم بود یا تعمیم بعد تخصیص۔

تمہید دوم

دوم اینکہ نسخ از قسم کہ باشد در میان ناسخ و منسوخ مماثلت کم از کم ضروری است۔

مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا

تمہید سوم

سوم اینکہ بشر ہر کہ باشد نسخ احکام خداوندی نتواں کرد

اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ

تمہید چہارم

چہارم اینکہ باحادیث احاد[2] نسخ آیات و دیگر نصوص[3] قطعیہ مثل متواترات[4] اعتقاد نتواں کرد

مقدمے اور تمہیدیں

اول تمہید کے طور پر چند مقدمات خدا کے نام پہ پیش کرتا ہوں۔ بعد ازاں مطلب کی بات پیش کی جائے گی۔

پہلا مقدمہ

سب سے پہلی بات جو عرض کرنے کے قابل ہے یہ ہے کہ پہلے دیئے گئے حکم کو بدلنا خواہ وہ بدلنا کسی طرح سے بھی ہو پہلے حکم کا منسوخ کرنا ہے۔ عام اس سے کہ حرام کو حلال کے حکم میں بدلا ہو یا حلال کو حرام کے حکم میں یا حکم عام کے بعد اس میں تخصیص کر دی یا تخصیص کے بعد اس کو عام کر کے بدلا گیا ہو (نسخ کہلائے گا)

دوسرا مقدمہ

دوسری بات یہ ہے کہ نسخ خواہ کسی قسم کا ہو مگر نسخ کے بارے میں ناسخ حکم اور منسوخ حکم کے درمیان کم سے کم کوئی مماثلت ضروری ہے۔

"ہم منسوخ نہیں کرتے کسی آیت کو یا اس کو نہیں بھلاتے مگر اس سے بہتر یا اس جیسی اور آیت بھیجتے ہیں"

تیسرا مقدمہ

تیسری بات یہ ہے کہ بشر کوئی بھی ہو وہ احکام خداوندی کو منسوخ نہیں کر سکتا (کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں)

"نہیں چلتا ہے حکم کسی کا سوائے اللہ کے"

چوتھا مقدمہ

چوتھی بات یہ ہے کہ احاد[2] حدیثوں سے قرآنی آیات یا یقینی نصوص[3] مثلاً متواتر[4] احادیث کا اعتقاد نہیں

---

[1] اس لفظ غیب سے دیگر خطوط کی طرح اس خط سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ حضرت کے دل پہ اس قسم کے مسائل کا حل غیبی طور پر من جانب اللہ القا ہوتا تھا۔ مترجم۔

[2] احاد وہ حدیثیں ہوتی ہیں جن کا طریقہ اسناد واحد ہو اور دوسرے طریقوں سے اس کی تائید نہ ہو اور شہرت اور تواتر کا درجہ نہ رکھتی ہوں۔ مترجم

[3] قرآن کریم یا حدیث کے صریح اور واضح حکم کو نص کہا جاتا ہے۔ مترجم

[4] حدیث متواتر وہ حدیث ہے کہ ہر زمانے میں اس کے راوی بکثرت ہوں اور ان کا جھوٹ پر متفق ہونا محال ہو۔ ایسی حدیث یقینی طور پر صحیح ہوتی ہے۔ مترجم (مقدمہ مظاہر حق جلد اول)

کہ حکم قطعی بہ کمتر از آن ویقینی بغیر و نظر از آن مرتفع نشود۔ و ہمین است کہ

الیقین لا یزول بالشک (منقولہ)

منجملہ مسلمات است۔ بسیاری از احکام فقہیہ مبنی بر آن خواہند یافت۔

تمہید پنجم | پنجم آنکہ در افعال اختیاریہ دو پہلو است۔ یکے پہلو نیت کہ از احوال و افعال قلبی است

دوم حرکت ظاہری کہ از احوال جسمی است۔ باز ہر یک اثری جداگانہ دارد۔ واگر نیت اول تبدیل شد و فعل ہمان است کہ بود آثار نیت تبدیل خواہند شد اما آثار فعل ہمان سان بجای خود خواہند ماند۔ واگر نیت بجای خود است اما فعل دگر است۔ آثار نیت بدستور بکار خود باشند۔ آری ہم آثار فعل رنگ دگر خواہند گرفت مثلاً اگر شخصی تیری نظر بر آہو بطرفی حوالہ کرد واز اتفاقات تقدیر بیگناہی مومنی بر سر راہ تیر آمد اندرین صورت ہم تیر دل و جگر آن بیچارہ را پارہ پارہ خواہد دوخت۔ واگر زد تیر افگنی بقصد قتل آنکس تیر را روان کردہ بر نشانہ نشست اندرین صورت نیز جان او بجو تیر روانہ خواہد شد۔

غرض آثار فعل در ہر دو صورت متحد اند۔ اما احکام و آثار نیت فعل اول با احکام و آثار نیت فعل ثانی نسبتی ندارد۔ در صورت اولی نہ اندیشہ قود[3] با محاست و نہ خوف عقاب بہوش رباء اگر

کیا جا سکتا کیونکہ قطعی حکم (قرآنی یا حدیث متواتر) اس سے کم درجے یا اس سے کم درجے کے ظنی حکم سے منسوخ نہیں ہو سکتا اور یہی وجہ ہے کہ (بقول علما)

"یقین شک سے دور نہیں ہو سکتا ہے"

مسلمات میں سے ہے۔ آپ بہت سے فقہ کے احکام اسی اصول پر مبنی پائیں گے۔

پانچواں مقدمہ | پانچویں بات یہ ہے جو فعل اختیاری ہوتے ہیں دو پہلو ہوتے ہیں۔ ایک نیت کا پہلو جو دل کے حالات اور افعال میں سے ہے۔

دوسرا پہلو ظاہری حرکت کا ہے جو جسمانی احوال میں سے ہے۔ پھر دونوں قلبی اور جسمانی پہلو علیحدہ علیحدہ اثر رکھتے ہیں اور اگر پہلی[1] نیت بدل لی اور فعل ایک فعل وہی ہے جو کر رہا تو نیت کے احکام بدل جائیں گے لیکن فعل کے آثار اسی طرح اپنی جگہ باقی رہیں گے اور اگر نیت اپنی جگہ ہے لیکن فعل دوسرا ہے تو اس صورت میں نیت کے آثار بدستور اپنا کام کریں گے[2] فعل کے اثرات دوسری صورت اختیار کر لیں گے مثلاً اگر کسی شخص نے ہرن دیکھ کر ایک طرف کو تیر مارا اور اتفاق سے ایک بے گناہ مومن تیر کے نشانے پر آگیا تو ظاہر ہے کہ اس حالت میں تیر اس بے چارے کے دل اور جگر کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالے گا لیکن اگر تیر پھینکنے والے نے جان کر اس کو قتل کرنے کے لئے تیر مارا اور نشانے پر لگا تو اس صورت میں بھی تیر کی طرح اس کی جان روانہ ہو جائے گی

غرض تیر مارنے کا کام دونوں صورتوں (قصداً اور غیر قصداً) میں یکساں ہے لیکن پہلے فعل کی نیت کے آثار اور احکام فعل ثانی (قصداً مارنے) کے نتائج اور احکام کے ساتھ کوئی نسبت نہیں رکھتے۔ پہلی شکل بلا قصد تیر لگ

---

[1] مثلاً پہلے ریاکاری کے لئے نماز شروع کرنے کا ارادہ کیا پھر نیت کو بدل کر خلوص سے عبادت کرنے کی نیت کر لی تو پہلی نیت باطل ہو جائے گی۔ مترجم

[2] مثلاً نماز خلوص کی ہو یا ریا کی نماز کا عمل اپنی جگہ رہے گا۔ مترجم

[3] قود قصاص کو کہتے ہیں۔ مترجم

ہست اندیشۂ دیت[1] است ۔ و آں ہم بر عاقلہ و در صورت ثانیہ جان عوض جان میرود ۔ و عذاب دراز و غضب و لعنت خداوندی و عذاب عظیم پاداش ایں عصیاں میگردد ۔ و اگر فرض کنیم کہ بہ نیت قتل یکی راشمشیر بر سر حوالہ کرد و یکی را نشانہ سنان گردانید یا زہر آب مثلاً نوشانید یا سنگی گراں بر سر افگند درین جملہ صور بوجہ وحدت نیت عواقب اخروی برابر یکدیگر خواہند آمد ۔ اما تفاوتی کہ در آثار فعلی ست ہمچو تفاوت زمین و آسمان نمایاں است ۔ کیفیت تکلیف ہر نوع قتل جدا و انداز زخم بر فعل جدا ۔ بالجملہ در تفاوت آثار ہر دو پہلو گنجائش کلام نیست ۔ و آنچہ فرمودہ اند

انما الاعمال بالنیات[2] (حدیث)

یا در نکاح و طلاق و عتاق صریح آثار نیت یکسر مفقود می نمایند ۔

مخالف ایں قول نیست ۔ تفسیر جملہ

انما الاعمال

بجملہ لاحقہ

انما لکل امرأ ما نوی[3] (حدیث)

فرمودہ اند ۔

تفصیل اجمال

تفصیل ایں اجمال اینکہ چنانکہ در آتش و احتراق و تسخین رابطہ سببیت و مسببیت[4] یا در آب و

جانے میں نہ تو جان یا قصاص کا اندیشہ ہے اور نہ ہلاکت یا سزا کا خوف ۔ اگر ہے تو صرف خون بہا کا ڈر ہے اور وہ بھی عقلمند پر (پاگل پر نہیں) لیکن دوسری صورت جان کر تیر مارنے میں جان کے بدلے جان جاتی ہے اور طویل عذاب اور خدا کی پھٹکار اور عذاب عظیم اس گناہ کی پاداش ہوتی ہے ۔ اور اگر فرض کر لیں کہ ایک شخص نے قتل کے ارادے سے کسی کے سر پر تلوار دے ماری اور کسی کو جانے کا نشانہ بنا دیا یا مثلاً زہر پلا دیا یا بھاری پتھر سر پر گرا دیا ان سب صورتوں میں ایک ہی نیت (یعنی قتل) ہونے کی وجہ سے آخرت کے نتائج ایک دوسرے کے برابر ہوں گے لیکن قتل کے طریقوں میں جو عملی اثرات ہیں آسمان و زمین کا فرق نمایاں ہے ہر طرح کے قتل کی تکلیف کی کیفیت مختلف اور ہر فعل میں زخمی کرنے کا طریقہ جدا ہے ، الحاصل دونوں پہلوؤں کے اثرات کے فرق میں کلام کی گنجائش نہیں ہے اور وہ جو فرمایا ہے کہ

اعمال کا دارو مدار نیتوں پر ہے (حدیث)

یا نکاح ، طلاق اور صریح طور پر غلام کو آزاد کرنے میں نیت کے آثار پائے جاتے دکھائی نہیں دیتے ۔

اس قول کے مخالف نہیں ہیں ۔ (حسب ذیل) جملہ

انما الاعمال کی تفسیر

بعد کے جملہ

وانما لکل امرأ ما نوی (حدیث)

میں فرما دی ہے ۔

اجمال کی تفصیل

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ آگ اور سوزش اور گرمی میں سبب اور مسبب کا تعلق ہے یا پانی ،

---

[1] دیت جس کا ترجمہ اردو میں خون بہا ہے یعنی جان کے معاوضہ میں قتل کی جگہ مالی معاوضہ دیا جانا دیت کہلاتا ہے بشرطیکہ ورثاء راضی ہوں ۔ مترجم

[2] انما الاعمال بالنیات کی حدیث تواتر کا درجہ رکھتی ہے جو یقین کا فائدہ دیتی ہے ۔ اس کے راوی حضرت عمر ہیں اور مشکوٰۃ کی یہ پہلی حدیث ہے جس کو امام بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے ۔ مترجم

[3] یہ جملہ انما الاعمال بالنیات کی حدیث کا ایک جزو ہے ۔ مترجم ۔

[4] سبب اور مسبب کا علاقہ جیسے بادل بارش کا سبب ہے اور بارش مسبب ۔ بارش اور دریا میں سبب اور مسبب کا تعلق ہے ۔ مترجم

تسکین تشنگی و سیرابی و غرق شدن وغیرہ آثار معلومہ علاقۂ پنہان تعبیہ فرمودہ اند ہمچنیں در افعال اختیاریہ و بعض ثمرات ارتباطی بمیان نہادہ اند۔ ثمرات خانۂ دنیا خود مشاہدہ میکنیم و بوقوع ثمرات دار آخرت باعتماد صدق مخبران صادق انبیا علیہم السلام چناں ایمان می آریم کہ بوقوع وقائع مبصرہ باخبار بینایان نابینایاں را یقین میسر آید یا غائبان را باخبار سامعان علم اشیاء غائبہ حاصل میگردد۔ مگر چنانکہ در افعالیکہ ثمرات کثیرہ از ثمرات دنیوی براں متفرع میشوند ہموارہ ہمہ آں ثمرات مذکورہ براو متفرع نمیشوند بلکہ جائی ایں ثمرہ و جائی آں متفرع میگردد ہمچنیں در افعالیکہ ثمرات کثیرہ از ثمرات دینی بر آں عائد میگردد ہمہ آں ثمرات در ہر جا حاصل نمیشوند۔ بلکہ جائی ایں و جائی آں۔ ہاں چنانکہ شاذ و نادر در افعال دنیوی جملہ ثمرات یا اکثر مجتمع میگردند ہمچناں در افعال دینی جملہ ثمرات و منافع و اغراض در جائے فراہم می آید۔ مثلاً بیدقتی دیدی چنانکہ اغراض کثیرہ از تجارت و خرید و فروخت و ملاقات احباب و بزرگان و تحصیل کمال و سیر و تماشا وغیرہ متفرع بستواں شد۔ گمر در اکثر یکے از بن بیا شد نہ ہمہ آری در بعض افراد بطور ندرت ہمہ یا اکثر ازیں مجتمع میگردند ہمچنیں در صوم و صلاۃ و حج و زکوٰۃ اغراض کثیرہ از اینہا۔ مرضاۃ اللہ و دخول جنت و نجات از نار و قرۃ عین و لذت قلب و حصول برکات و اندفاع بلیات و حصول عزت در چشم مردم و اجتناب از فحش و منکر وغیرہ آثار ماثورہ متوقع است۔ مگر نہ در ہر جا ہمہ ایں اغراض بحصول می انجامد بلکہ کسیکہ ایں را مطمح نظر ساختہ ایں و کسیکہ آں را مقصود نمودہ باشد آں حاصل میشود ہاں گہ و بیگاہ ہمہ یا اکثر ازیں نقد وقت میگردد خصوصاً کسیکہ نظر بر رضاء خدا داشتہ کہ اغراض باقیہ بطفیل ایں دولت عالیہ چناں می آیند کہ طالب گندم را پس از تخم ریزی کاہ ہم بدست می افتد۔

پیاس کے بجھنے، سیرابی اور غرق ہونے وغیرہ آثار معلومہ میں ایک علاقہ درمیان میں پوشیدہ رکھا ہے۔ اسی طرح اختیاری افعال اور بعض نتائج کے درمیان میں قدرت نے ایک تعلق قائم کر دیا ہے۔ دنیا کے گھر کے فوائد ہم خود دیکھتے ہیں اور قیامت بعد آخرت کے گھر کے ثمرات سچے مخبروں یعنی انبیا علیہم السلام کی صداقت کے اعتماد پر ہم اس طرح ایمان رکھتے ہیں جس طرح خبروں اور واقعات کے دیکھنے والوں کی خبروں پر نابیناؤں کو یا غیر حاضرین کو غائب چیزوں کے سننے والوں کی خبروں پر یقین حاصل ہوتا ہے مگر جیسا کہ ان افعال میں کہ بہت سے فوائد دنیوی ثمرات کے ان پر متفرع ہوتے ہیں۔ ہمیشہ ہی ایک سے تمام مذکورہ فوائد اس پر حاصل نہیں ہوتے بلکہ کسی جگہ یہ فائدہ اور کسی جگہ دوسرا حاصل ہوتا ہے۔ اسی طرح ان افعال میں بھی جن پر بہت سے فوائد دینی ثمرات کے ان پر عائد ہوتے ہیں وہ تمام ثمرات ہر جگہ حاصل نہیں ہوتے بلکہ کسی جگہ یہ اور کسی جگہ وہ حاصل ہوتے ہیں ہاں جیسا کہ کبھی کبھی دنیاوی کاموں میں تمام ثمرات یا اکثر جمع ہو جاتے ہیں اسی طرح دینی افعال میں تمام فوائد و منافع اور اغراض کسی ایک جگہ میں جمع ہو جاتے ہیں مثلاً دہلی جانے میں جس طرح کہ بہت سے اغراض مثلاً تجارت خرید و فروخت اور بزرگوں اور دوستوں سے ملاقات، کمال حاصل کرنا اور سیر و تفریح وغیرہ حاصل ہو سکتے ہیں لیکن اکثر واقع میں ان فوائد میں سے کوئی ایک فائدہ حاصل ہوتا ہے نہ کہ تمام۔ ہاں بعض افراد میں نادر طور پر یہ تمام فوائد یا ان میں سے اکثر جمع ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح روزہ اور نماز، حج اور زکوٰۃ میں بہت سے منافع مثلاً اللہ کی خوشنودی کا حاصل کرنا، جنت میں داخل ہونا، جہنم سے نجات پانا، آنکھوں کی ٹھنڈک اور دل کی لذت، برکتوں کا حصول، بلیات سے حفاظت، لوگوں کی نظروں میں عزت، بے حیائی اور بدکاری سے بچنے کے سبب احادیث میں جن کی خبر دی گئی ہے امور کی توقع ہے لیکن ہر دینی معاملے میں یہ فوائد حاصل نہیں ہوتے بلکہ جو شخص اس ایک چیز کو اپنا مرکز امید بناتا ہے اس کو یہ اور جو شخص کسی اور چیز کو اپنا مقصد خیال کئے ہوتے ہے اس کو وہ حاصل ہو جاتی ہے۔ ہاں کبھی کبھی یہ سب چیزیں اور یا ان میں سے اکثر یکبارگی نقد مل جاتی ہیں بالخصوص جو شخص خدا تعالیٰ کی رضا پر ایسا بھروسہ رکھتا ہو کہ باقی تمام ثمرات اس توکل کی بڑی دولت کے صدقے میں اس طرح پوری ہوتی ہیں کہ گندم کے خواہش۔

بالجملہ بر فعلی بہر اغراض مقرر کردہ اند کہ از آں فعل توقع آں اغراض
تواں داشت نہ غیر آں - از آب رفع حرارت و دفع تشنگی امید باید
داشت نہ سوختن و پختن - و از آتش سوختن و پختن چشم باید داشت
نہ تبرید و سیرابی - پس از اغراض مقررہ بہر فعلی ہر غرضیکہ مطمح نظر باشد
ہماں بدست افتد و اگر دیگرے ہم آید اتفاقی است یا بالتبع - وقتیکہ فقط
سوختن کاہی یا ہیزم منظور نظر دارند آں وقت از پختن و نیز طعام
حسابی نتواں گرفت و ازانیکہ پختن طعام مقصود بود آں زماں از سوختہ
شدن کاہی معین یا ہیزمی معلوم نباید پرسید ہمچنیں در صوم و صلوٰۃ و
دیگر عبادات تصور باید فرمود - و سر

وانما لکل امرئ ما نوی (حدیث)

باید دریافت -

ازیں تقریر دو سخن بدست افتادہ باشد - یکی آنکہ ہر
فعل را غرضی یا اغراضی است کہ آں فعل وسیلہ حصول آنست - و
درمیان آں فعل و آں اغراض چناں مباینت و مغایرت است کہ
در نیت و فعل -

دوم آنکہ از حصر

إِنَّمَا الْأَعْمَالُ وَإِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَى

مقصود نفی اغراض غیر منویہ و نفی اعتبار آں است نہ نفی آثار افعال کہ
ازیں بحث ایں کلام کنارہ میسر شدہ باقی ضرورت و بداہت تحقق
آنہا را از کلام سابق دریافتی - ازیں دو سخن جواب عدم اعتبار نیت ہم
در نکاح و طلاق و عتاق دریافتہ باشی -

کو تخم ریزی کے بعد گندم کے ساتھ بھوسا بھی مل جاتا ہے -

الحاصل قدرت نے ہر ایک کام متعدد مقاصد کے لئے مقرر کیا ہے
کہ اس کام کے کرنے سے ان مقاصد کی توقع رکھ سکتے ہیں نہ اس کے سوا کی
(مثلاً) پانی سے گرمی اور پیاس دور کرنے کی امید رکھنی چاہیئے نہ کہ جلانے اور
پکانے کی اور آگ سے کسی چیز کو جلانے اور کھانا پکانے کی امید رکھنی چاہیئے
نہ کہ ٹھنڈک پہنچانے اور پیاس بجھانے کی - پھر ہر فعل سے مقررہ مقاصد میں سے
وہی مقصد جو کہ پیش نظر ہوتا ہے حاصل ہوتا ہے اور اگر کوئی اور مقصد بھی
حاصل ہو جائے تو یہ اتفاقی بات ہے جو ضمناً ہی حاصل ہو گیا - جب صرف گھاس جلانے
کی لکڑی کو فقط جلانا ہی پیش نظر ہو تو اس وقت کھانا پکانے کا حساب نہیں
کرتے اور جب کھانا پکانا اصل مقصد ہو تو اس وقت صرف کسی معلوم و مخصوص
لکڑی کے جل جانے کا حساب نہیں پوچھا جانا چاہیئے - اسی طرح روزے نماز
اور دوسری عبادتوں میں بھی حقیقت کا تصور کرنا چاہیئے اور

وَإِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَى (حدیث)

کا بھید معلوم کرنا چاہیئے -

اس تقریر سے دو باتیں معلوم ہوئی ہوں گی - ایک تو یہ کہ ہر
کام کی کوئی ایک یا کئی غرضیں وابستہ ہوتی ہیں کہ وہ کام ان مقاصد کے
حصول کا ذریعہ ہوتا ہے اور اس فعل اور ان اغراض کے درمیان اس طرح
کی جدائی اور غیریت ہے جیسے کہ نیت اور فعل میں ہے -

دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ

انما الاعمال اور وانما لکل امرئ ما نوی

سے ان امور کی نفی مقصود ہے جن کی نیت نہیں کی گئی اور ان کاموں کا اعتبار
ذکر کیا ہے نہ کہ افعال کے نتائج کا انکار کیونکہ اس بحث سے ہماری بات علیحدہ
ہو کر گزر رہی ہے - باقی اس فعل کے واقع ہونے کی بداہت اور ضرورت خود سابق
بیان سے تم نے معلوم کر لی ہوگی -

ان دونوں باتوں سے نیت[1] کا نکاح، طلاق اور عتاق میں عدم اعتبار کا

---

[1] یعنی نکاح، طلاق، غلام کو آزاد کرنے کی دل میں نیت نہ بھی ہو لیکن زبان سے قبول کر لینے طلاق دیدینے اور غلام کو آزاد کر دینے سے نکاح، طلاق
اور آزادی ہو جائے گی - مترجم

شرح معما

شرح ایں معما ایں است کہ نکاح و طلاق و عتاق بہر جد و ہزل موضوع نشدہ اند۔ نتواں گفت کہ ایں امور بہر ایں دو غرض مقرر ساختہ اند۔ کہ بعضی ایں را بطیع نظر می بینند و بعضی ایں را مقصود دل می پندارند۔ حاشا و کلا۔ چہ ایں امر مستلزم تحقق امور ثلاثہ در ہر دو صورت است و اینجا در صورت ہزل تحقق آں ہمچناں معلوم است کہ تحقق آں در صورت جد باقی۔ ایں ارشاد کہ

ثَلَاثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ وَهَزْلُهُنَّ جِدٌّ

منافی ایں ادعا نیست بلکہ مؤید آں است۔ چہ غرض ایں است کہ ہر چند تحقق امور ثلثہ در جد و عدم تحقق آں در صورت ہزل چنانکہ عقل بداں شاہد است مسلم۔ اما جد و ہزل از امور قلبی است و امور ثلثہ از مواضع التہم است۔ چہ منافع و مضار [illegible] جانبین بداں مربوط و اینطرف اصل موضوع کہ کلام و معنی مطابقی آں ہمیں جد است۔

جواب بھی تم نے معلوم کرلیا ہوگا۔

اجمال کی شرح

اس معمے کا حل یہ ہے کہ نکاح، طلاق اور غلام آزاد کرنا سنجیدگی اور مذاق کے لیے وضع نہیں کئے گئے۔ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ امور (نکاح، طلاق وغیرہ) ان دو مقاصد کے لیے مقرر کئے گئے ہیں کہ بعض ان کو محض نظر رکھتے ہیں اور کوئی دوسرا اس کو دل کا مقصد خیال کرتے ہیں۔ ہرگز ایسا نہیں ہوگا۔ کیونکہ یہ امر نکاح، طلاق اور عتاق تینوں امور یعنی مذاق اور متانت دونوں صورتوں میں ضروری طور پر واقع ہو جاتے ہیں اور یہاں مذاق کی صورت میں ان امور کا تحقق بالکل اسی طرح معلوم ہے جس طرح ان کا متانت کی صورت میں باقی رہتا۔ باقی یہ ارشاد کہ

تین چیزیں (نکاح، طلاق اور عتاق) ایسی ہیں کہ متانت میں اور ہزل میں واقع ہو جاتی ہیں۔

اس دعوے کے منافی نہیں ہے بلکہ اس دعوے کی تائید کرتا ہے کیونکہ غرض تو یہ ہے کہ ہر چند تینوں امور کا تحقق متانت میں اور ان کا تحقق ہونا ہنسی میں جیسا کہ عقل اس کی شہادت دیتی ہے مسلم ہے لیکن متانت اور مذاق قلبی معاملات میں سے ہیں اور وہ تینوں امور نکاح، طلاق اور عتاق تہمت کے مواضع میں سے ہیں کیونکہ دونوں جانبوں کے بہت سے منافع اور نقصانات اس سے وابستہ ہیں اور اس طرف کلام کا اصل مقصد اور اس کے پہلے معنی یہی سنجیدگی ہیں۔

ؔ۱ مطلب یہ ہے کہ خواہ سنجیدگی میں اور خواہ ہنسی میں نکاح قبول کرے گا یا طلاق دے گا یا غلام کو آزاد کرے گا تو ان امور کا وقوع ہو جائے گا۔ مترجم

ؔ۲ اسجملے سے مراد انما الاعمال بالنیات ہے یعنی اگر نیت نہیں ہے بلکہ صرف مذاق مقصود ہے تو وہ عمل متحقق نہیں ہوگا۔ مترجم

ؔ۳ پوری حدیث مع سند یہ ہے عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ وَهَزْلُهُنَّ جِدٌّ النِّکَاحُ وَالطَّلَاقُ وَالْعِتَاقُ لیکن بعض روایتوں میں جیسا کہ ابو داؤد اور ترمذی میں ہیں نکاح، طلاق اور الرَّجْعَةُ کے الفاظ ہیں۔ یعنی یہ تینوں امور ہنسی مذاق اور متانت و سنجیدگی دونوں صورتوں میں واقع ہو جاتے ہیں بخلاف بیع و شرا کے کہ وہ مذاق میں منعقد نہیں ہوتی۔ مترجم

ؔ۴ یعنی دنیا داروں کی طرف سے ایسے مواقع پر تہمتیں تراشی جا سکتی ہیں اور کسی کی زبان نہیں پکڑی جا سکتی چنانچہ حدیث میں اسی لئے فرمایا گیا ہے اِتَّقُوْا مِنْ مَوَاضِعِ التُّهَمِ یعنی تہمت کے مواقع سے احتیاط کرو۔ مترجم

نظر بریں مصلحت دیوان قضا آں است کہ کلام را بر اصل معنی حمل کنند۔ ورنہ اندیشہ ہا است ہر کہ مضرتی خواہد دید بحیلہ ہزل از گفتہ خود رو خواہد یافت واین طرف فقط بگفتہ یکی از متخاصمین بی بینہ و شاہد دیگر را ملزم خواہند نمود و در عالم فسادہای فراوان از حلت و حرمت و ظلم و ستم و استہزاء آیات اللہ بظہور خواہند کرد و در صورت تکذیب مدعی ہزل نیز اگرچہ ازیں قسم فسادات قدری رو دہد اما نہ چنداں بلکہ در صورت اعلان این اشتہار عام نوبت ہزل نخواہد آمد تا نوبت فساد رسد۔ ہر کس را فکر انجام دنیا غالب خواہد بود۔

اس پر نظر رکھتے ہوئے محکمۂ قضا کی مصلحت یہ ہے کہ کلام کو اصل معنی پر محمول کریں ورنہ بہت سے اندیشے ظاہر ہوں گے جو شخص نقصان دیکھے گا وہ دل لگی کا بہانہ کر کے نکاح وغیرہ سے منہ پھیرے گا اور دوسری بات یہ کہ صرف مدعی اور مدعا علیہ میں سے کسی ایک کے کہنے پر گواہ کے بغیر دوسرے کو ملزم ظاہر کریں گے اور دنیا میں بہت سے فساد حلال اور حرام ہونے اور ظلم و ستم اور اللہ کی آیات کے ساتھ مذاق کے ظہور پذیر ہوں گے اور مدعی ہزل کی تکذیب کی صورت میں بھی اگرچہ اس قسم کے تھوڑے بہت فسادات نمودار ہوں گے لیکن نہ اتنے بلکہ اس اشتہار عام کے اعلان کی صورت میں ہزل کی نوبت ہی نہ آئے گی کہ فساد کی نوبت پہنچے۔ ہر شخص کو آغاز ہی میں انجام کی فکر دامنگیر ہو جائے گی۔

الغرض دریں چنیں مواقع اگر نوبت داد و فریاد بمجلس رسید قاضی دین این عقود را نافذ خواہد کرد تا از ینجا صحت مسئلہ نفوذ قضاء قاضی ظاہراً و باطناً ہم دریافتہ باشی۔ بالجملہ نکاح گو نبود اما آثار نکاح ہمہ مستقر خواہند شد و در مقدمہ باعتبار نقل مجوزی است نہ باعتبار عقل۔ مگر بوجہ غیم رویت ہلال پست ہم اتفاق نہ افتد تا بکمیل ثلثین لازم شماہ و رمضان برکات عید الفطر و عید الاضحیٰ ہمہ بحساب رویت ماہ نازل خواہند فرمود اگرچہ در واقع یکم شوال و دہم ذی الحجہ یک روز پیشتر بود باقی باعتبار عقل در عموم آثار از موثر و عموم لوازم از ملزوم ہیچ کلامی نیست۔

غرض یہ ہے کہ ان جیسے مواقع میں اگر داد و فریاد کی نوبت پہنچے گی تو چونکہ قاضی صاحب ان معاملات کو نافذ کر دیں گے اور اسی مقام سے قضیہ اور مسئلے کی صحت بھی معلوم ہو گئی ہو گی کہ قاضی کا فیصلہ ظاہراً و باطناً نافذ ہو گا۔ حاصل یہ کہ نکاح اگرچہ نہ ہو گا لیکن نکاح کے آثار تمام کے تمام مستقر ہوں گے اور آخری بات میں نہ تو عقل کے اعتبار سے کوئی حرج ہے نہ نقل کے اعتبار سے۔ اگر ابر کی وجہ سے انتیس کو چاند نہ دیکھا گیا تو مجبوراً تیس روزے مکمل کرنے لازم ہوں گے اور عید الفطر اور عید الاضحیٰ کی برکتیں تیس کے چاند کے حساب سے نازل ہوں گی۔ اگرچہ واقع میں یکم شوال اور دسویں ذوالحجہ ایک روز پہلے ہو جائے۔ باقی عقل کے اعتبار سے اور موثر[1] سے آثار کے عموم اور ملزوم[2] سے لوازم کے عموم میں کوئی کلام نہیں ہے۔

بالجملہ اینجا ہنوز کلام در تحقق این عقود است نہ اینکہ عقود مذکورہ بی نیت متحقق شدند۔ واگر متحقق شدند باز ہم زیادہ ازیں چیست کہ امری از امور خارجیہ یا آثار خود بی نیت متحقق شد نہ آنکہ نیت بود و اثر او ظاہر نشد و مادر پی ضرورت تحقق آثار نیت و اعتبار آں نیستیم نہ آنکہ ہر فعلی را بہر تحقق و وجود نیت بکار است۔ ہزارہا افعال اضطراری از ہر کس بوجود می آیند و در ہزارہا افعال اختیاری خطا و نسیان اتفاق می افتد۔ بالجملہ از حدیث

الحاصل اس مقام پر ابھی تک ان عقود (یعنی نکاح، طلاق وغیرہا) کے واقع ہونے کے بارے میں کلام ہے نہ یہ کہ مذکورہ عقود نیت کے بغیر متحقق ہو گئے اور اگر متحقق ہو گئے تو پھر بھی اس سے زیادہ کیا ہے کہ امور خارجیہ میں سے ایک امر یا خود آثار نیت کے بغیر متحقق ہو گئے نہ یہ کہ نیت تھی اور اس کا اثر ظاہر نہیں ہوا۔ درانحالیکہ ہم نیت اور اس کے معتبر ہونے کے آثار کے واقع ہونے کی ضرورت کے درپے ہیں نہ یہ کہ ہر فعل کے پائے جانے اور واقع

[1] مثلاً آگ موثر ہے اور اس کے آثار کھانا پکانا، پانی گرم کرنا وغیرہ عام ہیں۔ مترجم

[2] مثلاً آگ ملزوم اور پانی گرم کرنا، حرارت حاصل کرنا آگ کے لوازمات میں سے ہیں۔ مترجم

ہونے کے لئے نیت درکار ہے۔ ہزاروں کام بے اختیاری میں ہر شخص سے وجود میں آتے ہیں اور ہزاروں اختیاری کاموں میں بھول چوک کا اتفاق

ہوتا ہے۔ حاصل یہ کہ نہ تو صحیح

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ (حدیث)

عدم اعتبار و عدم تحقق آثار افعال ثابت است و نیز از حدیث

ثَلٰثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ وَهَزْلُهُنَّ جِدٌّ (حدیث)

عدم اعتبار نیت و آثار آن مفہوم۔ آں چیزے دگر است و ایں چیزے دگر۔

تمہید ششم ششم اینکہ نسخ احکام خداوندی اگرچہ از بشر ممکن نیست بجہت تفسیر آں بشہادت شواہد نقلیہ و عقلیہ از نبی و ہم امتی و ہم متقدم و ہم متاخر جائز است۔ چہ در تفسیر اثبات آں است نہ ابطال آں۔ تا بوجہ تفاوت واجب و ممکن بایں درجہ کہ وا ای احتمال در آں تنگ آید یا استبعادی پیدا شود۔ آری تعیین یکے از محتملات متساویہ کہ باعتبار قرائن و شواہد یکے را بر دیگرے مزیتے یا شرفے نباشد سوای نبی از کس دیگر ممکن نیست کہ ایں امر بے از اطلاع مراد خداوندی متصور است و میدانی کہ شناختن مدعائے غیر خداوندی جز انبیا کار دگر نیست چنانچہ فرمودہ اند

انما الاعمال

سے افعال کے اثرات کا متحقق نہ ہونا اور معتبر نہ ہونا ثابت ہے اور نیز حدیث

ثلث جدھن جد و ھزلھن جد

سے نیت اعمال کے آثار کا معتبر نہ ہونا سمجھا جاتا ہے۔ وہ اور چیز ہے اور یہ اور چیز۔

چھٹا مقدمہ چھٹی بات یہ ہے کہ خداوند تعالیٰ کے احکام کو منسوخ کر دینا اگرچہ بشر سے ممکن نہیں ہے تو درست ہے مگر اس کی تفسیر نقلیہ اور عقلیہ دلائل کی شہادت کے ساتھ نبی اور نیز امت سے اور اگلے اور پچھلے شخص سے جائز ہے کیونکہ تفسیر میں ان احکام کا اثبات ہے نہ کہ ان کا ابطال۔ تا آنکہ واجب اور ممکن کے درمیان فرق کی وجہ سے اس درجے میں نہ تفسیر معلوم ہے اس کا محال ہونا نظر آئے یا عقل سے بعید ہونا ظاہر ہو۔ ہاں برابر کے شکوک میں سے کسی ایک شک کا تعین کرنا کہ قرائن اور دلائل کے اعتبار سے ایک کو دوسرے پر کوئی فضیلت اور شرف نہ ہو، نبی کے سوا اور کسی سے ممکن نہیں ہے کیونکہ یہ امر خداوند تعالیٰ

کی مراد کی اطلاع کے بعد متصور ہے اور تم جانتے ہی ہو کہ خداوند تعالیٰ کے دل کی بات کا پہچاننا انبیا کے سوا کسی اور کا کام نہیں ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ۔

و ہمیں است معنی حدیث مشہور

مَنْ فَسَّرَ الْقُرْاٰنَ بِرَاْيِهٖ فَقَدْ كَفَرَ (حدیث)

الغرض امر کہ رائے را دراں مدخل نباشد بے وحی علم آں متصور نیست۔ پس کسیکہ نبی نباشد و بے واسطہ نبی علیہ السلام در ایں چنیں امر رائے زند گویا در پردہ دعوی نبوت میکند۔ اگر ایں چنیں کس را کافر گویند بجا است۔

بالجملہ بشہادت شواہد عقلیہ و نقلیہ تفسیر مجملات از متقدمین

غیب کا جاننے والا ہے کہ اپنے غیب کو کسی پر ظاہر نہیں کرتا سوائے کسی برگزیدہ رسول کے۔

اور یہی معنی ہیں مشہور حدیث کے کہ

جس نے[1] قرآن کی اپنی رائے سے تفسیر کی تو اس نے کفر کیا (حدیث)

الغرض وہ امر کہ (انسانی) رائے کا اس میں دخل نہ ہو۔ وحی کے بغیر اس کا علم تصور میں بھی نہیں آسکتا۔ پس جو شخص نبی نہ ہو اور نبی علیہ السلام کے ذریعہ کے بغیر اس جیسے معاملے میں رائے زنی کرے تو وہ گویا کہ در پردہ نبوت کا دعویٰ کرتا ہے۔ اگر اس جیسے شخص کو کافر کہیں تو درست ہے۔

الحاصل عقلی اور نقلی دلائل کی شہادت کے ساتھ

---

[1] یہ اور دوسری حدیث من فسر القرآن برایہ فلیتبوأ مقعدہ من النار۔ مترجم

وہم متاخراں میتوانند شد۔ ایں را قیاس بر نسخ نباید کرد۔

تمہید ہفتم

ہفتم آنکہ باعتبار تقدم وتاخر زمانہ در افراد بنی آدم فرق وفور علم وقلت علم وشرف عمل وعدم آں نیست

یعنی محض وصف تقدم باعث شرف مد علم وعمل نتواں شد۔ ورنہ انبیاء گذشتہ در کنار عوام زمانہ سابق از خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم علیہ وعلی آلہ واصحابہ اجمعین افضل باشند وایں طرف امثال ما وشما از اولیاء آئندہ وحضرت امام مہدی رضوان اللہ علیہم اجمعین گوی سبقت بربریم۔ نی بلکہ شرف علم بر عمدگی عقل وفہم وشرف عمل بر شستگی وچستگی ہمت است آری از اتفاقات اکثر متقدمین را سامان ایں دو شرف میسر آمدند و متاخرین را آنقدر میسر نیامد مگر باایں ہمہ فضل خدا ہنوز بر ہماں لا تناہی است۔ در ہر زمانہ یک دو فرد را چناں زیر دامن فضل خود میگیرد کہ رشک پیشیناں می گردد۔ آری ابنائے روزگار بوجہ معاملات حسد انگیز ووقائع ہمت خیز کہ پیش نظر میباشند چنداں اقتداء اوشاں نمیکنند کہ بوجہ استماع محاسن متقدمین کہ معتقداں روایت کردہ اند وعدم استماع مساوی اوشاں کہ اسباب روایت آں اکثر مفقود میگردند متقدمین را اقتدا میکنند لیکن آنانکہ فہم حقیقت شناس دارند از تقدم وتاخر زمانہ قطع نظر بر اقوال وافعال ہر کس را جداگانہ نظر انداختہ فرق مراتب میکنند۔ وانیجا است آنچہ گفتہ اند۔

مجمل[1] آیات کی تفسیر اگلے اور پچھلے علماء سے ہوسکتی ہے۔ اس کو نسخ پر قیاس نہیں کرنا چاہئے۔

ساتواں مقدمہ

ساتویں بات یہ ہے کہ زمانے کے آگے اور پیچھے ہونے کے اعتبار سے بنی آدم کے افراد میں علم کی زیادتی اور کمی اور عمل کی بزرگی اور اس شرف کے فقدان کا فرق نہیں ہے یعنی زمانے کے اعتبار سے کسی کا پہلے ہونا علم وعمل میں شرف کا باعث نہیں ہوسکتا ورنہ گذشتہ انبیاء تو در کنار اگلے زمانے کے عوام خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم وعلی آلہ واصحابہ اجمعین سے افضل ٹھہریں گے اور اس طرف ہم اور تم جیسے آئندہ کے اولیاء اور حضرت امام مہدی رضوان اللہ علیہم اجمعین پر سبقت لے جائیں گے۔ نہیں بلکہ علم کی بزرگی عقل وفہم کی عمدگی اور عمل کا شرف، ہمت کی چستی اور شستگی پر ہے۔ ہاں اتفاقات سے اکثر متقدمین کو ان دونوں عزتوں کے سامان میسر آئے[2] اور متاخرین کو وہ سامان حاصل نہ ہوئے مگر ان سب کے باوجود، خداوند تعالیٰ کا فضل ابھی تک اسی طرح بے انتہا ہے۔ ہر زمانے میں ایک دو آدمیوں کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل کے دامن میں لے لیتا ہے کہ متقدمین کے لئے وہ شخص قابل رشک بن جاتا ہے۔ ہاں زمانے والے حسد انگیز معاملات اور ہمت بڑھانے والے واقعات کی وجہ سے کہ ان کے پیش نظر ہوتے ہیں، زیادہ کچھ ان کے پیچھے نہیں چلتے ہیں کہ اگلے لوگوں کی خوبیاں سننے کی وجہ سے جو کہ متقدمین نے روایت کی ہیں اور ان کے مقابلے میں دوسروں کی خوبیاں نہ سننے کی وجہ سے کہ ان کی خوبیوں کی روایت کے اسباب اکثر مفقود ہوجاتے ہیں۔ متقدمین کی اقتدا کرتے ہیں لیکن جو لوگ حقیقت شناس سمجھ رکھتے ہیں زمانہ کے آگے پیچھے ہونے سے قطع نظر ہر (قابل) شخص کے افعال واقوال پر جداگانہ نظر ڈال کر مرتبوں کا فرق کرتے ہیں اور یہیں سے وہ بات نکلی ہے کہ کہا ہے

يُعْرَفُ الرِّجَالُ بِالْمَقَالِ وَلَا يُعْرَفُ الْمَقَالُ بِالرِّجَالِ (مقولہ عرب)

"آدمی گفتگو سے پہچانے جاتے ہیں اور گفتگو آدمیوں سے نہیں پہچانی جاتی۔"

---

[1] مجمل وہ آیات ہوتی ہیں جن کے معنے واضح نہ ہوں۔ مترجم

[2] انہی لوگوں میں حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ ہیں کہ اگرچہ تیرہ سو سال بعد پیدا ہوئے لیکن کتنے ہی متقدمین علماء سے علم میں افضل ہیں۔ مترجم

تمہید ہشتم ہشتم آنکہ آنانکہ فہم ثاقب دارند یا دیدۂ بصیرت اوشان کشادہ اند اقوال شان اگرچہ در بادی النظر باہم مخالف بنظر آیند مگر اکثر چنین است کہ باہم متوافق و متحد المعنی میباشند۔ آنکہ بوجہ قصور فہم ناظرین اختلاف پیدا میگردد۔ الغرض (۸)

قلندر[1] ہرچہ گوید دیدہ گوید۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نیز فرمودہ اند:۔

اِتَّقُوْا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ فَاِنَّهٗ يَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰهِ

(حدیث)

جائے غور است۔ آنانکہ بوسیلۂ نور آفتاب و دیگر اشیائے منورہ می نگرند ادراکات اوشان ہمہ الا ماشاء اللہ صحیح باشند و متوافق۔ و آنانکہ نور خداوندی سرمایہ ادراک اوشان بود رہ غلط کنند و مخالف یکدگر باشند۔ اندریں صورت دریں چنیں کسان تخالف چگونہ باشد۔ آری اگر خلاف مفروض نقصان در فہم یا کدورت در دیدۂ بصیرت باشد چہ عجب۔

الغرض چنانکہ در ادراکات دیدہ سر حول دگر دوغبار و دیگر اسباب معروفہ معلومہ کہ بس قلیل الوجود اند موجب غلط کاری میشوند ہمچنیں در ادراکات دیدۂ بصیرت وہم و خیال و الف و عادت وغیرہ اسباب و احوال مشہورہ باعث غلط کاری و کج بینی میگردند۔ لیکن پیدا است کہ دریں چنیں افراد ایں امور از عوارض مفارقہ قلیل الوجود علم اند۔ نہ از عوارض لازمہ یا کثیر الوجود تا احتمال صحت مغلوب شود۔ و ہرچہ در بادی النظر

آٹھواں مقدمہ آٹھویں بات یہ ہے کہ جو لوگ روشن فہم کے مالک ہیں یا اللہ نے ان کی عقل کی آنکھ کھول دی ہے۔ ان کی (بعض) باتیں اگرچہ ظاہر نظر میں آپس میں ایک دوسری کے خلاف دکھائی دیتی ہیں مگر اکثر یہی ہے کہ وہ باتیں باہم ایک دوسری کے موافق اور معنی میں متحد ہوتی ہیں۔ سطں دیکھنے والوں کی فہم کی کوتاہی کے باعث ان میں اختلاف پیدا ہو جاتا ہے۔ الغرض (۸)

قلندر[1] جو کچھ کہتا ہے دیکھ کر کہتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ارشاد فرمایا ہے:۔

"مومن کی فراست سے محتاط ہو کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے"

(حدیث)

(یہ حدیث) جاننے خوب ہے۔ جو لوگ آفتاب اور دوسری روشن چیزوں کے نور کے ذریعہ دیکھتے ہیں ان کے تمام ادراکات الا ماشاء اللہ صحیح اور ایک دوسرے کے موافق ہوتے ہیں اور جن کے ادراک کا سرمایہ نور خداوندی ہوتا ہے وہ غلط راہ چل پڑتے ہیں اور ایک دوسرے کے مخالف ہوتے ہیں۔ اس صورت میں ان جیسے لوگوں میں مخالفت کس طرح ہو سکتی ہے۔ ہاں اگر خلاف مفروض فہم میں کوتاہی یا عقل کی نگاہ میں کوئی کدورت ہو تو پھر کیا عجب ہے (کہ مخالفت ہو)

الغرض جیسا کہ سر کی آنکھ کے ادراکات میں بھینگا پن (بھینگائی) اور گرد و غبار اور دوسرے مشہور اور معلوم اسباب جو کہ کم ہی ہوتے ہیں۔ غلط کاری کا موجب ہوتے ہیں۔ اسی طرح عقل کی آنکھ کے ادراکات میں وہم و خیال اور خصلت و عادت وغیرہ اسباب اور مشہور حالات غلط کاری اور کج بینی کا باعث ہو جاتے ہیں لیکن ظاہر ہے کہ ان جیسے افراد میں یہ امور علم کے قلیل الوجود اور غیر لازم عوارض میں سے ہیں نہ کہ عوارض لازمہ یا کثیر الوجود

---

[1] قلندر صوفیا کا ایک فرقہ ہے جو ذات خداوندی میں ڈوبا ہوا رہتا ہے اور مست رہتا ہے۔ یہ لوگ شریعت کے بظاہر پابند نہیں ہوتے۔ نماز بھی نہیں پڑھتے۔ ایک قسم کے دیوانے ہوتے ہیں جیسے بو علی قلندر پانی پتی۔ حضرت نظام الدین اولیا کے خلیفہ تھے۔ بہت بڑے عالم تھے لیکن قلندری میں مست ہو کر ڈاڑھی بھی منڈوا دی تھی مگر یہ لوگ قابل مواخذہ نہیں ہوتے اور اولیاء اللہ ہوتے ہیں۔

آید آنرا اصل قرار داده درپے توفیق نشوند۔ بلکہ بوجہ مذکور مزوراست کہ ہمچو قاصراں در اقوال بزرگاں تا مقدور توافق و تطابق جویند۔ ہاں اگر ناچار آیند باز ہرچہ موید بدلائل نظر آید آں را اختیار فرمایند۔

میں سے تا آنکہ صحت کا احتمال مغلوب ہو جاتے اور جو کچھ ظاہری نظر میں آتے اس کو اصل قرار دے کر موافقت پیدا کرنے میں کوشش نہ کریں بلکہ مذکورہ وجہ کے باعث ضروری ہے کہ کوتاہ نظر لوگوں کی مانند بزرگوں کے اقوال میں حتی المقدور موافقت اور مطابقت تلاش کریں۔ ہاں اگر لاچار ہو جائیں، تو پھر جو چیز دلائل سے نظر آتے اس کو اختیار کریں۔

تمہید نہم نہم آنکہ شی واحد باعتبار اوصاف کثیرہ کہ بطور تبادل بر اں متوارد باشند میتواند کہ حرام یا حلال باشد مثلاً حیوانات ماکول اللحم بشہادت آیت

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيحَةُ وَمَا أَكَلَ السَّبُعُ إِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَأَنْ تَسْتَقْسِمُوا بِالْأَزْلَامِ

باسباب کثیرہ حرام میگردند و اگر اسباب مذکورہ فی الآیۃ راجع بدو نوع یا سہ نوع میگردند۔ باری در اختلاف نوعی موت و اہلال لغیر اللہ و ذبح علی النصب کلام نیست باز حرمت بوجہ غصب یا جلالہ بودن نیز مسلم است۔ علی ہذا القیاس

نواں مقدمہ نویں بات یہ ہے کہ ایک چیز بہت سے اوصاف کے اعتبار سے کہ بدل بدل کر اس پر متوارد ہوتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ وہ چیز حرام یا حلال ہو جاتے مثلاً وہ حیوانات جن کا گوشت کھایا جاتا ہے۔ آیت ذیل کی دلیل کے باعث کہ

"حرام کیا گیا ہے[1] تم پر مردہ جانور اور خون اور خنزیر کا گوشت اور غیر اللہ کے نام پر ذبح کیا گیا ہو اور گلا گھٹ کر مرا ہوا اور چوٹ سے اور گر کر مرا ہوا اور سینگ سے مرا ہوا اور جس کو درندوں نے کھا لیا ہو مگر جس کو تم نے ذبح کر لیا اور وہ جانور جو بتوں کے تھان پر ذبح کیا گیا ہو اور یہ کہ قسمت کا حال معلوم کرو تیروں[2] کے ذریعے:

مطابقت اقوال مفسرین | باالجملہ باجملہ اکابر بحسن ظن باید ساخت و تا مقدور در وجوہ توافق باید جست۔

میگویم چوں منصب مفسراں دریافتی کہ بدلالت دلائل و شہادت شواہد تعیین مبہمات مے کنند نہ تغیر متقررات از ہمیں رہ باصلی کہ موجب الحاق قید وقت ذبح گردید باید رفت، چوں تدبر را کار فرمودیم بدو معنی دلالت کرد۔

تجدد نیت | اول آنکہ نیات از اقسام متجددات غیر قار الذات است چنانچہ شاغلان معقول را دریں بارہ فقط ہمیں قدر تنبیہ کافی است۔ و ایں ہم بدیہی است کہ چنانکہ در حرکت صاعدہ و ہابطہ تضاد است ہمیں سان در نیت للہ و نیت لغیر اللہ تضاد است۔ یعنی بعد تشریع ایں امر کہ سرمایۂ حلت تنہا نام خدا است و

کی تفسیر کے مخالف لیں تو مفسروں کی تفسیر منطوق قرآنی کے خلاف پڑ جائیگی مجبوراً اس بات کا اقرار لازم آئیگا کہ بقول بشر کلام ربانی منسوخ ہوگیا۔ اللہ کی پناہ۔ اور اگر ہم اپنی سمجھ کو اتہام لگائیں اور کہیں کہ اصل بات تو یہی ہے کہ اکابر کے اقوال اگرچہ بظاہر ایک دوسرے کے مخالف معلوم ہوتے ہیں لیکن تدبر کے بعد ایک دوسرے کے موافق نکلتے ہیں جیسا کہ اس ناچیز نے مقدمات میں بھی اس طرف اشارہ کیا ہے لہذا اس وقت میں اکابر کے اقوال میں موافقت اور مطابقت پیدا کرنے کا ذمہ دار رہوں۔

اقوال مفسرین میں مطابقت | خلاصہ یہ ہے کہ تمام اکابر کیساتھ ہمیں حسن ظن رکھنا چاہیئے اور حتی المقدور (ان کے خیالات میں) موافقت کے اسباب تلاش کرنے چاہیئں۔

میں کہتا ہوں کہ جب آپ کو مفسرین کا مقام معلوم ہوگیا کہ دلائل کی رہنمائی اور شواہد کی شہادت کے ذریعہ مبہم مسائل کی وہ تعیین کرتے ہیں نہ کہ تغیر متعینات اس لئے اسی راہ سے ہمیں ایک ایسی اصل کی طرف چلنا چاہئے جو وقت ذبح[1] قید کے الحاق کا موجب ہوئی جب ہم نے تدبر سے کام کیا تو تدبر نے ہمیں دو معنی کی طرف رہنمائی کی۔

تجدد نیت | اول یہ کہ نیتیں متجددات[2] غیر قار الذات[3] سے ہیں چنانچہ معقولات سے شغل رکھنے والوں کیلئے اتنی ہی تنبیہ کافی ہے اور یہ بھی بدیہی ہے کہ جیسا کہ حرکت صاعدہ (اوپر کی طرف حرکت) اور حرکت ہابطہ (نیچے کی طرف حرکت) میں تضاد ہے اسی طرح اللہ کے لئے نیت اور غیر اللہ کیلئے نیت میں بھی تضاد ہے یعنی اس امر کا شرعی تجزیہ کرنے کے بعد کہ جانور کے

[1] یعنی جانور کو ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لئے جانے کی صورت میں وہ حرمت کی فہرست میں شامل ہو جائیگا۔ مترجم

[2] وہ نئی نئی ہونے والی چیزیں جنکی ذات میں قرار نہ ہو بلکہ بدلتی سدلتی رہتی ہوں۔ مترجم

[3] وہ آن میں جنکی ذات برقرار نہ رہے بلکہ ہر آن میں سابق آن سے بدلتی رہے اسے غیر قار الذات کہتے ہیں۔ مترجم

جانور از قسم مَا ذُكِرَ اسْمُ اللهِ عَلَيْهِ گردیدہ
از قسم مَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللهِ نماند۔ ہاں اگر
بحکم شقاوت ازلی ہماں ساں بر ضلالت خود اصرار داشته
وقت ذبح ہم نام غیر خدا بر زبان راند آں را مجملہ مَا
أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللهِ باید خواند۔ گردانی کہ اطلاع
بر نیات دیگراں اگر فرد بشر را قطع نظر از بیان وحی ممکن است
بر دو گونہ ممکن است۔

اطلاع بر نیات بر دو گونہ است

یکی از راہ افعال آں نیات کہ ما بین آں ہا و
آں نیات اختصاصی نہادہ اند و ایں وقتی متصور است کہ وضع
آں افعال برائے نیات معینہ باشد۔ مثلاً نماز و افعال نماز و
ہیئت نماز را برائے تعظیم معبود وضع کردہ اند و چوں ہمیں تعظیم
معبود موجب اعزاز و تعظیم در نظر نظارگیاں باشد موجب فتوح
و ہدایا و تعظیم و توقیر نیز مے گردد۔ پس اگر گمراہی ہمیں متاع
دنیا را مطمح نظر سازد اختصاص مذکور باطل نمی شود بلکہ بنای
ایں نیت خود بر ہماں اختصاص است نہ دیگر۔
دیگر بقرائن دیگر اطلاع بر نیات دست مے دہد و آنہ
لوازم و آثار دیگر ماوراء اعمال موضوعہ بہ نیات اعمال
مے رسند لیکن از انجا کہ دلالت لوازم و آثار باعتبار طبعی است
و دلالت افعال بر نیات موضوعہ لہا خویش بوجہ وضع اصطلاحی دلالت اعمال
بر نیات قرائن و آثار بپایہ نمے رسد چہ اعتبار دلالت اعمال بر وضع
عباد است کہ ہم گنجائش اشتراک دارد و ہم احتمال تغییر و تبدیل
و بنائے دلالت آثار و لوازم بر وضع خالق عباد است کہ از
بندگان تغییرش امکان ندارد۔ چنانچہ فرق وجوب و امکان
خود بریں قدر گواہ است کہ افعال خداوندی از ممکنات
سرزد نمی تواں شد خود نیز مے فرمایند:۔

پہلے بدل کر خدا کا نام زبان سے کہکر ذبح کیا تو وہ جانور ان جانوروں
کی قسم میں شامل ہوگیا جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو اور ان جانوروں کے زمرے
میں داخل نہ رہا جس پر غیر اللہ کا نام پکارا گیا ہو۔ ہاں اگر ازلی بدبختی کی وجہ
سے اسی طرح اپنی گمراہی پر اڑی دیدی اور ذبح کے وقت بھی غیر اللہ کا نام
زبان پر لایا تو اس جانور کو مَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللهِ میں شمار کرنا چاہیے
مگر تمہیں معلوم ہے کہ دوسروں کی نیتوں پر اطلاع وحی کے ذریعہ اطلاع سے
قطع نظر اگر انسانوں کیلئے ممکن ہے تو اس اطلاع کی دو صورتیں ہیں

نیتوں سے آگاہی کی دو صورتیں

ایک تو ان نیتوں کے کاموں کے ذریعے جو ان افعال اور
نیتوں کے درمیان کوئی خصوصیت رکھی ہے اور یہ اس وقت متصور ہے
کہ ان افعال کی وضع خاص نیتوں کیلئے ہو۔ مثلاً نماز اور افعال نماز اور
نماز کی ہیئت کو خدا کی تعظیم کیلئے وضع کیا ہے۔ اور جب یہی معبود کی
تعظیم دیکھنے والوں کی نظر میں عزت و تکریم کا موجب ہوگی تو فتوح اور
ہدایا اور تعظیم و توقیر کا موجب بھی بن جاتی ہے پس اگر کوئی گمراہ اسی
دنیا کی متاع کو اپنا مقصود بنالے تو مذکورہ خصوصیت باطل نہیں ہوتی
بلکہ اس نیت کی بنیاد خود اسی اختصاص پر ہے نہ کسی اور پر۔

نیت پر اطلاع کی دوسری صورت

دوسری صورت نیتوں پر اطلاع کی قرائن کے ذریعہ ہوتی ہے اور
موضوعہ اعمال کے ماسوا دوسرے آثار اور لوازم کے ذریعہ اعمال کی نیتوں
تک رسائی ہوتی ہے لیکن جہاں تک کہ طبعی وضع کے اعتبار سے لوازم اور
آثار کی دلالت ہے اور افعال کی دلالت اپنی نیات موضوعہ لہا پر اصطلاحی
وضع کی وجہ سے نیات پر اعمال کی دلالت، اس پر قرائن اور آثار کی دلالت
کے باعث نہ پہنچے گی۔ کیونکہ اعمال کے دلالت کا اعتبار بندوں کی وضع
پر ہے جو کہ شرکت کی گنجائش بھی رکھتی ہے اور تغییر و تبدیل کا احتمال بھی
رکھتی ہے اور آثار و لوازم کی دلالت کی بنیاد بندوں کے خالق کی وضع پر
ہے کہ بندوں سے اس وضع کے بدلنے کا امکان نہیں چنانچہ وجوب اور
امکان کا فرق اتنی بات پر گواہ ہے کہ افعال خداوندی ممکنات سے سرزد نہیں

لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللهِ - اگر چیزی را بر وضعی و یا ہیئتی مخلوق فرمودہ اند ہماں بر وضع وہماں ہیئت از لوازم آں گردیدہ و اگر بکیفیتی و اثری ربط دادہ اند ہماں کیفیت و اثر ملازم آں گردیدہ - نظر بریں دلالت قرائن اعنی آثار و لوازم از دلالت وضعی کہ یکی از اصطلاحات باہمی است بدرجہا بالا شد۔ اگر وضع عباد مورث ظن است آں موجب یقین و اگر آں مورث یقین است آں موجب عین الیقین و حق الیقین۔ بالجملہ ایں جا مخالفت وکذب و دروغ زیادہ تر محتمل است و در دلالت قرائن کمتر از آں۔ و ہمیں است کہ سالی چوں بعض ازواج مطہرات رضوان اللہ علیہن باہم یک دیگر را معتکف دیدہ ہمہ بغرض اعتکاف خیمہائے خود در مسجد زدند۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بدلالت و شہادت ہمیں قرینہ یا دیگر ہر چہ بود بر تقاضائے پنہانی حب جاہ مطلع شدند و بقلع آں اخبیہ فرمان دادند و از گواہی ضرب اخبیہ و اقامت مسجد شریف کہ ہمانا بہر تعبد و اخلاص موضوع است ہیچ نشنیدند۔ و ازیں قبیل است بزعم احقر جناب باری جل مجدہ در قصہ افک فرمایند۔

لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۝ وَّقَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ۝

ہو سکتے ہیں اور خود اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :-

"اللہ کی تخلیق میں کوئی تبدیلی نہیں"۔ اگر کسی چیز کو یک وضع پر اور یا کسی ہیئت پر پیدا فرمایا ہے تو وہی وضع اور وہی ہیئت اسکے لوازم میں سے ہو گئی اور اگر اسکو کسی کیفیت اور اثر کیساتھ ربط دیا ہے تو وہی کیفیت اور اثر اسکے لازم ہو گئے۔ اس پر نظر رکھتے ہوئے قرائن کی دلالت یعنی آثار و لوازم کی دلالت وضعی سے جو کہ باہمی اصطلاحات میں سے ایک اصطلاح ہے بدرجہا بالا ہوئی۔ اگر بندوں کی وضع ظن پیدا کرنے والی ہے، تو اللہ کی مخلوق کی وضع یقین کا موجب ہے اور اگر وضع عباد یقین پیدا کرنے والی ہے تو اللہ کی وضع عین الیقین اور حق الیقین کا موجب ہے الحاصل یہاں مخالفت جھوٹ اور دروغ کا زیادہ احتمال ہے اور قرائن کی دلالت میں اس سے کمتر ہے اور یہی وجہ ہے کہ ایک سال ازواج مطہرات میں، جب بعض ازواج مطہرات رضوان اللہ علیہن نے بعض کو معتکف دیکھا تو سب ازواج نے اعتکاف کی غرض سے اپنے اپنے خیمے مسجد نبوی میں لگائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسی قرینہ یا اور کسی وجہ سے جو بھی ہو حب جاہ کے پوشیدہ تقاضہ پر مطلع ہو گئے اور آپ نے ان خیموں کے اکھاڑ دینے کا حکم فرما دیا اور خیموں کے گاڑنے اور مسجد شریف کے اندر قیام کرنے کی گواہی سے متعلق کہ وہ مسجد عبادت کرنے اور اخلاص پیدا کرنے کے لئے بنائی گئی ہے کچھ نہیں سنا اور احقر کے خیال میں یہ بات بھی اسی طرح کی ہے جو اللہ جل مجدہ واقعہ بہتان عائشہؓ میں فرماتے ہیں۔

کیوں نہیں جب اس واقعہ کو تم نے سنا، مومنین اور مومنات نے اپنے دلوں میں خیر کا گمان کیا اور کیوں نہیں کہا کہ یہ صاف بہتان ہے۔

لہ یہ آیت سورہ نور رکوع ۲ میں ہے جو حضرت عائشہ کے اوپر بہتان سے برءت کا اظہار کرتی ہے۔ آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام غزوہ بنی مصطلق سے واپس تشریف لا رہے تھے جو ۵ھ میں ہوا۔ حضرت عائشہؓ ساتھ تھیں۔ ایک مقام پر پڑاؤ ہوا۔ حضرت عائشہؓ قضائے حاجت کیلئے علیحدہ چلی گئیں۔ آپ جو نرج میں پردے میں رہتی تھیں۔ جب کوچ ہونے لگا تو ہودج اونٹ پر رکھ دیا گیا کہ حضرت عائشہ اس میں ہو نگی جب واپس آئیں تو قافلہ کوچ کر گیا۔ وہیں چادر اوڑھ کر لیٹ گئیں۔ حضرت صفوان قافلے کا گرا پڑا سامان اٹھانے کیلئے کافی فاصلہ پر پیچھے سے آ پہنچے۔ دیکھا کہ کوئی پڑا سو رہا ہے۔ قریب آنے سے پہچان گئے کہ حضرت عائشہ ہیں۔ انہوں نے اونٹ بٹھا دیا اور عائشہ سوار ہو گئیں، اور قافلے سے جا ملیں۔ عبداللہ بن ابی منافق نے بہتان تراشی شروع کر دی۔ چہ میگوئیاں ہوتی رہیں آخر سورہ نور کی آیتیں برأت میں نازل ہوئیں۔ مترجم

غرض آنست که الفاظ افک آفکان بدلالت وضعی
این جانب مشیر بودند که معاذ اللہ. دشمنان حضرت طاہرہ
مطہرہ، صدیقہ محبوبہ محبوب رب العالمین صلی اللہ علیہ آلہ وازواجہ
وسلم و فیض صحبت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم و محبت نبوی صلعم
و معاملات دیگر حسنہ کہ برکمال ایمان اوشان گواہ بودند
مقابل این دلالت وضعی افتادہ تکذیب آں ے نماید
چہ اول علاقہ زوجیت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم عند اللہ
آنچنان است کہ این چنین خبائث را گرد اوشان گردیدن
ندہد باز کہ محبوبیت مذکورہ و فیض صحبت مسطورہ ہم بدان پیوست
چگونہ خیال باید بست کہ دامن پاک اوشان ملوث بایں
لوث شدہ باشد و نظائر دیگرہم از کلام اللہ برآورد
مگر اندیشہ تطویل دست بر دست نہادہ و رہ قلم
نازدہ برہمیں قدر اکتفا کردہ میگویم

ہر چند ذکر نام خدا وقت ذبح بدلالت وضعی ہمی گوید
کہ این ذبیحہ بہر خدا است لیکن از قرائن خارجہ شہادت
غیر اللہ میدہد بعد این شہادت گواہی ذکر نام خدا مسموع
نخواہد شد چہ پیشتر دانستہ کہ

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ

وجناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقتی دیگر این چنین
ہم فرمودہ اند

اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی اَعْمَالِکُمْ وَ
صُوَرِکُمْ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ یَنْظُرُ اِلٰی
قُلُوْبِکُمْ وَنِیَّاتِکُمْ اَوْ کَمَا قَالَ

نظر بریں بنائے حلت و حرمت وغیرہ احکام اگر خواہد بود نیت
بدرجۂ اول خواہد بود پس اگر ذکر نام خدا یا غیر خدا موجب
حلت و حرمت خواہد شد نیت خدا و غیر خدا چگونہ تاثیر خود

غرض یہ ہے کہ بہتان لگانے والوں کے بہتان کے الفاظ
اسی طرف مشیر تھے کہ معاذ اللہ حضرت عائشہ طاہرہ مطہرہ، صدیقہ
رب العالمین کے محبوب صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وازواجہ وسلم کی محبوبہ
اس خطا کی مرتکب ہوئیں۔ مگر دوسرے قرینے یعنی ان کا نبی صلی
اللہ علیہ وسلم کی زوجہ ہونا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ان سے
محبت کرنا اور دوسرے اچھے معاملات جو کہ حضرت عائشہ کے کمال
ایمان پر دلالت کرتے ہیں، اس دلالت وضعی کے مقابلے میں آکر
اس بہتان کی تکذیب کرتے ہیں کیونکہ اول تو زوجیت نبوی صلی اللہ
علیہ وسلم کا تعلق عند اللہ ایسا ہے کہ وہ تعلق ان جیسے خبیث معاملات کو
ان کے پاس بھی پھٹکنے نہیں دیتا پھر جبکہ محبوبیت مذکورہ اور فیض
صحبت مسطورہ بھی زوجیت کے ساتھ شامل ہو تو پھر یہ بات کیسے تصور میں
آسکتی ہے کہ ان کا پاکدامن اس قسم کی گندگی سے ملوث ہوا ہوگا اور دوسری
مثالیں بھی اس قسم کی ہیں کلام اللہ سے نکالتا لیکن مضمون کی طوالت کے
اندیشے نے ہاتھ روک دیا اور قلم کی راہ روک لی لہذا اسی پر بس کرکے کہتا ہوں

ہر چند خدا کے نام کا ذکر ذبح کے وقت دلالت وضعی
کے ذریعہ بتلاتا ہے کہ یہ ذبیحہ خدا کیلئے ہے لیکن خارجی قرائن غیر اللہ
کیلئے شہادت دیتے ہیں اس شہادت کے بعد خدا کے نام کے ذکر کی
شہادت نہ سنی جائیگی کیونکہ تم نے پہلے جان لیا ہے کہ

"اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے"

اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی اور وقت میں اس
طرح بھی فرما چکے ہیں

اللہ تمہارے اعمال کو نہیں دیکھتا اور نہ
تمہاری صورتوں کو ولیکن وہ تو تمہارے
دلوں اور نیتوں کو دیکھتا ہے۔

بس کہ پیش نظر حلت وحرمت وغیرہ احکام کی بنیاد اگر ہوگی تو
سب سے پہلے نیت ہوگی پس اگر خدا کے نام کا ذکر یا غیر خدا کا حلت
وحرمت کا موجب ہوگا تو خدا اور غیر خدا کی نیت اپنی تاثیر کس

نخواہد کرد۔ مگر ایں قسم مردم کہ نیت بہر خدا دارند و نام غیر خدا بر زبان آرند ہنوز بوجود نیامدہ اند۔ و نہ بظاہر وجہ ایں اجتماع ناموزوں بذہن می آید۔ البتہ کسانیکہ نیت غیر خدا دارند و نام خدا بر زبان رانند بکثرت موجود۔ و وجہ ایں اجتماع باایں تخالف آں شد کہ در اوائل اسلام بہر ایصال ثواب بزرگاں بنام خدا ذبح مے کردند آخر رفتہ رفتہ بوجہ تضاعف ہر روزہ در عقیدت بزرگاں نیت تقرب الی غیر اللہ جلوۂ ظہور گرفت گر ایں تضاعف عقیدہ در بارہ تغیر نیت کارگر افتاد کہ ہر دو بیک محل بودند۔ اما وجہ تغیر رسم ظاہری ہیچ نبود۔ آں ہمچناں ماند۔

بالجملہ اگر در ظاہر و باطن تخالف افتد قابل لحاظ و ترجیح اگر ہست احوال باطن است نہ ظاہر۔ ہاں اگر قرینہ بر تخالف باطن از ظاہر نباشد آں وقت نظر بر ظاہر باید گماشت۔ و حسب شہادت ظاہر، باطن را نیز باید پنداشت۔

باقی ماند آنکہ قرینہ دالہ بر نیت لغیر اللہ چیست اول ایں امر از کنندگاں پرسیدنی است، و اگر از من پرسی زیادہ ازیں چہ باشد کہ ذبح کنندگاں بہر دیگراں برادائے قیمت جانور یا بر عطاء ہمون قدر گوشت بمسکیناں راضی نمی شوند بلکہ تبدیل جانور دیگر ہم بجائے جانوری کہ بہر بزرگاں مقرر کردہ باشند گوارا نمی کنند۔ اگر مقصود اصلی ثواب رسانی باشد ہمہ ایں امور مذکورہ برابر ماند۔ بجز ایں چیست کہ ذبح لغیر اللہ مقصود افتادہ۔

چوں از بیان وجہ اول بر اظہار قید عند الذبح فراغت یافتیم وقت آنست کہ وجہ ثانی ہم گذارش نمائیم۔

وجہ ثانی عند الذبح | معتاد ابناء آں روزگار بود کہ ظاہر و

طرح نہ کریگی۔ مگر اس قسم کے آدمی جو کہ خدا کیلئے تو نیت رکھیں اور خدا کے سوا کا نام زبان پر لائیں ابھی وجود میں نہیں آئے ہیں اور نہ ہی اس نامناسب اجتماع کی وجہ بظاہر ذہن میں آتی ہے۔ البتہ جو لوگ غیر اللہ کی نیت رکھیں اور خدا کا نام زبان پر لائیں بکثرت موجود ہیں اور اس اجتماع کی وجہ اس مخالفت کے باوجود یہ ہوئی کہ ابتداء اسلام میں بزرگوں کے ایصال ثواب کیلئے خدا کے نام پر ذبح کرتے تھے مگر بعد میں رفتہ رفتہ دن بدن بزرگوں کے ساتھ عقیدت میں غلو کے باعث غیر اللہ کے ساتھ تقرب کی نیت چمک اٹھی۔ اگرچہ عقیدتمندی کی زیادتی نیت کی تبدیلی کے بارے میں کارگر ثابت ہوئی کہ دونوں ایک ہی محل میں تھیں لیکن ظاہری رسم کی تبدیلی کی وجہ کچھ نہ تھی وہ اسی طرح رہی۔

الحاصل اگر ظاہر اور باطن میں مخالفت واقع ہو جائے تو اس وقت لحاظ اور ترجیح کے لائق باطن کے حالات ہیں نہ کہ ظاہر کے۔ ہاں اگر کوئی قرینہ ظاہر سے باطن کی مخالفت کا نہ ہو تو اس وقت نظر ظاہر پر رکھنی چاہیے اور ظاہر کی شہادت کے مطابق، باطن کو بھی گمان کرنا چاہیے۔

باقی رہی یہ بات کہ غیر اللہ کی نیت پر دلالت کرنے والا قرینہ کیا ہے تو اول تو یہ بات کرنے والوں سے پوچھنے کے قابل ہے اور اگر مجھ سے پوچھتے ہو تو اس سے زیادہ کیا ہوگا کہ دوسروں کے لئے قربانی چڑھانے والے جانور کی قیمت یا اسی قدر گوشت مسکینوں کو دینے پر راضی نہیں ہوتے ہیں بلکہ اس جانور کو جو بزرگوں کیلئے نامزد کیا ہے دوسرے جانور سے بدلنا بھی گوارا نہیں کرتے ہیں۔ اگر ان لوگوں کا اصلی مقصد ثواب پہنچانا ہوتا تو پھر جانور کے بدلے میں دوسرا جانور یا اتنا گوشت بھی برابر ہیں لہٰذا اس کے سوا اور کیا ہے کہ ان کا مقصد غیر اللہ کے لئے ذبح کرنا ہے۔

جب عند الذبح کی قید کے اظہار پر اول وجہ کے بیان سے ہم نے فراغت پالی تو اب وہ وقت ہے کہ ہم دوسری وجہ عرض کریں۔

عند الذبح کی قید کی دوسری وجہ | اس زمانے کے لوگوں کی عادت

باطن دریں بارہ موافق دارند۔ اگر نیت بہر خدا است وقت ذبح نام خدا برند و اگر ارادہ دلی برائے غیر است نام غیر بر زبان رانند۔ ایں قسم منافق پیشہ وراں دراں زمانہ نبودند کہ ؎

برزباں تسبیح و در دل گاؤ خر

(ایں چنیں تسبیح کے دارد اثر)

دل محو تعظیم و تقرب غیر است و بہر گفتن نام خدا ہم بر زبان آوردہ ذبح مے کنند۔

نظر بریں مفسران سابق قید عند الذبح زیادہ فرمودند تا معلوم سازی کہ دراں زمانہ فارق بین نذر اللہ و نذر غیر اللہ علامت تمیز ایں ہر دو ہمیں ذکر نام خدا و غیر خدا وقت ذبح بود۔ اگر وقت ذبح نام خدا بردند حسب اصطلاح آں زمانہ دریافتند کہ ایں نذر خدا است و اگر نام غیر خدا بر زبان آوردند معلوم شد کہ لغیر اللہ است مگر چنانکہ دریافتی در اوضاع باہمی و اصطلاحات وضعی تغیر و تبدل راہ می یابد آں وضع و آں اصطلاح نماند۔

قسم ثالث کہ مشرکاں ایں امت اند بوجود آمدند و آں اصطلاح را برہم زدہ صورت واقعہ بد انساں نمودند کہ الحال چارہ بجز آں نماند کہ قرائن پیش نظر باید داشت و حسب ہدایت و دلالت آثار و لوازم کار باید کرد۔ چہ مدار کار حلت و حرمت چنانکہ دریافتی نیت است نہ فعل ظاہری۔ و ہر نیت را اثری جدا است و تاثیری نو۔ نیت خدا سرمایہ حلت است و نیت غیر خدا سامان حرمت۔ و پیدا است کہ ہر ملزوم با لوازم ماہیت خود باشد۔ خواہ در وجود آید خواہ در عدم رود۔ خصوصاً ملزومیکہ زوالش بوجود ضد او صورت بندد کہ ایں جا احتمال عموم لزوم ہم مفقود است مثلاً روز را لوازم دیگر است و

یہ بھی کرتا ہے کہ ظاہر و باطن کو اس بارے میں ایک رکھیں۔ اگر خدا کیلئے نیت ہے تو ذبح کے وقت خدا کا نام لیں اور اگر دلی ارادہ غیر اللہ کیلئے ہے تو پھر غیر کا نام زبان پہ لائیں۔ منافق پیشہ وروں کی یہ قسم اس زمانے میں نہ تھی کہ ؎

زبان پر تو تسبیح ہو اور دل میں گائے اور گدھے کا خیال ہو

(اس جیسی تسبیح کا اثر کب ہوتا ہے)

دل تو غیر خدا کے تقرب اور تعظیم میں محو ہے اور کہنے کو خدا کا نام بھی زبان پر لا کر ذبح کرتے ہیں

اس بنا پر پہلے مفسرین نے عند الذبح کی قید زیادہ کر دی تاکہ تم معلوم کر لو کہ اس زمانے میں اللہ کی نذر اور غیر اللہ کی نذر میں فرق کرنے والی اور اس سے اس کی تمیز کی علامت یہی خدا اور غیر خدا کے نام کا ذبح کے وقت لینا تھا۔ اگر ذبح کے وقت خدا کا نام لیا تو اس زمانے کی اصطلاح کے بموجب انہوں نے سمجھ لیا کہ یہ خدا کی نذر ہے اور اگر غیر خدا کا نام زبان پر لائے تو معلوم ہوا کہ یہ نذر غیر اللہ کے لئے ہے مگر جیسا کہ تم نے سمجھ لیا کہ باہمی طور طریق اور وضعی اصطلاحات میں تغیر و تبدل ہوتا رہتا ہے تو وہ وضع اور وہ اصطلاح نہ رہی۔

تیسری قسم کہ اس امت کے مشرک ہیں۔ وجود میں آئی اور اس اصطلاح کو توڑ پھوڑ کر صورت واقعہ اس طرح پیش کی کہ تم جانتے ہو۔ اب اس کے بغیر چارہ نہ رہا کہ قرائن کو پیش نظر رکھنا چاہیئے اور آثار و لوازمات کی رہنمائی کے موافق کام کرنا چاہیئے کیونکہ جیسا کہ تمہیں معلوم ہو چکا کہ حلت و حرمت کا دار و مدار نیت پر ہے نہ کہ ظاہری فعل پہ۔ اور ہر نیت کا جدا اثر اور نئی تاثیر ہے خدا کی نیت کرنا (جانور کے) حلال ہونے کا سبب ہے اور غیر خدا کی نیت حرام ہونے کا اور ظاہر ہے کہ ہر ملزوم اپنی ماہیت کے لوازم کے ساتھ ہوتا ہے خواہ وجود میں آئے یا عدم میں جائے۔ خاص طور پر وہ ملزوم کہ اس کا زوال اس کے ضد کے وجود سے پیدا ہو کیونکہ اس مقام پر عموم لزوم کا احتمال بھی مفقود ہے

شب را لوازم دگر۔ لوازم روز در وجود و عدم در ملازمت او باشند۔ اگر موجود مے شود لوازم او نیز موجود مے شوند و اگر معدوم مے شود لوازم او نیز معدوم مے شوند۔

چوں در ذبیحہ للہ و لغیر اللہ ہمیں ساں دیدی کہ ارتباط تضاد است حلت و حرمت کہ یکی از آثار آنہاست با ملزومات خود در رکاب باشند۔ آری اگر سواء یاد خدا علتی بہر حلت مذبوح دگر ہم بودے تواں گفت کہ اگرچہ تقرب الی الغیر است مگر بکار پردازی فلاں علت، حلت بدست آوردہ ایم و اینکہ در بادی النظر ظاہر بیناں را چناں می نماید کہ علت حلت فقط ذکر نام خداست نیت بہر خدا باشد یا بہر غیر۔ چنانچہ منطوق آیت

فَكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ إِنْ كُنْتُمْ بِآيَاتِهِ مُؤْمِنِينَ (قرآن کریم)

برایں دعویٰ دلیلی است۔ پس مغالطہ وہمی است کہ بوجہ قلت تدبر رہ میزند۔ اگر فہم رسا است پیدا است کہ ذکر حقیقی ذکر قلبی است و ذکر زبانی بوجہ دلالت بداں مسمی بذکر مے گردد۔ چہ ذکر معنی یاد است کہ در حقیقت کار دل است نہ زبان۔ اگر کسی محو یاد کسی باشد و زبانش ساکت، تاہم از یاد آوران اوست و اگر دل در غیر بستہ و زبان را بنام او شکستہ نزد حقیقت شناساں از یاد آوراں نشمردہ شود۔

ذکر لسانی حضرات صوفیہ کرام رضوان اللہ علیہم را نگر کہ ذکر لسانی را اگر تنہا باشد لقلقہ مے گویند ذکر نمی گویند و آنکہ ذکر قلبی را وسوسہ گفتہ اند منافی ایں

مثلاً دن کے لوازم اور ہیں اور رات کے لوازم اور۔ دن کے لوازم وجود اور عدم میں اسکے ساتھ رہتے ہیں اگر دن موجود ہوتا ہے تو اس کے لوازم بھی موجود رہتے ہیں اور اگر دن ناپید ہو جاتا ہے تو لوازم بھی ناپید ہو جاتے ہیں۔

جب اللہ اور غیر اللہ کیلئے ذبیحے میں اسی طرح تم نے دیکھ لیا کہ ان میں تضاد کا رابطہ ہے تو حلت و حرمت جو ان کے آثار میں سے ایک اثر ہے اپنے ملزومات کے ساتھ رہیں گے۔ ہاں اگر ذکر خدا کے سوا ذبیحہ کی حلت کیلئے کوئی دوسری علت بھی ہوتی تو کہہ سکتے کہ اگر یہ تقرب الی الغیر ہے مگر فلاں علت کے عمل کی وجہ سے ہم نے حلت حاصل کر لی ہے اور یہ بات کہ ظاہر نظر میں ظاہر بیں لوگوں کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حلت کی علت صرف خدا کے نام کا ذکر ہے خواہ نیت خدا کیلئے ہو یا غیر خدا کیلئے۔ چنانچہ آیت کا منطوق ہے۔

"پس تم کھاؤ اس ذبیحے میں سے جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو اگر تم اسکی آیات پر ایمان رکھتے ہو۔"

اس دعوے کیلئے ایک دلیل ہے۔ پس وہم کا دھوکا ہے جو قلت تدبر کے باعث راستے سے ہٹا دیتا ہے۔ اگر فہم رسا ہے تو ظاہر ہے کہ ذکر حقیقی تو قلبی ذکر ہے اور زبانی ذکر اس پر دلالت کی وجہ سے ذکر کے نام سے موسوم ہو جاتا ہے کیونکہ ذکر یاد کے معنی میں ہے جو کہ حقیقت میں دل کا کام ہے نہ کہ زبان کا۔ اگر کوئی کسی کی یاد میں محو ہو اور اسکی زبان خاموش ہو تو وہ پھر بھی اسکے یاد کرنے والوں میں سے ہے اور اگر دل غیر کی طرف لگا ہوا ہے اور زبان پر اس کا نام ہے تو حقیقت شناسوں کیلئے یاد کرنے والوں میں سے شمار نہیں کیا جائیگا۔

ذکر لسانی حضرات صوفیہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو دیکھیں کہ صرف زبانی ذکر کو لقلقہ کہتے ہیں ذکر نہیں کہتے ہیں اور یہ جو انہوں نے قلبی ذکر کو وسوسہ کہا ہے اس کے

نیت کہ معروض شد۔

ذکر قلبی — چہ مراد از ذکر قلبی در اصطلاح شاں صوفی است آواز قلب صنوبری کہ مضغہ ایست از گوشت مسموع مے شود۔ نہ حضور قلب کہ آں نزد ایشاں نیز اصل ذکر است و چوں نباشد خداوند تعالیٰ شانہ مے فرماید۔

اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ یُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَاِذَا قَامُوْۤا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۔ (قرآن پارہ ۵)

و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد کردہ اند

لَا صَلٰوةَ اِلَّا بِحُضُوْرِ الْقَلْبِ

و معنائے الفاظ آنحضرت و ایں است۔ بس حضور قلب است کہ خداوند تعالیٰ شانہ بعدم ذکر آں تعبیر فرمودہ و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بناء صلوٰۃ بداں نہادہ اند

غرض حضور قلب با اخلاص اصل عبادت است

نظر بریں در آیت

كُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

اولاً و بالذات ہمیں ذکر باشد و ہر آئینہ متروک التسمیہ سہواً را حلال گفتہ ہمیں نظر گفتہ۔ چہ مظنون از مومن ہمیں است کہ از خدائے خود غافل نباشد۔ البتہ

جانور متروک التسمیہ عمداً حرام است — امام ابو حنیفہؒ متروک التسمیہ عمداً را حرام مے گویند و وجہش در اوراق گذشتہ دریافتہ مگر اکنوں نیز رمزی ازاں باید گفت۔

رمز حرمت متروک التسمیہ عمداً — چناں کہ در انسان حقیقت

منافی نہیں ہے جو عرض کیا گیا۔

دل کا ذکر — کیونکہ قلبی ذکر سے انکی اصطلاح میں ان کا مطلب وہ آواز ہے جو صنوبری (گاجر) جیسی صورت کے دل سے جو کہ لوتھڑا ہے گوشت سے سنی جاتی ہے نہ کہ دل کی حضوری کہ وہ صوفیہ کے نزدیک اصل ذکر ہے اور کیوں نہ ہو خداوند تعالیٰ شانہ فرماتے ہیں

بے شک منافق لوگ اللہ کو دھوکا دیتے ہیں اور اللہ ان کو انکے دھوکے کا بدلہ دینے والا ہے اور جب نماز کیلئے کھڑے ہوتے ہیں تو سستی سے کھڑے ہوتے ہیں لوگوں کو دکھانے کیلئے اور اللہ کا ذکر نہیں کرتے مگر تھوڑا اس کے درمیان ڈگمگاتے ہیں (قرآن کریم پارہ ۵)

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے

نماز حضور قلب کے بغیر نہیں ہوتی

اور ان لفظوں میں اگر کوئی چیز ہے تو انکی نماز میں حضور قلب نہ ہونا ہے کہ خداوند تعالیٰ نے بوجہ ترک ذکر کو عدم ذکر کیساتھ تعبیر فرمایا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کی بنیاد اسی حضور قلب پر رکھی ہے۔

غرض یہ ہے کہ اخلاص کے ساتھ حضور قلب کا نام اصل عبادت ہے اس پر نظر رکھتے ہوئے آیت میں

تم کھاؤ اس جانور کا گوشت کہ جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو

اولاً و بالذات یہی ذکر (قلبی) ہے اور جس مجتہد نے ذبیحہ پر جان کر یا بھول کر بسم اللہ کو چھوڑنے کی صورت میں جانور کو حلال کہا ہے اسی ذکر قلبی کی وجہ سے کہا ہے کیونکہ مومن سے یہی توقع ہے کہ دل میں خدا کے ذکر سے غافل نہ ہوگا

جان کر متروک التسمیہ جانور کی حرمت — البتہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ کا نام عمداً چھوٹے ہوئے ذبیحہ کو حرام کہتے ہیں اور اسکی وجہ گذشتہ اوراق میں تمہیں معلوم ہو گئی ہے لیکن اب اس کا راز بیان کرنا چاہیے۔

جان کر متروک التسمیہ جانور کی حرمت کا راز — جیسا کہ انسان میں

انسانی کہ روح اوست وصورت انسانی کہ جسم است
بردو مطلوب اند کہ مکاسب دینی و دنیوی باقتران ہردو
صورت بندد۔ ورنہ فرادیٰ فرادیٰ۔ اگر گیری ہردو بیکار اند۔
روح بے بدن فاعل است بے آلہ وسوار است بے مرکب۔
و بدن بے جان، آلہ است بے فاعل و مرکب است بے
راکب ہمچنیں در اعمال دینی بلکہ دنیوی حقیقت عمل کہ نیت
وحضور خاص می باشد وصورت عمل کہ حرکات خاصہ
مے باشند مطلوب شارع اند۔ اگر یکی ہم ازیں دو عنصر
مفقود گردد نتیجہ وغرض عمل بدست نیفتد۔ و بوجہ نافرمانی
معتوب شود۔ آری اگر بسہو سر راہ افتادہ از بلا نجات
یابد ہمچنیں اگر مغفرت یا شفاعت تدارک آن خیر دیا حسنہ
از حسنات مکفر آں گردد عتاب برخیزد۔ اما نتائج مذکورہ وغرض
معلومہ میسر نیایند۔

بالجملہ اصل مطلوب حاصل جمع ہردو عنصر است۔
فائدہ تکلیف یکی از آنہا صورت نہ بندد وخطابات
شارع قطع نظر ازاں لغو بیکار اند کہ از آں خدا ئے
متین تصور آں تصور محال است۔ ازیں مرہم نیت ضرورہ افتاد
وہم صحت عمل لازم آمد۔ مگر ہرچہ باشد نیت اصل است و
عمل تابع آں۔ چنانکہ روح اصل است و بدن تابع آں،
وقت اعتبار و اقتدار نظر بر حقیقت افگنند نہ بر صورت۔

سگ اصحاب کہف اگرچہ بصورت سگ بود لیکن چوں روح
پاک داشت از مردم شمردہ شد و کفار باآنکہ بصورت
انسان بودند چوں ارواح خبیثہ نصیب شاں شدہ بودند

انسانی حقیقت جو کہ اسکی روح ہے اور انسانی صورت کہ جسم ہے
دونوں مطلوب ہیں کیونکہ دینی اور دنیاوی مقاصد دونوں یعنی
روحانی اور جسمانی کے ملنے سے حاصل ہوتے ہیں ورنہ صرف روح
اور تنہا جسم علیحدہ علیحدہ کو اگر لو تو دونوں بیکار ہیں جسم کے بغیر
روح ایسی ہے جیسے کام کرنیوالا اوزار کے بغیر اور سوار سواری کے
بغیر اور بدن جان کے بغیر ایسا ہے جیسے اوزار مستری کے بغیر اور سواری
سوار کے بغیر۔ اسی طرح دینی اعمال ہیں بلکہ دنیوی میں بھی عمل کی حقیقت
جو کہ نیت اور خاص حضوری ہوتی ہے اور عمل کی صورت کہ خاص
حرکات ہوتی ہیں شارع کو مطلوب ہوتی ہیں۔ اگر ان دو عنصروں میں
سے ایک بھی جاتا رہے تو عمل کا مقصد اور نتیجہ حاصل نہیں ہوتا اور
نافرمانی کی وجہ سے انسان معتوب ہوتا ہے۔ ہاں اگر بسہو سر راہ پڑکر
بلا سے نجات پائے، اسی طرح اگر بخشش یا شفاعت اسکی تدارک کیلئے
اٹھ کھڑی ہو یا نیکیوں میں سے کوئی نیکی اس کا کفارہ بن جائے تو عتاب
اٹھ جائیگا لیکن مذکورہ نتائج اور معلومہ اغراض میسر نہیں آئیں گے۔

الحاصل اصل[1] مطلوب دونوں عنصروں کا حاصل جمع ہے مکلف
ہونیکا فائدہ ان میں سے صرف ایک کے ذریعہ صورت اختیار نہیں کرتا اور
شارع کے تمام خطابات اس سے قطع نظر کرکے لغو اور بیکار ہو جاتے
ہیں کہ خدائے توانا کی طرف سے اس تصور کا تصور محال ہے۔ اس
لحاظ سے بھی نیت کا ہونا ضرور ہوا اور عمل کی صورت بھی لازم ہوئی
مگر جو کچھ بھی ہو نیت اصل ہے اور عمل اس کے تابع ہے۔ جیسا کہ
روح اصل ہے اور بدن اس کے تابع تو اعتبار اور اقتدار کے وقت
حقیقت پر نظر ڈالیں گے نہ کہ صورت پر۔

اصحاب کہف کا کتا اگرچہ صورت میں کتا تھا لیکن چونکہ
پاک روح رکھتا تھا اس لئے آدمی شمار کیا گیا اور کفار باوجودیکہ
صورت میں انسان تھے چونکہ ان کے حصے میں ناپاک روحیں تھیں

[1] یعنی روح اور جسم دونوں کے مجموعے سے اصل مطلب حاصل ہوگا۔ مترجم

شان اوشان

أُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلّ

فرمودند۔ واین راہم بگذاریدا گر خالق کن فیکون روح انسانی را در قالب سگ و خر وغیرہ بدمد و روح خر و سگ وغیرہ را بقالب انسانی بکشد نزد حقیقت بینان وقت اقتدار اعتبار ارواح باشد نہ اجسام۔ اگرچہ ظاہر بینان راقضیہ بالعکس بنظر آید؛ ہمچنیں اگر در ارواح اعمال وصور آنہا ہمیں قسم تخالف باشد کہ در صورت مفروضہ اعنی اجتماع روح انسانی وجسم حیوانی یا روح حیوانی وجسم انسانی گفتہ شد نزد خداوند مالک الملک علیم وخبیر اعتبار روح اعمال باشد نہ صور آنہا وازینجا است کہ

انما الاعمال بالنیات

فرمودہ اند

ذکر حقیقی ذکر قلبی است

الغرض ذکر حقیقی ذکر قلبی ہست وضرورت ذکر لسانی نہ باین

وجہ است کہ مصداق ذکر وموضوع لہ آں ہمیں صوت نام خدا است نی بلکہ وجہ ضرورتش ہماں است کہ گفتہ شد۔ اعنی نتائج وثمرات اعمال واغراض آنہا بنا اقتران صورت ومعنی میسر نہ آید پس اگر صورت بے معنی است جسم بے جانش پندار۔ اگر عمل است ونیت نیست مصداق کسراب بقیعۃ انگار وداخل در ذکر خداوندیش شمار بلکہ یاد غیر بایدش فہمید۔

دانستہ باشی کہ اگرچنانکہ آیت

فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

دلالت دارد ذکر خداوندی کہ علت حلت است، ذکر قلبی

ہو چکی تھیں۔ اس لئے انکی شان میں

"وہ تو چوپاؤں کی مانند ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ"

فرمایا۔ اور اس کو بھی چھوڑ دیجئے اگر دنیا کا خالق انسانی روح کو کتے اور گدھے کے قالب میں پھونک دے اور کتے اور گدھے کی روح کو انسانی سانچے میں بھر دے تو حقیقت نگر لوگوں کے نزدیک اقتدار کے وقت ارواح کا اعتبار ہوگا نہ کہ اجسام کا۔ اگرچہ ظاہر بین لوگوں کو معاملہ برعکس نظر آئے۔ اسی طرح اگر اعمال کی ارواح اور ان کی صورتوں میں اسی قسم کا تخالف ہو جیسا کہ صورت مفروضہ میں یعنی انسانی اور حیوانی جسم یا حیوانی روح اور انسانی جسم کے اجتماع میں کہا گیا تو خدائے مالک الملک، علیم وخبیر کے نزدیک اعمال کی ارواح کا اعتبار ہوگا نہ کہ ان کی صورتوں کا اور یہیں سے ہے کہ

انما الاعمال بالنیات

فرمایا ہے۔

ذکر حقیقی ذکر قلبی ہے

الغرض اصلی ذکر تو قلبی ذکر ہے اور ذکر لسانی کی ضرورت نہ اس

وجہ سے ہے کہ ذکر کا مصداق اور اس کا موضوع لہ یہی خدا کے نام کو آواز کے ذریعہ پکارنا ہے نہیں بلکہ اسکی ضرورت کی وجہ وہ ہے جو کہ بیان کی گئی یعنی ان کے اغراض اور اعمال کے ثمرات اور نتائج صورت اور معنی کے باہم ملے بغیر حاصل نہیں ہو سکتے پس اگر صورت معنی کے بغیر ہے تو اس صورت کو جسم بے روح سمجھو اور اگر عمل ہے اور نیت نہیں ہے تو سراب صحرا کے مصداق خیال کرو اور اس کو ذکر خداوندی میں شمار نہ کرو بلکہ غیر خدا کی یاد میں اسکو سمجھنا چاہیئے۔

اب تمہیں پتہ چلا ہوگا کہ اگر جیسا کہ آیت

"پس کھاؤ تم اس ذبیحے کو جس پر اللہ کا نام یاد کیا گیا ہو" دلالت کرتی ہے خدا کا ذکر جو کہ حلال ہونے کی علت ہے وہ ذکر قلبی

است نہ ذکر لسانی۔ و ہمچنیں اگر ذکر غیر خدا علت حرمت است چناں کہ آیت مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ شاہد براں است ذکر پنہانی است نہ ذکر لسانی۔ باز اگر ذکر زبانی را دریں بارہ دخل دادہ اند آنچناں دخل دادہ اند کہ در صدور آثار روحانی جسم را یا در صدور آثار فاعل آلہ را دخل دادہ اند۔

بالجملہ اگر صورت و ظاہر را دخل است بمرتبۂ ثانی است و اولاً و بالذات علت ہمچو آثار ہیولی ذکر پنہانی است پس اگر روح عمل اعنی نیت ازیں قسم است و صورت ازاں قسم اعتبار معنی و روح خواہند کرد نہ اعتبار صورت و ظاہر۔ و ہویدا است کہ در صورت تقرب الی الغیر اگر نام خدا وقت ذبح بردہ شود روح عمل از قسم دگر است و صورت آں از قسم دگر۔

نظر بقاعدۂ ممہدہ کہ ہمیں دم عرض کردہ شد و در تمام اعمال عبادات وغیر آں بلا نکیر جاری است احکام روح عمل کہ نیت تقرب الی الغیر است غالب خواہند آمد و ذبیحہ مجملہ محرمات خواہد گردید۔

علاوہ بریں تقدم اسم اللہ بر علیہ در ہر دو آیت اعنی

كُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

و

لَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

دلالت بر ذکر خالص دارد۔ چہ تقدیم ہمچو اشیاء در ہمچو مواقع چنانکہ از مسلمات علم معانی است دلالت بر حصر مے کند کہ مفادش اینجا ہماں ذکر خالص است بی شائبہ ذکر غیر۔ و در حق ما نحن فیہ اگر ذکر زبانی را ذکر ہم گویند ذکر خالص نتواں گفت۔ کہ دل محو غیر است۔ و ذکر بعد از توجہ قلبی بتعظیم و توقیر مذکور آنچناں نیست کہ انکارش تواں کرد

ہے نہ کہ ذکر لسانی۔ اور اسی طرح اگر غیر اللہ کا ذکر حرمت کی علت ہے جیسا کہ آیت مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اس پر گواہ ہے تو یہ قلبی ذکر ہے نہ کہ زبانی ذکر۔ پھر بھی اگر لسان کے ذکر کو اس ذبح کے بارے میں دخل دیا ہے تو یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ روحانی آثار کے صدور میں جسم کو یا فاعل کے آثار کے صادر ہونے میں آلہ کو دخل دیا ہے۔

الحاصل اگر صورت اور ظاہر کو دخل ہے تو دوسرے مرتبے میں ہے اور آثار کی طرح اول طور پر اور ذاتی طور پر علت کی علت وہی قلبی ذکر ہے پس اگر عمل کی روح یعنی نیت اسی قسم سے ہے اور صورت اس قسم سے تو پھر معنی اور روح کا اعتبار کرینگے نہ کہ صورت اور ظاہر کا۔ اور ظاہر ہے کہ غیر اللہ کے تقرب کی صورت میں اگر خداوند تعالیٰ کا نام ذبح کے وقت لیا جائے تو عمل کی روح دوسری قسم سے ہے اور اسکی صورت دوسری قسم سے۔

تمہیدی اصل پر جو ابھی عرض کی گئی نظر رکھتے ہوئے حالانکہ یہ اصل تمام عبادات اور غیر عبادات کے اعمال میں کسی انکار کے بغیر جاری ہے عمل کی روح کے احکام کہ جس میں غیر خدا کی طرف تقرب کی نیت ہے غالب آجائینگے اور ذبیحہ حرام ہو جائیگا۔

علاوہ بریں اِسْمَ اللّٰهِ کا عَلَيْهِ سے دونوں آیتوں یعنی

كُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

اور

لَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

پہلے آنا خالص ذکر پر دلالت کرتا ہے کیونکہ اس جیسی چیزوں اور اس جیسے مواقع میں تقدیم جیسا کہ علم معانی کے مسلمات میں سے ہے حصر پر دلالت کرتا ہے کہ اس کا مقصد اس جگہ بے شائبہ ذکر غیر وہی خالص ذکر ہے اور جس مسئلے میں ہم بحث کر رہے ہیں اس میں اگر ہم زبانی ذکر کو بھی ذکر کہتے ہیں تو خالص نہیں کہہ سکتے کیونکہ دل غیر میں محو ہے اور مذکورہ توقیر و تعظیم کے ساتھ قلبی توجہ کا ذکر

بلکہ گنجائش انکار اگر ہست در ذکر بودن ذکر زبانی است
نہ بالعکس۔ اندریں صورت نتواں گفت کہ ذبیحہ معلومہ از
مَا ذُکِرَ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ است بلکہ از قسم

مَا لَمْ یُذْکَرِ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ

است۔ وبدیں سبب بحکم

لَا تَاْکُلُوْا مِمَّا لَمْ یُذْکَرِ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ

منجملہ ممنوعات ومحرمات است۔ زیرا کہ مفاد آیت ثانیہ وقتیکہ
تقدیم مذکور بصفت حصر باشد ایں است کہ ہرچہ فقط نام
خدا براں نخوانده شده باشد آنرا مخورید و ظاہر است
کہ ایں مفہوم چنانکہ آں جانور را شامل است کہ اصلاً نام
خدا نخوانده باشند بلکہ در غفلت آنرا کشتہ باشند ہمچنیں آں
جانور را نیز شامل است کہ ہم نام خدا گفتہ باشند و
ہم یاد غیر کرده باشند۔ ہاں اگر جانوراں حلال مملوک غیر
بودندے آں وقت نثار بنام آں غیر روا بودی و اگر
مشترک در خدا وغیر بودی اشتراک آں غیر در ذکر بجای
خود بودی۔ اکنوں کہ ملک خالص بہر خدا است ذکر خدا
نیز خالص باید کرد و اصلاً دیگراں را در ذکر شریک
نباید کرد کہ شرک لازم خواہد آمد۔ چہ حقیقت اشراک و شرک
کہ از اکبر کبائر است و مغفور نتواں شد ہمیں است کہ
مملوک خدا را مشترک در خدا وغیر خدا پندارند۔ ورنہ شئ
مشترک را اگر بکار ہمہ شرکاء آرند چہ گناه است بلکہ
اندریں صورت ممانعت ازیں کار گناہی منجملہ معاصی
می شد کہ بالبداہت ظلم است و ظلم گناہی است کہ ہمہ
دانند۔ آری اگر در منفعتی اجازت ازاں طرف باشد
بقدر اجازت اختیار است کہ در کار خود آرند یا بدیگری
سپارند۔ ورنہ ہرگز روا نیست خصوصاً چیزیکہ بہر خود دارند
یا خصوصی کہ بہر خود گذارند۔ مثلاً دستور سلاطین است کہ

ہونا ایسا نہیں ہے کہ اس کا انکار کر سکیں بلکہ انکار کی گنجائش اگر
ہے تو زبانی ذکر کے ذکر ہونے میں ہے نہ برعکس۔ اس صورت میں
نہیں کہہ سکتے کہ معلومہ ذبیحہ وہ ہے جس پر اللہ کا نام یاد کیا گیا ہے بلکہ یہ تو

مَا لَمْ یُذْکَرِ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ

کی قسم سے ہے اور اس سبب سے (آیت حسب ذیل)

مت کھاؤ تم اس ذبیحے کو جس پر اللہ کا نام ذکر نہ کیا گیا ہو

کے حکم کے مطابق وہ ذبیحہ ناجائز اور حرام ہے۔ کیونکہ دوسری
آیت کا مقصد جبکہ (اسْمُ اللّٰہِ کو عَلَیْہِ پر) ذکر کی گئی تقدیم
حصر پیدا کرنے والی ہو یہ ہے کہ وہ جانور جس پر اللہ کا نام زبان سے
نہ لیا گیا ہو اس کو مت کھاؤ اور ظاہر ہے کہ یہ مفہوم جیسا کہ اس
جانور کو شامل ہے کہ اس پر لوگوں نے بالکل خدا کا نام نہ پکارا ہو
(بلکہ ذکر خدا سے) غفلت میں اسکو مارا ہو۔ اسی طرح اس جانور کو بھی
شامل ہے کہ جس پر خدا کا نام زبان سے لیا ہو اور غیر اللہ کو بھی
یاد کیا ہو۔ ہاں اگر حلال جانور غیر کی ملکیت میں ہوتے تو اس وقت
اس غیر کے نام پر قربانی کرنا درست ہوتا اور خدا اور غیر خدا
میں (دو حالتوں) مشترک ہوتے تو اس غیر کی ذکر میں شرکت بجائے
خود ہوتی۔ اب جبکہ ملک خالص خدا کے لئے ہے تو خدا کا ذکر بھی بلا
شرکت غیرے بالخاص کرنا چاہیئے اور ہرگز دوسروں کو ذکر میں شریک
نہ کرنا چاہیئے کیونکہ (شریک کر لینے سے) شرک لازم آئیگا اور شریک
ٹھہرانے اور شرک کی اصل حقیقت جو گناہوں میں سب سے بڑا گناہ ہے
اور جسکی بخشش نہیں ہو سکتی یہی ہے کہ خدا کی مملوکہ چیز کو خدا اور
غیر خدا میں مشترک خیال کریں۔ ورنہ مشترک چیز کو اگر تمام شرکاء
کے کام میں لائیں تو کیا گناہ ہے بلکہ اس صورت میں اس کارگذاری
کی ممانعت منجملہ معاصی ہوتی جو کہ بدیہی طور پر ظلم ہے اور ظلم ایسا
گناہ ہے جس کو سب جانتے ہیں۔ ہاں اگر کسی منفعت میں اس طرف
سے اجازت ہو تو بقدر اجازت اختیار ہے کہ اپنے کام میں خواہ لائیں
یا کسی اور کے سپرد کر دیں ورنہ ہرگز درست نہیں ہے خاص طور پر

بر اراضی رعیت محصولی مقرر کنند و بر امرای رعیت وقت ملاقات نذری بنہند پس اگر آں محصول و نذر رعایا و سرکاری در خزانہ دیگراں داخل کنند و پیش دیگراں کشند لاجرم مستوجب سزای جرم بغاوت گردند کہ ہر آئینہ بجز توبہ و انقیاد رستگاری ممکن نیست و ہمچنیں اگر کسی تاج وغیرہ ملابس سلطانی بر اندام خود راست کند و ماہی و مراتب وغیرہ علامات سلطانی در برابر گیرد و القاب سلطانی و آداب شاہی از حاضراں و غائباں خواہد بدرجہ اولیٰ آنکس و اعوان و انصار و احباب و خیر اندیشان او مورد عتاب سلطانی شوند کہ تلافی آں بجز خم کردن سر تسلیم نمی تواں شد باقی سوائے ایں قسم امور ہر چہ رعایا را دربارہ آں اجازت دادہ اند در ارتکاب آں ہیچ محذوری نیست و آں چہ منع کردہ اند مثل چرانیدن جانوران در حمی[1] یا آمدن ہر کس و ناکس وقت بے وقت بدربار بدیں قسم امور گاہی مے گیرند و گاہی میگذارند ہمیں طور اگر محصول سرکاری بر وقت نرسیدہ یا بوجہ افلاس نرسانیدہ بریں تقصیر ہم گاہے سزا میدہند و گاہے از رسانندگی بواگذاشتن آں حکم می رانند۔

تمثیل عبادات و نذر و قربانی

اکنوں بدیدہ عقل بنگر کہ ہمیں معاملہ با خداوند ملک الملک با بندگان خود کردہ زکوٰۃ وغیرہ حقوق مالی را محصول سرکاری پندار۔ نماز وغیرہ تعظیمات بدنی را القاب و آداب سلطانی انگار و قربانی را نذر وقت ملاقات باید شناخت

وہ چیز جو اپنے لئے رکھیں یا جو محصول اپنے لئے ادا کریں مثلاً بادشاہوں کا دستور ہے کہ رعایا کی اراضی پر کوئی محصول مقرر کرتے ہیں اور رعایا کے امیر لوگوں پر ملاقات کے وقت نذرانہ مقرر کرتے ہیں پس اگر وہ محصول اور سرکاری رعایا کا نذرانہ کسی اور کے خزانے میں داخل کریں اور دوسرے کے سامنے لیجا کر رکھدیں، تو لازمی طور پر بغاوت کے جرم کی سزا کے مستوجب ہونگے کیونکہ توبہ اور اطاعت کے بغیر البتہ خلاصی ممکن نہیں ہے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص تاج وغیرہ سلطانی لباس اپنے جسم پر پہن لے اور بادشاہی لوازمات ماہی مراتب وغیرہ علامات سلطانی اپنے برابر میں لے آئے اور حاضرین اور غیر حاضرین سے سلطانی القاب اور شاہی آداب کا طالب ہو تو ایسا آدمی اور اس کے اعوان و انصار، احباب اور خیر اندیش بدرجۂ اولیٰ سلطانی عتاب میں آجائیں گے کہ اس جرم کی تلافی سر تسلیم خم کرنے کے سوا اور کچھ نہیں ہوسکتی باقی اس قسم کے سوا اور امور جن کے بارے میں رعایا کو بادشاہ نے اجازت دے رکھی ہے ان کے ارتکاب میں کوئی مضائقہ نہیں ہے اور جن چیزوں سے رعایا کو منع کر دیا ہے مثلاً بادشاہ کی چراگاہ میں جانوروں کا چرانا یا ہر کس و ناکس کا وقت بے وقت دربار میں چلے آنا تو اس قسم کی باتوں پر کبھی مواخذہ کرتے ہیں اور کبھی چھوڑ دیتے ہیں۔ اسی طرح اگر سرکاری محصول وقت پر نہیں پہنچایا یا افلاس کی وجہ سے نہ پہنچایا تو اس قصور پر بھی کبھی سزا دیتے ہیں اور کبھی اس کے درگذر کرنے کا حکم نافذ کرتے ہیں۔

عبادات اور نذر و قربانی کی مثال

اب عقل کی نگاہ سے بغور دیکھو کہ یہی معاملہ خدائے مالک الملک نے اپنے بندوں کے ساتھ کیا ہے۔ زکوٰۃ وغیرہ مالی حقوق کو سرکاری محصول سمجھو۔ نماز وغیرہ بدنی تعظیمات کو سلطانی القاب و آداب خیال کرو اور قربانی کو ملاقات کے وقت کا نذرانہ

---

[1] حمی اس چراگاہ کو کہتے ہیں جس میں کسی دوسرے کو چرانے کی اجازت نہ ہو اور اس چیز کو بھی حمی کہا جاتا ہے جس میں کسی غیر کو تصرف کرنے سے روکا جائے۔ (منتہی الارب) مترجم

وگناہاں را مثل چراگاہ شاہی باید پنداشت۔

وجوہ تشبیہ ہمہ اوّل ظاہر است۔ با ایں ہمہ ایں ذکر استطرادی[1] است و ایں مقام دگر۔ اگر گویم چگونہ گویم کہ نازیبا است غرض اصلی باید گفت۔ آں ایں است۔

جاں نثاری نیز منجملہ خصائص خداوندی است کہ بہر دیگراں نتواں کرد و اگر دریں بارہ اجازت بودی قربانی را منجملہ عبادات نکردندی پس وقتیکہ ما ہمہ مخلوق و مملوک خدا باشیم و اموال و افعال ما ہمہ مخلوق آں ملک الملک و ایں طرف جاں نثاری از خصائص چنانچہ حرمت

مَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ

مقید بہ عند الذبح داری یا عام نیز ہمیں جا است۔ باز ذبح بنام سدّوؔ چگونہ روا بود۔ اندریں صورت نام خدا یک بار چہ صد بار یا ہزار بار نیز اگر خوانند چناں باشد کہ خنزیر را نام خدا گفتہ ذبح کنند و نوش جاں فرمایند ازیں جا فائدۂ یاد خدا وقت ذبح دریافتہ باشی کہ حلال را از حرام گردیدن باز مے دارد۔ نہ آں کہ حرام را حلال مے گرداند۔ چنانچہ

اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ (قرآن کریم)

بدیں جانب اشارہ ہم دارد۔

پہچاننا چاہئے اور گناہوں کو شاہی چراگاہ میں اپنے جانوروں کو چرانے کی طرح گماں کرنا چاہئے۔

ان تمام امور کی وجہ تشبیہ ظاہر ہے۔ باایں ہمہ یہ ذکر خارج از بحث ہے اور یہ مقام دوسرا ہے۔ اگر میں کہوں تو کس طرح کہوں کہ نامناسب ہے۔ بلکہ اصلی مدعا بیان کرنا چاہئے اور وہ یہ ہے۔

جان کو قربان کرنا بھی ان خصوصیات میں سے ہے جو خدا تعالیٰ کے لئے خاص ہیں جو دوسروں کیلئے قربان نہیں کر سکتے اور اگر اس بارے میں اجازت ہوتی تو قربانی کو عبادات میں سے خیال نہ کرتے۔ پس جبکہ ہم سب خدا کی مخلوق اور مملوک ہیں اور ہم سب کے افعال اور اموال اس مالک کی مخلوق ہیں اور اس طرف جان کی قربانی خدا کے لئے خاص ہے تو پھر

مَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ

جانور کا حرام ہونا عند الذبح کے ساتھ مشروط کرو یا عند الذبح کی قید کے بغیر عام رکھو تو یہ حکم جب اسی آیت سے نکلتا ہے تو پھر شیخ سدّو[2] کا بکرا کیسے جائز ہوگا۔ اس صورت میں خدا کا نام ایک بار کیا سو بار یا ہزار بار بھی لیں گے تو وہ ایسا ہوگا جیسا کہ خنزیر[3] پر خدا کا نام لیکر ذبح کریں اور کھا جائیں یہاں سے ذبح کے وقت خدا کی یاد کا فائدہ تم نے معلوم کر لیا ہوگا کہ حلال کو حرام ہونے سے یاد خدا باز رکھتی ہے۔ نہ یہ کہ حرام کو حلال کر دیتی ہے۔ چنانچہ (آیت ذیل)

آج تمہارے لئے پاکیزہ چیزیں حلال کر دی گئیں

اس طرف بھی اشارہ کرتی ہے۔

---

[1] استطراد کے معنی بھاگنے کا بہانہ کر کے حملہ کرنے کے ہیں اور کلام میں خارج از بحث مضمون کی طرف جانے کو بھی استطراد کہتے ہیں۔ (منجد) اس جملے میں حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نے یہی معنی مراد لئے ہیں۔ مترجم

[2] شیخ سدو ہندوستان میں ایک بزرگ گذرے ہیں جن کی قبر پر ضعیف الاعتقاد مسلمان بکرے چڑھاتے ہیں اور اس بکرے کو نذر دیتے یا پرورش کرتے وقت اسی کے نامزد کرتے ہیں اور پھر انکی قبر پر چڑھاتے ہیں یا جہاں کہیں بھی ذبح کر کے کھلاتے ہیں وہ شیخ سدو کا بکرا ہی کہلاتا ہے۔ مترجم

[3] مولانا کا مطلب یہ ہے کہ چونکہ وہ بکرا غیر اللہ کے نام پر ہے لہذا وہ حرام ہے ایسا بکرا یا جانور جس میں غیر اللہ کی نذر کی نیت ہو وہ بسم اللہ کہکر ذبح کرنے سے حلال نہیں ہوتا جیسا کہ خنزیر یا اور کوئی حرام جانور کہ اگر اس کو بسم اللہ کہہ کر ذبح کیا جائے تو وہ حلال نہیں ہو سکتا۔ مترجم

تفصیل اجمال تفصیل ایں اجمال آنکہ اگر ذوق سلیم است ہمچو آفتاب روشن است کہ وصف طیبات از وصف حل بدلالت ایں آیت مقدم است و علت آں۔ وہمچنیں بدلالت آیت

قُلْ لَآ اَجِدُ فِيْمَآ اُوْحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۝ (قرآن کریم)

روشن است کہ وصف رجس از صفت حرمت مقدم است وعلت آں۔ و مے دانی کہ مکلفان مطیع بعد استماع ایں آیات اگر ذبح خواہند کرد اول طیب را از رجس خواہند شناخت۔ آں وقت کارد بنام خدا خواہند راند لہذا دریں صورت بضرورت معلوم شد کہ ایں وصف حل از ذبح و ذکر نام خدا مقدم است نہ موخر۔ تا از آثار ذبح بنام خدا شمردہ شود۔ نظر بریں کار ذبح بنام خدا بجز ایں چہ باشد کہ حلال را از حرام گردیدن باز دارد وطیب را از رجس گشتن نگاہدارد۔

وازیں جا دریافتہ باشی کہ حلال گویان متروک التسمیہ عمداً و سہواً یا فقط عمداً نیز دستاویزی بس عمدہ دارند واصلی بس محکم۔ ایں نیست کہ قول بے سروپا گفتہ اند۔ اگرچہ جواب آنچہ مخالف حنفیہ باشد بیشتر بشنیدہ۔

بالجملہ کار ذبح بنام خدا آنست کہ بشنیدی نہ آنکہ حرام را حلال گرداند ورنہ خنزیر وسگ نیز ببرکت ایں نام پاک حلال گشتندی۔

نظر بریں اول می باید دید کہ موجب حرمت در

اجمال کی تفصیل اس اجمال کی تفصیل کہ اگر ذوق سلیم ہے تو آفتاب کی طرح روشن ہے یعنی طیبات کا وصف، حلت کے وصف سے اس آیت (بالا) کی روشنی میں مقدم ہے اور اسکی علت ہے اور اسی طرح اس آئندہ آیت

کہدیجئے کسی کھانے والے پر جو وہ کھاتا ہے کوئی جانور جس کے بارے میں مجھ پر وحی بھیجی گئی میں حرام نہیں پاتا ہوں مگر مردہ جانور، بہنے والا خون یا خنزیر کا گوشت کہ وہ پلید ہے یا فسق جس پر غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو۔ (قرآن کریم)

اس آیت کی دلالت سے روشن ہے کہ گندگی کا وصف حرمت سے پہلے پایا جاتا ہے اور اس کی علت ہے اور تمہیں معلوم ہے کہ اطاعت گذار مکلف مسلمان ان آیتوں کو سننے کے بعد اگر ذبح کرینگے تو اول طیب اور پلید کو آپس میں پہچانینگے پھر خدا کے نام کیساتھ چھری چلائیں گے اس صورت میں ضروری طور پر معلوم ہوا کہ یہ حلت کا وصف ذبح اور خدا کے نام کے ذکر سے مقدم ہے نہ کہ موخر تاکہ خدا کے نام پر ذبح کے آثار سے شمار کیا جائے۔ اس پر نظر رکھتے ہوئے ذبح کا عمل خدا کے نام پر اس کے سوا اور کیا ہوگا کہ حلال کو حرام ہونے سے باز رکھے اور پاکیزہ کو پلید ہونے سے محفوظ رکھے۔

اور یہیں سے تم نے معلوم کر لیا ہوگا کہ جان کر یا بھول کر یا صرف عمداً متروک التسمیہ ذبیحے کو حلال کہنے والے بھی ایک بہت عمدہ سند اور ایک محکم اصل رکھتے ہیں۔ یہ نہیں ہے کہ انہوں نے بے سروپا بات کہی ہے اگرچہ حنفیہ مذہب کے خلاف کہنے والے کا جواب پہلے تم نے سن لیا ہے۔

بالجملہ ذبح کا کام بنام خدا یہ ہے جو تم نے سن لیا یہ نہیں کہ حرام کو حلال کر دے ورنہ خنزیر اور سگ بھی اس پاک نام کی برکت سے حلال ہو جاتے۔

اس کے پیش نظر دیکھنا چاہیئے کہ

مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ

چیست. اگر عدم ذکر نام خدا است قول محلان بظاہر راست باشد واگر ذکر نام غیر موجب حرمت است دعوئے محرمان صحیح و درست بود۔

موجب حرمت در مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ

چوں نظر بغور کردیم دانستیم کہ موجب حرمت در

مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ

ذکر نہ کردن نام خدا نیست ورنہ میتہ ونطیحہ ومتردیہ و ماکول السبع ہمہ دریں امر برابر اند از اصل ہمہ طیب اند اما نام خدا بطور معہود ذکر نہ کردہ شدہ. اگر فرق باشد ایں باشد کہ در میتہ وغیرہ نام خدا و فعل ذبح ہر دو مفقود اند۔ ودر

مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ

فقط نام خدا از دست رفتہ

بہر حال در فقدان علت کہ مجموعہ فعل ذبح و نام خدا است، در ہر دو جا کلام نیست. اندریں صورت چہ ضرور بود کہ

مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ

را قسمی علاحدہ گردانیدند. فقط

مَا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

کافی بود. ایں تطویل لاطائل دریں چنیں کلام معجز نظام نبایستی۔

وازیں ہم در گذشتیم لفظ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اگر فہم باشد بدستور سابق بریں قدر دلالت دارد کہ وصف فسق کہ دریں آیت بجانب مذبوح ماخوذ است، از صفت حرمت مقدم است و آں از فعل ذبح۔

مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ

میں حرمت کا موجب کیا ہے. اگر خدا کے نام کا ذکر نہ کرنا ہے تو حلال کہنے والوں کا قول بظاہر درست ہے اور اگر نام غیر خدا کا ذکر موجب حرمت ہے تو حرام کہنے والوں کا قول صحیح اور درست ہے۔

مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ میں موجب حرمت

جب ہم نے غور سے دیکھا تو جانا کہ

مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ

میں حرمت کا موجب خدا کے نام کا ذکر نہ کرنا نہیں ہے ورنہ مردار اور سینگ لگ کر مرا ہوا اور گر کر مرا ہوا اور درندے کا کھایا ہوا[ف] سب اس معاملے میں برابر ہیں کیونکہ اصل میں تو یہ سب طیب ہیں لیکن خدا کا نام معلوم طور پر ذکر نہیں کیا۔ اگر فرق ہے تو یہی ہے کہ مردار وغیرہ میں خدا کا نام اور فعل ذبح دونوں مفقود ہیں۔ اور

مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ

میں صرف خدا کا نام لینے سے رہ گیا ہے

بہر حال علت کے فقدان سے جو کہ فعل ذبح اور نام خدا کا مجموعہ ہے دونوں مقام میں کلام نہیں ہے۔ اس صورت میں کیا ضرور ہے کہ

مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ

کو علیحدہ کوئی قسم ٹھہرائیں۔

مَا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

کے الفاظ کافی تھے۔ اس جیسی بے فائدہ تطویل ایسے کلام معجز نظام میں نہیں چاہئے تھی۔

اور چلئے ہم اس سے بھی گذر گئے۔ لفظ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اگر سمجھ ہو تو بدستور سابق اتنی بات پر دلالت کرتا ہے کہ وصف فسق کہ اس آیت میں مذبوح کی جانب ماخوذ ہے وہ صفت حرمت سے مقدم ہے اور وہ ذبح کے فعل سے مقدم ہے۔

ف ماکول السبع سے مراد کتے کا کھایا ہوا جانور ہے۔ اگر تعلیم یافتہ کتے کو بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر شکار پر چھوڑا جائے اور وہ جانور کو پکڑ لے اور خود نہ کھائے اور جانور شکاری کے پہنچنے سے پہلے مر جائے تو اس کا کھانا جائز ہے۔ لیکن اگر کتے نے اس میں سے کھا لیا تو اس جانور کا کھانا جائز نہیں ہے۔ مترجم

وایں را ہم بگذارید۔ آیت

وَ اُحِلَّتْ لَکُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا یُتْلٰی عَلَیْکُمْ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ حُنَفَآءَ لِلّٰہِ غَیْرَ مُشْرِکِیْنَ بِہٖ

را اگر بنگرند۔ اہل فہم را دریں قدر تامل نمی ماند کہ فَاجْتَنِبُوْا تفریع است بر ما قبل۔ وحاصل ایں تفریع ایں است کہ ہمہ انعام باستثناء مَا یُتْلٰی از اصل حلال طیب اند۔ رجس اوثان آں را حرام گردانید۔ ورجس اوثان را مے دانی کہ ہمیں شرک است کہ مقرش دل بود نہ زبان و محلش جان بود نہ لسان۔

واگر بالفرض رجس اوثان ہمیں ذکر نام غیر است کہ وقت ذبح باشد آں نیز بوجہ دلالت بر معنی شرک است نہ من حیث اللفظ۔ اگر نعوذ باللہ لات وعزیٰ نام خدا بودی و نعوذ باللہ نام بتی آنچہ بسم اللہ مے کند بسم اللات مے کرد وآنچہ بسم اللات والعزیٰ مے کند بسم اللہ میکرد وایں مضمونی است کہ انکارش بجز احمقاں از دیگراں توقع ندارم۔ اندریں صورت موصوف بالذات بوصف تحریم معنی بود نہ لفظ۔ آری چنانکہ بتاثیر خشوع وخضوع قیام وقعود و رکوع وسجود عبادت مے گردد ہمچنیں بسم اللہ باقتران معنی محلل۔ وبسم اللات والعزیٰ باقتران معنی محرم مے گردد

غرض چنانکہ وصف طاعت در افعال نماز بالعرض عارض میگردد وتنہا افعال مخصوصہ چناں کہ در نماز منافقاں باشد طاعت نیست بلکہ چناں کہ نور بر زمین وقت طلوع آفتاب عارض مے گردد وموصوف بالذات وفاعل تنویر آفتاب است ہمچنیں موصوف بالذات بوصف تحلیل ہماں نیت ومعنی

اور اسکو بھی جانے دیجئے آیت (ذیل)

حلال کئے گئے تمہارے لئے چوپائے مگر وہ جو تمہیں بتلائے جاتے ہیں سو بچو بتوں کی طرف سے پلیدی سے اور جھوٹے قول سے بچو۔ اللہ کے دین کی طرف جھکتے ہوئے اس کے ساتھ شریک نہ ٹھہراتے ہوئے

کو اگر دیکھیں تو اہل فہم کو اتنی بات میں تامل نہیں ہو سکتا ہے کہ فَاجْتَنِبُوْا ماقبل پر متفرع ہے اور اس تفریع کا حاصل یہ ہے کہ تمام چوپائے مَا یُتْلٰی کے سوا اصل سے حلال اور طیب ہیں بتوں کی پلیدی نے ان کو حرام کر دیا۔ اور رجس اوثان کو تم جانتے ہو کہ یہی تو شرک ہے کہ اس کی جائے قرار دل ہوتا ہے نہ کہ زبان اور اس کا محل جان ہوتی ہے نہ کہ لسان۔

اور اگر بالفرض رجس اوثان یہی غیر نام خدا کا ذکر ہو جو کہ ذبح کے وقت ہوتا ہے تو وہ بھی معنی پر دلالت کی وجہ سے شرک ہے نہ کہ لفظ کی حیثیت سے۔ اگر نعوذ باللہ خدا کا نام لات وعزیٰ ہوتا اور نعوذ باللہ اللہ کسی بت کا نام ہوتا تو پھر بسم اللہ جو کام کرتی ہے بسم اللات کرتا اور جو کام بسم اللات والعزیٰ کرتا ہے بسم اللہ کرتی۔ اور یہ ایک ایسا مضمون ہے کہ اس کے انکار کی بیوقوفوں کے سوا اور کسی سے میں توقع نہیں رکھتا۔ اس صورت میں وصف تحریم کے ساتھ موصوف بالذات معنی ہیں نہ کہ لفظ۔ ہاں جیسا کہ خشوع وخضوع کے اثر سے قیام وقعود اور رکوع وسجود اطاعت ہو جاتے ہیں اسی طرح بسم اللہ معنی کے اقتران سے محلل ہوتی ہے اور بسم اللات والعزیٰ معنی کے اقتران کی وجہ سے محرم (حرام بنانے والی) بن جاتی ہے۔

غرض جیسا کہ بندگی کا وصف نماز کے ارکان میں بالعرض عارض ہوتا ہے اور تنہا افعال مخصوصہ جیسا کہ منافقوں کی نماز میں ہوتے ہیں طاعت نہیں ہے بلکہ جیسا کہ آفتاب کے نکلنے کے وقت دھوپ زمین پر عارضی طور پر پھیلتی ہے اور موصوف بالذات اور دھوپ کا فاعل آفتاب ہے اسی طرح موصوف بالذات بوصف تحلیل

است کہ تقرب محض است وطاعت بحت الفاظ
دریں بارہ موصوف بالعرض اند نہ آنکہ اصل تحلیل وتحریم کار
الفاظ است ومعانی ازیں قضیہ خبر ندارند۔ باقی ضرورت
الفاظ در کلام سابق دریافتی۔ خصوصاً درحق دیگران کہ سبیل
اطلاع اوشاں برمعنی مکنون خاطر ذابح جز استماع الفاظ
ہیچ نیست۔

تقدم نیت برفعل

اکنوں بشنوید کہ نیت را بر فعل تقدم ذاتی است وہم زمانی۔ آری

نیت سابق وفعل لاحق باہم چناں متصل باشند کہ زمان سابق
وزمان لاحق لیکن ازاں جاکہ فعل ونیت ہردو زمانی اند و
غیر قار الذات از اول تا آخر فعل کہ تجدد رُو دہد نیت ہم
متجدد ماند تا اقتران نیت بفعل وتقدم آں براں از
دست نرود۔

الغرض اجزاء متجددہ نیت از اجزاء متجددہ فعل ہم
سابق باشند وہم مقترن بود۔ للہذا تحقق نیت در زمان فعل
نیز لازم آید۔ پس ہرکہ جانورے راکہ نیت تقرب بدو الی
الغیر بود وذبح بنام خدا کردہ باشند حرام گفتہ نظرش
براصلیت نیت است دربارہ تحلیل وتحریم۔ وہرکہ قید
عند الذبح افزودہ نگاہش بر اتصال واقتران مذکور است
کہ بشنیدی۔ بہرحال زمان نیت وفعل متحد باشد یا مقدم
ومؤخر، اقتران زمانی کہ مفاد عند باشد از دست نمی
رود ودر صورت اتحاد زمانہ ہمچناں ظاہر است کہ خود اتحاد
زمانہ چناں چہ دریافتی ودر صورت تقدم وتاخر کہ اصل
اقتران واتحاد است نیز کم ازیں نیست۔ چہ مقارنت زمانی
مابین جزء سابق زمانہ وجزء لاحق آں چناں است کہ
گنجائش انکار بود۔ اندریں صورت مظروف جزء اول مظروف

وہی نیت اور معنی ہیں جو کہ تقرب محض ہیں اور طاعت مجرد۔ الفاظ
اس بارے میں موصوف بالعرض ہیں نہ یہ کہ اصل تحلیل وتحریم الفاظ کا
کام ہے اور معانی کو اس قضیے کی خبر نہیں ہے۔ باقی الفاظ کی ضرورت
تو وہ تمہیں پہلے بیان سے معلوم ہو چکی بالخصوص دوسروں کے حق میں
کہ انکی اطلاع کی ذبح کرنے والے کے دل کے اندر چھپے ہوئے معنی
پر الفاظ کے سننے بغیر اور کوئی صورت نہیں ہے۔

فعل سے پہلے نیت

اب سنئے کہ نیت کو فعل پر ذاتی تقدم ہوا کرتا ہے اور زمانی تقدم بھی۔

ہاں سابق نیت اور لاحق فعل آپس میں ایسے متصل ہوتے ہیں جیسا
کہ زمان سابق اور زمان لاحق متصل ہوتے ہیں لیکن چونکہ فعل اور نیت
دونوں زمانی اور غیر قار الذات ہیں اس لئے اول سے آخر تک فعل
کہ نت نیا ہوتا رہتا ہے نیت بھی متجدد رہتی ہے تاکہ نیت کا فعل سے
اتصال اور اس کا فعل پر تقدم ہاتھ سے جانے نہ پائے۔

غرض یہ کہ نیت کے متجددہ اجزاء فعل کے اجزائے متجددہ
سے بھی سابق ہوتے ہیں اور اسکے ساتھ ملے ہوئے بھی۔ للہذا نیت کا تحقق
فعل کے زمانے میں بھی لازم آتا ہے پس جو شخص کہ کسی جانور کو کہ اسکے
ذریعہ تقرب کی نیت غیر خدا کی طرف ہو اور اس کو خدا کے نام پر ذبح
کیا ہو حرام کہا ہے اس کی نظر تحلیل وتحریم کے بارے میں نیت کی
اصلیت پر ہے اور جس نے عند الذبح کی قید بڑھائی اسکی نگاہ مذکورہ
اتصال واقتران (نیت بالفعل) پر ہے جیسا کہ تم نے سن لیا۔ بہرحال
نیت اور فعل کا زمانہ متحد ہو یا مقدم ومؤخر اقتران زمانی جو کہ عند الذبح
کا مفاد ہے ہاتھ سے نہیں جاتا ہے اور اتحاد زمانہ کی صورت میں اسی
طرح ظاہر ہے جیسا کہ خود اتحاد زمانہ چنانچہ تمہیں معلوم ہو چکا ہے اور
تقدم وتاخر کی صورت میں بھی کہ اصل اتحاد اور اقتران ہے اس سے
کم نہیں ہے۔ کیونکہ زمانی مقارنت زمانے کے سابق اور اس کے لاحق
جز میں ایسی نہیں ہے کہ انکار کی گنجائش ہو۔ اس صورت میں جزء اول کا

جزء ثانی نیز باہم مقترن بود۔

باقی اند اینکہ درصورت تقدم وتاخر ہردو راعندالآخر مے تواں گفت یا فقط متاخر را عند المتقدم گویند ومتقدم راعند المتاخر نگویند این امر نہ قابل آں است کہ مرد عاقل راموجب تردد شود۔ چہ وقتیکہ بناء اطلاق عند برمقارنت شود آں درطرفین برابراست۔ دربارۂ اطلاق عند واضافت آں بیکی ازیں دو فرق کردن حکم بے جا است کہ سواء کم مہاں کار دگراں نیست۔

چوں ایں کلام بطول انجامید بازپس مے روم ومیگویم کہ باوجود ابتناء تحلیل وتحریم بر نیت وجہ افزائش عند الذبح یاآں بود کہ مقارنت بین النیۃ والفعل باشد واحتراز تبدل نیت بود یا آنکہ اشارہ بدستور آں زمانہ است نہ قید احترازی۔ اندریں صورت ایں قید زائد کہ از مفسران است ہمچو قیود مشعرہ بردستور یا حاجت باشد کہ در کلام ربانی یافتہ مے شوند۔ درسورۂ بقرہ فرماینہ

بالجملہ نیت را تا مال مملوک رسائی است وسخنی کہ ازاں نیت است دراں ساری میگردد وچوں نگردد کہ احکام و آثار ذاتی اضافت ہیچو اصل اضافت قیام بحاشیتین دارد۔ ازیں جہت ضرور است کہ آثار نیت متعلقہ باضافت بہر دو جانب سرایت کنند زیادہ ازیں اگر دریں بارہ قلم رانم دیگر ایں دفتر بطول انجامد باایں ہمہ در رسالہ کہ در بارہ ترا ذبح رقم زدہ ام ایں بحث را واشگاف نوشتہ ام اگر ہوسی باشد در انجا می باید دید۔

وجہ قید عند الذبح

اکنوں سخنی کہ گفتنی است ایں است کہ بتقریرات گذشتہ ہیچو روز روشن شد کہ معنی قید عند الذبح نہ آں است کہ محللان مَآ اُہِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ فہمیدہ اند بلکہ غرض ازیں قید احتراز ازاں است کہ اول بنسبت جانوری نیت بغیر اللہ کردہ بتوفیق یزدانی توبہ کردہ بازگردیدہ باشد کہ اندریں صورت آں جانور بعد ذبح حلال نخواہد شد و اثر نیت اولی اصلاً باقی نخواہد ماند یا غرض ازیں قید بیان واقع آں زمانہ است۔ چنانچہ قیود مندرجہ آیات مسطورہ الخ

وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ

وغیرہا نیز محض اشارہ بہمیں قسم دارند۔ چنانچہ پیشتر دانستہ باشی

مطابقت قول شاہ عبدالعزیز و دیگر مفسراں

و بریں تقریر ہر فہمیدہ و نافہمیدہ دانستہ باشد

تو جانور کا گوشت بابرکت اور مبارک ہو جائے گا جیسا کہ قربانیوں میں ہوتا ہے اور اگر نیت بری ہے تو اس جانور کے گوشت کو حرام کر دیتا ہے اور یہ صورت وہی ہے کہ ہم اس کی تحقیق کے پیچھے لگے ہوئے ہیں۔

بالجملہ نیت کو مملوکہ مال تک رسائی حاصل ہے جو وصف کہ نیت کی طرف سے ہے اس میں سرایت کر جاتا ہے اور کیوں سرایت نہ کرے کہ اضافت کے ذاتی آثار اور احکام اصل اضافت کی مانند دونوں جانبوں میں قیام رکھتے ہیں اس سبب سے ضروری ہے کہ اضافت سے تعلق رکھنے والی نیت کے آثار دونوں جانب سرایت کریں۔ اس سے زیادہ اگر اس بارے میں قلم چلاؤں تو پھر یہ دفتر طویل ہو جائے گا ان سب باتوں کے باوجود میں نے تراذبح کے متعلق رسالے میں جو میں نے لکھا ہے اس بحث کو صاف صاف لکھ دیا ہے اگر زیادہ خواہش ہے تو اس میں دیکھنا چاہیئے۔

عند الذبح کی قید کی وجہ

اب وہ بات جو کہنے کے قابل ہے یہ ہے کہ گذشتہ بیانات سے دن کی طرح یہ بات روشن ہو گئی کہ عند الذبح کی قید کے معنی وہ نہیں ہیں جو مَآ اُہِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کو حلال سمجھنے والوں نے سمجھے ہیں بلکہ اس قید سے غرض اس بات سے احتراز ہے کہ اول کسی جانور کے متعلق غیر خدا کی نیت کر کے خدا کی توفیق سے توبہ کر کے واپس لوٹ گیا ہو کیونکہ اس صورت میں وہ جانور ذبح کے بعد حلال ہو جائیگا اور پہلی نیت کا اثر بالکل باقی نہیں رہیگا۔ یا اس قید سے غرض اس زمانے کے واقعہ کا بیان ہے چنانچہ حسب ذیل آیات میں قیود یعنی

وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ

وغیرہا بھی محض اسی قسم کی طرف اشارہ رکھتی ہیں چنانچہ پہلے تمہیں معلوم ہو گیا ہو گا۔

مطابقت قول شاہ عبدالعزیز صاحب و دیگر مفسرین رحمہم اللہ علیہم

اور اس تقریر پر ہر سمجھدار اور ناسمجھ

که در قول حضرت شاه عبدالعزیز قدس الله اسراره و قول
مفسران دیگر هرگز تخالفی نیست. البته در بادی النظر مردمان
ساده لوح را مخالفت بنظر می آید و سرمایهٔ نزاع بهم میرسد
و یکی با دیگری دست و گریبان میگردند. و اگر بالفرض والتقدیر
چنانکه روز را شب گویند خصومت بیشتری جهت سخن خود برود
بحکم آنکه در مقدمات سابقه عرض کرده باشم که

يُعْرَفُ الرِّجَالُ بِالْمَقَالِ لَا الْمَقَالُ بِالرِّجَالِ

بلندی مقام علمی شاه عبدالعزیز

و تقدم و تاخر زمانی را در اعتبار علم و عدم آن
دخلی نیست. واجب است که اول در کلام جملهٔ مفسران نظر اندازند
و باز انصاف را پیش نظر داشته بفرمایند که شاه عبدالعزیز
قدس الله اسراره در فهم دقائق شرعیه و اغراض خداوندی
و مقاصد نبوی صلی الله علیه وسلم از کدام کس کم اند. اگر از ما
پرسند ما را درین قدر هرگز تامل نیست که شاه صاحب قدس الله
اسراره در فهم دقائق از اکثر پیشینیان گوی سبقت برده اند و میدانم
هر کرا عقل رسا داده اند اگر چشم بصیرت و دیدهٔ عقل خود
را از چرک حسد و کینه پاک کرده خواهد دید لاریب بر قول
احقر مهر خواهد کرد. البته کسانیکه ازین دولت محروم اند یا
سینه را بکینه آلوده اند همانسان روز را شب
خواهند گفت.

ذکر مکرر شاه عبدالعزیز

باز میگویم اگر علم و فهم شاه صاحب از دیگران زائد نیست بلکه مساوی
است یا کم تاهم چه حرج که هم پیشینیان گفته اند ؎

گاه باشد که کودک نادان
بغلط بر هدف زند تیرے

و هم احقر بآن مضمون اشاره کرده، اندرین صورت محاکمه
بین القولین و مناظره بین الدلیلین می باید کرد که

جان گیا ہوگا کہ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب قدس اللہ اسرارہ
اور دوسرے مفسرین کے قول کے درمیان ہرگز کوئی مخالفت نہیں ہے
البتہ ظاہر نظر میں سادہ لوح آدمیوں کو مخالفت نظر آتی ہے اور نزاع
کا سامان بہم پہنچتا ہے اور ایک دوسرے کیساتھ دست و گریباں ہوتے
ہیں اور اگر بالفرض والتقدیر جیسے دن کو رات کہنے لگیں تو جھگڑالو لوگ دلیل
کے بغیر اپنی ہی کہے جائینگے جیسا کہ سابقہ مقدمات میں میں نے عرض کیا ہے کہ
آدمی گفتگو سے پہچانے جاتے ہیں نہ گفتگو آدمیوں سے پہچانی جاتی ہے

شاہ عبدالعزیز کی علمی بلند مقامی

اور تقدم و تاخر زمانی کو علم اور عدم علم کے اعتبار
میں کوئی دخل نہیں ہے ضروری ہے کہ اول تمام مفسرین کے کلام پر
نظر ڈالیں اور پھر انصاف کو پیش نظر رکھتے ہوئے فرمائیں کہ شاہ
عبدالعزیز قدس اللہ اسرارہ شریعت کی باریک باتوں اور خداوندی
منشاؤں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مقاصد کو سمجھنے میں کس عالم
سے کم ہیں۔ اگر ہم سے پوچھیں تو ہم کو اتنی بات میں قطعاً تامل نہیں ہے
کہ شاہ صاحب قدس اللہ اسرارہ دقائق کے سمجھنے میں متقدمین میں اکثر اہل
ایمان علم سے آگے بڑھ گئے ہیں اور میں جانتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے
جس کسی کو عقل رسا عطا فرمائی ہے اگر اپنی چشم بصیرت اور عقل کی
آنکھ کو حسد اور کینے کے میل سے پاک کر کے دیکھے گا تو بلا شبہ احقر کے
قول پر مہر تصدیق لگا دیگا البتہ جو لوگ اس دولت سے محروم ہیں یا
سینے کو کینے سے آلودہ کئے ہوئے ہیں اسی طرح دن کو رات کہے جائینگے۔

شاہ عبدالعزیز کا ذکر مکرر

میں پھر کہتا ہوں کہ اگر شاہ صاحب کا علم اور فہم دوسرے علما سے
زیادہ نہیں ہے بلکہ برابر یا کم ہے تو بھی کیا مضائقہ کہ اگلے بزرگوں نے کہا ہے

کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک نادان بچہ
غلطی سے بھی نشانے پر تیر مار بیٹھتا ہے

اور احقر نے بھی اس مضمون کی طرف اشارہ کیا ہے اس صورت میں
دونوں اقوال (شاہ عبدالعزیز اور دیگر مفسرین) میں فیصلہ اور دونوں کی

یکے از مقدمات سابقہ فقط ہمیں غرض عرض کردہ بودم

وایں را ہم بگذارید ما می گوئیم

مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ

ہماں باشد کہ وقت ذبح نام غیر بر زبان برند و تشہیر سابق ونیت اولی را دریں باب ہیچ مدخلت نباشد مگر ما حصل ایں جملہ بجز ایں چہ باشد کہ ایں قسم را بطور اصطلاح شرعی منجملہ مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ نباید گفت۔ مگر ازیں قدر حلال نتواں گفت کہ ایں خیال آرزوی است محال آری اگر حرمت منحصر در مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ بودی چشم محلالاں خنک گردیدی و شائقین ذبیحہ شیخ سدو وغیرہ را در خوردن آں تردد پیش نیامدی۔ وقتیکہ اسباب حرمت کثیر باشند فقط ازیں قدر شاد نباید شد۔

باقی ماند اینکہ ازیں جا اناں اسباب کدام است البتہ ایں سخن گفتنی وشنیدنی است۔

سرمایۂ حرمت ایں قسم جانوراں

میگوئیم سرمایۂ حرمت ایں قسم جانوراں ہماں نیت غیر اللہ است ووجہ مداخلت آں دریں قضیہ از اوراق سابقہ بچو روز روشن گشت واینکہ در ذیل اسباب حرمت آں را ذکر نہ کردہ اند قابل آں نیست کہ بر بناء آں تردد باید کرد۔ غصب وسرقہ گوشت وجلالہ بودن جانور نیز در عداد اسباب حرمت مذکور نیست۔ اندریں صورت جرمیکہ بجانب شاہ صاحب قدس اللہ اسرارہ عائد خواہد شد ہمیں قدر خواہد بود کہ آنچہ از قسم مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ نبود در بحث مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ در آوردند و آنچہ ازیں قطار نبود دریں سلک کشیدند۔ مگر صدہا مباحث کہ استطرادًا در کلام مفسراں دیرینہ وہم دیگر مصنفاں

دلیلوں میں مناظرہ کرنا چاہیئے کہ سابقہ مقدمات میں سے ایک میں اسی غرض سے میں نے عرض کر دیا تھا۔

اور اس کو بھی چھوڑ دیں ہم کہتے ہیں

مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ

وہی ہوگا کہ ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام زبان سے لیں اور پہلی تشہیر اور پہلی نیت کو اس بارے میں کوئی دخل نہ ہو۔ مگر ان سب کا نتیجہ اسکے سوا کیا ہے کہ اس قسم کو منجملہ مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اصطلاح کے طور پر نہ کہنا چاہیئے۔ مگر اتنی بات سے حلال نہیں کہہ سکتے کیونکہ یہ خیال آرزوئے محال ہے ہاں اگر حرمت مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ میں منحصر ہوتی تو حلال کہنے والوں کی آنکھیں ٹھنڈی ہو جاتیں اور شیخ سدو وغیرہ کے ذبیحے کو یعنی اس کے کھانے میں کوئی تردد پیش نہ آتا جب حرمت کے اسباب بہت ہوں تو فقط اتنی بات سے خوش نہ ہو جانا چاہیئے۔

باقی رہی یہ بات کہ یہاں ان اسباب میں سے کونسا سبب ہے تو البتہ یہ بات کہنے اور سننے کے قابل ہے۔

اس قسم کے جانوروں کی حرمت کا سبب

میں کہتا ہوں کہ اس قسم کے جانوروں کی حرمت کا سبب غیر اللہ کی نیت ہے اور اس معاملے میں اس کی مداخلت کی وجہ گذشتہ اوراق میں دن کی طرح روشن ہو چکی ہے۔ رہی یہ بات کہ حرمت کے اسباب کے ذیل میں اس کا ذکر نہیں کیا ہے اس بات کے قابل نہیں ہے کہ اسکی بناء پر تردد کرنا چاہیئے۔ جانور کا غصب اور گوشت کی چوری اور جانور کا جلالہ (ناپاکی کھانے والا) ہونا مذکورہ حرمت کے اسباب کی گنتی میں نہیں ہے۔ اس صورت میں جو جرم کہ جناب شاہ صاحب قدس اللہ اسرارہ کے اوپر عائد ہوگا وہ اتنا ہی ہوگا کہ جو جانور مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کی قسم سے نہ تھا وہ مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کی بحث میں وہ لے آئے اور جو مسئلہ اس بحث میں نہ تھا وہ اس سلک میں انہوں نے پرو دیا مگر سینکڑوں مباحث

بادنیٰ مناسبت مذکور می شوند ہمہ از قسم جرائم معدود خواہند شد۔ تنہا شاہ صاحب را دریں جرم گرفتن کار انصاف نیست۔ با ایں ہمہ در تسمیہ باوصاف ہر جا اعتبار حال نمی باشد۔ گاہی زمانۂ ماضی را دریں باب قدوۂ خود می نمایند و وقتی زمانۂ استقبال را مطمح نظر می گردانند چنانچہ در مقدمات مسطورہ دانستہ۔ پس اگر شاہ صاحب بلحاظ زمانۂ گذشتہ ایں قسم را کہ ما در پے تحقیق آں ہستیم فقط باعتبار معنی لغوی و بلحاظ زمانۂ ماضی منجملہ مَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ شمردند اول گناہ نیست کہ ایں قدر شور بے جا از چار طرف برخاستہ مگر آنکہ آرزوی تبرک شیخ سدو ایں ہمہ جا بے جا گویانیدہ باشد اگر انیست مقام واگذاشت است کہ حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِي وَيُصِمُّ والمجنون مرفوع عنہ والقلم۔ واللہ اعلم۔

ضمنی طور پر پرانے مفسرین اور دوسرے مصنفین کے کلام میں ادنیٰ تعلق کی وجہ سے مذکور ہوتے ہیں وہ تمام جرائم کی قسم میں شمار کئے جائیں گے۔ اکیلے شاہ صاحب کو اس جرم میں پکڑ لینا انصاف کی بات نہیں ہے۔ ان سب کے باوجود وصفی اسماء میں ہر جگہ زمانۂ حال کا اعتبار نہیں ہوتا ہے کبھی گذشتہ زمانہ کو اس بارے میں پیش نظر رکھتے ہیں اور کسی وقت زمانۂ استقبال کو مطمح نظر بناتے ہیں چنانچہ مذکورہ مقدمات میں تم نے معلوم کر لیا ہے۔ پس اگر شاہ صاحب نے زمانۂ گذشتہ کے لحاظ سے اس قسم کو کہ ہم جس کی تحقیق کے پیچھے لگے ہوئے ہیں فقط لغوی معنی کے اعتبار سے اور زمانۂ ماضی کے لحاظ سے منجملہ مَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ شمار کیا تو یہ اول گناہ نہیں ہے کہ اس قدر بے جا شور چاروں طرف سے اٹھ کھڑا ہوا مگر یہ بات ہوگی کہ شیخ سدو کے تبرک کی آرزو نے یہ سب بے جا اور بے جا باتیں کہلائی ہوں گی۔ اگر یہ ہے تو درگذر کا مقام ہے کیونکہ تمہارا کسی چیز سے محبت کرنا تمہیں اندھا اور بہرا بنا دیتا ہے اور مجنون اس قابل ہوتا ہے کہ اس پر کچھ نہ لکھا جائے۔ واللہ اعلم

نوٹ:۔ اس مکتوب کا ترجمہ ۲۸ ذیقعدہ ۱۳۸۸ھ مطابق ۱۶ فروری ۱۹۶۹ء بروز اتوار شروع کیا گیا اور بحمد اللہ ۱۵ ذوالحجہ ۱۳۸۸ھ مطابق ۴ مارچ ۱۹۶۹ء کو بوقت عشاء ۸ بجے ختم ہوا۔ مترجم

خلاصہ مکتوب ہفتم

و

تعارف مکتوب الیہ مولانا احمد حسن صاحب امروہوی

حضرت مولانا احمد حسن صاحب امروہوی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت حجۃ الاسلام نوراللہ مرقدہٗ کے عزیز ترین شاگرد تھے شکل وصورت اور تقریر میں ہوبہو مولانا محمد قاسم صاحب نظر آتے تھے۔ اسی لئے عام طور پر معاصرین ان کو مثیل قاسمی کہتے تھے۔ "تذکرۃ الکرام" کے مصنف نے مولانا احمد حسن صاحب کا ذکر حسب ذیل الفاظ میں کیا ہے۔

پیدائش اور باپ دادا کا نام

"علامہ زماں، افتخار زمانیاں، استاذ الاساتذہ، افضل الفضلاء، امام المحدثین، ذہین فطین، خوشرو، خوش خو، خوش تقریر، صاحب وجاہت و بزرگ عہد تھے۔ شاہ ابوالقاسم بن حضرت شاہ ابن بدر چشتی کے پوتے، پیر اکبر حسین کے بیٹے ۱۲۶۷ھ میں ولادت ہوئی۔

وطن امروہہ اور سادات حسینی

آپ امروہہ ضلع مراد آباد میں حسینی سادات کے خاندان سے تعلق رکھتے تھے، اسی لئے مولانا محمد قاسم صاحب ان کو میر صاحب کہکر پکارا کرتے۔

ابتدائی تعلیم

آپ نے ابتدائی تعلیم اور عربی و فارسی کی ابتدائی اور درمیانی کتابیں اپنے وطن امروہہ کے اعلیٰ اساتذہ مولانا رافت علی صاحب، مولانا کریم بخش صاحب بخشی اور مولانا محمد حسین صاحب جعفری سے پڑھیں مولانا رافت علی شیعوں کے مقابلے میں سنیوں کے بہت بڑے مناظر تھے اور انہوں نے شیعوں کے رد میں کئی کتابیں لکھی تھیں جن میں سے اکثر طبع ہوکر شائع ہوچکی تھیں۔ دوسرے استاد مولانا کریم بخش صاحب مولانا قاری امام الدین بخشی امروہی خلیفہ شاہ غلام علی دہلوی و استاذ قاری عبدالرحمٰن صاحب پانی پتی کے صاحبزادے تھے۔ ان اساتذہ کے علاوہ امروہہ کے ماہر اور حاذق طبیب حکیم امجد علی صاحب صاحب سے آپ نے طب کی تعلیم حاصل کی۔

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب سے تلمذ

امروہہ سے آپ حجۃ الاسلام مولانا محمد قاسم صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے اور جہاں جہاں نانوتہ، میرٹھ، دیوبند میں حضرت الاستاذ قیام کرتے وہیں مولانا احمد حسن بھی ساتھ ہوتے۔ فیض صحبت قاسمی اور تعلیم قاسمی نے شاگرد کو کندن کردیا اور اس شفقت اور محبت سے پڑھایا جو پہلے زمانے کے اساتذہ کا دستور

تھا۔ الغرض مولانا امروہوی کامل ہو کر نکلے اور استاد کی زندگی میں ہی درس و تدریس کا کام شروع کر دیا۔ آپ کی تعلیم کے حصول کا دور تقریباً ۱۸۶۷ء سے ۱۸۷۵ء تک معلوم ہوتا ہے۔ یا یوں سمجھیے کہ دار العلوم دیوبند کی بنیاد ۱۲۸۳ھ سے ۱۲۹۳ھ تک کے درمیانی عرصے کا دور ہے۔

بیعت پہلے اپنے استاذ محترم مولانا محمد قاسمؒ صاحب سے بیعت کی اور آپ کی وفات کے بعد حاجی امداد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے روحانی فیوض و برکات حاصل کیے۔

ملازمت تعلیم کے حصول کے بعد آپ نے خورجہ ضلع بلند شہر کے عربی مدرسے میں سب سے پہلے ملازمت کی جسکی بنیاد حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نے رکھی تھی۔ یہاں آپ صدر مدرس رہے۔ بعد ازاں گلاوٹھی سنبھل اور پھر دہلی کے مدارس میں صدر مدرس رہے۔ دہلی کا مدرسہ جس میں ملازم رہے مدرسہ عبد الرب تھا جیسا کہ امیر الروایات سے واضح ہے۔ مولانا خلیل الرحمٰن صاحب کو جو سند اپنے قلم سے لکھ کر دی ہے اس کے الفاظ یہ ہیں۔

"کتبہ وحررہ احقر الزمن احمد حسن حسینی عفی عنہ فی المدرسۃ العربیۃ الواقعۃ فی الدھلی"

اسی زمانے میں حضرت مولانا محمد قاسم صاحب یعنی ۱۲۹۲ھ میں دہلی میں منشی ممتاز علی صاحب کے مطبع مجتبائی میں کام کرتے تھے مولانا فخر الحسن صاحب بھی مدرسہ عبد الرب میں ملازم رہے ہیں۔

مدرسہ شاہی مراد آباد خورجہ، سنبھل، دہلی کے مدارس کے بعد مولانا احمد حسن صاحب مدرسہ شاہی مراد آباد میں جو مدرسۃ الغربا کے نام سے نامزد تھا بحیثیت صدر مدرس ملازم ہوئے۔ یہ مدرسہ صفر ۱۲۹۶ھ میں مولانا محمد قاسم صاحب کے ایماء سے قائم کیا گیا تھا۔ رمضان ۱۳۰۳ھ تک اس مدرسے سے تعلق رہا۔ اسی عربی مدرسے کے شاگردوں میں مولانا حافظ عبد الرحمٰن صاحب صدیقی امروہوی محشی بیضاوی، قطب الوقت مولانا حافظ عبد الغنی صاحب پھلاودی ضلع میرٹھ، مولانا محمد یحییٰ صاحب شاہجہانپوری (مرتب افادات احمدیہ قلمی)۔ مولانا محمود حسن صاحب سہسوانی، مولانا عبد الحق صاحب ساکن پیلی بھیت قاضی عبد الباری صاحب ساکن گڑھ مکتیسر اور مولانا خادم حسین صاحب امروہوی خاص خاص شاگرد ہو کر نکلے۔ ۱۳۰۳ھ میں سات سال کی ملازمت کے بعد وہاں سے مستعفی ہو گئے۔

مدرسہ عربیہ جامع مسجد امروہہ یہ مدرسہ اور بہت سے مدارس عربیہ ہندوستان میں قاسم العلومؒ کے جاری کردہ ہیں۔ مولانا احمد حسن صاحب نے مراد آباد سے آکر پھر اسکو ترقی دی۔ مدرسے کے لئے تعمیرات کا بھی اضافہ کیا مسجد کے مشرق میں دار الحدیث اور آس پاس کئی درسگاہیں بنوائیں جہاں آپ تفسیر و حدیث، فقہ اور دیگر مضامین پڑھاتے تھے وہاں طلبہ کی تعلیم بھی دیتے تھے۔

مولانا احمد حسن صاحب دار العلوم دیوبند میں مدرس کی حیثیت میں جس زمانے میں امروہہ کے مدرسے کی ترقی میں آپ مصروف تھے تو ابتدائے مدرسہ کے چند سال بعد دار العلوم دیوبند کی مجلس شوریٰ نے آپ کو دیوبند بلا لیا۔ لیکن ابھی آپ کو دار العلوم دیوبند پڑھاتے ہوئے دو ماہ گذرے تھے کہ اہل امروہہ دیوبند آئے اور ان کو واپس لے گئے اور انکے واپس جانے کی ارکان مجلس دیوبند نے بخوشی اجازت دیدی۔ یہاں واپس ہو کر مولانا پھر

کہیں ملازمت کے سلسلے میں نہیں گئے۔ آخر جو سب کا انجام ہوتا ہے مولانا کا بھی ہوا اور ۲۹ ربیع الاول ۱۳۳۰ھ مطابق ۹ مارچ ۱۹۱۲ء کی رات میں عشا کی نماز کے بعد آپ کا انتقال ہوگیا۔ جناب مولانا حافظ محمد احمد صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ نے نماز جنازہ پڑھائی جو ان دنوں اتفاق سے امروہہ گئے ہوئے تھے اور جامع مسجد امروہہ کے صحن کے جنوبی گوشے میں دفن کر دیئے گئے انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مزید حالات ہماری کتاب انوار قاسمی جلد اول میں پڑھیے۔

مولانا احمد حسن کی تقریریں ہندوستان کے گوشے گوشے میں ہوئیں۔ ہندوستان کے خاص مقررین میں حضرت شاہ محمد اسمٰعیل صاحب شہید، حضرت مولانا محمد قاسم صاحب، حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی شمار ہوتے ہیں۔ انہی خواص میں مولانا احمد حسن صاحب بہترین مقرر تھے اور بعد ازاں حلقۂ دار العلوم دیوبند میں ایک خاتم المقررین علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی گذرے ہیں اور پھر مولانا محمد طیب صاحب ہیں اور مولانا حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی اور ان سے پہلے مولانا مظہر الدین شیرکوٹی ایڈیٹر الامان و وحدت دہلی فاضل دیوبند بہترین مقرر تھے۔

مولانا احمد حسن صاحب علوم عقلیہ اور نقلیہ دونوں میں ید طولیٰ رکھتے تھے اور حق یہ ہے کہ اپنے زمانے کے اعلیٰ اور ارفع علماء میں ست تھے۔ مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی نے انکی وفات پر جو مضمون تحریر فرمایا اور جو القاسم ربیع الثانی ۱۳۳۰ھ میں شائع ہوا لکھتے ہیں :-

"مولانا احمد حسن صاحب کی تقریر، تحریر، ذہانت، تبحر، اخلاق اور علوم عقلیہ اور نقلیہ میں کامل دستگاہ ضرب المثل تھی اور سب سے زیادہ قابل قدر اور ممتاز کمال مولانا کا یہ تھا کہ حضرت قاسم العلوم والخیرات کے دقیق اور غامض علوم کو ان ہی کے لب ولہجہ اور طرز ادا میں نہایت صفائی اور سلامت کے ساتھ بیان فرماتے تھے۔"

مولانا نے ۱۹۱۱ء میں موتمر الانصار مراد آباد کے اجلاسوں کی صدارت فرمائی اور ایک خطبہ صدارت بھی لکھا اور ایک زبردست وعظ بھی بیان فرمایا۔ اس کے بعد دنیا سے رخصت ہوگئے اور میرٹھ کی موتمر الانصار کے جلسے میں جو کہ دار العلوم دیوبند میں مولانا عبید اللہ سندھی کی کوشش سے قائم ہوئی تھی شرکت نہ فرما سکے۔ ؎

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

آئندہ کا مکتوب حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نے انہی کے جواب میں تحریر فرمایا ہے۔ مولانا احمد حسن صاحب نے ہندوستان میں مسلمانوں کو سود لینے کے بارے میں مولانا سے اس لئے دریافت کیا تھا کہ آیا ہندوستان جبکہ غیر مسلم انگریزوں کے زیر نگیں ہے تو کیا یہ دار الحرب ہے اور کیا دار الحرب کے ہوتے ہوئے مسلمان اگر سود لیں تو جائز ہے یا نہیں؟

خلاصہ مکتوب قاسمی

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے جس تحقیق سے اس مسئلے کا جواب دیا ہے یہ حقیقت میں انہی کا کام تھا۔ مکتوب میں آپ دیکھیں گے کہ مولانا نے ایک مجتہد اور فقیہ کی حیثیت سے قلم اٹھایا ہے اور مسئلے کے کسی پہلو کو تشنہ نہیں چھوڑا۔

بلکہ ائمہ مجتہدین کے اجتہادات پر بھی کہیں کہیں آپ کو محاکمانہ انداز نظر آئے گا اور بعض حالات میں کسی خاص امام کے قول کو ترجیح دینا انکے اپنے منفردانہ رنگ کی غمازی کرتا نظر آتا ہے۔

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب علیہ الرحمۃ تحریر فرماتے ہیں کہ ہندوستان اگر دار الحرب ہو تو جب تک دار الحرب سے سود لیکر دار الاسلام کو ہجرت نہ کر جائیں اس وقت تک یہ سود کا روپیہ ملکیت میں نہیں آتا اور نہ اس کا دار الحرب میں رہتے ہوئے کھانا حلال ہی ہے۔ اسی طرح اگر کفار دار الاسلام میں سے مسلمانوں کا مال چھین کر دار الکفر میں لے جائیں تو اب انکا قبضہ مکمل ہو جائے گا۔ لیکن جب تک مسلمانوں کا مال کفار کے قبضے میں دار الاسلام کے اندر موجود رہے اس کا حکم غصب کا حکم ہے ان اموال کو کفار سے دار الاسلام ہی میں واپس لینے کی قوی امید کی جا سکتی ہے۔ الغرض جس طرح دار الاسلام میں رہتے ہوئے اموال مسلمین کو کفار چھین لیں تو وہ کلیہ قبضہ نہیں سمجھا جاتا اسی طرح دار الحرب میں مسلمان اگر حربی سے سود لیں تو اس پر اس وقت تک مکمل قبضہ نہیں ہوگا جب تک دار الاسلام کو ہجرت نہ کر جائیں۔

یہ لکھ کر مولانا لکھتے ہیں۔ اس طرح مال پر ملکیت ہو جانے کے بعد اموال کی پاکیزگی کا مسئلہ دوسرا ہے۔ یعنی جس طرح شراب اور خنزیر کو بیع کے ذریعہ حاصل کرنا چاہیں تو مسلمان کے لئے یہ بیع باطل ہے اسی طرح سود اور جوئے اور چوری اور غصب کا مال مسلمان کے لئے حرام ہے۔ بعد ازاں مولانا لکھتے ہیں:۔

اگر کوئی مسلمان امان طلب کر کے دار الحرب میں پہنچ گیا یا حکومت دار الحرب کی ذمہ داری پر دار الحرب میں ہی مقیم ہو گیا اور کسی کافر یا دار الحرب کے کسی مسلمان سے سود یا جوئے کا معاملہ کیا تو ان سے بیع وشرا کی مانند ملک انصاف کے لئے وہ سود یا قمار کا معاملہ مفید نہ ہوگا اس سبب سے ضروری طور پر کفار کی ملک رہے گا کیوں کہ یہ ملک ان کا ملک ہے اور قبض کلی ان کا قبض کلی ہے تو جب تک مذکور مسلمان دار الحرب میں ہے تو حنفیہ کے اصول کے کے مطابق سود اور جوئے کے مال کا مالک نہ ہوگا جو اس نے ان ذرائع سے حاصل کیا ہے ہاں جب دار الحرب سے سود اور جوئے کے مالوں کو باہر لے آیا اور دار الاسلام میں آگیا تو غلبۂ اقتدار اور نئے قبضے کی وجہ سے اس مال کا مالک ہو گیا اور یہ قول کہ لا ربوٰ بین المسلم والحربی یعنی مسلمان اور حربی میں سود نہیں ہے مدلل ہو گیا...... لیکن جو شخص اس دیار (ہندوستان) کی آب وہوا سے دل لگائے ہوئے ہے (یعنی ہندوستان میں رہتا ہے)...... اس کی نظر میں (اگر ہندوستان) دار الحرب بھی ہو پھر بھی اس قسم کے (سود کے) مال کا حلال سمجھنا اس کی خام خیالی ہے...... بالفرض اگر ہندوستان میں سود کے مال سے فائدہ حاصل کرنا جائز بھی ہو تو یہ جواز اس کے عدم جواز سے بدتر ہوگا۔

آگے چل کر مولانا محمد قاسم صاحب تحریر فرماتے ہیں:۔

میرے عزیز کسی چیز کی اباحت معصیت کے اٹھ جانے کو لازم نہیں آتی...... چونکہ صاحب شریعت کا مقصد گناہ سے پرہیز اور طاعت کی طرف متوجہ کرنے کے سوا اور کچھ نہیں ہے اس لئے گناہوں سے بچنے اور طاعتوں کی تکمیل کی کوشش کرنی چاہئے اور اباحت اور غیر اباحت کو نہیں دیکھنا چاہئے۔ جو اباحت لوگوں کے اصرار اور عدم آگہی

کی وجہ سے ہو جیسا کہ لہسن، مسور، پیاز کی اباحت میں آپ نے سنا تو اس اباحت کو کم ہمتوں کے بارے میں خدا کے غضب اور نافرمانی پر مبنی سمجھنا چاہیئے اور اس سے پرہیز کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔
اگر فرض کرلو دار الحرب میں سود کے مال سے فائدہ حاصل کرنا حلال بھی ہو تو اس کو بالکل معصیت خیال کرنا چاہیئے۔ اس اباحت کا مطلب وہی ہجرت کر جانا ہے۔"

پھر حضرت مولانا محمد قاسم صاحب مستند فقہا کے حوالے سے یہ لکھتے ہیں کہ دار الاسلام اس وقت تک دار الحرب نہیں بنتا۔ جب تک وہ تمام صورتیں باطل نہ ہو جائیں جن سے دار الاسلام دار الاسلام رہتا ہے بلکہ دار اسلام اس وقت تک رہتا ہے جب تک کہ اسلام کے علائق میں سے کوئی تعلق باقی رہتا ہے یہی مرجح ہے بلکہ دار الحرب کے اگر بعض قرائن ختم ہو جائیں کہ اس میں مسلمانوں کے احکام جاری ہوتے ہیں تو دار الحرب دار الاسلام بن جائے گا۔

ان فقہا کے اقوال سے صرف اتنی بات ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ دار الاسلام کب تک دار الاسلام رہتا ہے اور یہ کہ دار الحرب کب دار الاسلام بن جاتا ہے۔ مقصد صرف یہ ہے کہ اسلام کے احکام کے اجزاء کے باعث کوئی ملک دار الاسلام رہتا ہے لیکن کیا ہندوستان میں اسلام کے حکم برطانیہ کے زمانے میں رائج تھے اگر نہیں تو یہ پھر ہندوستان کیا ہے اس کے متعلق مولانا آخر میں تحریر فرماتے ہیں۔

ہندوستان مولانا محمد قاسم کی نظروں میں دار الحرب تھا

مطلب کا خلاصہ یہ ہے کہ اول تو ہندوستان کے دار الحرب ہونے میں شبہ ہے جیسا کہ منقولہ روایات سے آپ کو معلوم ہو گیا اگرچہ اس ناچیز کے نزدیک راجح یہی ہے کہ ہندوستان دار الحرب ہے۔ دوسرے مسلمان پناہ گزیں کو دار الحرب کے رہنے والے سے اور وہاں کے مقیم مسلمان سے دار الحرب میں سود لینے کے جواز میں اختلاف ہے اور وہ بھی ایسا اختلاف کہ تمام امت ایک طرف ہے اور تنہا امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ ایک طرف۔

مکتوب ہفتم

در بیان عدم جواز گرفتن سود مسلماناں را در ہندوستان و ہم در

ہندوستان میں مسلمانوں کو سود لینے کے ناجائز ہونے پر اور نیز راہن

بیان عدم جواز آمدنی اراضی مرہونہ وغیرہ

رکھی گئی زمینوں کی آمدنی کے ناجائز ہونے کے بیان میں

(بنام مولانا سید احمد حسن صاحب امروہوی تلمیذ قاسمی رحمہما اللہ علیہما)

ساتواں مکتوب

کہ اصل مکتوبات کی کتاب میں آٹھواں ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کمترین بی تمیزاں بخدمت عزیز عزیزاں مولوی سید احمد حسن صاحب زاد اللہ عمرہ وقدرہ

سلام مسنون بجا آوردہ گذارش پیرا است۔ دو رقیمہ آں عزیز باستدعاء تحقیق جواز و عدم جواز اخذ ربا مستامنان اہل اسلام را از دار حرب رسیدہ سرمایۂ کامرانیہا گردیدند۔ مگر ایں مسئلہ را دیدم کہ از اعظم مسائل عظیمہ و اہم مہمات دینیہ است تا ختم

بے تمیزوں میں سب سے زیادہ بے تمیز عزیزوں میں سے ایک عزیز مولوی سید احمد حسن صاحب زاد اللہ عمرہ وقدرہ۔

سلام مسنون بجا لا کر عرض پرداز ہے۔ آں عزیز کے دو خط مستامنین[1] اہل اسلام کو دار حرب سے سود لینے کے جواز اور عدم جواز کے متعلق پہنچکر کامرانیوں کا سرمایہ بنے۔ مگر میں نے اس مسئلہ کو دیکھا کہ عظیم الشان مسائل میں سے زیادہ عظیم اور

---

[1] مستامن وہ شخص کہلاتا ہے جو کفار کی حکومت میں قیام کے لئے ان سے امن طلب کرکے رہے۔ مترجم

در گره کشائی اینچنیں ابحاث پوچ است۔ آنانکه شبہا و دراز بدود چراغ چشم را سرمه سا کرده اند۔ بمطالعہ کتب فقہ زانوے ادب (تہ) نکرده عمر دراز بسر آوردند اگر درین چنیں مضامین لب بجنبانند زیبا است که این کار کار او شان است۔ من نابکار را درین کارہا سر فرود آوردن نشاید که ہر کاری ہر مردی۔ تاہنوز عبور بر مسائل ضروریہ ہم میسر نیست تا تحقیق اینچنیں مسائل که درین قدر عمر رفته یکروز ہم ضرورت تفتیش آن نیفتاده چہ رسد۔ مگر خاطر عزیزاں عزیز است۔ آنچہ بصفحہ خاطرم می نگارند من درین صفحہ میگذارم مگر اول سخنی چند قابل گذارش میدارم بشنو۔

دینی جہات میں سے ایک اہم معاملہ ہے۔ میرا ناخن تدبیر اس جیسی بحثوں میں گرہ کشائی سے عاجز ہے۔ جن لوگوں نے لمبی لمبی راتوں میں چراغ کے سامنے آنکھوں کو تپایا ہے اور فقہ کی کتابوں کے مطالعہ کرتے وقت زانوئے ادب کو نہ موڑ کر عمر دراز بسر کی ہے اگر ان جیسے مضامین میں لب ہلائیں تو زیبا ہے کہ یہ کام انہی کا کام ہے۔ مجھ جیسے ناکارہ کو ان کاموں میں غور کرنا لائق نہیں ہے کیونکہ ہر آدمی کا جدا کام ہوتا ہے۔ ابھی تک ضروری مسائل پر بھی عبور میسر نہیں ہے۔ کجا ان جیسے مسائل کی، کہ اتنی عمر گذر گئی ایک دن بھی تفتیش کی ضرورت نہیں پڑی تحقیق کہاں سے ہوتی لیکن عزیزوں کی خاطرداری مقصود ہے۔ اس لئے جو کچھ غیبی اشارے میرے دل پر لکھتے ہیں وہ میں ان صفحات میں لکھ چھوڑتا ہوں مگر اول چند باتیں قابل گذارش ہیں سُن لیجئے۔

اینکه علت حدوث و بقاء ملک قبض است

اول اینکه علت حدوث و بقاء ملک قبض است نه غیر که علت ہمیں یک باشد۔ وآنچہ بیع و شراء و اجاره و ہبہ و وصیت و میراث را از موجبات ملک شنیده باشی بنائش برہمیں است که باین اسباب استحقاق قبض ہم میرسد و ہمیں است که بر بایع تسلیم و قبض دادن واجب آمد و مشتری را بیع قبل القبض ممنوع گشت و ہبہ قبل القبض ناتمام ماند۔ وآنکه وصیت و میراث را قبل القبض مفید ملک مے بینی از مسامحات نظر سرسری است۔ در بیع و ہبہ قبضہ بایع و واہب قبل تسلیم موجود است و ہم خود موجود تا وقتیکه خود بدو نسپارد نتوان گفت که مشتری و موہوب له قابض و متصرف شدند۔

پہلا مقدمہ یہ کہ علت حدوث و بقاء ملک قبضہ ہے

اول یہ کہ ملک کے باقی رہنے اور حدوث کی علت قبضہ ہے نہ اور کچھ کہ علت صرف یہی ایک ہے رہا بیع وشراء، اجارہ اور ہبہ اور وصیت و میراث کو ملک کے اسباب میں سے تم نے سنا ہی ہے انکی بنیاد بھی اسی قبضے پر ہے کہ ان اسباب کی وجہ سے قبضے کا استحقاق حاصل ہوتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ بیچنے والے پر بیچی گئی چیز کا سپرد کرنا اور قبضہ دینا ضروری ہوا اور خریدار کو قبضے سے پہلے کسی چیز کا بیچنا ممنوع ہوا اور ہبہ بھی قبضہ سے پہلے ممکن نہیں اور یہ بات کہ وصیت اور میراث کو قبضے سے پہلے ملک کیلئے مفید پاتے ہو تو یہ سرسری نظر کی بھول ہے۔ بیع اور ہبہ میں بائع اور ہبہ کرنے والے کا قبضہ سپرد کر دینے سے پہلے موجود ہے اور خود بھی موجود۔ جب تک خود اس کو حوالے نہ کرے نہیں کہا جاسکتا کہ خریدار اور جس کو کوئی چیز ہبہ کی گئی ہے وہ اس پر قابض اور متصرف ہو گئے۔

بالجملہ انقطاع قبض بایع و واہب و قیام قبض مشتری و موہوب له بی تسلیم بایع و واہب صورت نه بندد و در میراث و

بالجملہ بیچنے والے اور ہبہ کرنے والے کے قبضے کا اٹھ جانا اور خریدار اور جس شخص کو مال ہبہ کیا گیا اس کے قبضے کا قائم ہونا

وصیت تا وقتیکہ مورث و موصی گوہر حیات بجیب و دامان این
بدن داشت، و قبضش بدستور بود وارث و موصی لہ را اختیار
تصرف دراں اموال نبود۔ چوں آں خود از میان برخاست و جاں
بجان آفرین سپرد قبض او نماند کہ اجتماع قبض وارث و موصی لہ
حسب اشارہ مورث و موصی در قبض و تصرف خود آرد بجا است
کہ راضی نیست تحقق اشارہ در وصیت خود ظاہر است۔ و آں
قصہ را اگر یاد کنند کہ در اصل درباره اموال بر میت واجب بود
کہ وصیت تعیین حصص پس ماندگان نماید و باز آنرا منسوخ کردہ
خود حصص ایشاں را تعیین کردند۔ خود بخود واضح میشود کہ در گونہ
وصیت معونتہ او کردہ اند نہ آنکہ او را از میان یکسو افگندہ اند۔ درین
صورت تسلیم از طرف مورث و موصی بوجہ احسن بہ ثبوت پیوست
و زائد ازاں متحقق گشت کہ در بیع و ہبہ بنظر آمد چہ آنجا اگر از میان
یکسو میشوند و چناں نمیخیزند کہ باز احتمال عود نباشد و ایں جا
چناں از میان میخیزند کہ بجز نام ہیچ نمی گذارند۔ مرکب باز آمدن
را پی کردہ میروند۔ و اگر تسلیم از مورث و موصی ہماں بود کہ
در عالم حیات بدست وارث و موصی لہ می سپردند باری ازیں
چہ کم کہ چوں مورث و موصی ازیں جہاں برخاست و عالم را از
خس و خاشاک وجود خود بپرداخت قبض او نیز نماند۔ اکنوں
بتسلیط مالک الملک وارث و موصی لہ آں اموال را بقبض
و تصرف خود در آرند سرمایہ ملک ایشاں باز ہماں قبض باشد کہ بود۔

اس کی جگہ پر ان دونوں بائع اور واہب کے تسلیم کئے بغیر
صورت اختیار نہیں کریگا اور میراث اور وصیت میں جب تک
کہ مورث (مرنے والا) اور موصی (وصیت کرنے والا) جب تک زندہ
ہے اور اس کا قبضہ بھی بدستور ہے تو وارث اور جسکو وصیت کی گئی
ہے اس کو ان اموال میں تصرف کا اختیار نہ ہوگا۔ ہاں جب مورث
مر گیا اور دنیا سے ہی اٹھ گیا تو پھر اس کا قبضہ نہیں رہا کیونکہ وارث
اور جس کو وصیت کی گئی اسکے قبضے کا مورث اور موصی کے قبضے
کیساتھ اکٹھا ہونا ناممکن ہوگا۔ اب وارث اور جس کیلئے وصیت
کی گئی وہ اگر مورث اور وصیت کرنے والے کے اشارے کے
مطابق اپنے قبضہ اور تصرف میں لے آئے تو درست ہے کہ ان
کے مرنے کے بعد کوئی آڑے آنے والی بات نہیں ہے۔ اشارہ کا
ثبوت وصیت میں خود ظاہر ہے۔ اور اس قصے کو اگر یاد کریں کہ
شرع اسلام میں اموال کے بارے میں میت پر واجب تھا کہ وہ
اپنے بعد میں ہونے والے وارثوں کے حصوں کے تعین کی وصیت
کر دے اور پھر اس حکم کو منسوخ کر کے خود صاحب شرع نے ان کے حصوں کو
مقرر کر دیا تو اس بات سے خود بخود واضح ہو جاتا ہے کہ وصیت[1]
کی ذمہ داری اور مشقت برداری میں شارع نے مدد کر دی۔ نہ یہ کہ
اس کو درمیان ہی میں سے نکال پھینکا ہے۔ اس صورت میں مورث
اور موصی کی طرف سے تسلیم کر لینا بڑے اچھے طریقے سے ثابت ہو گیا
اور اس سے بھی زیادہ متحقق ہو گیا کہ جو بیع اور ہبہ میں دیکھنے میں آیا

کیونکہ اگر بائع اور واہب درمیان سے ہٹتے ہیں اور الگ ہوتے ہیں تو ایسے طور سے نہیں اٹھتے کہ پھر لوٹ آنے کا احتمال نہ ہے
اور یہاں وراثت میں اس طرح درمیان سے اٹھ جاتے ہیں۔ کہ نام کے سوا اور کچھ نہیں چھوڑتے۔ لوٹنے کی سواری کے قدم کاٹ کر
جاتے ہیں اور اگر مورث اور وصیت کرنے والے سے سپردگی وہی تھی کہ جو زندگی کے زمانے میں وارث اور جس کو وصیت
کی گئی ہے کے ہاتھ میں سپرد کر دیتے تو پھر اس سے کیا کم کہ جب مورث اور موصی اس دنیا سے اٹھ گیا اور دنیا کو اپنے
وجود سے پاک کر گیا تو اس کا قبضہ بھی باقی نہ رہا۔ اب مالک الملک خداوند تعالیٰ کی طرف سے مسلط کر دینے سے وارث اور
قبضہ ہوگا جو کہ تھا۔
موصی لہ کو یہ حق پہنچتا ہے کہ ان اموال کو اپنے قبضے اور تصرف میں لے آئیں۔ لہٰذا ان کی ملکیت کا باعث وہی

[1] یعنی اللہ تعالیٰ نے خود حصے مقرر کر کے مرنے والے کی اس طرح مدد کر دی کہ اس کو حصے مقرر کرنے کی ضرورت ہی نہیں رہی۔ مترجم

فرق میان ہر دو صورت

فرق اگر برآمد ہمیں قدر برآمد کہ در صورت اولیٰ قبض وارث و موصی لہ فرع قبض مورث و موصی باشد و دریں صورت قبض وارث و موصی لہ قبض بالاستقلال بود۔

بہر توضیح ایں سخن، سخنی میگویم کہ ان شاء اللہ ایں معما را از ہم کشاید۔

توضیح معما با مثال سنگی کہ زیر سقف و یا سائبان بر فرش نہادہ باشد

اگر سنگی صغیر زیر سقفی یا سائبانی بر بالاء فرشی نہادہ باشد ایں سنگ با آں سقف و سائبان و ایں فرش دو نسبت مختلف دارد۔ بہ نسبت سائبان و سقف تحت است و بہ نسبت فرش فوق۔ مگر منسوب و منسوب الیہ حقیقی بہر ایں دو نسبت نہ ایں سائبان و فرش اندنی بلکہ حیز سائبان و فرش و حیز سنگ منسوب و منسوب الیہ حقیقی ایں دو نسبت اند۔ و از یجا ست کہ اگر سائبان و سقف را از بالا کشیدہ بجائیش سائبانی و سقفی دگر نصب کنند یا فرش زیریں را از زیر کشیدہ بجائیش فرش دگر گسترانند و دریں کشاکشی سنگ بہماں حیز خود باشد نسبت تحتیت و فوقیت سنگ مذکور متبدل نشود۔ ہاں فرش و سائبان کہ بمقام فوق و تحت بودند متبدل شدند۔

غرض اگر تبدل راہ یافتہ در اطراف نسبت راہ یافتہ در عین نسبت راہ نیافتہ۔ ہمچنیں اموال مملوکہ را با مالکان خود نسبتی است معلوم کہ منسوب الیہ حقیقی آں نسبت مقام مالکان است یعنی مقام قابضیت پس تا وقتیکہ اموال بمقام مقبوضیت اند از تبدل قائمان مقام قابضیت تبدلی و تغیری در مقبوضیت

دونوں صورتوں کا فرق

فرق اگر نکلا تو اتنا ہی نکلا کہ پہلی[1] صورت میں وارث اور موصی لہ کا قبضہ مورث اور موصی کے قبضے کی فرع ہوگا اور اس صورت میں وارث اور موصی لہ کا قبضہ مستقل قبضہ ہوگا۔

اس بات کی وضاحت کیلئے میں ایک بات کہتا ہوں جو انشاء اللہ اس معمے کو حل کر دیگی۔

پتھر کی مثال سے جو چھت یا سائبان کے نیچے اور فرش کے اوپر ہو معمے کا حل

اگر ایک چھوٹا پتھر کسی چھت یا سائبان کے نیچے اور فرش کے اوپر رکھا ہوا ہو تو اسکی چھت اور سائبان اور فرش کے ساتھ دو مختلف نسبتیں اور تعلقات ہونگے۔ وہ پتھر سائبان اور چھت کے اعتبار سے نیچے ہے اور فرش کی نسبت سے اوپر ہے مگر منسوب اور منسوب الیہ حقیقی (سائبان، چھت اور فرش) ان دونوں نسبتوں کے لئے نہ یہ سائبان اور فرش ہیں نہیں بلکہ سائبان اور فرش کا حیز اور سنگ کا حیز ان دونوں نسبتوں کے حقیقی منسوب اور منسوب الیہ ہیں اور یہیں سے ثابت ہوا کہ اگر سائبان اور چھت کو اوپر سے ہٹا کر اسکی جگہ کوئی دوسرا سائبان اور چھت نصب کریں یا نیچے کے فرش کو نیچے سے کھسکا کر اسکی جگہ دوسرا فرش بچھا دیں اور اس کھینچا تانی میں پتھر اپنی جگہ میں رہے تو ذکر کیے گئے پتھر کی فوقیت اور تحتیت کی نسبت نہیں بدلیگی ہاں فرش اور سائبان جو اوپر اور نیچے تھے بدل گئے۔

غرض یہ ہے کہ اگر تبدیلی نے راہ پائی ہے تو اوپر نیچے ہونے کی نسبت کے اطراف میں راہ پائی ہے عین فوقیت اور تحتیت میں راہ نہیں پائی۔ اسی طرح مملوکہ اموال کو مالکوں کے ساتھ معلوم تعلق ہے کہ اس تعلق کا اصلی منسوب الیہ مالکوں کا مقام یعنی قابضیت کا مقام ہے پس جب تک کہ اموال مقبوضیت کی جگہ میں ہیں

---

[1] پہلی صورت یہ ہے کہ مورث یا موصی اپنی زندگی میں ورثہ اور موصی لہ کے حوالے کر دیں۔ مترجم

آنہا راہ نیابد۔ وبدیں سبب ملک بمعنی مملوکیت کہ از اوصاف اموال است ہمانساں بحال خود باشد۔ اما ملک بمعنی مالکیت کہ صفت مالکان است دو مرتبہ دارد۔

مالکیت را دو مرتبہ است — یکی مطلق وعام، دوم مقید وخاص

اول ہماں انتساب بمقام قابضیت است کہ در صورت تبدل متبدل نشود۔

دوم انتساب متخصصات خواصہ مالکاں کہ بہ تبدل آنہا متبدل ومتغیر گردد۔

بالجملہ ملک مطلق بمعنی مالکیت مربوط بمطلق قابضیت است وملک مقید وخاص بمعنی مذکور منوط بقابضیت خاصہ است مگر ہرچہ باشد مرجع ملک ہمیں قبض است وبس۔

ملکیت کفار بقبض است بر اموال مسلماناں — وازینجا است آنکہ شنیدۂ کہ کفار بتسلط بر اموال مسلمین واحراز آنہا بدار الحرب مالک آں گردند وازملک مسلمین برآید۔

شان اموال مسلماناں کہ کفار بقبض آوردند اما ہنوز از دار الاسلام بیروں نبردند — آری تا وقتیکہ از دار الاسلام بیروں نبردہ اند امید استخلاص آں قوی است کہ ہنوز از پنجۂ مسلماناں بیروں نبردہ اند۔

کفار تا ملک مسلماناں را بقبض آوردہ بیروں از دار الاسلام نبرند حکم غصب دارد — تا آنکہ کفار را ہمچو غاصباں [illegible]

تو قابضیت کے قائم مقاموں کی تبدیلی سے انکی مقبوضیت میں کوئی تبدیلی اور تغیر راہ نہیں پاتا ہے اور اس سبب سے ملک بمعنی مملوکیت جو کہ اموال کی صفات میں سے ہے اسی طرح اپنے حال پر رہیگی لیکن ملک، مالکیت کے معنی میں جو کہ مالکوں کی صفت ہے اس کے دو مرتبے ہیں۔

مالکیت کے دو مرتبے — ایک مطلق وعام، دوسرا مقید اور خاص

اول یعنی مطلق وعام قابضیت کے مقام کی طرف تعلق قائم کرنا ہے جو تبدیلی کی صورت میں نہیں بدلتا ہے۔

دوسرے مالکوں کے خاص امتیازات کا تعلق جو مالکوں کے بدلنے سے بدل جاتا اور تبدیل ہو جاتا ہے۔

بالجملہ ملک مطلق بمعنی مالکیت، مطلق قابضیت کیساتھ مربوط ہے اور ملک مقید وخاص بمعنی مالکیت قابضیت خاصہ سے متعلق ہے مگر خواہ کچھ ہو ملکیت کا مرجع یہی صرف قبضہ ہے۔

کفار کی مسلمانوں کے اموال پر ملکیت قبضے کی وجہ سے ہے — اور یہیں سے معلوم ہوا جو تم نے سنا کہ کفار کے مسلمانوں کے اموال پر قبضے سے اور اسکو دار الحرب میں لے جانے سے اس کے مالک ہو جاتے ہیں اور وہ اموال مسلمانوں کی ملکیت سے نکل جاتے ہیں۔

مسلمانوں کے اموال کی پوزیشن جنکو کفار نے قبضے میں لیا لیکن ابھی دار الاسلام سے باہر نہیں لے گئے — ہاں جب تک کہ دار الاسلام سے باہر نہیں لے گئے ان اموال کو چھڑا لینے کی قوی امید ہے کیونکہ ابھی مسلمانوں کے پنجے سے باہر نہیں لے گئے ہیں۔

مسلمانوں کی ملک کو کفار قبضے میں لیکر دار الاسلام سے باہر نہیں لے گئے غصب کا حکم رکھتا ہے — اس وقت تک کا فر [illegible]

دارالاسلام باید پنداشت کہ بامداد امیرالمومنین رفع قبض اوشاں متصور است. وازینجا است انچہ امام ابوحنیفہؒ فرمودہ اند کہ :-

قول امام ابوحنیفہ قضاء قاضی در معاملات ظاہراً وباطناً نافذ میگردد۔ چہ مدافعت جور جائران بامداد قاضی متوقع بود۔ چوں خود قاضی دگراں را دہانید اکنوں مدد از کہ جویند۔

باقی ماند اینکہ ایں ملک از طیبات باشد یا خبائث ایں سخن دیگراست کس نمی داند کہ اسباب خبیثہ موجب خبث ملک باشند و اسباب طیبہ موجب طیب آں۔

رزق غنیمت اطیب است وازینجاست کہ غنیمت را رزق اطیب قرار دادند و رزق سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم زیر لواء اوشاں نہادند چہ سبب قبض امری است کہ امور دیگر در حسن وطیب باں نمیرسند۔

سبب اجرت عبادت کہ ممنوع و حرام است وآنکہ اجرت عبادت ممنوع وحرام گردید سببش نہ ایں است کہ حسن عبادت کاری است نکردنی وجہش دگراست۔

عبادت از حقوق خداوندی است بعض حقوق خود را طلبیدہ آنرا فرض نام شد وبعض را تقاضا نیست۔ اگر بندگاں فہمیدہ ادا نمایند فبہا۔ ازیں طرف دارو گیر نیست پس اگر کسی عوض ایں حقوق متاع دنیوی گیرد حق خداوندی را بار دیگراں فروختہ باشد ومیدانی کہ فروختن حقوق واموال بندگان بے اجازت اوشاں ظلم است تابحق خداوندے چہ رسد۔

دارالاسلام کے غاصبوں کی طرح سمجھنا چاہیئے کیونکہ امیرالمومنین کی مدد سے کفار کا قبضہ اٹھ جاتا متصور ہے اور یہی وجہ ہے جو امام ابوحنیفہؒ نے فرمایا ہے کہ :-

قول امام ابوحنیفہ قاضی کا فیصلہ معاملات میں ظاہری اور باطنی طور پر نافذ ہو جاتا ہے کیونکہ ظالموں کے ظلم کی مدافعت قاضی کی مدد سے متوقع ہوتی ہے لیکن جب قاضی نے (خود دوسروں کو) مال وغیرہ دلا دیا تو پھر کس سے مدد مانگیں گے۔

باقی رہی یہ بات کہ یہ ملک پاکیزہ ہو یا ناپاک یہ دوسری بات ہے کون نہیں جانتا کہ ناپاک اسباب ملک کی ناپاکی کا موجب ہیں اور پاکیزہ اسباب ملک کی پاکیزگی کے موجب ہیں۔

مال غنیمت کی روزی زیادہ پاکیزہ ہے اور یہیں سے یہ بات بھی نکلی کہ علماء نے مال غنیمت کے رزق کو زیادہ پاکیزہ قرار دیا اور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا رزق انہی کے جہاد کے جھنڈے کے نیچے رکھا۔ کیونکہ قبضے کا سبب ایک ایسا معاملہ ہے کہ دوسرے امور اچھائی اور پاکیزگی میں اس مقام کو نہیں پہنچتے۔

عبادت کی اجرت کا سبب جو کہ ممنوع و حرام ہے۔ اور عبادت کا معاوضہ جو ممنوع (ناجائز) اور حرام ٹھہرا اس کا سبب یہ نہیں ہے کہ اچھی عبادت ایک ایسا کام ہے جو کرنے کے قابل نہیں اسکی وجہ اور ہے (اور وہ یہ ہے کہ) عبادت خداوند تعالیٰ کے حقوق میں سے ہے مگر بعض حقوق کا اس نے بندوں سے مطالبہ کیا اس کا نام فرض ہو گیا اور بعض حقوق کا اسکی طرف سے تقاضہ نہیں ہے۔ اگر بندے خود ہی سمجھ کر ادا کریں تو اچھی بات ہے۔ خدا کی طرف سے کوئی پکڑ دھکڑ نہیں ہے پس اگر کوئی شخص ان حقوق کے بدلے میں دنیاوی پونجی لے لے تو گویا اس نے خداوند تعالیٰ کے حق کو دوسروں کے ہاتھ بیچ ڈالا۔ اور آپکو معلوم ہے کہ بندوں کے اموال اور حقوق کا فروخت کرنا بھی انکی اجازت کے بغیر ظلم ہے تا آنکہ خداوندی حق کو بیچ ڈالنا اور بھی بڑا ظلم ہے۔

ازینجا دانسته باشی کہ اجرت نفل عبادت ہم حرام سخت است چہ ادائے حق کسی بکسی ددادن امانت یکی بدیگری بی اجازت او و آں ہم بعوض ظلمی است صریح کہ عاقلی نہ پسندد و عوض آنرا طلب نشمارد۔ اگرچہ صاحب حق خود طلب نماید۔

یہاں سے تمہیں یہ بھی پتہ لگ گیا ہوگا کہ نفل عبادت کی اجرت بھی سخت حرام ہے۔ کیونکہ کسی کو کسی کا حق دیدینا اور کسی کی امانت کسی دوسرے کو اسکی اجازت کے بغیر دیدینا اور پھر معاوضہ لیکر تو یہ صاف ظلم ہے جس کو کوئی عقلمند پسند نہیں کرتا اور اس کے عوض کو پاکیزہ خیال نہیں کرسکتا اگرچہ صاحب حق خود طلب کرے۔

مال غنیمت معاوضہ جہاد نیست

و در جہاد فروختن و خریدن نیست

آری قتل و قمع کفار اشرار بغرض رفع و ازالہ خبث ایشاں از صفحہ عالم مستلزم قبض و تصرف در اموال اوشاں مے گردد۔ چنانچہ ظاہر است و متاع غنیمت را عوض جہاد نتواں گفت۔ با ایں ہمہ نقصان اجر آخرت درصورت حصول غنیمت سزاء آں است کہ شائبہ رغبت باموال درظاہر محرک ایں حرکت مے نماید۔

مال غنیمت جہاد کا معاوضہ ہے

اور جہاد میں (عبادت کا) خریدنا

اور فروخت کرنا نہیں ہے ہاں شریر کافروں کا قتل اور استیصال صفحہ ہستی سے انکی خباثت کے دور کرنے کے لئے انکے اموال میں تصرف اور قبضہ کو مستلزم ہو جاتا ہے۔ جیساکہ واضح ہے اور غنیمت کے مال کو جہاد کا معاوضہ نہیں کہ سکتے۔ باایں ہمہ غنیمت کے حاصل کرنے کی صورت میں آخرت کے ثواب کا نقصان اس بات کی سزا ہے کہ اموال کی طرف رغبت کا کوئی حصہ ظاہر میں اس حرکت کا محرک معلوم ہوتا ہے۔

۲۔ سخن دوم کہ تمہید دیگر است

سخن دوم ایں است کہ قبض اہل اسلام باشد یا کفار موجب ملک است اما بدو مرتبہ۔

دوسری بات جو کہ دوسری تمہید ہے

دوسری بات یہ ہے کہ مسلمانوں کا قبضہ ہو یا کفار کا ملکیت کا موجب ہوتا ہے لیکن دو مرتبے میں۔

قبض جزئی و قبض کلی کہ موجب ملک است

یکی قبض رعایا کہ قبض جزئی است دوم قبض حاکم کہ قبض کلی است اول باخر ہماں نسبت دارد کہ نور ارض بنور آفتاب یا مفتاح وقلم بدست

قبض جزئی اور قبض کلی جو ملکیت کا موجب ہے

ایک تو رعایا کا قبضہ جو کہ قبض جزئی ہے دوسرے حاکم کا قبضہ جو کہ قبض کلی ہے اول قبضہ دوسرے قبضے سے ایسی ہی نسبت رکھتا ہے جیساکہ زمین کا نور آفتاب کے نور سے یا کنجی اور قلم کی نسبت ہاتھ کے ساتھ۔

قبض رعایا تابع قبض حاکم است

چنانکہ اینجا نور ارض و مفتاح وقلم در حرکت و سکون خود تابع حرکت و سکون آفتاب و دست باشد ہمچناں قبض رعایا در حرکت و سکون تابع قبض حاکم است۔ اگر اموال رعایا بقبض حاکم اسلام است مثلاً اموال اوشاں نیز بقبض اوشاں

رعایا کا قبضہ حاکم کے قبضے کے تابع ہوتا ہے

جیسا کہ یہاں زمین کا نور اور کنجی اور قلم اپنی حرکت اور سکون میں ہاتھ اور سورج کے سکون اور حرکت کے تابع ہوتے ہیں اسی طرح رعایا کا قبضہ حرکت اور سکون میں حاکم کے قبضے کے تابع ہے۔ اگر مثلاً رعایا کے اموال حاکم اسلام

باشند ومملوک اوشان واگر از قبض حکام اسلام بیروں رود وکفار متسلط گردند اموال رعایاء اسلام از قبض اوشاں وملک اوشاں برآید ہمچنیں اگر حاکم اسلام بوجہ غلطی دگری را دہاند چنانکہ در مقدمات دائرہ بوجہ اشتباہ حجت پیش آید بوجہ آنکہ قبضہ حاکم از جائی بجائی چناں متحرک شود کہ نور آفتاب از جائی بجائی رود قبض وملک رعایا نیز متحرک گردد علیٰ ہذا القیاس بجانب کفار خیال باید فرمود۔

کے قبضے میں ہیں تو ان کے اموال بھی ان کے قبضے میں ہونگے اور ان کے مملوک ہونگے اور اگر اسلام کے حکام کے قبضے سے باہر چلے گئے اور کفار مسلط ہوگئے تو اسلام کی رعایا کے اموال مسلمانوں کے قبضے اور ملک سے باہر نکل جاتے ہیں۔ اسی طرح اگر حاکم اسلام غلطی کی وجہ سے دوسرے کو دلادے جیسا کہ دائر کئے گئے مقدموں میں دلیل کے مشتبہ ہوجانے کی وجہ سے پیش آتا ہے تو اس وجہ سے کہ حاکم کا قبضہ ایک جگہ سے دوسری جگہ کو ایسا حرکت کرتا رہتا ہے جیسا کہ سورج کا نور ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتا ہے رعایا کی ملکیت اور قبضہ بھی متحرک ہوتا ہے۔ علیٰ ہذا القیاس کفار کی جانب بھی یہی خیال کرنا چاہئے۔

سخن سوئم بطور تمہید مقصود پیدائش آدم عبادت آیت

سخن سوئم اینکہ بشہادت آیت:۔ "وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ"

غرض اعظم از خلق بنی آدم ہمیں عبادت است کہ بجز انقیاد واطاعت امر دگر نباشد۔ باایں ہم اگر غرضی دگر از وجود بنی آدم چناں برآید کہ اصلا در تحقق وظہور انقیاد خویش یا دگراں مداخلتی ندارد چناں باشد کہ کتاب را زیر سر نہند وتکیہ سازند چنانکہ حصول ایں غرض از کتاب در مقصود بالذات بودن درس ومطالعہ از کتاب قادح نیست۔

تیسری بات مقصد پیدائش آدم عبادت ہے

تیسری بات یہ ہے کہ آیت ذیل کی شہادت کے مطابق:۔ "اور نہیں پیدا کیا میں نے جن اور انس کو مگر عبادت کے لئے"

زیادہ بڑی غرض بنی آدم کی پیدائش سے یہی عبادت ہے کہ فرمانبرداری اور اطاعت کے سوا دوسرا اور کوئی امر مقصود نہیں اس کے باوجود اگر بنی آدم کے وجود سے اور کوئی غرض ایسی نکل آئے کہ اپنی یا دوسروں کی فرمانبرداری کے ظاہر ہونے اور پائے جانے میں کوئی دخل نہ دے اور حقیقی مقصد ایسا ہی ہو جیسا کہ کتاب کو سر کے نیچے رکھ لیں اور تکیہ بنالیں تو تکیہ بنالینا کتاب کی اصلی غرض یعنی پڑھنا اور مطالعہ کرنے کو مانع نہیں ہے۔

بجہنم انداختن جن وانس را قادح مقصد عبادت نیست

ہمچنیں پُر کردن جہنم از بنی آدم وجنیاں در مقصود بالذات بودن عبادۃ از جن وانس قادح نباشد

جنوں اور انسانوں کو دوزخ میں ڈال دینا مقصد عبادت کے منافی نہیں

اسی طرح جنوں اور انسانوں سے جہنم کو بھر دینا جن اور انسان کا عبادت کے لئے مقصود بالذات ہونے کے منافی نہیں۔

القصہ صورت اموال دنیوی کہ بشہادت آیۃ

اس صورت میں دنیا کے اموال آیت ذیل کی گواہی

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَکُمْ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا

مخلوق بہر بنی آدم است تخصیص من و تو ہیچ نیست منجملہ سامان عبادۃ و انقیاد باشد وچوں نباشد اگر اموال دنیوی از عدم بوجود نامدی افراد بنی آدم در گرفتاری حوائج تاب عبادۃ از کجا آوردندی۔

بالجملہ غرض از خلق اموال نیز ہماں عبادت باشد کہ مقصود از بنی آدم است و ایں چناں است کہ دانی، نان بہر خوردن است و دیگ و دیگداں و تابہ و ہیزم و آتش و دست پناہ و دیگر سامانہا، معلومہ بہر نان۔ پس چوں نان بہر خوردن است ایں ہمہ ساماں نیز بہر خوردن باشد مگر بواسطہ۔ اگر ایں بلاء گرسنگی و ایں آسیب تشنگی از سر ما رود ما را ہیچ التفاتی بایں متاع بیکار نباشد در نظر ما ہمہ رائیگاں باشند ہمچنیں اگر عبادت انقیاد نباشد ایں ہمہ سامان عبادت در نظر خالق رائیگاں نماید۔

اندریں صورت اگر عابداں را ارشاد فرماید کہ ازیں نابکاراں بگیرید و بصرف خود آرید بجا باشد کہ او مالک اصلی است و ایں طرف سامان مذکور بجائے خود میرسد (و بمصرف خویش صرف می شود)

قبض مال کفار بہ جہاد ظلم نیست

الغرض اگر اہل اسلام بزور بازو قبض کفار را بر داشتہ بر اموال اوشاں دست خود بنہند ظلمش نتواں گفت کہ ایں خیال خام از جہل خیزد۔ نہ بینی کہ اگر درختی بغرض ثمر در زمینی بنشانند و آں درخت بار نیارد و بدیں سبب آں درخت را بریدہ بجایش نہالی بار آور بنشانند صواب باشد نہ خطا۔

مطابق اللہ[1] جس نے پیدا کیا تمہارے لیئے جو کچھ زمین میں ہے۔ انسان کے لئے پیدا کئے گئے ہیں۔ اس میں میری اور تمہاری کوئی خصوصیت نہیں ہے تو یہ تمام اموال اور زمین کی تخلیق عبادت اور فرماں برداری ہی کا سامان ہے اور کیوں نہ ہو اگر دنیاوی مال عدم سے وجود میں نہ آتے تو لوگ ضروریات کی گرفتاری میں عبادت کی فرصت کہاں سے لاتے۔

الحاصل اموال کے پیدا کرنے سے غرض وہی عبادت ہے جو کہ بنی آدم کی پیدائش سے مطلوب ہے اور یہ ایسے ہی ہے جو آپ جانتے ہیں کہ روٹی کھانے کے لئے ہے اور دیگچی اور چولھا اور توا اور لکڑیاں اور آگ اور چمٹا اور دوسرے معلوم سامان روٹی کے لئے ہیں۔ پس جب روٹی کھانے کے لئے ہے تو یہ سب سامان بھی ذریعہ کے طور پر کھانے کے لئے ہوگا۔ اگر یہ بھوک کی مصیبت اور یہ پیاس کی بلا ہمارے سر سے ٹل جائے اور ہم کو اس بیکار سامان کی طرف کوئی توجہ نہ رہے تو ہماری نظر میں سب بیکار ہو جائیں گے۔ اسی طرح اگر عبادت اور اطاعت نہ ہو تو یہ عبادت کا سب سامان خالق کی نظر میں بیکار دکھائی دیگا۔

اس صورت میں اگر اللہ تعالیٰ عبادت کرنے والوں کو حکم فرمائیں کہ ان نالائق کافروں سے (جہاد کے ذریعہ) لو اور اپنے صرف میں لاؤ تو بجا ہوگا کیونکہ وہ اصلی مالک ہے اور اس طرح مذکورہ مال غنیمت اپنے ٹھکانے لگ جائے گا (اور اپنے مصرف میں صرف ہو جائیگا)

جہاد میں کفار کے مال پر قبضہ کرنا ظلم نہیں ہے

غرض یہ کہ اگر مسلمان اپنی قوت بازو سے کفار کا قبضہ اٹھا کر ان کے اموال اپنے قبضے میں لے لیں تو اس کو ظلم نہیں کہہ سکتے کہ یہ خام خیالی جہالت کا نتیجہ ہے آپ دیکھتے نہیں کہ اگر کوئی درخت پھل کے لئے کسی زمین میں لگا دیں اور وہ درخت پھل نہ لائے اور اس سبب سے اس درخت کو کاٹ کر اس کی جگہ دوسرا پھلدار درخت لگا دیں تو یہ ٹھیک ہے غلط نہیں۔

[1] پوری آیت یہ ہے۔ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَکُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ثُمَّ اسْتَوٰٓی اِلَی السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَهُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ پارہ ۱ سورۃ بقرہ رکوع ۳

بالجملہ ایں مسلم کہ کفار مالک اموال بقبض وتصرف خود میگردند
وچوں نگردند کہ علت وامان معلول نگذارد ومعلول از علت خود
باز پس نماند چوں قبض کہ علت ملک بود یافتہ شد معلولش نیز
در رکاب او باشد مگر غرضی کہ از خلق اموال بود از دست کفار
نیاید لہٰذا وارہانیدنش از دست کفار بغرض خوشنودی خالق
اموال لازم آمد اعنی چوں مقصود از پیدائش ایں اشیا عبادت
بود ودر دست کفار امید آں نیست لاجرم قبض کفار نہ حسب
مرضی خالق اموال باشد تا کارپردازاں رضاء او تعالیٰ اعنی
اہل اسلام خاموش بنشینند بلکہ استخلاص آں از دست اوشاں
لازم آمد۔ ازینجا دانستہ باشی کہ اگر قبض اموال را نیز منجملہ اغراض
جہاد قرار دہند زیبا است۔

الحاصل یہ بات طے شدہ ہے کہ کافر اپنے قبضے اور تصرف
سے اموال کے مالک بن جاتے ہیں اور کیوں نہ ہوں کہ علت معلول
کے ساتھ رہتی ہے اور معلول اپنی علت سے پیچھے نہیں رہتا چونکہ
قبضہ جو کہ ملکیت کی علت بھی پایا گیا تو اس کا معلول بھی اس
کے ساتھ ساتھ رہیگا لیکن جو غرض کہ اموال کے پیدا کرنے
سے تھی وہ کفار کی طرف سے (نافرمانی کیوجہ سے) پوری نہیں
ہوتی ہے لہٰذا اس مال کو کفار کے ہاتھ سے رہائی دلانا اموال
کے خالق کی خوشنودی کے لئے ضروری ہوا یعنی ان اشیاء کی
پیدائش کا مقصد عبادت تھا اور کفار کی طرف سے اس کی
امید نہیں لہٰذا ناچار کفار کا قبضہ اموال کے خالق کی مرضی کے
مطابق نہیں ہے تا آنکہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے مطابق کام کرنے
والے مسلمان خاموش ہو کر بیٹھ جائیں بلکہ ان اموال کا کفار کے ہاتھوں سے چھڑوانا ضروری ہوا یہیں سے تم نے جان لیا
ہوگا کہ اموال کے قبضے کو بھی جہاد کے مقاصد میں سے ایک مقصد قرار دیں تو درست ہے۔

غرض ایں نباید فہمید کہ مقصود از جہاد فقط اعلاء کلمۃ اللہ
بمعنی دفع فتنہ کفار است استخلاص نیز غرضی است صحیح وازینجا
فضیلت مال غنیمت از دیگر اموال بوجہ دیگر نیز دریافتہ باشی۔
بالجملہ قبض کفار وملک اوشاں بمقابلہ اہل اسلام قابل اعتبار
نیست بلکہ قبض کفار بمقابلہ اہل اسلام ہمچو قبضہ جانوراں باشد
کہ مانع ومزاحم حدوث ملک اہل اسلام نتواں شد چنانچہ خود
خداوندکریم نیز در کلام معجز نظام خود اشارہ بایں معنی فرمودہ
اند میفرمایند۔

أُولَٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ (قرآن)

نظر بریں اگر اہل اسلام بر جان ہائے اوشاں دست یابند
ہمچو جانوراں در حیطہ ملک وتصرف اوشاں درآیند۔ ازیں جا
دانستہ باشی کہ ملک کفار بمقابلہ ملک اہل اسلام بدرجہ غایت
ضعیف است وہم دریافتہ باشی کہ بزور بازو گرفتن نہ ہر جا ظلم است

غرض یہ نہ سمجھنا چاہئیے کہ جہاد کا مقصد صرف اللہ کے کلمے
کو بلند کرنا یعنی کفار کے فتنے کا دفع کرنا ہی ہے بلکہ اموال کی خلاصی
بھی ایک صحیح غرض ہے اور یہاں سے مال غنیمت کی دوسرے مالوں
سے فضیلت دوسری وجہ کے ذریعہ بھی تم نے معلوم کرلی ہوگی۔ بالجملہ
کفار کا قبضہ مسلمانوں کے مقابلے میں جانوروں کے قبضے کی طرح
ہوگا کہ مسلمانوں کی ملکیت میں آنے سے مانع اور مزاحم نہیں ہوسکتا
چنانچہ خداوندکریم نے اپنے کلام معجز نظام میں اس معنی کی
طرف خود اشارہ فرمایا ہے۔ فرماتے ہیں:۔

وہ کفار چوپاؤں کی مانند ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ بھٹکے ہوئے۔

اس نظریئے کے پیش نظر اگر مسلمان ان کی جانوں پر قابو
پائیں تو جانوروں کی طرح مسلمانوں کے تصرف اور قبضے میں آئیں
یہیں سے تم نے جان لیا ہوگا کہ کفار کی ملکیت مسلمانوں کی ملکیت
کے مقابلے میں بنہایت درجہ کمزور ہے اور یہ بھی تمہیں معلوم ہوگیا ہوگا

وَلَقَدْ ذَرَأْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ لَهُمْ قُلُوبٌ لَّا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُونَ بِهَا
... يَسْمَعُونَ بِهَا أُولَٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ أُولَٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ ○

ونہ ہرجا ثواب۔ اگر اہل اسلام بزور بازو مال از دست کفار ربایند مستوجب ثواب باشند و برعکس آں قضیہ منعکس است وہم فہمیدہ باشی کہ ملک از طیب وخبیث عام است۔ طیب بودن ہر ملک را ضرور نیست۔

کہ زور بازو سے کفار کے ہاتھ سے مال چھین لیں تو ثواب کے حقدار ہونگے اور اس کے برخلاف معاملہ الٹا ہے اور یہ بھی سمجھ لیا ہوگا کہ ملک طیب اور ناپاک دونوں کو عام ہے ہر ملک کا طیب ہونا ضروری نہیں ہے۔

سخن چارم بطور مقدمہ وتمہید

سخن چارم آنکہ بعقد ذمہ و عہد وپیمان ما اہل اسلام وقبول جزیہ کہ حکمی است از احکام حاکم اہل اسلام کفار نیز قدری بہرہ مند از برکات اسلام گردند وہمیں است کہ جان ومال اوشاں ہمچو جان ومال اہل اسلام مصئون ومحفوظ ماند احدی را از اہل اسلام نرسد کہ متعرض جان ومال اوشاں شود ہمچنیں بعقد ذمہ وعہد وپیمان با کفار وقبول خراجات اوشاں اہل اسلام برخی آلودہ بنحوست کفر گردند۔ اگر اموال اوشاں قابل تاراج ہمچو اموال کفار باشند چہ بیجا است۔ علاوہ بریں ایں تازیانہ شاید محرک وباعث ہجرت از دار اوشاں وقطع تعلق محبت از اوشاں ہم شود۔

چوتھی بات مقدمے اور تمہید کے طور پر

چوتھی بات یہ ہے کہ ہم مسلمانوں کے اور کفار کے باہم عہد وپیمان کی وجہ سے اور کفار کا جزیہ قبول کرنے کی وجہ سے جو کہ مسلمانوں کے حاکم کے احکام میں سے ایک حکم ہے کفار بھی اسلام کی برکتوں سے قدرے فائدہ حاصل کرتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ان کے جان ومال مسلمانوں کے جان ومال کی مانند مامون اور محفوظ رہتے ہیں مسلمانوں میں سے کسی کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ کفار کے جان ومال کو چھیڑے۔ اسی طرح کفار کے ساتھ عہد وپیمان کی ذمہ داری کے باعث اور کفار کی طرف سے خراجوں کے قبول کرلینے کے سبب مسلمان کچھ کفر کی نحوست سے ملوث ہوتے ہیں۔ اگر مسلمانوں کے اموال کفار کے مالوں کی مانند لوٹ مار کے قابل ہو جائیں تو کیا بعید ہے مزید برآں یہ تازیانہ شاید کفار کے ملک سے ہجرت کرجانے اور ان سے محبت کا تعلق قطع کرنے کا باعث اور محرک ہو جائے۔

بالجملہ اسلام وکفر باعتبار ظہور آثار کلی مشکک است۔ اولیں مراتب کہ مستوجب ظہور آثار درجہ سفلی است ہمیں قبول جزیہ واقامت در دار الحرب است۔ آری باصطلاح شرع کفر واسلام نام ہماں مراتب است کہ منشا اثر نجات آخرۃ یا ہلاک ابدی ال جہاں باشد۔

الغرض اسلام اور کفر دا اپنے اپنے اثرات کے ظاہر ہونے کے اعتبار سے کلی مشکک ہیں۔ سب سے پہلا درجہ جو کہ نیچے کے درجے کے آثار کے ظہور کا مستوجب ہے یہی جزیہ کا قبول کرنا اور دار الحرب میں قیام کرنا ہے۔ ہاں شرع کی اصطلاح کفر واسلام انہی مرتبوں کا نام ہے کہ جو آخرت کی نجات کے اثر کا منشا یا اس آخرت کی ہمیشہ کی ہلاکت ہو۔

سخن پنجم بطور تمہید

سخن پنجم اینکہ دربارہ مومنات مہاجرات مے فرمایند

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا جَاءَكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ

پانچویں بات تمہید کے طور پر

پانچویں بات یہ ہے کہ ایمان والی ہجرت کرنیوالی عورتوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:-

اے ایمان والو جب تمہارے پاس ایمان والی ہجرت کرنیوالی

ا؎ سورہ ممتحنہ پارہ ۲۸ رکوع ۷

مهاجرات فامتحنوهن الله اعلم بایمانهن فان علمتموهن مومنات فلا ترجعوهن الی الکفار لا هن حل لهم ولا هم یحلون لهن ولا جناح علیکم ان تنکحوهن اذا اتیتموهن اجورهن ولا تمسکوا بعصم الکوافر واسئلوا ما انفقتم ولیسئلوا ما انفقوا ذلکم حکم الله یحکم بینکم والله علیم حکیم۔

واین امتحان بشهادت حدیث بخاری و مسلم که در باب الصلح آورده اقرار بان شرائط می نماید که هم در سورۂ ممتحنه در ذیل آیه[1]

یا ایها النبی اذا جاءک المومنت یبایعنک علی ان لا یشرکن بالله شیئا و لا یسرقن ولا یزنین الآیه

بیان فرموده اند حدیث مذکور اینست

عن عائشة قالت فی بیعة النساء ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کان یمتحنهن بهذه الآیة

یا ایها النبی اذا جاءک المومنت یبایعنک فمن اقرت بهذا الشرط منهن قال قد بایعتک انتهی مقام الحاجة

ودر بعض روایات یاد دارم لفظ فقط اقرت بالمحنة بجای جزاء من اقرت بهذا الشرط یا بجا هرچه شرط دران روایت است آمده۔ غرض اینجا فقط بتلفظ کلمة الاسلام اکتفا نفرموده اند اقرارهای زائد بکار رفت چون تعلق حقوق کفار باز نان مهاجرات باعث این احتیاط و این چنین کنج وکاو شد تعلق حقوق اهل اسلام اگر زائد ازین

عورتیں آئیں تو ان کو آزمالو۔ اللہ زیادہ جانتا ہے ان کے ایمان کو۔ پس اگر تم ان کو مومنات جان لو تو تم انہیں کفار کی طرف مت لوٹاؤ۔ نہ وہ عورتیں کفار کو حلال ہیں اور نہ وہ کفار ان مومنات کے لئے حلال ہیں۔ اور کوئی گناہ تم پر نہیں ہے اگر تم ان سے نکاح کر لو جب تم ان کو ان کے مہر دیدو اور اپنے قبضے میں کافر عورتوں کی عصمتوں کو نہ رکھو اور جو تم نے خرچ کیا مانگ لو اور جو انہوں نے خرچ کیا ہے وہ مانگ لیں۔ یہ اللہ کا حکم ہے جو تمہیں دیتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔

اور یہ امتحان بخاری اور مسلم کی حدیث جو کہ باب الصلح میں لائے ہیں کی شہادت کے مطابق ان شرائط کا اقرار ظاہر کرتی ہے کہ سورۂ ممتحنہ میں آیت ذیل میں اے نبی جبکہ آئیں تیرے پاس ایمان والی عورتیں تجھ سے بیعت کے لئے ان شرائط پر کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائینگی اور چوری نہ کرینگی اور زنا نہ کرینگی۔ الآیۃ

بیان فرمائی ہیں۔ حدیث مذکور یہ ہے۔

عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کو بیعت کرتے وقت اس آیت کے مطابق ان کو جانچ لیا کرتے تھے۔ (آیت یہ ہے)

اے نبیؐ جب آپکے پاس ایمان والی عورتیں بیعت کرنے کیلئے آئیں۔ پس جس عورت نے ان میں سے ان شرطوں کا اقرار کیا تو حضورؐ نے فرمایا میں نے تجھے بیعت کر لیا۔ ضرورت کے مطابق ختم ہوا۔

اور بعض روایات میں مجھے یاد پڑتا ہے کہ بجائے من اقرت بهذا الشرط کی جزائے اقرت بالمحنة یا جو کچھ شرط اس روایت میں ہے اس کی جگہ آیا ہے۔ بغرض یہاں صرف کلمۃ الاسلام کے تلفظ پر ہی اکتفا نہ فرمایا ہے بلکہ زیادہ اقرار بھی درکار ہوئے۔ چونکہ کفار کے حقوق کا تعلق ہجرت کرنے والی عورتوں کے ساتھ اس احتیاط اور چھان بین کا باعث بنا تو اہل اسلام کے

[1] سورۂ ممتحنہ رکوع ۲ پارہ ۲۸ - مترجم

نباشد کم ازیں ہم نباشد۔

علت جور ممنوع در وصیت

اکنوں سخنی دیگر عیاں میگویم جور در وصیت ممنوع ازاں است کہ حقوق وارثان باموال او تعلق گرفت۔ حالانکہ بالبداہت ہنوز در ملک اوست۔ وارثان ہنوز مالک نگردیدہ اند۔ حقوق خداوندی از زکوٰۃ و صدقۃ الفطر و قربانی و حج وغیرہ یا حقوق مالی بذمہ اوشاں تعلق نگرفتہ تصرفات مالکانہ از بیع و شراء کردن تواانند۔ ایں تعلق را یکطرف نہ و استحقاق اہل اسلام در اموال کفار کہ باشارہ

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ

موجہ دریافتہ یکطرف بگذار۔ و باز موازنہ کن کہ کدام پلہ گراں است بشہادت آیہ

لَا تَدْرُونَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا

بنا تعلق حقوق ورثہ امید خدمات و منافع است کہ گاہے صورت بندد و گاہی نہ بندد۔ و اگر بندد بدرجہ مساوات اموال متروکہ مورث گاہی رسد گاہی نرسد۔ البتہ امید و منتظر نفع رسانی ہردم است و بناء تعلق حقوق اہل اسلام باموال کفار اینست کہ از اصل آں اموال مخلوق بہر اہل اسلام اند نہ کفار۔ چنانکہ خوب دانستید۔ چوں ایں تعلق بنسبت آں تعلق قوی است چہ فرق زمین و آسمان است مراعات ایں حقوق نیز بنسبت مراعات حقوق ورثہ کہ از ممانعت جور در وصیت شدہ ہویدا است اقوی و اشد باشد مگر تعلق حقوق کفار باموال و ازواج اوشاں نہ چنداں است کہ اہل اسلام را وقت نزع بہ اموال خود باشد و ایں وقتیکہ ازواج کفار در دست اوشاں بر آمدہ باشند چہ در نزع ہنوز قبض بکمال نبود است۔ گو میدانم کہ لیس از ساعتی

حقوق کا تعلق اگر اس سے زیادہ ہوگا تو اس سے کم بھی نہ ہوگا۔

وصیت میں ممنوع، ظلم کی علت

اب درمیان میں ایک اور بات کہتا ہوں۔ وصیت میں ظلم اس سبب سے منع کیا گیا ہے کہ وارثوں کے حقوق کا وصیت کرنے والے کے مال سے تعلق ہو گیا۔ حالانکہ واضح طور پر ابھی حقوق وصیت کرنے والے کی ملک میں ہیں۔ وارث ابھی مالک نہیں ہوئے ہیں۔ خدا کے حقوق یعنی زکوٰۃ۔ صدقۃ الفطر، قربانی اور حج وغیرہ یا مالی حقوق ان کے ذمے تعلق نہیں ہوئے (اور ورثا) مالکانہ تصرفات بیع و شرا نہیں کر سکتے چلئے اس تعلق کو ایک پلڑے میں رکھئے اور مسلمانوں کا استحقاق کفار کے اموال میں جو کہ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ کے اشارہ کے مطابق توجیہ شدہ معلوم ہوتے ہیں انکو دوسری طرف رکھئے اور پھر مقابلہ کیجیے کہ کونسا پلہ بھاری ہے۔ آیت ذیل

تم نہیں جانتے کہ ان میں سے نفع کے اعتبار سے کون زیادہ قریب ہے[1]، کے مطابق ورثہ کے حقوق کے تعلق کی بنا پر خدمات اور منافع کی امید ہے کہ کبھی صورت اختیار کرے اور کبھی نہ کرے اور اگر اختیار کرے تو مساوات کے درجہ میں مورث کے چھوڑے ہوئے اموال کبھی ملتے ہیں اور کبھی نہیں ملتے۔ البتہ نفع رسانی کا گمان ہر وقت ہے اور مسلمانوں کے کفار کے مالوں کے ساتھ حقوق کے تعلق کی بنیاد یہ ہے کہ اس سے وہ مخلوق کے اموال مسلمانوں کیلئے ہیں نہ کہ کفار کے لئے جیسا کہ تم نے خوب جان لیا ہے چونکہ یہ تعلق اس تعلق کی نسبت قوی ہے کیونکہ ان میں زمین و آسمان کا فرق ہے ان حقوق کی مراعات بھی ورثہ کے حقوق کی مراعات کی بہ نسبت کہ وصیت میں ظلم کی ممانعت کی وجہ سے اسکی شدت ظاہر ہے زیادہ قوی اور زیادہ سخت ہو گی مگر کفار کے حقوق کا تعلق ان کی اپنی ازواج اور اموال کیساتھ اتنا نہیں ہے جیسا کہ مسلمانوں کو مرتے وقت اپنے اموال کا ہوتا ہے

---

[1] پوری آیت یہ ہے۔ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ لَا تَدْرُونَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا فَرِيضَةً مِّنَ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝ پارہ ۴۔ سورۃ نساء و رکوع ۲۔ مترجم۔

برمی خیزد، وباز قابض، یعنی مسلمان وقت نزع از اسلام
خود نہ برگردیدہ کہ اہلیت ملک واستحقاق اصلی آں از و رفتہ
باشد وکافراں با ایں ہمہ عجز ودرماندگی کہ از ارتفاع قبض
اوشاں از ازواج ظاہر است ہمانساں بر کفر اصرار دارند
بدیں سبب زیبا است اگر گفتہ آید کہ کفر اوشاں بنسبت
سابق ایندم سخت تر شد واز اہلیت ملک واستحقاق اصلی
آں فرسنگہا دور افتادند۔ چوں تعلق حقوق کفار با ازواج اوشاں
کم از اں است کہ وقت نزع کسی حق وارثانش تعلق گیرد وتعلق
حقوق ورثہ کم از تعلق حقوق اہل اسلام با اموال کفار۔ لاجرم
مراعاتیکہ دربارہ کفار بوجہ تعلق مذکور واجب باشد کہ بدیں وجہ
کار فرمودہ اند از مراعات دربارہ اسلام بوجہ تعلق معلوم
می باید کہ کم باشد واگر کم نباشد زائد ہم نباشد۔

اور وہ بھی اس وقت جبکہ کافروں کی بیویاں ان کے ہاتھوں سے
نکل گئی ہوں۔ کیونکہ نزع کی حالت میں ابھی قبضہ اپنے حال
پر ہے۔ گو ہم جانتے ہیں کہ تھوڑی دیر کے بعد اٹھ جائیگا اور
پھر قابض یعنی مسلمان نزع کے وقت اپنے اسلام سے برگشتہ
نہیں ہوا کہ اس کا اصلی استحقاق اور ملکیت کی اہلیت اس سے
چلی جائے اور کافران تمام مجبوریوں اور درماندگیوں کے باوجود
کہ بیویوں سے ان کے قبضے کے اٹھ جانے سے ظاہر ہے اسی طرح
کفر پر اصرار رکھتے ہیں۔ اس سبب سے اگر یہ کہا جائے تو زیبا ہے
کہ ان کا کفر پہلے کی بہ نسبت اس وقت زیادہ سخت ہوگیا۔ اور
اس کے اصلی استحقاق اور ملک کی اہلیت سے میلوں دور جا پڑے
چونکہ کفار کے حقوق کا تعلق ان کی بیویوں کے ساتھ اس سے کم
ہے جتنا کہ کسی کی جانکنی کے وقت اس کے وارثوں کا حق تعلق
اختیار کرتا ہے اور ورثہ کے حقوق کا تعلق کفار کے مال کے ساتھ مسلمانوں کے حقوق متعلق ہونے سے کم ہے
اس لئے لازمی طور پر جو مراعات کہ کفار کے بارے میں مذکورہ تعلق کی وجہ سے اور روا رکھی گئی ہیں اس وجہ سے عمل میں لائے گئے
ہیں اسلام کے بارے میں تعلق معلوم کی بناء پر مراعات[1] سے کم ہونی چاہئے اور اگر کم نہ ہو تو زائد نہیں ہونی چاہئے۔

مقدمات تمام شد چوں ایں مقدمات مذکورہ ممہد شدند میگویم کہ:۔

کفار اگر باطاعت اسلام جزیہ برسر گرفتند قبض جزی
اوشاں از قبض کلی کفار برآمدہ زیر قبض کلی اہل اسلام فرود
آورد۔ پس از انجا کہ ایں قدر انقیاد موجب نجات از صدمہ دنیوی
می تواند شد بر حاکم اسلام کہ بیک نہج خلیفۃ اللہ فی الارض
می باشد چنانچہ آیۃ

إِنِّي جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً[2]

مصحح ایں خیال است واجب آمد کہ از جان ومال اوشاں
تعرض نکند ونہ کردن دہد۔ چہ موافق انبساط حکومت وخلافت
انقیاد بہم رسیدہ می باید کہ تا دست رس او نجات نیز بہرہ اوشاں

مقدمات ختم ہوئے جب یہ مذکورہ مقدمات تمہید میں پیش ہو چکے تو میں کہتا ہوں کہ:۔

کفار نے اگر اسلام کی اطاعت میں جزیہ کو قبول کر لیا تو انکا
جزئی قبضہ کفار کے کلی قبضہ سے نکل کر مسلمانوں کے کلی
قبضے میں آگیا پس ظاہر ہے کہ اس قدر اطاعت دنیاوی
تکلیف سے نجات کا باعث ہو سکتی ہے۔ حاکم اسلام پر کہ
ایک طریقے پر زمین پر خلیفۃ اللہ ہوتا ہے جیسا کہ آیت

میں زمین میں خلیفہ بنانے والا ہوں

اس خیال کی تصحیح کرنے والی ہے تو حاکم اسلام پر واجب ہوگیا
کہ کفار کی جانوں اور مالوں سے چھیڑ چھاڑ نہ کرے اور دوسرے مسلمانوں
کو چھیڑ چھاڑ کرنے دے۔ کیونکہ اس کی خلافت اور حکومت کی وسعت

---

[1] یعنی کفار کی مراعات مسلمانوں کی مراعات سے کم ہونی چاہئیں۔ مترجم [2] سورہ بقرہ پارہ ۱ رکوع ۴ کی پوری آیت یہ ہے: وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّي جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً۔ مترجم

مسلم دارند۔ ومیدانی کہ حکومت ایں جہان را تا ابدان رسائی است وبدیں سبب قوت تصرف ابدان واموال اوشاں بہم رسیدہ تا بقلوب رسائی نیست۔ قلب اگر ہست بدست مقلب القلوب است و ایں طرف مال را وقایہ جان قرار دادہ اند۔ چنانچہ مداخلت آں در عبادت نیز ہمیں واسطہ بود۔ پس اگر مال خود را وقایہ جان گردانند وامان خواہند بامید آنکہ شاید بشاہدہ احوال اہل اسلام و استماع مذاہب اوشاں کہ بی قدری اختلاط صورت نہ بندد رغبتی بجانب اسلام بدل اوشاں درآید۔ مال مناسب حال اوشاں بذمہ اوشاں نہند تا قوت غزات نیز فزاید و اگر باین قدر اطاعت ہم راضی نشوند بلکہ ہمانساں قبض جزئی اوشاں زیر قبض کلی کفار باشد اموال اوشاں نہ تنہا حاکم اسلام را ربودن حلال است رعایا را نیز اجازت است بطوریکہ تو انند بربایند خواہ بزور خواہ بحیلہ۔ ہاں اگر قبض کلی اہل اسلام مزاحم حال رعایا اہل اسلام بودے چنانچہ در تعرض باموال اہل ذمہ می باشد البتہ ممانعت بجا بودی۔ ورنہ خود دانستی کہ جہاد و استخلاص اموال طیبہ از قبض کفار بطور کفایہ بر ذمہ ہر کس وناکس از اہل اسلام است مگر تا وقتیکہ زیر قبض کلی اہل اسلام قبض جزئی اہل اسلام نیاید یعنی در دار الحرب بود تا آندم زیر قبض کلی کفار باشد و دانستہ کہ قبض جزئی در حرکت وسکون تابع قبض کلی است ازیں وجہ قبض جزئی اہل اسلام قابل اعتبار نبود۔ قابل اعتبار ہماں قبض کلی باشد۔

کے موافق اطاعت حاصل ہوگئی[1] اس لئے چاہئے کہ اپنی دسترس تک نجات بھی ان کے لئے مسلم رکھیں۔ اور آپ کو معلوم ہے کہ اس جہان کی حکومت کو جسموں تک رسائی ہے اور اس سبب سے ان کے اموال اور ابدان میں تصرف کی قوت بہم پہنچی ہے اور دلوں تک رسائی نہیں ہے۔ دل اگر ہیں تو مقلب القلوب کے ہاتھ میں ہیں اور اس طرف مال کو جان کی بچاؤ کا سامان قرار دیا ہے۔ چنانچہ مال کا دخل عبادت[2] میں بھی اسی واسطے سے ہوتا ہے پس اگر اپنے مال کو جان کا محافظ قرار دیں اور امان چاہیں تو اس امید میں کہ شاید مسلمانوں کے احوال کے مشاہدے سے اور انکے دلائل سننے سے کیونکہ جو تھوڑے بہت ربط ضبط کے بغیر صورت اختیار نہیں کرسکتا کچھ رغبت اسلام کی طرف ان کے دل میں پیدا ہوگی اس وجہ سے ان کے حال کے مناسب کچھ مال ان کے ذمے رکھیں تاکہ غازیوں کی قوت بھی بڑھ جائے اور اگر اتنی اطاعت پر بھی راضی نہ ہوں بلکہ اسی طرح انکا جزئی قبضہ کفار کے مکمل قبضے کے تحت رہے تو اس صورت میں کفار کے اموال نہ صرف اسلام کے حاکم کو چھین لینے حلال ہیں بلکہ رعایا کو بھی اجازت ہے کہ جس طرح کرسکیں چھین لیں خواہ طاقت سے خواہ تدبیر سے۔ ہاں اگر مسلمانوں کا کلی قبضہ مسلمانوں کی رعایا کے حال کے مزاحم ہوتا جیسا کہ ذمیوں کے اموال کے ساتھ چھیڑ چھاڑ میں ہوتا ہے تو البتہ ممانعت بجا ہوتی۔ ورنہ آپ خود جانتے ہیں کہ جہاد اور پاکیزہ مالوں کا کفار کے قبضے سے بطور کفایہ نکال لینا مسلمانوں میں سے ہر کس وناکس کے ذمے ہے مگر جب تک کہ مسلمانوں کے مکمل قبضے کے ماتحت، مسلمانوں کا جزئی قبضہ نہیں آتا ہے یعنی مسلمان دار الحرب میں ہی رہتا ہے تو اس وقت تک کفار کے کلی قبضے کے نیچے ہی رہے گا اور تمہیں معلوم ہے کہ جزئی قبضہ حرکت وسکون میں قبض کلی کے تابع ہوتا ہے اس وجہ سے مسلمانوں کا جزئی قبضہ قابل اعتبار نہ ہوگا اعتبار کے قابل وہی کلی قبضہ ہوگا۔

غرض تا وقتیکہ در دار الحرب است اندیشہ استخلاص کفار

غرض جب تک کہ مسلمان دار الحرب میں ہے کفار کی

---

[1] یعنی اپنی حدود مملکت میں۔ مترجم۔ [2] یعنی جان بچیگی تو عبادت کریگا اور جان بچیگی تو اموال کے ذریعہ بچیگی اور پھر اسلام قبول کرکے عبادت کا موقع مل سکے گا۔ مترجم

آں اموال را از اہل اسلام باشد وقبض تام متحقق نشود بلکہ بمنزلہ قبض غاصب بمعرض زوال بود وکان لم یکن شمردہ شود۔ نظر بریں تا دمیکہ از دار الحرب بروں نشود استخلاص متحقق نگردد تا مالکش گویند وقابض ومتصرف توانند مگر ہمیں طور مال اہل اسلام کہ از ذمیان کفار باشد نیز بقبض کلی کفار بود وقبض جزئی اہل اسلام پرتو ہماں قبض باشد نہ بالاستقلال تا مانع تاراج اہل اسلام شمردہ شود۔ چوں ایں قدر مانع دست اندازی غزات نیست چنانچہ دانستی وایں طرف لحوق عار کہ بوجہ عرد نش حکم کفار ضروری است محرک وباعث ہجرت وترک تعلقات آنہا ودسرمایہ نجات از صحبت وآثار صحبت آں اشرار امام ابو حنیفہؒ باباحت استخلاص آں نیز فتوی دادند۔ مگر بہر حال احراز کہ حقیقتش ہماں استخلاص از قبض کلی کفار است ضروری است۔

باقیماندہ کلام دریں امر کہ احراز در صورت جہاد وسرقہ وغصب وحیلہ وفریب اگر شرط کنند بظاہر بجا است کہ ازاں طرف اندیشہ استخلاص است مگر درقمار وربو اگر مالی از اموال کفار بدست افتد ایں شرط کردن بجائے خود نیست۔ ہاں اگر فقط زیر قبض کلی کفار بودن علت ممانعت بودی ایں شرط بجائے خود بود وتحقیق ایں سخن بر سخنی دیگر موقوف است۔ اول آنرا باید شنید۔

کفار نزد حنفیہ مخاطب بفروع نیستند۔ مگر معنیش ایں است کہ درصورت مسلمان گردیدن اوشاں تدارک وتلافی مافات از اوشاں نخواہند اگر فرض ترک کردند بقضائیش تکلیف ندہند واگر مرتکب معصیتی از معاصی خداوندی شدند جرمانہ

طرف سے ان اموال کا مسلمانوں سے چھین لینا ممکن ہے اور مکمل قبضہ متحقق نہیں ہوگا۔ بلکہ غصب کر لینے والے کی طرح زوال کی جگہ میں ہوگا اور یہ سمجھا جائیگا کہ گویا تھا ہی نہیں۔ نظر بریں جبتک کہ دار الحرب سے باہر نہیں ہوگا خلاصی متحقق نہ ہوگی تا آنکہ اس کو مالک کہیں اور قابض اور تصرف کرنیوالا کہ سکیں۔ مگر اسی طرح سے ان مسلمانوں کا مال بھی جو کہ کفار[1] کے ذمی ہیں، کفار کے کلی قبضے میں ہوگا اور مسلمانوں کا جزئی قبضہ اسی قبضے کا عکس ہوگا نہ کہ مستقل قبضہ تا آنکہ مسلمانوں کے لوٹنے کیلئے مانع قرار دیا جائے جب اتنا قبضہ غازیوں کی دست اندازی کیلئے مانع نہیں ہے جیسا کہ آپنے جان لیا اور اس طرف کفار کے حکم کے عارض ہونے کی وجہ سے بے عزتی کا لاحق ہونا جو ضروری ہے جو کہ ہجرت اور ان سے تعلقات کے قطع کر دینے کا باعث اور محرک ہے ان شریر کافروں کی صحبت اور انکی صحبت کے آثار سے امام ابو حنیفہؒ نے اس مال کی خلاصی کے مباح ہونے کا فتویٰ دیا مگر بہر حال بچاؤ کہ اسکی حقیقت وہی کفار کے مکمل قبضے سے خلاصی ہے ضروری ہے۔

باقی رہا کلام اس امر میں کہ جہاد، چوری، غصب اور حیلہ وفریب کی صورت میں احراز اگر شرط کریں تو بظاہر درست ہے کہ اس طرف سے استخلاص کا اندیشہ ہے لیکن جوئے اور سود میں اگر کفار کے مالوں میں سے کوئی مال ہاتھ لگ جائے تو یہ شرط کرنا اپنی جگہ ٹھیک نہیں۔ ہاں اگر کفار کے کلی طور پر قبضے میں ہونا ممانعت کی علت ہوتی تو یہ شرط بجائے خود درست تھی۔ اس بات کی تحقیق دوسری بات پر موقوف ہے پہلے اس کو سننا چاہیئے۔

کفار حنفیہ کے نزدیک فروع کے مخاطب نہیں ہیں مگر اس بات کا مطلب یہ ہے کہ کفار کے مسلمان ہو جانے کی صورت میں مافات کی تلافی اور تدارک ان سے نہیں طلب کریں گے اگر کفار نے پہلے فرض ترک کیا تو اسکی قضا کرنیکی تکلیف

[1] یعنی دار الحرب میں مسلمان کفار کے ماتحت ہیں اور ان کو حکومت کفار نے امان دے رکھی ہے ان مسلمانوں کے اموال پر کفار کا کلی قبضہ ہوگا۔ اگرچہ مسلمانوں کا جزئی قبضہ متصور ہوگا۔ مترجم

مقررہ بر سرش نہ نہند یا آنکہ در آخرت بسزای ایں معاصی و ترک آں فرائض عذاب نفرمایند. فقط اگر عذاب کنند بر ترک ایمان عذاب کنند نہ آنکہ در بارہ صحت و عدم صحت آں باعتبار تفریع آثار مقصودہ دریں عالم ہیچ کتابی وخطابی یا نہی وعتابی نیز ازاں طرف نرسیدہ. اگر ہمچو آیۂ

يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ[1]

را بنگرند یقین دانند کہ ایں نیست داینہم کلام دور دراز است. میگویم معاملات باہمی کہ مباح وغیر مباح اند فقط باعتبار مومناں ایں دو قسم نیست کفار نیز شریک ایں تقسیم اند. فرق اگر باشد ہماں فرق ثواب وعقاب باشد یا قدر قلیل بوجوہ خاصہ از یکدیگر متمیز باشند.

تفصیل اجمال | تفصیل ایں اجمال ایں است کہ معاملات منہیہ کہ مفید ملک نبوند بر دو قسم است.

یکی آنکہ وجہ ممانعت در صلب معاملہ بود.

دوم آنکہ وجہ ممانعت از خصوصیت بائع و مشتری خیزد جائیکہ علت ممانعت اول است آں معاملہ مفید ملک نبود نہ در حق اہل اسلام و نہ در حق کفار و جائیکہ وجہ ممانعت متعلق بمعاملہ نیست بلکہ تعلق بارباب معاملہ داشتہ باشد آنجا ممکن است کہ یک معاملہ در حق اہل اسلام مفید ملک نباشد و در حق کفار مفید ملک بود. مثلاً اگر اشتراء خمر و خنزیر اگر مفید ملک در حق اہل اسلام نیست وجہش ایں نیست کہ ایں معاملہ علی الاطلاق مفید ملک نتواں شدنی وجہش

نہ دینگے اور اگر وہ خدا کی نافرمانیوں میں سے کسی گناہ کے مرتکب ہونگے تو مقررہ جرمانہ اس کے سر پر نہ رکھیں گے یا یہ کہ آخرت میں ان گناہوں کی سزا اور ان فرائض کے ترک پر عذاب دینگے. فقط اگر عذاب دیں گے تو ایمان کے ترک کرنے پر سزا دینگے نہ یہ کہ اس عالم میں آثار مقصودہ کے متفرع ہونے کے اعتبار سے اس کے صحیح ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں کوئی کتاب اور خطاب یا نہی اور عتاب بھی اس طرف سے نہیں پہنچا ہے. اگر آیت ذیل

جو اللہ کے عہد کو اس کے کرنے کے بعد توڑتے ہیں اور جس چیز کے ملانے کا اللہ نے حکم دیا ہے اس کو کاٹتے ہیں اور زمین میں فساد کرتے ہیں وہ لوگ خسارہ پانے والے ہیں۔

کو دیکھیں تو یقین سے جان لیں گے کہ یہ بات نہیں ہے اور یہ بھی دور دراز کا کلام ہے. میں کہتا ہوں کہ باہمی معاملات جو کہ مباح اور غیر مباح ہیں فقط مومنوں کے اعتبار کے مطابق بھی دو قسم کے نہیں ہیں کفار بھی اس تقسیم میں شریک ہیں. فرق اگر ہوگا وہی ثواب اور عذاب کا فرق ہوگا یا خاص وجوہ کی وجہ سے ایک دوسرے سے تھوڑا سا ہی فرق رکھتے ہونگے۔

تفصیل اجمال | اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ منع کئے گئے معاملات جو ملک کو مفید نہوں دو قسم کے ہیں۔

ایک یہ کہ ممانعت کی وجہ معاملہ کے اندر ہی ہو۔

دوسرے یہ کہ ممانعت کی وجہ بائع اور مشتری کی خصوصیت کی وجہ سے پیدا ہو جس جگہ ممانعت کی علت پہلی ہے تو وہ معاملہ ملکیت کیلئے مفید نہیں ہوتا نہ تو مسلمانوں کے حق میں اور نہ کفار کے حق میں. اور جس جگہ ممانعت کی وجہ معاملے سے متعلق نہیں بلکہ معاملہ والوں سے تعلق رکھتی ہو وہاں ممکن ہے کہ ایک معاملہ اہل اسلام کے حق میں ملکیت کیلئے مفید نہو اور کفار کے حق میں ملکیت کو مفید ہو. مثلاً اگر شراب اور خنزیر کی خریداری مسلمانوں کے حق میں ملکیت بننے کی صلاحیت نہیں رکھتی تو اس کی وجہ یہ نہیں ہے کہ یہ

[1] پارہ الم. رکوع ۳. سورۂ بقرہ. مترجم

ایں است کہ خمر و خنزیر در حق اہل اسلام مال نیست۔ چہ مال آنست کہ منافع در وجود داشتہ باشد و ایں جا در حق اہل اسلام احتمال نفع مفقود است۔ چہ معنی تحقق منافع اینست کہ منافع از مضار زیادہ باشند۔ و ہمچنیں معنی تحقق مضار غلبہ مضار است بر منافع۔ چہ در موجودات چیزی نیست کہ بجمیع الوجوہ نافع بود یا بجمیع الوجوہ مضر۔ اگر چیزی در حق کسی نافع است در حق دیگری مضر۔ بلکہ اگر در حق احدی در چیزی منفعتی و دیعت نہادہ اند در حق ہماں کس مضرتے او نیز بوجہ دیگر در وی باشد۔ نمی بینی کہ ہوا در حق بنی آدم و حیوانات صحرائی چہ قدر نافع است و در حق جانوران دریائی چہ قدر مضر۔ و آب در حق جانوران دریائی چہ قدر مفید است و در حق جانوران صحرائی چہ قدر مضر و باز در آب و ہوا بوجہ دیگر چہ قدر منافع در حق آں کہ مضر است مشاہدہ میکنم مدار زندگانی جانوران صحرائی بر ہوا است و مدار زندگانی جانوران دریائی بر آب۔ مگر باز ہم جانوران صحرائی را آب بہر نوشیدن وغیرہ ضرور است و جانوران دریائی را ہمیں سان ہوا بغرض چند مطلوب۔ چوں معنی نافع و مضر بودن چیزی ایں است کہ منافع او از مضار یا مضار او از منافع زیادہ باشند نہ آنکہ تنہا منافع باشند کہ ایں کار کار وجود مطلق و وجود صرف است و نہ آنکہ تنہا مضار بوند کہ ایں صفت صفت عدم بحت است۔ از ممکن خاص ایں توقع بیجا است کہ اینجا ترکیب از وجود و عدم ہر دو است چہ آنکہ مرکب بودن ممکنہ خاصہ از دو قضیتین مختلفتین بالایجاب والسلب نیز اشارہ باں میکند ہر کہ میداند خود میداند و آنکہ نمی داند گو نداند کہ ما را نیز دریں بحث زیادہ گنج و کاؤ مد نظر نیست۔ غرض ما بہر طور حاصل است اگر بعض اشیاء نافع محض یا مضر بحت باشند ما را چہ زیاں۔ کلام ما در اں اشیاء است کہ بمعنی نافع

معاملہ مطلق طور پر ملکیت میں دیدینے کی صلاحیت نہیں رکھتا نہیں بلکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ شراب اور خنزیر مسلمانوں کے حق میں مال نہیں ہے کیونکہ مال وہ ہوتا ہے کہ اپنے اندر منافع رکھتا ہو اور یہاں پر مسلمانوں کے حق میں نفع کا احتمال مفقود ہے۔ کیونکہ منافع کے وجود میں آنے کا مطلب یہ ہے کہ منافع نقصانات سے زیادہ ہوں اور اسی طرح نقصانات کے واقع ہونے کا مطلب منافع پر نقصانات کا غلبہ ہونا ہے۔ کیونکہ موجودات میں کوئی چیز ایسی نہیں ہے کہ تمام وجوہ سے نفع بخش ہو یا تمام وجوہ سے ضرر رساں۔ اگر ایک چیز کسی کے حق میں نفع بخش ہے تو دوسرے کے حق میں مضر بلکہ اگر کسی کے حق میں کسی چیز میں کوئی نفع ودیعت رکھا ہے تو اسی شخص کے حق میں اس کی مضرت بھی دوسری وجہ سے ہوتی ہے۔ دیکھتے نہیں کہ ہوا بنی آدم اور صحرائی جانوروں کے لئے کس قدر نفع بخش ہے اور دریائی جانوروں کے لئے کس قدر مضر اور پانی دریائی جانوروں کے لئے کس قدر مفید ہے اور صحرائی جانوروں کے لئے کسقدر مضر اور پھر آب و ہوا میں اس کے لئے کہ مضر ہے کسی دوسری وجہ سے کتنے منافع ہیں جو ہم دیکھتے ہیں۔ صحرائی جانوروں کی زندگی کا دار و مدار پانی پر ہے۔ مگر پھر بھی صحرائی جانوروں کے لئے پینے وغیرہ کیلئے پانی ضروری ہے اور دریائی جانوروں کے لئے اسی طرح ہوا چند اغراض کے لئے درکار ہے جب کسی چیز کے نافع اور ضرر رساں ہونے کے معنی یہ ہیں کہ اس کے منافع، نقصانات سے یا اس کے نقصانات، منافع سے زیادہ ہوں نہ یہ کہ صرف منافع ہوں کیونکہ یہ کام صرف خداوند تعالیٰ کا ہے کہ اس کی ذات میں منافع ہی ہوتے ہیں اور نہ یہ کہ وہ صرف ضرر رساں ہی ہوں کیونکہ یہ صفت عدم مجرد کی صفت ہے ممکن خاص سے یہ امید غلط ہے کیونکہ یہاں وجود اور عدم دونوں سے ترکیب ہے جیسا کہ قضیہ ممکنہ[1] خاصہ کا ایجاب اور سلب کے

[1] قضیہ ممکنہ خاصہ اور ممکنہ عامہ کی تعریفیں اور حوالیں پہلے کسی مکتوب میں تحریر کی جا چکی ہیں وہاں ملاحظہ فرمائیں۔ مترجم

ہاند واز جہتی مضر مثل خمر وخنزیر۔ چنانچہ دربارہ ترکیب خمر از منفعت ومضرت نص قاطع ،

فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ مِن نَّفْعِهِمَا۔

نیز شاہد داریم۔ وہرکہ از منافع ومضار خمر آگاہ شد منافع ومضار خنزیر وترکیب آں ازاں ودخول آنہا دراں خود پی خواہد برد۔ ودریں چنیں اشیاء مدار نافع ومضر بودن بر ہماں غلبہ خواہد بود وبجا خواہد بود۔ کہ درصورت تعارض بقدر مساوی تساقط لازم است ہرچہ باقی خواہد بود ہماں قدر قابل اعتبار باشد کہ ساقط کَانْ لَمْ يَكُنْ است مگر ایں مضر بودن ایں چنیں اشیاء اگرچہ باعتبار ایں عالم نیز باشد مگر چنداں جلی نیست کہ ہرکس وناکس بہ پندارد۔ آری باعتبار آخرت جلی وبدیہی است

دو مختلف قسموں سے مرکب ہونا بھی اسکی طرف اشارہ کرتا ہے۔ جو شخص کہ جانتا ہے خود جانتا ہے اور جو نہیں جانتا ہے گو نہ جانے کہ ہمیں بھی اس بحث میں زیادہ بال کی کھال نکالنی مدنظر نہیں ہے ہماری غرض ہر طریقے سے حاصل ہے اگر بعض چیزیں محض نفع بخش یا خالص ضرر رساں ہوں تو ہمارا کیا بگڑتا ہے ہمارا کلام ان چیزوں میں ہے جو ایک حیثیت سے نفع بخش اور ایک حیثیت سے نقصان دہ مثلاً شراب اور خنزیر۔ چنانچہ شراب کے نفع اور مضرت سے ترکیب پانے کے متعلق یقینی حکم

اُن[1] دونوں میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کیلئے منافع بھی ہیں اور ان دونوں کا گناہ نفع سے زیادہ بڑا ہے۔

بھی ہمارے پاس گواہ ہے اور جو شخص شراب کے منافع اور نقصانات سے آگاہ ہوگیا تو خنزیر کے نقصانات اور منافع اور دونوں کے ترکیب پانے اور ان کا اسمیں داخل ہونا خود جان لیگا اور ان جیسی چیزوں میں نافع اور مضر ہونے کا دارومدار اسی غلبے پر ہوگا اور بجا ہوگا کہ تعارض کی صورت میں قدر مساوی کا ساقط ہونا لازم ہے جو باقی رہے گا اسی قدر قابل اعتبار ہوگا۔ کیونکہ ساقط معدوم کے برابر ہے۔ مگر ان جیسی اشیاء کا یہ مضر ہونا اگرچہ اس دنیا کے اعتبار سے بھی ہوتا ہے۔ مگر زیادہ نمایاں نہیں ہے کہ ہرکس وناکس سمجھ لے۔ ہاں آخرت کے اعتبار سے واضح اور ظاہر ہے۔

فسادات خمر وخنزیر

از خمر قوت علمیہ شارب فاسد شود چنانچہ زوال عقل درحالت سکر خود ایں دعوی است۔ واز خوردن گوشت خنزیر خللی بیّن در قوت عملیہ رو دہد۔ رغبت نجاسات وتنجس جانی ازو زاید۔ بے غیرتی در مکثرین ایں غذاء خبیث روز بروز فزاید چنانچہ از تجربہ عیاں است۔ وتاثیرات اغذیہ از گرمی وسردی دست دلیل آں۔ چہ کثرت گوشت جانوری رفتہ رفتہ مزاج بدن را چناں قریب مزاج گوشت آں جانور گرداند کہ استعمال اغذیہ حارہ مثلاً بارد مزاجان را در زمان دراز حار مزاج گرداند۔ ومیدانی کہ بہر ہر مزاجی

شراب اور خنزیر کے فسادات

شراب سے پینے والے کی علمی (جاننے کی) قوت خراب ہو جاتی ہے چنانچہ نشے کی حالت میں عقل کا زائل ہو جانا اس دعوے پر خود گواہ ہے۔ اور خنزیر کا گوشت کھانے سے واضح خلل قوت عملیہ میں ظاہر ہوتا ہے۔ ظاہری نجاستوں اور اخلاقی ناپاکیوں کی طرح اس سے رغبت بڑھتی ہے اس خبیث غذا کو بکثرت کھانے والے لوگوں میں بے غیرتی دن بدن بڑھتی ہے جیسا کہ تجربے سے ظاہر ہے اور گرم وسرد غذاؤں کی تاثیریں اسکی دلیل ہیں۔ کیونکہ کسی جانور کے گوشت کی کثرت رفتہ رفتہ جسم کے مزاج کو اس جانور کے گوشت کے قریب بنا دیتا ہے جیسا کہ مثال کے طور پر گرم غذاؤں کا استعمال ٹھنڈے

---

[1] پوری آیت یہ ہے وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ مِن نَّفْعِهِمَا پارہ سیقول سورۂ بقرہ رکوع ۲۷۔ مترجم

اخلاق جداگانہ مناسب باشند وازیں جا است ہر کرا بصورت سگ می بینیم مے دانیم کہ در طبیعتش حملہ بر ہر کس و ناکس وعوعو کردن نہادہ اند۔

غرض باطلاع کیفیت جسم بکیفیت روح پی می بریم پس چہ عجب کہ بکثرت استعمال خنزیر بے حیائی زاید و بے غیرتی فزاید۔ چہ خنزیر میانہ دیگراں وصف ممتاز است ہر خنزیرکہ خواہد بمادۂ دیگری ہرچہ خواہد بکند۔ اما رگ غیرت آں نجوشد آری جانمدی را سواء ایں ناپاک نہ بینی کہ بایں قدر بے حیائی امتیاز یافتہ باشد وایں ہم مے دانی کہ حیا شعبۂ عظیم از ایمان است کہ از افعال قلوب واعمال دل است۔

بالجملہ از خمر خللی نمایاں در عقل راہ می یابد واز خنزیر رخنۂ عظیم در قوت عملیہ وارادہ می افتد و میدانی کہ سامان آخرت ہمیں علم وعمل است ولبس۔ ہر کرا علم صحیح وعمل صالح عنایت فرمودہ اند گویا دستاویزی بہر دعوی حق خود در نعماء آخرت دادہ اند وایں چار گروہ ممدوح خدا انبیاء علیہم السلام وصدیقان کرام وشہداء ذوی الاحترام وصالحان نیک انجام اگر ایں شرف یافتہ اند طفیل ہمیں علم و عمل است۔ انبیاء علیہم السلام وصدیقاں اگرچہ در عمل ہم کم نباشند اما گوئی سبقت در علم ربودہ اند وشہداء وصالحان اگرچہ خالے از علم نبوند اما در بارہ اعمال جانبازیہا نمودہ اند۔

الغرض مدار کار آخرت بر اسلوبی ایں دو قوت است الخبیثی مصلح ایں دو قوت است آمدہ در بارہ آخرت مضر باشد پس اہل اسلام کہ مطمح نظر ایشاں آخرت بود نزد ایشاں ایں دو چیز یعنی خمر و خنزیر اگر مستحق شوند چہ متنجح شوند کہ از حرمتی آخرت مسعود مشتاء علیا اگر گویند کہ خمر و خنزیر در حق اہل

مزاج کے لوگوں کو عرصہ دراز میں گرم مزاج بنا دیتا ہے اور آپ جانتے ہیں کہ ہر مزاج کے لئے جدا جدا اخلاق مناسب ہوتے ہیں اور یہیں سے یہ بات نکلتی ہے کہ جس کسی کو کتے کی شکل میں دیکھتے ہیں تو ہم جانتے ہیں کہ اسکی طبیعت میں ہر کس وناکس پر حملہ کرنا اور بھونکنا قدرت نے رکھا ہے۔

غرض جسم کی کیفیت سے باخبر ہونے کے ذریعہ روح کی کیفیت کا پتہ چلا لیتے ہیں پس کیا عجب ہے کہ خنزیر کے بکثرت کھانے سے بیحیائی پیدا ہو اور بے غیرتی کی زیادتی ہو کیونکہ خنزیر دوسرے جانوروں سے اس صفت میں جدا ہے جو خنزیر کہ چاہتا ہے دوسرے کی مادہ پر جستجو چاہے کرے لیکن اسکی غیرت کی رگ نہیں پھڑکتی۔ ہاں کسی اور جانور کو اسکے ماسوا ناپاک نہ دیکھو گے کہ جو اس قدر بے حیائی میں ممتاز ہو۔ اور یہ بھی آپ جانتے ہیں کہ حیا ایمان کا ایک بڑا شعبہ ہے جو کہ دلوں کے افعال اور قلب کے اعمال میں سے ہے۔

الحاصل شراب سے عقل میں نمایاں خلل راہ پاتا ہے اور خنزیر کے کھانے سے قوت عملیہ اور قوت ارادیہ میں بڑا رخنہ پڑتا ہے اور آپ کو پتہ ہے کہ آخرت کا سامان یہی علم وعمل ہی تو ہے جس کسی کو صحیح علم اور صالح عمل اللہ نے عنایت فرمایا ہے۔ گویا اپنے حق کے لئے آخرت کی نعمتوں کی ایک دستاویز دیدی ہے اور یہ چار گروہ جنکی اللہ نے تعریف کی ہے۔ انبیاء علیہم السلام، صدیقین کرام، شہداء ذوی الاحترام اور صالحین نیک انجام نے اگر یہ فضیلت حاصل کی ہے تو اسی علم وعمل کے طفیل ہی پائی ہے۔ انبیاء علیہم السلام اور صدیقین اگرچہ عمل میں بھی کم نہیں ہوتے لیکن علم میں سب سے آگے ہوتے ہیں اور شہداء اور صالحین اگرچہ علم سے خالی نہیں ہوتے لیکن اعمال کے بارے میں انہوں نے بڑی قربانیاں دی ہوتی ہیں۔

الغرض آخرت کے کام کا دارومدار ان دو علمی اور عملی قوتوں پر ہے۔ اگر کوئی چیز ان دو قوتوں کے مزاج کو بگاڑتی ہے تو اسکو آخرت کے بارے میں مضر سمجھنا چاہئے پس مسلمان جنکا نقطۂ نظر آخرت ہوتی ہے نہ کہ دنیا ان دو چیزوں یعنی شراب اور خنزیر سے

اسلام مال نیست و در حق کفار مال است چناں باشد که گویند که فلاں دوا در حق آں کس مفید است در حق ایں کس مضر۔

بالجملہ ایں، مقتضائے اشتراء خمر و خنزیر در حق اہل اسلام و اباحت آں در حق کفار که از بعض احکام ہویدا است مبنی برایں است که عرض کردہ شد لیکن جملہ معاملات را بریں اشیاء قیاس نباید فرمود که در بعض معاملات بناء ممانعت بر قبح ذاتی معاملہ است آنجا خصوصیت ارباب معاملہ نیست مثل ربوٰ و قمار و غصب و سرقہ که در حق اہل اسلام و ہم کفار یکساں در افادہ آثار ایں عالم برابر اند۔

اثر بیع صحیح و بیع غیر صحیح

اثر اول اینکہ بیع صحیح چناں که در حق جملہ بنی آدم مفید ملک است ربوٰ و قمار و غصب و سرقہ در حق کسی مفید ملک نیست اگر ہست بوجہ ظلم است که باختلاط آں ملک مستفاد چناں مجملہ ظلم و جور گردد که آب طاہر باختلاط نجس متنجس مے گردد و بہر حال مفید ملک باشد یا نباشد بوجہ آنکہ ہمیں اسباب از اقسام ظلم گردیدہ اند رد مال مستفاد واجب است و ازیں جا دانستہ باشی و قتیکہ ملک مختلط با ظلم را ہمچو آبیکہ باختلاط نجس او را نجس گویند ظلم گفتیم۔ ملکیکہ نہ ایں چنیں باشد ملک انصاف باشد۔

اکنوں مے گویم که مال مستفاد اگر بہمہ وجوہ غیر مملوک باشد آں را ظلم خالص باید پنداشت و اگر مختلط است ظلم مخلوط که بعد تحلیل چناں که از آب مذکور نجاست خالص جدا شود ایں جا ظلم خالص بر آید۔ غرض انجام ظلم خالص و ظلم مخلوط واحد است۔ استحقاق مالکی مظلوم ساقط نمی شود۔ چوں کلام در قمار و

نفع اُٹھائینگے تو کیا نفع اُٹھائینگے جبکہ اصلی غرض ہی ہاتھ سے نکل جاتی ہے اس بنا پر اگر شراب اور خنزیر مسلمانوں کے حق میں مال نہیں ہے اور کفار کے حق میں مال ہے تو یہ ایسا ہی ہوگا کہ کہیں کہ فلاں دوا اس شخص کے حق میں مفید اور اس کے حق میں مضر ہے۔

الحاصل اس شراب اور خنزیر کی خریداری مسلمانوں کے حق میں ناجائز اور کفار کیلئے مباح ہے جیسا کہ بعض احکام سے واضح ہے اسی اصول پر مبنی ہے جو عرض کئے گئے لیکن تمام معاملات کو انہی اشیاء پر قیاس نہ کرنا چاہئے کیونکہ بعض معاملات میں ممانعت کی وجہ معاملے کی ذاتی برائی کی وجہ سے ہے۔ وہاں معاملہ کرنے والوں کی خصوصیت نہیں ہے جیسے سود اور جوا، غصب اور چوری کہ مسلمانوں اور کفار دونوں کیلئے اس دنیا کے آثار کے نتیجے میں برابر ہے۔

صحیح بیع اور غیر صحیح بیع کا اثر

پہلا اثر یہ ہے کہ صحیح بیع جیسا کہ تمام بنی آدم کے حق میں ملکیت کی صلاحیت رکھتی ہے سود، جوا، غصب اور چوری بھی کسی کے حق میں ملکیت کی صلاحیت نہیں رکھتے اگر ہے تو ظلم کی وجہ سے ہے کہ اس سے مل جانے سے فائدہ حاصل کی گئی ملکیت ظلم و جور کی وجہ سے ایسی خراب ہو جاتی ہے جیسا کہ پاک پانی ناپاک پانی کے ملنے سے ناپاک ہو جاتا ہے اور بہر حال مفید ملک ہو یا نہ ہو مگر اس وجہ سے کہ یہ اسباب ظلم کی قسموں میں سے ہو گئے ہیں مال مستفاد کا رد کر دینا واجب ہے اور یہیں سے آپ نے جان لیا ہوگا جبکہ ہم نے ظلم کے ساتھ ملی ہوئی ملکیت کو اس پانی کی طرح جس میں نجس پانی مل گیا ہو ناپاک کہتے ہیں ہم نے ظلم کہا ہے تو جو ملک اس طرح کی نہ ہو انصاف کی ملک ہوگی۔

اب میں کہتا ہوں کہ مال مستفاد اگر تمام وجوہ سے مملوک نہ ہو اس کو خالص ظلم خیال کرنا چاہئے۔ اور اگر ملی جلی ہے تو ظلم بھی ملا جلا ہوگا کہ تحلیل کرنے کے بعد جیسا کہ مذکورہ پانی سے خالص نجاست جدا ہو جاتی ہے تو اس جگہ بھی خالص ظلم نکل جائیگا غرضیکہ خالص ظلم اور مخلوط ظلم دونوں کا انجام ایک ہے مظلوم کی ملکیت کا حق ساقط نہیں

ربوٰا است فقط ازیں دو بحث باید کرد۔

کلام در قمار و ربوٰا

چنانکه آب را بہر سیرابی و آتش را بہر سوختن آفریده اند بہر تبدل ملک نیز از مالکی بمالکی بعض معاملات را تجویز فرموده اند بنا ر آں ہمہ بر اں است کہ عدل و اتفاق ملحوظ ماند چوں حال قمار و ربوٰا کامیابی سود خواران و قمار بازاں بی عوض باشد لاجرم مال دیگراں بے وجہ ظلما خورده باشند و میدانی کہ قبح ظلم و نزاع بدیہی است۔

وجہ قبح ظلم و نزاع

و وجہش ہمیں است کہ ظلم در قبح خود محتاج واسطه دیگر نیست۔ از دیگر چیزہا کسب قبح نکرده تا خفائی در وی باشد ہمیں است معنی قبح ذاتی نظر بریں عقد ربا و قمار در ربا و حاصل قمار با ہر کہ باشد و از ہر کہ باشد مفید ملک نبود۔

دو خلجان باعث تردد

ایں جا رسیده بعید نیست کہ دو خلجان باعث تردد در تسلیم ایں قوا شوند۔

اوّل اینکه دعوی بی دلیل مسموع نتواں شد و خوبی عدل و انصاف بدیہی است۔ اما ایں از کجا ضروری التسلیم شد کہ بناء معاملات بر عدل و اتفاق باشد۔ اگر گویند عدل و اتفاق بجای خود ضروری است اما ہمچو صوم و صلوٰة بناء معاملات نیز بر اں نیست۔ جوابش چیست۔

دوم ایں کہ فقہا و پیشیں عقد ربا را ہمچو عقود فاسده بعد قبض مفید ملک پنداشته اند اگرچه آں ملک را ملک خبیث داشته باشند اندریں صورت تصریح [illegible]

ہوتا ہے۔ چونکہ ہمارا کلام جوئے اور سود کے متعلق ہے اس لئے صرف انہی دو سے بحث کرنی چاہئے۔

جوئے اور سود میں گفتگو

جیسا کہ پانی کو سیراب کرنے کیلئے اور آگ کو جلانے کیلئے پیدا کیا ہے ایسے ہی ملک کی تبدیلی کے لئے بھی ایک مالک سے دوسرے مالک کی طرف بعض معاملات کو جائز قرار دیا ہے ان سب تبدیلیوں کی بنیاد اس پر ہے کہ انصاف اور اتفاق ملحوظ رہے چونکہ جوئے اور سود میں سود خواروں اور جواریوں کی کامیابی عوض کے بغیر ہوتی ہے اس لئے یقیناً وہ لوگ دوسروں کا مال بلاوجہ ظلماً کھاتے ہیں اور آپ جانتے ہیں کہ ظلم اور جھگڑے کی برائی بلا دلیل واضح ہے۔

ظلم اور نزاع کی برائی کی وجہ

اور اسکی وجہ یہی ہے کہ ظلم اپنی برائی میں دوسرے واسطے کا محتاج نہیں ہے ظلم نے دوسرے مضامین (امور) سے برائی حاصل نہیں کی ہے کہ اس میں کوئی ڈھکی چھپی بات ہو اور یہی ذاتی برائی کا مطلب ہے اگر اکیلے اندر خود برائی ہو اس اصل سے اتفاق سود اور جوئے کا معاملہ سود میں اور قمار کی آمدنی میں جس شخص کے ساتھ ہو اور جس شخص سے ہو ملک کے لئے مفید نہیں۔

تردد کے باعث دو خلجان

اس مقام پر کچھ تعجب نہیں ہے کہ دو خلجان اس قول کے تسلیم کرنے میں تردد کا باعث بنیں۔

اوّل یہ کہ کوئی دعویٰ دلیل کے بغیر نہیں مانا جا سکتا اور یہ کہ عدل و انصاف کی اچھائی واضح ہے لیکن یہ کہاں سے تسلیم کرنا ضروری ہو گیا کہ معاملات کی بنیاد عدل اور اتفاق پر ہوتی ہے۔ اگر لوگ کہیں کہ عدل و اتفاق اپنی جگہ ضروری ہے لیکن روزہ اور نماز کی طرح معاملات کی بنیاد بھی ان پر نہیں ہے۔ اس کا کیا جواب ہے۔

دوسرے یہ کہ پچھلے فقہا نے ربا کے معاملے کو فاسد معاملات کی طرح قبضے کے بعد ملکیت کے مفید خیال کیا ہے اگرچہ اس ملکیت کو ناپاک ملکیت قرار دیا ہو اس صورت میں

وقمار مفید ملک نیست وآنہم چناں عام کہ نہ تخصیص مومن است
نہ تخصیص کافر، چگونہ بدل نشیند۔ لہٰذا ضرور افتاد کہ دریں بارہ
نیز قلم سودہ شود

مقدمات چند درباب آنکہ عقد ربو و قمار مفید ملک نیست

اول بطور تمہید مقدمہ چند گذارش مے کنم بغور باید شنید

ا۔ مرکب را از اجزاء خود ناگزیر است و اضافت را از
اطراف خود و عرض را از موصوف بالذات و موصوف بالعرض
علاوہ بریں گاہی عروض را بضرورت ایصال وصف از
موصوف بالذات تا موصوف بالعرض ضرورت محرکات و آلات
می افتد و ہمچنیں گاہی بغرض قبول اثر ضرورت رفع موانع از وصول
اثر و قبول آں شے افتد۔ جملہ توقفات ازیں اقسام انشاء اللہ
خارج نخواہند بود۔ و آنکہ علت غائی را خارج ازیں دانستہ
باشی از مغالطہ نظر باشد ورنہ اگر بغور بینی علت غائی اگر علت
است باعتبار وجود ذہنی است نہ باعتبار وجود خارجی کہ آں
خود موقوف بر وجود معلول معلوم است نہ برعکس تا محتاج علت

اس معنی کی وضاحت کہ ربا اور جوئے کا عقد ملکیت کیلئے مفید نہیں ہے
اور وہ بھی ایسا عام کہ نہ اس میں نہ مومن کی تخصیص ہے نہ کافر کی۔
کسطرح دل میں بیٹھ جائے۔ لہٰذا ضروری ہوا کہ اس بارے میں بھی
قلم فرسائی کی جائے۔

چند مقدمات کہ ربا اور جوئے کا معاملہ ملک کیلئے مفید نہیں

اول تمہید کے طور پر چند مقدمات گذارش کرتا ہوں بغور سنیئے۔

۱۔ مرکب[1] کے لئے اپنے اجزاء کا ہونا ضروری ہے۔ اور
اضافت[2] کے لئے اپنے اطراف یعنی مضاف اور مضاف الیہ کا ہونا
اور عرض[3] کے لئے موصوف بالذات[4] اور موصوف بالعرض کا ہونا ضروری
ہے مزید برآں کبھی عروض کو موصوف بالذات سے موصوف بالعرض
تک وصف کے پہنچانے کی ضرورت کی وجہ سے محرکات اور آلات کی
ضرورت پڑتی ہے اور اسی طرح کبھی اثر کے قبول کرنے کیلئے اثر کے
وصول اور اس کے قبول کرنے سے موانع کو ہٹانے کی ضرورت ہوتی
ہے تو اس قسم کے تمام توقفات[5] (ضروریات) انشاء اللہ اس مقدمے
سے باہر نہیں جائینگے اور یہ بات کہ علت[6] غائی کو اس سے خارج
آپ نے سمجھ لیا ہوگا تو یہ نظر کا مغالطہ ہے ورنہ اگر غور سے دیکھو گے

---

[1] علم نحو میں مرکب دو لفظوں یا زیادہ کا مجموعہ ہوتا ہے۔ مثلاً مرکب توصیفی، موصوف اور صفت سے مل کر بنتا ہے جیسے زن خوبرو یا مرکب اضافی مضاف اور مضاف الیہ کا مجموعہ ہوتا ہے جیسے تاج شاہ۔ لہٰذا مرکب کیلئے اجزاء کا ہونا لازمی ہے اجزاء کے بغیر مرکب کہلانا ناممکن ہے۔ مترجم۔ [2] اضافت کے لئے مضاف اور مضاف الیہ کا لازم ہونا ضروری ہے کیونکہ اضافت تو مضاف الیہ کے ساتھ تعلق کی نشانی ہے۔ مترجم۔ [3] جو چیز اپنے وجود میں کسی چیز کی محتاج ہو وہ عرضی کہلاتی ہے جیسے دیوار پر سفیدی عرضی ہے جو موصوف بالذات یعنی دیوار پر عارض ہوتی ہے۔ اگر دیوار جو اپنی ذات سے قائم ہے جس کو موصوف بالذات کہنا چاہیئے نہ ہو تو سفیدی کا وجود نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا سفیدی کا دیوار پر بطور عرض ہے۔ مترجم۔ [4] موصوف بالذات جو ذاتی طور پر وصف رکھتا ہو اور اپنے وصف میں دوسرے کا محتاج نہ ہو جیسے سورج کا نور ذاتی ہے کسی اور سے حاصل نہیں کیا گیا ہے۔ لیکن چاند کا نور عرضی ہے جو سورج سے لیا گیا ہے لہٰذا سورج موصوف بالذات اور چاند موصوف بالعرض ہیں۔ مترجم۔ [5] توقفات جس کا ترجمہ ہم نے ضروریات کیا ہے ان امور کو کہتے ہیں جن کا ہونا ایک دوسرے پر موقوف ہو۔ مترجم۔ [6] کسی چیز کی علت غائی وہ ہوتی ہے جس کے لئے وہ چیز بنائی جاتی ہے۔ مثلاً کرسی کی علت غائی اس پر بیٹھنا ہے جس کے لئے وہ بنائی گئی ہے۔ بڑھئی علت فاعلی اور لکڑی علت مادی اور کرسی کی شکل کو علت صوری کہا جاتا ہے۔ مترجم

متحقق شود وخود مے دانی کہ علم از اقسام محرکات است نہ غیر۔ نظر بریں اعتراف بایں امر ضروری است کہ عقد را ضرورت عاقدین است وانعقاد را ضرورت منعقدین۔ چہ ایں ہردو مضمون اضافی اند وآں دو اطراف آنہا پس اگر یکے ہم ازیں اطراف مفقود شود عقد وانعقاد متحقق نگردد۔ مگر مفقود بودن اطراف گاہی در معرض تسلیم نباشد کہ نظر غلط کار گاہی بغلط افگند و معدوم موجود بنماید۔

تو علت غائی وجود ذہنی کے اعتبار سے علت ہے، نہ کہ وجود خارجی کے اعتبار سے کہ وہ خود مذکورہ معلول کے وجود پر موقوف ہے نہ برعکس تاکہ علیت کے معنی متحقق ہو جائیں اور تمہیں خود معلوم ہے کہ علم محرکات کی اقسام میں سے ہے نہ غیر کی۔ اس بنا پر اس امر کا اعتراف ضروری ہے کہ کسی معاملے کے عقد کیلئے عاقدین (دو معاملہ کرنے والوں) کی ضرورت ہے اور کسی معاملے کے انعقاد کے لئے منعقدین (دو منعقد ہونے والے معاملوں) کی۔ کیونکہ یہ دونوں باتیں مضمون (عقد اور انعقاد) اور ان کی دونوں طرفیں یعنی عاقدین اور منعقدین اضافی مضمون ہیں۔ اگر ان دونوں اطراف میں سے ایک بھی نہ پائی جائے گی تو عقد اور انعقاد بھی وجود میں نہیں آئے گا۔ لیکن اطراف کا مفقود ہونا کبھی قابل تسلیم نہیں ہوتا کہ غلط کام کرنے والی نظر کبھی غلط چیز پر پڑجاتی ہے اور معدوم کو موجود دکھاتی ہے۔

مثال نظر غلط کار کہ معدوم را موجود می نماید

در بیوع باطلہ ہمیں نہ باشد مثلاً بیع میتہ ودم را بیع باطل گویند و بظاہر مبیع و ثمن ہر دو موجود مگر چوں نظر را تیز کنیم حق از باطل و موجود از معدوم نمایاں شود۔ اینجا میتہ ودم را یکی از منعقدین می بینیم۔ مگر نہ ایں چنیں است چہ بیع عقد مطلق نیست عقد شرعی است کہ مخصوص باموال باشد وازیں جا است کہ بتعریفش مبادلۃ المال بالمال گفتہ اند ومے دانی کہ میتہ ودم مال نیست۔ مال آں است کہ منفعتی در بر داشتہ باشد وایں جا خود ہویدا است کہ مضرتہا بر روی کار است نہ منفعتہا۔

غلط کار نظر کی مثال جو معدوم کو موجود دکھائے

باطل بیوع میں یہی ہوتا ہے مثلاً مردہ جانور اور خون کی بیع کو باطل بیع کہتے ہیں حالانکہ بظاہر بیچی گئی چیز اور قیمت (دونوں اطراف) موجود ہیں۔ لیکن اگر ہم نظر کو تیز کریں تو حق باطل سے اور موجود معدوم سے نمایاں ہو جاتا ہے۔ یہاں ہم مردہ اور خون کو منعقدین میں سے ایک دیکھتے ہیں مگر ایسا نہیں ہے کیونکہ بیع مطلق عقد نہیں ہے شرعی عقد ہے کہ اموال کے ساتھ مخصوص ہوتا ہے اور یہیں سے یہ بات نکلی کہ بیع کی تعریف مال کا مال کے ساتھ تبادلہ فقہا نے کی ہے اور آپ جانتے ہیں کہ مردہ اور خون مال نہیں ہیں مال تو وہ ہے جس کے اندر کوئی نفع موجود ہو اور مردہ اور خون کی بیع میں خود ظاہر ہے کہ مضرتیں ہی مضرتیں سامنے ہیں منافع نام کو بھی نہیں۔

چوں ازیں تحقیق کہ نافع کیست و مضر چیست فارغ شدہ ایم روازیں سو گردانیدہ می گویم کہ چوں دریں اضافت خصوصیت مال ملحوظ باشد و میتہ ودم مثلاً از اقسام اموال نبر آمد اگر گویم کہ مال نیست وایں گفتن ہماں است کہ طرف نسبت واضافت اعنی مبیع نیست چہ لے جا است

جب اس تحقیق سے کہ نافع کون ہے اور مضر کیا ہے ہم فارغ ہو گئے ہیں تو اس طرف سے بے فکر ہو کر میں کہتا ہوں کہ چونکہ اس اضافت میں مال کی خصوصیت ملحوظ ہوتی ہے اور مردار اور خون مثلاً اموال کی قسم میں سے نہ نکلے۔ اگر ہم کہیں کہ مال نہیں ہے اور یہ کہنا اسی طرح ہے کہ نسبت اور اضافت کی ایک ...

ہمچنیں در مبیعات معدومہ و مجہولہ خیال باید فرمود۔

چیزیکہ بدست خود نباشد بیع آں ممنوع است

بنا منع بیع ما لیس عندک بر ہمیں است و بیع حبل الحبلہ باین معنی که در بیع حبل الحبلہ بیع بود اگر ممنوع است ہم ازیں است و نہی از بیع ثمار قبل بر آمدن نیز اگر باطل است بہمیں وجہ باطل است۔

بیع مجہولات

چوں ایں ہمہ مسئلہ بیع معدومات را روشن کرده شد از حال مجہولات نیز چیزے باید گفت۔ اگر بیع حیوان مجہول مثلاً کنند ہر چند حیوانات کثیره بعالم باشند مگر ایں ہماں وجود است کہ در حبل الحبلہ و بیع و ما لیس عندک بلکہ نوع ثمار ہم اکثر در عالم موجود باشند۔ مگر چوں در مقر تعلق ایں اضافت نیست در حق اضافت معدوم است یعنی از انجا کہ انعقاد را ضرورت عقد است کہ از آثار اوست و عقد را ضرورت علم کہ از محرکات اوست بے تعین علمی کہ وقت حصول صورت معلوم ضرور است تعلق ایں اضافت متصور نیست۔

دوم اینکہ تسعیر کار خدا تعالےٰ است نہ غیر در حدیث شریف است۔

اِنَّ اللہ ھُوَ المُسَعِّر

چنانچہ حدیث مذکور در اوراق آئنده مے آید۔ وجہ اگر پرسی ایں است کہ

وجہ گرانی کہ از جانب خدا است کہ معلوم ہماں است نہ غیر

ظلم و انصاف در معاملات باشد اگر حق بحق مقابل

سائے یعنی مبیع نہیں ہے تو کیا بے جا ہے۔ اسیطرح وہ بیع کی گئی چیزیں جنکا وجود ہی نہیں یا مجہول ہیں ان کو خیال کرنا چاہئے۔

وہ چیز جو اپنے قبضہ میں نہ ہو اس کی بیع جائز نہیں ہے

جو چیز تمہارے پاس نہیں اسکی بیع منع ہے کی بنیاد بھی اسی پر ہے اور حاملہ جانور کے حمل کی بیع اسی معنی میں کہ حاملہ کے حمل کی بیع میں وہ حمل مبیع ہوتا ہے اگر ممنوع ہے تو اسی وجہ سے ہے اور درختوں پر پھلوں کے آنے سے پہلے ان کا بیچنا بھی اگر باطل ہے تو اسی وجہ سے باطل ہے کہ یہ سب چیزیں مجہول ہیں۔

نامعلوم چیزوں کی بیع

جب ان جیسی معدوم چیزوں کی بیع کو مثالوں نے واضح کر دیا تو نامعلوم چیزوں کے حال کے متعلق بھی کہنا چاہئے اگر مجہول حیوان کی بیع مثلاً کریں تو اگرچہ بہت سے حیوانات عالم میں ہیں مگر یہ وہ وجود ہے جو حاملہ کے حمل کے حمل اور جو چیز تمہارے پاس نہیں ہے اسکی بیع میں کہا پایا جاتا ہے۔ کیونکہ حبل الحبلہ اور ما لیس عندک کی نوع بلکہ پھلوں کی نوع بھی اکثر دنیا میں موجود ہیں مگر چونکہ اس اضافت کے تعلق کی جگہ میں نہیں ہیں تو اضافت کے حق میں معدوم ہیں یعنی چونکہ انعقاد کو عقد کی ضرورت ہے کہ اس کے آثار میں سے ہے اور عقد کو علم کی ضرورت ہے جو کہ اسکے محرکات میں سے ہے علمی تعین کے بغیر صورت معلوم کے حصول کے وقت ضروری ہے اس اضافت کا تعلق متصور نہیں ہے۔

دوسرے یہ کہ بھاؤ مقرر کرنا خدا تعالیٰ کا کام ہے نہ اور کسی کا حدیث شریف میں ہے۔

یقیناً اللہ تعالیٰ ہی وہ بھاؤ مقرر کرنیوالا ہے

چنانچہ مذکورہ حدیث آئندہ اوراق میں آتی ہے۔ اگر وجہ پوچھتے ہو تو یہ ہے کہ

گرانی کی وجہ جو کہ خدا کی جانب سے ہے کہ بھاؤ مقرر کرنیوالا وہی ہے

ظلم اور انصاف معاملات میں ہوا کرتا ہے اگر کوئی

شد بحکم آنکہ

اذا تعارضا تساقطا

حقوق باہمی ساقط شدند و مصداق عدل و انصاف بہم رسید باعتبار تساوی یکی بدیگری و حق بحقی عدل است کہ عدل تسویہ است و معادلہ مساوات و باعتبار آنکہ مجموعہ حقوق طرفین بوجہ مساوات منقسم بمتساویین شد انصاف است کہ تنصیف حقوق کردہ اند مگر ایں تساوی و تناصف را وحدۃ پیمانہ و میزان ضرور است آری ہر جا پیمانہ دگر است و میزانی دگر جنس و نوع نیز پیمانہ ایست کہ باتحاد آں تساوی نوعیت ضروری است۔ مگر چوں متحد الانواع را پیمانہ دگر بکار است تا تساوی و عدم تساوی مرتبہ تشخص ہم متحقق شود لہٰذا در گندم و جو وغیرہ کیلیات و فضہ و ذہب وغیرہ وزنیات ضرورت ایں پیمانہا و ایں میزانہا افتاد تا از بالا گرفتہ تا زیر مساوات متحقق شود و معنی عدل و انصاف نمایاں گردد۔ مگر قطع نزاع باینچنیں پیمانہا جائی است کہ عوضین متحد الانواع باشند۔ اما در مختلف الانواع از اتحاد پیمانہا و میزانہا کہ بغرض دریافتن مرتبہ مساوات مطلوب باشند قطع نزاع و عدل و رفع ظلم متصور نیست۔ چہ تساوی نوعی بنوعی ازیں پیمانہا معلوم نشود۔ آں پیمانہ و میزان کہ بہر تسویہ ایں چنیں اشیاء بکار است رغبت است کہ تقوم اشیاء ہم مبنی بر آں است۔ مگر ازانجا کہ نسبت یک چیز تفاوت رغبات متصور ست در بیع و شراء اول اعتبار رغبت عاقدین باید فرمود۔ اگر کسی یک من گندم بیک روپیہ گیرد و زیادہ ازاں ندہد و دیگر یک من گندم بیک روپیہ دہد و بکم ازاں ندہد۔ بایں تراضی متحقق شود کہ پیمانہ رغبت ایں بہ پیمانہ رغبت آں برابر است۔

درینجا دانستہ باشی کہ اموال مختلف الانواع باعتبار

حق کسی دوسرے حق کے مقابل ہو گیا تو اس حکم کے مطابق جبکہ دو چیزیں متعارض ہو گئیں تو دونوں ساقط ہو جائیں گی۔

باہمی حقوق ساقط ہو گئے اور عدل و انصاف کا مصداق بہم پہنچ گیا۔ مساوات کے اعتبار سے ایک دوسرے کے ساتھ اور ایک حق دوسرے حق کے ساتھ عدل ہے کیونکہ عدل برابری کا نام ہے اور معادلہ مساوات کا نام ہے اور اس اعتبار سے کہ طرفین کے حقوق کا مجموعہ مساوات کی وجہ سے دو برابر چیزوں میں تقسیم ہو گیا تو اس کا نام انصاف ہے کہ حقوق کو نصف نصف کر دیا ہے مگر اس مساوات اور نصف نصفی کو ترازو اور پیمانے کا ایک ہونا ضروری ہے۔ ہاں جہاں کہیں پیمانہ دوسرا ہے اور میزان بھی دوسری تو جنس اور نوع بھی ایسا پیمانہ ہیں کہ ان کے اتحاد سے نوعیت کی برابری ضروری ہے۔ مگر چونکہ ایک ہی جیسی قسم کی چیزوں کے لئے دوسرا پیمانہ درکار ہے تاکہ مرتبہ تشخص کی تساوی اور عدم تساوی بھی متحقق ہو لہٰذا گیہوں اور جو وغیرہ پیمانے کی چیزیں اور چاندی اور سونا وغیرہ وزنی چیزوں کیلئے ان پیمانوں اور ان ترازوؤں کی ضرورت پڑی تاکہ اوپر سے لیکر نیچے تک برابری پائی جائے اور عدل و انصاف کی حقیقت ظاہر ہو مگر ان جیسے پیمانوں سے جھگڑے کا خاتمہ وہاں ہوتا ہے کہ جس میں عوضین ایک ہی قسم کی چیزیں ہوں لیکن مختلف اقسام میں پیمانوں اور ترازوؤں کے اتحاد سے جو برابری کا مرتبہ معلوم کرنے کے لئے مطلوب ہوتے ہیں نزاع کا دور کرنا اور عدل قائم کرنا اور ظلم کو ہٹا دینا خیال میں نہیں آسکتا۔ کیونکہ ایک قسم کی چیز کی دوسری قسم کے ساتھ برابری ان پیمانوں سے معلوم نہیں ہوتی ہے۔ وہ پیمانہ اور ترازو کہ ان جیسی چیزوں کے برابر کرنے کے لئے درکار ہیں وہ خواہش ہے کہ چیزوں کا قیمت دار ہونا اسی پر مبنی ہے مگر چونکہ ایک چیز کی نسبت خواہشات میں فرق ہو سکتا ہے اس لئے خرید و فروخت میں سب سے پہلے بائع اور مشتری کی رغبت کا اعتبار کرنا چاہیے۔ اگر کوئی ایک من گندم ایک روپیہ میں لے اور اس سے

مالیت و رغبت ہمہ یکنوع اند چہ ضرورت وحدت پیمانہ
در بارہ دریافتن تساوی و عدم تساوی یا وحدت میزان
بہر ایں غرض پس از اتحاد بالائی باشد۔ مگر چوں مالیت
ہر نوع باعتبار نفعی جدا است یا گویم باعتبار رغبتی
جدا است و ایں را ضرور است کہ ہر جا ما بہ النفع جدا باشد
اگر گویم کہ مقصود بالبیع آں مرتبہ است کہ منشا نفع و محل
رغبت می بود بجا باشد لیکن بعد مشاہدہ اصناف اموال
ما اموال را باعتبار منافع بدو قسم یافتیم

زیادہ نہ دے اور دوسرا شخص ایک من گیہوں ایک روپیہ میں دے اور
اس سے کم میں نہ دے اس رضامندی سے یہ حقیقت کھلتی ہے کہ اس کی
رغبت کا پیمانہ اس شخص کی رغبت کے پیمانے کے برابر ہے۔
اور یہیں سے جان لیا ہوگا کہ مختلف قسم کے مال مالیت اور
رغبت کے اعتبار سے تمام ایک نوع کے ہیں کیونکہ برابری اور نابرابری
کے معلوم کرنے کیلئے ایک ہی پیمانے یا ایک ہی ترازو کی یا ایک ہی پیمانے
کی ضرورت اس مقصد کے لئے اتحاد بالائی کے بعد ضروری ہے۔ مگر
چونکہ ہر نوع کی مالیت نفع کے اعتبار سے جدا ہے یا یوں کہوں کہ رغبت
کے اعتبار سے جدا ہے اور اس کے لئے ضروری ہے کہ ہر جگہ ما بہ النفع جدا ہو۔ اگر میں کہوں کہ بیع سے مقصود وہ
مرتبہ ہے جو کہ نفع کا منشا اور رغبت کا محل ہو تو بجا ہے۔ لیکن اموال کی قسموں کے مشاہدے کے بعد ہم نے
اموال کو منافع کے اعتبار سے دو قسم کا پایا۔

اموال باعتبار منافع بدو قسم است

یکی آنکہ منشا نفع و محل رغبت
دراں مرتبہ نوع بود نہ تشخص
چنانکہ کیلیات و وزنیات
ہمہ از ہمیں قبیل اند۔ چہ گندم و جو وغیرہ اگر نافع
اند و مرغوب باعتبار غذائیت مثلا نافع و مرغوب
اند و مے دانی کہ از اختلاف تشخص دریں قدر
اختلافی پدید نیاید۔
و ازیں جا است کہ اثمان در معاملات متعین نشوند۔
دوم آنکہ منشا نفع و محل رغبت ہم مرتبہ نوع باشد و
ہم مرتبہ تشخص۔ و ایں جائی است کہ اشخاص مختلفہ
باعتبار منافع و رغبات مختلف باشند مثل اسپ و
گاو و دیگر حیوانات۔ چہ ہر اسپی را رفتاری جدا است
مثلا و ہر گاوی را شیر مختلف در یکی دہنیت۔ زیادہ
است و در یکی کم۔ و باز آں شیر در گاوی زیادہ و
در گاوی کم۔ نظر بریں اگر گویم کہ جائی مرتبہ نوع مبیع و
مقصود بالذات باشد و جائی مرتبہ تشخص بیجا نبود۔

منافع کے اعتبار سے اموال کی دو قسمیں

ایک قسم یہ کہ نفع کا منشا اور رغبت
کا محل اس مرتبے میں نوع ہو نہ
کہ تشخص۔ جیسا کہ ناپ کی چیزیں
اور وزن کی چیزیں تمام اسی قبیل سے ہیں۔ کیونکہ گیہوں اور جو
وغیرہ اگر نافع اور مرغوب ہیں تو غذا ہونے کی حیثیت سے
نافع اور مرغوب ہیں اور آپ کو معلوم ہے کہ تشخص کے اختلاف
کی وجہ سے اتنی سی بات میں کوئی اختلاف ظاہر نہیں ہوتا۔
اور یہیں سے یہ بات پیدا ہوتی ہے کہ معاملات میں قیمتیں متعین
نہیں ہوتیں۔ دوسرے یہ کہ نفع کا منشا اور رغبت کا محل ہی نوع کے ہم مرتبہ ہو اور تشخص
کے ہم مرتبہ۔ اور یہ اس جگہ ہے کہ مختلف اشخاص منافع اور رغبات کے
اعتبار سے مختلف ہوں۔ مثلاً گھوڑا اور گائے اور دوسرے حیوانات۔
کیونکہ ہر گھوڑے کی رفتار جدا ہوتی ہے اور ہر گائے کا دودھ مختلف ہوتا ہے
ایک دودھ میں گھی زیادہ نکلتا ہے اور ایک میں کم۔ اور پھر وہ دودھ
ایک گائے میں زیادہ اور دوسری میں کم ہوتا ہے۔ اس کو پیش نظر رکھیں یہ
کہوں کہ کسی جگہ نوع کا مرتبہ مبیع اور مقصود بالذات ہوتا ہے
اور کسی جگہ تشخص کا مرتبہ تو بے جا نہیں ہوگا۔

نرخ نام ہمیں تساوی است

اکنوں بشنو کہ نرخ نام ہمیں تساوے است کہ در بیع ملحوظ و مقصود باشد۔ مگر بناء تساوی یا بر اتحاد نوع است و وحدت پیمانہ چنانکہ در کیلیات و وزنیات می بینی یا بر تساوی رغبت است چناں کہ در غیر اینہا مشاہدہ مے کنی لیکن در حقیقت بناء کار بر تساوی رغبت است۔ در مختلف الانواع حال ظاہر است۔

اما در عوضین متحد النوع اگرچہ بظاہر خفا است لیکن چوں بنگرند کہ در صورت اتحاد کیل و وزن تساوی رغبت ضروری است چہ منشاء رغبت و محل اکنوں مساوی شد و مبیع بودنش مبنی بہمان است اینجا نیز واضح مے شود کہ نظر بر تساوی رغبت است۔ بہر حال رغبت باشد یا نوعیت تساوی ایں باشد یا تساوی آں ہمہ بدست او تعالیٰ است بدست ما نیست کہ یکی را برابر دیگر گردانیم۔ اندریں صورت در معاملہ کہ مساوات میسر نیاید بلکہ یکطرف زیادتی و یکطرف نقصان باشد بقدر زیادتی خالی از عوض باشد و از بیع بیکطرف چہ بیع را دانستی کہ محتاج منعقدین است۔ انعقاد بیکطرف متحقق نشود۔ انعقاد بیع نسبتی است کہ ہر دو طرف بہر تحققش ضروری است و ازیں جہت اعتراف بانکہ عقد ربا مفید ملک نیست و قدر ربا ہنوز بملک دہندہ آں است بملک گیرندہ نیامدہ واجب و لازم۔ لیکن ازانجا کہ ربا وقت کمی و بیشی کیل و وزن در کیلیات و وزنیات متحد النوع متحقق شود و دریں صورت ہمچنانکہ قدر زائد موجود است ہمچناں قدرِ مساوی انعقاد صورت بستہ چہ سامان آں موجود۔ و مے دانی کہ معلول از لوازم علت تامہ باشد۔ پس چوں عاقدین و عقد و

نرخ اسی تساوی کا نام ہے

اب سنئے کہ نرخ اسی برابری کا نام ہے جو کہ بیع میں ملحوظ اور مقصود ہوتی ہے۔ مگر تساوی کی بنیاد یا تو اتحاد نوع اور وحدت پیمانہ پر ہے جیسا کہ ناپ اور وزن کی چیزوں میں آپ دیکھتے ہیں یا رغبت کی تساوی پر ہے جیسا کہ ان کے علاوہ میں آپ دیکھتے ہیں لیکن حقیقت میں کام کی بنیاد رغبت کی تساوی پر ہے۔ مختلف انواع میں حال ظاہر ہے۔

لیکن متحد النوع عوضین میں اگرچہ بظاہر خفا ہے لیکن اگر غور سے دیکھیں کہ کیل اور وزن کے اتحاد کی صورت میں تساوی رغبت ضروری ہے کیونکہ رغبت کا منشا اور محل اب برابر ہو گیا۔ اور اس کا مبیع ہونا اس بات پر مبنی ہے۔ یہاں بھی واضح ہوتا ہے کہ نظر رغبت کی تساوی پر ہے۔ بہر حال رغبت ہو یا اس تساوی کی نوعیت ہو یا اس کی تساوی ہو یا ان کی سب اللہ تعالیٰ کے قبضے میں ہے ہمارے ہاتھ میں نہیں ہے کہ ہم ایک کو دوسرے کے برابر کر دیں۔ اس صورت میں اس معاملے میں جس میں کہ مساوات میسر نہ ہو بلکہ ایک طرف زیادتی اور ایک طرف کمی ہو تو زیادتی کے بقدر عوض سے خالی نہ ہوگا اور بیع سے ایکطرف ہوگا کیونکہ بیع کے متعلق آپ نے جان لیا ہے کہ وہ ثمن اور مبیع کی محتاج ہے۔ صرف ایک طرف انعقاد متحقق نہ ہوگا۔ بیع کا منعقد ہونا ایک نسبت ہے کہ اس کے وجود کیلئے ثمن اور مبیع کا ہونا ضروری ہے اور اسی وجہ سے اس بات کا اعتراف کہ سود کا عقد ہونا ملک کیلئے مفید نہیں ہے اور سود کی مقدار ابھی اسکے دینے والے کی ملک میں ہے اور لینے والے کی ملکیت میں نہیں آئی واجب اور لازم ہے۔ لیکن چونکہ ایک ہی قسم کی تولی جانیوالی اور ناپ کی چیزوں میں وزن اور ناپ کی کمی اور زیادتی کیوقت سود کا ہونا پایا جاتا ہے اور اس صورت میں جیسا کہ زائد مقدار موجود ہے اسی طرح برابری کی مقدار بھی موجود ہے اتنی بات کا اقرار ضروری ہے کہ مساوی

و متعاقدین موجود اند انعقاد نیز متحقق شدنی است۔ باقی ماند مجہولیت یک طرف انعقاد یعنی اینکہ قدر مساوی از قدر زائد معلوم نیست۔ اگر قادح است در تسلیم آں قادح است نہ در انعقاد۔ چہ بعلم مقدار یک طرف مقدار طرف ثانی نیز معلوم شد و بہر انعقاد و ایں جا ہمیں قدر ضرور است۔ چہ مقصود بالبیع مرتبہ نوعیت است بشرطیکہ مقدر بکیل معلوم یا وزن معلوم باشد۔ ایں تشخص یا آں تشخص را دریں بارہ مداخلت نیست۔ و ہر چہ مقصود بالبیع باشد وجود خارجی و وجود ذہنی آں ضروری است نہ غیر آں۔ پس اگر تشخص معین کہ ایں جا کلی را ازاں ناگزیر است موجود نباشد چہ حرج۔ آری وقت تسلیم ضرورت آں می افتد تا غیر مبیع با مبیع مخلوط شدہ نرود و معنی ظلم متحقق نشود۔ و معادلہ کہ بناء معاملہ براں بود بصورت ظلم و پیرایہ جور ظہور نہ فرماید۔ ازیں جہت قبل تسلیم ایں چنیں معاملہ واجب الفسخ باشند تا بگنجائش مطالبہ چہ رسد و بعد تسلیم ہر قدر مساوی ملک عارض شود۔ و زائد ازاں عاری و خالی از ملک ماند۔ لیکن ازاں جا کہ شرکت مشاع است چنانکہ ہمہ اجزاء معروض ملک اند ہم خالی از ملک باشند۔ یا گوئیم ہمہ اجزاء مملوک بائع و مشتری باشند بالجملہ ملک است اما مخلوط بملک غیر۔ و ایں نیز از اقسام ملک خبیث است بلکہ اشد اقسام آں۔ و وجہش ہماں ظلم است کہ قبحش بدیہی است۔ چہ قبح او مکتسب از مضمونے دگر نیست اگر واسطہ بمیاں بودی مضائقہ نبودے۔ و مے دانی کہ وصف ذاتی ہماں است کہ بے واسطہ باشد

اور ابی بردہؓ بن ابی موسیٰ سے روایت ہے
انہوں نے کہا کہ میں مدینے آیا تو میں عبد اللہ بن
سلام سے ملا تو انہوں نے فرمایا تم ایسی جگہ ہو
کہ جہاں سود کھلم کھلا ہے پس جب کہ تمہارا
کسی شخص پر حق ہو اور وہ تمہیں توڑی یا جو
یا گھاس کا گٹھا بھیجے تو تم اس کا یہ ہدیہ قبول مت کرو
کیونکہ وہ سود ہے۔ اس کو بخاری نے روایت کیا۔

یہ تینوں حدیثیں جو ایک دوسرے کے متصل ہیں مشکوٰة میں باب الربوٰ
میں مذکور ہیں، قطعی دلیل ہیں اس بات پر کہ اس ملک کے رہن کی
آمدنی اور منافع یقیناً سود کی قسم سے ہیں پس اگر رہن ناموں کے
ظاہری الفاظ پر نظر ہے کہ لکھتے ہیں میں نے وہ منافع بخش دیئے
اور حلال کر دیئے" یہاں پر بھی ابدی کا لفظ ہے جو کہ منفعت کے
ہدیہ ہونے پر دلالت کرتا ہے نہ اس کے سود ہونے پر۔ اور اگر معنی کا
اعتبار ہے پس جیسا کہ احادیث سے اخذ کی گئی صورتوں کو علما نے سود کی
قسم سے شمار کیا ہے یہاں پر بھی رہن کے نفع کو سود کی قسموں میں سے
شمار کرنا چاہیئے اور تمہیں معلوم ہے کہ رہن کے نفع کے سود کی تعریف میں
باعتبار لغت وغیرہ داخل ہونے کی صورت میں کتنی ایک عذاب کی دھمکیاں
جیسا کہ مشکوٰة میں ابن ماجہ اور احمد اور ابو ہریرہؓ کی روایت میں بیان کی ہیں

انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا۔ سود کے ستر جز ہیں ان میں سے سب سے زیادہ
آسان یہ ہے کہ آدمی اپنی ماں سے نکاح کرے۔

تمام رہن کے منافع کو کھانے والوں اور لینے والوں کیلئے ہونگی۔ دوسری
ایک اور حدیث مشکوٰة شریف میں ہے۔

عن سعید بن المسیب ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لا یغلق الرهن الرهن من صاحبه الذی رهنه له غنمه وعلیه غرمه" رواه الشافعی مرسلا وروی مثله او مثل معناه لایخالفه عنه عن ابی هریرة متصلا

این حدیث صریح معارض آں حدیث است کہ بظاہرش سود خواران سود رہن نوش جاں میفرمایند۔ چہ جملہ

لا یغلق الرهن الرهن

بمعنی لا یمنع الرهن المرهون است۔ و مے دانی کہ این نہی تصریح است بانکہ مفاد شی مرہون را براہن باید داد۔ و نزد خود ذخیرہ نباید نہاد و دست بہ تناولش نباید کشاد۔ چناں چہ جملہ اخیرہ کہ بمنزلہ تفسیر جملہ اول است این مضمون را آشکارا کردہ۔

احوط اینست کہ سود گرفتن سند است در حرام

اکنوں مے گویم کہ تا مقدور کلام خداوندے باہم یکدیگر وہم در کلام نبوی صلی اللہ علیہ وسلم توافق باید جست نہ تعارض۔ و اگر بہ تدبیرے تعارض مرتفع نشود آندم اگر از تقدم و تاخر تاریخ یک کلام از دیگر اطلاع یابیم فبہا مقدم را منسوخ و متاخر را ناسخ پنداریم ورنہ با احوط عمل کنیم و درپی ہوا و ہوس نروم لیکن مے دانی کہ این جا حال تاریخ معلوم نیست و احوط ہمیں است کہ حرام پنداریم کہ دربارہ حرمت ربا در کلام اللہ بچہ شد و مد و بکدام وعید احکام ہا فرستادہ اند۔ جائے مے فرمایند :۔

سعید بن مسیبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مرہونہ رہن کو راہن سے (اگر وہ چھڑا لے) روکا نہ جائے جس نے اسکو رہن رکھا۔ اس کیلئے رہن کے منافع ہیں اور اسی کے ذمے اسکے اخراجات ہیں۔ اسکو امام شافعیؒ نے مرسلاً روایت کیا ہے اور اسی کی مانند روایت کیا ہے یا اسی معنی کی مانند کسی نے اس کی مخالفت نہیں کی یہ حدیث ابوہریرہؓ سے متصل ہے۔

یہ صریح حدیث اس حدیث کے متضاد ہے کہ اس کے ظاہر کو دیکھ کر سود کھانے والے رہن کا سود نوش جاں کرتے ہیں۔ کیونکہ جملہ

لا یغلق الرهن الرهن

بمعنی لا یمنع الرهن المرهون ہے۔ اور آپ کو معلوم ہے کہ یہ صاف ممانعت ہے اس بات سے کہ رہن رکھی گئی چیز کا نفع راہن کو دینا چاہئے اور مرتہن کو اپنے پاس جمع نہ رکھنا چاہئے اور اسکے استعمال کیلئے ہاتھ نہ بڑھانا چاہئے۔ چنانچہ آخری جملہ نے جو پہلے جملے کی تفسیر کی جگہ ہے اس مضمون کو آشکارا کر دیا ہے۔

زیادہ محتاط یہ ہے کہ ہندوستان میں سود لینا حرام ہے

اب میں کہتا ہوں کہ تا مقدور خدا کے کلام میں آپس میں اور کلام نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں موافقت تلاش کرنی چاہئے نہ کہ تعارض۔ اور اگر کسی صورت سے تعارض نہ اٹھ سکے تو پھر ایک کلام کی دوسرے سے تاریخ کے آگے اور پیچھے ہونے کی اگر ہمیں اطلاع ہو جائے تو فبہا اس صورت میں پہلے کلام کو منسوخ اور بعد کے کلام کو ہم ناسخ سمجھیں ورنہ احوط پر عمل کریں اور خواہش نفسانی کے پیچھے نہ چلیں لیکن آپکو معلوم ہے کہ یہاں تاریخ کا حال معلوم نہیں ہے اسلئے یہی زیادہ احتیاط کا تقاضا ہے کہ ہم ہندوستان میں سود کو حرام سمجھیں کیونکہ سود کے حرام ہونے کے بارے میں کلام اللہ میں کس قدر تاکید اور کتنی عذاب کی دھمکیوں کے ساتھ احکام بھیجے ہیں۔ ایک جگہ فرماتے ہیں :۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا الرِّبَوٰا أَضْعَافًا مُضَاعَفَةً وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ

اے ایمان والو تم دو چند سہ چند سود مت کھاؤ اور اللہ سے ڈرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

وجائی ارشاد است

اور ایک جگہ ارشاد ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَذَرُوا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبَوٰا إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ فَإِنْ لَمْ تَفْعَلُوا فَأْذَنُوا بِحَرْبٍ مِنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ

اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور جو بقیہ سود ہے اسے چھوڑ دو اگر تم مومن ہو اگر تم نے ایسا نہ کیا تو اللہ اور رسول کے ساتھ لڑائی کے لئے تیار ہو جاؤ۔

وجائی مے فرمایند:۔

اور ایک جگہ فرماتے ہیں:۔

اَلَّذِينَ يَأْكُلُونَ الرِّبَوٰا لَا يَقُومُونَ إِلَّا كَمَا يَقُومُ الَّذِي يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطَانُ مِنَ الْمَسِّ الخ

جو لوگ سود کھاتے ہیں وہ قیامت کے روز نہیں کھڑے ہوسکیں گے مگر اسطرح جیسا کہ شخص کھڑا ہوتا ہے جسکو شیطان نے چھوکر خبطی بنا دیا ہو۔

علیٰ ہذا القیاس احادیث کثیرہ در مذمۃ ربا و زجر و توبیخ از خوردن آں وارد شدند۔ کتابی از حدیث نباشد کہ بکثرۃ ایں قسم احادیث در و نباشند۔ بوجہ کثرۃ و شہرۃ آں قلم را از تحریراں باز داشتہ مے گویم کہ منفعۃ رہن بشہادۃ احادیث ثلثہ سابقہ داخل رباست و باز احادیث بی شمار و آیات کثیرہ بہر زجر و توبیخ از خوردن و گرفتن آں وارد شدند۔ با ایں ہمہ حدیثی خاص دربارۂ گرفتن منفعۃ رہن بشنیدی و ایں طرف فقط یک حدیث کہ بظاہر موہم جواز منفعت رہن ایں دیار است و در حقیقۃ آنہم ازیں قصہ یکسو باز کدام انصاف است کہ اینہمہ را بگذارند و ایں یک حدیث بتقاضاء ہوا و ہوس پیش نظر دارند۔ بجز آنکہ تیرہ دردنی باعث ایں کجروی شدہ باشد دیگر چہ گویم۔ اگر توفیق ترک نبود ازیں خوردن و بہانہ حلۃ کردن بہتر آں بود کہ مے خوردند و خود را گنہگار می شمردند۔

علیٰ ہذا القیاس بہت سی حدیثیں سود کی مذمت اور اس کے کھانے سے زجر و توبیخ کے بارے میں وارد ہوئی ہیں۔ حدیث کی کوئی کتاب نہیں ہے کہ اس میں اس قسم کی حدیثیں بکثرت وارد نہ ہوئی ہوں۔ انکی کثرت اور شہرت کی وجہ سے ان کے لکھنے سے اپنے آپکو روک کر میں کہتا ہوں کہ رہن کا نفع تینوں سابقہ حدیثوں کی روشنی میں سود میں داخل ہے اور پھر بے شمار حدیثیں اور بہت سی آیتیں اسکے لینے اور کھانے سے زجر و توبیخ کے متعلق وارد ہوئی ہیں۔ ان تمام باتوں کے باوجود ایک خاص حدیث رہن کے نفع کے نہ لینے کے بارے میں تم نے سن لی ہے اور اس طرف فقط ایک حدیث جو کہ ظاہر میں اس ملک میں رہن کے نفع کے جواز کے بارے میں وہم پیدا کرتی ہے حالانکہ حقیقت میں وہ حدیث بھی اس قصے سے علیحدہ ہے پھر کونسا انصاف ہے کہ ان سب آیات و احادیث کو چھوڑ دیں اور ہوا و ہوس کے تقاضے سے متاثر ہو کر صرف اس ایک حدیث کو مطمح نظر بنالیں سوائے اسکے کہ دل کی تاریکی اس گمراہی کا باعث ہو اور کیا کہہ سکتا ہوں۔ اگر سود اور منفعت رہن کے چھوڑنے کی توفیق نہ تھی تو سود کھانے اور حلت کا بہانہ تلاش کرنے سے یہ بہتر تھا کہ سود کھاتے اور اپنے آپکو گناہگار سمجھتے۔

ازمن بشنو کہ آں حدیث نیز محملی دگر دارد و منشاء آں ارشاد دگر۔ مگر مقدمہ عرض کردنی است۔

احکام نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بردو قسم است

احکام نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بردو قسم است۔ یکی احکام حاکمانہ مثل جملہ احکام صوم وصلوٰۃ کہ بناء اطاعت بر امتثال آں است۔

دوم مشورہ دوستانہ و تحکم مربیانہ مثل آنکہ در بخاری شریف آمدہ

عن كعب بن مالك انه تقاضى ابن ابى حدرد دينا كان له عليه فى المسجد فارتفعت اصواتهما حتى سمعها رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو فى بيته فخرج اليهما حتى كشف سجف حجرته فنادى يا كعب قال لبيك يا رسول الله قال من دينك هذا واومأ اليه اى الشطر قال لقد فعلت يا رسول الله قال قم فاقضه انتهى

هكذا فى باب كلام الخصوم بعضهم فى بعض من ابواب الخصومات

الغرض دو کس مذکور از صحابہ رضی اللہ عنہم یکی کعب ابن مالک دوم ابو حدرد اسلمی بوجہ حقی کہ یکی را بر دیگری بود در مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ردوکدے کردند۔ چناں در امثال ایں خصومات و اقسام ایں منازعات آوازہا مرتفع مے شوند حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شنیدہ پردہ از در برداشتہ بحضرت کعب کہ صاحب حق اشارہ بایماء و اسقاط نصف حق فرمودند آں سعادتمند

مجھ سے سنیئے کہ وہ حدیث بھی دوسرے معنی رکھتی ہے اور ایسا فرمانے کا منشاء بھی اور ہے۔ مگر اس کے سمجھنے کیلئے ایک مقدمہ عرض کرنے کے قابل ہے۔

احکام نبوی صلی اللہ علیہ وسلم دو قسم کے ہیں۔

احکام نبوی صلی اللہ علیہ وسلم دو قسم کے ہیں۔ ایک تو حاکموں جیسے احکام مثلاً صوم وصلوٰۃ کے تمام احکام کہ ان کی اطاعت کی بنیاد ان کے بجالانے میں ہے۔

دوسرے وہ احکام جو دوستانہ مشورے اور مربیوں جیسے تحکم کی طرح کے ہیں جیسا کہ بخاری شریف میں آیا ہے۔

کعب بن مالک رضی سے ہے کہ انہوں نے ابن ابی حدرد رضی سے اپنے قرضے کا جو ان پر تھا مسجد میں تقاضا کیا۔ دونوں کی آوازیں بلند ہوگئیں تا آنکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی سنیں دراںحالیکہ آپ اپنے گھر میں تشریف فرما تھے۔ آپ ان دونوں کی طرف نکلے تا آنکہ آپ نے حجرے کا بیچ میں سے چیرا ہوا پردہ کھولا اور آپ نے پکارا اے کعب۔ انہوں نے کہا حاضر ہوں یا رسول اللہ۔ پوچھا تمہارا کتنا قرضہ ہے اور نصف لینے کا آپ نے اشارہ فرمایا۔ انہوں نے کہا میں نے ایسا ہی کیا یا رسول اللہ۔ فرمایا جاؤ اس کا قرض ادا کرو۔ انتہی

اسی طرح ہے جھگڑوں کے ابواب میں بعض کے ساتھ بعض جھگڑا کرنے والوں کے کلام کے بارے میں۔

الغرض صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے دو ذکر کئے گئے صحابہ جن میں سے ایک کعب رضی بن مالک تھے اور دوسرے ابو حدرد رضی اسلمی ابن حق کی وجہ سے جو ایک کا دوسرے پر تھا مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں جھگڑ رہے تھے۔ جب ان جیسے جھگڑوں میں اور ان جیسے منازعات میں آوازیں شور کی صورت اختیار کرلیتی ہیں تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سن کر پردہ دروازے سے اٹھا کر حضرت کعب کی طرف جنہوں نے قرض دیا تھا متوجہ ہو کر نصف قرض

بمجرد ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سر تسلیم و
نیاز خم کرد و اجابت نمود آں حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم بمشاہدہ امتثالش بحضرت ابو حدرد
اشارہ فرمودند کہ برخیز و ہمیدم ادا کن۔

چوں ایں قصہ را یاد گرفتی تامل کن کہ ایں حکم
از چہ قسم است و از چہ دریافتی کہ ایں از فلاں
قسم است۔ ہر کرا ادنی مرتبہ از عقل عنایت فرمودہ
اند آنہم بیقین خواہد گفت کہ ایں حکم حاکمانہ نیست۔
حاکمان مجازی نیز بہر دہانیدن حقوق العباد
می کوشند۔ آں حاکم علی الاطلاق احکم الحاکمین کہ ادنی
ادنی حقوق العباد را ہم نمی بخشد و رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم چگونہ نصف حق مسلمان بیگناہ بدہاند۔ چوں ایں
اصل و ایں منشا بدیہی است ہر کس و ناکس ہمی داند
کہ ایں مشورہ دوستانہ و ایں تحکم مربیانہ و ایں اصلاح
مصلحانہ بود نہ جبر حاکمانہ کہ ایں تحکم در حق حاکمان
مجازی د آلودگان معاصی ہم عیب است۔ تا بخداوند
جل جلالہ و رسول معصوم صلی اللہ علیہ وسلم چہ رسد۔
چوں ایں دو قسم متحقق شدے گویم کہ ارشاد

الظہر یرکب بنفقتہ اذا کان مرہونا

نیز از ہمیں قسم است و طریق دریافتن ایں دقیقہ نیز ہماں
است کہ در قصہ اسقاط نصف دین بشناختی۔

تفصیل اجمال

تفصیل ایں اجمال ایں است کہ ہم
در مشکوٰۃ از ترمذی و ابوداؤد و
ابن ماجہ و دارمی بروایۃ انس رضی اللہ عنہ آمدہ

قال غلا السعر علی عہد النبی صلی
اللہ علیہ وسلم فقالوا یا رسول
اللہ سعر لنا فقال النبی صلی اللہ علیہ

معاف کر دینے اور ختم کر دینے کا اشارہ فرمایا ان نیک بخت صحابی نے
ارشاد نبوی سنتے ہی تسلیم و نیاز کا سر جھکا دیا اور حضور کے فرمانے کو قبول
کر لیا۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے مان لینے کو دیکھ کر حضرت
ابو حدرد کو اشارہ فرمایا کہ اٹھو اور ابھی ادا کر دو۔

جب اس قصے کو تم نے یاد کر لیا تو غور کرو کہ یہ حکم کس
قسم میں داخل ہے (آیا دوستانہ مشورہ ہے یا حکم ہے)؟ تم نے کس چیز
سے سمجھا کہ یہ فلاں قسم میں سے ہے۔ جس کو اللہ تعالیٰ نے تھوڑی سی
بھی عقل دی ہے وہ یقین سے کہیگا کہ یہ حاکمانہ حکم نہیں ہے بلکہ دوستانہ
ہے کیونکہ مجازی حاکم بھی حقوق العباد کے دلانے کی کوشش کرتے
ہیں۔ وہ حاکم مطلق (اللہ تعالیٰ) جو سب حاکموں کا حاکم ہے
وہ بندوں کے معمولی معمولی حقوق کو بھی نہیں بخشتا ہے تو رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ایک بےگناہ مسلمان کا آدھا حق دلوا سکتے ہیں۔
چونکہ اس کا اصل منشا واضح ہے اس لئے ہر کس و ناکس جانتا
ہے کہ نصف قرض کی ادائی کا مشورہ دوستانہ اور مربیانہ تھا اور یہ
اصلاح مصلحانہ تھی نہ کہ حاکمانہ جبکہ یہ حکم دنیاداری حاکموں اور
گناہوں سے آلودہ لوگوں کے لئے بھی عیب ہے۔ کجا یہ کہ خداوند
جل جلالہ اور رسول معصوم صلی اللہ علیہ وسلم اس قسم کا حکم دے سکیں۔
جب حکم کی یہ دو قسمیں تحقیق میں آگئیں تو میں کہتا ہوں کہ حضور کا ارشاد

سواری کی پیٹھ پر سواری لی جائے اس کے خرچ کے بدلے

بھی اسی قسم سے ہے اور اس باریکی کو سمجھنے کیلئے بھی وہی بات ہے،
جو کہ نصف قرض کو ساقط کر دینے کے قصے میں تم نے پہچان لی ہے۔

اجمال کی تفصیل

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے جو کہ مشکوٰۃ
میں بھی ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ
اور دارمی سے بروایت انس رضی اللہ عنہ آیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے
میں (چیزوں کا) بھاؤ گراں ہو گیا۔ لوگوں نے کہا اے
اللہ کے رسول ہمارے لئے نرخ مقرر کر دیجئے۔ تو نبی

وسلم ان اللہ ھو المسعّر القابض الباسط الرزاق و انی لارجوان القی ربی ولیس احد منکم یطلبنی بمظلمۃ بدم ولا مال

چوں سعر اعنی نرخ را جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم ازاں مقرر نفرمودند کہ ایں کار مستلزم مظالم می نماید دربارہ سواری رہن و نوشیدن شیر آں بمقابلہ نفقہ کہ بالضرور نوعی است از تسعیر چگونہ باور کردہ آید کہ حکم حاکمانہ فرمودہ اند بلکہ اگر غور کنیم ایں جا از تعین سعر و نرخ نیز چیزے زیادہ ایں طرف رفتہ اند۔ چہ در تعیین نرخ فقط ہمیں قدر باشد کہ بائع و مشتری خواہند نخواہند یا نخواہند مقدار معین از مال بمقدار معین از زر بگیرند زیادہ کم نکنند۔ و ایں جا مطلق نفقہ را بمقابلہ مطلق سواری و شیر نہادہ اند نہ تعیین مقدار ایں است و نہ تشخیص قدر آں ایں جا اندیشہ مظلمہ زیادہ ازاں است کہ در تسعیر و تعیین مقادیر مبیع و ثمن باشد۔ مگر چوں تسعیر بایں وجہ ممنوع شد کہ اتلاف حق دیگراں لازم می آید ایں جا نیز ہماں دلیل کہ در قصہ ابراء نصف راہ نمودہ بود بایں طرف دلالت فرمود کہ ایں کار اگر بطور حکم و جبر امیرانہ باشد خلاف وضع و منصب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم می افتد تا بخداوند احکم الحاکمین عدل و مسقط چہ رسد نظر بریں لازم آمد کہ ایں را نیز از قسم مشورہ دوستانہ و اصلاح مصلحانہ و تحکم مربیانہ شمردہ آید۔ مگر چنانکہ از اشارہ ابراء نصف در قصہ مذکور باقی ماندگان را از ارباب حقوق ازاں زمانہ گرفتہ تا ایں زمانہ ابراء نصف حق خود لازم نیاید ہمیں طور از اشارہ الظہر یرکب الخ دیگراں را امتثال ایں امر لازم نیاید

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ ہی نرخ مقرر کرنے والا، رزق تنگ اور کشادہ کرنیوالا ہے اور میں البتہ امیدوار ہوں کہ میں اپنے رب سے ملوں اس حال میں کہ تم میں سے کسی کا مجھ سے جان اور مال کے حق کا مطالبہ نہ ہو

چونکہ سعر یعنی نرخ کو جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وجہ سے مقرر نہیں فرمایا کہ یہ کام لوگوں کے حقوق ضائع کرنے کو مستلزم معلوم ہوتا ہے تو رہن کی سواری کے بارے میں اور اس کے دودھ کے پینے کے بارے میں نفقہ کے مقابلے میں کہ ضروری طور پر تسعیر کی ایک قسم ہے کس طرح باور کیا جا سکتا ہے کہ آپ نے حاکمانہ حکم فرمایا ہے بلکہ اگر ہم غور کریں تو یہاں نرخ کے مقرر کرنے سے بھی کچھ زیادہ ہی اس طرف گئے ہیں کیونکہ نرخ کے مقرر کرنے میں تو اتنا ہی ہوتا ہے کہ بائع اور خریدار چاہیں یا نہ چاہیں مال کی ایک مقرر مقدار روپیہ کی ایک معین مقدار کے بدلے میں لیتے ہیں۔ زیادہ اور کم نہیں کرتے ہیں اور یہاں پر مطلق نفقے کو مطلق سواری اور دودھ کے مقابلے میں رکھا ہے نہ تو اسکی مقدار ہی کی تعیین ہے اور نہ اس کی مقدار کا تعین۔ اس لئے یہاں اس سے زیادہ ظلم کا اندیشہ ہے جتنا کہ مبیع اور قیمت کی مقداروں کے معین کرنے میں ہوگا لیکن چونکہ نرخ کا مقرر کرنا اس لئے ممنوع ہوا کہ دوسروں کے حق کا تلف کرنا لازم آتا ہے تو یہاں بھی اسی دلیل نے جس میں نصف قرض کے معاف کر دینے کے قصے میں رہبری کی تھی، اس طرف رہنمائی کی کہ یہ کام اگر امیرانہ جبر اور حکم کے طور پر ہو تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے منصب نبوت اور آپکی عادت کے خلاف واقع ہوتا ہے۔ کجا انصاف کا حکم کرنے والے حاکموں کے حاکم اور منصف کیلئے ایسا کرنا درست ہو سکے۔ اس کے پیش نظر لازم آیا کہ اسکو بھی دوستانہ مشورے اور مصلحانہ اصلاح اور مشفقانہ حکم میں شمار کیا جائے مگر جیسا کہ نصف قرض کے معاف کرا دینے کے قصے میں اس زمانے سے لیکر اس زمانے تک قرض خواہوں کے حقوق میں سے نصف حق کا باقی لوگوں کیلئے معاف کر دینا لازم نہیں آتا ہے اسی طرح الظھر یرکب الخ کے اشارے سے دوسروں کو اس حکم

بلکہ چناں کہ بمعارضہ اصل بدیہی ومنشاو واضح حاکمان دیگر
رانمیرسد کہ حکم حاکمانہ بابراء حقوق العباد کنند ایں جا عالمسان
وحاکمان ایں زمانہ را اجازت نیست کہ بایں قسم احکام تحکم
نمایند باقی ماند وجہ ایں مشورہ دادن مے دانم کہ ایں جا قرینہ
مشورہ بیک وجہ ازاں ظاہر تر است کہ در قصہ ابراء نصف
حق۔ چہ در صورت رہن جانوراں اگر ایں مشورہ نہ دہند
دقتی عظیم راہناں و مرتہناں را بر سر آید حساب کاہ و
دانہ تا کجا کنند۔ وشیر را تا کجا محفوظ دارند و اگر بفروشند حساب
قطرہ قطرہ کرا محفوظ ماند۔ و ایں طرف بے چارہ راہن تا کجا کاہ
و دانہ بر سر نہادہ گرد خانہ مرتہن گرداں ماند خصوصاً وقتیکہ
در راہن و مرتہن بعد المشرقین بود۔ باز اگر دوام کاہ و دانہ رسانیدہ
باشد ایں ہم بعض اوقات موجب حرج عظیم است بنظر بریں
مربی ہر دو جہاں بر ذمہ فریقین نظر کردہ ایں مشورہ دادہ باشد
وآں سعادت منداں ایں مشورہ را در تہ دل نہادہ
باشند و ایں جا در رہن اراضی مے دانی کہ ہیچ دقتی نیست
اگر وقت اداء باقی بر سر آید از محصول زمیں می تواں داد و
باقی را امانۃ می تواں داشت یا در زر رہن محسوب مے تواں
کرد کہ در زر کثیر و مقدار کلاں در حساب و کتاب ہیچ دقتی
نباشد معتاد ہمہ ابناء روزگار ہمیں است کہ مقادیر کثیرہ
بی حساب و کتاب نگذارند اما ایں چنیں مقادیر قلیلہ
را کہ در کاہ و دانہ ہر روزہ بصرف آید و از شیر بدست
افتد نگاہداشتن و حساب کردن خلجان عظیم است۔
باز ایں درد سر ہر روزہ است و آں تشتت یکدو
روز مابین یک دیگر فرق زمین و آسمان است۔

بالجملہ ہر کرا فہم دادہ اند ایں جا نیز مثل قصہ ابراء
حق مشورہ دوستانہ و حکم مربیانہ و مداخلت مصلحانہ

کی تعمیل لازم نہیں آتی ہے بلکہ جیسا کہ واضح اصل اصحاف منشا
کے مقابلے میں دوسرے حاکموں کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ حقوق العباد
کو معاف کر دینے کا حاکمانہ حکم کریں تو یہاں بھی اس زمانے
کے علما اور حکام کو بھی اجازت نہیں ہے کہ اس قسم کے احکام کو
لوگوں پر تھوپیں۔ باقی رہی اس مشورے کے دینے کی وجہ تو میں
جانتا ہوں کہ یہاں اس مشورہ کا قرینہ نصف حق کی معافی کی نسبت
ایک وجہ سے زیادہ ظاہر معلوم ہوتا ہے کیونکہ جانوروں کے رہن
رکھنے کی صورت میں اگر یہ مشورہ نہ دینگے تو دوسروں کے پاس رہن
رکھنے والوں اور اپنے پاس رہن رکھنے والوں کو ایک بڑی دشواری
پیش آئیگی کہ وہ گھاس اور دانے کا حساب کہاں تک کریں گے اور دودھ
کو کب تک محفوظ رکھیں گے اور اگر بیچیں گے تو قطرے قطرے کا حساب کس کو
یاد رہتا ہے اور اس طرف راہن بیچارہ کب تک گھاس اور دانہ سر پر رکھ
کر مرتہن کے گھر کا چکر لگاتا رہیگا خاص طور پر اس وقت جبکہ راہن اور
مرتہن میں مشرق و مغرب کا فاصلہ ہو۔ پھر بھی گھاس دانے کے پیسے وہ پہنچاتا
بھی رہے تو یہ بھی بعض اوقات سخت حرج کا موجب ہے اس دشواری کے پیش نظر
دونوں جہاں کے مربی نے دونوں فریقوں کی ذمہ داری پر نظر ڈالکر یہ مشورہ دیا ہو
اور ان نیک بخت فریقین نے اس مشورے کو اپنے دل کی تہ میں رکھ لیا ہو اور یہاں
اراضی کی رہن کے بارے میں تم جانتے ہو کوئی دقت نہیں ہے اگر باقی کے ادا کرنے کا
وقت سر پر آپڑے تو زمین کی آمدنی سے دے سکتے ہیں اور باقی آمدنی کو امانت
کے طور پر رکھ سکتے ہیں یا رہن کے قرض میں مہنا کر سکتے ہیں کیونکہ زیادہ رقم
اور زیادہ روپیہ کے حساب کتاب میں کوئی دقت نہیں ہوتی تمام زمانے کے لوگوں کی عادت
یہی ہے کہ بڑی بڑی رقموں کو حساب و کتاب کے بغیر نہیں رکھتے لیکن ان چھوٹی چھوٹی
رقموں کو جو ہر روز کے گھاس دانے پر آتی ہے اور دودھ بیچنے میں حاصل ہوتی
ہے نگاہ میں رکھنا اور حساب کرنا بڑی مصیبت ہے، پھر یہ تو ہر روز کا دردِ سر ہے
اور وہ ایک دو روز کی پریشانی۔ ان دونوں کے درمیان زمین و آسمان کا فرق ہے۔
الغرض جنکو اللہ تعالےٰ نے سمجھ عطا فرمائی ہے وہ یہاں بھی
ابراء حق کے قصے کی طرح دوستانہ مشورہ، مربیانہ حکم اور مصلحانہ مداخلت

می فہمد۔ وے دانی کہ مصالحۃ و اصلاح بعد تحقق حقوق می باشد۔ نظر بریں لازم آمد کہ ہمچو قصد ابراء کہ حق ابراء کنندہ متحقق بود ایں جا نیز حق راہن بر مرتہن و حق مرتہن بر راہن ثابت خواہد شد۔ مگر چوں حقوق از طرفین بود از یک طرف قیمت شیر و اجرت سواری و از یک طرف قیمت کاہ و دانہ و مونۃ خدمت و باز چند ان کمی بیشی نبود اگر بود خلجان بر روزہ و متاع قلیل۔ مربی دو جہان حضرت سرور دو جہان صلی اللہ علیہ وسلم قیمت کاہ و دانہ و اجرۃ خدمت بمقابلہ شیر و اجرت سواری نہادہ مشورہ بتراضی فرمودند۔ تا دقتی بمیان نماند و کار ہر کس بسہولت گراید۔ ہوس پرستان کہ کاسۂ چشم ایشاں بخراج ہفت اقلیم ہم پر نتواں شد ایں قسم مضامین را بیغما بردہ آلہ ہوس خود مے گردانند و منشا ارشاد و اشارہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم را نافہمیدہ حرام را نرخ حلال مے گیرند اللہ یہدینا وایاہم واللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم

خلاصۂ مرام

خلاصۂ مطلب ایں است کہ اوّل بودن دار الحرب

در عہد برطانیہ ہندوستان نزد قاسم العلوم راجح اینکہ دار الحرب است

بودن ہندوستان کلام چنانچہ از مطالعہ روایات منقولہ دریافتہ باشی اگرچہ راجح نزد ہیچمدان ہمیں باشد کہ ہندوستان دار الحرب است۔

دوم در جواز اخذ ربا مسلم مستامن را از حربی و مسلم مقیم دار حرب در دار الحرب اختلاف و اہم چناں کہ تمام امت یک طرف و تنہا امام ابو حنیفہ و امام

سمجھتا ہے اور آپ کو معلوم ہی ہے کہ مصالحت اور اصلاح حقوق کے ثابت ہونے کے بعد ہی ہوتی ہے۔ اس کے پیش نظر ضروری ہوا کہ ابراء کے قصے کی طرح کہ ابراء کنندہ (قرضخواہ) کا حق ثابت تھا تو یہاں بھی راہن کا حق مرتہن پر اور مرتہن کا حق راہن پر ثابت ہوگا۔ مگر چونکہ حقوق طرفین سے تھے تو ایک طرف سے دودھ کی قیمت اور سواری کی اجرت اور ایک طرف سے گھاس اور دانے کی قیمت اور خدمت کے معاوضے میں کچھ زیادہ کمی بیشی نہیں ہوتی۔ اگر کچھ ہے تو روزانہ کی دردسری اور تھوڑی سی پونجی کا معاملہ تھا۔ اس لئے دونوں جہان کے مربی دونوں جہان کے سردار صلی اللہ علیہ وسلم نے گھاس اور دانے کی قیمت اور خدمت کی اجرت کو دودھ اور سواری کے کرائے کے مقابلے میں رکھ کر رضامندی کا مشورہ دیا۔ تاکہ کوئی دقت درمیان میں نہ رہے اور ہر شخص کے کام میں سہولت پیدا ہو۔ لیکن ہوا و ہوس کے بندے کہ انکی آنکھیں ساری دنیا کی آمدنی سے بھی نہیں بھرتیں اس قسم کے مضامین کو اختیار کرکے اپنی ہوس کا ذریعہ بناتے ہیں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اشارے اور منشا کو نہ سمجھتے ہوئے حرام کو حلال کے بھاؤ لیتے ہیں انکو اور ہمیں اللہ ہی ہدایت دے اور اللہ جسکو چاہتا ہے سیدھے راستے کی ہدایت دیتا ہے۔

خلاصۂ مضمون

مطلب کا خلاصہ یہ ہے کہ اول تو ہندوستان کے دار الحرب ہونے میں

برطانیہ کے زمانے میں ہندوستان مولانا محمد قاسم کے نزدیک ترجیحاً دار الحرب ہے

شبہ ہے جیسا کہ منقولہ روایات سے آپ کو معلوم ہو گیا اگرچہ اس ناچیز کے نزدیک راجح یہی ہے کہ ہندوستان دار الحرب ہے۔

دوسرے مسلمان پناہ گزیں کو دار الحرب کے رہنے والے سے اور وہاں کے مقیم مسلمان سے دار الحرب میں سود لینے کے جواز میں اختلاف ہے اور وہ بھی ایسا اختلاف کہ تمام امت

محمد یکطرف۔ باز امام ابوحنیفہ اگر باخذ ربا از حربی وغیرہ در دار الحرب اجازۃ دادہ اند ازیں اجازۃ ایں از کجا لازم آمد کہ گیرندہ ہماں دم مالک آن مال مے گردد بلکہ دلائل فقہیہ وقواعد فقہیہ بہر تملک بر ضرورت احراز بدار الاسلام چناں شاہد کہ اہل فہم را از تسلیم آں چارہ نیست وایں طرف مقصود از اباحۃ اخذ ربا از مسلم دار الحرب ہجرۃ او است ازاں جا نوش جاں فرمودن مال ربا وقمار با ایں ہمہ کہ گفتہ شد دریں جا ماندن و مال ربا خوردن کار کسانی است کہ عقل را بالا طاق نہند و بر حیاء وغیرہ پشت پا زنند و چشم بند کردہ حرام وحلال ہر چہ پیش آید ہمچو شیر مادر فرو برند۔ نعوذ باللہ من الزلل والخطل ونسالہ ان یوفقنا ایانا وجمیع المسلمین ان نجتنب عن طرق الھوی ونتقی عن اتباع الشیطان نستسلم لرضاء المولیٰ فانہ نعم المولیٰ ونعم الرب واٰخر دعوانا ان الحمد للہ رب العٰلمین والصلوۃ والسلام علیٰ رسولہ سید المرسلین واٰلہ وصحبہ اجمعین۔

تمت

ایک طرف ہے اور تنہا امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ ایک طرف۔ پھر امام ابوحنیفہؒ نے اگر حربی وغیرہ سے دار الحرب میں سود لینے کی اجازت دی ہے تو اس اجازت سے یہ کہاں لازم آیا کہ سود لینے والا اسی وقت اس مال کا مالک بن جاتا ہے۔ بلکہ فقہی دلائل اور اس کے قواعد مالک ہونے کے لئے دار الاسلام میں مال لیجا کر احراز کے ضروری ہونے پر ایسے شاہد ہیں کہ اہل فہم کو اس کے تسلیم کئے بغیر چارہ نہیں ہے اور اس طرف دار الحرب کے مسلمان سے سود لینے کی اباحت سے مقصد اس کا وہاں سے ہجرت کر جانا ہے نہ کہ سود اور جوئے کا مال شوق سے کھانا ان تمام امور کے باوجود جو بیان کئے گئے ہندوستان میں رہنا اور سود کا مال کھانا ان لوگوں کا کام ہے جو عقل کو بالائے طاق رکھ دیتے ہیں اور شرم کو بالائے طاق رکھکر اور آنکھیں میچ کر حرام اور حلال جو سامنے آجائے ماں کے دودھ کی طرح ہڑپ کر جاتے ہیں ہم ایسی لغزش اور غلطی سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں اور اس سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اور تمام مسلمانوں کو توفیق دے کہ خواہش نفس کے راستوں پر چلنے سے پرہیز کریں اور شیطان کی پیروی سے اجتناب کریں اور مرضی مولیٰ کے سامنے سر جھکا دیں کیونکہ وہ کیا ہی اچھا مولیٰ اور کیا ہی اچھا رب ہے۔ واٰخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین۔ والصلوۃ والسلام علیٰ رسولہ سید المرسلین واٰلہ وصحابہ اجمعین۔

تمت

اس مکتوب کا ترجمہ ۲ر صفر ۱۳۸۸ھ مطابق ۲۲ر جنوری ۱۹۶۹ء بروز بدھ ۸ بجے صبح مطلع الانوار گلبرگ لاہور میں شروع کیا گیا اور بفضل خدا آج بتاریخ ۲۲ محرم الحرام ۱۳۸۹ھ مطابق ۱۰ر اپریل ۱۹۶۹ء بروز جمعرات چار بجنے میں پانچ منٹ پر مہبط انوار ۱۲۹ ڈی لائلپور بالاخانے کے کمرے میں اس کا ترجمہ بخیر وخوبی انجام کو پہنچا۔ اس مکتوب کا ترجمہ میں نے سب سے آخر میں کیا ہے۔ الحمد للہ والصلوۃ والسلام علیٰ رسول اللہ وعلیٰ جمیع الانبیاء والمرسلین والملائکۃ السموٰت والارضین وعلیٰ اٰلہ وصحابہ وازواجہ وامتہ اجمعین۔

محمد انوار الحسن شیرکوٹی

خلاصہ مکتوب ہشتم

و

تعارف مرسلِ مکتوب

حسب ذیل مکتوب مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی کا ہے جو اہل حدیث مکتبۂ فکر کے جلیل القدر عالم تھے انہوں نے یہ مکتوب حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کو تحریر کیا ہے۔ مولانا محمد حسین صاحب مولانا محمد قاسم صاحب (۱۲۴۸ھ تا ۱۲۹۷ھ) کے معاصر تھے اور خاصی شہرت کے مالک تھے۔

مولانا بٹالہ ضلع گورداسپور کے رہنے والے پوری ہندو خاندان سے تعلق رکھتے تھے ان کے والد صاحب کا نام رحیم بخش تھا۔ فرقۂ اہلحدیث کی تعلیم کا مرکز ان دنوں دہلی میں تھا اور مولوی نذیر حسین صاحب مشہور عالم جو اہلحدیث مکتبۂ فکر کے جلیل القدر بزرگ تھے دہلی میں اپنے مدرسے میں پڑھاتے تھے، مولوی محمد حسین نے انہی سے تعلیم حاصل کی۔

مولانا محمد حسین صاحب بٹالہ میں خلیفہ مسجد کے خطیب بھی تھے اور وہ مسجد ان کے دادا یا والد صاحب نے تعمیر کرائی تھی جو پوریاں والہ محلہ میں واقع تھی اور وہاں دروازہ تھا جو پوریاں والا گیٹ کہلاتا تھا۔ مولانا ایک اخبار بھی نکالتے تھے جس کا نام "اشاعۃ السنہ" تھا۔ ان کے داماد احمد دین صاحب بھی عالم تھے۔

مولانا کے تین لڑکے تھے بڑے لڑکے کا نام عبدالسلام تھا جو سیکرٹری ایٹ میں کلرک تھا۔ دوسرے لڑکے کا نام عبدالشکور تھا۔ تیسرے کا نام معلوم نہیں۔ لڑکوں کے علاوہ آپ کے تین لڑکیاں بھی تھیں۔ ایک مولوی احمد دین کو بیاہی تھی جو دیوبندی مکتبۂ فکر کے عالم تھے۔ دوسری لڑکی مولوی عبدالجبار صاحب ساکن چندو منجھ ضلع گورداسپور سے بیاہی تھی اور تیسری لڑکی کا نکاح مولوی عبدالجبار کے بھائی عبدالرحمٰن سے ہوا تھا۔ یہ حالات مجھے علامہ محمد یوسف کلکتوی عالم اہلحدیث سے معلوم ہوئے جو حکیم عبداللہ صاحب کی لڑکی کی شادی کے موقع پر ۱۸۸۔ اے پیپلز کالونی لائلپور میں تشریف لائے تھے۔ اور یہ راقم الحروف بھی اس شادی میں شریک تھا۔

مولانا محمد حسین صاحب کی حضرت مولانا محمد قاسم صاحبؒ سے ملاقات

مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی کی مولانا نانوتوی سے ایک ملاقات کا حال حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب نے بیان کیا ہے۔ ایک دفعہ مولانا بٹالوی صاحب مولانا نانوی کی سے ملاقات کے لئے دیوبند آئے، مولانا دیوبند میں اپنے شاگرد شیخ الہند کے مکان پر مقیم تھے مولانا بٹالویؒ نے کہا کہ میں تنہائی میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ چنانچہ تخلیہ ہوگیا۔ مولانا بٹالوی نے حضرت نانوتویؒ سے بعض علمی باتوں کے جوابات دریافت کئے۔ جوابات سے وہ بہت متاثر ہوئے اور اپنے خیالات بھی انہوں نے پیش کئے۔ حضرت نانوتویؒ کے تبحر علمی سے مولانا بٹالوی دریائے حیرت میں پڑ گئے اور کہنے لگے:۔

"حیرت ہے ایسا شخص بھی مقلد ہے"

مطلب یہ تھا کہ مولانا نانوتوی کا علمی مقام اجتہاد کے درجے پر پہنچا ہوا تھا۔ یہ سنکر مولانا نانوتوی نے فرمایا

"حیرت ہے کہ آپ جیسا شخص بھی غیر مقلد ہے"

خلاصۂ مضمون مکتوب

مولانا محمد حسین صاحب کے مکتوب کا خلاصہ صرف اتنا ہے کہ معجزہ منجملہ نبوت کا ایک نشان ہے لیکن ملحدین نے معجزہ سے اثبات نبوت کے بارے میں جو شکوک اور شبہات پیش کئے ہیں ان کا کیا جواب ہے۔ مولانا بٹالوی نے ان شبہات کو پیش کیا ہے۔ نیز ملحدین کے جوابات جو امام رازی نے اپنی کتاب مطالب العالیہ کی کتاب النبوات میں دیئے ہیں ان میں سے بعض سے خود مولانا بٹالوی بھی مطمئن نظر نہیں آتے نیز علامہ سعد الدین تفتازانی نے معجزات کے ذریعہ نبوت کی تصدیق پر جو بحث کی ہے اس سے مولانا بٹالوی کو قلبی تسکین نہیں ہوئی تاہم ملحدین کے اعتراضات اور ان کے جوابات جو امام رازی نے دیئے ہیں اور علامہ تفتازانی نے جو کچھ کہا ہے ان کی صحت پر مولانا بٹالوی حضرت نانوتوی سے مدلل تصدیق چاہتے ہیں۔ نیز خبر متواتر کے بارے میں بھی دریافت کیا ہے کہ خبر متواتر سے یقین حاصل ہونے کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار فرمائیں۔ کیونکہ بعض اہل علم نے خبر متواتر سے یقین کے حصول پر بھی اعتراض کیا ہے۔ چنانچہ یہ آٹھواں مکتوب مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی کا انہی دو امور کے بارے میں ہے۔

مکتوب ہشتم

کہ اصل کتاب میں چھٹا مکتوب ہے

خط مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی در استفسار

مولوی محمد حسین بٹالوی کا خط، معجزات اور ثبوت

جواب شبہات ملحدان بر معجزات وثبوت نبوت از معجزہ

نبوت از معجزہ پر ملحدوں کے شبہات کے جواب میں استفسار

وحصول یقین از خبر متواتر ؛

اور خبر متواتر سے یقین کے حصول کے بارے میں ؛

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

محمد حسین عفا اللہ عنہ در خدمت معظمی مکرمی مولانا محمد قاسم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ سلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مے رساند۔

امابعد نامہ سامی رسیدہ باعث بر بیان شبہات کہ امام رازی و علامہ تفتازانی بنقلش پرداختہ، جواب شافی نداده اند، گردید۔

محمد حسین عفا اللہ عنہ، معظمی، مکرمی مولانا محمد قاسم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں سلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، پہنچاتا ہے۔

سلام کے بعد، نامۂ گرامی، ان شبہات کے بیان کا باعث ہوا جن کے نقل کرنے میں امام رازی[1] اور علامہ تفتازانی[2] مشغول ہوئے لیکن انہوں نے جواب شافی نہیں دیا ہے۔

---

[1] امام رازی کا نام محمد کنیت عبداللہ یا ابوالفضل اور لقب فخرالدین ہے ان کے والد کا نام ضیاءالدین تھا۔ ۲۵ رمضان ۵۴۳ھ/۱۱۴۹ء میں رے میں پیدا ہوئے، رے کی نسبت سے رازی کہلائے۔ ابن الخطیب کے نام سے بھی مشہور ہوئے۔ آپ کو تفسیر، حدیث، فلسفہ، طب، طبیعیات، منطق، ریاضی اور ہیئت میں ید طولیٰ حاصل تھا جب وہ سوار ہوتے تو تین سو شاگرد ساتھ ہوتے۔ امام رازی کی تفسیر مشہور ہے۔ انہوں نے ہندسہ، ہیئت اور ریاضی کے علاوہ طب میں بھی کتابیں لکھیں۔ انکی بعض تصانیف یہ ہیں۔ تفسیر کبیر، السر المکتوم، کتاب المباحث الشرقیہ، جوامع العلوم، علائق الانوار، کتاب التبصر، الجامع الکبیر، کتاب الزبدہ، ان کا سلسلہ نسب حضرت عمر فاروق سے ملتا ہے۔ ۶۰۶ھ/۱۲۱۰ء میں ۶۳ سال کی عمر میں ہرات میں وفات پائی۔ تاریخ الحکماء۔ مترجم۔

[2] علامہ سعدالدین تفتازانی شہر تفتازان خراسان میں ۷۲۲ھ میں پیدا ہوئے قاضی عضدالدین اور دیگر اکابر سے تحصیل علوم کی۔ نحو، منطق، علم کلام، اصول تفسیر، اور معانی وبیان میں کمال حاصل کیا۔ تفتازانی نے ہر فن میں کتابیں لکھیں جن میں سے شرح توضیح، شرح عقائد نسفی، شرح مقاصد اور تہذیب المنطق والکلام مشہور ہوئیں تیمور لنگ کی مجالس کے صدر الصدور تھے۔ سید شریف جرجانی ان کے مشہور معاصرین میں سے تھے۔ (اسلام اور فلسفہ ص ۲۰۱)

پس یکی ازاں این ست کہ امام رازی از طرف منکر نبوت و منکر معجزہ گفتہ کہ بعد تسلیم بودن معجزہ خارق عادت و بودن آں بفعل خدا برای تصدیق صاحب آں صدق صاحب آں ازاں ثابت نمی شود۔

حیث قال فی الفصل العاشر من القسم الاول من کتاب النبوات من المطالب العالیۃ

اَلفَصلُ العَاشِرُ فِی اَنَّ بِتَقدِیرِ اَن یَکُونَ المُعجِزُ قَائِمًا مَقَامَ مَا اِذَا صَدَّقَہُ اللہُ تَعَالٰی عَلٰی سَبِیلِ التَّصرِیحِ فَھَل یَلزَمُ مِن ھٰذَا کون المدعی صادقًا۔ قال المنکرون دلالۃ المعجزات علی ھذا المعنی غیر واجب ویدل علیہ وجوہ الشبھۃ الاولی ان الدلائل الدالۃ علی صحۃ القول بالجبر دالۃ علی ان فاعل جمیع افعال العباد ھو اللہ تعالی فاذا ثبت ھذا وجب القطع بان خالق کل الاکاذیب وکل الجھالات ھو اللہ تعالی واذا لم یمتنع من اللہ خلق الجھل والضلالۃ ابتداءً فبان لا یمتنع منہ ذکر کلام یوجب وقوع التلبیس والجھل والشبھۃ فی قلوب العباد کان اولی لان فعل ما قد یفضی الی الجھل لیس اعظم من فعل الجھل ابتداءً

الثانیۃ لاشک فی حصول الجھالات فی قلوب العباد ففاعل ھذا الجھل اما ان یکون ھو اللہ الی ان برھن علی الشق الثانی بوجوہ ثم قال فثبت ان خالق کل الجھالات ھو اللہ

۱۔ ان شبہات میں سے ایک یہ ہے کہ امام رازیؒ نے نبوت اور معجزے کے انکار کرنیوالے کی طرف سے کہا ہے کہ معجزے کے خارق عادت ہونے اور اسکا صاحب معجزہ کی تصدیق کیلئے فعل خداوندی تسلیم کرنے کے بعد بھی صاحب معجزہ کا صادق ہونا اس بات سے ثابت نہیں ہوتا۔

چنانچہ امام رازی نے اپنی کتاب مطالب العالیہ کی کتاب النبوات قسم اول کی دسویں فصل میں کہا ہے

(جو حسب ذیل ہے)

دسویں فصل اس مضمون میں ہے کہ معجزہ اس بات کے مان لینے پر کہ صریح طور پر اللہ تعالیٰ کے نبی کی تصدیق کر دینے کے قائم مقام ہے تو کیا اس سے مدعی نبوت کا صادق ہونا لازم آتا ہے؟ منکرین نے کہا ہے کہ معجزات کا اس معنی (صداقتِ مدعی نبوت) پر دلالت کرنا غیر ضروری ہے اور اس پر کئی وجوہ دلالت کرتی ہیں پہلا شبہ یہ ہے کہ وہ دلائل جو بندوں کے مجبور ہونے کے قول کی صحت پر دلالت کرتے ہیں وہ اس پر بھی دلالت کرتے ہیں کہ بندوں کے تمام افعال کا فاعل بھی اللہ تعالیٰ ہے پس جب یہ ثابت ہوگیا تو اس کا یقینی ہونا بھی واجب ہوگیا کہ تمام جہالتوں اور تمام جھوٹی باتوں کا خالق بھی اللہ تعالیٰ ہے اور جب اللہ تعالیٰ سے جہالت اور گمراہی کا ابتدا میں پیدا کرنا ممتنع نہیں ہے تو یہ بھی ظاہر ہوا کہ اس سے ایسے کلام کا بدرجہ اولیٰ ذکر بھی ممتنع نہیں ہے جو دھوکا، جہالت اور بندوں کے دلوں میں شبہ ڈالنے کا موجب ہو۔ کیونکہ ایسا فعل جو جہالت کی طرف انسان کو لے جائے زیادہ بڑا نہیں ہے بہ نسبت ابتدا میں جہل کے فعل سے۔

دوسرا شبہ یہ ہے کہ اس میں شک نہیں کہ جہالتیں بندوں کے دلوں میں آگئی ہیں۔ تو اس جہالت کا فاعل یا تو بندہ ہوگا یا اللہ تعالیٰ ہوگا یہاں تک کہ شق ثانی پر کئی وجوہ سے دلیل[1] قائم کی ہیں۔ پھر یہ کہا پس ثابت ہوگیا کہ تمام جہالتوں کا خالق وہ اللہ تعالیٰ

[1] یعنی اللہ تعالیٰ کو بندوں کے دلوں میں جہالتوں کے پیدا کرنے والا ثابت کیا ہے۔ مترجم

واذا ثبت هذا فلأن يجوز كون الله فاعلا لما يوهم الجهل اولى۔

الثالثة ان انواعًا كثيرة من الجهالات حاصل للعبد فاما ان يقال انها حصلت على وفق ارادة الله او على خلافه فعلى الاول كان الله مريد الجهل فلا يمتنع منه هذا تصديق الكاذب وعلى الثانى يلزم كونه ضعيفا وكل من كان كذلك لا يمتنع منه الكذب۔

الرابعة ان كلام القائل بان تصديق الكاذب محال على الله مبنى على ان الكذب قبيح وهو من الله محال الا انا بينا ان هذه القاعدة مبنية على القول بتحسين العقول وتقبيحه وقد عرفت انه كلام إقناعى ضعيف جداً وكذا المبنى عليه ايضا انتهى مختصر بتغير يسير۔

پس در جواب این شبهات در فصل خامس عشر فرموده

والعلم الضرورى حاصل بان الكذب على الله محال لانه صفة نقص وشهادة الفطرة دالة على ان صفة النقص محال على الله فعند هذا يحصل الجزم واليقين بان ظهور المعجز يدل على التصديق انتهى كلامه

قلت لعل لفظ التصديق فى اخر هذه العبارة من سهو الناسخ والصحيح لفظ الصدق اذا الكلام فيه لا فى التصديق فانه

ہے اور جب یہ ثابت ہو گیا تو ان چیزوں کا فاعل ہونا جو جہل پیدا کرتی ہیں اللہ تعالیٰ کے لئے بدرجہ اولیٰ ممکن ہو گیا۔

تیسرا شبہ یہ ہے کہ جہالت کی بہت سی قسمیں بندے کو حاصل ہیں پس اگر یہ کہا جاتا ہے کہ وہ جہالتیں یا تو اللہ تعالیٰ کے ارادے سے یا خلاف ارادہ حاصل ہوتی رہیں تو اول صورت (مشیت الٰہی کی صورت۔) میں اللہ تعالیٰ جہالت کا ارادہ کرنے والا بن جاتا ہے تو اس صورت میں جھوٹے کی تصدیق اس اللہ تعالیٰ کی طرف سے ناممکن نہیں رہتی اور دوسری صورت (خلاف مرضی الٰہی) میں (جہالتوں کے پیدا ہونے سے) اس اللہ تعالیٰ کا کمزور ہونا لازم آتا ہے اور ہر وہ شخص جو ایسا (کمزور) ہو اس سے جھوٹ کا صادر ہونا ممکن ہے۔

چوتھا شبہ یہ ہے کہ کسی کہنے والے کا یہ قول کہ جھوٹے کی تصدیق اللہ پر محال ہے یہ قول اس بات پر مبنی ہے کہ کذب بری بات ہے اور وہ اللہ سے محال ہے مگر یہ کہ ہم بیان کر چکے ہیں کہ یہ قاعدہ تحسین قول اور تقبیح قول پر مبنی ہے اور آپ معلوم کر چکے ہیں کہ وہ اقناعی[1] کلام ہے اور سخت ضعیف ہے اور یہی حال اس کا بھی ہو گا جس پر اس بات کی بنیاد رکھی گئی ہے تھوڑی سی تبدیلی کے ساتھ مختصر طور پر ان کی عبارت ختم ہوئی۔

پھر ان شبہات کے جواب میں پندرھویں فصل میں فرمایا:۔

اور اس بات کا بدیہی علم حاصل ہے کہ اللہ تعالیٰ سے جھوٹ کا بولنا محال ہے کیونکہ وہ عیب کی صفت ہے اور سلیم فطرت کی شہادت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نقص والی صفت اللہ کے لئے محال ہے تو اس وقت اس بات کا جزم اور یقین حاصل ہو جائیگا معجزے کا ظاہر ہونا تصدیق پر دلالت کرتا ہے امام رازی کی بات ختم ہوئی۔

میں کہتا ہوں شاید اس عبارت کے آخر میں تصدیق کا لفظ لکھنے والے کی بھول چوک سے لکھا گیا حالانکہ صدق کا لفظ ہونا چاہیئے جو صحیح ہے کیونکہ کلام تو صدق کے بارے میں ہے نہ کہ

[1] جو یقینی دلیل سے ثابت نہ ہو محض عقل قبلی کے طور پر پیش کی گئی ہو ایسی دلیل کو اقناعی کہتے ہیں۔ مترجم

مسلم علی ھذا الشق
وعلامہ تفتازانی در مقصد سادس شرح مقاصد در جواب ایں اعتراض چنیں فرمودہ۔

ور ابطال ان ظہور المعجزۃ علی ید الکاذب لای غرض فرض وان جاز عقلا بناءً علی شمول قدرۃ اللہ تعالی فہو ممتنع عادۃ معلوم الانتفاء قطعا کما ھو حکم سائر العادیات وھذا ما قال القاضی ان اقتران ظہور المعجزۃ بالصدق قاحد العادیات فاذا جوزنا انخراقھا عن مجراھا جاز اخلاء المعجزۃ عن الصدق وحینئذ یجوز اظہارہ علی ید الکاذب واما بدون ذلک فلا لاستحالۃ العلم بصدق الکاذب ومنا من قال باستحالتہ عقلا فالشیخ لافضائہ الی التعجیز عن افاضۃ الدلالۃ علی صدق دعوی الرسالۃ والامام وکثیر من المتکلمین لان الصدق مدلول لھا بمنزلۃ العلم لاتقان الفعل فلو ظہرت من الکاذب لزم کونہ صادقا وکاذبا وھو محال۔ والماتریدیۃ لایجابہ التسویۃ بین الصادق والکاذب وعدم التفرقۃ بین النبی وھو سفہ لا یلیق بالحکیم الی ان ذکر خامسا الجواب عن قولھم ان استحالۃ الکذب من اللہ انما ثبت من الشرع۔

تصدیق کے بارے میں کیونکہ وہ تو اس شق کی بنا پر مسلم ہے۔

اور علامہ تفتازانی نے اپنی مصنفہ کتاب "شرح مقاصد" کے "مقصد سادس" میں اس اعتراض کا جواب اس طرح دیا ہے۔

اور چوتھی بات یہ ہے کہ جھوٹے نبی کے ہاتھ پر معجزے کا ظاہر ہونا کس غرض سے فرض کیا گیا ہے۔ اللہ تعالی کی قدرت کے عام ہونے کی وجہ سے اگرچہ عقلاً درست ہے لیکن عادت کے طور پر (جھوٹے کے ہاتھ پر معجزہ کا ظہور) ممتنع ہے اور قطعی طور پر اس کی نفی معلوم ہے جیسا کہ وہ تمام عادت والی چیزوں کا حکم ہے اور یہ (وہی بات ہے جیسی کہ قاضی نے کہی ہے کہ) معجزہ کے ظہور کا صدق کے ساتھ اتصال عادتوں کے طور پر صادر ہونے والے امور میں سے ہے۔ پس جب ہم نے عادیات کا اپنے مقامات سے ہٹ جانا جائز قرار دیا ہے تو معجزے کا صدق سے خالی کرنا بھی جائز ہے اور اس وقت اس معجزے کا کاذب کے ہاتھ پر ظاہر کرنا بھی جائز ہے، مگر اس کے بغیر جائز نہیں کیونکہ کاذب کی صداقت کا علم محال ہے اور ہم میں ہی سے وہ ہیں جنہوں نے عقلی طور پر اس کے محال ہونے کو کہا ہے۔ پس شیخ نے اس وجہ سے کہ کاذب کے صادق ہونے کا علم رسالت کے دعوے کی صداقت پر دلیل قائم کرنے سے عاجز ہونے کا موجب ہے اور امام اور دوسرے متکلمین نے اس وجہ سے کہ معجزہ صدق پر دلالت کرتا ہے وہ فعل کی پختگی کی وجہ سے بمنزلہ علم ہے۔ اس لئے اگر معجزہ کاذب سے ظاہر ہوا تو اس کا صادق اور کاذب سے ظاہر ہوا تو اس کا صادق اور کاذب ہونا لازم آئیگا اور یہ دونوں کا لازم آنا محال ہے اور ماتریدیہ[1] امام ابو المنصور ماتریدی کے متبعین نے اس وجہ سے کہ یہ بات جھوٹے اور سچے کو برابر قرار دینے کا موجب ہے، اور سچے نبی اور جھوٹے نبی میں فرق نہ کرنے کا سبب ہے

[1] امام ابو منصور ماتریدیہ۔ چونکہ یہ ماترید کے رہنے والے تھے جو سمرقند کے دیہات میں سے ایک قریہ تھا اس لئے ماتریدی کہلائے۔ جس طرح امام ابو الحسن اشعری رحمۃ اللہ علیہ کو دیار خراسان، عراق اور شام اور ہند و پاکستان میں اہل سنت والجماعت کا امام کہا جاتا ہے۔ اسی طرح امام ابو منصور کو ماوراء النہر کے علاقے میں اہلسنت والجماعت کا امام کہا جاتا ہے۔ ہم پاکستانی و ہندوستانی مسلمان عقائد میں امام ابو الحسن اشعری کے مقلد ہیں اور فقہ میں امام ابو حنیفہ کے۔ امام ابو منصور ابو نصر عباس کے تلمیذ ہیں اور وہ ابو بکر جرجانی کے اور وہ امام محمد بن حسن کے اور امام محمد امام ابو حنیفہ رحمہم اللہ علیہم اجمعین کے۔ مترجم۔

وازیں اجوبہ افحام خصم ممکن نیست۔ جواب امام رازی خود ظاہرست کہ بشبہ اولی وثانیہ بلکہ بثالثہ ہم تعلق ندارد۔ ورفع شبہ رابعہ اگرچہ بظاہر ازاں مفہوم مے شود ولاکن خصم رامے رسد کہ بعد تسلیم استحالۃ صدور کذب از خدا تعالی تصدیق کاذب منع پیش آرد ودفع ایں منع بدوں اثبات ایں معنی کہ تصدیق کاذب عین کذب باری ویا مستلزم است۔ ممکن نیست۔ پس درحقیقت رفع شبہ رابعہ ہم ازاں نشدہ۔

وجواب علامہ بوجوہ محل کلام ست۔

الاول ان قولہ: "ممتنع عادۃً معلوم الانتفاء" الخ مخالف الواقع ولما سیقع قطعًا اذ ظہور الخوارق علی ایدی الکاذبین کالدجال وابن صیاد واشباہہما قد نطق بہ السنۃ وشہد بہ الواقع وقد اعترف بہ المسلمون وسموہ استدراجًا ومکرًا الہیا فما معنی انتفائہ وامتناعہ عادۃ۔

الثانی ان قولہ "فاذا جوزنا انخراقہا فیہ ان ہذا التعلیق بالجائز اذ تجوز انخراق العادۃ عن مجراہا لامانع منہ وہو عین مفہوم المعجزۃ التی انتم بصددہا فلما جوزتم الانخراق ہنالک یجوزہ الخصم ہہنا۔

الثالث ان قولہ لاستحالۃ العلم بصدق الکاذب

اور یہ ایسی حماقت ہے جو خدائے حکیم کے شایان شان نہیں یہاں تک اس فکر تک پہنچے کہ پانچویں بات یہ ہے کہ انکے اس قول کا جواب کہ کذب اللہ تعالیٰ سے محال ہے شریعت سے ثابت ہے۔

ان جوابات سے دشمن کو خاموش کردینا ممکن نہیں ہے۔ امام رازیؒ کا جواب خود ظاہر ہے کہ پہلے دوسرے بلکہ تیسرے شبہ سے بھی کوئی تعلق نہیں رکھتا اور چوتھے شبے کا اٹھ جانا اگرچہ ظاہر میں اس سے سمجھا جاتا ہے لیکن مخالف کو موقع ملتا ہے کہ خدا تعالیٰ سے جھوٹ کے صادر ہونے کو محال تسلیم کرنے کے بعد بھی کاذب کی تصدیق کے محال ہونے کے بارے میں منع[1] پیش کرے اور اس منع کا دفعیہ اس حقیقت کو ثابت کئے بغیر ممکن نہیں کہ کاذب کی اللہ تعالیٰ کی طرف سے تصدیق بعینہٖ خداوند تعالیٰ کا جھوٹ بولنا ہے یا اسکو مستلزم ہے لہٰذا چوتھا شبہ بھی دور نہیں ہوا۔

اور علامہ (رازی) کا جواب کئی وجہ سے کلام کرنیکا موقع رکھتا ہے۔

اولؔ یہ کہ ان کا قول "ممتنع عادۃ معلوم الانتفاء" الخ واقعے کے مخالف ہے اور اس وجہ سے کہ کاذب سے خوارق کا صدور ضرور ہوگا اس لئے کہ دجالؔ[2] اور ابن صیاد اور ان ہی کی مثل جھوٹوں کے ہاتھوں پر خوارق کا ظہور واضح طور پر سنت سے ثابت ہے اور واقعات اس کے شاہد ہیں اور مسلمان اس کا اعتراف کرتے ہیں اور اس کو استدراج اور اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیر سے موسوم کرتے ہیں تو پھر اس کے منفی اور ممتنع ہونے کے کیا معنی ہیں۔

دوسرےؔ علامہ تفتازانی کا یہ قول "فاذا جوزنا انخراقہا" اس میں یہ شبہ ہوتا ہے کہ یہ شرط ایک جائز امر کیساتھ ہے اس لئے کہ عادت کے اپنی راہ سے ہٹ جانے کا اس سے کوئی امر مانع نہیں ہے اور وہی معجزے کا بالکل ٹھیک مطلب ہے جس کے ثابت کرنے کے آپ لوگ درپے ہیں پس جب تم نے انخراق کو وہاں جائز قرار دیدیا تو مخالف اسکو یہاں جائز قرار دے دیگا۔

تیسرےؔ یہ کہ علامہ تفتازانی کا یہ قول "لاستحالۃ العلم بصدق الکاذب"

---

[1] منع کا مطلب یہ ہے جو علم مناظرہ میں اصطلاحی لفظ ہے کہ مناظر کہتا ہے کہ ہم منع کرتے ہیں اور نہیں مانتے لہٰذا کوئی دلیل پیش کرو۔ مترجم

[2] قیامت کی خصوصی علامات میں سے جیسا کہ مخبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دجال کا ظاہر ہونا ہے۔ دجال ایک آنکھ سے کانا ہوگا اسکی پیشانی پر ک

فیہ تسمیتہ کاذبا ہو مصطلحنا معشر الاسلام والا فالخصم یسمیہ صادقا ویعد خارقہ معجزۃ فلا یلزم عندہ اجتماع الکذب مع الصدق حتی یلزم الاستحالۃ وہکذا الکلام فی قولہ والامام وکثیر من المتکلمین لان الصدق مدلول لہا۔

الرابع ان قولہ لافضائہ الی التعجیز مقنع للموافق غیر مفحم للمخالف فانہ لا یسلم وجود الرسالۃ ولا دلالۃ شئی علی ذالک فکیف یحتج علیہ باستحالۃ التعجیز عن افاضۃ الدلالۃ۔

الخامسؔ ان قولہ لایجابہ التسویۃ فیہ ایضا قناعۃ للموافق الذی یؤمن بالنبی الصادق لا المتنبی الکاذب واما من انکر ذلک وعارض معجزۃ النبی بخوارق المتنبی فلا حجۃ علیہ فی ھذا۔

وایں تودہ اعتراضات ناشی از سوء بیان جوابات ایشاں است ورنہ اصل اعتراض متعلق دلالۃ معجزہ بر صدق صاحب آں ہمیں یک است کہ برای تفارق معجزہ نبی محق واستدراج متنبی ویا متالہ مبطل من حیث الدلالۃ کہ در اول بر صدق است ودر ثانی بر کذب فارق بین پیدا باید نمود۔

دیگی ازاں شبہات ایں ست کہ امام رازی در فصل حادی عشر از قسم اول مذکور از منکرین نبوت نقل نمود۔

قالوا انا ما رأینا شئی من ھذہ المعجزات

اس جملے میں شبہ یہ ہے کہ اس کا نام کاذب رکھنا وہ ہم مسلمانوں کی اصطلاح ہے ورنہ مخالف اس کا نام صادق رکھتا ہے (تو ہم کیسے منع کر سکتے ہیں) اور اسکے خارق عادت کو معجزہ شمار کریگا تو اسکے نزدیک صدق کا کذب کے ساتھ اجتماع لازم نہیں آئے گا کہ استحالہ لازم آئے اور اسی طرح کا کلام کیا جا سکتا ہے۔ علامہ تفتازانی کے اس قول میں کہ انہوں نے کہا ہے" والامام وکثیر من المتکلمین لان الصدق مدلول لہا

چوتھے علامہ تفتازانی کا یہ قول" لافضائہ الی التعجیز الخ موافق کے لیئے تو کفایت کر سکتا ہے لیکن مخالف کو خاموش نہیں کر سکتا ہے لیکن مخالف کو خاموش نہیں کر سکتا کیونکہ مخالف رسالت کے وجود کو تسلیم ہی نہیں کرتا اور اس پر کوئی چیز دلالت بھی نہیں کرتی۔ اس لیئے اس مخالف کے مقابلے میں استحالۃ التعجیز عن افاضۃ الدلالۃ کے ذریعہ کیسے حجت لا سکتا ہے۔

پانچویںؔ ان کا یہ قول" لایجابہ التسویۃ الخ اس میں بھی موافق کے لیئے تو قناعت کا سبب بن سکتا ہے جو کہ نبی صادق صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھتا ہے نہ کہ جھوٹے نبوت کے مدعی پر۔ لیکن جو اس سے انکار کرتا ہے اور نبیؑ کے معجزات کے مقابلے میں متنبی کے خوارق کو پیش کرتا ہے تو اس پر مذکورہ قول میں کوئی حجت نہیں۔

اور یہ اعتراضات کا پلندہ ان صاحبان کے جوابات کی خرابی سے پیدا ہوا ہے ورنہ اصل اعتراض معجزہ کا صاحب معجزہ کے صدق پر دلالت کے بارے میں صرف ایک اعتراض ہے وہ یہ کہ سچے نبی کے معجزے اور جھوٹے نبی کے استدراج یا باطل پرست خدا پر ایمان رکھنے والے کے استدراج میں دلالت کی رو سے کھلا ہوا امتیاز پیدا کرنا چاہیئے جس سے اول میں یعنی سچے نبی کی صداقت پر دلالت ہو اور دوسرے میں کذب پر دلالت ہو۔

اور انہی شبہات میں سے ایک یہ ہے جو کہ امام رازیؒ نے مذکورہ قسم اول کی گیارھویں فصل میں منکرین نبوت کیطرف سے نقل کی (جو یہ ہے) "منکرین معجزات نے کہا کہ ہم نے ان معجزات سے متعلق کوئی چیز

ولكنا سمعنا من جماعة انهم قالوا سمعنا من اقوام آخرين وعلى هذا الترتيب الى ان اتصل هذا الخبر باقوام زعموا انهم شاهدوا هذه المعجزات ونحن لا نسلم ان مثل هذا الخبر يفيد اليقين التام والذى يدل عليه وجوه الشبهة الاولى ان الخبر المتواتر حاصل فى صور كثيرة مع انكم تحكمون بكونها كذبا وذلك يقدح فى كون المتواتر مفيدًا العلم الى ان ذكر عشرة اكاذيب من اليهود والنصارى والمجوس والمعتزلة والروافض التى تحقق فيها تواتر هولاء مع كونها اكاذيب البتة- منها قول اليهود عن موسى انه قال ان شريعتى باقية وانها لا تصير منسوخة ومنها خبر اليهود ان التوراة التى معهم هى التى نزلت على موسى۔

پس تر جواب بعض ازاں از جانب متکلمین ادای نموده تزئیف وجرح آں پرداخته و در جواب الجواب لب نکشوده وعلامہ تفتازانی در مقصد سادس شرح مقاصد از منکرین نقل نموده

قدح بعض المنكرين للنبوة فى المعجزات بانها على تقدير ثبوتها لا تثبت على العاميين لان اقوى طرق نقلها المتواتر وهو لا يفيد اليقين لان جواز الكذب على كل احد يوجب جوازه على الكل لكونه نفس الاحاد ولانه لو افاده لافاده خبر الواحد لان كل

خود نہیں دیکھی لیکن ہم نے ایک جماعت سے سنا کہ انہوں نے کہا کہ ہم نے دوسری قوموں سے سنا ہے اور اسی ترتیب سے چلے جائیے تا آنکہ معجزات کی خبر ایسی قوم تک پہنچ جائے گی جنہوں نے کہا کہ انہوں نے یہ معجزات دیکھے ہیں اور ہم تسلیم نہیں کرتے کہ اس جیسی خبر مکمل یقین کے لئے مفید ہو اور جو چیزیں خبر کے اس عدم یقین پر دلالت کرتی ہیں وہ کئی طرح پر ہیں۔

پہلا شبہ پہلا شبہ یہ ہے کہ متواتر خبریں بہت سی صورتوں میں حاصل ہوتی ہیں اس کے باوجود تم ان کے جھوٹ ہونے کا حکم دیتے ہو۔ یہ بات متواتر کے متعلق یقین کا فائدہ دینے کو مجروح کرتی ہے یہاں تک کہ خبر متواتر کو مفید یقین ماننے والوں کی طرف سے یہود، نصاریٰ، مجوسی، معتزلہ اور روافض کے امام رازی نے ایسے دس جھوٹ لکھے ہیں کہ ان میں ان فرقوں کا تواتر موجود ہے۔ باوجودیکہ وہ باتیں قطعاً جھوٹی ہیں۔ انہی میں سے یہودیوں کا قول موسیٰ علیہ السلام سے کہ انہوں نے فرمایا کہ تیری شریعت باقی رہے گی اور وہ منسوخ نہ ہوگی اور انہی متواتر میں سے یہودیوں کی یہ خبر کہ توراۃ جو ان کے پاس ہے وہی ہے جو موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی۔

پھر اس کے بعد ان میں سے بعض کا جواب متکلمین کی طرف سے دیا اور پھر اسکو بھی مجروح اور کمزور کرنے میں مشغول ہوا اور جواب الجواب کے لئے منہ کھولا اور علامہ تفتازانی نے شرح مقاصد کے "مقصد سادس" میں منکرین معجزات کی طرف سے نقل کیا ہے (عجیب ہے!)

• بعض منکرین نبوت نے معجزات میں اس طرح جرح کی ہے بایں طور کہ اگر فرض کرو معجزات کے ثبوت کو مان لیں تو پھر بھی عام لوگوں پر معجزات کا وجود ثابت نہیں ہوتا کیونکہ انکے منقول ہونے کے زیادہ قوی طریقوں میں سے تواتر ہے اور وہ یقین کا فائدہ نہیں دیتا کیونکہ ہر ایک پر کذب کا جواز کل پر کذب کے جواز کو واجب کرتا ہے کیونکہ وہ سب احاد ہیں اور دوسری وجہ یہ ہے کہ اگر یقین کا

طبقة يفرض عدد التواتر فعند نقصان
واحد منه ان بقيت مفيدة لليقين
وهكذا الى الواحد فظاهر وان لم يبق
كان المفيد هو ذالك الواحد الزائل
ولانه غير مضبوط بعدد بل ضابطته
حصول اليقين فاثبات اليقين به
يكون دورًا۔

و در جواب این چیزی نیاورده و بر مجرد ادعا
ضرورت اکتفاء نموده حیث قال بعده

ان المتواترات احدی اقسام الضروریات
فالقدح فیها بما ذکر مع انه ظهر
الانتفاع لا یستحق الجواب

وحالانکہ خودش در صدر کتاب در ضرورت متواتر
کلام نموده۔ حیث قال

ان کون المجربات والمتواترات والحدسیات
من قبیل الضروریات موضع بحث على ما
فصله الامام فى الملخص لاشتمال كل منها
على ملاحظة قياس خفى۔

وآن قیاس خفی این ست که بعد سطری چند آن را
ذکر نموده حیث قال

فانه لابد فيه من حصول مقدمتين
احدهما ان هؤلاء مع كثرتهم واختلاف احوالهم
لا يجمعهم على الكذب جامع

فائدہ دیگی تو خبر واحد ہی دیگی تو خبر واحد ہی دیگی اس لئے کہ جس
طبقے کو بھی تواتر کا عدد فرض کیا جائے تو ان میں سے ایک کے کم ہو جانے
کی صورت میں اگر وہ یقین کے لئے مفید رہتا ہے (اور اسی طرح ایک
ایک کی کمی کر کے) واحد اول تک بھی (مفید یقین رہتا ہے) تو ظاہر
ہے کہ خبر واحد نے یقین کا فائدہ دیا۔ اور اگر ایک کے کم ہو جانے پر
وہ یقین کا فائدہ نہیں بخشتا تو معلوم ہوا کہ مفید یقین یہی واحد زائد
تھا جو کم ہو گیا۔ پھر بھی مفید یقین خبر واحد ہوئی۔ اور تیسری وجہ یہ
ہے کہ تواتر کا کوئی عدد مقرر نہیں بلکہ اس کا ضابطہ حصول یقین ہے
پس یقین کو اس کے ذریعہ ثابت کرنا دور[1] ہے۔ (جو محال ہے)

اور اس کے جواب میں انہوں نے کچھ پیش نہیں کیا اور
صرف بدیہی ہونے کے دعوے پر اکتفا کی ہے جیسا کہ اسکے بعد فرمایا:۔
"متواتر چیزیں بدیہیات کی اقسام میں سے ایک ہیں۔ لہٰذا
ان پر مذکورہ اعتراضات کیساتھ جرح کرنا باوجودیکہ ان سے
نفع حاصل کرنا ظاہر ہے جواب کا حقدار نہیں۔

اور حالانکہ انہوں نے اپنی کتاب کے آغاز میں متواتر کے بدیہی ہونے کے
بارے میں کلام کیا ہے اور یوں کہا ہے:۔
"مجربات، متواترات، حدسیات کا ضروریات کے قبیل سے ہونا
ایک بحث کا مقام ہے جس پر کہ امام رازی نے ملخص میں تفصیل سے کلام
کیا ہے کیونکہ ان میں سے ہر ایک قیاس خفی کے ملاحظہ پر شامل ہے۔

اور وہ قیاس خفی وہی ہے جس کو چند سطروں کے
بعد ذکر کیا ہے اور اس طرح فرمایا ہے:۔
۱۔ بات یہ ہے کہ تواتر میں بھی دو مقدموں کا ہونا ضروری ہے
ان میں سے ایک یہ کہ وہ لوگ خبر دینے والے کثرت عدد اور اختلاف احوال کے
اس درجے میں ہیں کہ کوئی جامع امر ان کو جھوٹ پر متحد نہیں کر سکتا۔

---

[1] دور منطق کی اصطلاح میں توقف الشی علی نفسہ کے ہیں۔ یعنی ایک چیز کا وجود و ثبوت خود اپنے اوپر موقوف ہو جانا۔ یقین کو تواتر سے اور
تواتر کی صحت یقین پر موقوف ہو گئی۔ لہٰذا حصول یقین حصول یقین پر موقوف ہوا۔ یہی دور ہے جو محال ہے۔ مترجم

الثانیہ انھم قد اتفقوا علی الاخبار عن الواقعۃ

ومقدمہ اولی ازیں دو مقدمہ نظری بلکہ نزد خصم مغالطہ وعین محل نزاع است۔ اومے گوید کہ بسیاری از اکاذیب است کہ بر نقل آنہا تواتر موجود ست و با ایں ہمہ ہمہ کذب است کما فصلہ الرازی پس در جواب آں سوالات رجوع وتشثت بضرورت وبداہت نزد خصم ادعاء محض ست کہ تفصے ازاں بلا ضبط حد متواتر کہ مانع از دخول آں اکاذیب باشد ممکن نی بود در بعض رسائل اصول حد متواتر چناں بیان کردہ اند کہ مورد دیگر اعتراضات است۔ قال فی التوضیح۔

الخبر اما ان یکون رواتہ فی کل عہد قوما لا یحصی عددھم ولا یمکن تواطئھم علی الکذب لکثرتھم وعدالتھم الخ

ویردہ ما فی شرح نخبۃ الفکر وشرحہ نصہ والمتواتر لا یبحث عن رجالہ فان قیل قد اشترط فی کتب اصول الفقہ العدالۃ فی رجال المتواتر قلنا قد رد علیہ شارحونا انتھی مختصرا

قلت ویردہ ایضا ان اثبات عدالۃ جمیع ھؤلاء کالمتعذر ثم ان قولہ لا یحصی عددھم وکذا قول النخبۃ بلا حصر عدد معین فیہ ان ما لا یحصی لا یتعلق بہ العلم وما تعلق بہ العلم وما تعلق بہ العلم من طرق التواتر تکون

دوسرا مقدمہ یہ کہ انہوں نے ایک واقعہ کی خبر دینے پر سب نے اتفاق کر لیا ہے۔

اور پہلا مقدمہ ان دونوں مقدمات میں سے نظری ہے بلکہ مخالف کے نزدیک مغالطہ اور بالکل نزاع کی جگہ میں ہے۔ وہ کہتا ہے کہ بہت سے ایسے جھوٹے واقعات ہیں کہ ان کے نقل پر تواتر موجود ہے اور ان کے باوجود وہ سب جھوٹے ہیں جیسا کہ امام رازیؒ نے تفصیل سے بیان کیا ہے پس ان سوالات کے جواب میں بداہت اور ضرورت کا سہارا لینا اور رجوع کرنا مخالف کے نزدیک محض دعویٰ ہی دعویٰ ہے کہ متواتر کی حد کو اس طرح متعین کئے بغیر جو اپنے اندر اکاذیب کو داخل ہونے سے مانع ہو ممکن نہیں ہے اور اصول حدیث کے بعض رسالوں میں متواتر کی تعریف اس طرح بیان کی ہے جو دوسرے اعتراضات کی مورد بن سکتی ہے۔ توضیح میں (مصنف نے) کہا ہے۔

خبر یا تو ہر زمانے میں اس کے راوی اتنے کثرت سے لوگ ہونگے کہ ان کے عدد کا احاطہ نہ کیا جا سکے اور ان کی کثرت اور عدالت پر موافقت کی وجہ سے کذب پر ان کا اتفاق ممکن نہ ہو۔

اور اس تعریف کی تردید نخبۃ الفکر اور اس کی شرح کی عبارت کرتی ہے ف اور متواتر حدیث وہ ہے جس میں اس کے رجال سے بحث نہیں کی جاتی۔ پس اگر کہا جائے کہ اصول فقہ کی کتابوں میں متواتر حدیث کے راویوں میں عدالت ہونے کی شرط کی ہے تو ہم یہ کہیں گے کہ ان کتابوں کے شارحین نے اس کی تردید بھی کر دی ہے۔ مختصر طور پر نخبۃ الفکر کی عبارت ختم ہوئی۔

میں (محمد حسین بٹالوی) کہتا ہوں اس کی تردید یہ بھی کرتی ہے کہ متواتر کے ان تمام راویوں کی عدالت کا اثبات دشوار ہے۔ پھر صاحب توضیح کا قول لا یحصی عددھم اور اسی طرح نخبۃ الفکر کے مصنف کا قول بلا حصر عدد معین اس پر اعتراض یہ ہے کہ جس کا شمار ہی نہ ہو سکیگا اس سے علم کا تعلق بھی نہ ہو گا اور طرق تواتر میں سے جس کے ساتھ علم کا تعلق ہو گا وہ یقیناً محدود ہونگے اور گنتی کے ہونگے

محصاة معدودة لامحالة ثم ان قولهم لا يمكن تواطؤهم على الكذب فيه ان التواطؤ على الكذب اذا كان لغرض اشاعتهم ما يوافق مذاهبهم فلا ينكر وجوده فضلا عن الامكان وقد قال العلوي في شرح شرح النخبة حتى لو اخبر جمع غير محصور بما يجوز توافقهم على الكذب عليه لغرض من الاغراض لا يكون متواترًا

فقیر در جواب ایں اعتراضات چیزہا در ذہن دارد انشاء اللہ تعالیٰ در رسالہ علیحدہ خواہد نوشت۔ ولاکن چوں بر فہم و علم خود وثوق و تیقن اصابت نمی دارد لہذا در حل آنہا رجوع باکابر نمودہ رجاء کہ بمقتضای الدین النصیحۃ از حل ایں اشکالات پہلو تہی نفرمایند۔ و اگر از دیگر علماء معقول و منقول دریں باب مشورہ جویند و باتفاق آراء جمیع جوابات مرتب شوند نہایت مستحسن می نماید وہمراہ جواب اصل خط فقیر یا نقلش مقابل باصل ضرور روانہ فرمایند کہ نقلش نزد خود نداشتہ ام و ضرورت خود باں متعلق می دانم۔ فقط تمت بالخیر۔

پھر ان کا یہ قول کہ "لا یمکن تواطؤھم علی الکذب" اس پر اعتراض یہ ہے کہ اگر جھوٹ پر اتحاد اس غرض سے ہو کہ جو چیز انکے مذہب کے موافق ہو اسکی اشاعت ہو جائے تو اس تواتر کے وجود کا انکار نہیں کیا جا سکتا کجا یہ کہ امکان سے انکار ہو سکے اور علوی نے شرح نخبۃ الفکر کی شرح میں کہا ہے کہ "یہاں تک کہ اگر کسی غیر محدود جماعت نے کسی چیز کی خبر دی کہ ان کا اس خبر کے جھوٹ پر متحد ہونا اغراض میں سے کسی غرض کی وجہ سے جائز ہو تو وہ خبر متواتر نہ ہوگا۔

فقیر ان اعتراضات کے جواب میں ذہن میں کچھ خیالات رکھتا ہے۔ انشاء اللہ اس رسالے میں لکھوں گا جس کے لکھنے کا خیال ہے لیکن چونکہ یہ فقیر اپنے علم و فہم پر بھروسہ اور درستی کا یقین نہیں رکھتا لہٰذا انکے حل میں اکابر علماء کی طرف رجوع کر کے امید کرتا ہوں کہ "دین خیر خواہی ہے" کے مطابق ان مشکل سوالات کے حل کرنے میں پہلوتہی نہ فرمائیں گے اور اگر علوم منقولہ و معقولہ کے علماء سے بھی اس بارے میں مشورہ کرینگے اور ایک جماعت کے اتفاق رائے سے جوابات مرتب ہونگے تو بہت ہی اچھی بات معلوم ہوتی ہے اور جواب کے ہمراہ فقیر کا اصل خط یا اس کی نقل مطابق اصل ضرور روانہ فرمائیں کیونکہ میرے پاس اس کی نقل نہیں ہے اور اپنی ضرورت اس کے متعلق پیش نظر رکھتا ہوں۔ فقط خیریت سے خط ختم ہوا۔

(نوٹ) مکتوب ہشتم کا ترجمہ ۳۰ جولائی ۱۹۶۸ء مطابق ۳ جمادی الاولیٰ ۱۳۸۸ھ راولپنڈی میں شروع کیا گیا اور ۲۹ ذوالحجہ ۱۳۸۸ھ مطابق ۱۹ مارچ ۱۹۶۹ء کو لائل پور میں ختم ہوا۔ یہ ترجمہ وقفے وقفے سے لکھا گیا۔

محمد انوار الحسن

(بقیہ حاشیہ ص) اس نے جواب میں کہا کیا تم میرے رسول ہونے کی گواہی دیتے ہو تو حضورؐ نے فرمایا کہ میں ایمان لایا اللہ پر اور اس کے پیغمبروں پر۔ لہٰذا وہ متغیر تھا تو وہ اس سے خارج ہو گیا اور بھی بعض احادیث آئی ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے جس میں حضرت کے ساتھ ایک جماعت صحابہ کے ابن صیاد کی طرف گئے وہ اس وقت بچہ تھا [illegible] کی ایک قوم بنی مغالہ کے محل میں لڑکوں کے ساتھ کھیل رہا تھا۔ ابن صیاد [illegible] شیطانی الہام القاء [illegible] شیطانی القاء ہوتا تھا۔ کوئی بات سچی ہوتی ہے اور کوئی غلط۔ یہی حال ابن صیاد کا تھا۔ اس میں اختلاف ہے کہ ابن صیاد ہی دجال ہے [illegible] ابن صیاد کو دجال سمجھتے تھے [illegible] اس دن غائب ہو گیا۔ بعض نے کہا اس کی مدینے میں وفات ہوگئی۔ لہٰذا ابن صیاد اور دجال [illegible] (مترجم)

خلاصہ مکتوب نہم

بنام مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی رح

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نے اس مکتوب کے اول میں منطقی بحث شروع کی ہے ہم اس قسم کی علمی بحثیں جو عام پر چھوڑ دیتے ہیں کیوں کہ یہ مکتوبات علمی استعداد نہ رکھنے والوں کے لئے شجرۂ ممنوعہ سے کم نہیں۔ وجہ یہی ہے کہ جن حضرات کو یہ خطوط لکھے گئے ہیں وہ خود جلیل القدر عالم تھے۔ لہٰذا اس مکتوب میں امکان، امتناع، محال اور ممتنع ذاتی اور ممتنع بالعرض کی باتوں کو اہل علم کی فہم و فراست کے حوالے کرتے ہوئے اس مکتوب کا خلاصہ اپنی استطاعت کے مطابق پیش کرتے ہیں۔

خلاصۂ مکتوب مولانا ارشاد فرماتے ہیں کہ افعال کے صادر ہونے کا تعلق طبیعت سے ہے جیسی طبائع ہونگی ویسے ہی افعال ظہور میں آئیں گے۔ چنانچہ فرماتے ہیں کہ طبیعتوں کے تقاضوں کا نام عادات و اخلاق ہے۔ یہ اعمال اور اخلاق عادتوں کے ماتحت اکثر عمومی محرکات کے باعث ظہور میں آنے کے باعث حیران کن نہیں ہوتے۔ مثلاً مذکر اور مؤنث کے ملاپ سے عموماً نسل کا ظہور ہوتا ہے۔ لیکن کبھی صرف مونث سے کسی لڑکے کا پیدا ہو جانا چونکہ شاذ و نادر ہوتا ہے لہٰذا لوگ حیران ہو جاتے ہیں۔ حالاں کہ حیرانی کی کوئی بات نہیں ہے۔ عمومی محرکات سے جو روزمرہ اعمال ظہور میں آتے ہیں وہ عادت عامہ ہے اور خصوصی اوقات میں مدتوں میں اگر کسی خصوصی محرک سے کوئی عجیب عمل ظہور میں آتا ہے تو وہ عادت خاصہ کے ماتحت ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ جب کسی نبی کے ہاتھ پر کوئی معجزہ ظاہر کرتے ہیں تو عوام اگر اس کو اللہ تعالیٰ کی عادت کے خلاف سمجھ کر حیران ہو جاتے ہیں اور اس کو عادت اللہ کے خلاف سمجھ لیتے ہیں تو یہ ان کی غلط فہمی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی عادت نہیں بدلتی۔ ہاں معجزے کو عادت خاصہ کہیں گے خلاف عادت نہیں۔ غرض یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عادتیں مختلف ہیں۔ جو اس کے خاص اور پیارے بندے ہیں ان پر کرم کرنا ایک عادت ہے اور مبغوض اور کافر بندوں پر غضب کرنا دوسری عادت ہے۔ دونوں پر عادتوں کا اطلاق ہوگا۔ اسی طرح عام بندوں کے ساتھ عام معاملہ کرنا اللہ تعالیٰ کی ایک عادت ہے اور انبیاء علیہم الصلوٰۃ کے ساتھ عصا کا اژدہا بنا دینا، چاند کے ٹکڑے کرا دینا، کنکریوں کا بول اٹھنا، مردوں کا زندہ کر دینا، آگ کو گلزار بنا دینا دوسری عادت ہے۔ غرضکہ معجزہ اللہ تعالیٰ کی عادت سے باہر نہیں۔ اسکو خلاف عادت کہنا نادانی ہے

یہ فرما کر مولانا نے تخلیق عالم پر نظر دوڑائی ہے اور فرمایا ہے کہ عالم حسن و قبح کا مجموعہ ہے اور اس مجموعۂ خیر و شر میں اس کا حسن پنہاں ہے۔ مثلاً اگر خوبصورت انسان کو دیکھا جائے تو اس کا حسن گیسو، رخسار، خال، لب و دنداں کے مجموعے پر منحصر ہے

لیکن اگر گال کے تل کو علیحدہ کر کے دیکھیں گے تو حسن خاک میں مل جائے گا۔ تو مجموعہ خیر و شر سے حسن کا ظہور ہوتا ہے۔ یہی حال علم و جہالت
اور صدق و کذب کا ہے کہ جہالت اور کذب کا پیدا کرنا بھی اسی قبیل سے ہے۔ لیکن مطلقاً شر جدا اپنی جگہ قبیح ہے۔ جیساکہ
علیحدہ کر کے رخسار سے تل کو دیکھا جائے۔ اسی طرح صدق و کذب میں صرف کذب کو اختیار کرنا بدی ہے اور صدق نیکی ہے
صدق اور کذب کا مرتکب صادق انسان محبوب اور کاذب مبغوض ہوتا ہے۔ انبیاء علیہم السلام اللہ کے محبوب اور سچے بندے
ہوتے ہیں۔ لہٰذا صادقین کی معجزات کے ذریعہ امداد کرنا حکمت کے عین مطابق ہے اور جو عین عادت ہے۔ لیکن اگر اس کے عین
برعکس جھوٹے کی حمایت کی جائے تو یہ دانائی کے خلاف ہے۔ کیونکہ جھوٹے کی قول یا فعل سے تصدیق کرنا تصدیق کرنے والے
کے جھوٹ کو مستلزم ہے۔ یہی بات امام رازی نے کہی ہے اور فرمایا ہے کہ معجزہ تصدیق نبی کے لئے ملحدین کے تمام شبہات کے
جواب میں کافی ہے۔ کیونکہ جھوٹ نقص اور عیب ہے اور اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے لہٰذا انبیاء کی جھوٹی تصدیق اس کی طرف
سے عیب ہے۔ پس معجزے کا دلیل نبوت ہونا واضح ہے۔ امام رازی کے اس استدلال میں دجال اور ابن صیاد کے استدراج کا جواب بھی
آگیا ہے کہ دجال اور ابن صیاد کی باتیں جھوٹی بھی ہوتی تھیں۔

اب رہا مولوی محمد حسین کا یہ شبہ کہ تواتر سے کسی چیز کا مفید یقین ہونا بھی مجروح ہو جاتا ہے جیساکہ ملحدین نے کہا کہ بعض چیزیں
تواتر کے ساتھ چلی آرہی ہیں مثلاً یہود و نصاریٰ وغیرہما کی کئی باتیں تواتر کے ساتھ چلی آئی ہیں اور خود امام رازی نے باطل فرقوں
اور مذہبوں کے ایسے دس جھوٹ لکھے ہیں جن میں تواتر ہے لہٰذا معجزے کا یہ ثبوت کہ وہ تواتر سے ثابت ہونے کے باعث یقین کا فائدہ
دیتے ہیں کس طرح درست ہوگا۔ درانحالیکہ خود امام رازی نے یہود و نصاریٰ کی تورات و انجیل میں تواتر مانا ہے۔

اس کے جواب میں حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نے فرمایا ہے کہ انسانی فطرت صحیح خبر بیان کرنے پر پیدا ہوئی ہے اور بعض کج طبائع
غلط بیانی کی راہ بھی چلتی ہیں جو فطرت کے خلاف ہے۔ لہٰذا جو تواتر خداوند تعالیٰ کا لحاظ رکھ کر ظہور میں آئے وہ اعتبار کے قابل ہے
اور جو تعصب اور جوش حمیت سے پیدا ہو وہ قابل اعتماد نہیں۔ امام رازی اور تفتازانی کو تورات و انجیل کی تحقیق کا موقع نہیں
ملا۔ اگر وہ آج ہوتے تو ان میں تواتر کے قائل نہ ہوتے۔ کیونکہ توریت و انجیل کی روایت ایک ایک اور دو پر ختم ہوگئی ہے۔ بکثرت پر منتہی
نہیں ہوتی اور نہ ہر قرن میں ہے۔ کیونکہ علمائے یہود کا قول ہے کہ جب بخت نصر نے بنی اسرائیل اور یہودیوں پر حملہ کیا اور توریت
معدوم ہوگئی تو پھر کتنے زمانوں کے بعد ایک شخص نے اپنی یاد سے لکھائی۔ اسی طرح اصل انجیل بھی دنیا میں نہیں ہے بلکہ بقول علمائے
نصاریٰ اس کے ترجمے موجود ہیں اور ترجمہ کرنے والا ایک آدمی ہوتا ہے نہ کہ بہت سے، لہٰذا توریت و انجیل کے اقوال ہر زمانے میں
متواتر نہیں رہے۔ اس کے برعکس نبوت محمدی کے دعوے اور معجزات اور ختم نبوت کے دعوے ہر زمانے میں تواتر کے ساتھ جاری
ہیں جن میں یقین کی پختگی موجود ہے۔ لہٰذا خبر متواتر یقین کا موجب ہے۔

مکتوب نہم

بنام مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی

درجواب شبہات ملحداں بر معجزہ و ثبوت نبوت از معجزہ و حصول یقین از خبر متواتر

معجزے کے ذریعہ نبوت کے ثبوت اور معجزے پر ملحدوں کے شبہات کے جواب میں اور خبر متواتر سے یقین حاصل ہونے کے بارے میں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین محمد و اٰلہ وازواجہ وصحبہ اجمعین۔
بعد حمد وصلوٰۃ بندہ خاکسار محمد قاسم بخدمت مخدوم مکرم مولوی محمد حسین صاحب ادام اللہ فیضہ پس از سلام مسنون گذارش پیرا است۔ امروز روز چارم است کہ بروز دوشنبہ گرامی نامہ نزدم دریں شہر میرٹھ رسید۔ خواستہ بودم کہ بمجرد ورود بامتثال امر سامی پردازم و ہرچہ بذہن من رسد نوشتہ برسانم۔ اما خطی از جانب سید احمد خاں صدر الصدور بنارس

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین محمد و اٰلہ وازواجہ وصحبہ اجمعین
حمد وصلوٰۃ کے بعد بندۂ خاکسار محمد قاسم مخدوم مکرم مولوی محمد حسین صاحب ادام اللہ فیضہ کی خدمت میں سلام مسنون کے بعد عرض کرتا ہے۔ آج چوتھا دن ہے کہ پیر کے روز آپکا گرامی نامہ شہر میرٹھ میں مجھے ملا۔ میں نے چاہا تھا کہ مکتوب کے پہنچتے ہی آپ کے حکم کی تعمیل کروں اور جو کچھ میرے ذہن میں آئے لکھ کر بھیجدوں لیکن ایک مکتوب سید احمد خاں[1] صدر الصدور بنارس کی طرف سے

---

[1] سر سید احمد خاں متحدہ ہندوستان کے ایک بہت بڑی شخصیت کے مالک تھے جنھوں نے مسلم یونیورسٹی علیگڈھ کی بنیاد ڈالی حکومت برطانیہ اور کمپنی کے ملازم رہے اور صدر الصدور کے عہدے تک پہنچے حکومت برطانیہ کے بڑے وفادار ملازم تھے دہلی میں ۱۸۱۷ء میں پیدا ہوئے ہندوستان کے مسلمانوں کا دیندار طبقہ ان کے مذہبی معتقدات کو پسند نہیں کرتا اور دیندار لوگ ان سے بچتے رہے۔ ان کا خیال ہے کہ سر سید بڑے محب قوم تھے۔ انکی زندگی قوم اور ملک کی خدمت میں گذری ۱۸۹۸ء میں انتقال کیا اور علیگڈھ یونیورسٹی کی مسجد کے بازو میں دفن ہوئے۔ مترجم

مشتملبر سیزدہ سوال متعلق بکیفیت زمین و آسمان پیشتر ازیں نامہ گرامی رسیدہ نہادہ بود۔ اول تحریر جوابش نظر بمصلحتہا چند مناسب دیدم۔ آنروز کہ نامہ گرامی سرمایۂ افتخارم شد باین کاوش بیجا بگذشت۔ نی غلط گفتم آنروز مولوی رفیع الدین صاحب از دیوبند رسیدہ بودند بمدارات شاں فرصت توجہ بکار دیگر میسرم نیامد۔ روز دویم کہ نشستم جواب خط سید احمد خاں نوشتم۔ دیروز خواستہ بودم کہ قلم بگیرم و خیالات مکنونہ را بمعرض عرض بکشم اما سر گرانیہا باعث ناتوانیہا بود۔ بہانہ بیکاری دیدہ پہلو بر بستر زدم صبح را بشام رسانیدم امروز بحمداللہ نہ کاری در پیش است نہ آزاری دل ریش خیال امتثال باز تازہ شدہ و موکشاں بمعرض بیان آورد۔ آنا یکی نارسائی، دوم ہرزہ سرائی، می ترسم کہ بمطلب نرسم و مفت پریشان کنم۔ مگر ازاں جا کہ المامور معذور ہر چہ بدل دارم دریں صفحہ مے گذارم۔ اگر راست آمد ازاں طرف است ورنہ نارسائی و بیہودہ سرائی خود۔ خود پیش نظر دارم۔ بالجملہ اول بنام علیم ایں گذارش است کہ

مضمون جواب مکتوب مولانا محمد حسین بٹالوی

مبحث معلوم خیلی بامکان و امتناع و ممکن و محال تعلق دارد دنظر بریں اول رمزی ازیں گذارش می کنم

اقسام ممتنع

ممتنع را دو قسم است

یکی ممتنع بالذات۔ و آں منحصر در اجتماع النقیضین است

زمین و آسمان کی کیفیت سے متعلق تیرہ سوالات پر مشتمل آپ کے گرامی نامے سے پہلے رکھا تھا۔ چند مصلحتوں کی بناء پر پہلے اس کا جواب لکھنا میں نے مناسب سمجھا جس دن آپ کا گرامی نامہ میرے لئے فخر کا باعث ہوا تو اس بے جا تکلیف سے درگذرا نہیں میں نے غلط کہا۔ اس روز مولوی رفیع الدین[1] صاحب دیوبند سے تشریف لائے تھے ان کی خاطر تواضع ہی مشغولیت کے باعث کسی دوسرے کام کے لئے فرصت نہ مل سکی۔ دوسرے روز جو میں بیٹھا تو سید احمد خاں صاحب کے خط کا جواب لکھا۔ کل میں نے ارادہ کیا تھا کہ قلم سنبھالوں اور دلی خیالات کو تحریر میں لاؤں لیکن سر گرانیاں تکاسل کا باعث ہو گئیں اس لئے بیکاری کا بہانہ دیکھ کر بستر پر دراز ہو گیا اور صبح سے شام کر دی۔ آج خدا کا شکر ہے نہ تو کوئی کام ہی پیش نظر ہے اور نہ کوئی تکلیف ہی دل آزاری کا باعث ہو اسلئے تعمیل ارشاد کا خیال پھر تازہ ہو گیا جسنے جواب لکھنے پر مجبور کر دیا لیکن ایک تو میری علمی پہنچ اتنی نہیں پھر فضول کی بھرمار کی مجھے عادت ہے۔ اندیشہ یہ ہے کہ تہہ کی بات نہ کہہ سکوں اور فضول آپ کو پریشان کروں لیکن مامور معذور ہوتا ہے اس لئے جو کچھ دل میں ہے صفحہ کاغذ پر لکھ چھوڑتا ہوں اگر تیر نشانے پر لگ گیا تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے سمجھئے ورنہ اپنی نارسائی اور بیہودہ سرائی کو پیش دیکھتا ہوں الحاصل خداوند علیم کے نام سے یہ گذارش کرتا ہوں کہ

مولانا محمد حسین بٹالوی کے خط کا جواب مضمون

چونکہ بحث آپ نے چھیڑی ہے وہ امکان اور امتناع اور ممکن اور محال سے بہت زیادہ تعلق رکھتی ہے اس لئے پہلے نظر اول اس سے متعلق ایک نکتہ لکھتا ہوں۔

اقسام ممتنع

ممتنع[2] کی دو قسمیں ہیں۔

ایک ممتنع بالذات اور وہ اجتماع نقیضین[3] میں منحصر ہے

---

[1] مولانا رفیع الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے دارالعلوم دیوبند کے مہتمم مراد ہیں جو دور اول کے مہتممین میں سے ہیں۔ حاجی محمد عابد صاحب دیوبندی مہتمم اول کے حج پر جانے کے وقت انکو دارالعلوم دیوبند کا اہتمام سپرد کیا گیا۔ آپ دیوبند ہی کے رہنے والے بزرگ تھے۔ بے حد منتظم تھے۔ دارالعلوم دیوبند کے نودرے کی عمارت انہی کے انتظام میں تعمیر ہوئی۔ حضرت شاہ عبدالغنی صاحب مجددی دہلوی کے خلیفہ تھے۔ بڑے ہی اہل اللہ تھے۔ ۱۲۵۲ھ، ۱۸۳۶ء میں پیدا ہوئے۔ پہلی مرتبہ ۱۲۸۴ھ اور ۱۲۸۵ھ، ۱۸۶۹ء و ۱۸۶۹ء میں دو سال مہتمم رہے۔ پھر ۱۲۸۹ھ، ۱۸۷۲ء میں مستقل مہتمم بنائے گئے اور ۱۳۰۶ھ کے اوائل تک رہے۔ ۱۳۰۶ھ میں مدینہ منورہ کی ہجرت کی اور وہیں دو سال کے بعد ۱۳۰۸ھ مطابق ۱۸۹۱ء میں انتقال ہوا اور جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

[2] ممتنع، ممکن کی ضد ہے جو ہو نہ سکے۔ مترجم۔ [3] نقیضین۔ دو متضاد اور ایک دوسرے کے خلاف چیزیں جیسے حرارت و برودت۔ مترجم۔

خواہ گویند در ارتفاع نقیضین۔ زیراکہ اجتماع مستلزم ارتفاع است وارتفاع مستلزم اجتماع یعنی اصل ہمیں است کہ اگر ایں باشد آں نباشد واگر آں باشد ایں نباشد وہمچنیں اگر ایں نباشد آں باشد واگر آں نباشد ایں باشد۔ اندریں صورت اگر ارتفاع است اجتماع بانعکاس آید واگر اجتماع ست بارتفاع منقلب شود۔ چنانچہ بدیہی ست۔ بلکہ اگر ارتفاع راہم اجتماع نقیضین گویند بجا است۔ چہ ربط تناقض چناں کہ در نقیضین بود ہماں ارتباط در رفع ہر دو ست بالجملہ ممتنع بالذات منحصر دریں است ووجہش اینست کہ امتناع از اقسام ضرورة است وضرورت از کیفیات نسبت بود نہ عوارض اطراف آں۔ چنانچہ ہمہ دانند کہ ضروریہ قضیہ باشد وآنہم از موجہات وپیداست کہ جہتہ کیفیۃ نسبۃ ست نہ غیر آں۔ مگر ضرورت یا ایجابی ست یا سلبی۔ اول گاہی در حمل اولی تام باشد یعنی جائیکہ موضوع ومحمول بہمہ وجوہ امر واحد باشند مثل زید زید وگاہی در ناقص بود یعنی جائیکہ محمول جنس یا فصل موضوع بود مثل اَلْاِنْسَانُ حَیَوَانٌ بوجہ اشتمال انسان بر حیوان ذات قضیہ اَلْاِنْسَانُ حَیَوَانٌ را اَلْحَیَوَانُ حَیَوَانٌ لازم آید وگاہی در ملزوم ولازم ذات او مثل اَلْاَرْبَعَةُ زَوْجٌ ایں جا نیز وجہ ہماں اشتمال یکی بر دیگری ست کہ خبر از عینیۃ بعض مراتب دہد یعنی لازم ذات صادر وناشی از ذات بود از غیر۔ ورنہ انفکاک آں چہ دشوار بود۔ چہ اگر ناشی از غیر بودی مصدر ش آں غیر بودی وملزوم فقط معروض وقابل بودی وظاہر است کہ قابل در مرتبۂ ذات ومعروض در مرتبۂ حقیقت خود معری از مقبول وخالی از عوارض بود۔ اندریں صورۃ عروض آں براں

خواہ ارتفاع نقیضین میں منحصر کرلیں کیونکہ اجتماع نقیضین ارتفاع نقیضین کا موجب ہے اور ارتفاع اجتماع کو مستلزم یعنی نقیضین کی بنیاد یہی ہے کہ اگر یہ نقیضین ہوگی تو دوسری نہ ہوگی اور اگر دوسری نہ ہوگی تو یہ ہوگی اور اسی طرح اگر یہ نہ پائی جائیگی تو وہ پائی جائیگی اور اگر وہ نہ پائی جائیگی تو یہ پائی جائیگی، اس صورت میں اگر ارتفاع نقیضین ہے تو اجتماع منعکس ہوکر آئیگا اور اگر اجتماع ہے تو ارتفاع میں پلٹ جائیگا۔ چنانچہ یہ بات بدیہی ہے۔ بلکہ اگر ارتفاع[1] کو بھی اجتماع نقیضین کہیں تو درست ہے۔ کیونکہ تناقض کا تعلق جیسا کہ نقیضین میں ہوتا ہے وہی رابطہ دونوں نقیضوں کے اٹھ جانے میں ہوتا ہے بالجملہ جو چیز ذاتی طور پر ناممکن ہو وہ اسی میں منحصر ہے اور اسکی وجہ یہ ہے کہ امتناع، ضرورت کی اقسام میں سے ہے اور ضرورت نسبت کی کیفیات میں سے ہوتی ہے نہ کہ اسکے اطراف کے عوارض میں سے۔ چنانچہ سب جانتے ہیں کہ ضروریہ ایک قضیہ[2] ہوتا ہے اور وہ بھی موجہات میں سے۔ اور ظاہر ہے کہ جہت، نسبت کی کیفیت ہوتی ہے نہ اس کے سوا اور کچھ مگر ضرورت یا ایجابی (اثباتی) ہوتی ہے یا سلبی (منفی) ضرورت ایجابی کبھی حمل اولی تام میں ہوتی ہے یعنی جہاں کہ موضوع ومحمول بہمہ وجوہ امر واحد ہوں جیسے زَیْدٌ زَیْدٌ (زید زید ہے) اور کبھی حمل اولی ناقص میں ہوتی ہے یعنی جہاں کہ محمول موضوع کی جنس یا فصل ہو جیسے الانسان حیوان۔ انسان کے حیوان پر مشتمل ہونے کی وجہ سے خود قضیہ الانسان حیوان کی ذات کو الحیوان حیوان ہونا لازم آتا ہے اور کبھی ملزوم اور اس کے لازم ذات میں پائی جاتی ہے جیسے الاربعة زوج (چار جفت ہے) یہاں پر بھی وجہ ضرورت وہی ایک کا دوسرے پر مشتمل ہونا ہے جو بعض مراتب کی عینیت کی خبر دیتا ہے یعنی لازم ذات، ذات سے صادر اور ناشی ہوتا ہے نہ کہ غیر سے۔ ورنہ اس کا انفکاک (جدا ہونا) کیا دشوار ہے۔ کیونکہ اگر ناشی غیر سے ہوتا تو اس کا مصدر بھی غیر ہوتا اور ملزوم صرف معروض اور قابل ہوتا۔

[1] مثلاً آگ اور پانی دونوں کا اجتماع نقیضین کا اجتماع ہے لیکن اگر اجتماع نقیضین کا ارتفاع کیا جائے یعنی نقیضین کو اٹھا دیا جائے اور آگ کی جگہ پانی اور پانی کی جگہ آگ تو ارتفاع نقیضین میں بھی اجتماع نقیضین آموجود ہوا۔ مترجم، [2] قضیہ ضروریہ نسبت اور اطراف نسبت کے متعلق گذشتہ خطوط میں سے کسی ایک خط میں ہم بیان کر چکے ہیں۔ مترجم

بحدوث آں دراں باشد، و ہر حادث را اول عدم آں در محل آں می باید و پیداست کہ عدم سابق و عدم لاحق ہمہ در مراتب برابر اند۔ فرق امکان و امتناع بمیان نمی تواں آمد تا گویند کہ اول ممکن است و ثانی ممتنع۔ آری در لازم وجود اگر امکان انفکاک را گنجائش باشد بجا است کہ آں جا ربط ذاتی نباشد و ازیں جہت مفاد لزوم لازم وجود دوام باشد نہ آنکہ مثل لزوم لازم ذات و آنہم لازمی کہ ناشی از ذات ملزوم باشد مفاد لزوم ضرورۃ بود۔ بالجملہ کنہ لازم ذات مندرج در ذات باشد و مندرج دراں و مابین المرتبتین فرق تشکیکے ست نہ تباین حقیقی۔

غرض چناں کہ در حمل ناقص ترکیب باشد ایں جا تشکیک باشد و ظاہر است کہ اشتمال بسیط بمراتب ضروریہ زیادہ ازاں ست کہ در مرکب بہ نسبت اجزاء بود۔ بالجملہ حاصل ایں ہمہ اقسام ہماں حمل اولی است و چوں مابین ایں قسم اطراف نسبت ضرورۃ ایجابی بمیان آمد اگر یکی را ازیں قسم اطراف زیر نفی کشیدہ با دیگر ربط نسبت ایجابی دہند بالیقین ضرورۃ سلبی بمیان آید۔ چہ اندریں صورت یکی نقیض دیگر باشد۔ خواہ بصراحۃ تناقض بود چناں کہ در حمل اولی تام بود۔ خواہ بالالتزام ہمچنانکہ در دو قسم باقی باشد۔ مثلاً از قضیہ زید زید اگر موضوع را یا محمول را فقط زیر لا آرند و دیگر را ہمچناں گذارند آں وقت ضرورۃ ایجابی مبدل بضرورۃ سلبی شود۔ چنانکہ زید زید بالضرورۃ مے گفتند ہمچناں زید لیس بلا زید بالضرورت گفتن لازم آید۔

اور ظاہر ہے کہ قابل ذات کے مرتبے میں اور معروض حقیقت کے مرتبے میں مقبول سے خالی اور عوارض سے جدا ہوتا ہے اس صورت میں اس کا اس پر عارض ہونا اسمیں اسکے حادث ہونے کی وجہ سے ہوگا اور ہر حادث کیلئے اول اس کا اپنے محل میں عدم ہونا چاہتا ہے اور ظاہر ہے کہ عدم سابق اور عدم لاحق سب مراتب میں برابر ہیں۔ امکان اور امتناع کا فرق درمیان میں نہیں آسکتا ہے تاکہ سکیں کہ اول ممکن ہے اور دوسرا ممتنع۔ ہاں لازم وجود میں اگر انفکاک کے امکان کی گنجائش ہو تو بجا ہے کیونکہ وہاں ذاتی تعلق نہیں ہوتا ہے اور اس وجہ سے لازم وجود کے لزوم کا مفاد صرف دوام ہوگا نہ یہ کہ لازم ذات کے لزوم کی طرح اور وہ بھی ایسے لازم کے جو ملزوم کی ذات سے پیدا ہوتا ہے، لزوم کا مفاد ضرورت ہوگا۔ بالجملہ لازم ذات کی کنہ ذات میں شامل اور اس میں مندرج ہوتی ہے اور دونوں مرتبوں (یعنی لازم ذات اور لازم) کے درمیان تشکیکی[1] فرق ہے نہ کہ حقیقی تباینت۔

غرض جیسا کہ حمل اولی ناقص میں ترکیب ہوتی ہے یہاں تشکیک ہوتی ہے اور ظاہر ہے کہ اشتمال بسیط ضروریہ مراتب پر اس سے زیادہ ہے جو کہ مرکب میں اجزاء کی نسبت ہوتا ہے۔ بالجملہ ان تمام اقسام کا حاصل وہی حمل اولی ہے اور چونکہ اس طرح کے اطراف (یعنی موضوع و محمول) کے درمیان ضرورت ایجابی کی نسبت آچکی ہے اس لئے اگر اطراف کی اس قسم میں سے ایک کو نفی کے ماتحت لاکر دوسری کیساتھ نسبت ایجابی کا تعلق قائم کریں تو یقیناً ضرورت سلبی درمیان میں آجائیگی کیونکہ اس صورت میں ایک دوسرے کی نقیض ہوگی خواہ واضح طور پر تناقض ہو جیسا کہ حمل اولی تام میں ہوگا، خواہ التزامی طور پر جیسا کہ دو باقی قسموں میں ہوگا۔ مثلاً قضیہ زیدٌ زیدٌ سے اگر موضوع یا محمول کو فقط لا کے نیچے لائیں اور دوسرے کو اسی طرح بغیر لا کے چھوڑ دیں تو اس وقت ضرورت ایجابی ضرورت سلبی سے بدل جائیگی جیسا کہ زیدٌ زیدٌ بالضرورت کہتے تھے اسی طرح زیدٌ لیس بلا زید بالضرورت

[1] تشکیک کے بارے میں ہم پہلے کسی خط میں تفصیل سے کلام کر چکے ہیں۔ مترجم

و ناودماء ایں اقسام ششگانہ ہر حمل کہ بود محل امکان است زیرا کہ اندریں صورت نہ در موضوع و محمول ربط اقتضاء یکی بہ نسبتہ دیگر بود نہ نسبتہ تنافر و تدافع درمیان نشیند وچوں ایں چنیں باشد ظاہر است کہ امکان باشد۔ زیرا کہ حقیقت امکان ہمیں سلب ضرورۃ ایجاب وسلب بود۔ چوں ضرورت ایجاب نام اقتضاء و ضرورت سلب کام تدافع برآمد و دریں میدان نہ ایں است نہ آں۔ پس اگر امکان ہم نباشد دیگر چہ باشد۔ چوں ازیں قضیہ بحمد اللہ فراغت دست داد۔ سخن دیگرے باید گفت۔

تعریف و حقیقت ممتنع بالغیر

حقیقت ممتنع بالذات ایں بود کہ عرض کردم مگر حقیقت ممتنع بالغیر نیز می باید شنید۔ ممتنع بالغیر آنست کہ بذات خود ممتنع نہ بود اما بوجہ عروض امتناع از خارج و اختلاط آں بممتنع بالذات ایں وصف بدست آورد۔ بالجملہ با ممتنع بالذات آمیختہ رنگ امکان از روی خود ریختہ باشد۔

وجہ ایں گذارش اینست کہ ہر بالعرض را از موصوف بالذات ناگزیر است۔ آب کہ در حقیقت گرم نیست اگر گرم شود می باید کہ حرارت از آتش و آفتاب گیرد کہ بذات خود گرم است وچوں ممتنع بالذات در اجتماع النقیضین انحصار یافت اختلاط و اتفاق ہمیں اجتماع راہ وجود آں نیز زدہ

کہنا لازم آئیگا۔ اور ان اقسام ششگانہ[1] کے علاوہ جو حمل بھی کہ ہوگا محل امکان ہے کیونکہ اس صورت میں موضوع اور محمول میں نہ ایک کا دوسرے کی بنسبت تقاضہ کرنیکا تعلق ہے اور نہ دونوں میں ایک دوسرے کو دفع کرنے یا نفرت کرنے کی نسبت ہوگی اور جب صورت یہ ہوگی تو ظاہر ہے کہ امکان ہوگا کیونکہ امکان کی حقیقت ایجاب و سلب دونوں کی نفی ہے۔ چوں کہ ضرورت ایجاب، اقتضاء کا نام ہے اور ضرورت سلب تدافع کا کام ہے اور اس میدان میں نہ یہ ہے اور نہ وہ ہے تو پھر اگر امکان بھی نہ ہوگا تو اور کیا ہوگا جب اس قضیئے سے بحمد اللہ فراغت پالی تو اب دوسری بات کہنی چاہیئے۔

ممتنع بالغیر کی حقیقت و تعریف

ممتنع بالذات کی حقیقت یہ تھی جو میں نے عرض کی مگر ممتنع بالغیر کی حقیقت بھی سن لینی چاہیئے۔ ممتنع بالغیر وہ ہوتا ہے کہ جو بذات خود ممتنع نہ ہو البتہ خارج سے امتناع کے عارض ہو جانے کی وجہ سے اور اس کا ممتنع بالذات کے ساتھ اختلاط ہو جانے سے یہ امتناع بالغیر کا وصف اس نے حاصل کیا۔ بالجملہ ممتنع بالذات کے ساتھ مل کر امکان کا رنگ اپنے چہرے سے اڑا دیا۔

اس گذارش کی وجہ یہ ہے کہ ہر (موصوف) بالعرض کو کسی بالذات موصوف کے بغیر چارہ نہیں ہے۔ پانی جو کہ حقیقت میں گرم نہیں ہے۔ اگر گرم ہو جانا چاہتا ہے تو آگ اور سورج سے حرارت ملے جو کہ بذات خود گرم ہیں اور جب ممتنع بالذات، اجتماع نقیضین میں منحصر ہو گیا تو اسی اجتماع کے اتفاق اور اختلاط نے اس کے وجود پر بھی ڈاکہ مارا ہوگا یعنی وجود

[1] اقسام ششگانہ سے ضرورت ایجاب اور ضرورت سلب وہ چھ صورتیں مراد ہیں جو اوپر ذکر کی گئی ہیں جو یہ ہیں :- (۱) حمل اولی تام (۲) حمل اولی ناقص جبکہ محمول و موضوع کی فصل یا جنس ہو (۳) لوازم ماہیت کا ماہیت پر حمل۔ یہ تین صورتیں ایجاب کی ہیں اور تین صورتیں جو ضرورت سلب کی ہیں یہ ہیں (۱) حمل اولی تام میں محمول کی نقیض کا موضوع سے سلب (۲) حمل اولی ناقص میں ذاتیات کی نقیضوں کا موضوع سے سلب (۳) لوازم ماہیت کی نقیضوں کا ماہیت سے سلب۔ اول تین صورتوں کی مثال :-
۱۔ زید زید بالضرورۃ ۔ ۲۔ الانسان حیوان بالضرورۃ ۔ ۳۔ الاربعۃ زوج بالضرورۃ ۔ دوسری تین صورتوں کی مثال :-
۱۔ زید لیس بلا زید بالضرورۃ ۲۔ الانسان لیس بلا حیوان بالضرورۃ ۳۔ الاربعۃ لیس بلا زوج بالضرورۃ ۔ مترجم

باشد مگر واجب ممتنع نتواں شد. نظر بریں انحصار ممتنع بالغیر در ممکن خاص ضرور افتاد لیکن چوں امکان و امتناع را نظر بر قدرت و اختیار آں قدیر مطلق است کہ قدرتش بالائے قدرتہا و ہمہ اہل قدرت باشد لازم آمد کہ ہر چہ قطع نظر از غیر در خور تعلق قدرت آں ست اگر بوجہ منع غیر امتناع پذیرد آں غیر ہم مقتضاء صفتی از صفات خداوندی یا خود مقتضائے ذات خداوندی بود. ورنہ لازم آید کہ غیر خدا را بر خدا اختیار بود و نصوص قطعیہ مثل يَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يُرِيْدُ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَلَا رَادَّ لِفَضْلِهٖ و امثال ایں بلکہ دلائل عقلیہ نیز بعضیر آنہاست ہمہ باطل گردند کس نمی داند کہ وجود و کمالات وجود ممکنات از علم و ارادہ و قدرت ہمہ بالعرض اند نہ بالذات یعنی حمل اولی تام باشد یا ناقص بمیان قدم نہادہ ورنہ ایں امکان مبدل بضرورت شدی و ایں سلب ضرورت رنگ ضرورۃ گرفتی و چوں بالذات نیست ہمہ بالعرض باشند و پیشتر عرض کردہ شد کہ ہر اتصاف عرضی را سابقہ اتصاف ذاتی ضرور است پس ہر کہ در بارہ وجود و کمالات وجود ایں چنیں باشد یعنی اتصاف او بآنہا ذاتی باشد ما ہماں را خدا میگوییم مگر اندریں صورت او مصدر ہمہ اوصاف وجودیہ خواہد بود ورنہ محل و معروض آں. اندریں صورت باز خلو آں ازاں کمالات در مرتبہ ذات و اکتساب آں از غیر لازم خواہد آمد و پیدا است کہ ایں خیال معارض تسلیم اتصاف ذاتی ست. و چوں ایں چنیں است معارضہ ارادہ غیر با ارادہ او تعالیٰ معلوم. چہ آں از مقتضیات و آثار ایں ارادہ است معارض چوں تواں شد و سوائے ممکنات در عالم کدام است کہ دست او تعالیٰ بگیرد. تعدد واجب نہ تنہا نزد اہل اسلام ممتنع است کافۂ انام چہ خاص و چہ عام چہ فلاسفہ و چہ غیر او شاں ہمہ دریں بارہ یک

کو محال بنا دیا) واجب ممتنع نہیں ہو سکتا۔ اس بناء پر ممتنع بالغیر کا انحصار ممکن خاص میں ضروری ہو گیا۔ لیکن چونکہ امکان اور امتناع کی نظر اس قدیر مطلق کے اختیار اور قدرت پر ہے کہ اس کی قدرت تمام قدرت والوں کی قدرتوں سے بالا ہے تو ضروری ہؤا جو کچھ غیر سے قطع نظر کر کے اس قدیر کی قدرت سے تعلق رکھنے کے لائق ہے اگرچہ وہ غیر کے مانع ہونے کی وجہ سے ممتنع ہو جائے تو وہ غیر بھی صفات خداوندی کی کسی صفت کا مقتضا یا خود ذات خداوندی کا مقتضا ہو گا۔ ورنہ لازم آتا ہے کہ غیر خدا کو خدا پر اختیار حاصل ہو اور نصوص قطعیہ مثلاً يَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يُرِيْدُ اور يَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ اور وَلَا رَادَّ لِفَضْلِهٖ اور انہی جیسی اور آیتیں کہ عقلی دلائل بھی ان آیتوں سے اتفاق رکھتی ہیں، تمام بیکار ہو کر رہ جائیں۔ کون نہیں جانتا ہے کہ ممکنات کا وجود اور انکے وجود کے کمالات یعنی علم ارادہ اور قدرت وغیرہ تمام بالعرض ہیں نہ بالذات یعنی حمل اولی تام ہو یا ناقص ان میں قدم نہیں رکھ سکتا ورنہ یہ امکان ضرورت سے بدل جاتا پھر یہ سلب ضرورت، رنگ ضرورت اختیار کرتا اور جب بالذات نہیں ہیں تو پھر یہ سب (علم ارادہ، قدرت) بالعرض ہونگے اور پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ ہر موصوف بالعرض کیلئے اس سے اوپر موصوف بالذات کا ہونا ضروری ہے پس جو وجود اور کمالات وجود کے بارے میں اس طرح ہو یعنی اس کا اتصاف ان (اوصاف) کیساتھ ذاتی ہو ہم اسی کو خدا کہتے ہیں۔ مگر اس صورت میں وہ تمام وجود رکھنے والے اوصاف کا مصدر ہو گا۔ ورنہ ان (اوصاف) کا محل اور معروض ہو گا اس صورت میں پھر اس کا مرتبہ ذات میں ان کمالات سے خالی ہونا اور اس کا غیر سے (کمالات کا) حاصل کرنا لازم آئیگا اور ظاہر ہے کہ یہ خیال اتصاف ذاتی کے تسلیم کرنے کے معارض ہے اور جب بات یہ ہے تو غیر خدا کے ارادے کا معارضہ اس اللہ تعالیٰ کے ارادے کیساتھ معلوم (یعنی نہیں ہو سکتا) کیونکہ وہ اس ارادے کے آثار اور مقتضیات میں سے ہے وہ کس طرح مقابل ہو سکتا ہے اور ممکنات کے سوا عالم میں کون ہے

کلام دارند۔ الغرض آں مانع کہ سرمایۂ امتناع ممکنات باشد اگر ہست ہم در ذات وصفات او تعالیٰ ست ۔ اندریں صورت حاصل امتناع بالغیر آں باشد کہ اگر ارادۂ خداوندی بفلاں ممکن متعلق شود عدم فلاں صفت یا فرض کنم عدم اجزاء ولوازم آں لازم خواہد آمد۔ مگر از پیشتر مسلم ست کہ وجود صفات وجودیہ بطوریکہ گیرند یعنی عین گویند یا غیر یا لاعین ولا غیر بہر او تعالیٰ ضروری ست۔ اکنوں در صورت تعلق ارادہ بممکنی اعنی بمفہومیکہ نہ از قبیل اجتماع نقیضین ست عدم آں صفت لازم آمد۔ پس ہمان اجتماع نقیضین بہم رسید۔ مثلاً عدم ممکنات در اوقات وجود آنہا ممکن ست چہ ممکن خاص از ہر دو جانب مسلوب الضرورت باشد۔ اندریں صورت پر ضرور است کہ جانب عدم ممکنات موجودہ ہم در اوقات وجود اوشاں ممکن بود وچنانکہ واجب نیست ممتنع ہم نباشد لیکن چوں مسلم ست کہ علم خداوندی تعلق بوجود آنہا دریں وقت گرفتہ اکنوں اگر ایں وقت ارادہ خداوندی بعدم آنہا متعلق شود غلطی علم کہ مشوانہ عدم انکشاف اشیاء کما ہی وعدم کاشفیت تامہ در صفت العلم ست لازم آید چہ اول کاشفیت تامہ کہ بہر جناب علیم تسلیم آں ضروری ست مستلزم آنست کہ جملہ احوال ہر شے واغراض آنہا منکشف شود۔ اگر بالفرض یک غرض ہم منکشف نشود عدم صفۃ العلم لازم آید۔ زیرا کہ عالم موجود است وعالم را قوت کاشفہ ہمچناں لازم کہ آفتاب را شعاع۔ وہمیں است علۃ تامہ کشف اشیاء۔ واگر گویند کہ تحقق معلوم ہم ضرور است تا انکشاف او صورت بندد۔ ورنہ قبل وجود انکشاف آں لازم آید

کہ اس اللہ تعالیٰ کا سہارا لے کیونکہ واجب (خدا) کا کئی ہونا نہ صرف مسلمانوں کے عقیدے میں ناممکن ہے بلکہ تمام دنیا کے انسان کیا خاص، کیا عام، کیا فلاسفہ اور کیا ان کے سوا اس (خدا کے ایک ہونے کے) بارے میں ایک ہی خیال رکھتے ہیں غرض یہ کہ وہ مانع جو کہ ممکنات کے امتناع کا سرمایہ ہے اگر ہے تو اس خدا تعالیٰ کی ذات اور صفات میں ہے اس صورت میں امتناع بالغیر کا حاصل یہ ہوگا کہ اگر خداوندی ارادہ فلاں ممکن کے ساتھ متعلق ہوجائے تو فلاں صفت کا معدوم ہونا یا میں فرض کر یوں کہ اس کے اجزاء اور لوازم کا عدم لازم آئیگا۔ مگر پہلے سے یہ بات مسلم ہے کہ صفات وجودیہ کا وجود جس طرح سے بھی مانیں یا عین کہیں یا غیر یا لا عین اور لا غیر اس خدا تعالیٰ کیلئے ضروری ہے۔ اب کسی ممکن یعنی ایسے مفہوم کیساتھ ارادے کے تعلق کی صورت میں جو کہ اجتماع نقیضین کے قبیل سے نہیں تو اس صفت کا عدم لازم آئیگا۔ لہٰذا وہی اجتماع نقیضین حاصل ہوگیا مثلاً ممکنات کا عدم ان کے وجود کے اوقات میں ممکن ہے کیونکہ ممکن خاص دونوں جانب سے مسلوب الضرورت ہوتا ہے۔ اس صورت میں بہت ضروری ہے کہ موجودہ ممکنات کی جانب عدم بھی ان کے وجود کے اوقات میں ممکن ہو۔ اور جیسا کہ واجب نہیں ہے ممتنع بھی نہ ہوگی لیکن چونکہ مسلم ہے کہ علم خداوندی نے ان کے وجود کیساتھ تعلق اختیار کر رکھا ہے اب اگر اس وقت خداوندی ارادہ ان کے عدم کے ساتھ متعلق ہوجائے تو اس علم کی ایسی غلطی لازم آتی ہے جو کہ اشیاء کے متعلق جیسی کہ وہ انکشاف نہ ہونے اور صفت علم میں پوری کاشفیت کے نہ ہونے کی وہ غلطی خبر دیتی ہے کیونکہ سب سے پہلا کاشفیت تامہ جسکا خدائے علیم کی جناب کیلئے تسلیم کرنا ضروری ہے اس بات کو مستلزم ہے کہ ہر چیز کے احوال اور ان کے تمام اغراض ظاہر ہو جاتے ہیں۔ اگر بالفرض ایک غرض بھی منکشف نہ ہو تو صفت علم کا عدم لازم آتا ہے کیونکہ عالم موجود ہے اور عالم کیلئے قوت کاشفہ اسی طرح ہونا لازم ہے جیسی کہ سورج کیلئے شعاع لازم ہے اور یہی اشیاء کی علت تامہ اسی کا نام ہے اور اگر یہ کہیں کہ معلوم کا تحقق بھی ضروری ہے تاکہ اس کا منکشف ہونا صورت اختیار کرے ورنہ وجود سے پہلے اس کا انکشاف لازم آتا ہے۔

جواب جوابش اینست کہ علم باری در ازل مسئلہ است متفق علیہا و آں ہم بہ نسبت جملہ کائنات نظر بریں ایں ہیمدان تجدد دریں بارہ تن زدہ مے رود۔ ورنہ مکنون خاطر خود را کہ بہ نسبت ایں مسئلہ دارم اگر ظاہر کنم کلام از مبحث خود خارج شود۔ و دنبالہ دراز از اصل مطلب باو لاحق شود۔ مگر چوں بحمد اللہ دریں مسئلہ اطمینان قلبی نصیب ایں ہیمدان شد از دار و گیر و پرسا و پرسی ہیچ نمی ترسیم۔

بالجملہ ہرچہ ایں جا است عکس عالم بالا است۔ ایں ہمہ کائنات را اول تحقق دراں موطن رو دادہ و باز مطابق آں دریں موطن عکس افتادہ۔ گر فرق است ایں چنیں است کہ گرد اگرد چاک کوزہ نقوش ہا بستہ آئینہ بیک طرف گذارند و باز چاک را در برابرش نصب کردہ بگردانند۔ دریں آئینہ عکوس نقوشش یک بار حادث شوند و باز معدوم گردند۔ پس چناں کہ ایں جا آں نقوش در موطن چاک ثابت باشند و ازیں حرکت تجدد در ذات آنہا رو ندہد۔ آری بوجہ ایں حرکت در ذوات عکوس تجدد و حدوث رو دہد ہمچنیں در موطن علم نقوش کائنات ثابت و قدیم اند۔ آری دریں موطن کہ نامش وجود خارجی ست و مقابل موطن علم ہمچو آئینہ صاف و شفاف نہادہ اند بوجہ حرکت ارادہ ہمہ حادث و متجدد باشند۔

چوں ایں قدر بہ تصویر قدم علم و حدوث وجود کائنات کافی است اگر از توجیہ ایں قصہ سکوت ورزم و از وجہ و کیفیت تحقق آں در موطن علم و وجہ تعاکس و تقابل و قرار وجود خارجی بجائی خود یا تحرک آں بر جہت مخالف اگر ہیچ نگویم حرجی نمی بینم۔ اما اصل تعلق علم بجملہ کائنات و حادثات ایں عالم و انکشاف مصادیق آں اشیاء بتمامہا

جواب اس کا جواب یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کا علم ازل میں سب کا ایک متفقہ مسئلہ ہے اور وہ بھی تمام کائنات کے متعلق (ازل میں اسکو علم حاصل تھا)۔ اس کے پیش نظر یہ ناچیز خود اس بارے میں اپنے آپکو بچا کر چلتا ہے ورنہ دل میں اپنے مضمر خیالات کو جو اس مسئلے کے بارے میں میں رکھتا ہوں اگر ظاہر کروں تو کلام اپنے موضوع سے ہٹ جائیگا اور اصل مطلب سے بھی ایک لمبی دُم اس کیساتھ لگ جائیگی۔ مگر چونکہ بحمد اللہ اس مسئلے میں قلبی اطمینان اس بے علم کو حاصل ہے اس لئے کسی شخص کی پکڑ دھکڑ اور پوچھ گچھ سے مجھے کوئی خوف نہیں ہے۔

بالجملہ جو کچھ اس دنیا میں ہے وہ عالم بالا کا پرتو ہے۔ اس تمام کائنات کا پہلے اس عالم بالا میں وجود ہوا اور پھر اس عالم بالا کے نقشے کے مطابق اس دنیا میں ان کا عکس پڑا۔ اگر فرق ہے تو صرف اتنا ہے کہ کمہار کے چاک کے گرداگرد نقش و نگار نکال کر اگر آئینے کو ایک طرف رکھ دیں اور پھر چاک کو اس کے مقابلے میں نصب کر کے گھمائیں تو اس آئینے میں ان نقوش کے عکس آ جائیں گے اور پھر نیست و نابود ہو جائیں گے پس جس طرح کہ یہاں دنیا میں وہ نقوش چاک کے پاٹ پر ثابت ہوتے ہیں اور اس حرکت سے کوئی تجدد ان نقوش کی ذات میں نہیں آتا، ہاں اس حرکت کی وجہ سے عکسوں کی ذوات میں تجدد اور حدوث پیدا ہوتا ہے۔ اسی طرح علم خداوندی کے مقام میں کائنات کے نقش ثابت اور ازلی ہیں۔ ہاں اس عالم دنیوی میں کہ اس کا نام وجود خارجی ہے اور علم خداوندی کے مقام کے مقابل صاف اور شفاف آئینے کی طرح ان نقوش کو رکھا ہوا ہے ارادہ خداوندی کی وجہ سے حادث اور نو بنو ہیں۔

چونکہ اتنی سی بات علم کے قدیم ہونے اور کائنات کے وجود کے حادث ہونے کی تصویر کیلئے کافی ہے لہٰذا اگر اس قصے کی توجیہ بیان کرنے سے میں سکوت اختیار کروں اور اسکی وجہ اور اس کے تحقق کی کیفیت اور موطن علم اور وجہ تعاکس و تقابل اور بجائے خود وجود خارجی کا قرار یا اس کے مخالف جہت پر تحرک کے بارے میں کچھ نہ کہوں تو میں کوئی حرج نہیں سمجھتا غرض یہ ہے کہ اس عالم کے حادثات اور تمام کائنات کیساتھ

ضروری است۔ و پس از انکشاف مصالح تحرک رحمت یا غضب ضروری۔

شرح ایں اجمال

شرح ایں اجمال اینکہ قبل فعل اختیاری تعقل غرض آں ضروری است و تصور انجام آں واجب۔ مگر انجام کار و غرض آں جلب منفعت باشد یا دفع مضرت یا از ایں منفعت و مضرت خویشتن باشد یا منفعت و مضرت دیگراں۔ چوں بہ نسبت خداوند تعالیٰ شانہ تصور نفع او تعالیٰ محال است و ہمچنیں تخیل ضرر او ممتنع۔ اغراض او تعالیٰ منحصر در منفعت دیگراں یا مضرت ایشاں باشد و پیدا است کاریکہ بغرض نفع دیگراں کردہ شود رحمت باشد و کاریکہ بغرض مضرت دیگراں کردہ شود غضب بود۔ مگر چوں غرض در عرف نفع خویش را گویند اہل اسلام را اعتقاد ایں معنی ضرور آمد کہ افعال خداوندی معلل با غراض نباشند۔ زیرا کہ نفع خود آں خواہد کہ بذات خود نقصانے داشتہ باشد۔ و دفع مضرت از خود از آں متصور است کہ در محل ورود اعمال و تاثیرات دیگراں بود و ظاہر است کہ ایں حصول و زوال کہ نفع و مضرت را ضرور است خبری است از آں کہ کنہ ایں حاصل و زایل در باری تعالیٰ نبود۔ پس از آں جا کہ ہر بالعرض را موصوفی بالذات باید۔ احتیاج خدا بسوئے دیگراں لازم خواہد آمد۔ و خدا نام آنست کہ ہمہ محتاج او باشند۔

بالجملہ وجود و کمالات وجود ہمہ در جانب او تعالیٰ از

علم کا تعلق اور ان اشیاء کے مصالح کا انکشاف تمام کا تمام ضروری ہے اور مصالح کے انکشاف کے بعد رحمت یا غضب کا حرکت میں آنا ضروری ہے۔

اس اجمال کی تفصیل

اس اجمال کی شرح یہ ہے کہ اختیاری[1] فعل سے پہلے اس کام کی غرض کا سمجھنا ضروری ہے اور اس کام کے انجام کا خیال بھی واجب ہے۔ مگر اس اختیاری عمل کا نتیجہ اور غرض نفع حاصل کرنا ہو یا نقصان سے بچنا اور پھر اس جلب منفعت و دفع مضرت سے یا اپنا نفع اور نقصان مقصود ہوگا یا دوسروں کا نفع و نقصان۔ چونکہ خداوند تعالیٰ کی نسبت سے خدا تعالیٰ کے نفع کا تصور محال ہے اور اسی طرح اسکے ضرر کا خیال بھی ممتنع ہے۔ لہذا اس اللہ تعالیٰ کے اغراض دوسروں کے نفع یا دوسروں کے ضرر میں منحصر ہونگے اور ظاہر ہے کہ جو کام دوسروں کے نفع کیلئے کیا جائے وہ رحمت ہوتا ہے اور جو کام دوسروں کے نقصان کی غرض سے کیا جائے اس کو غضب کہا جاتا ہے۔ مگر چونکہ عرف عام میں غرض اپنے نفع کو کہتے ہیں اس لئے اہل اسلام کو اس بات کا اعتقاد کرنا ضروری ہو گیا کہ خدا تعالیٰ کے کام کسی غرض پہ مبنی نہیں ہوتے کیونکہ نفع تو خود وہ شخص چاہتا ہے جو بذات خود کوئی نقصان بھی رکھتا ہو اور اپنے آپ سے دفع مضرت اس شخص سے متصور ہو سکتی ہے جو کہ دوسروں کی تاثیرات اور اعمال کے وارد ہونے کا محل ہو۔ اور ظاہر ہے کہ یہ حصول اور زوال جو کہ نفع اور مضرت کیلئے ضروری ہے یہ اس بات کی ایک اطلاع ہے کہ اس حاصل ہونے والے نفع اور زائل ہونے والے ضرر کی حقیقت باری تعالیٰ میں موجود نہیں ہے پس جس طرح سے کہ ہر موصوف بالعرض کیلئے موصوف بالذات درکار ہے تو اسی اصول کے مطابق خدا کو دوسروں کی احتیاج لازم آئیگی اور خدا اس کا نام ہے کہ سب اسکے محتاج ہوں (نہ کہ وہ کسی کا محتاج ہو)۔

غرض وجود خداوندی اور اس کے کمالات تمام کے تمام اس

[1] اختیاری فعل میں چونکہ ارادہ ہوتا ہے لہٰذا اس کے کرنے سے پہلے یہ بھی پیش نظر ہوتا ہے کہ اس کام کی کیا غرض ہے لہٰذا غرض کو سمجھنا ضروری ہے لیکن غیر اختیاری فعل جو بغیر ارادہ ہو جاتا ہے اس میں پہلے غرض کا سمجھنا ضروری نہیں۔ مترجم

اوصاف ذاتیہ باشند۔ ازیں تقریر طویل بوضوح انجامید
کہ ہر فعل اختیاری کہ از خداوند تعالیٰ شانہٗ بظہور آید از
تحریکات رحمت یا غضب باشد بلکہ غضب را ہم حسب
اشارہ **سَبَقَتْ رَحْمَتِی عَلٰی غَضَبِی** از توابع رحمت
انگاشتہ ہمہ را از تحریکات اولیہ رحمت باید دید۔ و درحق
مدفوع عنہ رحمت انگاشتہ بہ نسبت مدفوع ثانیاً و بالعرض
غضب باید فہمید۔ مگر چوں قصہ ایں چنیں است جانب سلب
کائنات نہ تنہا بوجہ لزوم عدم ممتنع بالغیر بود۔ بلکہ قطع نظر
از لزوم عدم علم دراں بوجہ لزوم اعدام صفات دیگر از
رحمت و غضب و دیگر مبادی و سوابق و توابع و لواحق
آں نیز ممتنع بالغیر باشد۔ مگر چوں تسلیم ایں صفات درحق آں پاک
ذات ضروری است۔ چہ ایں ہمہ صفات وجودی است
و جملہ صفات وجودی درحق او تعالیٰ لوازم ذات و
اوصاف ذاتیہ باشند نہ وہم عدم سابق است نہ اندیشہ
عدم لاحق بر تقدیر وقوع جانب سلب کائنات ہماں
اجتماع نقیضین اعنی وجود علم و رحمت و غضب وغیرہا و اعدام
آنہا لازم آمد و بوجہ عروض ایں اجتماع نقیضین کہ استحالہ
ذاتی بودن آں مسلم شد ہماں آتش در کاسہ باشد۔ یعنی
مفاد ممتنع ذاتی و ممتنع بالغیر در خارج برابر آمد و فرق امکان
و امتناع فقط موجب امتیاز در علم باشد۔ مگر چوں وجہ امتناع
ایں قسم ممتنعات مخالفت اقتضاء رحمت و غضب بود ایں قسم
را محالِ عادی گویند۔ چہ عادت ہمیں اقتضاء اخلاق جبلی
را گویند۔ مگر عادت خداوندی را مغیری بالائی نباشد۔
ورنہ ہماں محل عوارض بودن خداوند تعالیٰ شانہ کہ
مستلزم بالعرض بودن صفات و کمالات او تعالیٰ و
احتیاج او تعالیٰ بسوئے دیگراں است لازم آید۔ نظر
بریں سرمایہ توارد رحمت و غضب علی سبیل البدلیۃ بموجب

خدا تعالیٰ کی جانب میں اسکے ذاتی اوصاف میں سے ہونگے۔ اس
طویل تقریر سے یہ بات واضح ہوگئی کہ ہر اختیاری فعل جو کہ خداوند
تعالیٰ شانہ سے ظہور میں آئے۔ خدا کی رحمت یا غضب کی تحریک سے
ہوگا۔ بلکہ غضب کو بھی حسب اشارۃ "میری رحمت غضب سے آگے بڑھ گئی"
رحمت کے توابع میں سے خیال کر کے تمام افعال کو رحمت کی اولیں
تحریکات میں سے سمجھنا چاہئے اور اولاً مدفوع عنہ کے حق میں رحمت
خیال کر کے مدفوع کی بہ نسبت دوسرے درجے میں اور بالعرض غضب
سمجھنا چاہئے مگر جب قصہ یوں ہے تو کائنات کی جانب سلب
(یعنی عدم وجود) نہ صرف خدا کے علم کا عدم لازم آنے کی وجہ سے
ممتنع بالغیر ہوگی بلکہ اس میں عدم علم کے لزوم سے قطع نظر دوسری
صفات یعنی رحمت غضب اور ان کے دوسرے مقدمات، توابع اور
لواحق کے عدم لازم آجانے کی وجہ سے بھی ممتنع بالغیر ہوگی۔ مگر چونکہ خدا کی
اس پاک ذات کے حق میں ان صفات کا ماننا ضروری ہے۔ کیونکہ
یہ تمام صفات وجودی ہیں اور وجودی صفات تمام کے تمام اس بلند
شان کے حق میں لوازم ذات اور اوصاف ذاتیہ ہوتے ہیں۔ نہ عدم سابق
کا وہم ہے اور نہ عدم لاحق کا۔ کائنات کے جانب سلب کے واقع
ہونے کی تقدیر پر وہی اجتماع نقیضین یعنی علم اور رحمت اور غضب
وغیرہا کا وجود اور ان کا اعدام (معدوم کرنا) لازم آیا اور اس اجتماع
نقیضین کے عارض ہونے کی وجہ سے کہ اس کے ذاتی ہونے کا استحالہ مسلم
ہوگیا وہی آتش در کاسہ والا معاملہ ہوگا یعنی خارج میں ممتنع ذاتی اور ممتنع
بالغیر کا مطلب برابر ہوگیا اور امکان اور امتناع کا فرق صرف علم میں
امتیاز کا باعث ہوگا مگر چونکہ اس قسم کے ممتنعات کی وجہ امتناع،
رحمت اور غضب کے اقتضا کی مخالفت تھی اس لئے اس قسم کو محال عادی
کہیں گے کیونکہ اسی فطری عادتوں کے اقتضاء کو عادت کہتے ہیں مگر خداوند
عادت کیلئے کوئی بالاتر تبدیل کرنے والا نہیں ہوتا ہے ورنہ خداوند تعالیٰ
شانہ کا وہی محل عوارض ہونا جو کہ اس خدا تعالیٰ کیلئے صفات اور کمالات
کے (موصوف) بالعرض ہونے اور دوسروں کی طرف اس بلند شان کی حاجت کے

تبدل و تغیری بدیگری اگر باشد از زیر او باشد۔ یعنی ایں تغیر و تبدل منتسب بعلل فاعلی نشود۔ بلکہ انتساب آں بعلۃ قابل باید فہمید۔

القصہ ہر کرا محل و قابل رحمت دیدند آں را بنواختند و ہر کرا مورد غضب فہمیدند از نظر انداختند نظر بریں جائیکہ ایں ممکن است آنرا امکان نبود و جائیکہ آں امکان دارد ایں راگذر نبود۔

مثال و ایں بداں ماند کہ شخصی مکانی ساختہ و از ہر جانب طرح ... طرف دالان و دیوار آں نصب کرد و یک طرف پاخانہ و باورچی خانہ را بنا نہاد و باز نظر کرد کہ ایں درخور ایں کار است و آں شائستہ آں اطوار۔ پس چناں کہ بحکم طبع تغیر ایں وضع ممکن نیست مگر آنکہ طبیعتش برگردد یا کرہی و جابری و بجبر کناند چنیں وضع مقررہ خداوندی را تغیری نباشد۔ و خود ظاہر است کہ نہ انقلاب اخلاق خداوندی متصور است و نہ اکراہ کسی بر دممکن۔ ورنہ ہماں فساد کہ معروض شد لازم آید۔ اندریں صورت از امکان ذاتی محال عادی و ممتنع بالغیر توقع وقوع آں مخالف وضع مقررہ ہمچناں باشد کہ قطع نظر از فساد عقل و طبیعت بانی مکان و اکراہ دیگراں براں وقوع بول و براز در دالان و نشست و برخاست و خفتن و غلطیدن در پاخانہ ازاں۔

اکنوں وقت آنست کہ از نتیجہ ایں تطویل کہ بظاہر لاطائل می نماید آگاہ نمایم۔

مخدوم من! از امکان چیزی در موطنی امکان آں بموطن دیگر

کے محتاج ہونے کو مستلزم ہے لازم آتا ہے۔ اس بنا پر رحمت اور غضب کے باری باری (بندوں پر) اترنے کا ذریعہ اور رحمت سے غضب یا غضب سے رحمت کے بدلنے کا موجب اگر ہوگا تو اس کے نیچے کی جانب (یعنی مخلوق) سے ہوگا یعنی یہ تغیر اور تبدیلی فاعلی علتوں کی طرف منسوب نہ ہوگی۔ بلکہ اس تغیر و تبدل کا انتساب علت قابلی[1] کی طرف سمجھنا چاہیئے۔

مختصر یہ کہ جس کسی کو اللہ تعالیٰ نے رحمت کے قابل اور اس کا محل دیکھا اس کو نواز دیا اور جس کسی کو غضب کے نازل ہونے کے قابل سمجھا اسکو اللہ تعالیٰ نے نظر سے گرا دیا نظر بریں جس جگہ رحمت ممکن ہے وہاں غضب کا امکان نہیں اور جس جگہ غضب کا امکان ہے وہاں رحمت کا گذر نہیں ہوتا۔

مثال اور یہ اُسی طرح ہے کہ ایک شخص نے ایک مکان بنایا اور ہر طرف سے ایک نیا انداز اختیار کیا۔ اس مکان کی ایک طرف دالان اور دیوار تعمیر کی اور ایک طرف پاخانہ اور باورچی خانہ بنوایا اور پھر دیکھا کہ یہ دالان اسی جگہ کے لائق ہے اور وہ پاخانہ باورچی خانہ ہی بنانے کے قابل۔ پس جیسا کہ طبیعت کے حکم کے مطابق اس بناوٹ کا تغیر ممکن نہیں ہے الا یہ کہ اسکی طبیعت ہی بدل جائے یا کوئی مجبور کرنے والا اور زبردست جبر سے بدلوا دے (تو دوسری بات ہے) ٹھیک اسی طرح خدائے تعالیٰ کی مقرر کی ہوئی بناوٹ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی اور خود ظاہر ہے کہ نہ تو خداوندی عادات میں تبدیلی متصور ہے اور نہ کسی کی زبردستی اس پر ممکن ہے ورنہ وہی فساد جو عرض کیا گیا لازم آتا ہے۔ اس صورت میں اس محال عادی اور ممتنع بالغیر کے ذاتی امکان کی وجہ سے اس مقررہ بناوٹ کے مخالف پیش آنے کی توقع ایسی ہی ہوگی جیسا کہ اس مکان کے بنانے والے کی طبیعت اور عقل کے فساد اور دوسروں کے اسکو مجبور کرنے سے قطع نظر ہوتے ہوئے بھی نمونہ دالان میں پیشاب پاخانہ اور پاخانہ میں اٹھنا بیٹھنا اور سونا لوٹنا ہو۔

اب وہ وقت آن پہنچا ہے کہ اس طویل مضمون کے نتیجہ سے کہ بظاہر غیر مفید معلوم ہوتا ہے آپ کو مطلع کروں۔

میرے مخدوم! کسی چیز کے ایک جگہ میں ممکن ہونے سے اس کا دوسرے مقام میں

---

[1] یعنی قبول کی استعداد۔ کہ اسکو علت قابلی کہتے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں اسکو مادہ کہتے ہیں۔ مترجم

لازم نیاید۔ مگر مراد ما ایں وقت از امکان ذاتی نیست کہ آں ہردم یکساں است۔ بلکہ غرض آنست کہ امتناع از ہر قسم کہ باشد بالذات یا بالغیر مرتفع نشود۔ وجہش اینکہ افعال را بعادات گرہ دادہ اند و عادات ہمیں اقتضاءات طبائع واخلاق را گویند۔ و ہمیں ہم معروض شد کہ اخلاق خداوندی را تغیری ممکن نیست۔ یعنی ایں امر نتواں شد کہ آں اخلاق از محل خود تجاوز نمایند۔ چہ رحمت خداوندی عقلاً مقتضی اثابت صالحان است و غضب وتعالی مقتضی تعذیب کافران۔ چوں ایں عالم مقتضیہ بحال خود باشند معلومات ایں ہا ضرور بروی کار آیند۔ ایں نخواہد شد کہ کافراں را برحمت نوازند و مطیعاں را بغضب دور سازند یا نہ بر ایشاں غضب بود نہ بر ایشاں رحمت باشد۔ گو فی حد ذاتہ بحساب امکان ذاتی ایں ہمہ ممکن باشد۔ الغرض توقع انقلاب وضع و تبدل نقشہ مقررہ عادات نتواں داشت۔ مگر چوں عادات و اخلاق را در تحرک خود نظر بمحل قابل ست و ملکات و قوی را در فعلیہ خود لحاظ معروض مناسب۔ اگر معروض و محل یکی از ملکات و قوی و قابل یکی از اخلاق پس از مرور دہور و ازمنہ بحد تحرک آں خلق و فعلیہ آں ملکہ وقوت ضروری است۔ و در نظر حقیقت شناساں انقلاب عادت و انخراق آں نباشد۔ آری ظاہر بیناں را از عجائب و غرائب و خوارق نظر آید۔

فرض کنیم ہمہ عالم بندہ خدا تعالیٰ و امت رسول صلی اللہ علیہ وسلم باشند و تا زمانہ دراز ہیچ یک لحظہ ہم در پی ہوا و ہوس نروند و پس از انقراض قرن دراز شخصے بمقتضائے بشریت مبتلاء گناہی شود و در آں وقت بحکم

مَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ

بمصیبتے گرفتار آید ایں گرفتاریش بسبب ازاں گناہ ایں زمانہ

امکان لازم نہیں آتا۔ مگر میری مراد اس وقت مذکورہ امکان سے امکان ذاتی نہیں ہے کہ وہ ہر وقت یکساں ہوتا ہے بلکہ غرض یہ ہے کہ جس قسم کا بھی امتناع، بالذات یا بالعرض ہو، مرتفع نہیں ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ افعال کو عادات کے ساتھ باندھ دیا ہے اور عادات انہی طبیعتوں کے تقاضوں اور اخلاق کو کہتے ہیں اور ابھی عرض کیا گیا کہ اخلاق خداوندی میں کوئی تبدیلی ممکن نہیں ہے یعنی یہ بات نہیں ہو سکتی کہ اللہ تعالیٰ کے اخلاق اپنی جگہ سے تجاوز کر جائیں کیونکہ خداوندی رحمت عقلی طور پر نیکوں کو ثواب دینے کا تقاضہ کرتی ہے اور اللہ تعالیٰ کا غضب، کافروں کو عذاب دینے کا مقتضی ہے۔ جب یہ تقاضے اپنے حال پر ہونگی تو ان کے معلومات بھی ضرور بروئے کار آئیں گے یہ نہ ہوگا کہ کافروں کو رحمت سے نوازیں اور فرمانبردار مومنین کو غضب کے باعث دور کر دیں یا نہ ان پر غضب ہو اور نہ ان پر رحمت ہو، اگرچہ فی حد ذاتہ ذاتی امکان کے حساب سے (اللہ کیلئے) یہ تمام امور ممکن ہیں۔ غرض یہ کہ وضع کے بدلنے کی توقع اور مقررہ نقشے کی تبدیلی کی توقع عادتوں میں نہیں ہوتی۔ مگر جب عادات اور اخلاق کو اپنے بدلنے میں محل قابل پر نظر ہے اور ملکات اور قوتوں کو اپنی فعلیت میں معروض کا لحاظ مناسب ہے، تو اگر قوتی اور ملکات میں سے کسی ایک کا محل اور معروض اور اخلاق میں سے کسی ایک کا قابل مدتوں اور زمانوں کے گزرنے کے بعد ظہور کریگا تو اس خلق کی حرکت اور اس قوت اور ملکہ کی فعلیت بھی ضروری ہے اور حقیقت شناس لوگوں کی نظر میں یہ کوئی انقلاب عادت یا خلاف عادت نہیں تصور ہوگا۔ ہاں ظاہر بیں لوگوں کو اس میں عجائب و غرائب اور خلاف عادت چیز نظر نہیں آئیگی۔

فرض کریں کہ تمام عالم خدا تعالیٰ کا بندہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہوں اور عرصہ دراز تک ایک لحظے کے لئے بھی یہ لوگ خواہشات نفس کے پیچھے نہ لگیں لیکن ایک مدت دراز کے بعد کوئی شخص بشریت کے تقاضے کے ماتحت کسی گناہ میں مبتلا ہو جائے اور اس وقت

تمہیں جو مصیبت پہنچی وہ تمہارے گناہوں کی وجہ سے پہنچی

کسی مصیبت میں گرفتار ہو جائے تو اسکی یہ گرفتاری اس کے بعد کہ اس

این قسم مصیبت را بوجه عدم علتش ندیده بودند در نظر کوته نظران امری خارق مینماید اما آنکه معروض احقر را بدل دارد این را نیز یکی از عادات شمارد نه از خوارق عادات۔ آری بهر گفتن او هم اگر بهمزبانی عوام آن را خارق نام نهد زیاده از اختلاف لفظی نبود۔ همیں ساں خلق جهالت را باید دید که نه هر دم توقع وقوعش باید داشت و نه هر لحظه ممتنعش باید پنداشت دهبی که رهزن ممتنع ذاتی اعنی اجتماع النقیضین بود بدرجه اتم در ممتنع بالغیر موجود است۔ اگر فرق است همیں است که این داخل در احاطهٔ قدرت است۔ و آن خارج ازاں۔

تفصیل اجمال داخل در احاطهٔ قدرت و خارج از قدرت

تفصیل این اجمال این که صفات دیگر حاکم بر اراده میشوند نه برعکس اعنی محرک اراده همیں اخلاق و عادات باشند و حاکم را غلبه و سبقت بر محکوم ضرور است و قوت و شوکت آن ازاں بدیهی و این جا در صورت تجویز اجتماع النقیضین وجود اراده و عدم آن هر دو لازم می آمد ورنه در اجتماع نقیضین هیچ نقصانی نبود۔ اگر فرض کنند که در آن واحد اراده بهر دو نقیضین متعلق میتواں شد و تکون آن موجب عدم اراده نیست هرکس بر تسلیم این قضیه سر فرود می آورد۔ مگر چوں اجتماع اراده و عدم آن محال است اجتماع صفات حاکمه بر اراده و اعدام آں [illegible] تجویز توانند نمود با۔ [illegible] نظر از نزید و بالا کنند اراده بذات خود از تعلق بامثال این امور انکار ندارد۔

بالجمله از خلق جهالت ابتداء توقع خلق آں در وقت اوحیاء انبیاء کرام علیهم السلام و خوارق اوشاں از جهالت

زمانے تک اہل زمانہ نے اس قسم کی مصیبت کو اسکی علت کے نہ ہونے کے باعث نہیں دیکھا تھا وہ ناسمجھوں کی نظر میں خلاف عادت معلوم ہوتا ہے لیکن جو شخص احقر کے بیان کو دل میں محفوظ رکھیگا تو وہ عجزے کو بھی عادات الٰہیہ میں سے ایک عادت شمار کرے نہ کہ خلاف عادات خداوندی میں سے۔ ہاں اگر صرف برائے نام وہ بھی اگر عوام کے ہم زبان ہو کر اس کا نام خارق رکھے تو لفظی اختلاف سے زیادہ معاملہ نہیں ہے۔ اسی طرح جہالت کے پیدا کرنے کے متعلق دیکھنا چاہئے کہ نہ تو اس جہالت کے واقع ہونے کی ہر دم توقع رکھنی چاہئے اور نہ ہر وقت اسکو ناممکن ہی سمجھنا چاہئے جو وجہ کہ ممتنع ذاتی یعنی اجتماع نقیضین کی راہ مارتی ہے وہ وجہ بدرجۂ اتم ممتنع بالغیر میں موجود ہے اگر فرق ہے تو یہی ہے کہ یہ قدرت کے احاطے میں داخل ہے اور وہ اس سے خارج ہے۔

احاطۂ قدرت میں داخل اور قدرت سے خارج ہونے کے اجمال کی تفصیل

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ دوسری صفات ارادے پر حاکم ہوتی ہیں نہ ارادہ صفات پر حاکم ہوتا ہے یعنی ارادے کو حرکت میں لانے والے یہی اخلاق اور عادات ہوتے ہیں اور حاکم کو محکوم پر غلبہ اور سبقت ضروری ہے اور حاکم کی قوت اور شوکت محکوم کی نسبت واضح ہے اور یہاں اجتماع نقیضین کی صورت میں ارادے کا وجود اور اس کا عدم دونوں لازم آتے تھے ورنہ اجتماع نقیضین میں کوئی بھی نقصان نہ تھا اگر فرض کرلیں کہ ایک آن میں دونوں نقیضوں کے ساتھ ارادہ متعلق ہو سکتا تھا اور اس کا ہونا عدم ارادہ کا موجب نہیں ہے تو ہر شخص اس قضیئے کو ماننے کے لئے سر تسلیم خم کردیگا۔ مگر چونکہ ارادہ ہونے اور ارادہ نہ ہونے کا جمع ہونا محال ہے تو ارادہ پر حکومت کرنیوالی صفات کا وجود اور ان کے عدم کا اجتماع [illegible] سمجھ میں آئے گا۔ ہاں اگر زید و بالا سے قطع نظر کریں تو ارادہ بذات خود ان جیسے امور کے ساتھ تعلق سے انکار نہیں رکھتا۔

الحاصل جہالت کے ابتداء میں پیدا کرنے سے اس کے پیدا کرنے کی توقع انبیاء علیہم السلام اور ان کے تابعین کے معجزے کا دعویٰ

است ایں محلی دیگر است و آں محلی دیگر۔ ایں قابل دیگر و آں
قابل دگر۔ ایں را بداں قیاس کردن دالان را برابر
پاخانہ گردانیدن است و محبوب و مبغوض را برابر فہمیدن
چنانچہ با محبوب و دوست عادتی دیگر است و با مبغوض
و دشمن عادتی دیگر۔ ایں نیست کہ عادت واحد است۔
نفع رسانی مثلاً یا ضرر رسانی خلاف آں کردن از عادت
خود برگشتن است۔ ہمیں طور کسانیکہ سر نیاز بزمین عبودیت
نہادہ دیگراں را نیز بسوی او خوانند عادتی دیگر است
و با کسانیکہ مادہ اوشاں را بقالب کفر ریختہ بشکل نافرمانی
آمیختہ اند عادتی دیگر عادت خلق جہالت و کفر را ابتداءً
قبیح نتواں گفت و تغیر عادت اولی را اگرچہ بظاہر ہم رنگ
عادت ثانیہ نماید قبیح گفتن بذمہ ہر فاعل ضرور۔

تفصیل اجمال

تفصیل ایں اجمال آنکہ افعال متعدیہ
را رو بدو سو باشد۔ یکی فاعل دوم مفعول۔
باعتبار اول صفت فاعل باشد و باعتبار ثانی صفت مفعول۔
مگر وقتیکہ کہ اتصاف مفعولی ملحوظ نظر باشد قبح یا حسن ہر چہ
ملحوظ نظر و مقصود بود در ہر فعل لحاظ آں پیش نظر باید داشت
مثلاً در زمینی مکانی زیبا اگر بنا کردن خواہند باید
کہ محاسن آں مکان تا مقدور مرعی دارند۔ ہر فعلیکہ کنند
بہمیں غرض کنند۔ لیکن پیدا است کہ حسن مجموعہ چیز
دیگر است و حسن فرادیٰ فرادیٰ اجزاء چیز دیگر۔ پاخانہ
و بدر روئی حد ذاتہ قبیح است اما بہ نسبت مکان از جملہ محاسن
و ضروریات۔ اگر مکانی باشد و ایں قسم اشیاء نباشند
در نقصان آں مکان و قبح آں ہیچ تاملی نباشد۔ ہمچنیں
خط و خال را اگر تنہا بنگرند حسنی دراں نیست و اگر بہ نسبت
مجموعہ بنگرند ایں ہمہ معائب موجب حسن و منجملہ محاسن باشند
پس اگر تصویر حسینی بر کاغذ بکشند اگر ابرو، مژگاں و خط و خال

کرنے کے وقت نادانی کی وجہ سے یہ دوسرا محل ہے اور وہ دوسرا محل۔
یہ دوسرا قابل ہے اور وہ دوسرا قابل۔ اس کو اس پر قیاس کرنا دالان
کو پاخانے کے برابر کر دینے کی طرح ہے اور محبوب اور مبغوض کو برابر کا سمجھنا
ہے۔ چنانچہ محبوب اور دوست کیساتھ اللہ تعالیٰ کی دوسری عادت ہے
اور مبغوض و دشمن کیساتھ دوسری عادات۔ یہ نہیں ہے کہ عادت ایک
ہی ہے۔ مثلاً نفع رسانی یا اس کے خلاف ضرر رسانی اپنی عادت
سے لوٹنا ہے۔ اسی طرح جو لوگ کہ عبادت کی زمین پر بندگی کا سر
رکھ کر دوسروں کو بھی خدا کی طرف بلائیں دوسری عادت ہے اور
ان لوگوں کے ساتھ کہ انکے مادے کو کفر کے سانچے میں ڈھال کر نافرمانی
کی صورت میں بنایا ہے کوئی دوسری عادت ہے۔ جہالت اور کفر کی پیدائش کی
عادت کو ابتداءً میں برا نہیں کہہ سکتے اور پہلی عادت کے تغیر کو اگرچہ ظاہر میں
دوسری عادت کی مانند دکھائی دیتی ہے قبیح کہنا ہر فاعل کے ذمہ ضروری ہے

تفصیل اجمال

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ متعدی
افعال (جو مفعول کو بھی چاہتے ہیں) کا رخ دو طرف
ہوتا ہے۔ ایک فاعل کی طرف دوسرے مفعول کی طرف۔ اول یعنی فاعل کے
اعتبار سے وہ فاعل کی صفت ہوتا ہے اور دوسرے یعنی مفعول کے اعتبار
سے مفعول کی صفت ہوتا ہے مگر جس وقت اتصاف مفعولی پیش نظر ہو تو
اچھائی یا برائی جو کچھ بھی پیش نظر اور مقصد ہو تو ہر فعل میں اس کا
لحاظ پیش نظر رکھنا چاہیئے۔ مثلاً اگر کسی زمین میں خوبصورت مکان اگر بنانا
چاہیں تو چاہیئے کہ اس مکان کی خوبیوں کو حتی الامکان ملحوظ رکھیں جو
کام بھی کریں اسی غرض سے کریں۔ لیکن ظاہر ہے کہ تمام چیزوں کا مجموعی
حسن اور چیز ہے اور اجزاء کا تنہا تنہا حسن دوسری چیز ہے۔ پاخانہ اور پانی
کی نالی تو حد ذاتہ بری ہیں لیکن بہ نسبت مکان کے خوبیوں اور ضروریات میں
سے ہے۔ کیونکہ اگر کوئی مکان ہو اور اس میں اس قسم کی چیزیں (پاخانہ اور
بدررو) نہ ہوں تو اس مکان کے نقصان اور قبح میں کسی شخص کو بھی کوئی
تامل نہ ہوگا۔ اسی طرح اگر خط و خال کو اگر تنہا تنہا دیکھیں تو اس میں
کوئی حسن نہیں ہے اور اگر مجموعے کی نسبت سے دیکھیں تو یہ سب عیوب حسن

رابگذارند بالیقین آں تصویر از درجۂ حسن ساقط گردد ہمچنیں اگر تصویر اسپ وگاؤ وشتر وگرگ بکشند می باید کہ دُم بر سرین وشاخ بر سر نیز نقش باید بست و اگر اتفاقاً ایں قسم اعضاء را بگذارند آں تصویر را ناقص باید فہمید ومعیب باید پنداشت لیکن ہمیں دُم وشاخ اگر بر سرین نقش وسر مصور تصویر کند حسن صورت او برہم شود۔

اکنوں می باید شنید کہ خلق جہالت وکفر در عالم وقلوب عالم صفت مفعولی است ایں جا نظر بر حسن مجموعہ عالم است کہ اشارات نقلیہ وہم اشارات عقلیہ بر آں شاہد است۔ اگر از نقل پرسند بہ جملہ

فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ

نظر باید انداخت واز خصوص خلق نطفہ اطلاق مفہوم ایں جملہ را از دست نباید داد۔ غرض ایں صفت احسنیۂ خالقیت او تعالیٰ نیز ہمچو دیگر صفات او تعالیٰ ثابت وقدیم است۔ نظر بریں در ہر خلق احسنیت مذکورہ را دخل یقینی بود۔ آں مجموعہ عالم بود یا فرادیٰ فرادیٰ من وجناب چہ ہیئت مجموعی ما وشما فقط در خور مراعات حسن او چنداں نیست کہ ہیئت مجموعی مجموعہ عالم چہ شخص اصغر را قدر وقیمت بہ قدر او باشد وشخص اکبر را بر طبق وجود او ونزد عقل واہل عقل ہم مقصود ہیئت اجتماعی باشد واجزاء دیگر اگر مطلوب باشند بالتبع وبالعرض باشند از زیر تا بالا ہمہ را بنگرند ہمیں قصہ ہویدا است۔

در ادویہ مرکبہ مزاج مرکب مطلوب بود نہ مزاج فرادیٰ فرادیٰ ہر دوا در بدن انسانی وانگہ ہیئت مجموعی مطلوب

کا موجب اور منجملہ ان کے اس کے نظر آئیں گے پس اگر کسی حسین کی تصویر کاغذ پر کھینچیں اور بھوں پلک اور خط وخال کو چھوڑ دیں تو یقیناً وہ تصویر حسن کے درجے سے گر جائیگی۔ اسی طرح اگر گھوڑے، گائے، اونٹ اور بھیڑیئے کی تصویر کھینچیں تو . . . . دُم سرین پر اور سینگ سر پر منقش کرنے چاہئیں اور اگر اتفاق سے اس قسم کے اعضا کو چھوڑ دیں تو اس تصویر کو ناقص سمجھنا چاہئے اور اس کو معیوب خیال کرنا چاہیئے لیکن یہی دُم اور سینگ اگر تصویر بنانے والے کے سرین پر کھینچیں تو اس کی خوبصورتی برباد ہو کر رہ جائیگی۔

اب سننا چاہئے کہ دنیا میں اور دنیا والوں کے دلوں میں جہالت اور کفر کی تخلیق مفعولی صفت ہے یہاں پر مجموعۂ عالم کے حسن پر نظر ہے کہ علوم عقلی اور علوم نقلی کے اشارے اس پر گواہ ہیں اگر نقل کے متعلق پوچھیں تو جملہ

فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ

پر نظر ڈالنی چاہئے اور نطفے کی خاص پیدائش سے اس جملے کے عام مفہوم کو ہاتھ سے نہ دینا چاہئے۔ غرض اس خداتعالیٰ کے خالق ہونے کی صفت احسنیت بھی اس خداتعالیٰ کی دوسری صفتوں کی مانند ثابت اور قدیم ہے اس کے پیش نظر ہر تخلیق میں مذکورہ احسنیت کو یقینی دخل ہے۔ خواہ وہ عالم کا مجموعہ ہو یا تنہا تنہا میں اور آپ ہوں، کیونکہ ہماری اور تمہاری مجموعی حیثیت صرف اس کے حسن کی رعایت کے چنداں لائق نہیں ہے۔ جتنی کہ مجموعۂ عالم کے مجموعی حسن ہیں، کیونکہ چھوٹے آدمی کی قدر وقیمت اس کے مرتبہ کے مطابق ہوگی اور بڑے آدمی کی قدر وقیمت اس کے وجود کے مطابق اور عقل اور اہل عقل کے نزدیک مجموعی ہیئت مقصود ہوگی اور دوسرے اجزا اگر مطلوب ہونگے تو وہ تابع اور بالعرض مقصود ہونگے نیچے سے اوپر تک سب کو دیکھیں یہی قصہ نظر آتا ہے۔

کئی اجزا سے بنائی ہوئی دواؤں میں مرکب مزاج مطلوب ہوتا ہے نہ کہ ہر دوا کا علیحدہ علیحدہ مزاج۔ انسانی جسم اور شیردانی

است نہ تنہا تنہا اعضاو اجزاو۔ درمکان ہیئت مجموعی مطلوب است نہ علاحدہ علاحدہ دالان و باورچی خانہ وہمچنیں اشارات خداوندی براں شاہد در کلام اللہ موجود است۔ مے فرماید۔

هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ثُمَّ اسْتَوَىٰ إِلَى السَّمَاءِ فَسَوَّاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ

از لام لَكُمْ ہویدا است۔ ایں ہمہ بیک نوع بنی آدم تعلق دارند باز بعطف اسْتَوَىٰ براں وعطف سَوَّىٰ بر استوی اشارہ بایں معنی فرمودند کہ عالم بالا نیز بہر کارروائی بنی آدم است۔ اندریں صورت ہمہ بیک سلک منتظم شدند وہیئت اجتماعی مقصود افتاد۔ آری اگر ہر یکی را غرضی ومنفعتی دگر بودی یکے را بادیگرے تعلقی نبودی تا بہیئت اجتماعی و لحاظ آں نوبت میرسید

الغرض ہم باشارات نقل وہم بشہادات عقل نظر بر مجموعہ وہیئت اجتماعی اوست۔ اندریں صورت کفر وکذب اگرچہ فی حد ذاتہ قبیح باشند اما حسن اضافی وابستہ بدامان آنہا است۔ چنانکہ خال سیاہ بر روئ رشک ماہ موجب ازدیاد حسن مے شود۔ و زلف پیچیدہ ہمچو مار سیاہ اگرچہ در حد حقیقت خود قبیح المنظر بود۔ اما با روئے رشک ماہ خود آنچہ رابطہ واتحاد دارد و در مزید حسن او ہر قدر کہ دخل دارد قابل بیان نیست غرض حسن شخص اکبر ہم ہمچو شخص اصغر باجتماع اضداد صورت بندد۔ چنانچہ ایں جا باجتماع روئے سفید و زلف سیاہ وغیرہ اشیاء معلومہ [illegible] پیدا شود۔ ہمچنیں در شخص اکبر باجتماع ایمان وکفر و مومنان

کے اس پر پہنے سے مجموعی کیفیت مطلوب ہے نہ کہ تنہا تنہا انسانوں کے اعضا اور اجزا۔ اسی طرح مکان میں مجموعی ہیئت مقصود ہوتی ہے نہ کہ علیحدہ علیحدہ دالان اور باورچی خانہ اور اسی طرح اس پر خداوندی اشارے اس پر گواہ کلام اللہ میں موجود ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:۔

اللہ وہ ہے جس نے تمہارے لئے جو کچھ کہ زمین میں ہے تمام پیدا کیا پھر وہ آسمان کی طرف متوجہ ہوا تو انہیں سات آسمان ٹھیک کرکے بنوائے۔

لَكُمْ کے لام سے ظاہر ہے کہ یہ کائنات کی تمام چیزیں بنی آدم کی نوع سے تعلق رکھتی ہیں پھر اس پر استوی کے عطف سے اور استوی پر سوی کے عطف سے اس معنی کی طرف اشارہ کردیا کہ عالم بالا (اوپر کی دنیا) بھی بنی آدم کی حاجت برآری کیلئے ہے اس صورت میں تمام ایک لڑی میں پرو دیئے گئے اور دونوں کی مجموعی صورت اللہ کا مقصود بنی۔ ہاں اگر ہر ایک کی کوئی اور غرض اور منفعت ہوتی تو ایک کا دوسرے سے کوئی تعلق نہ ہوتا تا آنکہ اجتماعی ہیئت اور اس کے ملحوظ رکھنے کی نوبت پہنچتی۔

غرض قرآن کریم کے منقولہ اشاروں اور عقل کی شہادتوں سے پتہ چلتا ہے کہ مقصود خداوندی اسکی مجموعی ہیئت اور اجتماعی کیفیت ہے۔ اس صورت میں کفر اور کذب اگرچہ اپنی ذات کی حیثیت میں بری چیزیں ہیں لیکن اضافی حسن ان کے دامنوں سے وابستہ ہے جیسا کہ گال پر سیاہ تل کسی رشک ماہ حسین کے چہرے پر حسن کی افزونی کا سبب ہوتا ہے اور پیچیدہ زلف سیاہ سانپ کی مانند اگرچہ اپنی حقیقت کی حد میں بدنما معلوم ہوتی ہے لیکن کسی چاند جیسے حسین کے چہرے کے ساتھ اس کا جو ربط اور اتحاد ہے اور اسکے حسن کی زیادتی میں جسقدر کہ دخل رکھتا ہے بیان سے باہر ہے غرض یہ ہے کہ شخص اکبر (یعنی عالم) کا حسن بھی شخص اصغر (یعنی انسان وغیرہ) کی مانند اجتماع اضداد کے ساتھ صورت اختیار کرتا ہے چنانچہ یہاں روشن چہرے اور زلف سیاہ جیسی معلوم اشیاء کے اضداد کے جمع ہونے سے ایک بہت خوبصورت ہیئت پیدا ہوجاتی ہے اسی طرح شخص

وکافران جمال بکمال آید۔ وازحسن باحسن گراید و باجتماع صدق وکذب وعلم وجہل نقشی بس زیبا پدیدار آید۔ وباقتران خیر وشر ونفع وضرر خوبی او از یک بہزار افزاید۔ لیکن اگر خود ایں صفات ذمیمہ را اختیار فرمایند مورد ذم و ملام شوند۔ وایں تحمید وتسبیح او تعالیٰ اعنی جامعیت محامد وپاکیزگی از جملہ ذمائم کہ مسلم بہر اوست تعالیٰ شانہ ہمہ یک لخت غلط گردد۔ ونیز ظاہر است کہ تصدیق کاذب ودعوی صدق او نیز یکے از اکاذیب وافراد وکذب است۔ مثلاً فرض کنیم کہ زید سخنی غلط گفت۔ اگر عمرو بتصدیق او برخاست وگفت کہ زید راست فرمود وایں سخن او صحیح ودرست است ہر کہ مادہ عقل داشتہ باشد اگر از حقیقت حال آگاہ است بلا تامل خواہد گفت کہ عمرو دروغ مے گوید۔ چہ ایں قول نیز کہ فلاں کس راست مے گوید یا دروغ، قضیہ ایست ہمچو قضایا احتمال صدق وکذب ہمچناں دارد کہ دیگر افراد قضیہ۔ قائلش را ہمچناں بصدق وکذب وصف تواں کرد کہ قائلان دیگر اقوال را ازیں تقریر واضح شدہ باشد کہ تصدیق کاذب بقول باشد یا بفعل مستلزم کذب مصدق است۔ چہ ہر چہ دلالت بر معنی قضیہ کند ہماں را قضیہ گویند تخصیص الفاظ چیست۔

امام رازی دربارۂ معجزہ

وازیں جا است آں کہ امام رازی ماخذ ایں سخن را بجاب ہمہ شبہات کافی فہمید۔

الغرض بلحاظ اتصاف مفعولی خلق جہالت وکفر وفسق وکذب ودیگر ذمائم مستلزم ہیچ ذم درحق خالق نمی تواں شد۔ اتصاف مفعولی بمعنی مستلزم اتصاف

اکبر (دنیا) میں ایمان اور کفر اور مومنوں اور کافروں کے جمع ہو جانے سے خوبصورتی کمال کو پہنچ جاتی ہے اور ان کے باہم ملکر اچھے سے زیادہ اچھے کی طرف رغبت بڑھتی ہے اور صدق وکذب اور علم وجہل کے جمع ہو جانے سے بہت خوبصورت نقش ظہور میں آتا ہے۔ اسی طرح خیر وشر اور نفع وضرر کے اکٹھے ہونے سے اس چیز کی خوبی ایک سے ہزار گنا ہو جاتی ہے لیکن اگر لوگ ان بری صفتوں کو خود اختیار کریں تو مذمت اور ملامت کا نشانہ بن جائیں گے اور اس خدا تعالیٰ کی حمد کرنا اور تسبیح پڑھنا یعنی خوبیوں کی جامعیت اور تمام برائیوں سے پاکیزگی جو اس کیلئے مسلم ہے یہ تمام اور تمام یک لخت غلط ہو جائیگی اور نیز واضح ہے کہ کاذب کی تصدیق اور اس کے دعوے کا صدق بھی کذب کی قسموں اور اکاذیب میں سے ایک کذب ہے۔ مثلاً اگر ہم فرض کریں کہ زید نے ایک غلط بات کہی تو اگر عمرو اسکی تصدیق کیلئے اٹھ کھڑا ہوا اور کہنے لگا کہ زید نے سچ کہا اور زید کی یہ بات صحیح اور درست ہے تو جو عقل کا مادہ رکھتا ہوگا اگر وہ حقیقت حال سے آگاہ ہے تو بلا تامل پکار اٹھیگا کہ عمرو جھوٹ کہتا ہے کیونکہ یہ قول بھی کہ فلاں شخص درست کہتا ہے یا جھوٹ کہتا ہے۔ ایک قضیہ ہے جو دوسرے قضایا کی طرح سچ اور جھوٹ کا ایسا ہی احتمال رکھتا ہے جیسا کہ قضیہ کے دوسرے افراد۔ اس کے کہنے والے کو صدق اور کذب سے متصف کر سکتے ہیں جیسا کہ دوسرے اقوال کے کہنے والوں کو۔ اس تقریر سے واضح ہو گیا ہوگا کہ جھوٹے کی تصدیق خواہ قول سے ہو خواہ فعل سے تصدیق کرنے والے کے جھوٹ کو مستلزم ہے کیونکہ ہر چیز قضیہ کے معنی پر دلالت کرتی ہے اسی کو قضیہ کہتے ہیں۔ الفاظ کی خصوصیت کیا ہے۔

معجزے کے بارے میں امام رازی کا معاملہ

اور یہیں سے یہ بات نکلتی ہے کہ امام رازی نے اس بات کے ماخذ کو تمام شبہات کے جواب میں کافی سمجھا۔

الغرض اتصاف مفعولی کے لحاظ سے جہالت، کفر، فسق، کذب اور دوسری برائیوں کی تخلیق خالق کے حق میں کسی برائی کو مستلزم نہیں ہوتی۔ کسی صفت کے ساتھ اتصاف مفعولی

تا فاعلی علی العموم نیست۔ اگر نقاشی نقشی زیبا یا نازیبا بر دیوار کشد زیبائی یا نازیبائی صفت ہماں نقش است۔ یا بوجہ خوش نمائی یا بد نمائی صفت قرطاس اما بایں وجہ نقاش بد منظر را خوش پیکر نتواں گفت۔ واگر خوش پیکر است بد منظر نخواہد گردید۔ باقی تفریق ایں امر کہ کدام صفت ازاں طرف بایں طرف مے رسد و کدام صفت ازاں ایں است وکدام ازاں آں بوجہ قلت فرصت نمی توانم۔ اما بتقریب عرض مثالی اشارہ باں کردہ مے رسم۔

مثال آفتاب تاباں اگر بہ تنویر ارض جلوہ آرای چرخ گرداں شود نور من حیث ہو ازاں طرف آید۔ اما مرتبۂ اتصاف ذاتی ولوازم آں از جای خود قدم نہ بر دارد۔ وایں طرف اگرچہ نور از آفتاب رسید اما تربیع وتثلیث وغیرہ تقطیعات کہ بمقتضاء اشکال صحن خانہا و منافذ نور بر روئے ایں نور فائض لاحق شود ہمہ ازیں طرف است۔ آفتاب کہ فاعل تنویر است ازیں گونا گونی برتر است۔ گو ہمہ از نور افشانیش بظہور آید۔ لیکن چناں کہ اتصاف مفعولی مستلزم اتصاف فاعلی نیست آری نظر بہ قدرتش سرمایہ مدح او باشد۔ خصوصًا وقتیکہ اتصاف مفعولی بصفتی کہ حسن باشد آں صفت فی حد ذاتہ یا قبیح موجب حسن مجموعہ شود ہمچناں اتصاف فاعلی بصفتی کہ قبیح بود موجب ذم ولوم فاعل شود۔ وجہش خود ظاہر است یعنی قبح صفت مفروض و مسلم باز بجانب موصوف یعنی فاعل ترکب نیست تا احتمال مداخلت وصف قبیح در حسن ہیئت اجتماعی باشد۔ بجز آنکہ فاعل ہم گرفتار سزاء فعلی خود باشد۔

عام طور پر اتصاف فاعلی کو مستلزم نہیں ہے اگر کوئی نقاش اچھا یا برا نقش دیوار پر کھینچے تو زیبائی یا نازیبائی اسی نقش کی صفت ہوگی یا خوش نمائی اور بد نمائی کی وجہ سے کاغذ کی صفت ہوگی لیکن اس وجہ سے بد صورت نقاش کو خوبصورت نہیں کہہ سکتے۔ اور اگر نقاش خوبصورت ہے تو بھدے نقش کی وجہ سے بد صورت نہیں ہو جائیگا باقی اس امر میں فرق کرنا کہ اس طرف سے اس طرف کو کونسی صفت پہنچتی ہے اور کونسی صفت اسکی اپنی ہے اور کونسی اس کی جانب سے، قلت فرصت کی وجہ سے نہیں بتا سکتا لیکن اس کے قریب کرنے کے لئے ایک مثال کے ذریعہ اسکی طرف اشارہ کئے دیتا ہوں۔

مثال روشن آفتاب اگر زمین کو منور کرنے کیلئے گھومنے والے آسمان پر جلوہ گر ہو تو نور اس حیثیت سے کہ وہ نور ہے اس طرف سے آئیگا لیکن اتصاف ذاتی اور اسکے اور اس کے لوازم اپنی جگہ سے حرکت نہیں کریں گے اور زمین کی طرف اگرچہ نور آفتاب سے پہنچا ہے لیکن مربع اور مثلث وغیرہ قطعہ شدہ شکلیں جو گھروں کے صحنوں کی شکلوں اور اس نور فائض کے اوپر نور کے منافذ کے مقتضا کی بناء پر لاحق ہوتی ہیں یہ سب شکلیں اسی زمین کی طرف سے ہیں۔ آفتاب جو کہ تنویر کا فاعل ہے اس گونا گونی سے بلند ہے اگرچہ یہ سب شکلیں اسی کی نور افشانی سے ظہور میں آتی ہیں لیکن جیسا کہ اتصاف مفعولی، اتصاف فاعلی کو مستلزم نہیں ہے ہاں اسکی قدرت پر نظر رکھتے ہوئے اسکی مدح کا سرمایہ بنیگا خصوصًا اس وقت جبکہ اتصاف مفعولی کسی اچھی صفت کیساتھ ہو تو وہ صفت فی حد ذاتہ حسن ہو یا قبیح مجموعے کے حسن کا موجب ہوتا ہے اسی طرح اتصاف فاعلی اس صفت کیساتھ جو قبیح ہو فاعل کی مذمت اور ملامت کا موجب ہوگی۔ اس کی وجہ خود ظاہر ہے یعنی فرض کی گئی اور مسلم صفت کا قبح پھر موصوف یعنی فاعل ترکب کی جانب نہیں ہے تا کہ ہیئت اجتماعی کے حسن میں برے وصف کی مداخلت کا احتمال ہو سکے۔ سوائے اس کے کہ فاعل بھی اپنے فعل کی سزا میں گرفتار ہو جائیگا اور کیا ہوگا۔

باقی ماند ایں کہ در کذب قبح چیست ہر چند ایں سوال ازاں کس متصور است کہ فطرت سقیم دارد نہ سلیم و طبع واژگوں (دارد) نہ مستقیم۔ اما ما نیز نظر بمصلحت چند خامہ رامی فرسائیم۔

بودن صدق و کذب اول در علم

صدق و کذب اول در علم باشد یعنی ہر چہ دانستہ اند راست دانستہ اند دریں مرتبہ صدق کمال است چہ خبر از صفتی وجودی اعنی صفت العلم می دہد و ہم چنیں کذب نقصان زیرا کہ مشعر بعدم آں است و آں مستلزم نفی جنس وجود و کمال آں۔ چہ ایں ہمہ صفات وجودی از لوازم ذات وجود بمعنی ما بہ الموجودیت اند و پیدا است کہ لوازم ذات، عام از ذات نباشند ورنہ تعدد علل بہر یک معلول لازم آید۔ چہ لوازم ذات معلول ذات باشند و ظاہر است کہ توارد علل ہم ممتنع است و کار پردازی یکی و بے کاری دیگر نیز ممنوع۔ اوّل ازاں جہت کہ اجتماع المثلین فی محل واحد اعنی اجتماع ذی صورتین فی صورۃ واحدۃ و اجتماع نوعین فی تشخص واحد یا اجتماع الجنسین فی فصل واحد لازم آید۔

و ثانی ازاں جہت کہ تخلف معلول از علت اقرار بذمہ افتد۔ بالجملہ لوازم ذات عام از ملزوم خود نبوند و ایں طرف موجودیت ذاتی خود مستلزم علم بذات خود است و ہمیں است کہ بہر ثبوت علم ضرورت وجود اول افتاد۔ اگر اقتضاء ذاتی بمیان نبودی بلکہ اتصاف بالعرض بودی بچو دیگر موضوعات بالعرض وجود نیز واسطہ تعقل عوارض خود و موقوف علیہ آں نبودی۔ نظر بریں از کذب فی العلم عدم العلم بمعنی ما بہ العلم اعنی صفت کاشفہ لازم آید۔ چہ تحقق معلومات بطوریکہ فرض کنند خواہ بحقیقت یا باندراج و اندماج

باقی رہی یہ بات کہ کذب میں کیا قباحت ہے۔ ہر چند کہ اس سوال کا تصور اس شخص سے کیا جا سکتا ہے جس کی فطرت بیمار ہو اور سلیم نہ ہو اور الٹی طبیعت کا مالک ہو نہ کہ مستقیم کا۔ لیکن ہم بھی چند مصلحتوں کے پیش نظر قلم کو دوڑاتے ہیں۔

صدق و کذب کا اول علم میں ہونا

کسی بات کا صدق یا کذب اول علم میں ہوتا ہے یعنی جو کچھ جانا ہے صحیح جانا ہے۔ اس مرتبے میں صدق کمال ہے کیونکہ وجودی صفت یعنی صفت علم کی خبر دیتا ہے اور اسی طرح کذب نقصان ہے کیونکہ کذب اس کمال کے نہ ہونے کی خبر دیتا ہے اور وہ اصل وجود اور اس کے کمال کی نفی کو مستلزم ہے۔ کیونکہ یہ تمام وجودی صفات ذات وجود بمعنی ما بہ الموجودیت کے لوازم ذات میں سے ہیں اور ظاہر ہے کہ لوازم ذات، ذات سے عام نہیں ہوتے ہیں ورنہ ہر ایک معلول کیلئے کئی علتوں کا ہونا لازم آئیگا کیونکہ لوازم ذات، ذات کے معلول ہوتے ہیں اور ظاہر ہے کہ کئی علتوں کا وارد ہونا بھی ممتنع ہے اور ایک علت کا کام کرنا اور دوسری کا بیکار ہونا بھی ممنوع ہے۔ اول اس سبب سے کہ ایک جگہ دو ایک جیسی چیزوں کا اجتماع یعنی دو صورتوں والی چیز کا ایک صورت میں، اور دو نوعوں کا اجتماع ایک تشخص میں یا دو جنسوں کا اجتماع ایک فصل میں لازم آتا ہے۔

اور دوسرے اس سبب سے کہ علت سے معلول کے تخلف کا اقرار ذمہ لگتا ہے بالجملہ لوازم ذات اپنے ملزوم سے عام نہیں ہوتے اور اس طرف موجودیت ذاتی خود اپنی ذات کے علم کو مستلزم ہے اور یہی وجہ ہے کہ علم کے ثبوت کے لئے سب سے پہلے وجود کی ضرورت ہوئی۔ اگر اقتضاء ذاتی درمیان میں نہ ہوتا بلکہ اتصاف بالعرض ہوتا تو دوسرے موضوعات بالعرض کی طرح وجود بھی اپنے عوارض کے سمجھنے کا ذریعہ اور اس کا موقوف علیہ نہ ہوتا اس کے پیش نظر علم میں کذب سے عدم علم بمعنی ما بہ العلم یعنی صفت کاشفہ لازم آتی ہے کیونکہ معلومات کا تحقق اس طریقے سے کہ فرض کریں خواہ حقیقت میں یا اندراج و اندماج کے ساتھ وہ باری تعالیٰ کی ذات

آں در ذات باری تعالیٰ و موطن علم مسلم۔ و باز حجابی بمیان نے۔ اگر باینہمہ انکشاف رو ندہد حاصل کلام آں باشد کہ مبداء انکشاف نیست و چوں آں نیست خود وجود ہم نباشد چہ عدم معلول و لازم ذات بر عدم علت و ملزوم دلالتی دارد کہ منکرش ہیچ عالم نیست۔ ایں است حال صدق و کذب علمی۔

صدق و کذب مقالی و اخباری

دوم صدق و کذب مقالی و اخباری باشد بظاہر ایں جا حرجی نیست۔ چہ عدم صفتی لازم نمی آید۔ بلکہ در صورت وقوع انچنیں کذب، از و تعالیٰ شانہ قدرت بر اخبار کذب نیز ہمچو قدرت بر اخبار صدق ثابت خواہد شد۔ لیکن چوں نظر را قوی گردانند۔ و عقل حق شناس را در پردہ اش نشانند و باز بنگرند انشاء اللہ ایں جا نیز ہماں تماشا بنظر آید کہ در کذب فی العلم بود۔

تفصیل اجمال

تفصیل ایں اجمال اینکہ کذب قولی و لفظی اگرچہ بظاہر امری است وجودی اما مستلزم مضرت دیگراں است و بہمیں وجہ قبح عارض حال او شد۔ ورنہ قطع نظر ازیں حقیقت آں الفاظ نیز و کیفیت دلالت آنہا بر معانی ہماں سان است کہ در الفاظ اخبار صادقہ باشد۔ وازیں جا است آنکہ در مواضعیکہ بجای مضرت منفعت بدنبال دروغ آید ایں قبح مبدل بحسن مے گردد۔ چنانچہ بر ماہران کلام اللہ و حدیث پوشیدہ نخواہد بود۔ بالجملہ قبح کذب قولی نہ ہمچو قبح کذب علمی است بلکہ

اور موطن علم میں مسلم ہے اور پھر کوئی حجاب درمیان میں نہیں۔ اگر ان سب باتوں کے باوجود انکشاف نہ ہو تو کلام کا حاصل یہ نکلیگا۔ کہ مبداء انکشاف نہیں ہے اور جب وہ نہیں ہے تو خود وجود بھی نہ ہوگا کیونکہ کہ لازم ذات اور معلول کا عدم، علت اور ملزوم کے عدم پہ دلالت رکھتا ہے کہ اس کا منکر دنیا میں کوئی نہیں ہے۔ یہ ہے حال علمی صدق و کذب کا۔

مقالی اور اخباری صدق و کذب

دوسرا صدق و کذب مقالی اور اخباری ہوتا ہے بظاہر یہاں کوئی مضائقہ نہیں ہے کیونکہ کسی صفت کا صدق و کذب مقالی و اخباری میں عدم لازم نہیں آتا ہے بلکہ اس تعالیٰ شانہ سے اس جیسے کذب کے واقع ہونے کی صورت میں کذب کے خبر دینے پر قدرت بھی اخبار صدق پر قدرت کی مانند ثابت ہوگی۔ لیکن اگر نظر کو تیز کر دیں اور حق شناس عقل کو بھی اسکے پردے میں بٹھا دیں اور پھر دیکھیں تو انشاء اللہ یہاں بھی وہی تماشا نظر میں آئے گا جو کہ کذب فی العلم میں تھا۔

تفصیل اجمال

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ کذب قولی اور لفظی اگرچہ ظاہر میں ایک وجودی امر ہے لیکن دوسروں کی مضرت کو مستلزم ہے اور اسی وجہ سے قبح اسکی حالت کو عارض ہو گیا۔ ورنہ اس حقیقت سے قطع نظر وہ الفاظ بھی اور معانی پر انکی دلالت کی کیفیت اسی طرح ہے جو کہ اخبار صادقہ کے الفاظ میں ہوتی ہے اور یہیں سے معلوم ہوا کہ جن مواقع میں مضرت کی جگہ جھوٹ کے پیچھے منفعت آتی ہے[1] تو یہ قبح حسن میں بدل جاتا ہے۔ چنانچہ قرآن شریف اور حدیث کے ماہرین سے پوشیدہ نہ ہوگا۔ بالجملہ کذب قولی کا قبح، کذب علمی کی مانند نہیں ہے۔ بلکہ کذب علمی کا، ذاتی قبح ہے

---

[1] جیسے یوسف علیہ السلام کے آدمی نے یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کو اِنَّكُمْ لَسَارِقُونَ کہکر پکارا۔ یا ابراہیم علیہ السلام نے قوم کو جب وہ باہر عید منانے جا رہے تھے مخاطب کرکے اِنِّی سَقِیْمٌ کہا تھا۔ مترجم

در کذب عملی قبح ذاتی است۔ چه این کذب مستلزم عدم صفة العلم است و قبح کذب قولی عرضی است بوجه اقتران مضرت دیگران مو۔ د ذم کافه انام باشد۔ اکنوں باید دید اگر نتیجه کذب مضرة محض است ہیچگونه حسن نصیب او نباشد و اگر مضرت من وجه و منفعت من وجه ازو زاید موازنه می باید کرد۔ تا ہر چه گراں تر باشد از افراد ہماں قسم شمرده شود.

قاعدہ موازنہ عقلی و نقلی

قاعده موازنه ہم عقلی است و ہم نقلی۔ از نقل اگر استفسار فرمایند آیت فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِیْنُهٗ و آیت فِیْهِمَا اِثْمٌ کَبِیْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَ اِثْمُهُمَا اَکْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا را مطالعه باید فرمود و اگر از عقل پرسند قاعده استخراج مزاج نسخه مرکبه از ادویه مختلف المزاج را پیش نظر باید گذاشت۔ بالجمله ایذاء محض و ایذاء غالب از راحت که قدر زائد زاں ہم ایذاء محض باشد قبیح محض و مکروه بالذات است۔ و چوں نباشد که وقوع آں بی انتفاء رحمت که منجمله صفات کمال است و کمال او نزد ہر خاص و عام مسلم صورت نه بندد۔

و آنکه از خلق کفر و جہل وغیره در عالم وہم دگر بدل می آید جوابش از تدبر ہمیں تقریر واضح است۔ و اگر ہنوز بخیر خفاء باشد من خود عرض کنم۔

می باید شنید که خلق کفر و کذب و جہل در عالم بذات خود ایذا نیست آری انجام کار مستوجب ایذا باشد۔ باز چوں تکمیل شخص اکبر که نفعی برتر ازاں نباشد و البته بداماں او دست ایں نفع معارض آں نقصان و آں ایذا چناں شد که نفع مسہل و ادویه بی مزه و نفع شگاف دمل وغیره با ایذا ایں اشیاء۔ بالجمله چنانچه در شگافتن جز مقصود بالذات

کیونکہ یہ کذب صفت علم کی نفی کو مستلزم ہے اور کذب قولی کا قبح عرضی ہے کیونکہ دوسروں کی مضرت کے مل جانے کی وجہ سے تمام دنیا کی مذمت کا وہ مورد بن جاتا ہے۔ اب دیکھنا چاہئے کہ اگر کذب کا نتیجہ محض مضرت ہے تو پھر اس کے نصیب میں کسی قسم کی اچھائی نہیں ہے اور اگر ایک وجہ سے تو مضرت اور ایک وجہ سے مضرت سے زیادہ منفعت پیدا ہوتی ہے تو موازنہ کرنا چاہئے۔ تاکہ جس کا پلہ بھاری ہو تو اسی قسم کے افراد میں سے شمار کی جائے۔

قاعدہ موازنہ عقلی و نقلی

موازنہ کا قاعدہ عقلی بھی ہے اور نقلی بھی۔ اگر علوم تفسیر قرآن و سنت سے معلوم کریں تو آیت فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِیْنُهٗ اور آیت فِیْهِمَا اِثْمٌ کَبِیْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَ اِثْمُهُمَا اَکْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ اور اگر قاعدہ عقل کا سوال کریں تو مختلف مزاج کی دواؤں سے مرکب مزاج کے استخراج کا قاعدہ پیش نظر گذارنا چاہئے بالجملہ خالص ایذا اور راحت پر غالب ایذا کہ اس میں بھی زیادہ مقدار ایذا ہوتی ہے محض قبیح اور مکروہ بالذات ہے اور کیوں نہ ہو کہ اس کا وقوع ہونا اس رحمت کے انکار کے بغیر جو صفات کمالیہ میں سے ہے اور اس کا کمال ہر خاص و عام کے نزدیک مسلم ہے صورت پذیر نہیں کرتا ہے۔

اور یہ کہ دنیا میں کفر اور جہل وغیرہ کے پیدا کرنے سے جو دوسرا وہم دل میں آتا ہے اس کا جواب اسی تقریر میں غور کرنے سے واضح ہے اور اگر ابھی پوشیدگی کی جگہ میں ہو تو میں خود عرض کرتا ہوں۔

سننا چاہئے کہ کفر، کذب، جہل کا دنیا میں پیدا کرنا بذات خود ایذا نہیں ہے ہاں انجام کار ایذا کا مستوجب ہوتا ہے پھر شخص اکبر (دنیا) کی تکمیل کہ اس سے زیادہ بڑھ کر اور کوئی نفع نہیں ہو اسکے دامن سے وابستہ ہے۔ یہ نفع اس نقصان کے مقابل بھی ہے وہ ایذا ایسا ہی ہے جیسا کہ مسہل اور بے مزہ دواؤں اور دمل وغیرہ کے شگاف کا نفع۔ ان چیزوں کی ایذاؤں سے بالجملہ جیسا کہ دمل کے شگاف

حصول شفا است کہ ہمہ راحت ہا در آغوش اوست لیکن اولش ایذا است و آخرش ہمہ راحت و آسائش ہمچنیں مقصود بالذات از خلق کفر و جہل وغیرہ تکمیل حال شخص اکبر و تتمیم کمال اوست۔ اما اولش قبیح است و انجامش حسن و جمال۔ با ایں ہمہ قبل نقشہ کشی حسین و قبیح را وجودے بود نبودست۔ تا استحقاق قابلیت این و آں بہم رسیدی و گنجائش وہم ظلم و بخل از قابل بدل می بود آری شخص اکبر یعنی ہیئت مجموعی عالم راکہ ہمچو دیگر ہیئات مجموعی مجموعہائے دیگر مقصود بالذات باشد و اجزائے آں مقصود بالعرض در علم باری وجود سابق از اجزا است۔ چہ آں علت غائی ست و اجزا علت مادی و علت غائی را اگرچہ در وجود خارجی از علت مادی تاخر باشد مگر در علم تقدم است بدیں گویا اینجا انعکاس اوست کہ اعلیٰ اسفل گردید و چوں ایں چنیں است قبل تحقق اجزا در علم آں ہیئت مجموعی بہ تحقق استحقاق اجزاء بہم رسید تعیین اقتضائے عقلی است۔ و ہمیں ہم معروض شد کہ حسن صورت را نہ تنہا اجزائے حسنہ بکار است بلکہ اجزائے زشت و نازیبا کہ بقتضائے تقطیع بکار باشند در حصول حسن صورت ہمچناں دخل دارند کہ اجزائے زیبا۔ و ایں ہم ظاہر است کہ کفر و ایمان ہمچو دیگر ملکات و اخلاق انسانی از زیور آثار و مقتضیات ماہیت شخصیہ مومن و کافر اند چنانچہ مابین ذکاوت و غباوت و حسن خلق و بد خلقی و سخاوت و بخل و شجاعت و جبن و حلم و غضب و حیا و شوخ چشمی وغیرہ ملکات و قوی و اخلاق و مابین ارباب ایں ملکات تحقق بعض متصور

دینے سے مقصود بالذات شفا کا حاصل کرنا ہے کہ تمام راحتیں اس کی آغوش میں ہیں لیکن ابتداء میں تکلیف پہنچتی ہے اور آخر میں تمام راحت اور آرام ہے اسی طرح کفر، جہل وغیرہ کے پیدا کرنے سے شخص اکبر (دنیا) کے حال کو مکمل کرنا اور اس کے کمال کو پورا کرنا ہے لیکن اس کا اول قبیح ہے اور اس کا آخر حسن و جمال ہے۔ با ایں ہمہ حسین و قبیح کے نقشہ کھینچنے سے پہلے حسین اور قبیح کا نہ وجود تھا نہ نمود تھی۔ کہ اس کی اور اُسکی قابلیت کا استحقاق بہم پہنچتا۔ اور قابل کی طرف سے بخل اور ظلم کا وہم دل میں آتا۔ ہاں شخص اکبر یعنی تمام دنیا کی مجموعی ہیئت کو جو دوسرے مجموعوں کی مجموعی ہیئتوں کی مانند مقصود بالذات ہے اور اس کے اجزاء مقصود بالعرض ہیں، علم باری تعالیٰ میں وجود اجزا سے پہلے ہے کیونکہ وہ علت غائی ہے[1] اور علت مادی اور علت غائی کے اجزاء کو اگرچہ خارجی وجود میں علت مادی سے تاخر ہے مگر علم میں وہ مقدم ہے۔ گویا کہ یہاں اس کا انعکاس ہے کہ اعلیٰ اسفل ہوگیا۔ اور جب بات یہ ہے تو علم میں اجزاء کے تحقق سے پہلے اس مجموعی ہیئت کے تحقق کیفیت عالم کی وجہ سے اجزاء بہم پہنچنے کا استحقاق بالکل عقلی اقتضاء ہے۔ اور یہی عرض کیا گیا کہ صورت کے حسن کیلئے نہ صرف اجزاء حسنہ کی ضرورت ہے بلکہ برے اور بد صورت اجزاء جو کہ تراش و خراش کے تقاضے سے ضروری ہیں درکار ہیں۔ حسن صورت کے حصول میں ایسا ہی دخل رکھتے ہیں جیسا کہ خوبصورت اجزاء اور یہ بھی ظاہر ہے کہ کفر و ایمان دوسرے انسانی اخلاق اور ملکات کی طرح مومن اور کافر کی ماہیت شخصیہ کے تقاضے اور آثار ہیں چنانچہ ذکاوت اور غباوت، حسن خلق اور بد خلقی، سخاوت و بخل، شجاعت اور بزدلی، حلم اور غضب، حیا اور بے حیائی وغیرہ خصائل اور اخلاق وغیرہ کے درمیان اور ان خصائل کے رکھنے والوں کے درمیان بعض[2] کا بعض

---

[1] علت غائی [illegible] کرسی بیٹھنے کیلئے اسکی علت غائی ہے اور جس چیز سے کوئی چیز بنائی جاتی ہے وہ علت مادی [illegible] جیسے کرسی کی علت [illegible] لکڑی یا فولاد کی [illegible]۔ [2] یعنی اس کی کوئی اور علت قرار دی جائے۔ مترجم

نیست، ہمچنیں مابین ذات مومن و کافر وصف ایمان و کفر تخیل
تخلل جبل خبر از خلل دماغ مے دہد۔ چنانچہ جملہ

هُدًى لِّلْمُؤْمِنِينَ

وَهُدًى لِّلْمُتَّقِينَ و آیت

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِينَ

نیز بہ لزوم ذاتی مرتبہ بالقوۃ ایمان و کفر اگر فہم باشد دلالت دارند

غرض چنانکہ ہر بالعرض را از ما بالذات ناگزیر است
ہمچنیں ہر فعلیت را مرتبہ بالقوۃ بکار پس اگر ایں قوۃ در
صاحب قوۃ ذاتی است فبہا ورنہ ہر بالعرض را ضرورت
ما بالذات است۔ مگر چنانکہ بہر حرارت آتش در خارج ماخذ
و معدن دیگر بنظر نمی آید و نظر بریں اتصاف ذاتی آں باں
ظاہر مسلم شد ایں جا نیز بہر ملکہ کفر و ایمان ہمچو دیگر ملکات
ماخذ و معدن دیگر بنظر نمی آید۔ نظر بریں اقرار وصف
ذاتی بودن ایں ہا ضرور افتاد۔

آری چنانکہ بہر افروختن آتش دمزدن را مقرر ساختہ
اند ہمچنیں بہر افروختن نور ایمان و نار کفر طرح ہدایت انبیاء
علیہم السلام و وساوس شیطانی و انسانی انداختہ اند۔
اندریں صورت خلق ایمان و کفر و علم و جہل و صدق
و کذب ابتداءً اعنی در مرتبہ ملکہ نہ تخلق جداگانہ صورت
بستہ بلکہ ہماں خلق ذوات اہل ایں ملکات مستوجب
ظہور ایں ہمہ صفات دراں ذوات شد۔ و باز ایں ملکات
بمقتضائے اسباب محرکہ کہ ایں جا بمرتبہ دمزدن بہر آتش
باشد۔ مصدر آثار معلومہ از فعلیت ایمان و کفر شدند۔
مگر دروغ خداوندی با بندگان پس از تحقق ذوات بندگان
است و پیدا است کہ ہر شی پس از تحقق خود استحقاقی

میں آنا متصور نہیں ہے۔ اسی طرح مومن اور کافر کی ذات اور ایمان و کفر کے
وصف کے درمیان جبل کے بیچ میں آنے کا خیال دماغ کے خلل کی خبر دیتا ہے چنانچہ جملہ

هُدًى لِّلْمُؤْمِنِينَ

وَهُدًى لِّلْمُتَّقِينَ اور آیت

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِينَ

بھی ایمان اور کفر کے مرتبہ بالقوۃ کے ذاتی لزوم پر، اگر فہم ہو، دلالت کرتے ہیں۔

غرض جیسا کہ ہر بالعرض کیلئے ما بالذات کے بغیر چارہ
نہیں ہے اسی طرح ہر فعلیت کیلئے مرتبہ بالقوۃ درکار ہے پس اگر یہ
قوت، قوت والے میں ذاتی ہے تو اچھا ہے ورنہ ہر بالعرض کے لئے
ما بالذات کی ضرورت ہے مگر جس طرح کہ آگ کی حرارت کیلئے خارج
میں اور کوئی معدن اور ماخذ نظر میں نہیں آتا ہے اور اس ظاہر کے
ساتھ اس کے ذاتی اتصاف پر نظر رکھتے ہوئے مسلم ہو گیا، یہاں
بھی کفر اور ایمان کے ملکہ کیلئے دوسرے ملکات کی مانند اور کوئی ماخذ
اور معدن دکھائی نہیں دیتا۔ لہذا اس بات کے پیش نظر ان کے ذاتی
وصف ہونے کا اقرار ضرور کرنا پڑا۔

ہاں جیسا کہ آگ جلانے کیلئے پھونکیں مارنے کو مقرر کیا ہے
اسی طرح ایمان کے نور اور کفر کی آگ کو بھڑکانے کیلئے (علی الترتیب)
انبیاء علیہم السلام کی ہدایت کی بنیاد اور شیطانی اور انسانی وسوسوں
کی بنیاد ڈال دی ہے۔ اس صورت میں ایمان و کفر، علم و جہل
صدق و کذب کا پیدا کرنا ابتداء میں یعنی ملکہ کے مرتبہ میں نہ کہ
مرتبہ تخلق میں جداگانہ صورت اختیار کریگا بلکہ ان اہل ملکات کی ذوات
کا وہی خلق ان ذوات میں ان تمام صفات کے ظہور کا مستوجب ہوا
اور پھر یہ ملکات اسباب محرکہ کے مقتضا کے مطابق جو یہاں آگ میں
پھونکیں مارنے کے مثل ہے۔ ایمان اور کفر کی فعلیت کی وجہ سے
آثار معلومہ کا مصدر بن گئے۔ مگر خدا تعالیٰ کا بندوں کیساتھ دروغ
بندوں کی ذاتوں کے تحقق کے بعد ہے اور ظاہر ہے کہ ہر چیز اپنے

بہم رسانند۔ گو آں استحقاق ایں جا از قسم استحقاق فقراء
بر اغنیاء و امثال ایں است نہ از قسم استحقاق بائع بر مشتری
و اجیر بر مستاجر و استحقاق احتیاج افاضہ خیر و نثار آں
خواہد۔ نہ برعکس آں۔ آری وقت نثار گاہی بفقیری زائد رسد
و فقیری محروم ماند و ہمچنیں گاہی عطاء گراں بہا را دامن چاک
دامنی بر نتابد۔

بالجملہ بندہ سراپا احتیاج را حاجت کلاں اگر ہست ہمیں
حاجت ہدایت است۔ اندریں صورت بجائے ہدایت اگر
زاں طرف بدروغ اضلال فرمایند ایں دروغ محض بغرض
مضرت باشد کہ جز از بے رحماں نیاید۔ نہ بغرض راحت
و شفقت کہ کار رحمان است۔

الغرض خلق مرتبہ ملکہ کذب و کفر و جہل قبل تحقق استحقاق
اہل ملکہ است نہ بعد آں۔ تا افاضہ آں خلاف استحقاق آں باشد
و موجب بے رحمی فہمیدہ شود۔ آری طلب حالی شخص اکبر کہ بوجہ
احتیاج آں بآں چنانچہ معروض شد ہویدا است دلیل
آنست کہ خلق کفر و کذب نیز منجملہ آثار رحمت او تعالیٰ است
و پس ازیں اگر فعلیت جہل مرکب در طبیعتی باشد از نارسائی
ذہن اوست یعنی جائیکہ ذہن و فہم دیگراں مے رسد ذہن او
نمی رسد و فعلیت جہل مرکبے کہ بوجہ تغلیط خداوندی و
تلبیس او تعالیٰ باشد نعوذ باللہ من امثال ہذہ الاقوال
ظہور آں منتسب بنقصان ملکہ او انتسابش بسوئے
او تعالیٰ باشد اندریں صورت بجز آں کہ ایں
کذب او تعالیٰ شانہ خبر از عدم صفت رحمت
دہد او از عدم علم و عدم وجود دیگر چہ باشد۔ باقی ماند
[illegible] از اسماء حسنیٰ او [illegible] مطلق است کہ تنہا
[illegible] معنی آں کہ [illegible] نفع از و [illegible]

حقیقت میں آنے کے بعد کوئی حق حاصل کرتی ہے اگرچہ وہ مستحق
ہونا یہاں پر فقرا کا مالداروں پر یعنی لوگوں پر استحقاق کی قسم سے ہے
نہ کہ بائع کے مشتری پر اور مزدور کے کام کرانے والے پر استحقاق کی
قسم سے اور استحقاق خیر کے فیض اور اس کے نچھاور کرنے کی ضرورت کو
چاہتا ہے نہ کہ اسکے برعکس۔ ہاں نثار کے وقت کبھی کسی فقیر کو زیادہ پہنچ
جاتا ہے اور کوئی فقیر محروم رہ جاتا ہے اور اسی طرح کبھی قیمتی عطیہ کو کسی
چاک دامن کا دامن برداشت نہیں کر سکتا۔

بالجملہ سراپا احتیاج بندے کو اگر کوئی بڑی حاجت ہے
تو وہ یہی ہدایت کی حاجت ہے۔ اس صورت میں ہدایت کی جگہ اگر
اس طرف سے دروغ کیساتھ گمراہ فرمائیں تو یہ دروغ محض ضرر
کی غرض سے ہو گا جو کہ بے رحموں کے سوا اور کسی سے نہیں ہو سکتا
نہ کہ راحت اور شفقت کی غرض سے جو کہ رحم کرنے والوں کا کام ہے۔

الغرض کذب، کفر اور جہل کے ملکہ کے مرتبے کا پیدا کرنا اہل ملکہ
کے استحقاق کے تحقق سے پہلے ہے نہ کہ اس کے بعد تا کہ ان کا فیض
ان کے استحقاق کے خلاف ہو اور بے رحمی کا موجب سمجھا جائے۔ ہاں
مجموعہ عالم کا زبانِ حال سے (ان صفات ذمیمہ) کو طلب کرنا جو کہ اسکے
انکی طرف احتیاج کی وجہ سے جیسا کہ عرض کیا گیا ظاہر ہے اس بات
کی دلیل ہے کہ کفر اور کذب کی تخلیق بھی منجملہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے
آثار میں سے ہے اور اس کے بعد بھی اگر جہل مرکب کا بالفعل وجود
کسی طبیعت میں ہو تو یہ اس کے ذہن کی نارسائی کی وجہ سے ہے یعنی
جس جگہ کہ دوسروں کا ذہن اور عقل پہنچتے ہیں اس کا ذہن نہیں پہنچتا
ہے اور ایسے جہل مرکب کا بالفعل ہونا جو خداوندی تغلیط اور اسکی
تلبیس کی وجہ سے ہو ہم ان اقوال سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں اس کا ظاہر
ہونا اس کے ملکہ کے نقصان کے ساتھ متعلق نہ ہو گا بلکہ اس کی نسبت
اللہ تعالیٰ کی طرف ہو گی اس صورت میں بجز اس کے کہ یہ اس بلند شان
خدا کا کذب صفت رحمت نہ ہونے کی خبر دیتا ہے اور وہ عدم علم اور
عدم وجود کی اور اسکے سوا کیا ہے۔ رہا اسم [illegible] اللہ کے اسمائے حسنیٰ میں سے

افراد اوست بلکہ ضرریکہ بغرض نفع رسانیدہ شود مثل رگ گشتن دُمّل نیز از اقسام اوست۔

غرض دریں اسم پاک دلالت برسبے رحمی نیست تا در تسلیم ایں غرض احقر تامل بدلی پیدا شود بلکہ ایں ضرر رسانی نیز از تحریکات رحمت بے پایاں اوست دبریں قدر ہم شواہد نقلی گواہ اند۔ وہم دلائل عقلی دلالت دارند و در بسم اللہ والحمد للہ آوردن رحمٰن پس از اسم ذات مشیر بآں است کہ رحمت اقدم صفات اوست۔ باز ارشاد

سَبَقَتْ رَحْمَتِيْ عَلٰى غَضَبِيْ

ایں اشارہ را تفسیر فرمود۔ و بر تقدم او خاص بر صفت غضب کہ اسم ضار از پیشکاران اوست دلالت نمود۔ و ظاہر است کہ دریں مواطن ایں تقدم و تاخر نہ بر تقدم و تاخر زمانی راست می آید نہ بر تقدم و تاخر مکانی چنانچہ ظاہر است۔ وہمچناں تقدم و تاخر بالشرف را نیز دریں جا مساغ نیست کہ ایں قسم فرق مراتب در اختیار و ترک و رد و قبول بکار آید۔ اعنی ہر کرا از خواستگاران نوکری مثلاً اقدم بالشرف دیدند آنرا بنوکری گرفتند و ہر کرا کمتر ازاں فہمیدند آنرا جواب دادند و ظاہر است کہ ایں رد و قبول دریں جا متصور نیست کہ صفات او تعالیٰ ہمہ مقبول و برگزیدہ اند یکی ہم متروک و مردود نیست آری اگر تقدم و تاخر ذاتی گیرند چناں کہ در دیگر صفات مثل علم و مشیت و ارادہ مثلاً بالبداہت بنظر می آید۔ البتہ ایں سبقت بکرسی می نشیند لیکن اندریں صورت تقدم را علت و حاکم و موخر گفتن لازم است۔ و اقرار تحریک مذکور ضرور۔ آری شاید تصور اجتماع رحمت و غضب در یک ...

تو اس کا نام مطلق ضرر ہے جو کہ نہ صرف خالص بتر (یعنی وہ ضرر کہ کسی) صورت میں بھی اس سے نفع کی امید نہ ہو) اس کے افراد میں سے ہے بلکہ وہ ضرر بھی جو کہ نفع کی غرض سے پہنچایا جائے جیسا پھوڑے کا آپریشن بھی اس کے اقسام میں سے ہے۔

غرض اس پاک نام پر بے رحمی پر دلالت نہیں ہے تا آنکہ احقر کی اس غرض کے مان لینے میں دل میں کوئی تامل پیدا ہو بلکہ یہ ضرر پہنچانا بھی اس کی بے انتہا رحمت کی تحریکات میں سے ہے اور اتنی بات پر نقل کے گواہ بھی موجود ہیں اور عقل کے دلائل بھی دلالت کرتے ہیں اور بسم اللہ اور الحمد للہ میں اسم ذات (یعنی اللہ کے بعد رحمٰن) کا لانا اسکی طرف مشیر ہے کہ رحمت اسکی سب سے زیادہ مقدم صفات میں سے ہے پھر ارشاد "میری رحمت میرے غضب پر سبقت لے گئی" میں اس اشارے کی تفسیر فرمادی، اور اس کے صفت غضب سے مقدم ہونے پر کہ ضار کا اسم اس کے پیشکاروں میں سے ہے، رہنمائی کر دی۔ اور ظاہر ہے کہ ان مواقع میں یہ تقدم اور تاخر نہ تو تقدم و تاخر زمانی پر چسپاں ہوتا ہے نہ تقدم و تاخر مکانی پر۔ چنانچہ ظاہر ہے اور اسی طرح شرف کی وجہ سے تقدم و تاخر کے لئے بھی یہاں گنجائش نہیں ہے کہ اس قسم کا فرق مراتب اختیار و ترک اور رد و قبول میں کام آیا کرتا ہے یعنی جس کسی کو نوکری کے طلبگاروں میں سے فضیلت کے اعتبار سے زیادہ مقدم دیکھا اسکو نوکری میں لے لیا اور جس کسی کو اس سے کمتر سمجھا اسکو انکار کر دیا۔ اور ظاہر ہے کہ یہاں یہ رد اور قبول متصور نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی تمام صفتیں مقبول اور پسندیدہ ہیں۔ ایک بھی چھوڑ دینے اور رد کر دینے کے قابل نہیں ہے ہاں اگر (صفات خداوندی میں) تقدم (آگے ہونا) اور تاخر ذاتی (پیچھے ہونا) مانیں جیسا کہ دوسری صفات مثلاً علم، مشیت اور ارادہ میں بدیہی طور پر نظر آتا ہے تو یقیناً یہ سبقت اچھا کرسی پر ٹھیک بیٹھتی ہے لیکن اس صورت میں مقدم کو موخر کی علت اور اس کا حاکم کہنا ضروری ہے اور مذکورہ

اقرار تحریک مذکور متیقن است دشوار افتد۔ بہر رفع ایں دشواری یادگاری زمانہ تادیب وتربیت خویش و دیگراں می باید کرد۔ آں طپانچہ ہائے پدر واوستاد در پیرایۂ غضب چہ رحمتہا است کہ در بر نمیداشت واگر از عقل محض پرسیم تقریر جوابش ایں است کہ

درخزانہ خداوندی ہمہ خیر وبرکت است شر ونقصان را بآں بدرگاہ مقدس رسائی نیست۔ چہ خزانۂ او تعالیٰ ہمیں وجود و کمالات وجود و آثار اوست کہ بالیقین از صفات او تعالیٰ باشند وپیدا است کہ دراں خزانہ عیب ونقصانی باشد اول اتصاف او تعالیٰ باو لازم آید پس اگر ازاں خزانہ بہ بندہ ہمچناں ارزانی دارند کہ آفتاب از نور خود بزمین حوالہ کرد رحمت باشد۔ چہ دادن خیر ہم اگر رحمت نباشد باز چہ باشد۔ معنی رحمت ہمیں است کہ حاجتمنداں را بداد ودہش بنوازند یا نواختن خواہند وظاہر است کہ مخلوق ہمہ تن محتاج اند وبہر نہج فقیر از ہر پہلوی حقائق اوشاں احتیاج نمایاں است۔ اندریں صورت اولین حرکت کہ ازاں طرف بظہور آید یعنی اولیں فعلیکہ صادر شد ہمیں ایجاد و اعطاء وجود وتوابع آں ست وسلب واخذ اگر متصور است پس از اعطاء متصور است۔ آری اگر از خانۂ دگر بدریوزہ گری ممکنات را ایں کمالات بدست می آمد گنجائش اخذ وسلب قبل اعطاء ہم ممکن بود۔ لیکن چوں قصہ ایں چنیں است رحمت را منشا بجز ذات بابرکات امر خارجی یا اعتبار غیر نمی تواند شد۔ چہ قبل ایجاد ممکنات نہ ممکنات را وجود است نہ غیر آنہا را از شرکاء ذات بابرکات تا نشو ونماء ایں صفت وتحرک آں را بنام آں زنند۔ آری اگر بر رحمت تقدم است۔ علم را تقدم است۔ یعنی سلم احتیاج ممکنات را تقدم است۔ اندریں

تحریک کا اقرار بھی لازم ہے۔ ہاں رحمت اور غضب دونوں کے جمع ہونیکا تصور جو کہ مذکورہ تحریک کے اقرار کی صورت میں یقینی ہے دشوار ہو جائیگا اس دشواری کو دور کرنے کیلئے دوسروں کی اور اپنی تربیت اور تادیب کا زمانہ یاد کرنا چاہیئے غصے کی شکل میں وہ باپ اور استاد کے طمانچے کیا رحمتیں ہیں جو انکے غصے کے پہلو میں نہ تھیں اور اگر صرف عقل سے پوچھیں تو اسکے جواب کی تقریر یہ ہے

خدا کے خزانے میں تمام بھلائیاں اور برکت [illegible] شرارت اور نقصان کی اس کی مقدس بارگاہ میں رسائی نہیں ہے [illegible] کہ خدا تعالیٰ کا خزانہ یہی وجود اور وجود اور وجود کے [illegible] اور ان کمالات کے آثار میں جو کہ یقیناً اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ہیں اور ظاہر ہے کہ اگر اس خزانے میں کوئی عیب یا نقصان ہوگا تو پہلے اس عیب اور نقص کیساتھ اللہ کا متصف ہونا لازم آتا ہے پس اگر اس خزانے سے بندے کو بھی اسی طرح بخشش فرمائیں جیسا کہ سورج نے اپنے نور کو زمین کے حوالے کیا ہے تو یہ رحمت ہوگی کیونکہ خیر کا دینا بھی اگر رحمت نہ ہوگا تو اور کونسی چیز رحمت ہوگی۔ رحمت کے بھی معنی یہی ہیں کہ ضرورتمند لوگوں کو سخاوت اور بخشش سے نوازیں یا نوازنا چاہیں اور ظاہر ہے کہ مخلوق سرتا پا محتاج ہے اور ہر صورت میں فقیر اور مخلوق کے حقائق کے ہر پہلو سے احتیاج نمایاں ہے اس صورت میں سب سے پہلی حرکت جو اس طرف سے ظہور میں آتی ہے یعنی سب سے پہلا فعل جو کہ صادر ہوا یہی ایجاد اور وجود اور وجود کے تابع رہنے والی چیزوں کی بخشش ہے اور کسی چیز کا چھین لینا اور لے لینا اگر خیال میں آسکتا ہے تو بخشش کے بعد ہی خیال میں آسکتا ہے۔ ہاں اگر کسی دوسرے کے گھر سے بھیک مانگ کر یہ کمالات حاصل ہوئے تھے تو لے لینے اور چھین لینے کی گنجائش عطا کرنے سے پہلے بھی ممکن تھی لیکن جب قصہ اس طرح ہے تو رحمت کا منشا ذات بابرکات کے سوا کوئی بیرونی امر یا کسی غیر کے اعتبار سے نہیں ہو سکتا ہے کیونکہ ممکنات کے ایجاد سے پہلے نہ تو ممکنات کا وجود ہے نہ ان کے غیر کا۔ ذات خداوندی کے شرکاء میں سے کہ اس صفت اور اس صفت کے تحرک اور نشو ونما کو اس کے نام سے منسوب

صورت علت فاعلی رحمت ذات بحت باشد۔ و علت
قابلی آں معلومات آں و علم محرک اعنی واسطہ
فی الثبوت و ظاہر است کہ ایں ہمہ سامان از ازل
تا ابد بیک حال و یک منوال باشند۔ احتمال زوال نیست
تا توقع بے کاری و تعطل رحمت بدل ذخیرہ کنند نظر بریں
سلب و اخذ اگر باشد از آثار رحمت و تحریکات او
باشد۔ نہ از تردیدات بے رد۔

بالجملہ علت تامہ از معلول خود قطع نتواں کرد و
معلول از علت خود تخلف و منقطع نشود۔ نظر بریں دوام
فعلیت رحمت در ہر دورہ ضرور است۔ آری گاہی در قابلات
تضاد باشد و گاہی در مقبولات۔ در اول تقدم بالشرف
سرمایہ ترجیح باشد۔ و در ثانی مزید قابلیت مرجح آید۔
مثال اول واقعہ شگافتن دل است یعنی بیمار و تیمار دار
و طبیب یاران غمگسار ہمہ را نظر رحمت بر ہمہ جسم بیمار است۔
اما دل و جسم باقی در بارہ قبول رحمت متضاد اند اگر دل را نگاہ
دارند ہمہ جسم مثلاً فاسد می شود۔ اگر جسم را نگاہ داشتن
خواہند شگافتن ضرور است۔

و مثال ثانی قصہ آفتاب و شیشہ ہای آتشیں و غیر آتشیں
است یعنی از طرف آفتاب ہمہ بیک مرتبہ افتادہ اند۔ اما قابلیت
شیشہ آتشیں خلافت احراق باو دادہ و شیشہ ہای دیگر
ہمچناں محروم ماندند۔

غرض گاہی رحمت بر اشرف موجب غضب بر دیگراں
مے گردد۔ آں اشرف ہماں شخص اکبر باشد یا کسی دیگر از
افراد بنی آدم مثل انبیاء و اولیاء۔ ہمچنیں گاہی ایصال نفع

کردیں۔ ہاں اگر رحمت پر اولیت ہے تو علم کو اولیت حاصل ہے یعنی
ممکنات کی حقیقت کے جاننے کو تقدم حاصل ہے اس صورت میں رحمت کی
علت فاعلی خدا کی ذات ہوگی اور اسکی علت قابلی اسکی معلومات
ہونگی، اور تحریک میں لانے والا علم واسطہ فی الثبوت ہوگا اور ظاہر ہے
کہ یہ تمام سامان ازل سے ابد تک ایک ہی حالت اور ایک ہی طریقے پر
ہونگے ان کے زائل ہونے کا احتمال نہیں ہے تا آنکہ بیکاری کی توقع اور رحمت کے
تعطل کی توقع دل میں رکھیں۔ اس کے پیش نظر چھین لینا اور لے لینا اگر
ہوگا تو اسکی تحریکات اور رحمت کے آثار میں سے ہوگا۔ نہ رد
کے ذریعہ تردیدات میں سے۔

الحاصل علت تامہ کو اپنے معلول سے جدا نہیں کر سکتے اور معلول
اپنی علت سے جدا اور منقطع نہیں ہو سکتا۔ اس پر نظر رکھتے ہوئے
رحمت کے عمل کی ہمیشگی ہر دور میں ضروری ہے۔ ہاں کبھی قابلات میں تضاد
ہوتا ہے اور کبھی مقبولات میں۔ اول یعنی قابلات میں تقدم بالشرف
ترجیح کا سبب ہوتا ہے اور دوسری یعنی مقبولات میں مزید قابلیت مرجح
ہوتی ہے۔ پہلی کی مثال دل کے آپریشن کا واقعہ ہے۔ یعنی بیمار اور
تیمار دار اور ڈاکٹر اور غمگسار دوست سب کی عنایت کی نگاہیں بیمار
کے تمام جسم پر لگی ہوتی ہیں لیکن دل اور باقی جسم قبول رحمت کے
بارے میں متضاد ہیں۔ اگر دل کو رہنے دیں گے تو تمام جسم ہی تباہی
کے منہ میں جا پڑیگا اور جسم کو محفوظ رکھنا چاہیں تو اس کا آپریشن ضروری ہے۔

اور دوسری یعنی مقبولات میں تضاد کی مثال آفتاب
اور آتشی اور غیر آتشی شیشوں کی ہے یعنی آفتاب کی طرف سے
تمام شیشے ایک ہی درجے میں واقع ہوئے ہیں کہ سب پر اپنی روشنی
ڈالتا ہے لیکن آتشی شیشے کی قابلیت نے اسکو جلا ڈالنے کی خلافت
دلائی، اور دوسرے غیر آتشیں شیشے جلا ڈالنے کی خلافت سے محروم رہے۔

غرض کبھی اشرف پر رحمت کرنا دوسروں پر غضب کا موجب
بن جاتا ہے۔ وہ اشرف (افضل ہو یا شخص اکبر مجموعہ ہیئت عالم)
ہوتا ہے یا بنی آدم کی اولاد میں سے کوئی دوسرا جیسے انبیاء اور اولیا

روحانی مضاد نفع جسمانی باشد۔ اندریں صورت آں نفع را بگیرند مثلاً عافیت را یا اولاد را و یا مال را و آں نفع روحانی مثلاً مقامات و مدارج رفیعہ را باو کرامت فرمایند و ہمیں طور ممکنات ہمہ با خداوند جل مجدہ نسبت واحدہ دارند اما فرق قابلیت یکے نبی و ولی گردید۔ دیگراں را ہمچناں محروم داشتند۔

بالجملہ ضریکہ ازاں رحمٰن مطلق بہ بندگان مے رسد و غضبیکہ ازاں درگاہ رحمت باین طرف بجوش می آید ہمہ از آثار رحمت او تعالیٰ باشد اندریں صورت ضرر محض کہ ہیچ نفع بعاقبت او نہ بستہ باشند ازاں رحمٰن متصور نیست پس حال کذب در دین کہ بایقین ضرر محض است بنسبت او تعالیٰ خیالی است محال و اگر کسی را دریں دعویٰ کہ کذب در دین و تلبیس در شرع ضرر محض است و شائبہ نفع باو مرتبط نیست تردد باشد جوابش ایں است بشنوید۔

جواب بعد کذب خداوندی در دین ظاہر است کہ ہدیت راہ حق اصلاً ممکن نیست۔ چہ دین نام مرضیات حق است و پیدا است کہ مرضیات و غیر مرضیات مانیز بے اظہار او منصۂ ظہور نمی توانند رسید تا بمرضیات و غیر مرضیات او تعالیٰ چہ رسد۔ پس چوں خود خداوند کریم مرضی را غیر مرضی نام نہاد و غیر مرضی را لقب مرضی داد طریقۂ اطلاع آں بالیقین مسدود شد۔ باز اگر مواخذہ فرمودند ضرر محض بودن خود واضح گشت۔ و اگر ہیچ نہ پرسیدند فرق مرضی و غیر مرضی غلط برآمد چہ ایں فرق لازم است کہ موجب فرق معاملہ فیما بین خداوند تعالیٰ و بندگان او باشد و کم از کم از مراتب ایں فرق ایں است کہ بر موافق مرضی راضی [illegible] شوند چہ [illegible] از آں [illegible] گردد مگر [illegible] است [illegible]

اشرف ہوتے ہیں۔ اسی طرح کبھی روحانی فائدے کا پہنچانا جسمانی فائدے کے خلاف ہوتا ہے اس صورت میں اس فائدے کو چھین لیتے ہیں یعنی عافیت کو یا اولاد کو اور یا مال کو اور وہ روحانی نفع مثلاً بلند مقامات اور درجات بلند بندے کو عطا فرما دیتے ہیں اور اسی طریقے سے تمام ممکنات خداوند جل مجدہ سے نسبت واحدہ رکھتے ہیں فرق استعداد کی وجہ سے ایک نبی اور ولی بن گیا اور دوسروں کو اسی طرح محروم رکھا۔

الحاصل جو ضرر کہ اس رحمٰن مطلق کی طرف سے بندوں کو پہنچتا ہے اور وہ غضب جو اس درگاہ رحمت سے اس طرف کو جوش میں آتا ہے سب اللہ تعالیٰ کی رحمت کے آثار میں سے ہوتے ہیں۔ اس صورت میں خالص ضرر جس کے آخر میں کوئی فائدہ مرتب نہ ہو اس رحمٰن سے خیال میں بھی نہیں آسکتا ہے۔ لہٰذا دین میں کذب کا حال چونکہ یقیناً خالص ضرر ہے اللہ تعالیٰ کی نسبت ایک خیال محال ہے اور اگر کسی کو اس دعوے میں کہ دین میں کذب اور شریعت میں تلبیس خالص ضرر ہے اور اس سے نفع کا کوئی حصہ وابستہ نہیں ہے، تردد ہو تو اس کا جواب یہ ہے۔

جواب دین کے بارے میں نعوذ باللہ خدا کے کذب کے بعد ظاہر ہے کہ راہ حق کی ہدایت قطعاً ناممکن ہے کیونکہ دین تو اللہ کی مرضیات کا نام ہے اور واضح ہے کہ ہماری پسندیدہ اور غیر پسندیدہ چیزیں بھی ہمارے ظاہر کرنے کے بغیر منصۂ شہود پر نہیں پہنچ سکتی ہیں تو اس اللہ تعالیٰ کی مرضیوں اور نامرضیوں تک رسائی کیا ہوسکتی ہے۔ پس جب اللہ تعالیٰ نے مرضی کا نام غیر مرضی رکھ دیا اور غیر مرضی کو مرضی کا لقب دیدیا تو اسکی اطلاع کا طریقہ یقیناً مسدود ہوگیا۔ پھر اگر مواخذہ کریں، تو ضرر کا خالص ہونا خود واضح ہوگیا اور اگر کوئی مواخذہ نہ کیا تو مرضی اور بے مرضی کا فرق غلط نکلا کیوں کہ یہ فرق، کہ خداوند تعالیٰ اور اسکے بندوں کے درمیان فرق کا موجب ہے لازم ہے اور اس فرق کے درجوں میں سے کم سے کم درجہ یہ ہے کہ جو چیز مرضی کے موافق ہو اس سے راضی ہوجائیں اور جو خلاف مرضی

اختیار کہ اندیشہ از گردش روزگار ندارد و وہم افلاس جانش بلب نیارد چہ قدر موجب کامیابی ہا است و بےچینی ناخوشی ایں چنیں بادشاہ بادشاہاں کہ نہ پاس کسی دارد و نہ ہراس از کس چہ بلا سرمایہ رنج و بیتابی ہا است وایں خیال کہ از افعال و احوال بندگان فعلی وحالی نہ موافق مرضی است و نہ مخالف رضائے او تا نوبت بایں کامیابی و بےتابی رسد ناشی ازاں است کہ خدا تعالی را نہ علیم بہر حال و ہر کارے دانند و نہ قدیر صاحب اختیار۔

رابط قدیم و حادث را اگر دریابند خود بخود آشکارا شود کہ علم او از ہمہ علوم پیش است و قدرت او از ہمہ قدرت ہا بیش۔ علوم و قدرتہائے ما ہمہ از انتزاعیات علم و قدرت او تعالی اند و جملہ کمالات ما بکمالات او تعالی ربطی دارند کہ کرۂ نور را کہ محیط آفتاب است۔ اعنی حاصل اجتماع اشعہ خارجہ را ازاں بنور ارض چناں کہ ایں ناشی ازاں است و آں منشاء انتزاع ایں ہمچناں کمالات ما ناشی ازاں باشند و او منشاء انتزاع کمالات ما۔ و ایں ہم پیدا است کہ حسن و قبح ہیاکل ممکنہ ہمچو فرق دائرہ و مثلث وغیرہ اشکال از لوازم ذات آں ہیاکل است بانکشاف ہیاکل ممکنہ و تقطیعات امکانیہ انکشاف ایں فرق نیز ضرور است و ظاہر است کہ پسند آمدن حسن پس از انکشاف و ناپسند آمدن قبح از ضروریات است۔ و چوں قصہ ایں چنیں است قدرت تام چرا بیکار خواہد نشست۔ بالضرور کار خود کرد چہ علت تامہ تحرک او بتمام اجزائہ موجود بمقتضائے ایں پسند آمدن و ناپسند آمدن ہریکے را بطور جدا زیر تصرف خواہد گرفت۔

جو اس سے ناخوش ہوں۔ مگر ظاہر ہے کہ صاحب اختیار کی خوشی جو کہ زمانے کی گردش کا کوئی اندیشہ نہیں رکھتی اور افلاس کا وہم اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا کس قدر کامیابیوں کا موجب ہے۔ اور اسی طرح ایسے بادشاہوں کے بادشاہ کی ناخوشی جو نہ کسی کا لحاظ کرتی ہے اور نہ کسی سے اسکو خوف ہے وہ کس قدر سخت رنج اور بےچینیوں کا سامان ہے اور یہ خیال کہ بندوں کے حالات اور افعال میں سے کوئی فعل اور کوئی حال نہ تو مرضی کے موافق ہے اور نہ اسکی رضامندی کے مخالف کہ اس کامیابی اور بےچینی تک نوبت پہنچے، اس بات سے پیدا ہوتا ہے کہ خداوند تعالی کو ہر حال اور ہر کام کا جاننے والا، جانتے ہیں اور نہ اسکو صاحب اختیار قدرت والا سمجھتے ہیں۔

اگر قدیم اور حادث کے تعلق کو معلوم کر لیں تو خود بخود ظاہر ہو جائے گا کہ اس کا علم تمام علوم سے پہلے ہے اور اسکی قدرت تمام قدرتوں سے زیادہ ہے۔ ہم سب کی قدرتیں اور علوم، اللہ تعالی کی قدرت اور علم سے نکلے ہیں اور ہمارے تمہارے تمام کمالات اللہ تعالی کے کمالات سے تعلق رکھتے ہیں جیسا کہ نور کا کرہ جو کہ آفتاب کو محیط ہے یعنی خارج ہونے والی کرنوں کے مجموعہ کے حاصل کو زمین کے نور کے ساتھ۔ جیسا کہ یہ زمین کا نور آفتاب کے نور سے نکلا ہے اور وہ آفتاب اس زمین کے نور کے نکلنے کا منشا ہے۔ اسی طرح ہمارے کمالات اللہ تعالی کے کمالات سے نکلے ہیں اور اللہ تعالی کے کمالات ہمارے کمالات کا منشائے انتزاع ہیں۔ اور یہ بھی ظاہر ہے کہ امکان کی صفت رکھنے والی شکلیں، دائرے اور مثلث وغیرہ شکلوں کے فرق کی طرح ان شکلوں کی ذات کے لوازم میں سے ہیں۔ ممکنہ شکلوں اور ممکنہ تقطیعات کے علم سے اس فرق کا واضح ہونا بھی ضروری ہے اور ظاہر ہے کہ کسی اچھی چیز کا پسند آنا انکشاف کے بعد اور قبیح کے ناپسند ہونا بدیہی امور میں سے ہے اور جب قصہ اس طرح ہے تو قدرت کاملہ کیوں بیکار بیٹھے گی یقیناً اپنا کام کرے گی کیونکہ قدرت کے حرکت میں آنے کی علت تامہ تمام اجزاء کے ساتھ موجود ہے۔ پسندیدگی اور غیر پسندیدگی کے مقتضا کے مطابق ہر ایک جدا جدا طریقے سے اپنے قبضے کے نیچے لے آئے گی۔

چوں ازیں ہمہ فارغ شدیم باز پس می باید رفت۔
درصورت کذب فی الدین حال منافع آخرت معلوم شد
باقی ماند منافع دنیا حال آں نیز نزد اہل عقل واضح
است چہ حقائق اشیاء از تبدل امکنہ و ازمنہ متبدل
نشوند۔ آتش دریں زمان و مکان یا دراں بہرحال آتش
است وہمچنیں لوازم ذات از تبدل مذکور مورد تغیر
نشوند۔ پس چوں خدا تعالی ہموں است کہ بود
و حقائق ممکنہ ہماں ہستند کہ بودند باز دنیا و آخرت
ہمہ درقبضۂ اقتدار او تعالی است۔ اندریں صورت
ہماں آتش در کاسہ باشد و ہمیں است کہ فرمودہ اند۔
مَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ
لیکن درصورت صدق او فی الدین راہ یافت الطاف
متصور بود۔ درصورت کذب ہمہ برابر شدند۔ نظر بریں
توقع آں الطاف ہم نماند کہ بوجہ اعمال صالحۂ صلحا
نثار عالم بود۔ و باختلاط آں با مصیبات مذکورہ حال
عالم چناں می شود کہ باختلاط نور و دخان حال
مکان۔ بلکہ اندریں صورت ہر کس گرفتار مصیبت
باشد و نام راحت ہم نشود۔
وایں را ہم بگذارید احکام خداوندی از روح تا
بدن و از اعمال تا اموال ہمہ را فرا گرفتہ بنسبت
ہر یکے حکمی است جدا۔ غرض دین را وسعتیست ازیں تا
آنجا و مراعات آں احکام در معاملات بالیقیں تدبیری
است کہ ہزار فساد و ملیوں نقصانات دنیا را برہم زد۔
چنانچہ از ملاحظہ احکام متعلقہ معاملات نکاح و بیوع و
اجارات ہویدا است، غرض مقتضاء احکام علام
آساںشی کہ دہ اتمام است۔ اگر بالفرض والتقدیر دریں
ازاں طرف بدروغ راہ نمایند ایں ہمہ رفاہ مبدل

جب ہم ان باتوں سے فارغ ہوگئے تو پھر پیچھے کیطرف لوٹنا چاہیئے۔
دین میں کذب کی صورت میں آخرت کے منافع کا حال معلوم
ہو چکا ہے دنیا کے منافع تو ان کا حال بھی عقلاء کے نزدیک واضح ہے
کیونکہ اشیاء کی حقیقتیں مکانات اور زمانوں کے بدلنے سے نہیں
بدلتی ہیں۔ آگ اس زمان و مکان میں ہو یا اس میں بہرحال وہ آگ
ہے اور اسی طرح ذات کے لوازم مذکورہ تبدیلی سے نہیں بدلتے
ہیں پس جب خداوند تعالی وہی ہے کہ تھا اور حقائق ممکنہ وہی
ہیں کہ تھیں۔ پھر دنیا اور آخرت تمام اللہ تعالی کے قبضۂ اقتدار
میں ہیں تو اس صورت میں وہی آتش در کاسہ باشد والا
مضمون ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ فرمایا ہے:
جو مصیبت تمہیں پہنچتی ہے وہ تمہارے کرتوتوں کی وجہ سے ہے۔
لیکن اللہ تعالی کے دین میں صدق کی صورت میں استعداد و الطاف
کی راہ یابی متصور ہے۔ ورنہ کذب کی صورت میں سب برابر ہو جاتے
ہیں اس بناء پر ان مہربانیوں کی توقع بھی رہے گی جو کہ صالحین
کے نیک اعمال کی وجہ سے عالم پر نچھاور تھیں۔ اور ان
مہربانیوں کے مذکورہ مصیبتوں کے مل جانے سے عالم کا حال ایسا ہو جاتا ہے
جیسا کہ روشنی اور دھوئیں کے ملنے سے مکان کا حال ہو جاتا ہے بلکہ اس
صورت میں ہر شخص مصیبت میں گرفتار ہو جائیگا اور راحت کا نام بھی نہ سن پائیگا۔
اور اس کو بھی چھوڑیئے اور یوں سمجھئے کہ خداوندی احکام
روح سے لیکر جسم تک اور اعمال سے لیکر اموال تک تمام کو احاطہ
میں لئے ہوئے ہیں اور روح اور جسم اور اعمال اور اقوال ہر ایک کے
ساتھ جدا حکم متعلق ہے۔ غرض دین کو یہاں سے وہاں تک وسعت
حاصل ہے اور ان احکام کو معاملات میں ملحوظ رکھنا یقیناً ایک
ایسی دانائی ہے کہ جس سے دنیا کے ہزاروں فسادات اور لاکھوں
نقصانات کی جڑیں اکھاڑ کر پھینک دی ہیں جیسا کہ نکاح، خرید و
فروخت اور اجاروں سے متعلق احکامات کا مطالعہ کرنے سے واضح
ہے۔ غرضیکہ پادشاہ علام (خدا) کے احکام کا منشا تمام مخلوق کو

بآثار شود۔ واگر بالفرض نفعی بہر کابی مضرات بے پایاں رسید چہ رسید۔ یک لاکھ روپیہ گرفتہ اگر خر مہرہ حوالہ کردند چہ کردند و باز آں نفع را بمقابلہ آزار دار البوار نہند ایں نسبت یک طرف باوج بلند و از یک طرف بحضیض پست خواہد رسید پس از نفع خر مہرہ ہمہ آزار محض باشد بالجملہ بعد تسلیم انکشاف حسن و قبح و وجود قدرت عدم نفوذ مشیت بخیال ہماں کساں آید کہ از عقل بہرہ ندارند۔ ایں است حال نفع و ضرر کذب خداوندی بنسبت افراد نوع بنی آدم باقی ماند وہم دگر آں اینکہ اگر نفع افراد بنی آدم بایں کذب گرہ نخوردہ باری چہ عجب کہ منفعتی در حق شخص اکبر در ودیعت نہادہ باشند۔

جوابش اینست کہ دریں قدر موافق و مخالف ہمہ یک زبان اند کہ ظلم و آزار و امثال ایں کار قبیح بالذات اند۔ بذات خود حسنی در بر ندارند اگر حسنی غازہ روی آنہا است ہمہ بالعرض باشد نہ بالذات مگر آں غیر در صورت مفروضہ ہیئت مجموعی شخص اکبر باشد۔ حال او اینست کہ او بایجاد انواع و قوی و ملکات آنہا تکمیلی یافت۔ پس ازاں اگر فعلیتی بظہور آید ہمہ از آثار آں باشد نہ اجزاء آں۔ مثلاً چشم و گوش وغیرہ قوی ما و شما را عنایت کردند۔ مرتبہ قوت ایں قوی از اجزاء ما است۔ اما ایں آثار آنہا یعنی دیدار و استماع را از اجزاء شمردن کار خردمنداں نیست۔ خبر از بے خبری مے دہد۔

چوں حال آثار مذکورہ ایں است کہ اطلاق اجزاء

آرام پہنچانا ہے۔ اگر بالفرض والتقدیر اس قسم میں اس طرف دروغ سے رہ نمائی کریں تو یہ تمام آسائش تکلیف میں بدل جائیگی اور اگر بالفرض بے انتہا نقصانات کے ساتھ کوئی نفع پہنچا تو کیا پہنچا ایک لاکھ روپیہ لیکر اس کے بدلے میں اگر ایک کوڑی دے بھی دی تو کیا دیا اور اگر اس نفع کو جہنم کے آزار کے مقابلے میں رکھیں تو یہ نسبت ایک طرف بلندی کے نقطۂ عروج کو اور دوسری طرف تحت الثریٰ کو پہنچ جائے گی۔ لہٰذا ایک کوڑی کے مقابلے میں رکھنے کے بعد تمام آزار محض آزار ہو جائینگے۔ الحاصل اچھائی اور برائی اور قدرت کے وجود کے ظاہر ہونے کو تسلیم کرنے کے بعد خدا کی مشیت کا ان میں نفوذ نہ ہونے کا خیال انہی لوگوں کو آتا ہے جو عقل سے بہرہ ور نہیں ہیں یہ ہے بنی نوع انسان کی طرف خداوندی کذب کے نفع اور نقصان کا حال باقی رہا دوسرا وہم یہ کہ اگر بنی آدم کے افراد کا نفع اس کذب سے وابستہ نہیں تو کیا عجب کہ ایک خاص نفع مجموعۂ ہیئت عالم کے حق میں اللہ تعالیٰ نے ودیعت رکھا ہو۔

جواب شبہ اس کا جواب یہ ہے کہ اتنی بات میں موافق اور مخالف سب ہی تو یک زبان ہیں کہ ظلم اور آزار اور اسی جیسے کام قبیح بالذات (ذات کے اعتبار سے قبیح) ہیں اور بذات خود کوئی اچھائی اپنے اندر نہیں رکھتے۔ اگر کوئی حسن انکے چہرے کی زینت ہے تو سب بالعرض ہوگا نہ کہ بالذات لیکن وہ غیر صورت مفروضہ میں مجموعہ عالم کی مجموعی شکل ہوگی۔ اس کا حال یہ ہے کہ وہ انواع اور انکے ملکات اور قوتوں کی ایجاد سے مکمل ہوا۔ اس کے بعد اگر کوئی فعلیت ظہور میں آئے تو تمام اس کے آثار سے ہوگی نہ کہ اس کے اجزاء سے مثلاً آنکھیں اور کان وغیرہ قوتیں ہمیں اور تمہیں اللہ تعالیٰ نے عنایت کیں۔ لہٰذا ان قوتوں کی قوت کا مرتبہ ہمارے اجزاء میں سے ہے۔ لیکن انکے ان آثار یعنی دیکھنے اور سننے کو اجزاء میں سے شمار کرنا عقلمندوں کا کام نہیں ہے بلکہ بے عقلی کی خبر دیتا ہے۔

جب آثار مذکورہ کا یہ حال ہے کہ اجزاء کو آثار کہنا درست

بداں درست نیست حالاں کہ خود از ذات وصفات او ناشی
است۔ عاں اطلاق اجزاء بر عوارض خارجیہ کہ از خارج
ناشی شدہ باین طرف آمدہ اند خود معلوم شد۔ اکنوں
باید دید کہ کذبے کہ از و تعالیٰ نعوذ باللہ صادر شود و
بجانب بندگان آید از کدام قسمت است۔ آنانکہ عقلی رسا
دارند خود میدانند کہ ناشی از خارج است و بر بندگان
یا بشئون آنہا واقع شدہ۔ نظر بریں جزء ماہیت ایں یا آں
نتواں قرار دادہ۔ ظاہر است کہ حسن وقبح وابستہ باجتماع اجزاء
مختلفہ باوضاع متناسبہ است نہ باجتماع عوارض۔ مثلاً
چشم و گوش و بینی باوضاع مناسبہ معلومہ کہ ایں زیر
است و آں بالا باہم پیوستہ صورتی پیدا مے کنند۔ و آں صورت
بوجہ اختلاف اوضاع و اشکال گاہی حسن مے گردد و گاہی
قبیح۔ اما امور خارجیہ یا عروض عوارض دریں حسن و قبح
مدخل ندارند و اگر بعض جا دخل دارند ہمیں دارند کہ اگر
از پیشتر حسن است قبیح گردانند و اگر قبیح است حسن
گردانند۔ مثلاً در صورتی زیبا چشمی ثالث افزایند
ظاہر است نہ آں حسن بے مثال اکنوں بدتر از شکل
دجال باشد۔ و اگر فرض کنیم ہمہ نہج صورتی زیبا است
از یک چشم نیست۔ اندریں صورت اگر چشمی دیگر دادند
بجای دو چشم نہادند آں قبح مبدل بحسن شد و حاصل
ہمیں است کہ ہمہ اجزاء فراہم شدند لیکن جائیکہ اطلاق
اجزاء برامور خارجیہ درست نبود اقرار بکمال شی معلوم
قبل لحوق امور خارجیہ لازم آید۔ ورنہ ازیں ہم چہ کم
کہ ایں امور خارجیہ را جزء آں نخوانند۔ آں شی بذات خود
کامل باشد یا ناقص۔ بالجملہ دریں چنیں مواقع آں امور
خارجیہ را در حسن و قبح او دخل نباشد۔ و چوں باشد
کہ ایں امور بدیں صورت منجملہ مباینات و منفصلات

نہیں ہے۔ حالانکہ خود انکی ذات اور صفات سے اجزاء پیدا
ہوئے ہیں۔ اجزاء کا اطلاق عوارض خارجیہ پر جو کہ خارج سے
پیدا ہو کر اس طرف آئے ہیں خود معلوم ہو گیا۔ اب دیکھنا چاہئے
کہ جو کذب نعوذ باللہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے صادر ہو اور
بندوں کی طرف آئے وہ کونسی قسم سے ہے۔ جو لوگ عقل رسا
رکھتے ہیں وہ خود جانتے ہیں کہ وہ کذب خارج سے ناشی ہے
اور بندوں یا عالم کی موجودہ ہیئت پر واقع ہوا ہے۔ لہٰذا اس
کے پیش نظر اس کی یا اسکی ماہیت کا جزء نہیں کہہ سکتے۔ اور ظاہر
ہے کہ حسن و قبح مختلف اجزاء کے موزوں اور متناسب بناوٹوں
کے اجتماع سے وابستہ ہے نہ کہ عوارض کے اجتماع سے۔ مثلاً
آنکھ، کان اور ناک مناسب اور معلوم بناوٹ کیساتھ کہ یہ نیچے
اور وہ اوپر ہے آپس میں مل کر صورت پیدا کرتے ہیں اور وہ صورت
بناوٹوں اور شکلوں کے اختلاف کی وجہ سے کبھی اچھی اور کبھی بری
ہوتی ہے لیکن خارجی امور یا عوارض کا عروض اس حسن و قبح میں
دخل نہیں رکھتے ہیں اور اگر بعض جگہ دخل رکھتے ہیں تو یہی رکھتے ہیں کہ
اگر پہلے سے حسین ہیں تو قبیح بنا دیتے ہیں اور اگر پہلے سے قبیح ہیں تو
حسین بنا دیتے ہیں۔ مثلاً کسی عمدہ صورت میں ایک تیسری آنکھ بڑھا
دیں تو ظاہر ہے کہ وہ بے نظیر حسن دجال کی شکل سے بھی بدتر ہو جائیگا
اور اگر ہم فرض کریں کہ ایک صورت ہر طرح سے زیبا ہے لیکن
ایک آنکھ نہیں ہے۔ اس صورت میں ایک دوسری آنکھ خالی جگہ
میں لگا دی تو وہ بدصورتی خوبصورتی میں بدل جائے گی اور حاصل
وہی نکلا کہ تمام اجزاء فراہم ہو گئے لیکن جس جگہ اجزاء کا امور
خارجیہ پر بولا جانا درست نہ ہو تو شے معلوم کا کمال امور خارجیہ
کے لاحق ہونے سے پہلے لازم آئیگا ورنہ اس سے بھی کیا کم کہ ان
امور خارجیہ کو اس کا جزء نہیں کہیں گے۔ وہ شے بذات خود کامل
ہو یا ناقص۔ بالجملہ ان جیسے مواقع میں ان خارجی امور کو اسکی
خوبصورتی اور بدصورتی میں دخل نہ ہوگا۔ اور کیونکر ہو سکتا ہے

باشند چنانچہ ظاہر است خصوصا در ما نحن فیہ
اعنی کذب باری تعالیٰ بنسبت مخلوقات ظاہر است کہ آں
صفت جناب باری است نہ جزء یا وصف مخلوقات
و پیدا است کہ صفت مبائن نیز مبائن و منفصل بود مگر
در تبائن مخلوقات و خالق کائنات کلامی نیست۔ نظر
بریں در تبائن کذب او تعالیٰ نیز بنسبت مخلوقات
چہ گفتگو باشد۔ باقی ماند اثر کذب او تعالیٰ در مخلوقات
آں ہمہ شر است نہ خیر۔ چہ منافع دینی باشند
یا دنیوی اگر موقوف بر معاملہای باہمی است ہمہ
محتاج راستبازی باشند۔ گفتار دروغ ہمہ منافع
را برہم زند۔ و آنہم گفتار دروغ حضرت خداوند
عالم کہ باز اصلاح آں بطوری ممکن نیست۔ پس از
خدا اعتماد راستی بر کیست و امید رسائی فہم از
کدام۔ اگر خدا نخواستہ خود خداوند تعالیٰ دروغ اختیار
فرمایند موافق مصرع مشہور "ولن یصلح العطار
ما افسد الدھر" ہیچ طور مدافعت ضرر ایں دروغ نتواں
شد۔ وقبح اضرار از اولیات و بدیہیات است۔ و
جائیکہ اضرار پسندیدہ اند نظر بذات او نہ پسندیدہ
اند بلکہ باعتبار آثار او پسندیدہ اند یعنی نظر بر
منافعیکہ بالعرض ازاں می زایند پسندیدہ اند چوں امثلہ
امثال ایں مضمون در اوراق گذشتہ مسطور شدند
حاجت تکریر نیست

جبکہ یہ امور اس صورت میں منجملہ مغائر اور منفصل چیز ہوں
سے ہوں۔ چنانچہ ظاہر ہے۔ بالخصوص ہم جس مسئلے میں گفتگو
کر رہے ہیں یعنی کذب باری تعالیٰ بنسبت مخلوقات ظاہر
ہے کہ وہ صفت جناب باری تعالیٰ کی ہے نہ کہ مخلوقات
کا وصف یا جزء ہے اور ظاہر ہے کہ مبائن کی صفت بھی مبائن
اور منفصل ہوتی ہے مگر مخلوقات اور خالق کائنات کے
باہمی غیر ہونے میں کوئی کلام نہیں ہے بنظر بریں اللہ تعالیٰ کے
کذب کے تبائن میں بھی بنسبت مخلوقات کیا گفتگو ہو سکتی ہے
باقی رہی مخلوقات میں اس بلند ہستی کے کذب کا اثر تو وہ سب
شر ہے نہ کہ خیر کیونکہ منافع دینی ہوں یا دنیوی اگر وہ باہمی معاملات
پر موقوف ہیں تو وہ سب راستبازی کے محتاج ہیں دروغ
گفتگو تمام فوائد کو تباہ کر دیتی ہے اور وہ بھی خداوند عالم کا دروغ
کہ پھر اسکی اصلاح کسی صورت سے ممکن نہیں ہے۔ تو خدا کے بعد
راستی کا اعتماد کس پر ہے اور فہم کی رسائی کی امید کہاں سے کی جا سکتی
ہے۔ اگر خدا نخواستہ خود خداوند تعالیٰ دروغ اختیار فرمائیں تو
مشہور مصرعہ کے موافق "ولن یصلح العطار ما افسد الدھر"
(جس کو زمانہ نے فاسد بنا دیا اس کی اصلاح عطار ہرگز نہیں کر سکتا)
کسی صورت سے بھی اس دروغ کے نقصان کی مدافعت نہیں ہو
سکتی اور ضرر پہنچانے کی برائی اور بدیہی امور میں سے ہے۔ جس جگہ
اضرار (ضرر پہنچانا) کو پسند کیا ہے تو اس کی ذات کو دیکھتے ہوئے
پسند نہیں کیا ہے بلکہ اسکے آثار کے اعتبار سے پسند کیا ہے یعنی ان منافع
پر نظر رکھتے ہوئے جو عارضی طور پر اس سے پیدا ہوتے ہیں انکو پسند کیا ہے
چونکہ اس قسم کے مضمون کی مثالیں گذشتہ اوراق میں تحریر کی جا چکی ہیں
اس لئے مکرر لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

القصہ قبح اضرار ذاتی است و چوں نیا شد از معدودات
محمدہ صفات وجودی است۔ اعنی رحمت۔ در صورت
تجویز کذب باری تعالیٰ اضرار نوع انسانی تا بحدی کہ زیادہ

القصہ قبح ذاتی اضرار ہے اور کیوں نہ ہو محمود صفات
وجودی یعنی رحمت کے مقابل امور میں سے ہے۔ کذب باری تعالیٰ
کے جائز ہونے کی صورت میں نوع انسانی کا نقصان اس حد تک کہ

از آں متصور نیست و اصلاحش متوقع نے، چناں نمایاں است کہ احتیاج بیان ندارد و دریں صورت فردی از افراد انسانی نماند کہ مبتلاء ایں بلا نشود۔

اکنوں بہوش باید دید کہ وقتیکہ خیر محض و خوبی خالص دریک نوع عظیم موجب حسن ہیئت مجموعی آں نوع نتواں شد۔ شر محض و زبونی خالص چوں نہ موجب نازیبائی خواہد شد۔

تفصیل اجمال تفصیل ایں اجمال ہماں است کہ مصداق حسن مرکبات ہیئۃ اجتماعی خیر و شر و نیک و بد باشد۔ ازیں مصادیق تنہا تنہا ایں گوہر بدست نتواں آورد۔ بوجہ تنگی الفاظ ایں کم زبان را در اظہار مافی الضمیر خود حیرانی است۔ می ترسم کہ کم فہماں را بریں گفتار من خندہ آید۔ گویند کہ خیر و حسن مضامین متقاربہ باشند۔ اندریں صورت حاصل ایں سخن آں باشد کہ حسن با جتماع حسن و قبح پیدا شود و ظاہر است کہ بریں تقدیر اجتماع ضدین و ہم دور لازم خواہد آمد بغرض رفع ایں خلجان سخنی مے گویم کہ انشاء اللہ در نظر صاحب نظراں سخن پریشانم فراہم آید۔ آں ایں است کہ

دو قسم مقصود مقصود بدو قسم باشد مقصود[1] بالذات و مقصود[2] بالغیر۔ باز ہر یکے بدو قسم دیگر انقسام یافتہ، بسیط[3] و مرکب[3]۔

مراد م از مرکب ہیئت اجتماعی است کہ با جتماع امور

کہ اس سے زیادہ خیال میں بھی نہیں آسکتا ہے اور اسکی اصلاح بھی متوقع نہیں، ایسا نمایاں ہے کہ بیان کی محتاج نہیں اور اس صورت میں انسانی افراد میں سے ایک فرد بھی ایسا نہ رہیگا کہ جو اس بلا میں مبتلا نہو۔

اب ہوش میں ہو کر دیکھنا چاہئے کہ جب خالص خیر اور صاف خوبی ایک بڑی نوع میں اس نوع کی مجموعی ہیئت کے حسن کا موجب نہیں ہوسکی تو محض شر اور خالص بدی کیوں بدصورتی کا موجب نہ ہوگی۔

تفصیل اجمال اس اجمال کی تفصیل وہی ہے کہ باہم مل کر ترتیب دی گئی چیزوں کے حسن کا مصداق، خیر و شر اور نیک و بد کی مجموعی ہیئت کا نام ہے۔ ان مصادیق سے تنہا تنہا یہ گوہر حاصل نہیں کر سکتے۔ الفاظ کی کمی کے باعث اس کم زبان کو مافی الضمیر کے اظہار میں حیرانی ہے۔ مجھے ڈر ہے کہ ناسمجھ لوگوں کو میری اس گفتگو پہ ہنسی آئے گی اور وہ کہیں گے خیر اور حسن اور اسی طرح نیک اور حسن ایک دوسرے سے قریب مفہوم رکھتے ہیں۔ اس صورت میں اس بات کا حاصل یہ ہوگا کہ حسن، اچھائی اور برائی کے جمع ہونے سے پیدا ہوتا ہے کہ اس تقدیر پر دو متضاد چیزوں کا جمع ہونا ہوگا اور دور بھی لازم آئیگا۔ اس خلجان کو دور کرنے کے لئے میں ایک بات کہتا ہوں جو انشاء اللہ اہل نظر اصحاب کی نظر میں میری پریشان بات جم جائیگی، اور وہ بات یہ ہے کہ

مقصود کی دو قسمیں مقصود کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔ ایک مقصود بالذات[1] اور دوسری مقصود بالغیر[2]۔ پھر ان دونوں کی اور دو قسمیں ہیں۔ بسیط اور مرکب[3] دبائیں طوسا

میری مراد مرکب سے اجتماعی ہیئت ہے جو بہت سے امور سے مل کر

---

[1] دو۔ [1] مقصود بالذات جو چیز خود مقصود ہو جیسے خط لکھنے میں خط مقصود بالذات ہے اور قلم آلہ مقصود بالغیر ہے۔ یا توا اور دیگچی اور چولہا مقصود بالذات نہیں مقصود بالغیر ہیں یعنی اصل مقصود ان کے ذریعہ روٹی اور کھانا پکانا ہے۔ مترجم

[3] چار قسمیں اس ترتیب سے ہوتی ہیں: (۱) مقصود بالذات (۲) مقصود بالغیر (۳) مقصود بالذات بسیط و مرکب (۴) مقصود بالغیر بسیط و مرکب۔ مترجم

کثیرہ متحقق شود نہ اینکہ امور کثیرہ اجزاء آں مقصود باشند چہ نزد عاقلاں ہیئت از ہر قسم کہ باشد بسیط است بایں معنی کہ جزوی ندارد۔ یعنی قابل قسمت نباشد کہ ایں از آثار کمیات است نہ کیفیات۔ و پیدا است کہ ہیئۃ کیف است نہ کم و چوں معنی ترکب مفہوم شد معنی بساطت نیز واضح شد۔

مراد از مقصود بالغیر چیست و مرادم از مقصود بالغیر آں است کہ آں را آلۂ مقصودی قرار دہند۔ مثلاً دیگ و تابہ و دیگداں ہمہ مقصود است اما بغرض نان و طعام۔

مراد از مقصود بالذات چیست و غرض از مقصود بالذات آں است کہ خود مقصود باشد نہ واسطہ دگر مقاصد۔ پس از ہر کیفیتی کہ مرکب باشد بمعنی مذکور و مقصود بالذات بود۔ آں را حسن نام می نہیم۔ ولا مشاحۃ فی الاصطلاح و ہر کیفیتی کہ بسیط است اما مقصود بالذات آں را خوب و آں کہ بسیط است یا مرکب اما مقصود بالغیر آں را خیر می گوئیم و میگوئیم کہ ہیئت ترکیبی کہ با جتماع خیرات کثیرہ مثلاً فقط بدست آید یا خوبی ہائے چند مثلاً مجتمع شدہ موجب حدوث آں شوند۔ بالعیاں می بینم کہ آں شکل نازیبا باشد۔ مثلاً چشم از قسم خیرات است و ہم خوب۔ اگر در شکلی فقط چشمہا باشند و دیگر ہیچ نباشد بالیقین آں شکل نازیبا باشد۔ اندریں صورت اگر ہمہ زشت و زبوں بود در زشتی ہیچ کلام۔

وجود میں آتی ہے نہ یہ کہ بہت سے امور اس مقصود کے اجزاء ہوں کیونکہ عقلمندوں کے نزدیک ہیئت جس قسم کی بھی ہو بسیط ہوتی ہے اس معنی میں کہ وہ کوئی جز نہیں رکھتی یعنی ہیئت قابل تقسیم نہیں ہوتی کہ یہ تقسیم کمیات کے آثار میں سے ہے نہ کیفیات کے اور ظاہر ہے کہ ہیئت کیف ہے نہ کم۔ اور جب مرکب ہونے کے معنی معلوم ہوگئے تو بساطت کے معنی بھی واضح ہوگئے۔

مقصود بالغیر کا مطلب اور میری مراد مقصود بالغیر سے یہ ہے کہ اسکو مقصد کا آلہ قرار دیں مثلاً دیگچی۔ توا اور چولھا تمام مقصود ہیں مگر روٹی اور کھانے کے لئے۔

مقصود بالذات کا مطلب اور مقصود بالذات یہ ہے جو خود مقصود ہو نہ کہ دوسرے مقاصد کا واسطہ ہو۔ پس جو کیفیت کہ مذکورہ معنی میں مرکب ہو اور مقصود بالذات ہو اس کا نام حسن رکھتے ہیں[1] اور اصطلاحات میں کوئی جھگڑا نہیں اور ہر کیفیت جو بسیط ہو لیکن مقصود بالذات ہو اس کا نام ہم خوب رکھتے ہیں اور جو بسیط ہے یا مرکب لیکن مقصود بالغیر ہے اس کو ہم خیر کہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہیئت ترکیبی جو بہت سی خیرات (خوبیوں) کے جمع ہونے سے مثلاً حاصل ہو یا چند خوبیاں مثلاً مجتمع ہو کر ان کے پیدا ہونے کا موجب ہوں تو میں صاف دیکھتا ہوں کہ وہ شکل نازیبا ہوگی۔ مثلاً چشم خوبیوں کی قسم میں سے ہے اور نیز خوب ہے۔ اگر کسی چہرے پر صرف آنکھیں ہی آنکھیں ہوں اور دوسری کوئی چیز (مثلاً ناک، منہ) ہو تو یقیناً وہ شکل بدصورت ہوگی اس صورت میں اگر تمام زشت اور زبوں

[1] یعنی ہر شخص اپنے مضمون کے لئے کوئی اصطلاحی لفظ وضع کر سکتا ہے اور اس میں کسی کو بحث کی گنجائش نہیں ہوتی۔ اصطلاحی نام رکھنے میں ہر فن کے ائمہ کو آزادی ہے۔ مترجم

بالجملہ اگر ہمہ افرادِ یک نوع خراب وفاسد باشند
توقع خوبی از کجا آید. مادہ ہم فاسد شد وصورت ہم خراب۔
حال مادہ خود معلوم است کہ ہمہ اجزاء فاسد اند۔ و
حال شکل وصورت اینکہ از ترکیب معلوم امید اصلاح
نیست۔ ایں حال نوع بذات خود باقی ماند بنسبت شخص اکبر
آں نیز نزد اہل عقل ظاہر است۔ چہ انواع بمنزلہ اعضاء
شخص اکبر اند چوں یک عضو بجمیع اجزاء فاسد بشد ہمہ
ناقص گشت فساد چشم وگوش و دست و پا ہمہ را
فاسد گرداند۔ ازاں جا کہ افضلیت ایں نوع انسانی بر
ہمہ انواع نزد ہمہ عالم خواہ تابعان نقل اند یا
پیروان عقل مسلم است۔ فساد ایں نوع ہمچو فساد دل و
دماغ باشد کہ جسم را از پایۂ اعتبار ساقط گرداند۔ بالجملہ
حسن ہیئۃ اجتماعی نوع انسانی وہیئت اجتماعی جملہ
عالم بانضمام اضداد و اعنی کفر و اسلام مسلم اما بہ تنہا
تنہا کفر و ایمان یا باقتران فردی از ایمان وکفر بہ ہمجنس
خود متصور نیست۔ بالخصوص ملاحت کہ ایں خوبی باقتران
این و آں چناں صورت بندد کہ خوبی ذائقہ آب باقتران
شیرینی و ترشی اگرچہ صباحت فقط باقتران ایمانی با ایمانی
دیگر متصور باشد کہ ایں جا فقط نظر بر صفائی است کہ بسیط
باشد و آنجا نظر بر شوخی است کہ بے اقتران اضداد
و ترکیب صورت نہ بندد۔ القصہ باقتران افراد کفر باہم دگر نہ
امید حصول حسن صورت است نہ توقع حسن معنی کہ آں خود
بوجہ فساد بدیہی البطلان است۔ اندریں صورت اضرار
کذب ثمر ہیچگونہ نہ باشد تا گویند کہ باعتبار آں خیر لاحق
رحمت محرک آں گردیدہ۔ نظر بریں کذب جناب باری تعالی
محض از ذمائم باشد و معارض صفت رحمت پس اگر نعوذ باللہ

ہوں تو بد صورتی میں کیا شبہ ہے۔
الغرض ایک نوع کے تمام افراد خراب اور فاسد ہوں تو خوبی کی
توقع کہاں سے ہوگی۔ مادہ بھی فاسد ہوگیا اور صورت بھی خراب ہوگئی۔
مادے کا حال خود معلوم ہے کہ اس کے تمام اجزاء فاسد
ہیں اور شکل وصورت کا حال یہ ہے کہ معلومہ ترکیب سے اصلاح
کی امید نہیں۔ یہ ہے بذات خود نوع کا حال۔ باقی شخص اکبر
کی بات رہ گئی تو وہ بھی عقلا کے نزدیک ظاہر ہے۔ کیونکہ
انواع شخص اکبر کے اعضاء کی جگہ ہیں۔ جب ایک عضو اپنے
تمام اجزاء میں سے فاسد ہوگیا تو سب اجزاء ناقص ہوگئے
آنکھ اور کان اور ہاتھ پاؤں کا خراب ہوجانا تمام جسم کو فاسد بنا
دیتے ہیں۔ جہاں تک کہ نوع انسانی کا تمام انواع مخلوقات پر افضل
ہونا تمام عالم کے نزدیک خواہ علوم نقلیہ ہوں یا عقلیہ علوم کے پیچھے
چلنے والے ہوں مسلم ہے۔ مگر اس نوع انسانی کا فساد دل اور
دماغ کے فساد کی مانند ہے جو کہ جسم کو اعتبار کے مقام سے گرا دیتا
ہے۔ الغرض نوع انسانی کی اجتماعی ہیئت کا حسن اور تمام
عالم کی اجتماعی ہیئت کا حسن دو متضاد یعنی کفر و اسلام کے ملنے
سے مسلم ہے لیکن تنہا تنہا کفر اور ایمان یا ایمان کے ایک فرد اور
کفر کے ایک فرد کو اپنے ہمجنس فرد کے ساتھ ملانے سے حسن متصور
نہیں ہوگا۔ خاص طور پر ملاحت کہ اسکی خوبی اس کے اور اسکے
ملانے سے ایسی صورت اختیار کریگی جیسے کہ پانی کے ذائقے کی خوبی
مٹھاس اور ترشی کے ساتھ ملکر۔ اگرچہ صباحت صرف ایک ایمان
کو دوسرے ایمان کے ساتھ ملانے سے متصور ہوتی ہے کیونکہ اس
جگہ (صباحت میں) فقط صفائی پر نظر ہے جو کہ بسیط ہے اور اس
جگہ (ملاحت میں) شوخی پہ نظر ہے جو متضاد چیزوں کو ملائے بغیر
اور صورت کو ترکیب دئے بغیر وجود میں نہیں آتی مختصر قصہ یہ کہ کفر کے
افراد کو آپس میں ملا کر حسن صورت کے حاصل ہونے کی امید ہے اور
نہ معنی کے حسن کی توقع کہ وہ خود مادے کی خرابی کی وجہ سے صاف

تجویز کذب باری تعالیٰ کنیم اقرار عدم رحمت نیز
دریں پیرایہ ضرور است و ایں ہماں صفت است کہ
مطالعہ کناں اوراق نسخۂ عالم را از اقرار آں
ناگزیر است۔ چہ حاصل آں ہمیں اعطاء باشد کہ از
وجود عرضی ممکنات وصفات عرضیہ ایشاں براں از
بدیہیات اولیات است۔

باطل ہونے کے قابل ہے۔ اس صورت میں (خدائی) کذب کا اضرار
کسی خبر کا بھی تو فائدہ نہ دیگا تاکہ سکیں کہ اسکے اعتبار سے رحمت
سے ملی ہوئی خبر اسکی محرک ہوگئی۔ اس کے پیش نظر جناب باری تعالیٰ
کا کذب محض برائیوں ہی سے ہوگا اور رحمت کی صفت کیخلاف ہوگا۔
پس اگر نعوذ باللہ ہم کذب باری تعالیٰ کو تجویز کریں گے تو رحمت
کی نفی کا اقرار اس انداز میں ضروری ہے اور یہ (رحمت) وہی
صفت ہے کہ کتاب عالم کے ورقوں کا مطالعہ کرنے والے حضرات کو اس (صفت رحمت) کے اقرار کے
بغیر چارہ نہیں ہے کیونکہ اس رحمت کا حاصل یہی بخشش کرنا ہے جو کہ ممکنات کے عارضی وجود اور اس
عارضی وجود پر ایمان کی عارضی صفات ہیں سب سے اول بدیہی امور میں سے ہیں۔

القصہ خلق کفر دیگراں چیزے دگر است و کفر
خود چیزے دگر۔ وخلق کذب و جہل در دیگراں چیزے دگر ہست
وکذب وجہل خود چیزے دگر۔ بہر آں ضد ضرورت موجود و
اینجا ضرورۃ مفقود البتہ موانع ہمہ موجود۔ ازیں تا
ازاں فرق زمین و آسمان است غرض از امکان چیزی
در جائی امکان آں در جائے دگر لازم نیاید و از امتناع
چیزی بجای امتناع آں بجائی دگر متحقق نشود۔ (۱۲)
ہر سخن وقتی و ہر نکتہ مکانی دارد

قصہ مختصر یہ کہ دوسرے لوگوں میں کفر کا پیدا کرنا دوسری
چیز ہے اور کفر خود دوسری چیز ہے اور جہالت اور کذب کا دوسروں
میں پیدا کرنا دوسری چیز ہے اور جھوٹ اور جہالت خود اور چیزیں
ہیں۔ اس ضد (یعنی کفر وایمان اور کذب وجہل کے خلق) کے
لئے ضرورت موجود ہے اور یہاں (مطلق کفر و ایمان اور
مطلق کذب وجہل میں) ضرورت مفقود ہے۔ البتہ موانع (کفر وجہل
وکذب) تمام موجود ہیں اور یہاں (ایمان) سے وہاں (کفر) تک
زمین و آسمان کا فرق ہے غرض ایک جگہ میں کسی چیز کے ممکن ہونے
سے اسکا دوسری جگہ میں امکان لازم نہیں آتا ہے اور ایک جگہ میں کسی
چیز کے امتناع (منع ہونے) سے ہی دوسری جگہ میں اسکا امتناع متحقق نہیں
ہو سکتا ہے ۔۔۔ ہر بات ایک وقت اور ہر نکتہ ایک جگہ رکھتا ہے

شبہ | باقی ماند اینکہ اگر امتناع کذب باری تعالیٰ
وتصدیق کاذب ازاں طرف تسلیم ہم کنیم۔
ایں قصہ اگر مفید باشد فقط اہل علم را مفید باشد
وگر ادراک ایں فرق راہ ہم نماید خاصاں را راہ نماید۔
عوام بے علم را چہ سود۔

شبہ | باقی رہی یہ بات کہ اگر ہم باری تعالیٰ کے کذب کو
اور کاذب کی تصدیق کو اس طرف سے تسلیم بھی کر
لیں تو یہ قصہ اگر مفید ہوگا تو صرف اہل ایمان کو مفید ہوگا۔ اور
اگر اس فرق کے سمجھنے کی رہبری کسی کو حاصل ہوسکتی ہے تو اس
فرق کا سمجھنا خاص اہل علم کو راستہ دکھاتا ہے۔ بے علم عوام کو
اس سے کیا فائدہ۔

جواب | جوابش ایں است کہ ہر چند ادراک ایں فرق باہمہ

جواب | اس کا جواب یہ ہے کہ اگر ان دقیق فرقوں کی سمجھ

باریک اگر می افتد وقتی می افتد کہ ماہیت جہل و کذب اول کہ در دل بندگان مخلوق فرمودہ اند و ماہیت این جہل وکذب کہ تصدیق کاذب متصور است وقت ارادہ ادراک فرق مراتب برابر بنظر آید

دریں ازاں گفتم کہ قبل اینچنیں نظر ایں اعتراض را بدل رسائی نباشد ہمیں است کہ کم کسی دریں خلجان افتادہ باشد پس ہر کہ اینچنیں نظر دارد ایں قدر ہم مایہ ادراک دارد کہ پس از بیان فرق یکے را از دیگر ممتاز بیند و آنانکہ ازیں قسم فہم بے بہرہ اند۔ زیں قصہ ہم خبر ندارند۔ بمجرد مشاہدۂ خوارق از مدعی صدق معاملہ وی دل شاں مطمئن میگردد و پیدا است کہ حقیقت یقین ہمیں اطمینان است۔ مگر شاید در حقیقت اطمینان ہنوز خلجان باشد بہر دفع ایں خلجان عرض مے کنم کہ۔

دفع خلجان گاہی نسبتی تنہا بدل آید و گاہی نقیضش نیز ہمراہ او بود۔ اندریں صورت نیز دو احتمال است ہر دو برابر باشند یا غلبہ ایں را باشد یا آں را۔

اول	اطمینان است
دوم	شک
سوم	ظن
چہارم	وہم

با ایں ہمہ بسیاری از معلومات عوام را می بینم کہ نظری است و یقینی۔

الغرض ترتیب بر مقدمات دور و دراز از دادح اطمینان نباشد طفل نوزاد پستان را می مکد و بچۂ گاؤمیش را اگر در دریا افگنند بی سابقہ تعلیم دست و پا در آب میزند

کی ضرورت پڑتی ہے تو اس وقت پڑتی ہے کہ جہالت اور کذب کی حقیقت اول جو کہ بندوں کے دل میں پیدا کی ہے اور اس جہل اور کذب کی ماہیت جو کہ کاذب کی تصدیق سے متصور ہے۔ فرق مراتب کے ادراک کے وقت نظر میں برابر دکھائی دیتی ہے۔

اور یہ بات میں نے اس وجہ سے کہی ہے کہ اس نظر سے پہلے یہ اعتراض دل میں پیدا نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ کم ہی کوئی شخص اس خلجان میں پڑا ہوگا۔ لہٰذا جو شخص اس قسم کی نظر رکھتا ہے تو وہ سمجھنے کی اتنی استعداد رکھتا ہے کہ وہ ہمارے فرق کے بیان کرنے کے بعد ایک کو دوسرے سے جدا دیکھیگا اور جو لوگ اس قسم کی سمجھ سے بے نصیب ہیں وہ اس معاملے ہی سے بے خبر ہیں۔ وہ تو مدعی کے خلاف عادت امور کو دیکھ کر اس کے معاملے کے صدق سے مطمئن ہو جاتے ہیں اور ظاہر ہے کہ یقین کی حقیقت یہی اطمینان ہے مگر شاید اطمینان کی حقیقت میں ابھی خلجان باقی رہ جائے اسلئے اس خلجان کو دور کرنے کے لئے میں عرض کرتا ہوں کہ۔

خلجان کا ازالہ کبھی تو دل میں تنہا کسی چیز کی نسبت آتی ہے اور کبھی اسکے خلاف چیز بھی اسکے ہمراہ ہوتی ہے اس صورت میں بھی دو احتمال ہیں یا تو دونوں برابر ہونگے یا یہ احتمال دوسرے پر غالب ہوگا اور یا وہ۔

اول (کا نام)	اطمینان ہے
دوسرا	شک (کہلاتا ہے)
تیسرا	گمان (کہلاتا ہے)
چوتھا	وہم (کے نام سے موسوم ہے)

ان سب کے باوجود، عوام کے بہت سے معلومات کو میں دیکھتا ہوں کہ وہ نظری و یقینی ہوتے ہیں۔

الغرض دور و دراز کے مقدمات پر دلائل کا دینا اطمینان کو خراب نہیں کرتا۔ نیا پیدا ہوا بچہ پستان چوستا ہے اور بھینس کے کٹڑے کو پہلے تیرنے کی تعلیم دیئے بغیر اگر دریا میں ڈالدیں تو وہ دریا

وپیدا است کہ ایں افعال ہمہ ارادیات اند وہر فعل ارادی را تصور غایت ضروری وظاہر است کہ غایت وغرض ایں افعال نتیجہ است درحق آں افعال بغایتہ خفی العلاقہ چہ در وسط مقدمات دیگر افتادہ اند کہ پس از ترتیب آنہا نتیجہ لازم آید مگر چوں علم ایں ہمہ مقدمات الہامی است نتیجہ خود بخود بدل می افتد ہمچنیں حصول اطمینان با خوارق و دعوی نبوت و رسالت علاقہ دارد کہ بی سابقہ تعلیم در جذر ہر قلب ودیعت نہادہ اند حتی کہ فساد ہمیں ودیعت موجب عجائب پرستیہا در اکثر افراد بنی آدم گردید۔

ازیں جا ایں ہم واضح شدہ باشد کہ نظریہ معارض یقین و اطمینان نیست۔ یقین را در بدیہیات اولیہ یعنی عدمائیکہ بی وساطت، مقدمہ دیگر بذہن ریختہ باشد انحصار نیست اندریں صورت اگر گویند کہ یقین باعتبار نسبت عام است از نظر و بداہت و تواتر اخبار بجا باشد و اعتراض لزوم دور از تعریف متواتر ساقط شود۔

تعریف و نتیجہ خبر متواتر

خبر متواتر آں باشد کہ موجب اطمینان و یقین بود وظاہر است کہ یقین و اطمینان بمعنی مذکور را در تحقق خود توقفی بر تواتر نیست مگر اکنوں از وجہ دلالت خبر متواتر بر صدق خبری باید گفت۔ می باید شنید کہ چناں کہ خبر من حیث الخبر منحصر در صادق و کاذب نیست و ازیں جا احتمال صدق و کذب ہر دو در ہر خبر

میں تیرنے کے لیئے ہاتھ پاؤں مارنے لگتا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ یہ تمام افعال ارادی ہیں اور ہر ارادی فعل کے لیئے تصور غایت ضروری ہے اور ظاہر ہے کہ ان افعال کا مقصد اور غایت نتیجہ ہے ان افعال کے حق میں جو بہت ہی پوشیدہ تعلق والے ہیں کہ دوسرے مقدمات کے وسط میں واقع ہوئے ہیں کہ انکی ترتیب کے بعد کوئی نتیجہ لازم آتا ہے۔ مگر چونکہ ان تمام مقدمات کا علم الہامی ہے اس لیئے نتیجہ خود بخود دل میں آجاتا ہے۔ اسی طرح معجزات اور رسالت اور نبوت کے دعوے کیساتھ دلی اطمینان کو ایسا تعلق ہے کہ پہلے سے جانے بغیر ہر انسان کے دل کی گہرائی میں امانت رکھدیا ہے، یہاں تک کہ اسی امانت کا فساد اکثر آدمیوں میں عجیب چیزوں کی پرستش کا موجب ہوا۔

یہیں سے یہ بات بھی واضح ہو گئی ہوگی کہ کوئی نظریہ یقین اور اطمینان کے آڑے آنے والا نہیں ہے۔ یقین بدیہیات[1] اولیہ یعنی ان مقدمات میں جو کہ دوسرے مقدمے کی وساطت کے بغیر ذہن میں آجائیں، انحصار نہیں ہے اس صورت میں اگر کہیں کہ یقین نسبت کے اعتبار سے عام ہے تو اخبار کے تواتر اور بداہت اور نظر کرنے سے بجا ہوگا اور متواتر کی تعریف سے دور کے لزوم کا اعتراض ساقط ہو جائے گا۔

خبر متواتر کی تعریف اور نتیجہ

خبر متواتر وہ کہلاتی ہے جو اطمینان اور یقین کی موجب ہو اور ظاہر ہے کہ مذکورہ معنی میں یقین اور اطمینان کا خود وجود تواتر پر موقوف نہیں ہے۔ مگر اب مجھے خبر متواتر کی کسی خبر کی سچائی پر دلالت کی وجہ کے متعلق کچھ کہنا چاہیئے تو سنیئے کہ جیسا کہ خبر بحیثیت اسکے کہ وہ خبر ہے صادق اور کاذب ہونے میں منحصر نہیں ہے اور یہیں سے صدق اور کذب دونوں کا احتمال ہر خبر میں پیدا ہو

[1] بدیہیات اولیہ ایسی حقیقتیں کہلاتی ہیں جو دلیل کی محتاج نہیں اور یقین کے مرتبوں میں انکو اول مرتبہ دیا جاتا ہے اور اس میں شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہے۔ مترجم

پیدا شد ہمچنیں وضع اصل خبر بہر بیان واقع است
و انسان مجبول بر ایصال نفع بنی نوع خود کہ یکی از سامان
ادہمیں بیان واقع است ۔ در اکثر و نیز ہمیں طور مخلوق
بر بازداشتن ضرر بنی نوع خود است کہ منجملہ سامان
آں نیز باشد ۔ و وجہش ہمیں محبت برادرانہ است
کہ اتحاد نوعی علت اوست بالجملہ صدق گفتار
مقتضائے اصل فطرت است ۔ قطع نظر از عروض عوارض
و ہجوم موانع دروغ را وجہی نباشد ۔ ہاں اگر طبع کسی از
جادۂ مستقیم محبت نوعی منحرف شود و رہین غرضی فاسد
شود یا سببی از اسباب غلط کاری رہزن خیالات علمیہ
شود ، باشد کہ عمداً دروغ گوید یا بغلط رہ غلط پوید مگر
چوں خالق بیچوں خلق خود را گوناگوں آفریدہ ۔ اگر یکے غبی
است دیگری ذکی و اگر یکے سادہ کار است دیگری پُرکار
و ہوشیار در صورت تواتر اخبار و اتفاق ابناء روزگار
احتمال غلط کاری محو و متلاشی گردد ۔ اما اینکہ غرضے
فاسد ہم باعث ایں گفتار نشدہ ہماں ساں بدل حقیقت
حقیقت شناساں خلیدہ ماند کہ بود چہ غلبہ ہوا بر اکثر
افراد بشر بچشم سر مشہود است ۔ نظر بریں اتفاق گروہ
اعظم بر غرض فاسد ہماں ساں ممکن است کہ اتفاق
جم غفیر بر غرض صحیح و بہر نظیر ہمیں اتفاق جماعات
بی پایاں بر مذاہب حقہ و باطلہ کافی است ۔ غرض شرکت
اغراض از جماعات کثیرہ ممکن است و بدیں سبب کذب
عمد ممکن چہ کذب عمدی بی تحریک غرضی فاسد متصور
نیست ۔ آری غلط کاری بی اختیاری از جماعات کثیرہ
بوجہ مذکور متوقع نیست چہ سبب اعظم غلط کاری نقصان
قوت علمیہ باشد یا قلت تدبر و ظاہر است کہ در صورت
اتفاق جماعت کثیرہ ادراک ذکی مصحح علم غبی باشد ۔

گیا ، اسی طرح اصل خبر کی وضع کسی واقعے کے بیان کیلئے ہے اور
اور انسان کی فطرت میں انسان کو نفع پہنچانا رکھدیا گیا ہے چنانچہ
- نفع رسانی کی ایک صورت کسی واقعے کا بیان کرنا بھی ہے ۔ اکثر
اوقات اور نیز اسی طرح سے اپنے ہمجنس دوسرے انسان کے ضرر سے
اپنے آپکو بچانا بھی اس کی فطرت میں ہے کہ یہ بھی نفع رسانی کی صورتوں
میں سے ایک ہے اور نفع رسانی کی وجہ یہی برادرانہ محبت ہے
کہ اسکی علت انسانیت کی نوعیت میں باہم شرکت ہے ۔ الحاصل
صدق گفتار فطرت کا اصل تقاضہ ہے ، عروض عوارض اور موانع
ہجوم دروغ کی کوئی وجہ نہیں ہو سکتی ۔ ہاں اگر کسی کی طبیعت
بنی نوع کی محبت کی سیدھی راہ سے بدل جائے اور کسی فاسد
غرض کی مرہون ہو جائے یا غلط کاریوں کے اسباب میں سے کوئی
سبب علمی خیالات پر ڈاکہ ڈالے تو ممکن ہے کہ وہ جھوٹ بول پڑے
یا غلط راستے پر غلط طور پر دوڑ پڑے مگر چونکہ بے مثل خالق نے اپنی
مخلوق کو بھانت بھانت کا بنایا ہے یعنی اگر ایک کند ذہن ہے اور
دوسرا ذہین ، ایک سادہ کار ہے اور دوسرا چالاک اور ہوشیار
تو خبروں کے تواتر اور زمانے والوں کا کسی چیز پر متفق ہونے کی
صورت میں غلط کام کرنیکا احتمال جاتا رہیگا لیکن یہ بات کہ کوئی
فاسد غرض بھی تو اس گفتگو کا باعث نہیں کہ اسی طرح حقیقت
شناسوں کے دل میں چبھتی رہی جو کہ تھی کیونکہ خواہش نفس کا غلبہ
اکثر آدمیوں پر سر کی آنکھوں کے ذریعہ دیکھا گیا ہے ۔ اس کے پیش
نظر ایک بہت بڑے گروہ کا کسی فاسد غرض پر متفق ہو جانا اسی طرح
ممکن ہے جیسا کہ ایک بڑے سارے ہجوم کا کسی صحیح غرض کیلئے
متفق ہو جانا ۔ اور اس اتفاق کی نظیر کیلئے بے انتہا جماعتوں کا
حق اور باطل مذہبوں پر اتفاق رائے ہونا کافی ہے ۔ غرض اغراض
کی شرکت تو بہت سی جماعتوں سے ممکن ہے اور اس سبب سے جان کر
جھوٹ بولنا ممکن ہے کیونکہ عمداً جھوٹ بغیر کسی فاسد غرض کے خیال
میں بھی نہیں آسکتا ہاں اختیار کے بغیر غلط کام کرنا بڑی بڑی جماعتوں

وحزم واحتیاط مستدبرہ جابر غفلت طبعی مضمحلاں شود۔

خلاصہ مرام آں کہ کلام اگر ناشی از اصل فطرت است احتمال تعمد کذب نیست۔ آری وہم غلطی باشد مگر ایں وہم در صورت اتفاق جم غفیر محو و متلاشی شود۔ و چوں نشود ہمہ انگشتان برابر نباشند۔ نتواں گفت کہ در دورہ از ادوار ہمہ اغبیاء و مغفل زایند۔ و اگر ناشی از اصل فطرت نیست بلکہ سببش غرضی است فاسد باتفاق تصحیح آں نتواں کرد۔ چہ اعوجاج طبائع افراد کثیرہ از ارادات حسنہ ممکن۔ بلکہ مشہود و از آں جا کہ ایں ہر دو امر یعنی عدم اتفاق در صورت اول بر غلط و امکان اتفاق بر تعمد کذب در ثانی نزد ہر کس و ناکس مسلم است بلکہ در جذر فطرت ہر کس و ناکس چناں ودیعت نہادہ اند کہ علم مکیدن پستان و نتیجۂ آں در قلب طفل نوزاد و علم دست و پا زدن بہر شناوری آب و نتیجۂ آں در دل بچۂ گاؤمیش۔ ہر کس را می بینم کہ وقت تردد در امری بجانب غلبۂ آراء اہل رائے مائل می شود و گواہی اہل غرض را مقبول نمی دارد۔ لیکن چناں کہ باعث قوی بر صدق و عمدہ موجب راستبازی پاس خدا تعالیٰ می باشد ہمچنیں غرضی فاسد تر از تعصب مذہب و پاس و حمیت دینی نمی بینم۔ عیاں را چہ بیاں۔ احوال ابنائے روزگار و ہم گذشتگان را دیدہ و شنیدہ ایم۔

سے مذکورہ وجہ کی بنا پر امید نہیں کیا جا سکتا کیونکہ غلط کاری کا زیادہ عظیم سبب قوت علمیہ کی کمی کا ہونا ہے یا قلت تدبر کا اور ظاہر ہے کہ ایک بڑی جماعت کے اتفاق کی صورت میں ذہین آدمی کی سمجھ غبی کے غلط علم کی تصحیح کر سکتی ہے اور ایک مدبر کی احتیاط اور تجربہ کاری نا سمجھ لوگوں کی طبعی غفلت کی مکافات کا باعث ہو سکتی ہے۔

مقصد کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر اصل فطرت سے کلام نکلا ہے تو جان کر جھوٹ بولنے کا احتمال نہیں ہے۔ ہاں غلطی کا وہم ممکن ہے مگر یہ وہم ایک بڑے ہجوم کے اتفاق کی صورت میں مٹ جائیگا اور گم ہو جائیگا اور کیوں نہ مٹ جائے کہ سب انگلیاں[1] برابر نہیں ہوتیں۔ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ تمام زمانہ والوں میں سے کسی ایک زمانے کے تمام لوگ غبی اور بے وقوف پیدا ہوں اور اگر جھوٹ اصل فطرت سے نہیں ہے بلکہ اس کا سبب کوئی فاسد غرض ہے تو لوگوں کے اتفاق سے اس غلطی کی تصحیح کر سکتے ہیں کیونکہ بہت سے لوگوں کی طبیعتوں کا ٹیڑھا پن اچھے ارادوں کے باوجود بھی ممکن ہے بلکہ دیکھا گیا ہے اور جہاں سے کہ یہ دونوں باتیں یعنی پہلی صورت میں غلط بات پر اتفاق نہ ہونا اور دوسری صورت میں عمداً جھوٹ پر متفق ہونے کا امکان ہر کس و ناکس کے نزدیک مسلم ہے بلکہ ہر کس و ناکس کی فطرت کی گہرائی میں ایسے طور پر امانت رکھ دیا ہے جیسا کہ بچے کی فطرت میں پستان چوسنے کا علم اور نئے پیدا ہونے والے بچے کے دل میں اس چوسنے کا نتیجہ اور پانی میں تیرنے کیلئے ہاتھ پاؤں مارنے کا جاننا اور بھینس کے بچے کے دل میں تیر کر نجات پانے کا نتیجہ رکھ دیا ہے۔ میں ہر شخص کو دیکھتا ہوں کہ کسی امر میں تردد کے وقت اہل رائے لوگوں کی رایوں کے غلبے کی طرف جھک جاتا ہے اور اہل غرض کی گواہی کو قبول نہیں کرتا لیکن جیسا کہ سچ بولنے کا پختہ سبب اور راستبازی کا بہتر موجب خدا تعالیٰ کا لحاظ ہوتا ہے اسی طرح

[1] اگر بعض سے غلطی ہو سکتی ہے تو دوسرے اس غلطی کو صحیح کر سکتے ہیں کیونکہ سب لوگ غلط وہم میں مبتلا نہیں ہو سکتے۔ مترجم

تنبیہ بابت تواتر

لہٰذا بہتریں تواتری کہ ناشی از پاس خدا تعالیٰ نماید بہترین تواتر با عتبار اعتماد و اعتبار باشد۔ و تواتریکہ ناشی از تعصب و حمیت بود بدترین تواتر باعتبار اعتماد و اعتبار باشد۔ چوں در ما نحن فیہ نظر کردیم تواتر یہود و نصاریٰ بمقابلہ اہل اسلام و ادیان متاخرہ یافتیم۔ و تواتریکہ در اہل اسلام است بمقابلہ کسی دیگر نیست۔ اول بپاس ملت و حمیت اوشاں می نماید و دویم بپاس ملتی و دینی نیست۔ چہ ایں غلغلہ کہ فلاں کس دعویٰ نبوت و ختم رسالت میکند خود آغاز دین اسلام است نہ آنکہ دین اسلام متحقق و ممہد از سابق بود و باز ایں شور بوجہ حادثہ یا واقعہ تازہ از میان برخاست۔

الغرض بر سامع متواترات اول تمیز مناشی اخبار ضروری است۔ پس از اں عمل بمقتضاء آں پس جائیکہ مظنہ تعصب و حمیت باشد دفع ایں تردد اول ضروری است۔ چوں پس از تنقیح حقیقت حال مقدمات خفیفہ ہم می بر آید حقیقت ایں چنیں امور عظام چوں نخواہد بر آمد۔

معدوم شدن تورات و انجیل

۔ چوں تجسس کردیم ابتدائے روایت تورات و انجیل بر یکے یک۔ دو دو کس انتہا یافت۔ چہ باقرار علمائے یہود تورات یکبار در واقعہ بخت نصر یک لخت معدوم شد۔ و باز پس از مرور دہور شخصی از یاد خود نویسانید و ہمچنیں اصل انجیل بعالم وجودی ندارد۔ و باعتراف علماء نصاریٰ تراجم آں موجود اند۔ و پیداست کہ مترجم یک کس

مذہبی تعصب اور دینی غیرت اور لحاظ نے یادہ میں کوئی فاسد غرض نہیں دیکھتا ہوں۔ جو چیز عیاں ہو اسکے بیان کی ضرورت نہیں ہم نے اپنے زمانہ والوں اور گذشتہ لوگوں کے حالات دیکھے اور سنے ہیں۔

تواتر کے بارے میں

اس بات کے پیش نظر وہ تواتر جو خدا تعالیٰ کا لحاظ رکھتے ہوئے ظہور میں آئے وہ اعتبار اور اعتماد کے لحاظ سے بہترین تواتر ہوگا۔ اور جو تواتر تعصب و جوش حمیت سے پیدا ہوگا تو وہ اعتماد اور اعتبار کے لحاظ سے بدترین تواتر ہوگا۔ جب ہم نے مسئلہ زیر بحث میں غور کیا تو یہود اور نصاریٰ کے تواتر کو مسلمانوں کے مقابلے میں اور بعد میں آنیوالے مذاہب کے مقابلے میں پایا۔ اور جو تواتر کہ مسلمانوں میں ہے کسی اور کے مقابلے (ضد) میں نہیں ہے۔ اول کا تعصب انکی حمیت اور ملت کے لحاظ کا باعث دکھائی دیتا ہے اور دوسرا ملت اور دین کے لحاظ میں نہیں۔ کیونکہ یہ شور کہ فلاں شخص نبوت اور ختم رسالت کا دعویٰ کرتا ہے خود دین اسلام کے آغاز سے ہے نہ یہ کہ دین اسلام پہلے سے حقیقت میں آیا تھا اور پھر کسی تازہ واقعے اور حادثے کی وجہ سے درمیان میں سے اٹھ کھڑا ہوا۔

غرض یہ کہ متواتر خبروں کے سننے والے پر اول خبروں کے منشا کا تمیز کرنا ضروری ہے بعد ازاں اسکے مقتضا کے مطابق عمل کرنا۔ پس جس جگہ تعصب اور حمیت کا گمان ہو تو وہاں اس تردد کا دور کرنا اول ضروری ہے۔ جب بال کی کھال نکالنے سے چھوٹے چھوٹے معاملات کی حقیقت حال منکشف ہو جاتی ہے تو ایسے عظیم امور کی حقیقت کیوں نہ منکشف ہو گی۔

انجیل اور توریت کا گم ہونا اور ان میں تواتر کا مفقود ہونا

جب ہم نے تحقیق کی تو توریت اور انجیل کی روایت ایک ایک دو دو آدمیوں پر ختم ہو گئی۔ کیونکہ علمائے یہود کے قول کے مطابق توریت ایک مرتبہ بخت نصر کے جنگ کے واقعہ میں بالکل معدوم ہو گئی اور پھر کتنے زمانوں کے گذر جانے کے بعد ایک شخص نے اپنی یاد سے لکھائی۔ اسی طرح اصل انجیل دنیا میں وجود نہیں رکھتی اور علمائے نصاریٰ کے اقرار کے مطابق اسکے ترجمے موجود ہیں۔ اور

لہ مسیلمہ کذاب نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں نبوت کا دعویٰ کیا تھا۔ مترجم

باشد نہ جماعت۔ اندریں صورت اقوال تورات و انجیل در ہر دورہ از متواترات نماند۔

منسوخ نشدن تورات و انجیل

و آنکہ میگویند کہ تورات و انجیل منسوخ نخواہد شد قولی است از اقوال تورات و انجیل و ہمچنیں دیگر متواترات اوشان۔ با ایں ہمہ معنی از کلمات کہ دریں بارہ مستند اوشان است اعتبار دلالت مطابقی و سوق قرینہ اگر گیرند فقط ایں قدر است کہ اخبار من ہمہ واقع شدنی است نہ آنکہ احکام آوردۂ من منسوخ نخواہد شد۔

غرض ایں چنیں گفتار کہ زمین و آسمان از جائے خود برود اما سخن من از جائے خود نرود دلالت بر عدم منسوخیت تورات و انجیل نمی کند۔ آری بمقتضاء حمیت ملت و تعصب مذہب ایں کلمات را بایں معنی گرہ دادہ اند۔ باستماع آوازۂ دین عیسوی اول یہودیاں ایں وتیرہ آغاز نہادند۔ باز باستماع غلغلہ ظہور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم نصرانیاں ہمچو یہودیاں ہمیں تدبیر حفاظت ملت خود نمودند۔

مذہب امام رازیؒ و سعد الدینؒ در تواتر اقوال یہود و نصاریٰ و قول قاسم العلوم دربارۂ ایشاں

اگرچہ امام فخر الدین (رازی) و ملا سعد الدین (تفتازانی) را اتفاق تنقیح احوال کتب یہود و نصاریٰ نشد۔ نظر بظاہر اقوال یہود و نصاریٰ از متواترات فہمیدند۔ اگر دریں زمانہ ایں بزرگان می بودند کتب متعلقہ اقوال یہود و نصاریٰ کہ علمائے دین زمانہ بعرق ریزی ہا فراہم کردہ اند بآغوش اوشاں می نہادیم۔

ظاہر ہے کہ ترجمہ کرنیوالا ایک آدمی ہوتا ہے نہ کہ بہت سے۔ اس صورت میں توریت اور انجیل کے اقوال ہر زمانے میں متواتر نہیں رہتے۔

توریت اور انجیل کے منسوخ نہ ہونیکا دعویٰ

اور وہ جو کہتے ہیں کہ توریت اور انجیل منسوخ نہ ہوگی تو یہ توریت اور انجیل کے اقوال میں سے ایک قول ہے اور اسی طرح انکے دوسرے متواترات کا حال ہے۔ انکے باوجود ان لفظوں کے معنی جو کہ اس بارے میں انکے لئے سند ہیں دلالت مطابقی اور قرینے کے لحاظ سے اگر لیں تو صرف اتنے ہیں کہ میری (توریت کی) خبریں تمام واقع ہونیکے قابل ہیں نہ یہ کہ میرے (توریت کے) لائے ہوئے احکام منسوخ نہ ہونگے۔

غرض اس قسم کی گفتگو کہ زمین اور آسمان اپنی جگہ سے ٹل جائے لیکن میری بات اپنے مقام سے نہیں ٹلیگی توریت اور انجیل کے منسوخ نہ ہونے پر دلالت نہیں کرتی۔ ہاں ملت کی حمیت اور مذہب کے تعصب کے تقاضے سے یہ توریت اور انجیل کے منسوخ نہ ہونے کا ان الفاظ میں دعویٰ کیا ہے۔ عیسائی مذہب کی شہرت سنتے ہی اول یہودیوں نے یہی طریقہ شروع کیا۔ پھر خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے کا غلغلہ سن کر یہی نصرانیوں نے بھی یہودیوں کی طرح اسی طرح سے اپنی ملت کی حفاظت کی تدبیر کی۔

امام رازی اور سعد الدین تفتازانی کا یہود و نصاریٰ کے تواتر میں اور حضرت مولانا محمد قاسم صاحبؒ کا قول

لیکن چونکہ امام فخر الدین رازی اور ملا سعد الدین (تفتازانی) کو یہود اور نصاریٰ کی کتابوں کے حالات کی چھان بین کا اتفاق نہیں ہوا۔ اس لئے یہود و نصاریٰ کے ظاہر اقوال پر نظر رکھتے ہوئے ان کو متواتر سمجھ لیا۔ اگر اس زمانے میں یہ بزرگ ہوتے تو یہود اور نصاریٰ کے اقوال سے متعلق کتابوں کو جو اس زمانے کے علماء نے بڑی محنت سے فراہم کی ہیں ان کے سامنے رکھتے۔

القصہ ایں اتفاق کلمۂ یہود و نصاریٰ اول در ہر قرن متواتر نیست۔ باز مظنۂ پاس ملت ظاہر و باہر وقائع کثیرہ کہ آں ہم بتواتر رسیدند باعتراف حقیقت دین محمدی صلی اللہ علیہ وسلم از علماء یہود و نصاریٰ شاہد۔

تواتر دعویٰ نبوت محمدیؐ — القصہ ایں ہمہ مقدمات یکی بدیگری آں مظنہ بہ پیرایۂ تحقق و واقعیت نمایاں شد۔ آری تواتر دعوی نبوت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و اظہار معجزات و ادعاء ختم نبوت بطوریکہ احتمال معنی دیگر نماند ازیں ہمہ الواث پاک است

اول تواتر بشرائط خود در ہر قرن موجود و باز مظنۂ غرض فاسد منشاء ایں اتفاق نمی نماید۔ و ایں طرف پس از تحقیق تواتر دیگر معارض ایں تواتر نہ بر آمد۔ و نہ دلیل عقلی یا نقلی مزاحم آنست۔ بنظر بریں ایں خبر ضرور مفید یقین باشد و اگر ایں افادہ یقین نکند حصول یقین اعنی اطمینان قلبی از رہ سمع بطوری نبودی۔ حالاں کہ در ضرورت یقین و فعلیت آں در بعض اخبار احدے راگنجائش کلام نیست و اگر بالفرض افادہ یقین مصطلح نمی نماید باری از غلبۂ ظن چہ کم۔ و ما می بینیم کہ بر وجوب حکم بمقتضاء غلبۂ ظن نہ تنہا نقل و نقلیات شاہد است عقل نیز ہمیں فتویٰ مے دہد۔ حال نقل خود ظاہر است۔

آیت

وَإِنْ جَاءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَإٍ فَتَبَيَّنُوا أَنْ تُصِيبُوا قَوْمًا بِجَهَالَةٍ (قرآن کریم)

ہم بریں امر دلالت دارد و اگر آرندۂ خبر فاسق نیست عادل

قصہ مختصر یہ کہ یہود اور نصاریٰ کے کلمے کا اتحاد اول تو ہر قرن میں متواتر نہیں ہے پھر ظاہر ملت کے پاس اور لحاظ کا گمان کہ بہت سے واقعات کہ وہ بھی تواتر سے پہنچے دین محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقت کے اعتراف سے متعلق یہود و نصاریٰ کے علماء کی طرف سے گواہ ہیں۔

نبوت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے دعوے پر تواتر — ان تمام مقدمات کو ایک دوسرے کیساتھ ملا کر وہ گمان تحقق اور واقعیت کے لباس میں نمایاں ہو گیا۔ ہاں نبوت محمدی کے دعوے تواتر اور معجزات و ختم نبوت کا دعویٰ اس طریقے پر کہ کسی دوسرے معنی کا احتمال ہی نہ رہے ان تمام برائیوں سے پاک ہے۔

اول تو تواتر مع اپنی شرطوں کے ہر قرن میں موجود ہے اور پھر فاسد غرض کا گمان نبوت محمدیؐ پر اتفاق کا منشا بھی معلوم نہیں ہوتا اور اس طرف تحقیق کے بعد اور کوئی تواتر اس نبوت محمدیؐ کے تواتر کے مقابل میں نہیں نکلا اور نہ اس تواتر کے خلاف کوئی عقلی یا نقلی دلیل بھی ہے اس لئے اس اصول کے پیش نظر یہ نبوت محمدیؐ کی خبر یقین کیلئے مفید ہے اور اگر یہ بھی یقین کا فائدہ نہیں دیتی تو یقین کا حصول یعنی اطمینان قلبی کانوں کے ذریعہ اس طرح نہ ہوتا۔ حالانکہ یقین کی ضرورت اور اس کی فعلیت میں بعض خبروں میں کسی کو کلام کی گنجائش نہیں ہے اور اگر بالغرض اصطلاحی یقین کا فائدہ نہیں دیتا تاہم غلبۂ گمان سے کیا کم ہے۔ اور ہم دیکھتے ہیں کہ ظن کے غلبے کے منشا کے مطابق حکم کے واجب ہونے پر نہ صرف نقل اور نقلیات گواہ ہیں بلکہ عقل بھی یہی حکم دیتی ہے اور نقل (قرآن و حدیث) کا حال خود ظاہر ہے۔ آیت (ذیل)

اگر تمہارے پاس کوئی بدکار خبر لائے تو تحقیق کر لیا کرو ایسا نہ ہو کسی قوم کو بغیر تحقیق ناواقفیت سے مصیبت میں ڈال دو

بھی اسی بات پر دلالت کرتی ہے اور اگر خبر لانے والا بدکار نہیں

است حاجت ایں تبین نیست وچوں امر بہ تبین نباشد اشارہ بآں باشد کہ اکنوں حالت منتظرہ تحقیق طلب نماند۔ ہرچہ دانستید موافق آں عمل نمایید۔ باز اتفاق جملہ علماء بر قبول خبر واحد مجتمع الشرائط شاہد مدعا است۔ چہ بجز اخبار یقین مصطلح حاصل نتواں شد، اگر احتمال تعمد کذب نیست باری احتمال خطاء ہمچناں ساں موجود۔ مگر چوں ایں احتمال بس قلیل الوقوع است چنداں اعتبار را نشاید۔ احتمال صدق کہ اصل موضوع لہٗ کلام است و موافق مقتضی فطرۃ کار خود خواہد کرد۔

الغرض ایں غلبہ علم موجب غلبہ ارادہ بمقتضائے علم خواہد شد۔ وظاہر است کہ غلبہ ارادہ یکی از دو جانب فعل اختیاری موجب ترجیح آں بر جانب دیگر باشد۔ و ایں طرف ہویدا است کہ سرمایۂ فعل ہمیں ارادہ آں فعل باشد، چناں کہ علت آں عدم ارادہ وعلت ترک فعل ارادہ آں فعل باشد، مگر چوں وقت تردد، دو ارادہ چناں متعارض باشند کہ وقت شک دو علم اگر ارادہ غالب آمد وقوع فعل لازم آید۔ چہ ارادہ را بشرط عدم موانع فعل لازم ودر صورت غلبہ بقدر غلبہ ارادہ موجود آری بقدر تعارض بوجہ تعارض کان لم یکن شد واز ہمیں تقریر وجوب عقلی بر غلبۂ ظن برآمد۔ مگر ظاہر است کہ در صورت افادہ غلبہ ظن نیز، مطلب ہماں برآمد۔ چہ وقوع عمل در ہر صورت برابر است۔ افادہ ظن باشد یا افادۂ یقین فرق اگر باشد در علم وثمرات آں از تکفیر وتضلیل باشد۔ مگر آناں کہ دیدۂ حقیقت بین وعقل حق شناس دارند خود دانستہ باشند کہ اندریں صورت ایمان تام ہمیں تسلیم بقدر

بلکہ قابل اعتماد ہے، تو پھر اس تحقیق کی ضرورت نہیں ہے اور جب معاملہ تحقیق کا نہ ہو تو اس طرف اشارہ ہے کہ اب انتظار کی گئی حالت تحقیق طلب نہیں رہی۔ جو کچھ تم نے جان لیا اس کے مطابق عمل کرو۔ پھر جملہ علماء کا اتفاق خبر واحد کی قبولیت پر جس میں صحت کی تمام شرطیں موجود ہوں مقصد کی تائید کرتا ہے کیونکہ اخبار آحاد کے ذریعہ اصطلاحی یقین حاصل نہ ہو سکا تو اگر عمداً کذب کا احتمال نہیں ہے تاہم خطا کا احتمال اسی طرح موجود ہے۔ مگر چونکہ یہ احتمال بہت ہی کم واقع ہوتا ہے اس لئے چنداں قابل اعتبار نہیں۔ صدق کا احتمال جو کہ کلام کا اصل موضوع لہٗ ہے اور فطرت تقاضے کے موافق ہے۔ اپنا کام خود کریگا۔

الغرض یہ علم کا غلبہ مقتضائے علم کے مطابق ارادے کے غلبے کا موجب ہوگا اور ظاہر ہے کہ اختیاری فعل کی دونوں جانبوں میں سے ایک کا غلبہ دوسری جانب پر ترجیح کا موجب ہوگا۔ اور اس طرف ظاہر ہے کہ فعل کا سرمایہ یہی اس فعل کا ارادہ ہوتا ہے۔ جیسا کہ اس کے عدم کی علت عدم ارادہ ہوتا ہے اور ترک فعل کی علت اس فعل کے عدم کا ارادہ ہوتا ہے مگر چونکہ تردد کے وقت دو ارادے ایسے ایک دوسرے کے مقابلے میں تن جاتے ہیں جیسا کہ شک کے وقت دو علم ایک دوسرے کے مقابل ہو جاتے ہیں اگر ارادہ غالب آگیا تو فعل کا واقع ہونا ضروری ہو جاتا ہے کیونکہ ارادے کے لئے موانع کے نہ ہونے کی شرط کے ساتھ فعل لازم ہے۔ اور غلبے کی صورت میں بقدر غلبہ ارادہ موجود ہے۔ ہاں بقدر تعارض ایسا ہو گیا جیسا کہ تھا ہی نہیں اور اسی تقریر سے غلبۂ ظن پر عقلی وجوب غالب آیا۔ مگر ظاہر ہے کہ ظن کے غلبے کے افادے کی صورت میں بھی مطلب وہی نکلا۔ کیونکہ عمل کا واقع ہونا ہر صورت میں برابر ہے خواہ ظن کا افادہ ہو یا یقین کا افادہ فرق اگر ہوگا تو علم اور اس کے نتائج تکفیر اور تضلیل میں ہوگا لیکن جو لوگ حق بیں آنکھ اور حق شناس عقل رکھتے ہیں وہ خود جانتے

غلبۂ ظن باشد۔ چہ اکنوں کہ ہمہ اسباب علم بالاء خبر
متواتر مفقود تکلیف زیادہ ازیں نہ عقلاً درست است
نہ نقلاً پس باوجود خبر متواتر ترک تسلیم بقدر مذکور
ناشی از شوخیہا و شوخ چشمیہا باشد۔ وہمیں است
کفر واللہ اعلم بالصواب۔

خبر متواتر موجب یقین بالجملہ خبر متواتر بالیقین موجب اطمینان قلبی ست
ہزار ہا کس را مشاہدہ باید کرد کہ چنانکہ در مشاہدات
قلوب اوشاں مطمئن است ہمچنیں باستماع از جم غفیر
کہ بے غرضانہ گفتہ باشند اطمینان حاصل است اتفاق
طبیعت بہ سکون در ہر دو صورت موجود اند زیں صورت
زیں را مفید گفتن و آنرا نگفتن بجز تحکم ہیچ نیست۔
و آنکہ دربارہ افادہ یقین متواتر ظاہر بیناں را ایں
خدشہ پیش می آید کہ چوں در ہر خبر واحد احتمال کذب
موجود در مجموعہ ہم ہمیں احتمال باشد۔ جوابش اہل نظر
باریک را از وجہ دلالت خبر متواتر بر صدق واضح شدہ
باشد۔ مگر چوں اجمال بتفصیل نمی رسد۔ قدرے
مفصل مے گویم۔

احکام افراد بدو گانہ احکام افراد بدو گونہ باشند یکی احکام مطلقہ کہ بسوی مطلقے کہ
دریں مقید یعنی فرد ماخوذ است، منسوب باشند۔
مثلاً نطق زید بجانب انسانیت او کہ درو ماخوذ
است۔
دوئم احکام مشخصہ کہ راجع بسوئے تشخص باشند۔
مثلاً کیفیات آواز زید و عمرو وغیرہ از خوبی و زشتی
وبلندی و پستی کہ در افراد مختلف، مختلف باشند
یا سیلان قطرہ و کوتاہی مساحت وی و کمی وزن آں

ہونگے کہ اس صورت میں ایمان بقدر غلبۂ ظن تسلیم کرنے کا نام
ہے کیونکہ اب تمام علم کے اسباب خبر متواتر سے بالا مفقود ہیں۔ اس سے
زیادہ تکلیف نہ عقلی طور پر درست ہے نہ نقلی طور پر۔ پس خبر متواتر
کے باوجود بقدر مذکور تسلیم نہ کرنا شوخیوں اور شوخ چشمیوں کی
پیداوار ہے اور یہی کفر ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

موجب یقین خبر متواتر الحاصل خبر متواتر یقیناً اطمینان قلبی کا موجب ہے۔ ہزاروں
آدمیوں کو دیکھنا چاہیے کہ جیسا کہ آنکھوں سے دیکھی ہوئی چیزوں
میں ان کے دل مطمئن ہو جاتے ہیں اسی طرح جم غفیر سے سننے سے
کہ انہوں نے بغیر کسی غرض کے کہی ہو اطمینان حاصل ہوتا ہے
دونوں صورتوں میں طبیعت کیلئے تسکین موجود ہے اس صورت
میں اس کو مفید کہنا اور اس کو مفید نہ کہنا دھاندلی کے سوا اور کیا
ہے اور متواتر خبر سے یقین کا فائدہ دینے میں سطحی نظر رکھنے والوں
کے لئے جو یہ خدشہ پیش آتا ہے کہ جب ہر خبر واحد میں کذب کا
احتمال موجود ہے تو مجموعے میں بھی یہی احتمال ہوگا۔ اس کا جواب
باریک نظر رکھنے والوں کیلئے خبر متواتر سے صدق پر دلالت کی
وجہ سے واضح ہو گیا ہوگا۔ مگر چونکہ اجمال تفصیل کے درجے کو
نہیں پہنچتا ہے اس لئے قدرے مفصل کہتا ہوں۔

افراد کے دو قسم کے احکام افراد کے احکام دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک تو احکام مطلقہ جو
اس مطلق کی طرف کہ اس مقید یعنی فرد میں ماخوذ ہے، منسوب
ہوں۔ مثلاً نطق زید اس کی انسانیت کی جانب میں کہ
اس میں ماخوذ ہے۔
دوسرے احکام مشخصہ جو کہ تشخص کی طرف لوٹتے ہیں
مثلاً زید اور عمرو کی آوازوں کی کیفیات اچھی اور بری
زور سے اور آہستہ سے جو کہ مختلف افراد میں مختلف ہوتی ہیں
یا قطرے کا بہاؤ اور اسکی جسامت کوتاہی اور اسکے وزن کی

کہ اول از احکام مطلقہ است وثانی از احکام مشخصہ۔ چوں ایں قدر معلوم شد معلوم باید کرد کہ احکام مطلقہ در صورت اجتماع افراد ہماں ساں باشند کہ بودند۔ و احکام مشخصہ متغیر گردند۔ چہ مجموعہ شخص دیگر شد مگر چوں ایں جا نظر کردیم احتمال کذب را از احکام مشخصہ یافتیم۔ و احتمال صدق را از احکام مطلقہ۔ وجہش خود ظاہر است و من ہم گفتہ آمدہ ام کہ اصل وضع کلام بہر اخبار واقع و اظہار مرام است و باز محبت نوعی باعث ایں اظہار و اخبار و احتمال کذب ناشی از احتمال غلط فہمی است یا از احتمال غرضی فاسد۔ اگر از طرف غرض فاسد اطمینانی کلی بہم رسد باجتماع آراء و اتفاق کلمات بطوریکہ گفتم احتمال کذب زائل شد۔ آری ہماں احتمال صدق باقی ماند و پیدا است کہ یقین ہمیں بقاء احتمال واحد و زوال احتمال ثانی است۔ و ایں بداں ماند کہ یک رشتہ چنداں مستحکم و محکم نباشد اما اگر رشتہائی چند بہم آرند آں ضعف مرتبہ تشخص زائل شود۔ و آں قوت از احکام اطلاق است چہ رشتہ موضوع بہر تعلیق باشد بدستور ماند۔

غرض ہر خبر مصدق خبر دیگر است و بہم پیوستہ احتمال صدق شیئاً فشیئاً قوت پذیرد۔ ازیں جا امکان حصول الیقین بہ تزاید۔ اخبار و اقوال را معلوم شدہ باشد واللہ اعلم وعلمہ اتم و احکم۔

کی کہ اول احکام مطلقہ سے ہے اور دوسری احکام مشخصہ سے۔ جب اتنی بات معلوم ہو گئی تو یہ بھی معلوم کرنا چاہئیے کہ احکام مطلقہ اجتماع افراد کی صورت میں اسی طرح جیسے کہ تھے اور احکام مشخصہ بدل جاتے ہیں کیونکہ شخص کا مجموعہ دوسرا ہو گیا۔ مگر جب ہم نے یہاں دیکھا تو کذب کے احتمال کو ہم نے احکام مشخصہ میں سے پایا۔ اور صدق کے احتمال کو احکام مطلقہ میں سے پایا۔ اس کی وجہ خود ظاہر ہے اور میں بھی وہ وجہ بیان کرکے آیا ہوں کہ کلام کی اصل وضع (بناوٹ) امر واقع کی خبر دینے اور دلی مقصد کے اظہار کے لئے ہے اور ہم جنس نوع[1] کی محبت اس اظہار اور اخبار کا باعث ہے اور جھوٹ کا احتمال غلط فہمی کے احتمال سے پیدا ہونے والا ہے یا کسی فاسد غرض کے احتمال کی وجہ سے اگر غرض فاسد کی طرف سے کلی اطمینان حاصل ہو جائے تو راویوں کے اجتماع اور الفاظ کے اتفاق سے جیسا کہ ہم نے کہا کذب کا احتمال زائل ہو گیا۔ ہاں وہی صدق کا احتمال باقی رہ گیا اور ظاہر ہے کہ یقین ایک احتمال کا باقی رہ جانا اور دوسرے احتمال کا زائل ہو جانا ہے۔ اور یہ ایسی طرح ہے کہ ایک دھاگہ کوئی زیادہ مضبوط اور پختہ نہیں ہوتا لیکن اگر چند دھاگے آپس میں ملائیں تو تشخص [illegible] مرتبے کا وہ ضعف زائل ہو جائیگا اور وہ قوت جو کہ اطلاق کے احکام میں سے ہے کیونکہ دھاگا کسی چیز کو لٹکانے (باندھنے) کے لیے بنایا جاتا ہے۔ وہ قوت بدستور رہیگی۔

غرض ہر خبر دوسری خبر کی تصدیق کرتی ہے اور دھاگے کی طرح آپس میں مل کر تدریجاً قوت پکڑتی ہے اور یہیں سے خبروں کے زیادہ ہونے سے یقین حاصل ہونے کا امکان [illegible] کو معلوم ہو گیا ہوگا۔ واللہ اعلم وعلمہ اتم و احکم

نوٹ:۔ اس مکتوب کا ترجمہ ۲۸ ذوالحجہ ۱۳۸۸ھ مطابق ۱۸ مارچ ۱۹۶۹ء بروز منگل دو بجکر تیس منٹ پر شروع کیا اور ۵ محرم ۱۳۸۹ھ مطابق ۲۴ مارچ ۱۹۶۹ء بروز پیر گیارہ بجکر پینتیس منٹ پر ختم ہوا۔ الحمد للہ۔

[1] جیسے انسان کی محبت اپنی نوع انسان کے ساتھ۔ مترجم

تعارف مکتوب الیہ

و

خلاصۂ مکتوب دہم بنام نواب محی الدین

یہ مکتوب نواب محی الدین صاحب مرحوم ساکن مراد آباد کے نام ہے۔ نواب صاحب مراد آباد کے ایک بڑے گھرانے کے چشم و چراغ تھے آپ کو حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے شرف تلمذ حاصل تھا۔ بھوپال ریاست میں عرصے تک قاضی کے عہدے پر فائز رہے دار العلوم دیوبند کی سالانہ روئدادوں کے دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ آپ دار العلوم کی مجلس شوریٰ کے تا وفات ممبر رہے۔ چنانچہ سال بسال آپ کا نام مجلس شوریٰ کے ممبروں کی فہرست میں موجود ہے۔ آپ نے دار العلوم کی بہت سی خدمات انجام دی ہیں، نہایت دیندار، ثقہ عالم اور متقی پرہیزگار لوگوں میں سے تھے۔ باوجودیکہ نواب گھرانے میں پیدا ہوئے لیکن طبیعت میں مسکینی تھی۔

خلاصۂ مکتوب حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نے آیات و احادیث متشابہ کو متشابہ کہنے کی دو وجہیں بیان فرماتے ہوئے لکھا ہے کہ چونکہ ان آیات و احادیث میں حق باطل کے ساتھ مشتبہ ہو جاتا ہے اس لئے متشابہات کو متشابہات کہا جاتا ہے۔ آیت متشابہ یا حدیث متشابہ میں اصل مقصد پر غیر مقصد کا شبہ ہو جاتا ہے۔ لیکن متشابہات کو متشابہات کہنے کی یہ وجہ ہے اور دوسری وجہ یہ ہے کہ جب ایک متشابہ آیت یا حدیث کی دوسری آیت اور دوسری حدیث کے معنی کے ذریعہ تائید اور تفسیر کرکے اس کے معنی متعین کئے گئے ہوں تو چونکہ یہ آیتیں یا حدیثیں ایک ہی جیسی ہوتی ہیں اس لئے ان کو متشابہات کہا جاتا ہے کہ ایک دوسرے کے متشابہ ہیں۔ حدیث حسب ذیل جس کا مطلب مولانا محی الدین صاحب نے مولانا محمد قاسم صاحب سے پوچھا ہے متشابہات میں سے ہے:۔

قال قلت یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم این کان ربنا قبل ان یخلق خلقہ قال کان فی عماء ما تحتہ ھواء وما فوقہ ھواءٌ وخلق عرشہ علی الماء (مشکوٰۃ از ترمذی)	راوی نے کہا کہ میں نے کہا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مخلوق کے پیدا کرنے سے پہلے ہمارا رب کہاں تھا۔ فرمایا بدلی میں تھا کہ اس کے نیچے ہوا اور اس کے اوپر ہوا تھی اور اس نے اپنے عرش کو پانی پر پیدا کیا۔

حجۃ الاسلام متشابہات کا مطلب بیان کرنے کے بعد حدیث بالا کا مطلب لکھتے ہیں:۔

عماء مد کے ساتھ ابر کو کہتے ہیں لیکن غیب کا بادل اور پانی اور غیب کا آسمان اور آفتاب اور ہوتا ہے اور اس ظاہری دنیا کا بادل، پانی، آسمان اور سورج اور طرح کے ہوتے ہیں۔ اس دنیا میں اگر بادل یہ ہے جو کہ آسمان کے نیچے اور زمین کے اوپر ہوتا ہے تو غیب کی دنیا میں جو کہ عالم غیب کا وطن ہے۔ اس پہلے ہوئے وجود کو بادل کہنا چاہیئے جو کہ خدا کی ذات کے مرتبے کے نیچے ہے اور اشیاء عالم کے مرتبے سے بلند ہے اور جیسا کہ نباتات کی نشو و نما اس دنیا کے بادل کی بارش سے ہوتی ہے ٹھیک اسی طرح تمام دنیا کی نمائش اس بھلائیوں اور برکتوں کے بادل کے پانی کی آمیزش سے ہے۔ الغرض تمام دنیا کے وجود کے باعث یہی وجود منبسط ہے۔ اور وہ وجود بادل میں پانی کی طرح غیب کے بادل میں چھپا ہوا دنیا اور ممکنات پر فیضان کر رہا تھا۔ جس نے دنیا کو بنایا اور پھر اس کی تربیت فرماتا اس غیب کے بادل کے نیچے بھی ہوا تھی اور اوپر بھی۔ ہوا کے معنی خالی جگہ کے بھی آتے ہیں۔ جیسے قرآن کریم میں افئدتہم ھواءٌ فرمایا گیا ہے کہ ان کے دل خالی ہیں تو مطلب یہ ہوا کہ وجود منبسط اور اس کی ذات یعنی جس بادل میں جلوہ گر ہے اس کے اوپر اور اس کے نیچے خلا ہی خلا تھا، اور جس طرح ہوا آنکھ سے دکھائی نہیں دیتی اسی طرح اس وجود کے اوپر اور نیچے ہر جگہ خلا ہی خلا نظر آتا تھا جس کا مفہوم ” تو دل ہے کہ تجھ سے پہلے کچھ نہ تھا اللہ تھا آخر ہے کہ تیرے بعد کوئی چیز نہیں“ سے ملتا ہے گویا اس حدیث میں ہوا کے مفہوم سے افادی پہلو یہ نکلتا ہے کہ کان اللہ ولم یکن معہ شیٔ کہ اللہ ہی تھا اور اس کے سوا کچھ نہ تھا۔ اب رہا عرش کو پانی پر پیدا کیا تو جیسا کہ احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ زمین اور کائنات کے پیدا کرنے سے پہلے پانی ہی پانی تھا اور پھر اس میں سے زمین کو پیدا کیا گیا اس سے پہلے اس سے پانی پر عرش کو بنایا اور کائنات پر محیط۔ خلاصہ ہماری سمجھ میں جو آیا خلاصہ لکھ دیا ورنہ جو آپ کی تحریر مشکل [illegible]

مکتوب دہم

در شرح حدیث ابی رزینؓ

قال قلت یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم این کان

"ابو رزین نے کہا کہ میں نے پوچھا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہمارا رب اپنی مخلوق

ربنا قبل ان یخلق خلقہ قال کان فی عماء ما تحتہ

کے پیدا کرنے سے پہلے کہاں تھا۔ فرمایا کہ وہ بادل میں تھا کہ اس کے نیچے ہوا تھی اور اس کے

هواء وما فوقہ هواء وخلق عرشہ علی الماء کہ

اوپر بھی ہوا تھی اور اس نے اپنے عرش کو پانی پر بنایا" یہ

در مشکوٰۃ از ترمذی مروی است۔

حدیث مشکوٰۃ میں ترمذی سے مروی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین الرحمٰن الرحیم مالک یوم الدین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔

اما بعد ہیچکارہ بلکہ ناکارہ محمد قاسم غفر اللہ ذنوبہ وستر عیوبہ بخدمت سراپا کرمت عزیزم مولوی محی الدین احمد خان جعلہ اللہ کما یشاء۔

پس از سلام مسنون مدعا نگار است کہ دو بار پیام جناب تقدس مآب مفتی حسین احمد صاحب دربارۂ تحریر شرح حدیث ابی رزینؓ۔

قال قلت یا رسول اللہ این کان ربنا قبل

تمام تعریفیں اللہ تمام جہانوں کے پروردگار کیلئے ہیں جو نہایت مہربان اور بہت رحم والا اور روز جزا کا مالک ہے اور درود سلام رسولوں کے سردار محمد پر اور ان کی آل اور اصحاب پر ہو۔

حمد و نعت کے بعد ناچیز بلکہ ناکارہ محمد قاسم اللہ اسکے گناہوں کو بخشے اور اسکے عیبوں کو چھپائے، خدمت میں سراپا کرم مولوی محی الدین احمد خان صاحب کے اللہ انکو جیسا وہ چاہیں بنا دے۔

سلام مسنون کے بعد مدعا نگار ہے کہ دو مرتبہ مفتی حسین احمد صاحب مقدس بزرگ کا پیغام ابی رزینؓ والی حدیث کی شرح کے لکھنے کے بارے میں (جو یہ ہے کہ)

انہوں نے کہا کہ میں نے پوچھا یا رسول اللہ ہمارا رب اپنی مخلوق کو

(۱) بخلق خلقه قال کان فی عماء ماتحته هواء وما فوقه هواء وخلق عرشه علی الماء" که در مشکوٰۃ شریف از ترمذی آورده بذریعہ خط آں عزیز بگوشم رسید و سرمایۂ عز و افتخارم گردید مگر چوں ازیں کوچہ نابلد بودم اول بار بجز خموشی چارہ ندیدم چوں مکرر بانتظار جناب مفتی صاحب سلمہ اللہ و ادام اللہ برکاتہ اشارہ کردند سر خجالت بزانو بردم و حیران بودم چہ کنم۔ اگر بنویسم چہ نویسم و اگر پہلو زنم ایں رشتۂ نیاز را چسگونہ برہم زنم۔ مگر چوں خدام را از اطاعت مخدوماں چارہ نیست رو بسوی عالم الغیب والشہادۃ کردہ قلم بدست گرفتم و بنام آں خداوند مفیض الخیر والجود نقش بندی خیالاتی کہ از آں طرف بدلم ریزند دریں اوراق آغاز نہادم۔ اگر مطابق ایماء حضرت عارف باللہ مولانا جامی قدس اللہ سرہ العزیز و حضرت راسخ فی العلم جناب شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ افتد زہی نصیب ورنہ خود مے دانم کہ ذہن نارساء من کجا و اشارات عالی مقامات ایں دو عالی مقام کجا۔

بظاہر ہمیں است کہ آں مضامین دور و دراز در آغوش خیال ایں مدہوش نیامدہ باشند اندیں صورت

پیدا کرنے سے پہلے کہاں تھا۔ فرمایا کہ عماء (بادل) میں تھا کہ اس کے نیچے بھی ہوا تھی اور اوپر بھی ہوا تھی اور عرش کو پانی پر پیدا کیا کہ مشکوٰۃ شریف میں ترمذی سے نقل کی ہے۔

خط کے ذریعہ میرے کان تک پہنچا اور میری عزت اور افتخار کا سامان بنا۔ مگر چونکہ میں اس کوچے سے نابلد ہوں اس لئے پہلے تو خموشی کے سوا کوئی چارہ نہ دیکھا لیکن جب دوسری مرتبہ جناب مفتی صاحب سلمہ اللہ و ادام اللہ برکاتہ کے انتظار کی طرف اشارہ کیا تو شرمندگی سے میرا سر جھک گیا اور میں حیران رہ گیا کہ کیا کروں، اگر لکھوں تو کیا لکھوں اور اگر پہلوتہی کروں تو تعلقات کو کس طرح توڑ ڈالوں مگر چونکہ خادموں کو مخدوموں کی اطاعت کے بغیر چارہ نہیں ہے تو حضور اور غیب کے جاننے والے خدا کی طرف توجہ کر کے قلم ہاتھ میں پکڑا اور اس بھلائی اور بخشش کے عطا کرنے والے کے نام کیساتھ ان خیالات کو جو اس طرف (۱) سے میرے دل میں ڈالتے ہیں۔ ان اوراق میں لکھنا شروع کر دیا اگر عارف باللہ مولانا عبدالرحمٰن (۲) جامی قدس اللہ سرہ العزیز اور علم میں راسخ جناب شاہ عبدالعزیز (۳) رحمۃ اللہ علیہ کے اشارے کے مطابق (میری یہ تحریر) واقع ہو جائے تو کیا ہی خوش قسمتی ہے ورنہ میں خود جانتا ہوں کہ میرا حقیقت تک پہنچنے والا ذہن کہاں اور ان دو بلند مقام حضرات کے اشارے کہاں۔

بظاہر تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ دور و دراز کے مضامین اس بے ہوش کے خیال کی آغوش میں نہ آ سکیں گے اس صورت

(۱) اس جملے سے واضح ہے کہ مولانا محمد قاسم صاحب کے علوم وہبی ہیں۔ کسی دقیق اور مشکل مضمون کے لکھنے پر آپ فوراً آمادہ ہو جاتے اور لکھنے لگتے تھے۔ اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ مشکل علوم کا قاسمی دل پر کشف ہوتا تھا۔ مترجم۔

(۲) ۔ مولانا عبدالرحمٰن جام کے رہنے والے مشہور عارف باللہ صوفی اور عالم جو شرح جامی اور مثنوی یوسف زلیخا کے مصنف ہیں، اپنے زمانے کے بڑے عاشق رسول اور فنا فی الرسول ہیں۔ انہوں نے زیر بحث حدیث کے متعلق تشریحی اور وضاحتی اشارے کئے ہیں جن کا حوالہ مولوی محی الدین صاحب نے اپنے مکتوب میں دیا ہے۔ مترجم

(۳) شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند اکبر کے مختصر حالات ما اہل بہ لغیر اللہ کی تحقیق والے مکتوب کے حاشیے میں لکھے جا چکے ہیں شاہ صاحب نے بھی زیر بحث حدیث پر اشارے کئے ہیں جن کا حوالہ نواب محی الدین صاحب نے دیا ہے۔ مترجم

بجز ایں گذارش کہ چاک فرمایند و ایں در ماندہ دور از راہ افتادہ را بدعاء ہدایت و اختتام بر ایمان در گیرند دیگر چہ گذارش کنم۔

تمہیدات چوں ایں قسم مضامین را بی ذریعہ تمہیدات از اشکال بسہولت آوردن سخت مشکل است۔ می خواہم کہ مقدمہ چند پیش از عرض مطلوب عرض کنم۔

سخن اولیں اولیں سخنی کہ در خور گذارش است ایں است کہ در آیات متشابہات[1] و احادیث متشابہہ[2] ہمچو ما ناداناں را نباید کہ سخنی گفتہ فارغ نشینیم۔ ایں اطمینان خاطر وقتی می باید کہ ذہن نارسا و نابکاراں را تا باں مقامات و مواطن رفیعہ گذر بود۔ ایں وقت کہ انکشاف حقائق را سامانی ندادہ اند اگری سزد۔ آری بدیہیات و مسلمات فن حقائق را بہر طور ملحوظ داشتن ضروری است پس ہر احتمالیکہ راست آید و مخالف بدیہیات و مسلمات ایں فن نباشد۔ اگر بہر اعتقاد وجزم و اطمینان خاطر کافی نیست باری بہر مدافعۃ طاعناں بکار آمدنی است۔

میں اس گذارش کے سوا کہ میری تحریر کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالیں اس ہدایت کی راہ سے دور جا پڑے ہوئے کو ہدایت او ایمان پر خاتمے کی دعا سے یاد کریں اور کیا گذارش کروں۔

تمہیدیں چونکہ اس قسم کے مضامین کو تمہیدات کے بغیر مشکل سے آسانی کی طرف لانا دشوار ہے اس لئے میں چاہتا ہوں کہ چند تمہیدی باتیں مقصد کے عرض کرنے سے پہلے عرض کروں۔

پہلی بات پس پہلی بات جو عرض کے قابل ہے یہ ہے کہ آیات متشابہات[1] اور احادیث متشابہات[2] میں ہم جیسے نادانوں کو یہ مناسب نہیں کہ ایک آدھ بات کہکر فارغ ہو بیٹھیں۔ یہ اطمینان دل اس وقت ہونا چاہیئے کہ نالائقوں کے حقیقت تک نہ پہنچنے والے ذہن کا ان بلند مقامات تک گذر ہو۔ اس وقت کہ حقیقتوں کے ظاہر ہونے کیلئے کوئی سامان نہیں دیا ہے اگر کوئی بات ہو سکتی ہے تو شک اور گمان اور تخمینہ ہی ہو سکتا ہے۔ ہاں حقائق اور اسرار کے فن کی مسلمہ باتوں اور واضح امور کو بہر حال پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔ اس لئے جو شک ٹھیک نکل آئے اور اس فن کے مانے ہوئے اور واضح امور کے مخالف نہو۔ اگر دل کے اطمینان اور پختگی اور اعتقاد کے لئے کافی نہیں ہے (تو نہ سہی) تاہم اعتراض کرنے والوں کے بچاؤ کیلئے کارآمد ہے۔

---

[1] آیات متشابہات قرآن کریم کی وہ آیتیں ہیں جن کے معنی میں ابہام ہو اور اس کے مختلف معنی لئے جا سکتے ہوں لیکن شارع علیہ السلام کی طرف سے اس کے جو معنی متعین کئے گئے ہوں اس پر یقین لانا چاہیئے۔ ایسے دوسرے معنی اختیار کرنے نہ چاہئیں جو شارع کے منشاء کے خلاف ہوں اپنے نفس کی خواہش کے ماتحت دوسرے غلط پیدا ہونے والے معنی کا اتباع نہ کیا جائے جیسا کہ گمراہ اور کجرو لوگ کیا کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ آیات قرآنی دو قسم کی ہوتی ہیں محکمات اور متشابہات۔ محکم آیتیں وہ کہلاتی ہیں جو اپنے مطلب کی وضاحت رکھتی ہیں اور اس کے معنی مبہم نہیں ہوتے مثلاً حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ یعنی تم پر تمہاری مائیں اور بیٹیاں حرام ہیں۔ یہ آیت آخر تک اپنے مطلب کی وضاحت میں کوئی ابہام نہیں رکھتی لیکن متشابہ آیت جیسے يَدُ اللَّهِ فَوْقَ أَيْدِيهِمْ میں ید کا مطلب متشابہ ہے کیونکہ اللہ کا ہاتھ نہیں ہوتا لہذا ہاتھ سے وہ معنی مراد لیں گے جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے بتائے ہیں۔ مترجم

[2] احادیث متشابہات بھی ایسی احادیث کو کہا جاتا ہے کہ جن کے معنی واضح نہ ہوں البتہ منشاء رسول صلی اللہ علیہ وسلم معلوم کرنے کیلئے کسی اور حدیث سے اس کے معنی واضح ہو سکیں تو ان معنی کو اختیار کرنا ورنہ اس پر ایمان لانا چاہیئے اور اس کے جو بھی معنی آنحضور نے لئے ہوں ان کا اعتقاد کرنا چاہیئے۔ مترجم

متشابہات را متشابہات گفتن چرا

دوسرا ایں سخن ایں است کہ متشابہات را متشابہات ازاں گفتہ اند کہ حق مشتبہ بباطل و احتمال مقصود مشتبہ بغیر مقصود مے گردد۔ تا آنکہ آیتی را بآیت دگر و حدیثی را بحدیثی دگر تفسیر و تائید کردہ اند۔ و نظر بریں باہم دگر متشابہ و متناظر باشند۔ اگر اول است مثالش

یَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ (آیت)

یا

اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى (آیت)

وہم حدیث مشار الیہا است۔ چہ ایں ہمہ نصوص بر مشابہت ذات و صفات و تجلیات خداوندی بذات و جوارح بنی آدم و دیگر حیوانات دلالت دارند۔ و بدلالت لَیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّهُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ (قرآن کریم) وہم بشہادت دلائل عقلیہ از مسلمات است کہ دریں چنیں امور بجز مشابہت اسمی اشتباہی دگر نیست۔

واگر ثانی است مثالش آیتہ

اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً (قرآن کریم)

وآیتہ

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ

یا آیتہ

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِیْثَاقَ النَّبِیّٖنَ لَمَآ اٰتَیْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ

متشابہات کو متشابہات کہنے کی وجہ

اور اس بات کا بھید یہ ہے کہ متشابہات کو متشابہات اس لئے کہا ہے کہ حق، باطل کیساتھ مشتبہ ہو جاتا ہے اور اصل مقصد پر غیر مقصد کا شبہ ہو جاتا ہے۔ تا آنکہ یہ شبہ جب دور ہوتا ہے جبکہ ایک آیت کی دوسری آیت سے اور ایک حدیث کی دوسری حدیث سے تفسیر اور تائید کی ہو۔ اس بات پر نظر رکھتے ہوئے ایک دوسرے کے متشابہ ہوتی ہیں۔ اگر متشابہ پہلی قسم کا ہے تو اسکی مثال ہے

”اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں کے اوپر ہے“

یا

”رحمٰن نے عرش پر تجلی فرمائی“

اور مذکورہ بالا حدیث ابی رزین بھی متشابہ ہے کیونکہ یہ سب نصوص[1] خدا کی تجلیات اور صفات و ذات کی آدمیوں کے اعضاء، صفات اور ذات کے ساتھ مشابہت پر دلالت کرتی ہیں اور ”اس اللہ کی مانند کوئی چیز نہیں ہے اور وہ سننے دیکھنے والا ہے“ کی دلالت اور دلائل عقلیہ کی شہادت کے مطابق یہ مانی ہوئی باتوں میں سے ہے کہ ان جیسے امور میں نام کی مشابہت کے سوا اور کوئی دوسری مشابہت نہیں ہے۔ اور اگر دوسری قسم کی مشابہت ہو تو اسکی مثال آیت

”جبکہ آپ کے رب نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں زمین میں خلیفہ بنانے والا ہوں۔“

اور آیت (حسب ذیل)

”اور جبکہ ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو“

یا آیت (آئندہ)

”اور جبکہ اللہ نے نبیوں سے عہد لیا کہ میں نے جو تمہیں کتاب اور حکمت دی پھر تمہارے پاس کوئی رسول تمہارے ساتھ والی کتاب کی تصدیق کرنے والا

[1] نصوص، نص کی جمع ہے۔ صاحب منجد لکھتے ہیں: النص ۔ مصدر کلام ۔ ج نصوص ۔ والنص من کل شیء ۔ انجام ۔ انتہا ۔ النص من الکلام ایسا کلام جس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو۔ مترجم

بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ

و آیت

وَمَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ

است۔

آیۂ اول (اذ قال ربك) تفسیر آیۂ ثانی (واذ قلنا للملئکة) وثانی منجملہ مقتضیات اول ومویدات اوست یعنی چوں دریں سجدہ احتمال معبودیت حضرت آدم علیہ السلام نیز موجب تردد موحداں بود بآیۂ اولیٰ رفع ایں وہم فرمودند واشارہ بہ نیابت ومسجودیت بالعرض کہ ہمانا مفاد قبلہ باشد نمودند۔ بالجملہ خلافت مقتضی آں است کہ ہمہ شیون منیب ومستخلف حسب لیاقت در خلیفہ در آیند۔ وایں مسجودیت موید آں است ومسجودیت باعتبار نفس مفہوم عام بود مسجودیت ذاتی باشد یا عرضی۔ خلافت محمل بالعرض فرود آورد ہمچنیں اخذ میثاق انبیاء مشیر بآں است کہ انبیاء علیہم السلام را بحضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم روی نیازمی باید آورد۔ مگر وجہش معلوم نبود مضمون خاتم النبیین آنرا موجہ گردانید۔ مضمون خاتم النبیین نظر بظاہر الفاظ در حیز خفا بود۔ مفاد آیۂ

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ (قرآن کریم)

احتمال مخالف مقصود را از میان برداشت۔ مگر ہرچہ باداباد آیات متشابہات واحادیث متشابہہ مغلط عوام ومزلت الاقدام باشند تواں گفت کہ امثال

آئے تو اس پر ایمان لانا اور اسکی مدد کرنا۔

اور آیت (آئندہ) ہے۔ (یعنی)

"اور نہیں ہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم تم میں سے کسی مرد کے باپ لیکن (وہ تو) اللہ کے رسول اور نبیوں کی مہر ہیں"

پہلی آیت (اذ قال ربك) دوسری آیت (واذ قلنا للملئکة) کی تفسیر ہے اور دوسری آیت پہلی آیت کی تائید کرنے والی اور منجملہ اس کے مقتضیات میں سے ہے یعنی چونکہ اس سجدے میں حضرت آدم علیہ السلام کی معبودیت کا احتمال توحید پرستوں کے تردد کا سبب تھا اس لئے پہلی آیت (اذ قال ربك للملئکة) سے اس وہم کو دور کر دیا اور بالواسطہ نائب ہونے اور مسجود ہونے کی طرف اشارہ کر دیا۔ کیوں کہ یہی قبلہ ہونے کا مطلب ہے۔ بہرحال خلافت اس بات کا تقاضہ کرتی ہے کہ اللہ کی تمام شانیں حسب لیاقت خلیفہ (یعنی آدم) میں آجائیں اور یہ مسجود ہونا اسکی تائید کرتا ہے اور نفس مفہوم کے اعتبار سے مسجودیت عام ہے خواہ مسجودیت ذاتی ہو یا عرضی لیکن خلافت[1] نے اسکو عرضی پر محمول کرایا اسی طرح انبیاء سے عہد کا لینا اس طرف اشارہ کر رہا ہے کہ انبیاء علیہم السلام کا خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ کی طرف نیازمندی سے رخ کرنا چاہیئے لیکن اسکی وجہ معلوم نہ تھی۔ خاتم النبیین کے مضمون نے اس کی وجہ بیان کر دی اور ظاہر الفاظ پر نظر رکھتے ہوئے خاتم النبیین کا مضمون پوشیدہ تھا۔ (چنانچہ) آیت

اور جبکہ لیا اللہ نے نبیوں سے عہد

کے معنی نے مقصد کے مخالف احتمال کو درمیان سے ہٹا دیا مگر کچھ بھی ہو متشابہ آیات اور احادیث عوام کی غلطی اور قدم کے ڈگمگا جانے کا سبب ہیں نہیں کہا جا سکتا کہ ہم جیسے لائق

[1] خلافت آدم نے یہ ظاہر کر دیا کہ ان کو سجدہ کیا جانا بالواسطہ تھا براہ راست نہ تھا کیونکہ براہ راست اللہ تعالیٰ مسجود ہے۔

ما نابکاران تا بحقیقت الامر و مقصود شارع رسیدیم
و گوہر مکنون معانی را بجلوہ گاہ تفسیر کشیدیم۔
کہ ایں منصب در ہمچو آیات و احادیث جز انبیاء کرام
علیہم السلام یا راسخان فی العلم از اتباع او شاں
کرامت نفرمودہ اند۔ آری ؎

گاہ باشد کہ کودک ناداں
بغلط بر ہدف زند تیری

بدیں سبب تفسیر عوام کہ بجز انبیاء کرام علیہم السلام
یا راسخان فی العلم ہمہ عوام اند، در خور اعتقاد بالجزم
و اطمینان قلبی نباشد۔
اما پس ازاں کہ مسلمات عقائد و بدیہیات ایں فن
را ملحوظ داشتہ باشند۔ دفع اوہام طاعناں و وسوسات
ناگفتہ بہ ازیں قسم اقوال متصور است۔

سخن دوم سخن دوم اینکہ عالم غیب و شہادت را
باہمچناں مطابق یک دیگر باید پنداشت
کہ روح و بدن را مطابق یک دیگر می بینیم۔ یعنی ہر کمالیکہ
از قوت باصرہ و سامعہ را بر چشم و گوش ظاہری قیاس
نتواں کرد۔ بلکہ ہمان ساں تفاوت خاک و عالم
پاک است کہ در جسم و روح بود ہمچنیں کمالات عالم
غیب را بجمال عالم شہادت نباید پیمود۔ و جز اشتراک
اسمی تصور نباید فرمود۔ بالجملہ ؎

غیب را ابرے و آبے دیگر است
آسمان و آفتابے دیگر است

حقیقت واقعہ اور شارع علیہ السلام کے مقصد کو پہنچ گئے
اور پوشیدہ معانی کو تفسیر کی جلوہ گاہ میں لے آئے۔
کہ یہ مرتبہ اس جیسی متشابہ احادیث اور آیات کی تفصیل کے
بارے میں انبیاء کرام علیہم السلام اور یا علم میں پختہ علماء جو انبیاء کے تابع
ہیں ان کے سوا خدا نے کسی کو نہیں بخشا ہے۔ ہاں ؎

کبھی ہوتا ہے کہ نادان بچہ
غلطی سے نشانہ پر تیر مارتا ہے

اس سبب سے عام لوگوں کی تفسیر اور انبیاء علیہم السلام یا
علم میں پختہ علماء کے سوا سب کے سب عوام ہیں پختہ اعتقاد اور
اور دلی اطمینان کے لائق نہیں ہوگی۔
ہاں مگر اس کے بعد کہ مانے ہوئے عقائد اور اس فن کی بدیہی
باتوں کو جو علماء ملحوظ رکھتے ہوں طعنہ دینے والے لوگوں کے اوہام
اور ناقابل بیان وسوسوں کا دور کرنا اسی قسم کے اقوال سے متصور ہے۔

دوسری بات دوسری بات یہ ہے کہ عالم غیب اور
عالم شہادت کو اس طرح ایک دوسرے
کے مطابق خیال کرنا چاہیے جیسا کہ روح اور بدن کو ایک دوسرے
کے ہم مطابق دیکھتے ہیں۔ یعنی ہر وہ کمال جو کہ عالم غیب میں ہماری
دیکھنے اور سننے کی طاقت سے اُس طرف (عالم غیب میں) چھپا
ہوا ہے وہ کمال جمالی صورت میں آنکھ اور کان سے اس طرف
(عالم شہادت میں) ظہور میں آگیا۔ مگر جیسا کہ دیکھنے والی اور سننے
والی قوت کو ظاہری آنکھ اور کان پر قیاس نہیں کر سکتے ہیں بلکہ اسی طرح
خاک اور عالم پاک کا فرق ہے جو کہ جسم اور روح میں ہے۔ اسی طرح غیب کی دنیا
کے کمالات کو آنکھوں کے سامنے موجود دنیا کے جمال سے نہیں ناپنا چاہیے۔
اور نام کی شرکت کے سوا اور کچھ خیال نہیں کرنا چاہیے۔ الحاصل ؎

غیب[1] کا بادل اور پانی اور ہی کچھ ہے
اور غیب کا آسمان اور آفتاب بھی اور ہی دوسرا ہے۔

[1] یہ شعر مولانا جلال الدین رومی کی مثنوی میں سے ہے۔ مترجم

مگر اہلِ فہم ازیں مثال کہ تمثال آمد خود فہمیدہ باشند کہ چنانکہ حقائق کمالات انسانی ہماں اوصاف روحانی است و ایں اعضائے جسمانی را بوجہ عروض و ظہور ہماں کمالات مجازاً و با عرض سمع و بصر نام نہادہ ایم۔ ہمچناں در کمالات متقابلہ عالمِ غیب و عالمِ شہادت حقیقت آں طرف است و ایں طرف پرتوۂ ہماں حقیقت سرمایہ ایں اطلاق مجازی و عرضی است نہ اینکہ حقیقت ایں است کہ ایں طرف دیدہ و دانستہ ایم و آں طرف مجاز چناں کہ در خیال اکثر ابناء روزگار جاگزیں باشد۔

سخنِ سوئم سخن سوئم اینکہ عکس آفتاب را کہ در آئینہ افتد و ہمچنیں ہر چہ ایں چنیں باشد عین آفتاب نتواں گفت مگر بایں ہمہ شکل ہماں است و نور ہماں۔ غرض در مرتبۂ شکل وحدت است اگر باشد در متشکل تعدد باشد۔ ورنہ اگر در ہر دو مرتبہ تعدد و تباین بود عکس را با اصل خود چہ علاقہ بود و باز بکدام وجہ از اصل خود یاد دہد و براں دلالت کند و حکایت آں باشد۔ تفصیل ایں اجمال بقدر ضرورت انشاء اللہ در اوراق آئندہ بملاحظہ خواہد آمد۔ ایں جا فقط ایں قدر یاد کردن باید کہ در مرایا و مناظر[1] و مظاہر[2] حصول مرئی[3] و منظور و ظاہر بذات خود باشد نہ بہ شبح خود۔ مگر حصول متشکل در مرایا نباشد۔ آری اشکال را ایں سیر بلا حرکت میسر آید۔

لیکن سمجھدار لوگ اس مثال سے جو کہ ایک عکس ہے خود سمجھ گئے ہونگے کہ جیسا کہ انسان کے کمالات کی حقیقتیں وہی روحانی اوصاف ہیں اور ان جسمانی اعضاء کو ان کمالات کے ظاہر ہونے اور عارض ہونے کی وجہ سے مجازی اور عرض کے طور پر ہم نے کان اور آنکھ نام رکھ دیا ہے اسی طرح عالمِ غیب اور عالمِ شہادت کے ان کمالات میں جو ایک دوسرے کے بالمقابل واقع ہوئے ہیں انکی حقیقت وہاں (عالمِ غیب) میں ہے اور یہاں (عالمِ شہادت میں) اسی حقیقت کا عکس ہے اور وہی اس مجازی اور عرضی اطلاق کا ذریعہ ہے۔ یہ بات نہیں ہے کہ ہم نے حقیقت کو یہاں دیکھ لیا اور جان لیا اور اس طرف (یعنی عالمِ غیب میں) مجاز ہے جیسے اکثر اہل زمانہ کے خیال میں یہ بات بیٹھ گئی ہے۔

تیسری بات تیسری بات یہ ہے کہ آفتاب کے عکس کو جو کہ آئینے میں پڑتا ہے یا آئینے کی مانند کسی اور چیز میں عکس پڑے تو اس عکس کو بعینہٖ آفتاب نہیں کہہ سکتے مگر اس کے باوجود شکل بھی وہی ہے اور نور بھی وہی۔ غرض یہ ہے کہ شکل کے درجے میں یکتائی ہے اگر تعدد ہوگا تو شکل اختیار کرنے والوں میں ہوگا ورنہ اگر دونوں درجوں میں شکل اور متشکل جدا جدا اور ایک دوسرے کے غیر ہوں تو عکس کو اس (سورج) کے ساتھ کیا تعلق رہے گا اور پھر کس وجہ سے وہ اصل کا ترجمان ہوگا اور اس پر دلالت کریگا اور اس کا پتہ پیش کرے گا۔ اس اجمال کی تفصیل ضرورت کے مطابق انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ اوراق میں آپ ملاحظہ کریں گے۔ یہاں تو صرف اتنا ذکر کر دینا ضروری ہے کہ آئینوں اور مناظر[1] اور مظاہر[2] میں ظاہر، منظور اور مرئی[3] بذاتِ خود حاصل ہوتے ہیں نہ کہ بطور عکس کے لیکن شکل والے کا حصول آئینوں میں نہیں ہوتا۔ ہاں شکلوں کو یہ گردش حرکت کے بغیر حاصل ہو جاتی ہے۔

---

[1] مناظر جس جگہ پر انسان کی نظر پڑتی ہے وہ نظر کی جگہ منظر کہلاتی ہے یہ اسم ظرف ہے اس کی جمع مناظر ہے پھر اس کا عام طور پر عرف عام میں مناظر قدرت پر اطلاق ہونے لگا۔ مترجم۔ [2] مظاہر یہ مظہر کی جمع ہے۔ جو اسم ظرف ہے۔ ہر چیز کسی کے ظاہر ہونے کی جگہ ہو اس کو مظہر کہتے ہیں۔ چاند، سورج، ستارے، دریا، پہاڑ اللہ کی ذات کے ظاہر ہونے کی جگہیں ہیں اس لئے ان کو مظاہر کہا جاتا ہے۔ مترجم۔ [3] مرئی وہ چیز جو دیکھی گئی ہو۔ مترجم۔

پس خود آفتاب اعنی معروض شکل معلوم را از رونق افروزی خانہ آئینہ عار باشد۔ شکل خود را کہ منصب ربوبیت مواقع ظلمت آباد بداں تعلق دارد۔ روانہ کند تا ہمہ کارہای خود از تنویر و افاضہ حرارت میدہد اگر باشد فرق شدت و ضعف باشد۔ لیکن بنسبت عکوس زمین و آسمان اگر بینند بلا تفاوت ہماں شدت و قوت است کہ اصل آفتاب را در نور افشانی و تنویر اصل آسمان و زمین بود۔ ما ایں پرتوہ و عکس را تجلی نام نہادہ میگوئیم کہ اشیاء کبیر المقدار عظیم الشان ہمچو آفتاب عالم تاب و زمین و آسمان کہ عظمت مقدار ہر یکے ازیں اجسام عظام محتاج بیان نیست در آئینہ متجلی شوند کہ مقدارے اگر دارد بس صغیر دارد و شانی اگر دارد بس حقیر۔ در قیام و قرار خود محتاج۔ زمین یا آسمان وغیرہ اجسام عظام و از ہر کہ خواہی پرس کہ ایں تجلی را در آئینہ خواہد گفت و ایں را ظرف آن قرار خواہد داد۔

نظر بایں طلسم کہ آئینہ بایں کوتاہی عرض و طول و ایں کمی ضخامت چہ قسم اجسام عظام را در آغوش دارد۔ و باایں ہمہ اگر دست بہ پشت آئینہ بریم نامی و نشانی و اثری ازاں وسعت و آں تجلیات نمی یابیم۔ خود بخود اعتراف بایں امر لازم است کہ احاطہ آوند آب وغیرہ را مثلاً با احاطہ آئینہ کہ با تجلیات اجسام عظام دارد بجز اشتراک اسمی شرکتی نیست۔ در احاطہ متبادرہ کہ در ظروف و مظروفات جسمانی باشد ضرور است کہ ظرف از مظروف اعظم و اوسع بود۔ و در احاطہ تجلیات بسا اوقات قصہ بالعکس باشد۔

پس خود سورج یعنی اس کی مقررہ صورت کے معروض کو آئینہ کے گھر میں رونق افروز ہونے سے شرم آتی ہے اس لئے آفتاب اپنی شکل کو کہ تاریکی کے مقامات کو روشن کرنا اس سے متعلق ہے (اپنا عکس) روانہ کرتا ہے تا آنکہ اپنے سب کام یعنی روشنی اور حرارت کا فیض پہنچاتا ہے۔ اگر ہے تو صرف شدت اور کمزوری کا فرق ہے لیکن اگر آسمان اور زمین کے عکسوں کی بنسبت دیکھیں تو بلا فرق کے وہی شدت اور قوت ہے جو کہ اصل آفتاب کو نور برسانے اور اصل آسمان اور زمین کو منور کرنے اور روشن کرنے میں ہے۔ ہم اس پرتو اور عکس کا تجلی نام رکھ کر کہتے ہیں کہ بڑی مقدار اور بڑی شان والی چیزیں جیسا کہ آفتاب عالمتاب اور زمین اور آسمان ہیں کہ ان اجسام میں سے ہر ایک کی بلندی اور بڑائی بیان کی حاجت نہیں رکھتی۔ آئینے میں جب جلوہ گر ہوتی ہیں تو ان کی مقدار بہت چھوٹی ہو جاتی ہے اور ان کی شان معمولی سی نظر آتی ہے اور وہ عکس اپنے قائم رہنے اور قرار حاصل کرنے میں زمین یا آسمان وغیرہ بڑے بڑے جسم والی چیزوں کے محتاج ہیں اور جس سے چاہو تم پوچھ لو وہ آئینے میں اسی قسم کی تجلی بتائے گا اور اس آئینے کو اس تجلی کا ظرف (جگہ) قرار پائے گا۔

اس طلسم پر نظر رکھتے ہوئے کہ آئینہ اتنے کم طول اور عرض ہونے کے باوجود اور اس قدر چھوٹی جسامت کے باوجود کتنے بڑے بڑے اجسام کو اپنے اندر سمو لیتا ہے۔ اور اس کے باوجود اگر آئینے کی پیٹھ کو ہم چھوئیں تو اس پھیلاؤ اور تجلیات کا کوئی نام و نشان بھی ہم نہیں پاتے (اس لئے) اس بات کا اپنے آپ ہی اقرار کرنا پڑتا ہے پانی کے برتن کے احاطے کو مثلاً آئینے کے احاطے کے ساتھ جو بڑے بڑے جسموں کی تجلیات کیساتھ رکھتا ہے نام کی شرکت کے سوا اور کوئی شرکت نہیں ہے۔ ایسا احاطہ متبادرہ جو جسمانی ظروف اور مظروفات میں ہوتا ہے اس میں یہ ضروری ہے کہ ظرف مظروف سے زیادہ بڑا اور زیادہ کشادہ ہو اور تجلیات

کے احاطے میں اکثر قصہ اسکے برخلاف ہوتا ہے کہ عکس ڈالنے والی چیز اس برتن سے بڑی ہوتی ہے۔

فرق درمیان احاطہ جسمانی و احاطہ تجلیات

احاطہ[1] جسمانی کہ اجسام را باہم دگر باشد ضرور است کہ اگر جسم محاط پیشتر بجیز دگر بود آنرا بگذارد و رو بظرف خود آرد و در احاطہ تجلیات تحرک متجلی از چیز اصلی و مکان ذاتی خود ضرور نیست۔

در احاطہ[2] متبادرہ وقت احاطہ مظروف محیط ظرف نتواں شد۔ و در احاطہ تجلیات ممکن است کہ بیکو جہ متجلی و ظاہر محیط جلوہ گاہ و مظہر خود ہم بود۔ نہ بینی کہ اگر مکعبی[3] از شش آئینہ ساختہ در وسط مکانی گذارند جہات ستہ آں مکان در آں مکعب جلوہ خواہد نمود و آں مکعب را بطرزیکہ اشارہ کردہ ام محیط آں خواہیم گفت مگر باایں ہمہ اصل مکان و آں مکعب را اگر بینیم معاملہ بالعکس است۔ مکان محیط است و مکعب مذکور محاط۔ ہمچنیں در احاطہ متبادرہ استقرار محاط فی المحیط یا علی جزو من المحیط باشد سا برعکس نتواں گفت۔ از دیوانہ گرفتہ تا عاقلاں باید پرسید ہمہ را دریں قضیہ اتفاق است۔ اما در احاطہ تجلی چناں کہ احاطہ از طرفین باعتبارین مختلفین باشد ممکن است کہ اصل متجلی و ظاہر اگرچہ محیط جلوہ گاہ و مظہر معلوم و ہمہ گیر محاطات باشد اما در مرتبہ تجلی و ظہور استقرار در جلوہ گاہ و مظہر یا بر جلوہ گاہ و مظہر بود۔ ہمیں مکعب و مکان را پیش نظر خیالی بگذار د بیں کہ اصل

احاطہ جسمانی اور احاطہ تجلیات میں فرق

جسمانی احاطہ جو جسموں کا ایک دوسرے کیساتھ ہوتا ہے ضروری ہے کہ اگر احاطہ کیا گیا جسم دوسرے کے مکان میں ہوگا تو اس کو چھوڑ دیگا اور اپنے ظرف کی طرف رجوع کریگا اور تجلیات کے احاطے میں عکس ڈالنے والے کا حرکت کرنا اپنی اصلی جگہ اور ذاتی مقام سے ضروری نہیں ہے۔

احاطہ[2] متبادرہ میں گھیرتے وقت مظروف کا احاطہ کرنے والا نہیں ہو سکتا اور تجلیات کے احاطے میں ممکن ہے کہ ایک اعتبار سے تجلی کرنے والا اور ظاہر ہونے والا اپنے جائے ظہور اور جلوہ گاہ کا احاطہ کرنے والا بھی ہو تم نے دیکھا نہیں کہ چھ آئینوں سے اگر مکعب[3] شکل بنائی جائے اور اس مکعب کو کسی مکان کے وسط میں رکھدیں تو اس مکان کی چھ کی چھ طرفین اس مکعب میں جلوہ گر ہونگی اور اس مکعب کو اس طریقے سے کہ میں نے اشارہ کیا ہے اس مکان کا محیط کہیں گے۔ مگر اس سب کے باوجود اس مکان کی اصل اور اس مکعب کی اصل کو اگر ہم دیکھیں تو معاملہ الٹا نظر آتا ہے کہ مکان اور مذکورہ مکعب محاط۔ اسی طرح احاطہ متبادرہ میں محاط محیط کے اندر یا محیط کے کسی جز پر قرار پائے ہوگا لیکن اس کے برعکس نہیں کر سکتے۔ دیوانے سے لیکر عقلمندوں تک پوچھ کر دیکھ لو کہ سب کا اس بات پر اتفاق ہے۔ لیکن تجلی کے احاطے میں جیسا کہ دونوں طرف دو مختلف اعتبارات سے احاطہ ہوتا ہے ممکن ہے کہ اصلی جلوہ گر اور اصل ظاہر چیز اگرچہ وہ جلوہ گاہ اور مظہر معلوم اور نیز دیگر احاطے میں آنے والی چیزوں کو گھیرے ہے لیکن تجلی اور ظہور کے مرتبے میں اس کا ٹھہراؤ یا تو مظہر اور جلوہ گاہ

---

[3] مکعب چھ سمتوں والے جسم کو کہتے ہیں یعنی جس میں اوپر نیچے، دائیں بائیں، آگے پیچھے کی چھ سمتیں ہوں۔ مترجم

مکان کعبہ و ہم دیگر اثاث البیت را محیط و مشتمل است
اما در مرتبہ تجلی بقدار فاصلہ مابین متجلی و آئینہ در باطن
آئینہ استقرار دارد و در جسم انسانی کہ ہمانا مظہر آثار
روحانی است، چہ حیات جسم طفیل روح است نہ بالذات
استقرار روح بر عضو خاص است ۔ دل را گوئی کہ صنعہ
صنوبری است یا دماغ را دانی کہ بلغمی است منجمد و با ایں ہمہ
احاطہ روحانی ہمانا بعموم خود است نتواں گفت
کہ در صورت استقرار روح بر دماغ یا دل اعضاء دیگر
از احاطہ روحانی بدر رفتند حاشا و کلا۔ چوں وجہ امتناع
اجتماع ایں قسم احاطہ عام و استقرار بعضو خاص در
موطن خاص جسمیت طرفین بود۔ ہر کہ فہم حقیقت شناس
دارد خود فہمیدہ باشد کہ اگر محیط و محاط و مستقر و مستقر
علیہ یا مستقر فیہ ہر دو از قسم جسم باشند اجتماع احاطہ
عام و استقرار خاص ممتنع باشد ۔ و اگر یکی ہم از یں
دو قید جسمیت را گسستہ یا از پیشتر بردن از یں احاطہ
نشستہ است مورد اینچنیں نیرنگی ہا می تواں شد چنانچہ
از امثلہ معروضہ ایں قصہ بوضوح پیوستہ باشد۔

روح انسانی خود از پیشتر پا بقید جسمیت نداده و عکس
آفتاب اگرچہ مقید بایں قید در عالم اول بود، چہ
حقیقتش ہمان شکل و صورت و قد و قامت است
کہ معروض ایں ہمہ آلائش بود مگر در عالم تجلی بروں
ازیں خانہ دوید و پا ازیں زنجیر کشید۔ چوں تنزیہ آں
خداوند پاک کہ تنزیہ روح و عکس آفتاب ہم نمونہ ایست
از آں بدرجہا غیر متناہیہ فزوں تر است ۔ امکان ایں

میں ہوگا یا مظہر اور جلوہ گاہ پر ہوگا۔ اسی کعبہ اور مکان کو خیال
کے پیش نظر لا کر دیکھو کہ اصل مکان تو اصل کعبہ اور دوسرے
گھر کے سامان کو احاطہ کئے ہوئے اور اپنے اندر لئے ہوئے ہے لیکن
تجلی کے درجے میں اس فاصلے کے بمقدار جو جلوہ گر چیز اور آئینے کے
درمیان ہے وہ آئینہ کے اندر ٹھہراؤ رکھتا ہے (یعنی اصل مکان) اور
جسم انسانی میں جو یقیناً روحانی آثار کا مظہر ہے اس لئے کہ جسم کی
زندگانی روح کے طفیل سے ہے بذات خود نہیں ہے۔ روح کا ٹھہراؤ
کسی خاص عضو پر ہے۔ دل تو گویا کہ ایک نیچے سے موٹا اور اوپر
سے پتلا لوتھڑا ہے یا دماغ کو یوں سمجھو کہ ایک جما ہوا بلغم ہے اور
اس کے باوجود روحانی احاطہ اسی طرح اپنی عمومیت کے طور پر ہے
نہیں کہہ سکتے کہ دماغ پر یا دل میں روح کے ٹھہراؤ کی صورت میں
دوسرے اعضاء روحانی احاطے سے باہر چلے گئے ہرگز نہیں۔
جب اس قسم کے عام احاطے اور خاص عضو یا خاص جگہ میں روح کے
ٹھہراؤ کے جمع نہ ہونے کی وجہ دونوں طرفوں کا جسم ہونا ہے تو پھر جو
شخص حقیقت شناس سمجھ رکھتا ہے تو وہ تو سمجھ گیا ہوگا کہ اگر احاطہ
کرنے والی اور احاطہ کی گئی اور ٹھہرنے والی اور جس پر اور جس میں ٹھہرا
ہو دونوں جسم کی قسم سے ہوں تو عام احاطے اور خاص ٹھہراؤ کا جمع
ہونا ناممکن ہے اور اگر ان دونوں میں سے کسی نے بھی جسمانیت کی قید کو توڑ دیا
پہلے ہی سے وہ احاطہ جسمانیت سے باہر تھا تو وہ اس قسم کی عجیب و غریب ظہور پذیر
چیزوں کا محل ہو سکتا ہے جیسا کہ پیش کردہ مثالوں سے یہ بات پوری واضح ہوگی۔
انسان کی روح نے پہلے ہی سے اپنے آپ کو جسمانیت کا پابند
نہیں کیا ہے اور سورج کا عکس اگرچہ پہلی دنیا میں اس قید میں مقید
تھا کیونکہ اس کی حقیقت وہی شکل و صورت اور قد و قامت ہے
جسکو یہ سب آلائشیں لگی ہوئی تھیں لیکن تجلی کی حالت میں اس قید
خانے سے باہر بھاگ نکلا اور اس زنجیر سے پاؤں آزاد کر لئے چونکہ
اس خدائے پاک کی پاکی کہ روح اور آفتاب کے عکس کی پاکی بھی اس کا
ایک نمونہ ہے اس روح اور عکس آفتاب سے بے شمار درجوں میں زیادہ

قسم اجتماع در اینجا چگونہ ہم رنگ امتناع باشد۔

آری پیشتر گفتہ ام کہ حقائق عالم غیب را با حقائق عالم شہادت جز اشتراک اسمی مشارکتی نیست۔ ایں سخن را ہر جا ملحوظ باید داشت۔ در سرحد وجوب کہ عالم غیب است و موطن بطون و ایں عالم امکان کہ شہادت و ظہور ان باشد ایں تفاوت را ملحوظ داشتہ بلا تامل بہ ثبوت اوصاف وجودیہ کہ در عالم امکان مشاہدہ مے کنیم در موطن وجوب حکم باید فرمود و ہیچ اندیشہ نباید کرد کہ بنائے ایں قسم اندیشہا ہمان قیاس یکی بر دیگر بود۔ چوں آن نیست، انہم چہ باشد و چوں باشد کہ خود در عالم بوجہ تفاوت ظہور و بطون و آلائش و تنزہ با ایں اشتراک ہیچ اشتراک نیست۔ مکان و زمان ہر دو محیط مظروفات خود باشند۔ مگر احاطہ یکی را باحاطہ دیگر قیاس نتوان کرد۔ آن واحد از زمانہ ہمان کون و مکان عالم امکان را در مے گیرد۔ و میدانی کہ ایں نیرنگی از مکان توقع نتوان داشت۔ اینجا وسعت مکان بقدر وسعت مکین باشد۔ ہمچنیں روح محیط بدن است و عقل و ذہن محیط معلومات و وجود محیط موجودات، خط مستدیر خطوط چند مستقیمہ محیط سطح باشند و ہمچنیں سطح محیط جسم۔

بڑھ کر ہے اس لئے اس قسم کے اجتماع کا امکان اس جگہ میں امتناع کی طرح پر کس طرح ہوگا۔

ہاں میں نے پہلے ہی کہدیا ہے کہ غیب کی دنیا کی حقیقتوں کی دنیا کی حقیقتوں کے ساتھ نام کی شرکت کے سوا اور کوئی باہم شرکت نہیں۔ اس مشارکت اسمی کو ہر جگہ پیش نظر رکھنا چاہئے اس لئے وجوب[1] کی سرحد میں جو کہ غیب کی دنیا ہے اور آنکھ سے پوشیدہ چیزوں کا وطن ہے اور یہ دنیا[2] کہ اس میں اس غیب کی دنیا کا ظہور اور مشاہدہ ہوتا ہے اس فرق کو ملحوظ رکھ کر اور بے فکر ہو کر وجود رکھنے والے اوصاف کے ثبوت میں کہ ہم دنیا میں مشاہدہ کرتے ہیں عالم غیب کی دنیا پر حکم کر دینا چاہئے اور کوئی اندیشہ نہ کرنا چاہئے۔ کیونکہ اس قسم کے اندیشوں کی بنیاد ایک کو دوسرے پر قیاس کرنے کی وجہ سے تھی۔ جب وہ نہیں ہے تو یہ بھی کیوں ہو اور کیوں کر ہو کہ خود دنیا میں ظاہر اور پوشیدہ اور آلائش و پاکیزگی کے فرق کے باعث اس اشتراک کے سوا اور کوئی اشتراک نہیں ہے رہے مکان و زمان، تو وہ دونوں اپنے اندر کی چیزوں کو احاطہ کئے ہوتے ہیں لیکن ایک کے احاطے کو دوسرے کے احاطے پر قیاس نہیں کر سکتے ہیں۔ زمانے کا ایک آنکھ جھپکنے کا عرصہ دنیا کے تمام کون و مکان کو اپنے اندر لے لیتا ہے اور تمہیں معلوم ہے کہ مکان سے اس عجیب بات کی توقع نہیں رکھی جا سکتی ہے۔ یہاں مکان کی کشادگی مکین کی وسعت کے برابر ہوتی ہے۔ اسی طرح روح بدن کو گھیرے ہوئے ہے اور عقل و ذہن معلومات کا احاطہ کئے ہوئے ہیں اور وجود موجودات کو محیط ہے اور گول دائرہ چند سیدھے خط سطح کو محیط ہوتے ہیں اور

۱؎ وجوب کی سرحد سے مراد خدائے کریم کی ذات کی سرحد جو غیب کی دنیا کہلاتی ہے۔ مترجم

۲؎ یعنی عالم مثال جس کو دنیا کہتے ہیں اس کی چیزیں عالم غیب کی چیزوں سے کوئی مشابہت نہیں رکھتیں لیکن پھر بھی اس دنیا کی چیزوں کو عالم غیب کے سمجھانے کے لئے مثال میں پیش کرنا پڑتا ہے۔ بقول غالب

ہر چند ہو مشاہدۂ حق کی گفتگو ؛ بنتی نہیں ہے بادہ و ساغر کہے بغیر — مترجم

مگر ہویدا است کہ احاطۂ ہر کی بر نگ دگر است۔ ازیں یک مثال پی بہ تفاوت دیگر اوصاف تواں برد و نیساں معروض احقر را بدل محکم تواں بدست۔

چوں ازیں مقدمات معروضہ فراغت یافتیم وقت است کہ از اصل مطلب نیز سرانجام آریم۔

۱- اصل مطلب و تحقیق حدیث و وجہ شبہ ابر و عماء

عماءٌ بالمد ابر را گویند مگر پیشتر گفتہ ام کہ ؎

غیب را ابری و آبی دیگر است
آسمان و آفتابی دیگر است

دریں عالم اگر ابر ایں است کہ زیر آسمان و بالاء زمین است در عالم غیب و بطون کہ موطن وجوب است آں وجود منبسط را باید گفت کہ زیر مرتبہ ذات است کہ منبع صفات فاعلات باشد و بالاء مرتبہ منفعلات اعنی ممکنات است۔ ہر صفتی وجودی کہ باشد لازم ذات اوست و ہر حقیقتی عدمی کہ بینی یکی از آثار اوست۔ چنانکہ نشو و نما و نباتات با آمیزش و یزش ایں ابر است۔ نمایش ہمہ کائنات با آویزش تنزل آں ابر خیرات و برکات۔ و چوں نباشد ؎

"الوجود خیر کلہ"

۲- چنانکہ اولین سامان نباتات ایں ابر باراں است ہمچناں اولین سامان کائنات ایں وجود است کہ بآں اشارہ کردہ ایم چہ صادر اول ہموں است و ہمہ صادرات از اتباع او۔ و ازیں جا است کہ ہر صفت در تحقق خود بہر موضوع محتاج وجود موضوع

اسی طرح سطح جسم کو محیط ہوتی ہے۔

مگر واضح ہے کہ ہر ایک کا احاطہ کسی دوسرے ہی طریقے کا ہے اس ایک مثال سے دوسرے اوصاف کے فرق کو معلوم کر سکتے ہیں اور احقر (مولانا محمد قاسم حسبنا) کی عرض کی ہوئی بات کو دل میں مضبوط کر کے رکھ سکتے ہیں۔

جب ہم ان مقدمات سے جو عرض کئے گئے ہیں فارغ ہو ہو گئے تو وہ وقت آ پہنچا ہے کہ اصل مطلب حدیث کو بیان کریں۔

اصل مطلب و تحقیق حدیث اور ابر و عماء میں وجہ شبہ

عماء مد کے ساتھ ابر کو کہتے ہیں مگر میں نے پہلے کہا ہے کہ ؎

غیب کا بادل اور پانی کوئی اور ہوتا ہے اور
غیب کا آسمان اور آفتاب بھی کوئی اور ہے

اس دنیا میں اگر بادل یہ ہے جو کہ آسمان کے نیچے اور زمین کے اوپر ہے تو غیب اور پوشیدگیوں کی دنیا میں جو کہ عالم غیب کا وطن ہے اس منبسط وجود کو ابر کہنا چاہئے جو کہ خدا کی ذات کے مرتبے کے نیچے ہے جو کہ فاعلی صفات کا منبع ہے اور ممکنات (یعنی اشیاء عالم) کے مرتبے سے بلند ہے۔ ہر وجود رکھنے والی صفت جو بھی کہ ہے اسکی ذات کو لازم ہے اور ہر عدمی حقیقت کو تم دیکھتے ہو۔ اسی کے آثار میں سے ہے۔ جیسا کہ نباتات کی نشو و نما اس بادل کی بارش کے ملنے سے ہوئی ہے۔ اسی طرح تمام دنیا کی نمائش اس بھلائیوں اور برکتوں کے بادل کی آمیزش سے ہے۔ اور کیوں نہ ہو ؎

" اور وہ وجود تمام کا تمام خیر ہے"

۲- جیسا کہ نباتات کی پرورش کا سب سے پہلا سامان یہ برسنے والا بادل ہے اسی طرح اس تمام دنیا کے وجود کا پہلا سامان یہ وجود منبسط ہے جس کی طرف ہم نے اشارہ کیا ہے کہ سب سے پہلا صادر (آنے والا) وہی ہے اور باقی تمام صادر ہونے والی چیزیں اسکے پیچھے ہیں اور یہیں سے معلوم ہوا کہ ہر صفت اپنے موضوع کے لئے

است نہ برعکس۔ اگر صفتی دیگر صادر اول بودی ایں قصہ منعکس و منقلب گردیدی۔ اندریں صورت اگر وجود را ملزوم و صفات وجودیہ را لازم ذات او خوانیم بجا باشد۔ مگر آنکہ عقل باریک بیں داشتہ باشد خود پنداشتہ باشد کہ وصف صادر نہ بہر تکمیل موصوف مطلوب است۔ نی، بلکہ صدور خود برایں قدر دلالت دارد کہ موصوف معدن اوصاف است۔ اندریں صورت موصوف در کمال خود محتاج اوصاف ذاتیہ و لوازم ذات خود نباشد۔ آری اوصاف و لوازم ذات در تحقق خود محتاج موصوف باشند۔

نظر بریں اگر اوصاف را بحیثیت اطلاق و تجرید زیر نظر کشند ہمہ را در مرتبہ ذات اثبات ضروری است۔ و اگر بحیثیت تنزل و ضعف کہ در مرتبہ وصفیت بود لحاظ کنیم سلب آں از مرتبہ ذات لازم۔

شرح معما شرح ایں معما قدری بسطے خواہد۔ در کلیات مشککہ مراتب سافلہ و متوسط مابین دو عدم باشند۔

۱۔ یکی عدم فوقانی

۲۔ دوم عدم تحتانی

عدم تحتانی از آثار نقص است و عدم فوقانی از دلائل کمال مثلاً نور ارض کہ مکتسب از آفتاب بود و در عرف ما آنرا دھوپ گویند دو عدم دارد۔

ثابت ہونے میں موضوع کے وجود کی محتاج ہے۔ نہ برعکس (کہ موضوع صفت کا محتاج ہے) اگر کوئی اور صفت سب سے پہلے آتی تو یہ قصہ ہی الٹا اور برعکس ہوتا۔ اس صورت میں اگر وجود کو ملزوم اور وجود میں آنے والی صفات کو اس کی ذات کے لئے لازم کہیں تو درست ہوگا لیکن جو شخص کہ باریک چیزیں دیکھنے والی عقل رکھتا ہوگا اس نے خود سمجھ لیا ہوگا کہ صادر ہونے والا وصف، موصوف کی تکمیل کے لئے مطلوب نہیں ہے۔ نہیں بلکہ صادر اول کا صادر ہونا اتنی بات پر دلالت کرتا ہے کہ موصوف، اوصاف کی کان ہے۔ اس صورت میں موصوف اپنے کمال میں ذاتی اوصاف اور اپنی ذات سے متعلق لوازمات کا محتاج نہ ہوگا۔ ہاں اوصاف اور ذات کو لازم چیزیں اپنے وجود میں آنے کے لئے موصوف کی محتاج ہوں گی۔

اس بات پر نظر رکھتے ہوئے اگر اوصاف کو مطلق اور مجرد ہونے کی حیثیت سے نظر میں لائیں تو سب کو ذات کے مرتبہ میں ثابت کرنا ضروری ہے اور اگر پستی اور کمزوری کی حیثیت سے جو کہ صفت کے مرتبے میں ہے ہم دیکھیں تو اس صفت کا ذات کے مرتبہ سے نفی کرنا ضروری ہے۔

معمے کی شرح اس چیستاں کی شرح کچھ تفصیل کی محتاج ہے بات یہ ہے کہ کلیات مشککہ[1] میں نیچے اور درمیان کے مرتبے دو عدموں کے درمیان ہوتے ہیں۔

۱۔ ایک عدم فوقانی (یعنی وجود سے پہلے کا عدم)

۲۔ عدم تحتانی (یعنی وجود کے بعد کا عدم)

نیچے کے درجے میں عدم نقص کے آثار میں سے ہے اور اوپر کے درجے میں عدم کمال کے دلائل میں سے ہے۔ مثلاً زمین کا نور جو آفتاب سے حاصل کیا گیا ہے اور ہمارے عرف میں اس کو دھوپ کہتے ہیں دو عدم رکھتا ہے۔

۱۔ کلی مشکک وہ کلی کہلاتی ہے جو اپنے افراد پر صفت کی شدت اور ضعف کے اعتبار سے مختلف ہو۔ مترجم

۲۔ نور ایک ایسی کلی مشکک ہے جو کہیں تو زیادہ اور کہیں کم ہوتا ہے۔ جہاں وہ نور آفتاب سے ظاہر ہوتا ہے۔ وہاں زیادہ ہے اور جب وہ زمین پر آکر گرتا ہے جسے دھوپ کہتے ہیں تو اتنا شدت سے نہیں ہوتا۔ یہی کلی مشکک ہوتی ہے۔ مترجم

یکی تحتانی که در ذات زمین است، چه نتوان گفت که زمین در حد ذات این نور دارد۔
دوم عدم فوقانی که در مراتب عالیه نور است یعنی شعاع مستطیل و آن نور ملاصق که در جرم آفتاب بود اقرار آن ضروری است۔
ہمہ دانند که اطلاق دھوپ بر آں مراتب غلط است پس چنانکه عدم تحتانی بر نقص زمین دلالت دارد ہمچنیں عدم فوقانی بر کمال شعاع و نور ملاصق آفتاب شاہد است۔ مگر ازیں جا دانستہ باشد که اطلاق علم و قدرت وغیرہ صفات تا ہماں مراتب روا است که موصوف بصدور باشند۔ و وجہش آنکہ وضع ایں اسماء بہر ایں مراتب است۔ اطلاق آں در مراتب فوقانی ہم چناں ممنوع باشد که در مراتب تحتانی۔ غرض چناں که دھوپ و شعاع را مرتبہ ایست معین مبائن از مراتب عالیہ و سافلہ حتی که نہ اطلاقش بر مراتب عالیہ درست است نہ بر مراتب سافلہ ہمچناں صفات معلومہ را تصور باید کرد۔ مگر چناں که نورانیت که اصل و کمال دھوپ و شعاع است در مراتب عالیہ بدرجۂ اتم موجود است ہمچنیں وجود و تحقق که اصل ایں صفات است، چنانچہ صفات وجودی بودن آنہا خود بریں قدر شاہد است در مرتبہ عالی از مراتب آنہا که ہماں مرتبہ ذات باشد بوجہ اکمل و اتم باشد۔

تعریض بر متکلمین — ازیں جا خوش فہمی متکلمین باید دید و ہمیں که در صورت اقرار مرتبہ دیگر

ایک تحتانی جو کہ زمین کی ذات میں ہے کیونکہ نہیں کہہ سکتے کہ زمین ذاتی طور پر یہ نور رکھتی ہے۔
دوسرے عدم فوقانی جو کہ نور کے بلند مقامات میں ہے، میری مراد ہے وہ لمبی شعاع اور وہ نور جو آفتاب میں چمٹا ہوا ہے اس کا ماننا ضروری ہے۔
سب جانتے ہیں کہ دھوپ کا ان مرتبوں پر بولنا غلط ہے پس جیسا کہ نیچے کے مرتبے کا عدم زمین کے نقص پر دلالت کرتا ہے اسی طرح اوپر کا عدم شعاع کے کمال اور آفتاب سے ملے ہوئے نور کے کمال پر گواہ ہے۔ مگر یہیں سے جاننے والوں نے جان لیا ہوگا کہ علم و قدرت وغیرہ صفات کا اطلاق انہی مرتبوں تک درست ہے کہ جو صدور کے ساتھ موصوف ہوں۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ نام انہی مرتبوں کیلئے تجویز کئے گئے ہیں۔ ان اسماء کا ان کا فوقانی مراتب میں بولنا اسی طرح ناجائز ہے جیسا کہ تحتانی مراتب میں۔ غرض جیسا کہ دھوپ اور شعاع کا ایک مرتبہ معین ہے جو کہ اوپر اور نیچے کے درجوں سے علیحدہ ہے۔ حتی کہ نہ تو مراتب عالیہ پر اس کا اطلاق درست ہے اور نہ نیچے کے مراتب پر، اسی طرح صفات معلومہ کو تصور کرنا چاہئے۔ مگر جیسا کہ نورانیت جو کہ دھوپ اور شعاع کا کمال اور اصل ہے مراتب عالیہ میں زیادہ پورے درجے میں موجود ہے، اسی طرح وجود اور تحقق جو کہ ان صفات کی اصل ہے۔ چنانچہ ان کا صفات وجودی ہونا اتنی بات پر گواہ ہے۔ مرتبہ عالی میں ان کے مرتبوں میں سے کہ وہی ذات کا مرتبہ ہے اکمل اور اتم طور پر ہوگا۔

متکلمین پر چوٹ — یہیں سے متکلمین کی خوش فہمی دیکھنی چاہئے اور وہ وہم جو کہ ذات کے مرتبے کی نسبت

از مرتبۂ ذات لازم می آمد یعنی بخیال و اوہام عوام اینکہ مے گذشت کہ اگر مرتبہ صفات ہم تجویز کردہ شود خلو ذات از صفات کمال لازم خواہد آمد از دل مندرج باید فہمید. چہ عدم صفات فوقانی مورث نقص نیست. ایں وہم ناشی ازاں است کہ عدم فوقانی را بر عدم تحتانی قیاس کردہ اند۔

القصہ مرتبہ صدور از کمالات ذات نیست بلکہ اگر ایں مرتبہ را بر ذات ثابت کنند از مرتبہ علیاء او را فرود آوردہ باشند

غرض چناں کہ مراتب سافلہ از صفات بحساب آنہا منجملہ نقائص شمردہ مے شود ہمچنیں مرتبہ صفات را بلحاظ مرتبہ ذات منجملہ نقائص باید فہمید. و بدیں سبب نباید گفت کہ مرتبہ صفات بہر تکمیل مرتبہ ذات و جبر نقصان آں مطلوب است کہ اندریں صورت خلو اصل از فرع خود لازم آید. و مے دانی کہ کمال ذات بالاتر از کمال صفات است. و اصل کمال صفات نہ خالی ازاں۔ البتہ مرتبہ صدور اگر مطلوب است بہر تکمیل و کمال کائنات یعنی ممکنات مطلوب است و چوں نباشد خود تحقق و وجود ممکنات مستعار و بالعرض است تا بصفات آنہا چہ رسد۔ اگر مرتبہ صدور بمیان نبود تحقق ممکنات را صورت از کجا از بہر بنا و عروض و صفات معروض ہمہ بر صدور و از ذات از ملزوم است۔

اگر مثال مطلوب است قصہ عروض نور بر زمین از آفتاب و کیفیت عروض حرارت بر آب از آتش و ہمچنیں دیگر عوارض و معروضات باید دید کہ در جملہ عوارض و

دوسرے مرتبے (یعنی مرتبۂ صفات) کے مان لینے کی صورت میں لازم آتا تھا یعنی عوام کے وہم و خیال میں یہ بات جو کھٹکتی تھی کہ اگر صفات کا مرتبہ بھی تجویز کیا جائے تو کمال کی صفات سے ذات کا خالی ہونا لازم آئے گا، دل سے یہ خیال دور سمجھنا چاہیئے کیونکہ فوقانی صفات کا نہ پایا جانا نقص کا موجب نہیں ہے۔ یہ وہم اس لئے پیدا ہوا ہے کہ متکلمین نے عدم فوقانی کو عدم تحتانی پر قیاس کر لیا ہے۔

قصہ مختصر یہ کہ مرتبۂ صدور ذات کے کمالات میں سے نہیں ہے بلکہ اگر اس مرتبے کو ذات پر ثابت کریں گے تو اس کے یہ معنی ہوں گے کہ اسکو بلند مرتبے سے نیچے اتار دیا۔

غرض جیسا کہ صفات کے نچلے مرتبے ان کے حساب سے منجملہ نقائص کے شمار ہوتے ہیں اسی طرح صفات کے مرتبے کو ذات کے مرتبے کے لحاظ سے منجملہ نقائص کے سمجھنا چاہیئے اور اس سبب سے نہیں کہنا چاہیئے کہ صفات کا مرتبہ ذات کے مرتبے کو پورا کرنے اور اس کے نقصان کی تلافی کیلئے درکار ہے کیونکہ اس صورت میں اصل (یعنی ذات) کا اپنی فرع (صفات) سے جدا ہونا لازم آئیگا اور تم جانتے ہو کہ ذات کا کمال صفات کے کمال سے بالاتر ہے اور کمال صفات کی اصل اس سے خالی نہیں ہوتی۔ البتہ اگر مرتبۂ صدور مقصود ہے تو کائنات یعنی ممکنات کے کمال اور تکمیل کیلئے درکار ہے اور کیوں نہ ہو خود ممکنات کا وجود اور ان کا تحقق مستعار اور عارضی ہے تو پھر انکی صفات کا کیا پوچھنا۔ اگر صدور کا مرتبہ درمیان میں نہ ہو تو کائنات کے وجود پذیر ہونے کی صورت کہاں سے ہوتی۔ عارض ہونے اور عارضی کیفیت صفات کی بنیاد و تمام کی تمام لزوم سے ذات کے لوازم کے صادر ہونے پر ہے۔

اگر مثال درکار ہے تو زمین پر آفتاب کے نور عارض ہونے اور آگ کی حرارت پانی پر عارض ہونے کی کیفیت اور اسی طرح دوسری عارض ہونے والی اور جن پر عارض ہوں ان چیزوں

معروضات یک مرتبہ متوسط مابین موصوف بالذات وموصوف بالعرض کہ معروض باشد موجود است مگر ظاہر است کہ آں مرتبہ ہمیں مرتبہ صدور است کہ از موصوف بالذات صادر شدہ تا معروض میرسد۔ اگر ایں مرتبہ یعنی اشعہ خارجہ وحرارت خارجہ درمیان نباشد عروض نور بر زمین وحرارت بر آب ممکن نہ باشد۔ نظر بریں ایں مرتبہ را اگر برزخ متوسط خوانیم بجا است۔

ازیں تقریر بدلیل دیگر بر صحت قول متکلمین متنبہ شدہ باشند مگر ظاہر است کہ درصورت عرضی بودن تحقق ووجود ممکنات اقرار صدور وجود از ہمہ اول ضرور است۔ وہم ظاہر است کہ وجود ممکنات بالعرض است نہ بالذات۔ ورنہ اگر وجود آنہا بالذات بودی ایں عدم سابق ولاحق چہ معنی داشتی چہ لوازم ذات را انفکاک نباشد۔

بالجملہ ہر وصفی وحقیقتی کہ در ممکنات اقرار کنند اقرار صدور آں از ذات باری عز اسمہ ضرور است۔ چہ ایں جا ہمہ بالعرض است وہر موصوف بالعرض را وجود موصوف بالذات اول ضرور۔ مگر بیقیں مے دانیم کہ وجود ممکنات از دیگر صفات آنہا اسبق است وہمیں است کہ وجود موضوع بہر ثبوت محمول اعنی بہر ثبوت صفت بہر موصوف وجود موصوف ضرور افتاد۔ نظر بریں بیقیں باید گفت کہ صدور وجود نیز

کو دیکھنا اور سمجھنا چاہئے کہ تمام عوارض اور معروضات میں ایک میانہ درجہ موصوف بالذات اور موصوف بالعرض کہ معروض ہوتا ہے، کے درمیان موجود ہے۔ مگر ظاہر ہے کہ وہ مرتبہ یہی صدور کا مرتبہ ہے کہ موصوف بالذات سے صادر ہو کر معروض تک پہنچتا ہے۔ اگر یہ مرتبہ یعنی نکلنے والی شعاعوں اور نکلنے والی حرارت کا درمیان میں نہ ہو تو زمین پر نور کا پھیلنا اور پانی میں گرمی کا آنا ممکن نہ ہوگا۔ اس پر نظر رکھتے ہوئے اس مرتبہ کو اگر درمیانی واسطہ کہیں تو موزوں ہے۔

اس تقریر سے دوسری دلیل کے ذریعہ متکلمین[1] کے قول کی درستی پر آگاہ ہو گئے ہونگے۔ مگر ظاہر ہے کہ ممکنات کے وجود اور تحقق کے عرضی ہونے کی صورت میں وجود سب سے پہلے وجود کے صادر ہونے کا اقرار ضروری ہے اور خوب واضح ہے کہ کائنات کا وجود عرضی ہے نہ کہ ذاتی۔ ورنہ اگر ان کا وجود ذاتی ہوتا تو یہ (وجود) اگلا اور پچھلا عدم کیا معنی رکھتا۔ کیونکہ لوازم ذات کی جدائی نہیں ہو سکتی۔

بالجملہ ہر وہ وصف اور وہ حقیقت جسکو کائنات میں مانینگے اس کا ذات باری عز اسمہ سے صادر ہونیکا اقرار کرنا ضروری ہے کیونکہ یہاں تو سب بالعرض ہیں اور ہر موصوف بالعرض کیلئے موصوف بالذات کا اول ہونا ضروری ہے۔ مگر ہم یقین کے ساتھ جانتے ہیں کہ کائنات کا وجود ان کی دوسری صفات سے مقدم ہے اور یہی وجہ ہے کہ موضوع[2] کا وجود محمول کے ثبوت کے لئے یعنی ہر موصوف کے لئے صفت ثابت ہونے کے واسطے وصوف کا وجود ضروری ہوا۔ اس پر نظر رکھتے ہوئے یقین سے

---

[1] یعنی متکلمین کا گذشتہ قول جس میں انہوں نے صفات باری تعالیٰ کا انکار کر دیا ہے کہ صفات کو ماننے سے استکمال بالغیر لازم آتا ہے مولانا محمد قاسم صاحب کی اس تقریر سے ان کا قول درست ثابت ہوا۔ مترجم

[2] منطق کی اصطلاح میں مبتدا یا مسند الیہ کو موضوع اور خبر کو محمول کہا جاتا ہے۔ مثلاً زید عالم ہے میں زید مبتدا ہے اور عالم خبر۔ یہ تو نحویوں کی اصطلاح ہے لیکن منطقی زید کو موضوع اور عالم کو محمول کہتے ہیں۔ مترجم

ازاں طرف نیز از صدور دیگر اوصاف است و نظر بدیں اگر ایں وجود را کہ ہمہ کل ممکنات را باسرہا فرا گرفتہ۔ صادر اول یا وجود منبسط خوانیم بجا باشد۔ لیکن بایں خیال کہ اطلاق و عموم وجود بجمیع الوجوہ است و علی الاطلاق۔ و اطلاق دیگر صفات اضافی نہ علی الاطلاق۔ چناں کہ انشاء اللہ ہمیں دم روشن می شود۔ و اقرار دو امر ضروری است۔

یکی آنکہ ایں صفت وجود از دیگر صفات اکبر و اعظم است۔

دیگر آنکہ انوار وجودی بے کیف و بے رنگ

انوار وجودی بے کیف و بے رنگ و انوار دیگر صفات مکیف و ملون

باشند۔ و انوار دیگر صفات مکیف و ملون۔

شرح معما شرح ایں معما و تفصیل ایں اجمال آنکہ سوای وجود ہر صفتی را کہ گیرند بالای آں عامی باشد۔ دیگر اگر نبود ہمیں وجود بود۔ مگر وجود را باید دید کہ زیر صفتی عامتر از وجود سر نیاز خم نکردہ۔ خود بدیہی است کہ بالاء وجود در مرتبہ ثبوت و تحقق واقعی حقیقی نیست کہ نہ محتاج اعتبار معتبر بود و نہ دست نگر انتزاع منتزع۔ و اینکہ مفہوم را مثلاً عام تر از وجود و عدم می فہمند از حقائق اعتباریہ و انتزاعیہ

کہنا چاہیے کہ وجود کا اس طرف سے صادر ہونا بھی، دوسری صفات کے صادر ہونے سے پہلے ہوا ہے اور اس پر نظر رکھتے ہوئے اگر اس وجود کو جو کہ کائنات کے ڈھانچوں کو پورے طور پر گھیرے ہوئے ہے۔ صادر اول[1] یا اس کو ہم وجود منبسط کہیں تو بجا ہوگا لیکن اس خیال سے کہ وجود کا اطلاق اور عموم تمام وجوہ سے ہے اور مطلق طور پر ہے اور دوسرے صفات اضافی کا اطلاق مطلق طور پر نہیں ہے جیسا کہ انشاء اللہ ابھی واضح ہوا جاتا ہے۔ اور دو باتوں کا ماننا ضروری ہے۔

ایک[2] تو یہ کہ صفت وجود، دوسری صفات سے اکبر اور اعظم ہے۔

دوسرے[3] یہ کہ انوار وجودی بے کیف اور بے رنگ ہوتے ہیں

انوار وجودی بے کیف و بے رنگ اور دوسری صفات کے انوار مکیف اور ملون

اور دوسری صفات کے انوار کیفیت والے اور رنگدار ہوتے ہیں۔

اشکال کی شرح اس مشکل کی تشریح اور اس اختصار کی تفصیل یہ ہے کہ وجود کے سوا جس صفت کو بھی لیں اس کے اوپر ایک عام ہوتا ہے دوسری اور صفت ہوگی تو خود یہی وجود ہوگا لیکن وجود کو دیکھنا چاہیئے کہ کسی صفت کے نیچے وجود سے زیادہ عام ہوتے ہوئے سر نیاز خم نہیں کرتا ہے یہ بات خود صاف ہے کہ وجود سے اوپر ثبوت کے مرتبے اور واقعی تحقق میں کوئی حقیقت ایسی نہیں ہے کہ کسی معتبر کے اعتبار کی محتاج اور کسی منتزع کے انتزاع[3] کی دست نگر نہ ہو اور یہ بات کہ مفہوم کو مثلاً وجود

[1] صادر اول خداوند تعالیٰ کی ذات ہے جیسا کہ پہلے ذکر ہوا۔ اسی صادر اول کو تاسمی اصطلاح میں وجود منبسط کہا گیا ہے۔ مترجم۔

[2] وجود پر تمام اور صفات معلق ہیں۔ اگر وجود نہ ہوگا تو پھر کوئی صفت ثابت نہیں ہو سکتی دیوار کے وجود کے بغیر سفیدی، سبزی وغیرہ رنگ ظاہر نہیں ہو سکتے۔ اسی طرح اللہ کے وجود کے بغیر یہ کائنات ظاہر نہیں ہو سکتی۔ مترجم۔

[3] دو چیزوں کے باہمی تعلق سے کسی چیز کا پیدا کرنا انتزاع کہلاتا ہے۔ مثلاً چھت اور فرش کے باہمی تعلق سے اونچائی اور نیچائی کا نکلنا۔ انتزاع ہے۔ مترجم۔

باشد و افراد آں معروضات آں افراد متعددہ را حدی و پایانی نیست بلاتناہی ایں جانب پی می بریم و ہم وجہ شبہ صفات خاصہ از وجود بزاویہ می دریابیم۔ چہ در زاویہ نیز ہمیں طور باشد کہ گنجائش افزائش و لاتناہی فقط بیک جانب اعنی جانب قاعدہ باشد نہ در جہات دیگر۔ و پیداست کہ سوای زاویہ شکلی از اشکال در خور افزائش و لاتناہی در ہیچ جانب نباشد۔

القصہ وجود بجمیع الوجوہ علی العموم و علی الاطلاق عام است و صفات دیگر اگر بیک جہت عام اند بجہت دیگر خاص نیز باشند۔ نظر بریں در ہر خاص مابہ الامتیاز باید کہ از دیگر مشارکات آنرا تمیز دہد و پیدا است کہ ممیزات از اقسام کیف باشند۔ و وجہ اینکہ تخصیص بی تقطیع از وسیع صورت نہ بندد و پس از تقطیع حاصل تقطیع ہموں صورت حاصل باشد کہ از افتراق وجود آں صفت و عدم آں چناں پیدا آید کہ با اقتران سطح اندرون دائرہ و عدم آں اعنی سطح بیرونی شکل دائرہ پدیدار آید۔

باقی ماند اینکہ در سطح بیرونی، عدم سطح اندرونی و بالعکس باشد، قابل آں نیست کہ عاقلی تامل فرماید کہ نمی داند

کی طرف نظر رکھتے ہوئے کسی کلی میں کہ کوئی وصف اوصاف میں سے ہو دراںحالیکہ ان افراد متعدد کے ان معروضات کے افراد کی کوئی حد اور انتہا نہیں ہے۔ اس جانب کے غیر متناہی ہونے کا سراغ لگا لیتے ہیں اور نیز وجود کے صفات خاصہ کی وجہ شبہ ہم زاویے میں پا سکتے ہیں کیونکہ زاویے میں بھی اسی طرح ہوتا ہے کہ لاتناہی[1] و افزائش کی گنجائش فقط ایک جانب یعنی کہ قاعدہ کی جانب ہوتی ہے نہ کہ دوسری جہات میں۔ اور ظاہر ہے کہ زاویہ کے سوا اشکال میں سے کوئی شکل کسی جانب میں افزائش اور لاتناہی کے لائق نہیں ہے۔

مختصر یہ کہ وجود تمام اعتبارات سے اور عام طور پر اور مطلق طور پر عام ہے اور دوسری صفات اگر ایک حیثیت سے عام ہیں تو دوسری حیثیت سے خاص بھی ہیں۔ [illegible] بات پر نظر رکھتے ہوئے ہر خاص میں مابہ الامتیاز چاہیئے جو دوسری مشترک چیزوں سے اس کو خاص کر دے اور ظاہر ہے کہ ممیزات کیف کی اقسام میں سے ہوں گی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وسیع چیز کو ٹکڑے کئے بغیر تخصیص کی شکل پیدا نہیں ہو سکتی ہے اور تقطیع کے بعد تقطیع کا حاصل وہی صورت حاصل ہوگی کہ جو ایک حصے میں اس صفت کے اور دوسرے حصے میں اس صفت کے عدم کے ملنے سے اس طرح پیدا ہو جاتی ہے جیسا کہ دائرے[2] کی اندرونی سطح اور اس اندرونی سطح کا عدم یعنی بیرونی سطح ان دونوں کے ملنے سے دائرے کی شکل پیدا ہوتی ہے۔

باقی رہی یہ بات کہ باہر کی سطح میں اندر کی سطح کا عدم اور اندر کی سطح میں باہر کی سطح کا عدم ملحوظ ہوتا ہے اس قابل نہیں ہے

---

[1] گزشتہ شکل میں قاعدے کا سلسلہ ختم نہ ہونے والا ظاہر کیا گیا ہے ... افزائش اور سر کی طرح کا [illegible] ہے

اور وجود خداوندی قاعدہ کی طرح کہیں بھی ختم نہ ہونے والی ذات ہے۔ لہٰذا زاویہ میں صفت خاصہ خداوندی کی وجہ شبہ [illegible] بقیہ پر پائی جاتی ہے۔ مترجم

[2] اندرونی سطح اور باہر کی سطح سے مل کر دائرہ پیدا ہوا کیونکہ دائرے کے خط نے دائرے کی اندرونی سطح کو ختم کر دیا جیسے اس [illegible] سطح کو کاٹ کر باہر کی سطح سے جدا کر دیا [illegible] مترجم

کہ سطح اندرون مباین سطح بیرونی است و آں مباین این نہ این برآں صادق آید نہ آں بر این۔ تباین و عدم تصادق خود دلیل آنست کہ دریں عدم آں و دراں عدم این ماخوذ است ورنہ وجود این دراں و وجود آں دریں ضروری است ورنہ ارتفاع النقیضین یا مافی حکم النقیضین لازم آید۔ وھو کما تریٰ۔

کہ کوئی عاقل آدمی تردد کرے۔ کون نہیں جانتا کہ اندر کی سطح باہر کی سطح کے غیر اور باہر کی سطح اندر کی سطح کے غیر ہے نہ یہ اس پر صادق آتی ہے نہ وہ اس پر اور اس طور پر ایک دوسرے کے مغائر ہونا اور ایک کا دوسرے پر صادق نہ آنا خود اس بات کی دلیل ہے کہ اس کے اندر اس کا عدم اور اس کے اندر اس کا عدم ملحوظ ہے۔ اگر ایک کے اندر دوسرے کا عدم ملحوظ نہ ہوتا تو اس کے اندر اس کا پایا جانا اور اس کے اندر اس کا پایا جانا ضروری ہوتا ورنہ دونوں نقیضوں کا یا جو دو نقیضوں کے حکم میں ہے ان کا ارتفاع بیک وقت لازم آجائیگا اور یہ محال ہے جیسا کہ تم جانتے ہو۔

ازیں قدر بے کیف بودن انوار وجود و بکیف بودن انوار دیگر صفات بوضوح پیوست۔ مگر ہر کہ بریں قدر اعتراف خواہد کرد بہ بیرنگی آں انوار و رنگینی انوار دیگر نیز او را اقرار لازم است چہ رنگ ہمیں کیف عارض را گویند کہ ہر معروض را ازیں ناگزیر است۔ پس معروضیت بر عدم اطلاق ذاتی کہ از خصائص وجود است چنانکہ بدلیل واضح، واضح شدہ دلالت دارد و عدم اطلاق ذاتی خود مستلزم آنست کہ جملہ کمالات وجودی در مرتبہ ذات آں نباشد۔ پس ہر چہ در مرتبہ ذات اوست حاجت طلب آں ندارد کہ بایں حساب مستغنی است و آنچہ از حد ذات او برون است در حصول آں نظر بدیگراں دارد و مے دانی کہ در معروضیت زیادہ ازیں چہ باشد۔ آری عوام ہمیں کیف اجسام را رنگ گویند۔ مگر پیشتر گفتہ ام۔

غیب را ابری و آبی دیگر است

اس قدر بیان سے انوار وجود کا بے کیفیت ہونا اور دوسری صفات کے انوار کا کیفیت والا ہونا واضح ہوگیا[۱] لیکن جو اتنی بات کا اعتراف کریگا تو ان انوار کی بے رنگی اور دوسرے انوار کی رنگینی کا اقرار بھی اسکو ضروری ہے کیونکہ رنگ اسی عارض ہونے والی کیفیت کو کہتے ہیں کہ ہر معروض کو اس کیف عارض کے بغیر کوئی چارہ نہیں ہے کیونکہ معروض ہونا اطلاق کے عدم پر دلالت کرتا ہے جو وجود کی خصوصیات میں سے جیسا کہ واضح دلیل سے واضح ہوگیا اور اطلاق ذاتی کا نہ ہونا خود اس بات کا موجب ہے کہ تمام وجودی کمالات اس کی ذات کے مرتبے میں نہیں ہوتے۔ پس جو کچھ اس کی ذات کے مرتبے میں ہے اس کے طلب کی ضرورت نہیں ہے کہ وہ اس حساب سے مستغنی ہے اور جو کچھ اسکی ذات کی حد سے باہر ہے اس کے حاصل کرنے میں، دوسروں پر نظر رکھتا ہے اور تمہیں معلوم ہے کہ معروض ہونے میں اس سے زیادہ کیا ہوتا ہے ہاں عام لوگ اسی اجسام کے کیف کو رنگ کہتے ہیں لیکن میں پہلے ہی کہہ چکا ہوں کہ

غیب کا بادل اور بارش اور ہی ہوتی ہے

[۱] نور خداوندی کی کوئی کیفیت نہیں ہوتی اور کیفیت کا نہ ہونا ہی بے رنگی ہے۔ کیونکہ کیفیت اور رنگ عارضی چیزیں ہیں جن سے خداوند تعالیٰ کے انوار پاک ہیں ورنہ اگر ان انوار کا کوئی رنگ مان لیا جائے تو وہ عارضی قرار پائیں گے۔ مترجم

بالجملہ انوار وجود بے کیف باشند و انوار دیگر صفات باکیف۔ لیکن از آں جا کہ در عالم غیب و عالم شہادت ہمانسان تقابل و تعاکس است کہ در عالم ارواح و عالم اجسام۔ اگر در روح قوت باصرہ نہادند جسم را بمقابلہ اش چشم دادند۔ و دریں تقابل مناسب حال تطابق محفوظ و مرعی ماند۔ کیفیات انوار را باکیفیات اجسام تقابل و تطابق باشد۔ و چوں نباشد، نور عالم اجسام، آں نور آفتاب باشد یا نور دیگراں باوجود مذکور در کشف حقائق تطابق و توافق دارد۔ اگر فرق است ہمیں است کہ از نور عالم اجسام کیفیات اجسام منکشف مے شوند۔ از وجود مذکور کیفیات حقائق علمیہ خداوندی از ظلمات عدم بظہور وجود مشرف مے شوند۔ نظر بریں کیفیات ایں عالم را نیز باکیفیات آں عالم تطابق و توافق می باید و بلحاظ ہمیں توافق و تطابق در مرتبہ تجلی کہ ہمانا بحساب طالب، رویا و خواب است انکشاف آں بہ پیرایہ مناسب و مطابق خواہد بود و حسب تطابق سرخ و سبز و زرد ظہور خواہد نمود۔ لیکن چناں کہ از الوان عالم اجسام رنگ سیاہ را قربی خاص است بہ بی کیفی چہ اشارہ بظلمت کند کہ ہمہ کیفیات در آنجا رو بفنا نہند، می باید کہ انوار وجود در پیرایہ سیاہ بچشم طالب ظہور کنند۔ بریں تقدیر عماء بمعنی ابر سیاہ بودن آں زیادہ تر چسپاں شد و کلام شارع برحقیقت الامر حذو آ بحذو منطبق شد۔

نتیجہ یہ ہے کہ وجود کے انوار کی کوئی کیفیت نہیں ہوگی اور دوسری صفات کے انوار باکیف ہونگے لیکن چوں کہ عالم غیب اور عالم شہادت میں اسی طرح کا تقابل اور معکس ہوتا ہے جیسا کہ عالم ارواح اور عالم اجسام میں (چنانچہ) اگر روح میں دیکھنے والی قوت رکھدی تو جسم کو اس کے مقابلے میں آنکھ بخشدی اور اس مقابلے میں حال کے مناسب تطابق کو ملحوظ اور مرعی رکھا۔ انوار کی کیفیتوں کا جسموں کی کیفیتوں کے ساتھ تقابل اور تطابق ہوتا ہے اور کیوں نہ ہو عالم اجسام (دنیا) کا نور خواہ وہ آفتاب کا نور ہو یا آفتاب کے علاوہ دوسروں کا نور (جیسے ستاروں کا) مذکورہ وجود کیساتھ حقائق کے واضح کرنے میں ایک دوسرے کیساتھ مطابقت اور موافقت رکھتا ہے اگر کچھ فرق ہے تو اتنا ہے کہ عالم اجسام کے نور سے اجسام کی کیفیتیں ظاہر ہوتی ہیں۔ اور مذکورہ وجود کے (انوار) سے خداوندی علمی حقیقتیں کہ کیفیات عدم کے پردے سے وجود کے ذریعہ شرف حاصل کرتی ہیں۔ اس عالم کی کیفیات کیلئے بھی اُس عالم کی کیفیات کیساتھ باہم مطابقت اور موافقت چاہئے اور اسی موافقت اور مطابقت کے لحاظ سے تجلی کے مرتبے میں، کہ وہی طالب کے لحاظ سے رویا اور خواب ہے، اس کا انکشاف مناسب اور مطابق طریقے میں ہوگا اور مطابقت کے موافق سرخ، سبز، زرد ظاہر ہوگا لیکن جیسا کہ عالم اجسام کے رنگوں میں سے سیاہ رنگ کو بے کیفی کے ساتھ ایک خاص نزدیکی ہے کیونکہ وہ بے کیفی اندھیرے کی طرف اشارہ کرتی ہے کیونکہ وہاں پر سب کیفیتیں فنا ہو جاتی ہیں اس لئے ضروری ہے کہ انوار وجود کو سیاہ لباس میں طالب کی نگاہ میں ظاہر کریں۔ اس بات لینے پر عماء کا سیاہ بادل کے معنے میں ہونا زیادہ تر موزوں ہوا اور شارع (پیغمبر علیہ السلام) کی بات؎ جو کہ حدیث بالا میں فرمائی ٹھیک ٹھیک منطبق ہوئی۔

عنہا باشد و پیدا است کہ ایں علم مخصوص بجناب
علام الغیوب و علیم بکل شئی ہست یا پس ازاں برسول او
صلی اللہ علیہ وسلم غرض نظر بایں سو نباید انداخت۔

مساوات کے باوجود ایک کا دوسرے کیساتھ ہم جنس ہونا اور
احکام اور لوازم ذات کا ایک کا دوسرے پہ عارض ہونا لازم نہیں
ہے حالانکہ امکان کے مشترک ہونے بلکہ بہت سے ایک دوسرے
تنزلات کی وجہ سے ایک کے اخذ دوسرے کے احکام کو سننے
کا احتمال وقوع کے قریب اور فہم کے قریب تھا۔ خداوند تعالیٰ کو عرش
پر استواء کی وجہ سے جسم کی قسموں میں سے شمار کرنا انہی لوگوں کا
کام ہے جو کہ سر، دُم، آنکھ اور کان کو ایک دوسرے سے
تمیز کرنا نہ جانتے ہوں۔ ان مثالوں کے غور سے سننے کے بعد وہ
استبعاد جو کہ استواء کی نسبت شکی لوگوں کے ذہن میں کھٹک رہا
ہوگا بشرط انصاف انشاء اللہ تعالیٰ باہر نکل گیا ہوگا۔

اور یہ بات کہ استواء کی وجہ اور اس کا سبب اور اس
سے غرض کیا ہے اور پھر اس کی کیفیت کس طرح کی ہوگی نہ تو سمجھنے
کے لائق ہے اور نہ ان اوراق کے موضوع سے متعلق ہے۔ ان تمام کے
باوجود استواء کی کیفیت اور اپنی روح کے اپنے بدن کے ساتھ تعلق
کو اس لمبی مصاحبت اور تسلیم شدہ نزدیکی کے ساتھ ہم
نہیں جانتے۔ اس صورت میں تعلق کی کیفیت اور رحمٰن کے عرش اعظم
پر استواء کا ادراک کیسے کر سکتے ہیں ہاں جس کسی کی آنکھ سے پردہ
اُٹھ گیا اس نے جو کچھ سنا تھا آنکھ سے پالیا لیکن اس سے زیادہ
کہ خداوند رحمٰن نے خود اس کے متعلق خبر دیدی اور اس کے
رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرما دیا وہ بھی نہیں کہ سکتا
استغفر اللہ میں نے کیا کہدیا اس کو اتنا کہنا بھی کہاں نصیب
ہو سکتا ہے کیونکہ الفاظ کی معانی پر مطابقت خبروں میں مخبروں
کے فہم کے مطابق ہو اور انکی الفاظ کی بناوٹ پر اطلاع اور اسکے
اس پر منطبق ہونے کی وجہ اور ان کے باہمی منطبق ہونے کی کیفیت
اور پھر معانی کے نکالنے اور محکی عنہ سے ادراک کرنے کا معاملہ ہوتا
ہے۔ اور ظاہر ہے کہ یہ علم غیبوں کے جاننے والے اور ہر چیز کو جاننے
والے اللہ کی بارگاہ کے ساتھ خاص ہے یا اس کے بعد اسکے رسول صلی اللہ

البتہ یک خلجانی دیگر است اگر بیخ و بنیادش برکندہ شود زہی دولت۔ آں ایں است کہ استواء پس ازاں کہ علی در صلہ اش آرند بمعنی قعود و جلوس باشد۔ اندیں صورت اول بحث از تساوی و اقسام و انحاء آں بجز بادپیمائی چہ باشد۔

دیگر آنکہ جلوس کہ از لوازم جسمیت است و تحیز را میخواہد ایں جا چگونہ راست آید۔ بغرض رفع ایں خلش نیز قلم فرسائی ضرور افتاد۔

نظر بریں ایں ہیچمداں گذارش پیرا است کہ جلوس را یکی ازہماں مضامین مشترکہ فیما بین واجب و ممکن باید فہمید و نظائر آں تا بہ گوش و چشم ناظراں ایں اوراق و سامعان ایں اقوال رسیدہ باشد پس چناں کہ در وجود و علم و قدرت وغیرہ اوصاف مشترکہ تفریق ایں اوصاف در ہر موطن بہ رنگی جدا اطمینان خود کردہ اند ایں جا نیز باید کرد و واجب را واجب و ممکن را ممکن، آں را مقدس و منزہ ایں را آلودہ و ملوث باید داشت۔

دوم اینکہ ارادہ معنی جلوس و قعود نیز از استواء بشرط علی از کنایات ہماں استواء بمعنی تساوی است زیرا کہ قعود بر چیزی مستلزم آنست کہ آنرا مقعد و مجلس باید گفت۔ و پیدا است کہ مقعد و مجلس حقیقی ہماں قدر باشد کہ قعود براں واقع شود۔ اندریں صورت قعود علی الکرسی یا تخت وغیرہ بمعنی خود ہماں وقت باشد کہ زیادہ از مقعد و محل قعود نبود و اگر زیادہ باشد آں وقت کلام از سرحد حقیقت برآید و با حاطہ مجاز داخل شود و ظاہر است کہ در صورت قعود حقیقی استواء لازم است۔

علیہ وسلم کے ساتھ خاص ہے بغرض اسطرف نظر نہیں ڈالنی چاہیئے۔

البتہ ایک اور خلجان ہے اگر اسکی جڑ اور بنیاد اکھاڑ پھینکی جائے تو کیا ہی بڑی دولت ہے وہ خلجان یہ ہے کہ استواء اس کے بعد کہ حرف علی اس کے صلہ میں لائیں قعود اور جلوس کے معنی میں ہوتا ہے۔ اس صورت میں تساوی اور اقسام تساوی اور اس کے اطراف سے اول بحث کرنا وقت ضائع کرنے کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

دوسرے یہ بات ہے کہ بیٹھنا جسم کے لوازم میں سے ہے اور وہ مکان کو چاہتا ہے یہاں پر یہ بات کس طرح ٹھیک ہوگی۔ اس خلش کو دور کرنے کے لئے بھی قلم فرسائی ضرور کرنی پڑی۔

اس پر نظر رکھتے ہوئے یہ ناچیز گذارش کرتا ہے کہ جلوس کو انہی واجب اور ممکن کے درمیان مشترک مضامین میں سے سمجھنا چاہیئے اور اسکی نظیریں ان اوراق کو دیکھنے والوں اور ان اقوال کے سننے والوں کی آنکھوں اور کانوں تک پہنچ گئی ہونگی پس جیسا کہ وجود اور علم اور قدرت وغیرہ مشترکہ اوصاف میں ہر جگہ ہیں ان اوصاف کی تفریق کے ساتھ (وجوب اور امکان کے مقام میں ایک جدا رنگ کے ساتھ اپنا اطمینان کرلیا ہے یہاں بھی کرنا چاہیئے۔ اور واجب کو واجب اور ممکن کو ممکن، اس (یعنی اللہ تعالیٰ) کو مقدس اور پاک اور منزہ اور اس (یعنی ممکن) کو آلودہ اور لتھڑا ہوا سمجھنا چاہیئے۔

دوسرے یہ کہ استواء سے بھی جلوس اور قعود (بیٹھنا) کے معنی کا ارادہ لفظ علی کی شرط کیساتھ اسی استواء بمعنی تساوی کے کنایوں میں سے ہے کیونکہ کسی چیز پر بیٹھنا اس بات کو لازم ہے کہ اس کو بیٹھنے کی جگہ کہنا چاہیئے اور ظاہر ہے کہ حقیقی بیٹھنے کی جگہ اسی قدر ہوتی ہے جس پر بیٹھنا واقع ہوتا ہے۔ اس صورت میں کرسی یا تخت وغیرہ پر بیٹھنا اپنے معنی میں اسی وقت ہوگا کہ جگہ اور مقام سے زیادہ بیٹھنا نہ ہو اور اگر جگہ سے زیادہ ہوگا تو اس وقت کلام حقیقت کی حد سے باہر نکل جائیگا اور مجاز کے احاطے میں آجائے گا اور ظاہر ہے کہ اصلی قعود کی صورت میں استواء

وایں ہم ہرکس وناکس داند کہ در کلام عقلاء خصوصاً
در کلام ربانی تامقدور نظر بر معانی حقیقیہ باید داشت۔
آری اگر دشوار افتد آں وقت بوسیلہ علائق فیما بین
از معنی حقیقی بمعنی مجازی مناسب مقام انتقال
باید کرد وہمیں است کہ متشابہات کلام اللہ وحدیث
را اکابر دین بر معانی حقیقیہ داشتند واجازت ارادہ
معانی مجازیہ ندادند۔ وانیجا اگرچہ مجاز متعارف باشد
ومجاز متعارف درکثرت استعمال ہمسنگ حقیقت بود لیکن
تاہم مجاز مجاز است وحقیقت حقیقت۔ واگر از معنی
اصلی منقول است باز ہم رعایت معنی اصلی ضرور بود
بالجملہ لحاظ تساوی بہرحال ضرور است۔

اکنوں سخنی باید شنید کہ اہل فہم را انشاء اللہ بکار
آید نسبتی کہ فیما بین الشیئین باشد اگر آں دو طرف
او کہ منسوب الیہ ومنسوب باشند متحد النوع ہستند نسبت
واقع فیما بین اوشاں نیز از نوع مناسب آنہا باشد
وتشخص آں نسبت نیز از یک نوع مگر غرضم از تشخص
آں است کہ لحوق آں موجب تقطیع وقطع وبرید جزئی
شدہ باشد و اگر مختلف النوع باشند نسبت واقع
فیما بین از جنس قریب مناسب منسوبین باشد۔ اگر در
جنس قریب شریک باشند وبعید باشد اگر در بعید
یا تشخصی کہ لازم اوست نیمہ ازیں طرف باشد ونیمہ ازاں
چوں اتصال نیز یکی از نسبتہاء است اگر بین الجسمین
باشد نوع اتصال مناسب حال اجسام باشد
وتشخص اگرچہ از ہر طرف آید زیرا کہ تعین نسبت
ووجود او منوط بوجود ہر دو است، اما از ہر طرف
بیک نہج آید۔ واگر اتصال بین المتعینین بود چناں چہ

ضروری ہے اور یہ بات بھی ہرکس وناکس جانتا ہے کہ عقلمندوں
کے کلام میں بالخصوص کلام ربانی میں حتی الامکان حقیقی معانی
پر نظر رکھنی چاہیئے۔ ہاں اگر دشوار ہوجائے تو اس وقت حقیقی
درمیانی علاقوں کے وسیلے سے معنی حقیقی سے مجازی معنی کی طرف
مقام کے مناسب انتقال کرنا چاہیئے اور یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید
اور حدیث کی متشابہ چیزوں کو دین کے بڑے بڑے علماء نے
حقیقی معنی پر رکھا ہے اور مجازی معنی کے ارادہ کرنے کی اجازت
نہیں دی اور یہاں پر اگرچہ متعارف مجاز ہوتا ہے اور مجاز متعارف
کثرت استعمال میں حقیقت کے برابر ہوجاتا ہے لیکن پھر بھی مجاز
مجاز ہے اور حقیقت حقیقت ہے اور اگر اصلی معنی سے منتقل کیا
گیا ہے تو پھر بھی اصلی معنی کی رعایت ضروری ہوتی ہے۔ بالجملہ تساوی
کا لحاظ ہر حال میں ضروری ہے۔

اب ایک بات سننی چاہیئے کہ سمجھدار انسان کیلئے انشاء اللہ
کام آئے گی۔ جو نسبت کہ دو چیزوں کے درمیان ہوتی ہے اگر
اس کی دو طرفیں کہ منسوب الیہ اور منسوب ہیں ایک ہی نوع کے
ہوں تو ان کے درمیان واقع ہونے والی نسبت ان ہی کے مناسب
نوع سے ہوگی اور اس نسبت کا تشخص بھی ایک نوع کا ہوگا مگر
میری غرض تشخص سے یہ ہے کہ اس کا لاحق ہونا قطع قطع کرنے
اور جزئی قطع وبرید کا موجب ہوا ہو اور اگر (وہ منسوب اور
منسوب الیہ) مختلف النوع ہوں تو درمیان میں واقع ہونے
والی نسبت منسوب الیہ اور منسوب کے مناسب جنس قریب
ہی سے ہوگی۔ بشرطیکہ وہ جنس قریب میں شریک ہوں اور بعید جنس
سے ہوگی۔ اگر بعید میں شریک ہوں گے تو وہ تشخص جو اس کو لازم ہے
آدھا ایک منسوب کے لحاظ سے ہوگا اور آدھا دوسرے کے لحاظ سے
چونکہ اتصال بھی نسبتوں میں سے ایک نسبت ہے تو اگر دو جسموں
کے درمیان ہوگی تو ان کے اتصال کی نوعیت جسموں کے حال
کے مناسب ہوگی اور اس کا تشخص اگرچہ ہر طرف سے آئے کیونکہ نسبت کا

در ملزومات ولوازم آنها باشد یا بین اللازمین للملزوم الواحد بود نوع اتصال مناسب حال آن معانی بود و اگر ما بین المتباینین بود پس این اتصال اگرچه اتفاقی بود مگر مناسب حال جنس مشترک فیما بین منسوب ومنسوب الیه باشد۔ وازیں تقریر هر که فهم ثاقب دارد فهمیده باشد که سواء نقیضین هر دو امر که باشند اتصال در آں ممکن است زیرا که وجود را از اتصال بوجود انکار نباشد که از یک معدن اند۔ وهمچنیں عدم را از اتصال بعدم ابا نبود که از یک جنس اند۔

تعین اور اسکا وجود دونوں کے وجود سے متعلق ہے، لیکن ہر طرف سے ایک ہی طریقے سے آئیگا۔ اور اگر دو معنی کے درمیان اتصال ہو جیسا کہ ملزومات اور ان کے لوازم میں ہوتا ہے یا ایک ہی ملزوم کے دو لازموں کے درمیان ہوتا ہے تو اس اتصال کی نوعیت ان معانی کے حال کے مناسب ہوگی، اور اگر دو متبائن کے درمیان میں ہو تو یہ اتصال اگرچہ اتفاقی ہوگا، مگر منسوب اور منسوب الیہ کے درمیان جنس مشترک کی حالت کے مناسب ہوگا اور اس تقریر سے اس شخص نے کہ روشن سمجھ رکھتا ہے سمجھ لیا ہوگا کہ دو نقیضوں کے سوا جو دو امر بھی کہ ہونگے ان میں اتصال ممکن ہے کیونکہ وجود کا وجود کیساتھ اتصال ہونے سے انکار نہیں ہوتا کیونکہ دونوں کی اصل ایک ہے اور اسی طرح عدم کو بھی عدم کے ساتھ ملنے سے انکار نہیں ہوگا کیونکہ یہ بھی دونوں ایک جنس سے ہیں۔

غرض حصص یک کلی همه در اصل متصل باشند قسر قاسر متفرق وپراگنده گردانید پس اگر قاسر ازمیان برخیزد باز همان اتصال پدید آید۔ نه بینی که نور آفتاب قبل افتراق آں در مواقع مختلفه که بوجه حیلولت اشجار و دیوار ها صورت بندد همه یک شی واحد متصل بود وهمچو آفتاب آں نیز کره نورانی بود مگر بوجه مذکور چه قدر تفرقه میان آمد که مپرس۔ لیکن اگر باز اشجار و دیوار ها را ازمیان بردارند همان اتصال باز رنگ ظهور بر رخ کشد۔ البته وجود چیزی با عدم او که همانا مفاد تناقض است آشتی ندانند۔

غرض یہ ہے کہ ایک کُلی کے حصے تمام کے تمام اصل میں متصل ہوتے ہیں، کسی حائل ہونے والے نے درمیان میں حائل ہوکر پراگندہ کر دیا پس اگر حائل درمیان سے ہٹ جائیگا تو پھر وہی ملاپ ظاہر ہو جائیگا کیا تم نہیں دیکھتے کہ آفتاب کا نور مختلف مواقع میں اس کے متفرق ہونے سے پہلے کہ درخت اور دیواروں کے حائل ہونے کی وجہ سے صورت اختیار کر لیتا ہے تمام ایک ملی جلتی چیز ہوتا ہے اور سورج کی طرح وہ بھی نورانی کرہ ہوتا ہے مگر مذکورہ وجہ سے کس قدر درمیان میں تفرقہ پڑ گیا کہ پوچھئے نہیں لیکن اگر پھر درختوں اور دیواروں کو درمیان سے نکالدیں تو نور میں پھر وہی اتصال سطح پر ظاہر ہوگا، البتہ کسی چیز کا وجود اسکے عدم کیساتھ جو کہ وہی تناقض کا خلاصہ ہے صلح کرنا نہیں جانتا۔

چوں ایں قدر مسلم شد می باید شنید که وجود همچو دیگر کلیات چیز واحد است بقسر ارادهٔ ازلی حصص او در مواضع مختلفه و مواطن متنوعه پراگنده شد اگر آں قاسر ازمیان

جب اس قدر مان لیا گیا تو پھر سننا چاہئے کہ وجود دوسری کلیات کی طرح واحد ہے البتہ اللہ تعالیٰ کے ارادے کے حائل ہو جانے سے اس کے حصے مختلف جگہوں اور متعدد مواقع میں پراگندہ ہوگئے اگر وہ درمیان سے اُٹھ جائے تو وہ حصے جو کہ ازل میں متصل

برخیزد آں حصص کہ در ازل متصل بودند باز متصل شوند۔ واگر قاسر مذکور یک حصہ را از جائی کشیدہ بحصۂ دیگر کہ ازو دور تر بود گرہ بندد ہمچو اجزاء آب رواں و متموج کہ نزدیک اناں دور شود و دور نزدیک اتصال پذیرد۔ وظاہر است کہ روانگی و تموج نیز یکے از شیون وجودی است کہ وجود مطلق در آغوش دارد و اینکہ از عدم کلیت و جزئیت وجود مطلق خبر یافتہ منافی ایں نیست۔

غرض ازیں قول آں است کہ وجود مطلق در مرتبۂ ذات از ہر قیدیکہ باشد معری است۔ نہ ایں کہ کلیت وجزئیت عارض حال او نیز نتواں باشد۔ حاشا و کلا۔ کس نمی داند کہ کلیت و جزئیت نیز از اعتبارات وجودی ست۔ ہمیں است کہ وجود بہر ثبوت ایں اوصاف بکار آمد۔

بالجملہ وجود را با وجود بر خاشی نبود خصوصاً وجود واجب وممکن کہ یکے را با دیگرے قتی وہمیں اتصال باشد۔ اگر ممکن از واجب رابطۂ اتصال بشکند وجودش ہمچو نور آئینہ کہ رویش از آفتاب بگرداند و بساط نورش را از چہرہ اش بکشد قدم بعدم نہد۔ نظر بریں اتصال تجلی رحمانی ابرش عظیم چہ با ہر موجود ممکن۔ اگر کلام باشد در تساوی وعدم تساوی باشد۔ مگر ہر چند تخیل تساوی عرش مجید با تجلی مذکور دشوار است۔ چہ سوائے ایں قید کہ تجلی گویند دیگر قیود لازمہ ایں قید ہمہ وجوہ اطلاق و لا تناہی است ورنہ تجلی گفتن خطا است۔ تجلی عکس چیزی را با او علاوہ فرق اصل وظل ولوازم آں بہمہ نہج اتحاد باشد۔ چنانچہ پیشتر بہ ثبوت رسید وظاہر است کہ عرش مجید با ایں ہمہ عظمت وکرامت متناہی ومحدود ومشخص موجود است۔ با تساوی تجلی مذکور او را چہ کار۔ لیکن ہر کہ

حصے پھر متصل ہو جائیں گے اور اگر مذکورہ حائل ایک حصے کو ایک جگہ سے کھینچ کر دوسرے حصے کی طرف کہ اس سے زیادہ دور ہو جوڑ دے تو جاری اور موجیں مارنے والے پانی کے اجزا کی طرح کہ اس کا نزدیک حصہ دور ہو جاتا ہے اور دور کا حصہ نزدیک ہو کر مل جاتا ہے اور ظاہر ہے کہ روانی اور تموج بھی ایک وجودی شانوں میں سے ہے کہ وہ شان مطلق وجود کو آغوش میں رکھتی ہے اور یہ بات کہ وجود مطلق کے کلی اور جزئی نہ ہونے کی تم نے خبر پائی ہے اس بات کے منافی نہیں ہے۔

اس قول سے غرض یہ ہے کہ وجود مطلق ذات کے مرتبے میں ہر قید سے جو کہ ہو سکتی ہے آزاد ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ کلیت اور جزئیت کسی حالت کو عارض بھی نہیں ہو سکتی۔ ہرگز نہیں۔ کون نہیں جانتا کہ کلیت اور جزئیت بھی وجود کے اعتبارات میں سے ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وجود ان اوصاف کے ثبوت کیلئے ضروری ہوا۔

مختصر یہ کہ وجود کو وجود کے ساتھ کوئی پرخاش نہیں خاص طور پر واجب اور ممکن کا وجود کہ ایک دوسرے کیساتھ اسی طرح کی احتیاج رکھتا ہے۔ اگر ممکن واجب سے اتصال کا تعلق توڑ ڈالے تو اس کا وجود آئینے کے نور کی مانند کہ اگر آئینے کے چہرے کو آفتاب کی طرف سے الٹا کر دیں اور اس کے نور کی بساط کو اس کے چہرے سے کھینچ لیں تو ممکن کا وجود معدوم ہو جائیگا۔ اس بنا پر رحمان کی تجلی کا ملاپ عرش عظیم ہی کیساتھ کیا ہر موجود کے ساتھ ممکن ہے۔ اگر کلام ہوگا تو تساوی اور عدم تساوی میں ہوگا۔ مگر تجلی مذکور کے ساتھ مگر عرش مجید کا مذکورہ عرش مجید کے مساوی ہونے کا تخیل سر چند دشوار ہے کیونکہ اس قید کے سوا کہ اس کو تجلی کہیں اس قید کے دوسرے لازمی قیود ہر لحاظ با ہمہ وجوہ اطلاق اور لا تناہی ہیں ورنہ تجلی کہنا ہی غلط ہے۔ کسی چیز کے عکس اور تجلی کو اس چیز کے ساتھ ہر طور سے اتحاد ہوتا ہے۔ جیسا کہ پہلے ثابت ہو چکا ہے اور ظاہر ہے کہ عرش مجید اپنی

ایں قدر میداند کہ قاعد و جالس را با مقعد و مجلس تساوی من وجہ باشد نہ بجمیع الوجوہ اعنی طرف و سطح متصل او بجلس کہ ہم سطح باشد بآں مجلس اعنی آں سطح مساوی ہست نہ اینکہ جملہ اطراف و سطوح جسم جالش با سطح مجلس مساوی باشند۔ انشاء اللہ در تساوی مقید و محدود من وجہ و غیر مقید من وجہ با مقید بجمیع الوجوہ ہم تامل نخواہد کرد۔

اگر مثال مطلوب است باید شنید کہ:۔

تمام عظمت اور کرامت کے باوجود ایک متناہی محدود اور مشخص موجود ہے۔ تجلی مذکور کی تساوی کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں لیکن جو شخص اتنی بات جانتا ہے کہ قاعد اور جالس (بیٹھنے والے) کو مقعد اور مجلس (بیٹھنے کی جگہ) کے ساتھ کسی ایک وجہ سے تساوی ہوتی ہے نہ کہ تمام وجوہ سے یعنی بیٹھنے والے کے جسم سے ملی ہوئی سطح اور طرف جو بیٹھنے کی جگہ کے ہم سطح ہو یعنی بس یہ سطح مساوی ہے یہ نہیں کہ اس مجلس کے ساتھ یعنی اس سطح کے ساتھ کہ بیٹھنے والے کے جسم کی تمام سطحیں اور جانبین بیٹھنے کی جگہ کی سطح کے مساوی ہوں تو انشاء اللہ یہ بات سمجھنے والا شخص من وجہ محدود اور مقید اور من وجہ غیر مقید کی بجمیع الوجوہ مقید کے ساتھ تساوی کی نسبت میں بھی تامل نہ کرے گا اگر تمہیں مثال درکار ہے تو یوں سن لو کہ:۔

مثال دائرہ از ہر طرف مقید و محدود باشد لیکن سطح خارج از محیطش اگر ہر جانب الی غیر النہایت برند آں ہمہ بہیئت مجموعی ہمچو حلقۂ بالاء آں دائرہ باشد و ظاہر آں دائرہ با باطن آں حلقہ مساوی باشد و در عرف بعض اوقات گویند کہ ایں حلقہ بایں دائرہ برابر آمد۔ پس ہمیں طور اگر تجلی رحمانی را کہ من وجہ مقید است و بوجوہ باقیہ مطلق با عرش مجید نسبت انطباق و اتصال بطور مذکور و تساوی باو باشد چہ محال است۔ مرجع ایں تساوی بتساوی جہت تقیید او بجہتی از جہات عرش اعظم خواہد بود نہ اینکہ از طرف لاتناہی و اطلاق با متناہی برابر شد۔ الغرض مس و جلوس و تساوی کہ از لفظ استوی بفہم می آید۔ اگر ہست بایں طور است کہ گفتیم نہ بطوریکہ یک جسم را با جسم دیگر باشد۔ حاشا و کلا۔ و اگر مس و اتصال و جلوس نیست و چہ عجب کہ نباشد۔ زیرا کہ ایں لفظ بہر او موضوع نیست در بعض مواضع مجازاً لازم آید۔ ما را در اثبات او

مثال دائرہ[1] ہر طرف سے مقید اور محدود ہوتا ہے لیکن اگر اس دائرے کے احاطے سے باہر کی سطح کو اگر ہر جانب سے بے انتہا کھینچتے چلے جائیں تو وہ ساری بیرونی سطح مجموعی حیثیت سے اس دائرے پر ایک حلقۂ بالا کے مثل ہوگا اور اس دائرے کی بیرونی سطح مجموعی حیثیت سے اس حلقے کے اندرونی خط کے ساتھ برابر[2] ہوگی اور عرف میں بعض اوقات یوں کہدینگے کہ یہ حلقہ اس دائرے کے برابر ہوگیا پس اسی طرح رحمان کی تجلی کو جو ایک وجہ سے مقید اور باقی وجوہ سے مطلق ہے عرش مجید کے ساتھ مذکورہ طریقے پر انطباق اور اتصال اور تساوی کی نسبت ہوجائے تو کیا محال ہے۔ کیونکہ اس تساوی کا مرجع عرش اعظم کی جہات میں سے کسی ایک جہت کیساتھ اس تجلی کی جہت مقید کے مساوی ہونے کی طرف ہوگا نہ یہ کہ لاتناہی اور اطلاق کی طرف سے بھی متناہی کے برابر ہوگیا غرض یہ کہ مس کرنا اور بیٹھنا اور تساوی جو کہ لفظ استوی سے سمجھ میں آتی ہیں اگر ہیں تو اس طرح پر ہیں جیسا کہ ہم نے بیان کیا اس طرح پر نہیں جیسی کہ ایک جسم کو دوسرے جسم کیساتھ ہوتی ہے ہرگز نہیں۔ اور اگر

[1] باطن دائرہ / خارج دائرہ — دائرے کی اندر کی شکل یوں ہوگی اور باہر کی طرف سے گھری ہوتی ہے۔ مترجم

[2] بیرونی سطح اندرونی سطح کے برابر اس طرح ہوگی — حلقہ / دائرہ / حلقے کی سطح — مترجم

اصرار نیست۔ البتہ مفہوم استواء وتساوی را از دست دادن خیلی بر دل گراں است کہ ایں مفہوم اصلی لفظ قرآن است۔ البتہ تصحیح استواء مثال می باید کرد و فوقیت را ملحوظ باید داشت۔ لیکن پس از استماع مثال دائرہ وحلقہ بالاء استخراج مثالش ہرکس را سہل باشد۔ بایں ہمہ تغیر مناسب ایں ہیچمداں خود غرض پرداز است۔

اگر مخروطی[2] ناقص را یعنی سر بریدہ را کہ دائرہ راس او مساوی دائرہ دیگر باشد واز جانب قاعدہ[4] غیر متناہی بود سرنگوں باِزاء آں دائرہ قدری فاصلہ گذاشتہ معلق تصور کنند باوجود بقاء الاتناہی انطباق وتساوی و فوقیت وانفصال بدست آید۔ لیکن حق ہماں است کہ معنی عرفی یعنی قعود وجلوس منزہ از کیف وکم و چون و چرا مراد گیرند و بتقریکہ بالا گذشت اطمینان خود نمایند و اوہام فاسدہ را از دل دور اندازند۔

چوں ایں قدر بعون اللہ تعالیٰ بدل نشست سخن دور افتادہ را میگیریم

جائے اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى فرمودہ اند وجائے وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ می فرمایند۔ موضوع

مس، اتصال اور جلوس نہیں ہے اور کیا عجب کہ نہ ہو کیونکہ یہ لفظ اس کے لئے وضع نہیں کیا گیا ہے بلکہ بعض مواقع میں مجازی طور پر لازم آجاتا ہے تو ہمیں اس کے ثابت کرنے پر اصرار نہیں ہے۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ استواء اور تساوی کے مفہوم کو ہاتھ سے جانے دینا دل پر بہت شاق ہے کیونکہ لفظ قرآنی (استویٰ) کا یہ اصلی مفہوم ہے۔ البتہ استویٰ کی تصحیح ایک مثال میں کر دینی چاہئے اور فوقیت مدنظر رکھنی چاہیے۔ لیکن دائرے اور حلقہ بالا کی مثال کے بغور سننے کے بعد اسکی کوئی اور مثال نکال لینا ہر شخص کیلئے سہل ہوگا۔ اس کے باوجود مثال میں مناسب تبدیلی کے ساتھ یہ ناچیز بیان کرتا ہے۔

اگر ناقص مخروطی[2] کو جس کا سر کٹا ہوا ہو جس کے راس کا دائرہ ایک دوسرے دائرے کے مساوی ہو اور قاعدے کی طرف سے وہ غیر متناہی چلا جائے اس کا سر نیچا کر کے اس دائرے سے اوپر ذرا فاصلہ چھوڑ کر معلق تصور کرلیں تو لاتناہی رہنے کے باوجود انطباق تساوی اور فوقیت اور انفصال سب حاصل ہو جائیگا لیکن حق بات وہی ہے کہ استویٰ کے عرفی معنی مراد لیں یعنی ایسا قعود اور جلوس جو کیف، وکم اور چون وچرا سے منزہ ہو اور جو تقریر اوپر گذری اس سے اپنا اطمینان کرلیں اور فاسد خیالات کو دل سے نکال دیں۔

جب اتنا کچھ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے دل میں بیٹھ گیا تو جس مضمون سے ہم دور جا پڑے ہیں اسکی طرف چلتے ہیں (اور وہ یہ ہے کہ) کسی جگہ تو اللہ تعالیٰ نے اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى فرمایا ہے اور ایک جگہ (قرآن کریم میں) وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطًا فرماتے ہیں موضوع

---

[1] ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ یا اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى میں موجود ہے۔ مترجم

[2] مخروطی شکل وہ کہلاتی ہے جو اوپر سے پتلی اور نیچے سے موٹی ہو جیسے گاجر کی شکل۔ مترجم

[3] منطق کی اصطلاح میں موضوع اور محمول وہی معنے رکھتے ہیں جو نحو میں مبتدا اور خبر کے معنی ہیں۔ مثلاً اَلْقَلَمُ طَوِیْلٌ میں القلم مبتدا ہے اور طویل خبر ہے منطق میں القلم کو موضوع اور طویل کو محمول کہتے ہیں چنانچہ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى میں اَلرَّحْمٰنُ اور وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ میں اللہ موضوع ہے اور علی العرش استویٰ اور بِکُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ محمول ہیں۔ [4] قاعدہ وہ خط ہے جس پر مثلث کی دو ساقیں قائم ہوں۔ مترجم

ہر دو قضیہ واحد است مگر محمول یکے با محمول ثانی رابط تضاد دارد و باین نظر بعضی اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى را اصل قرار دہند و در

وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ

تاویل کنند و بعض برعکس روند و چہ عجب کہ بعض بتفاوت لفظ اللہ و رحمان کہ یکی اسم ذات است و دیگر اسم صفت رفع تضاد کردہ باشند۔ مگر حق این است کہ ہمہ باد بیہودہ اند۔ کلام ربانی ہرگز متناقض و متضاد نبود۔ مگر فہم از کجا آید۔ در خور فہم خود این ہیچمدان عرض پرداز است اگر راست آید از آن و تعالی ست سبحانہ انہ لا علم لنا الا ما علمنا و اگر غلط باشد کالای زبون بریش خاوند۔

اول عرض کردہ شد کہ تجلی اعظم ہم کہ در قلب نفس رحمانی است تمثال ذات بحت است و ہم خود نفس رحمانی یعنی آنکہ او را صادر اول و وجود منبسط گفتہ ام تجلی ذات بحت است و ہم عرض کردہ شد کہ از اختلاف تجلیات فرق مواطن پیدا شود نہ فرق موطن، و از تعدد عکوس تعدد مظاہر بظہور آید نہ تعدد ظاہر۔ اندریں صورت اللہ تعالی ہم بر عرش باشد و ہم محیط بجملہ اشیاء۔ اول باحاطہ ذاتی اشارہ کردہ شد با این ہمہ احاطہ صادر اول حقائق ممکنہ و موجودات امکانی را از معروضات سابقہ بوضوح پیوست و استواء رحمانی بر عرش عظیم قدرے بدل

دونوں قضیوں[1] کا ایک ہی ہے لیکن ایک قضیئے کا محمول اور دوسرے قضیہ کے محمول کیساتھ تضاد کا علاقہ رکھتا ہے اور اسی تضاد کے پیش نظر بعض علماء اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى کو اصل قرار دیتے ہیں اور

وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ

کی تاویل کرتے ہیں اور بعض علماء اس کے برعکس[2] کہتے ہیں اور کیا بعید ہے کہ بعض علماء نے اللہ اور رحمٰن کے دو ناموں کے جدا جدا ہونے کی وجہ سے جن میں ایک اصلی نام یعنی اللہ اور دوسرا صفتی نام یعنی رحمٰن ہے تضاد[3] کو اٹھا دیا ہو۔ مگر حق یہ ہے کہ تضاد کہہ کر سب نے ہی بیکار باتیں کی ہیں۔ کیونکہ کلام ربانی ہرگز متناقض اور متضاد نہیں ہے۔ مگر سمجھ کہاں سے آئے۔ ہاں اپنی سمجھ کے مطابق یہ ناچیز عرض کرتا ہے۔ اگر ٹھیک ثابت ہو تو اس خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے وہ پاک ہے۔ بیشک ہمیں علم نہیں مگر اتنا جتنا ہمیں سکھا دیا۔ اور اگر غلط ہو تو کالائے زبون بریش خاوند۔

پہلے عرض کیا گیا کہ تجلی اعظم نیز کہ نفس رحمانی کے قلب میں ہے ذات بحت کا عکس ہے اور نیز خود نفس رحمانی جس کو میں نے صادر اول اور وجود منبسط کہا ہے وہ خود بھی ذات مجرد کی تجلی ہے اور یہ بھی عرض کر دیا گیا کہ تجلیات کے اختلاف سے مواطن کا فرق پیدا ہوتا ہے نہ کہ متوطن کا فرق اور عکسوں کے کئی ہونے سے مظاہر کا کئی ہونا ظہور میں آتا ہے نہ کہ ظاہر کا تعدد۔ اس صورت میں اللہ تعالیٰ عرش پر بھی ہو اور تمام اشیاء کو محیط بھی ہو (درست ہے) اول ذاتی احاطے کی طرف اشارہ کر دیا گیا۔ ان سب کے باوجود صادر اول کا ممکنہ حقائق اور امکانی موجودات کو احاطے میں لے لینا سابقہ بیانات سے واضح ہو گیا اور عرش عظیم پر رحمانی استواء کچھ

---

[1] قضیہ بھی موضوع اور محمول کی طرح منطقی اصطلاح ہے علم نحو میں جس چیز کو جملہ کہا جاتا ہے منطق کی اصطلاح میں اسکو قضیہ کہتے ہیں لیکن یہاں حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کی مراد مذکورہ بالا دونوں آیتوں سے ہے۔ مترجم۔ [2] یعنی وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ کو اصل قرار دیتے ہیں اور اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى کی تاویل کرتے ہیں۔ مترجم

[3] انہوں نے یہ کہکر تضاد اٹھا دیا ہوگا کہ اللہ کا نام چونکہ اصلی ہے اس کیلئے محیط مناسب ہے اور استویٰ کا لفظ رحمٰن کیلئے مناسب ہے۔ لہٰذا تضاد نہیں رہتا۔ مترجم

نشست وقدمے دیگر بنام خدامی فشانم۔

روح راہم تعلقی خاص است بدماغ وہم محیط است جملہ اطراف وجوانب بدن را پس از لحاظ ایں امر کہ حیات جسم بالعرض است وہر صفتی عرضی را صادری باید از طرف موصوف بالذات۔ کیفیت احاطہ روحانی بنسبت جسم بوضوح پیوست اندریں صورت آں تعلق خاص کہ بنسبت دماغ و دل یا ہر عضوی کہ گویند مسلم است حصۂ مصدر باشد نہ صادر۔ زیرا کہ یک شی را عموم وخصوص تعلق متصور نیست۔ چہ خصوص نفی تعلق بسواء مخصوص مے خواہد۔ و عموم وجود تعلق بما سواء را خواستگار۔

الغرض چنانکہ اینجا ہمی روح را استواء بدماغ حاصل است وصادر را احاطۂ تمامی جسم ہمچنیں تجلی اعظم را استواء بردماغ عالم باشد کہ عرش عظم است و بدان او کہ حقیقت کعبہ باید گفت تعلق خاص۔ باقی ماند نزول ربانی بر آسمان دنیا پس از استماع مقدمات ممہدہ ومعروضات سابقہ آں قابل تامل نماند۔ زیرا کہ شی واحد را در مظاہر فوق و تحت ویمین ویسار وغیرہ مواطن متعددہ تجلی ممکن ہست وباعتبار اوضاع مظاہر ومرایا تجلیات را صاعد و نازل ومستوی الیہ گفتن روا باشد۔ اما اصل متجلی بہر حال بیک حال باشد کہ بود و از آں جا کہ تجلی بطوریکہ عرض کردہ شد عین متجلی باشد ایں ہمہ احکام بجانب او منسوب باشند۔ غرض از نزول او تعالیٰ بر آسمان دنیا استواء عرش واحاطہ کل شی کہ بہر او تعالیٰ مسلم شد باطل نشود و آں منظر وفیہ کہ از لفظ این متوہم شد باین ظرفیت کہ از

تو دل میں بیٹھ گیا ہے اور خدا کا نام لیکر کچھ اور دل نشین کرتا ہوں۔

دیکھو روح کا دماغ سے بھی ایک خاص تعلق ہے اور وہ بدن کے تمام اطراف وجوانب کو محیط بھی ہے پس اس امر کا لحاظ کرتے ہوئے کہ جسم کی زندگی بالعرض ہے اور ہر عرضی صفت کے لئے موصوف بالذات کی طرف سے ایک صادر چاہئے تو اس سے جسم کی بنسبت روحانی احاطے کی کیفیت واضح ہو گئی۔ اس صورت میں وہ خاص تعلق جو کہ دل ودماغ یا جس عضو کے متعلق بھی کہیں مسلم ہے کہ وہ مصدر کا حصہ ہوگا نہ کہ صادر کا۔ کیونکہ ایک ہی چیز کے لئے تعلق کا عموم اور خصوص تصور میں نہیں آسکتا کیونکہ خصوص مخصوص کے سوا تعلق کی نفی چاہتا ہے اور عموم ماسوا کے ساتھ تعلق کا وجود چاہتا ہے۔

الغرض جیسا کہ اس جگہ اصل روح کو دماغ پر استواء حاصل ہے اور صادر کو تمام جسم کا احاطہ حاصل اسی طرح تجلی اعظم (خدا کی تجلی) کو عالم کے دماغ پر استواء حاصل ہے جو کہ عرش عظیم ہے اور اس کے ذریعہ سے جس کو حقیقت کعبہ کہنا چاہئے خاص تعلق ہے رہا نزول ربانی دنیا کے آسمان پر تو مذکورہ مقدمات اور سابقہ بیانات کو بغور سننے کے بعد وہ واضح ہو جاتا ہے کہ سوچ بچار کی اس میں ضرورت نہیں رہتی۔ کیونکہ ایک ہی چیز کے لئے اوپر نیچے دائیں اور بائیں وغیرہ کے مظاہر میں مختلف مقامات پر تجلی ممکن ہے۔ اور مظاہر اور مرایا کے اطوار کے اعتبار سے تجلیات کو اوپر چڑھنے والی اور نیچے اترنے والی اور مستوی الیہ کہنا درست ہوگا۔ لیکن اصل تجلی کرنے والی چیز (یعنی اللہ تعالیٰ) ہر حال میں ایک ہی حالت پر ہو گی جس پر کہ وہ تھی۔ اور چونکہ تجلی اس طور پر کہ عرض کیا گیا متجلی کا عین ہوگی یہ سب احکام اسی کی طرف منسوب ہونگے۔ غرض خدا تعالیٰ کے آسمان دنیا پر نازل ہونے سے استواء عرش اور احاطہ کل شی

له صاعد و نازل، مستوی، تحت، فوق اور یمین و یسار وغیرہ۔ مترجم

احاطہ متوہم گردید مصادم نگردد۔ واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم و احکم۔

چوں از ضروریات متعلقہ مضمون حدیث کہ انشاء اللہ بہر ایمان جملہ متشابہات بشرط فہم کافی باشد فراغت یافتہ، وقت آنست کہ بشرح الفاظ باقیہ حدیث مسبوق الذکر اشارہ کنم۔ در لفظ

ما تحتہ ھواء وما فوقہ ھواء

دو احتمال است۔

یکی آنکہ ما نافیہ باشد۔ اندریں صورت ہیچ حاجت خامہ فرسائی نیست۔ چہ خلاصہ کلام ایں وقت ایں باشد کہ ایں عماء اعنی سحاب مثل ابر مشہور و معروف زیر ہواء و بر ہواء نیست و نہ در تحرک خود از محلی بمحلی محتاج او۔ و ظاہر است کہ ایں امر) است ظاہر الصحت۔ کس نمی دانم کہ بنسبت صادر اول دریں بارہ تامل کند ایں ہواء ایں عالم را تا آں درگاہ عالی رسائی کجا۔ تحرک وتموج او بذات خود است۔ اگر فیضی از و بماہیتی میرسد خود بتحرک او می خیزد و دریں بارہ آفتاب و فیض او را کہ بر روی زمین است مثلا ہر مثال پیش نظر باید آورد۔

۲- واگر کلمہ ما دریں دو جملہ موصولہ شدہ بظاہر ہمیں حق می نماید چہ وقت تکریر نفی پس از ماء نافیہ کلمہ لا آرند نہ ما۔ مگر آنکہ ایں ہم روا باشد۔ اندریں صورت شرح ایں ہوا می باید شنید۔

ہوا گاہی بمعنی خالی آید۔ چنانچہ از قولہ تعالیٰ

کہ ان خلائے تعالیٰ کے لئے مسلم ہے باطل نہیں ہوتا اور وہ ظرفیت جو کہ آین (کہاں) کے لفظ سے متوہم ہوئی اس ظرفیت کیساتھ جو کہ احاطے سے متوہم ہوئی مصادم نہیں ہوتی واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم واحکم۔

جب مضمون حدیث سے متعلقہ ضروریات جو کہ انشاء اللہ تمام متشابہات پر ایمان لانے کیلئے بشرط فہم کافی ہیں، فراغت پاکر وہ وقت آپہنچا ہے کہ حدیث مذکورہ سابق کے باقی الفاظ کی شرح کی طرف اشارہ کروں۔

ما تحتہ ھواء وما فوقہ ھواء

کے لفظوں میں دو احتمال ہیں:-

۱- ایک تو یہ ہے کہ ما نافیہ ہو۔ اس صورت میں تو قلم گھسنے کی کوئی ضرورت ہی نہیں رہتی۔ کیونکہ کلام کا خلاصہ اس صورت میں یہ ہوگا کہ یہ عماء یعنی بادل، مشہور ومعروف ابر کی طرح ہوا کے نیچے اور ہوا کے اوپر نہیں ہے اور نہ ایک جگہ سے دوسری جگہ کو اپنی حرکت میں اس ہوا کا محتاج ہے اور ظاہر ہے کہ یہ بات صحت مضمون کے لئے بالکل ظاہر ہے میں کسی کے متعلق بھی یہ نہیں جانتا کہ صادر اول (خدا تعالیٰ) کے متعلق اس بارے میں ذرا بھی تامل کرے گا (کیونکہ) اس دنیا کی ہوا کی اس بارگاہ عالی تک رسائی کہاں نہ اس ابر کی حرکت اور تموج بذات خود ہے اگر اس ابر کا کوئی فیض کسی ماہیت کو پہنچتا ہے تو خود اس غیبی ابر کی حرکت سے پہنچتا ہے اور اس بارے میں آفتاب اور اس کے فیض کو جو کہ دھوپ کہلاتی ہے مثال کے طور پر پیش نظر رکھنا چاہیئے۔

۲- اور اگر (ما تحتہ ھواء وما فوقہ ھواء) کے دونوں جملوں میں ما موصولہ ہو اور بظاہر یہی درست معلوم ہوتا ہے کیونکہ حرف نفی کو مکرر لانے کی صورت میں ما نافیہ کے بعد لفظ لا لاتے ہیں نہ کہ ما مگر تکرار میں ما کے بعد ما کا لانا بھی درست ہوتا ہے۔ ہر صورت میں کہ ما کو موصولہ مانا جائے تو پھر اس کی تفصیل بھی سن لینی چاہیئے۔

ہوا کے معنی کبھی خالی کے بھی آتے ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ

وَاَفْئِدَتُهُمْ هَوَاءٌ

همیں معنی مراد داشته اند- و هرچه مراد داشته اند بجا است- چه هوا بچشم نظر نیاید و بدیں سبب موطن او خالی نماید- اندریں صورت حاصل ایں ارشاد و مفاد هیچ

اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ
وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ

در نفی غیر برابر باشند- و در افاده ایں معنی مرادف

كَانَ اللّٰهُ وَلَمْ يَكُنْ مَعَهٗ شَيْءٌ

بوند-

و گاهی هواء بر هواء معروف اطلاق کنند و بزعم احقر بایں معنی هم هواء را دریں کلام مساغ است مگر آں مقوله را پیشتر پیش نظر باید کشید که

غیب را ابری و آبی دیگر است
آسمان و آفتاب، دیگر است

غرض حقائق مشترکه عالم وجوب و امکان بیک نسق نباشند- هواء آں عالم را همچو آں عالم از شوائب امکان که هواء ایں عالم را ازاں ناگزیر است مقدس و منزه باید فهمید- آری اصل غرض را که آں حقائق موضوع بهر آں باشند قدر مشترک باید داشت

نظر بریں چوں نگه کردیم غرض اصلی را مشترک در هواء ایں عالم و اراده و محبت و غضب و غیره محرکات و مصادر افعال خداوندی یافتیم-

مرادم ازیں غرض ایں است که هر فعل را از محرکات اراده ناگزیر است و محرکات افعال همیں اخلاق و امثال آں باشد که اجمال آں قوت عملیه باید گفت و اولین فعل که ازاں درگاه صدور یابد همیں اعطاء وجود باشد که مفادش تعلق صادر اول بماهیت ممکنی بود- اندریں صورت ایں

کے قول وَاَفْئِدَتُهُمْ هَوَاءٌ

سے یہی خالی کے معنی مراد لئے ہیں اور جو معنی بھی مراد لئے ہیں درست ہیں کیونکہ ہوا آنکھ سے دکھائی نہیں دیتی اس لئے اس ہوا کا مقام خالی معلوم ہوتا ہے- اس صورت میں اس فرمانے کا حاصل اور حسب ذیل مضمون کا مفاد

اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ
وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ

غیر کی نفی میں برابر ہیں اور افادی پہلو کے اعتبار سے یہ معنی

كَانَ اللّٰهُ وَلَمْ يَكُنْ مَعَهٗ شَيْءٌ

کے مرادف ہونگے-

اور کبھی ہوا کا معروف ہوا پر اطلاق کرتے ہیں اور احقر کے خیال میں اس معنی کی بھی کلام میں گنجائش ہے لیکن (اس معنی کو اختیار کرنے میں) اس مقولے کو پہلے پیش نظر لانا چاہیئے کہ

غیب کا بادل اور پانی اور ہی ہوتا ہے
اور (اس کا) آسمان اور آفتاب اور ہی ہے

غرض وجوب اور امکان کے عالم کی مشترکہ حقیقتوں کی غرض یکساں نہیں ہوتی- اس عالم کی ہوا کو اسی عالم کی مانند عالم امکان کی آلودگیوں سے جو اس عالم کی ہوا کیلئے ضروری ہیں پاک اور منزہ سمجھنا چاہیئے- ہاں اصل غرض کو کہ اس کے لئے وہ حقائق موضوع ہیں قدر مشترک رکھنا چاہیئے-

اس کے پیش نظر جب ہم نے نگاہ ڈالی تو اصل غرض کو اس عالم کی ہوا میں اور خداوندی افعال کے مصادر محرکات ارادہ محبت اور غضب وغیرہ میں مشترک پایا-

میرا مطلب اس اصلی غرض سے یہ ہے کہ ہر فعل کے لئے کسی نہ کسی ارادے کے محرکات کا ہونا ضروری ہے اور افعال کو حرکت میں لانے والے یہی اخلاق اور ان جیسی چیزیں ہوتی ہیں کہ اجمالاً اس کو قوت عملیہ کہنا چاہیئے اور سب سے پہلا فعل جو اس بارگاہ خداوندی سے صدور پاتا ہے وہ یہی وجود کا عطا کرنا ہے کہ اس کا حاصل ممکن کی حقیقت

محرکات را با صادر اول ہماں نسبت باشد کہ ہوا را با ابر چنانکہ اجتماع ابر و تفرق آں منوط بتحریک ہوا است - ہمیں طور انضمام صادر اول بماہیتی یا انفصال آں و توجہ آں از یک طرف بطرف دیگر کہ ہمانا مفید اجتماع بعض اجزا با بعض و افتراق بعض از بعض باشد منوط بقوت عملیہ است و پیدا است کہ رأس و رئیس ایں محرکات بر ارادہ باشد چنانچہ بدیہی است پس مجموعہ حب و ارادہ کہ مبدا و منشا آں توجہ است کہ سرمایہ افتراق و اجتماع گردیدہ اینجا بمنزلہ ہوا برائے ابر باشد و شاید ہمیں است کہ حب را ہوی گویند و ارادہ کہ ماخذ او رَوْد است و با مرادو ہم اتحاد مخرج دارد نیز ہمیں سبب بارادہ شد کہ سر منشا او حب باشد

الغرض ہوا آں عالم اگر ہست بظاہر ایں است و ظاہر است کہ از حب گرفتہ تا ارادہ ہمہ از صفات انضمامیہ وجود اند کہ از ہر طرف او جلوہ ظہور دارند - اندریں صورت ایں ارشاد کہ

ما تحتہ ھواء وما فوقہ ھواء

اشارہ باحاطہ از ہر طرف باشد و تشبیہ بہوائیکہ زیر و بالاء ابر باشد درست آید۔

باقی ماند اینکہ اول جملہ صفات را اعتباریات گفتہ و اینجا بانضمام قائل شدہ ازیں تہافت کلام اگر اعتبار ماقبل و مابعد برہم نشد۔

خلش | باری ازیں چہ کم کہ بناء مطالب سابقہ برہم زد یا اصل ایں مطلب برکندہ شد - ایں خلش را نیز از دل ناظراں برآوردن ضروری افتاد۔

کے ساتھ صادر اول کا تعلق ہو جاتا ہے - اس صورت میں ان محرکات کو صادر اول کے ساتھ وہی نسبت ہوگی جو ہوا کو ابر کے ساتھ ہے۔ جیسا کہ بادل کا اکٹھا اور منتشر ہونا ہوا کی حرکت پر موقوف ہے اسی طرح صادر اول کا کسی ماہیت کیساتھ اتصال اور انفصال اور اس کا ایک طرف سے دوسری طرف کو موڑنا اور اس کا فائدہ بعض اجزا کو بعض کیساتھ اکٹھا اور جدا کرنا ہوتا ہے قوت عملیہ سے متعلق ہے۔ اور ظاہر ہے کہ ان محرکات کی اصل اصول اس کا ذاتی تقاضہ ہے جو حب کے نام سے موسوم ہوا اور ان محرکات کا منتہا ارادہ پر ہوتا ہے جیسا کہ واضح ہے۔ پس حب اور ارادے کا مجموعہ کہ اس کا مبدا اور منشا توجہ ہے جو کہ اتصال اور انفصال کا سبب بنا یہاں پر ابر کیلئے ہوا کی جگہ ہوگا اور شاید یہی وجہ ہے کہ حب کو ہوی کہتے ہیں اور ارادہ کہ اس کا ماخذ رود (یعنی تلاش) ہے اور وہ لفظ مراود کے ساتھ مخرج کا اتحاد رکھتا ہے نیز اسی سبب سے ارادہ کے نام سے موسوم ہوا کیونکہ اس کا منشا حب ہے

الغرض اس عالم کی ہوا اگر ہے تو بظاہر یہ ہے اور ظاہر ہے کہ حب سے لیکر ارادہ تک تمام وجود کی صفات انضمامیہ ہیں جو کہ اس کے ہر طرف سے جلوہ گر ہوتے ہیں۔ اس صورت میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کہ

ما تحتہ ھواء وما فوقہ ھواء

ہر طرف سے احاطہ کرنے کا اشارہ ہوگا اور اس ہوا سے تشبیہ دینا جو بادل کے نیچے اور اوپر ہوتی ہے فٹ بیٹھ جاتا ہے۔

باقی رہا یہ کہ اول میں تمام صفات کو اعتباری کہا اور یہاں پر ان صفات کے انضمام کے قائل بن گئے تو اس کلام کیلئے ڈھینگے پن سے ماقبل اور مابعد کے اعتبار کا شیرازہ منتشر نہیں ہوا۔

دغدغہ | پھر بھی اس سے کیا کم کہ سابقہ مطالب کی بنیاد ہل گئی۔ یا اس مطلب کی بنیاد اکھڑ گئی۔ اس خلش کو بھی ناظرین مکتوب کے دل سے نکال ڈالنا ضروری ہو گیا۔

ازالہ خلش | بنام خدا سخنی می‌گویم کہ راویان معقول اگرچہ روایتم بتصدیق او تفاوت نکنند اما ناظران دفتر عقل را ماخذ او پیش نظر باشد و بدیں سبب بشہادت او بالضرور برخیزند۔ آں ایں است کہ

از وجود تا عدم فاصلہ نیست کہ گنجائش تخلل معدومی دگر باشد۔ باز عدم را بذات خود تحقق نیست تا باطوار وجودی چہ رسد۔ اندریں صورت وجودیات ہمہ از اقسام وجود باشند مگر حال وجود خود دانستی کہ در تحقق خود محتاج دگراں نیست بلکہ دگراں در وجود و تحقق خود محتاج وجود باشند ورنہ اولیت حمل الوجود وجود محض خواب پریشاں بود زیرا کہ احتیاج از امارات عدم محتاج فیہ در خود باشد پس اندریں صورت وجود وجود و حمل او برو عرضی باشند و ہر کہ ہمہ ایں بالعرض موصوف بالذات باشد آنجا حمل اولی بود ورنہ باز ہمیں خرابی احتیاج نوبت بعرضیت وجود رساند۔

الجملہ وجود را تحقق و وجود بذات خود است پس ہر وصف کہ در تحقق خود محتاج بموصوف باشد پارہ وجود محض نخواہد بود۔ ورنہ آں استغناء ذاتی وجود مبدل بافتقار و احتیاج شود و چنیں نتواں گفت کہ پارہ عدم محض باشد کہ آثار وجود نیز باآں افتقار کہ خبر از عدم می دہد بالبداہتہ موجود ہستند۔ بجز اینکہ حدود فاصلہ را گویند کہ درمیان وجود خاص و عدم آں حائل باشند دگر چہ خواہند گفت و پیدا است کہ ایں حدود از انتزاعیات است نہ انضمامیات زیرا کہ عقل مدرک از مابین وجود و

ازالہ خلش | سو اللہ کے نام پر ایک بات کہتا ہوں کہ معقولات کے راوی اگرچہ کوئی روایت اسکی تصدیق میں بیان نہیں کرینگے لیکن کتاب عقل کے مطالعہ کرنے والوں کے سامنے اس کا ماخذ ہوگا اور اس سبب سے اسکی شہادت کیلئے ضرور تیار ہو جائینگے وہ یہ ہے کہ

وجود سے عدم تک کوئی ایسا فاصلہ نہیں ہے کہ کسی اور معدوم کے درمیان میں داخل ہونے کی اس میں گنجائش ہو، پھر عدم کو بذات خود کوئی تحقق نہیں تو وجود کے مراتب تک وہ کیا پہنچ سکیگا اس صورت میں وہ تمام وجودیات وجود کے اقسام میں سے ہونگے مگر وجود کا حال تمہیں خود معلوم ہی ہے کہ اپنے تحقق میں دوسروں کا محتاج نہیں ہے بلکہ دوسرے اپنے وجود اور تحقق میں وجود کے محتاج ہوتے ہیں ورنہ الوجود وجود کا حمل اولی ہونا محض خواب پریشاں بن جائیگا کیونکہ حاجتمند کا اپنے پاس اس چیز کے نہ ہونے کی علامات میں سے ہے جس کی ضرورت ہے پس اس صورت میں وجود کا وجود اور اس وجود کا اپنے اوپر محمول ہونا عرضی ہوگا اور جو اس بالعرض کے لئے موصوف بالذات ہوگا اس جگہ حمل اولی ہوگا ورنہ پھر یہی محتاج ہونے کی خرابی وجود کے عرضی ہونے تک نوبت پہنچا دیگی۔

حاصل یہ ہے کہ وجود کا تحقق اور وجود بذات خود ہے پس جو وصف اپنے تحقق میں موصوف کا محتاج ہوگا تو وہ وجود محض کا حصہ نہ ہوگا۔ ورنہ وجود کی وہ ذاتی بے نیازی بیچارگی اور محتاجی سے بدل جائیگی اور اس طرح نہیں کہہ سکتے کہ وہ عدم محض کا حصہ ہو جائیگا کیونکہ اس احتیاج کے باوجود جو عدم کی خبر دیتا ہے وجود کے آثار بدیہی طور پر (اس میں) موجود ہیں اسکے سوا کہ فصل کرنے والی حدود کے متعلق کہیں کہ خاص وجود اور اسکے عدم کے درمیان حائل ہو جائیں اور کیا کہیں گے اور یہ ظاہر ہے کہ یہ حدود انتزاعیات[1] میں سے ہیں نہ کہ انضمامیات

[1] انتزاعیات کا وجود خود نہیں ہوتا اور انضمامیات یعنی منضم اور منضم الیہ کا وجود متحقق ہوتا ہے۔ مترجم

عدم آں را نمے کش اگر وجود را با عدم مقارن مجاور اتفاق میسر نیامدی ایں انتزاع کہ بمعنی کشش باشد از کجا صورت بستی اگر از انضمامیات وجود بودے احتیاج بلحاظ مقارن و انتزاع کشش چہ بود۔ مگر ظاہر است کہ بسا اوقات از انتزاع امری انتزاع امر دیگر لازم آید چنانچہ انتزاع فوقیت را انتزاع تحتیت و برعکس لازم بود ہمیں طور از انتزاع ماہیتی انتزاع لوازم آں لازم آید

وجہش آں باشد کہ انتزاعیات منفیات باشند و ہمیں است کہ در تحقق خود محتاج بدو امر شدند چنانکہ مذکور شد ورنہ سوائے اضافت و نسبت مضمونی نیست کہ در تحقق خود محتاج دو امر مباین و مستقل فی حد ذاتہ باشد یعنی اگر علت او محتاج علتی دیگر یا سامان دیگر مثل آلات و شرائط می بودے گفتیم کہ احتیاج بدو چیز است و باز محتاج را نسبت نتواں گفت۔ مگر وقتیکہ ہر دو محتاج الیہ فی حد ذاتہ مستقل باشند و یکی را از دیگر استغنا۔ ایں وقت بجز آنکہ محتاج از قسم نسبت باشد دیگر چہ باشد لیکن نسبت را ضرور است کہ اطراف او متضائف باشند۔ مگر غرضم از اطراف مصداق منسوب الیہ و منسوب نیست بلکہ مفہومات آں مثلاً بہر مفہوم نسبت مفہوم منسوب الیہ و منسوب و بہر مفہوم فوقیت فوق و تحت ہم چنیں بہر مفہوم تحتیت تحت و فوق و بہر نسبت ابوت اب و ابن و بہر اضافت بنوت ابن و اب۔ غرض نسبت را و ہر مفہوم را کہ از نسبت ساختہ باشند ضرور است کہ در تعقل او احتیاج معتابہ افتد

میں ہے۔ کیونکہ درک کرنیوالی عقل وجود اور عدم کے درمیان سے اسکو نکال لیتی ہے اگر وجود کو ملے ہوئے اور قریبی عدم کے ساتھ ملنا میسر نہ آتا تو یہ انتزاع جو کشش کے معنی میں ہے کہاں سے صورت اختیار کرتا اگر وجود انضمامیات سے ہوتا تو مقارن اور انتزاع اور کشش کے لحاظ کی [illegible] کیا تھی۔ مگر ظاہر ہے کہ بسا اوقات کسی امر کے انتزاع سے دوسرے امر کا انتزاع لازم آجاتا ہے جیسا کہ فوقیت کے انتزاع کو تحتیت کا انتزاع اور تحتیت کے انتزاع کو فوقیت کا انتزاع لازم ہے۔ اسی طرح سے ایک ماہیت کے انتزاع سے اسکے لوازم کا انتزاع بھی لازم آئیگا۔

اسکی وجہ یہ ہے کہ انتزاعی امور اضافی ہوتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ اپنے تحقق میں دو باتوں کے محتاج ہوتے جیسا کہ ذکر کیا گیا۔ ورنہ اضافت اور نسبت کے سوا کوئی مضمون نہیں ہے کہ اپنے تحقق میں دو متضاد اور اپنی ذات کے اعتبار سے دو مستقل امور کا محتاج ہو یعنی اگر اسکی علت کسی دوسری علت کی یا آلات اور شرائط کی مانند دوسرے سامان کی محتاج ہوتی تو ہم کہتے کہ دو چیزوں کی ضرورت ہے اور پھر محتاج کو نسبت نہیں کہہ سکتے مگر جس وقت کہ دونوں محتاج الیہ اپنی ذات میں مستقل ہوں اور ایک کو دوسرے کی حاجت نہ ہو تو اس وقت اس کے سوا کہ محتاج نسبت کی قسم سے ہو اور کیا ہوگا لیکن نسبت کیلئے ضروری ہے کہ اس کی طرفوں کا مفہوم ایک دوسرے پر موقوف ہو مگر میری غرض اطراف سے منسوب الیہ اور منسوب کا مصداق نہیں ہے بلکہ اس منسوب اور منسوب الیہ کے مفہومات مراد ہیں۔ مثلاً نسبت کے مفہوم کیلئے منسوب الیہ اور منسوب کا مفہوم اور فوقیت کے مفہوم کیلئے فوق و تحت کا مفہوم اور اسی طرح تحتیت کے سمجھنے کیلئے تحت و فوق اور باپ ہونے کی نسبت کیلئے اب اور ابن اور بیٹے ہونے کی نسبت کیلئے ابن اور اب کا سمجھنا ضروری ہے۔ غرض نسبت کو

لہ خود وجود مستقل نہ گفتہ۔ مترجم

ازیں جا توقف تعقل لوازم ماہیت را وجہی بدست آید۔

اور ہر مفہوم کو جو کہ نسبت سے بنایا ہو ضروری ہے کہ اس کے سمجھنے کے لیے مقابل کی ضرورت پڑے یہیں سے ماہیت کے لوازم کے سمجھنے پر موقوف ہونے کی وجہ مل گئی۔

القصہ لوازم ماہیت مفہومات اضافیہ باشند ہمیں است کہ در تعقل خود محتاج ملزوم شدند وہمچنیں ملزومات را تنہا تعقل نتواں کرد وآنکہ فرق بین بالمعنی الاعم و والاخص بامکان تعقل بعض ملزومات بی تعقل لوازم خبر میدہد ایں مغلطہ اہل کم فہماں است۔ عموم مفہوم را عموم مصداق لازم نیست۔ نظر بمفہوم معنی اعم البتہ ضرور نیست کہ تصور ملزوم را تصور لازم او لازم بود چہ آنرا شرط نکردہ اند۔ مگر آنانکہ میدانند خود میدانند کہ در خارج رہر دو معنی تلازم باشد وچوں نباشد وجہ جزم باللزوم ہمیں است کہ ملزوم را لازم نہ۔ در ذہن گذارد نہ در خارج۔ واگر وجہ لزوم در ذہن خارج آں است کہ لازم وملزوم ہر دو معلول یک علت اند۔ جائیکہ ایں باشد وجود علت ضرور است ورنہ وجود معلول بی وجود علت متحقق شود وجائیکہ علت باشد وجود معلول ثانی ہم ضرور است ورنہ تخلف معلول از علت لازم آید۔

حاصل یہ ہے کہ ماہیت کے لوازم اضافی مفہوم ہوتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ اپنے تصور میں لوازم، ملزوم کے محتاج ہوئے اور اسی طرح تنہا ملزومات کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا اور یہ بات کہ بین بالمعنی الاعم اور بین بالمعنی الاخص کا فرق بعض ملزومات کے بدوں لوازم کے تصور کے متصور ہو سکنے کی خبر دیتا ہے تو یہ کم سمجھ لوگوں کی لغزش گاہوں میں سے ہے۔ عموم مفہوم کو عموم مصداق لازم نہیں ہے معنی اعم کے مفہوم پر نظر رکھتے ہوئے البتہ ضروری نہیں ہے کہ ملزوم کے تصور کو اسکے لازم کا تصور لازم ہو کیونکہ اس کو شرط قرار نہیں دیا ہے لیکن جو لوگ جانتے ہیں وہ خود جانتے ہیں کہ خارج میں دونوں معنوں میں تلازم ہوتا ہے اور کیوں نہ ہو لزوم کے یقینی ہونے کی وجہ یہی ہے کہ ملزوم کیلئے لازم نہیں۔ نہ تو ملزوم کو لازم ذہن ہی میں چھوڑتا ہے اور نہ خارج میں اور اگر لزوم کی وجہ خارج اور ذہن میں یہ ہے کہ دونوں لازم اور ملزوم ایک ہی علت کے معلول ہیں جس جگہ یہ بات ہوگی وہاں علت کا وجود ضروری ہے ورنہ معلول کا وجود، علت کے وجود کے بغیر متحقق ہوگا اور جس جگہ علت ہوگی دوسرے معلول کا وجود بھی ضروری ہے ورنہ علت کا معلول سے پیچھے رہ جانا لازم آئے گا۔

غرض بوجہ اشتراک علت۔ تلازم فیمابین بر روی کار آید۔ اندریں صورت بظاہر تلازم ماہیت باشد و در حقیقت تلازم علت با ہر دو معلول خود۔ وچوں ما درپی اثبات احکام حقیقیہ شدہ ایم۔ ایں قسم را از لوازم ماہیت ملزوم ظاہر یعنی معلول ثانی نشماریم۔ الغرض وصف را احتیاج در ذات خود باشد۔ نظر بریں وجود بحت نخواہد بود۔ آری اگر موصوف بوجود گویند بجا است

غرض علت کے اشتراک کی وجہ سے دونوں طرف سے تلازم ظہور میں آئیگا۔ اس صورت میں بظاہر تو ماہیت کا تلازم ہوگا اور حقیقت میں اپنے دونوں معلولوں کے ساتھ علت کا تلازم ہوگا اور چونکہ ہم حقیقی احکام کے ثابت کرنے کے پیچھے لگے ہوئے ہیں اس لئے اس قسم کو ظاہر ملزوم یعنی معلول ثانی کے ملزوم کی ماہیت کے لوازم میں سے شمار نہیں کرتے۔ غرض یہ ہے کہ وصف کو اپنی ذات میں احتیاج ہوتی ہے۔ اس پر نظر کرتے ہوئے وصف کا وجود مجرد

اندریں صورت مصداق وصف بجز حدود فاصلہ کہ حقائق ممکنہ باشند دیگر چہ باشد۔ مگر چنانکہ جسم بسطح محدود شود و سطح بخط وخط بنقطہ در وجود نیز تنزلات فراواں باشند ہر مرتبہ سابق بنسبت لاحق موصوف بود۔ اگرچہ موصوفیتہ حقیقی بر وجود اختتام یافت۔

غرض مثل جنس و نوع اینجا فرق حقیقی و اضافی باشد چوں مرتبہ سابق بنسبت لاحق محتاج الیہ شد مشابہ بوجود بحت گردید و مسمی بموصوف شد لیکن چوں حدود متوسط را دیدیم آنرا اضافات و نسب یافتیم پس بدیں سبب چنانکہ اضافی و انتزاعی بودن جملہ اوصاف متیقن شد ہمچنیں وجہ تلازم با دیگر مفہومات نیز بذہن آمد۔ وایں خلش نیز کہ اگر حقیقت اوصاف فقط ہمیں قدر است کہ حدی از حدود باشد لازم بود کہ پس از تعقل اطراف سلسلۂ تعقل مختتم می شد۔ ایں استلزام ماہیت مفہومات دیگر را از کجا آمد از دل بدر شد۔ مگر سخنی کہ گفتنی بود ہمچناں ناگفتہ ماند آنرا نیز می باید شنید

سخن گفتنی فوق و تحت را فوقیت و تحتیت تا ہماں زماں لازم باشد کہ بمقام معلوم و وضع معلوم خود باشند ورنہ اگر فرش را جای او کشیدہ برند یا سقف را برداشتہ دور افگنند نہ فرش تحت ماند نہ سقف فوق۔ آری ایں وضع را کہ سرمایہ ایں عروض است اگر بطوری محکم کنند کہ زوال نہ پذیرد۔ یعنی ایں دو متضائف لازم جای خود باشند و اگر حرکت کنند ہر دو معا بیک جانب بیک انداز حرکت کنند آں دم ایں فوقیت و تحتیت ہم زوال نہ پذیرد۔

نہیں ہوگا ہاں اگر وجود کے ساتھ موصوف کہیں تو درست ہے اس صورت میں وصف کا مصداق، حدود فاصلہ کے سوا جو کہ حقائق ممکنہ ہیں اور کیا ہوگا۔ لیکن جس طرح کہ جسم سطح کے ذریعہ محدود ہوتا ہے اور سطح خط کے ذریعہ اور خط نقطے کی وجہ سے تو وجود میں بھی اسی طرح بہت سے تنزلات ہونگے ہر پہلا مرتبہ بعد کے مرتبے کی بہ نسبت موصوف ہوگا۔ اگرچہ حقیقی موصوفیت وجود پر ختم ہو چکی۔

غرض یہ ہے کہ جنس و نوع کی مانند یہاں پر حقیقی اور اضافی فرق ہوگا۔ جب سابق مرتبہ لاحق کی بہ نسبت محتاج الیہ ہوا تو وجود مجرد کے مشابہ ہو گیا اور موصوف کے نام سے موسوم ہوا لیکن جب ہم نے متوسط حدود کو دیکھا تو ان کو ہم نے اضافتیں اور نسبتیں پایا پس اس سبب سے جیسا کہ تمام اوصاف کا اضافی اور انتزاعی ہونا یقینی ہو گیا اسی طرح دوسرے مفہومات کے ساتھ تلازم کی وجہ بھی ذہن میں آگئی اور یہ خلش بھی دل سے نکل گئی کہ اگر اوصاف کی حقیقت صرف اتنی ہی ہے کہ وہ حدود میں سے ایک حد ہوتی ہے تو لازم ہو جاتا ہے کہ اطراف کے تعقل کے بعد تعقل کا سلسلہ ختم ہو جاتا تو پھر یہ استلزام دوسرے مفہومات کی ماہیت کے لئے کہاں سے آیا لیکن جو بات کہ کہنے کے قابل تھی وہ تو اسی طرح ناگفتہ ہی رہی اس کو بھی سن لینا چاہئیے۔

کہنے کے قابل بات فوق اور تحت کو فوقیت اور تحتیت سی وقت تک ضروری ہوتی ہے جبکہ وہ اپنے معلوم مقام اور معلوم وضع پر ہوں۔ ورنہ اگر فرش کو اسکی جگہ سے کھینچ کر لے جائیں یا چھت کو اٹھا کر دور پھینکدیں تو نہ تو فرش تحت رہا اور نہ چھت فوق رہی۔ ہاں اس وضع کو جو اس عروض کا سرمایہ ہے اگر اس طرح سے مضبوط کریں کہ زوال اختیار نہ کرے یعنی چھت اور فرش اپنی جگہ پر لازم ہو جائیں اور اگر حرکت کریں تو دونوں ساتھ ایک جانب اور ایک انداز میں حرکت کریں تو اس وقت یہ فوقیت اور تحتیت بھی زوال اختیار نہ کریگی۔

چوں ایں قدر محقق شد ہر کہ گوش را از آلائش اوہام پاک
کردہ خواہد شنید بالضرور ایں قدر باور خواہد کرد کہ انضمام نام
استحکام بناو ایں انتزاع است چیزے دیگر نیست۔ خط مستدیر
کہ عرض سطح باشد از جای خود انتقال نتواں کرد کہ حیز او
جز سطحیکہ قیم اوست دگر نباشد و اگر در بادی النظر عکس دائرہ
کہ آئینہ باشد وقت تحرک اصل مقابل آئینہ در آئینہ متحرک
نماید نقطہ مرکز نیز ہمرکابی اوست۔ بوجہ ایں استحکام ایں وضع
تساوی الابعاد خارجہ بسوئے نقطۂ خاص کہ در وسط اوست
لازم است۔ البتہ اگر تنہا خط مستدیر قابل انتقال بودی
آں وقت اگر نقطہ را بجای او گذاشتہ خط را بجای دیگری
بردند اینجا نیز ہماں قصہ پیش می آمد کہ در حرکت فرش و
سقف معروض شد۔ اندریں صورت حاصل سخن آں شد کہ
بہر انتزاع درمیان آں دو شی کہ قیم امر انتزاعی باشد
وضعی خاص باید کہ مصحح آں امر انتزاعی تواں شد۔ چنانچہ
از مثال فوقیت و تحتیت کہ از فرش و سقف منتزع شوند
ایں امر واضح است۔ آں وضع اگر لازم است چنانکہ
در مرکز و دائرہ مشہود است یکی در حق دیگری لازم و منضم
بود و اگر لازم نیست بلکہ فی حد ذاتہ ہر یکے از دیگری مستغنی
است۔ اما بوجہ گرہ بندی امری خارج یکی ہر بار یا بعض
اوقات ہمراہ دیگرے بود۔ چنانچہ در مثلثی کہ بالا دائرہ
یا در دائرہ کشیدہ باشند مشاہدہ رفت۔ ایں قسم را منضم
غیر لازم ذات باید خواند۔ باز اگر ہر بار در حرکت و
سکون معیت است لازم وجود است ورنہ مفارق چوں
اطوار اطراف امور انتزاعیہ معلوم شد حال خود امور انتزاعیہ
نیز واضح شدہ باشد۔ زیرا کہ اطراف امور انتزاعیہ را وصف
یک دیگر تواں گفت۔ البتہ لازم و مفارق مے گویند
و اگر نمی گویند نہ گویند۔ ما نیز درپی گویانیدن نیستیم۔

جب اتنی بات تحقیق میں آ گئی تو جو کوئی شخص اوہام سے
اپنے کانوں کو پاک کر کے سنیگا تو یقیناً وہ یقین کریگا کہ انضمام
اس انتزاع کی بنیاد کے استحکام کا نام ہے اور کوئی چیز نہیں ہے
خط مستدیر (دائرہ) کہ سطح پر عارض ہوتا ہے وہ اپنی جگہ سے
منتقل نہیں ہو سکتا کیونکہ اسکی جگہ اس سطح کے سوا جو اس کو قائم کئے
ہوئے ہے اور کوئی نہیں ہے اور اگر ظاہر نظر میں دائرہ کا عکس جو
آئینے میں ہو تو اصل کی حرکت کے وقت آئینے کے مقابلے میں آئینے
میں متحرک دکھائی دیتا ہے مرکز کا نقطہ بھی اسکے ساتھ ساتھ ہے
اس استحکام کی وجہ سے ابعاد خارجہ کی تساوی کی یہ وضع خاص نقطے
کی طرف جو کہ اسکے بیچ میں ہے ضروری ہے۔ البتہ اگر دائرہ تنہا منتقل
ہونے کے قابل ہوتا تو اس وقت اگر نقطے کو اس کی جگہ رکھ کر خط کو
دوسری جگہ لے جاتے تو یہاں بھی وہی قصہ پیش آتا جو فرش اور چھت
کی حرکت میں عرض کیا گیا۔ اس صورت میں بات کا نتیجہ یہ نکلا کہ ہر
انتزاع کیلئے ان دو چیزوں کے درمیان جو امر انتزاعی کے قائم رکھنے
والے ہیں ایک خاص وضع چاہیے جو اس انتزاعی امر کی تصحیح کرنے
والی ہو سکے۔ چنانچہ فوقیت اور تحتیت جو فرش اور چھت سے پیدا ہوتی
ہیں ان کی مثال سے یہ بات واضح ہے۔ وہ وضع اگر لازم ہو جیسا
کہ مرکز اور دائرے میں دیکھی جاتی ہے تو ایک دوسرے کے حق میں
لازم اور منضم ہو گی۔ اور اگر لازم نہیں ہے بلکہ اپنی ذات سے ہر ایک دوسرے
سے بے نیاز ہے لیکن خارج امر کی گرہ بندی کی وجہ سے ایک ہر مرتبہ
یا بعض اوقات دوسرے کی وضع کیساتھ رہتی ہے جیسا کہ اس مثلث شکل
جو دائرے کے اوپر یا دائرے کے اندر کھینچی گئی ہو دیکھنے میں آتا ہے اس
قسم کو ایسا منضم جو ذات کو لازم نہ ہو کہنا چاہیئے پھر اگر ہر بار حرکت اور
سکون میں ساتھ رہنا حاصل ہے تو وجود کیلئے لازم ہے ورنہ مفارق (جدا)
ہے۔ جب امور انتزاعیہ کے اطراف کے طریقے معلوم ہو گئے تو امور
انتزاعیہ کا حال بھی خود واضح ہو گیا ہو گا۔ کیونکہ امور انتزاعیہ کے اطراف
کو ایک دوسرے کا وصف نہیں کہہ سکتے۔ البتہ لازم اور مفارق کہتے ہیں اور

امور انتزاعیہ را بنسبت اطراف آنہا وصف گفتن عین صواب است۔ آری گاہی امر انتزاعی را من حیث ہو گیرند آنوقت انتساب وصفیت او بہر جانب درست باشد۔ و گاہی قید تعلق آں بیکی از دو طرف در وضع ملحوظ باشد۔ آں وقت اطلاق آں بہماں طرف کہ قید تعلقش ملحوظ است روا باشد نہ بر ہر طرف۔

بالجملہ ایں امور انتزاعیہ وصف طرفین یا احد الطرفین باشد و حسب استحکام و تنبع فیما بین لازم و مفارق و منضم و غیر منضم خوانند۔ پس از تدبر ایں سخن ان شاء اللہ مرد عاقل را سخن اول و آخرم ہمہ بجائے خود خواہد نمود و اگر تدبر نفرمودند یا عقل را بر طرف نمودند سخن آخرم را اگر معارض سخن اولم نگویند چہ کنند۔

حمد خدا اکنوں وقت آں است کہ حمد خدا گویم و قلم اندازم۔

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین واھلہ وصحبہ وذریتہ وازواجہ واھل بیتہ اجمعین

تنبیہ

اول ہم عرض کردہ ام و اکنوں ہم عرض مے دارم کہ در اوصاف مشترکہ بین الواجب والممکن اوصاف واجبی را برا اوصاف ممکن قیاس نباید کرد کہ اینجا ہمہ اوصاف بالعرض ظہور کردہ اند و آنجا ہمہ بالذات۔ چوں ایں فرق دریں موطن رہ قیاس مے زند تا باں موطن چہ رسد۔ تقدم و تاخر و فوقیت و تحتیت

اگر نہیں کہتے تو نہ کہیں ہم بھی کہلوانے کے پیچھے نہیں پڑھتے۔

امور انتزاعیہ کو ان کے اطراف کی بنسبت وصف کہنا بالکل ٹھیک ہے ہاں کبھی امر انتزاعی کو اس حیثیت سے کہ وہ انتزاعی ہے اعتبار کریں تو اس وقت اسکی وصفیت کا انتساب ہر جانب میں درست ہوگا۔ اور کبھی اس کے تعلق کی قید دونوں طرفوں میں سے ایک کے ساتھ وضع میں ملحوظ ہوتی ہے اس وقت اس کا اطلاق اسی طرف پر کہ اسکے تعلق کی قید ملحوظ ہے درست ہوگی نہ کہ ہر طرف (اسی کا اطلاق درست ہوگا)

حاصل یہ ہے کہ یہ انتزاعیہ امور طرفین کا وصف ہوتے ہیں یا طرفین میں سے ایک کا۔ اور لازم و مفارق اور منضم اور غیر منضم کے درمیان وثیق کے استحکام اور عدم استحکام کے موافق نام لینگے۔ میری اس بات پر غور کرنے کے بعد مرد دانا میری پہلی اور دوسری تمام بات کو اپنی اپنی جگہ درست پائیگا۔ اور اگر لوگوں نے غور سے کام نہ لیا یا عقل کو برطرف کر دیا تو پھر میری آخری بات کو میری پہلی بات کے متضاد نہ کہیں گے تو کیا کریں گے۔

خدا کا شکریہ اب میں اس مقام پر پہنچ گیا ہوں کہ خدا کی تعریف کروں اور قلم کو رکھ دوں

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین و اہلہ وصحبہ و ذریتہ و ازواجہ و اہل بیتہ اجمعین۔

تنبیہ

میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے اور اب بھی عرض کرتا ہوں کہ واجب (خدا) اور ممکن (مخلوق) کے درمیان مشترک اوصاف میں واجب (یعنی خدا) کے اوصاف کو ممکن (یعنی مخلوق) کے اوصاف پر قیاس نہیں کرنا چاہئے کیونکہ یہاں (مخلوق میں) تمام اوصاف عرضی ہیں اور وہاں (خالق میں) تمام اوصاف ذاتی ہیں۔ جب یہ فرق اس مقام پر قیاس کی رہزنی کرتا ہے تو پھر اس مقام تک کیا رسائی ہو سکتی ہے تقدم و تاخر، فوقیت

وتناہی ولاتناہی ذاتی یا امثال عرضی ایں مضامین اگرچہ تشابہ اسمی دارند اما چنانکہ گفتہ اند ع

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

آں را بایں پیمودن غلط است۔ تقدم وتاخر علت ومعلول وفوقیت وتحتیت یکی از دیگری بر تقدم وتاخر زمانی یا مکانی وفوقیت وتحتیت اجسام قیاس نتواں کرد وہمچنیں توسط مرتبہ ولاتناہی آں را مثلاً توسط مرتبہ اعتدال در حرارت وبرودت ولاتناہی مراتب حرارت وبرودت را بر توسط مکانی یا زمانی یا لاتناہی کمی تخیل نباید فرمود۔ چوں حال ممکنات باہم چنیں است از ممکن تا واجب تفاوت زیادہ از زیادہ از زیادہ ازیں است واگر خواہ مخواہ بہر تعقل قیاس بکار است تقدم باری عز اسمہ وصفات واسماء او تعالیٰ را بر ممکنات کہ از مثل ھو الاول فہمیدہ می شود بر تقدم علت از معلول حمل کنند۔ اگر از رہ ترتب وجود آیند وتاخر او تعالیٰ واسماء وصفات او تعالیٰ را از ممکنات کہ از مثل ھو الآخر وغیرہ فہمیدہ مے شود بر تاخر مدلول از دلیل فرود آرند اگر از سر استدلال روند وایں وقتی است کہ ایں اولیت وآخریت را بنسبت ممکنات وصفات واسماء آنہا گیرند۔ واگر ازیں لحاظ قطع نظر کنند بلکہ باعتبار تموج وتجدد گیرند کہ مصحح ایں ہمہ نیرنگیہا شد۔ چناں چہ در اثناء تحریر بعض مضامین متعلق تموج مذکور اشارہ ہم باں کردہ شد آں اولیت وآخریت مشابہ تموج وترتب ارادہ باشد کہ بیک آں ویک لحاظ بامور مرتبۃ الوجود متعلق شود وہمچنیں فوقیت از مثل

يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ

مفہوم مے شود بر فوقیت علت از معلول ومنشا انتزاع از امر انتزاعی قیاس باید کرد۔ وایں تجانس کہ از اتحاد اسم می برآید با ایں افتراق کہ میانے منشاء انتزاع است

اور تحتیت اور ذاتی تناہی ولاتناہی ان مضامین کی عرضی امثال کے ساتھ اگرچہ ذرا سی باہم نام کی مشابہت رکھتے ہیں لیکن جیسا کہ کہا ہے ع

خاک کو عالم پاک سے کیا نسبت

اس عالم پاک خداوندی کو اس عالم دنیاوی پر قیاس کرنا غلطی ہے علت ومعلول کے تقدم وتاخر اور ایک سے دوسرے پر فوق یا تحت ہونے کے امتیاز کو تحتیت وفوقیت اور تقدم وتاخر زمانی یا مکانی پر قیاس نہیں کر سکتے ہیں اور اسی طرح اسکی لاتناہی اور مراتب کے توسط کو مثلاً حرارت وبرودت کے اعتدال کے مرتبے کے توسط اور حرارت وبرودت کے مراتب کے لاتناہی کو زمانی یا مکانی توسط یا مقدار کی لاتناہی پر خیال میں نہیں لانا چاہیئے۔ جب ممکنات کا آپس میں یہ حال ہے تو ممکن (مخلوق) سے واجب (خداوند تعالیٰ) تک اس سے بھی زیادہ سے زیادہ فرق ہے۔ اور اگر خواہ مخواہ سمجھنے کے لئے قیاس کو کام میں لانا ہی ہے تو پھر باری تعالیٰ عز اسمہ اور اس کے اسماء اور صفات کو ممکنات (مخلوقات) پر جو کہ ھو الاول جیسے لفظوں سے سمجھا جاتا ہے معلول سے علت کے تقدم پر محمول کریں۔ اور اگر وجود کی ترتیب کی راہ سے آئیں اور اس خدا تعالیٰ اور اس کے اسماء وصفات کو ممکنات سے جیسا کہ ھو الآخر وغیرہ سے سمجھا جاتا ہے دلیل سے مدلول کے متاخر ہونے پر نیچے اتاریں (اور اگر ترتیب وجود کے سوا) استدلال کی راہ پر چلیں اور یہ اس وقت ہو کہ اس اولیت اور آخریت کو ممکنات صفات اور ان کے اسماء کی نسبت لیں اور اگر اس لحاظ سے قطع نظر کریں بلکہ تموج اور تجدد کے اعتبار سے لیں جو کہ ان سب نیرنگیوں کی صحت کی وجہ ہے جیسا کہ بعض مضامین کے اثنائے تحریر میں مذکورہ تموج کے متعلق اس کی طرف اشارہ بھی کیا گیا ہے تو وہ اولیت وآخریت ارادے کے ترتیب اور تموج سے مشابہ ہوگی کہ ایک ہی آن اور ایک ہی لحظے میں ترتیب وجود رکھنے والے امور سے متعلق ہوتی ہیں اور اسی طرح فوقیت جو کہ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ جیسی آیت سے مفہوم ہوتی ہے معلول سے علت کی فوقیت اور امر انتزاعی سے منشائے انتزاعی کی فوقیت کا قیاس

و دیگر امر انتزاعی بطوری خیال باید آورد که نقشۂ مکان بر
دیوار مکان باشد یعنی هم تجانس است و هم فرق مذکور و
همچنین توسط و مظروفیت را که از مثل

أَيْنَ كَانَ رَبُّنَا قَالَ كَانَ فِي عَمَاءٍ (حدیث)

مستنبط میشود. بر توسط مرتبۂ اعتدال در اطراف خود مثل
حرارت و برودت وغیره مراتب قیاس باید فرمود.
همچنین لاتناهی را که از مثل

لَا أُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ

پای توان برد بر لاتناهی مراتب مثل مراتب حرارت
و برودت که تنازل و تصاعد باشد نقش باید بست.
الغرض اگر حمل کنند همه این اوصاف را با اوصاف متعلقه
مراتب محمول کنند. والله اعلم وعلمه اتم واحکم

کرنا چاہیے اور اس غیر ہم جنسی کو جو کرنا ہے اتحاد سے نکلتی ہے اس افتراق
کے ساتھ جو کہ انتزاع کا ایک منشا ہے اور دوسرے انتزاعی امر کو اس طرح سے
خیال میں لانا چاہیے جیسا کہ مکان کا نقشہ مکان کی دیوار پر ہو یعنی یہ نقشہ
اور مکان دونوں ہم جنس ہیں اور مذکورہ فرق بھی ہے اور اسی طرح
توسط اور مظروفیت کو کہ أَيْنَ كَانَ رَبُّنَا قَالَ كَانَ فِي عَمَاءٍ
جیسے جملے سے معلوم ہوتی ہے حرارت و برودت کی مانند اپنے اطراف میں
اعتدال کے مرتبے کے توسط پر قیاس فرمانا چاہیے اور اسی طرح لاتناہی کو جو کہ

لَا أُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ

جیسے جملے سے اس لاتناہی کا پتہ چلتا ہے حرارت اور برودت
کے درجات کی مانند کہ نیچے اور اوپر گھٹنے اور بڑھنے میں
خیال کرنا چاہیے حاصل یہ ہے کہ اگر محمول کریں تو ان تمام اوصاف کو مراتب
متعلقہ اوصاف کے ساتھ محمول کریں۔ واللہ اعلم وعلمہ اتم و احکم۔

(نوٹ) اس مکتوب کا ترجمہ ۵ر جمادی الاولیٰ ۱۳۸۸ھ مطابق ۲ر اگست بروز جمعہ شروع کیا گیا اور ۱۳ فروری
۱۹۶۹ء مطابق ۲۵ ذیقعدہ ۱۳۸۸ھ بروز جمعرات بوقت سوا بجے دوپہر ختم ہوا۔ انوار

تعارفی نوٹ بر مکتوب یازدہم

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نے حسب ذیل مکتوب مولانا احمد حسن صاحب اپنے شاگرد رشید کو لکھا ہے جن کا تعارف پہلے کرایا جا چکا ہے۔

اس مکتوب میں حضرت مولانا نے دو حدیثوں کے مضمون میں مطابقت پیدا کی ہے جن میں بظاہر تضاد پایا جاتا ہے۔

۱۔ پہلی حدیث یہ ہے جسکو امام ابو داؤد نے روایت کیا کہ مکاتب اس وقت تک غلام رہتا ہے جبتک کہ اس پر کتابت کا ایک درہم بھی باقی رہے۔

۲۔ دوسری حدیث یہ ہے کہ جب مکاتب کسی حد کو پہنچے یا کسی میراث کو تو آزادی کے مطابق ہوگا۔ (ابو داؤد) مترجم

مکتوب یازدہم

(بنام مولانا احمد حسن صاحب امروہوی شاگرد رشید قاسم العلوم)

در تطبیق حدیث

المکاتب عبد ما بقی علیہ من مکاتبتہ درھم (رواہ ابو داؤد)

مکاتب غلام اس وقت تک غلام رہتا ہے جبتک کہ بدل کتابت میں سے ایک درہم بھی باقی ہے

وحدیث

اذا اصاب المکاتب حداً او میراثا ورث بحساب ما عتق (رواہ ابوداؤد)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ سیدنا محمد سید المرسلین وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین۔

بعد حمد وصلوٰۃ بندہ ہیچمدان محمد قاسم بخدمت سراپا کمال عزیز از جان مولوی سید احمد حسن سلمہ اللہ تعالیٰ وابقاہ واوصلہ الی ما یتمناہ

پس از سلام مسنون وشوق مکنون می نگارد کہ خطوط چند ازاں طرف رسیدند بوجوہ چند کہ یک دو ازاں از مکتوب عربی مصحوب جناب حکیم[1] صاحب مدظلہ دریافتہ باشی از جواب آنہا مقصر ماندم اکنوں وقت فرصت دیدہ بنام خدا قلم بدست گرفتہ نشستم تا ہر چہ خدا بالا فرو ریزند بنگارم مگر دانی کہ برکندن بیخ شبہات خصوصاً شبہات علما بجز آنکہ اول مبادی ومقدمات مطالب ذکر کردہ شود ممکن نیست نظر بریں حسب عادت قدیم دریں ہم اول سخنی چند گذارش می کنم۔ بغور دیدہ اول بر صفحہ خاطر صفا نقش باید بست۔ وپس ازاں بہر مطالب اصل مقصود منتظر باید نشست

سخن اولیں | اولیں سخن کہ قابل گذارش است ایں است کہ علت وموجب ملک قبض است وبس

الحمد للہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ سید محمد سید المرسلین وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین۔

حمد وصلوٰۃ کے بعد بندۂ ناچیز محمد قاسم سراپا کمال عزیز از جان مولوی سید احمد حسن سلمہ اللہ تعالیٰ وابقاہ واوصلہ ما یتمناہ (خدا اسکو سلامت رکھے اور باقی رکھے اور مراد کو پہنچائے) کی خدمت میں سلام مسنون اور شوق مکنون کے بعد لکھتا ہے کہ چند خطوط آپ کی طرف سے پہنچے۔ چند وجوہات کی وجہ سے کہ ایک دو وجہ جناب حکیم (رحیم اللہ) صاحب مدظلہ کے بدست ارسال کردہ عربی خط سے معلوم ہوئی ہوگی آپکے خطوط کے جواب میں کوتاہی ہو گئی اب فرصت کا وقت پا کر خدا کے نام پر قلم لیکر بیٹھا تاکہ خدائے کریم جو کچھ میرے دل میں القا کریں وہ میں لکھ ڈالوں۔ مگر آپ جانتے ہیں کہ شبہات اور خاص طور پر علما کے شبہات کی بیخ کنی اس کے بغیر کہ پہلے مطالب کے مقدمات اور ابتدائی امور کا ذکر نہ کیا جائے ممکن نہیں ہے اس کے پیش نظر اپنی عادت کے مطابق اس خط میں بھی اول چند باتیں گذارش کرتا ہوں غور سے پڑھ کر اول ان مقدمات کو اپنے آئینۂ دل پر نقش کیجیے اور پھر اسکے اصل مقصد کے مطالب کا انتظار کیجیے۔

پہلی بات | پہلی بات جو گذارش کے قابل ہے یہ ہے کہ ملک کا موجب اور اس کی علت صرف قبضہ ہے۔ اور

---

[1] حکیم صاحب سے مراد حکیم رحیم اللہ صاحب بجنوری ماہر طبیب ہیں جو کہ حضرت قاسم العلوم کے شاگرد تھے۔ انوار مترجم

وآنچہ تہمت ملک بنام بیع وشرا وہبہ ومیراث زدہ اند از تلبیسات بداہت وہم ومغالطہای نظر بالائی است۔ این ہمہ چنانکہ از تقریرات سابقہ دریافتہ اسباب استحصال قبض اند نہ موجبات ملک۔ مگر واضح باد کہ قبض تام ہماں است کہ دیگراں را بدستاویز حقی گنجائش آویزش نباشد ورنہ قبض امین ومستعیر ہم موجب ملک گردیدی اندریں صورت قبضیکہ بعوض حاصل کردہ باشند تا وقتیکہ عوض را در ملک او حقیقۃً یا حکماً وجودی ونمودی نبود خیال ملک نباید بست کہ این خیال خام است وغلط۔ چہ این ملک از تفریعات قبض است کہ بر معاوضہ متفرع شد۔ پس تا وقتیکہ معاوضۂ ملک متحقق نشود ملک راچہ یارا کہ تحقق پذیرد۔ ومیدانی کہ معاوضہ اضافتی است از اضافات کہ بے تحقق حاشیتین وجودش محال۔ وجود حقیقی خود ہمیں است کہ عاقد ثانی بدست دارد اما وجود حکمی را شاید ہنوز نفہمیدہ باشی۔ آں اینست در عالم موجود باشد واسباب تحصیلش ہمہ فراہم۔ بدیں سبب بدست آوردنش ممکن بود محال نباشد۔ ہاں اگر از عوضین یا از احد العوضین در عالم نامی ونشانی نیست یا اسباب تحصیل آں ہمہ مفقود۔ آں وقت نتواں گفت کہ معاوضہ را وجودے است حقیقی یا حکمی۔ از ینجا است آنکہ در سلم وجود مسلم فیہ در بازارہا شرط کردہ اند ونہی بیع ما لیس عندک وبیع معدوم نیز مبنی بر ہمیں است۔ اگر فرق است ہمیں قدر است کہ در سلم قبض موجل خواستہ اند بالفعل عدم مسلم

وہ جو بیع وشرا اور ہبہ ومیراث کے نام پر فقہا نے ملکیت کی تہمت[1] لگائی ہے تو یہ صاف وہم کا فریب اور سرسری نظر کا مغالطہ ہے۔ یہ سب (بیع وشرا، ہبہ وہ میراث) جیسا کہ پہلی تقریروں سے آپکو معلوم ہو چکا ہے قبضے کے حاصل کرنے کے اسباب ہیں نہ کہ موجبات ملک ہیں۔ مگر واضح رہے کہ مکمل قبضہ وہی ہوتا ہے کہ کسی دوسرے کو کسی حق کی دستاویز کے باعث نزاع کی گنجائش نہ رہے۔ ورنہ امین اور مستعیر[2] کا قبضہ بھی ملکیت کا موجب بن جاتا اس صورت میں وہ قبضہ جو عوض میں حاصل کیا ہو تا وقتیکہ عوض کا حقیقۃً یا حکماً اسکی ملکیت میں وجود ونمود نہ ہو۔

. . . . . . ملکیت کا خیال دماغ میں نہیں لانا چاہئے کہ یہ خیال خام ہے اور غلط ہے۔ کیونکہ یہ ملکیت قبضے کی صورتوں میں سے ایک صورت ہے جو کہ معاوضے پر پیدا ہوتی ہے۔ لہذا جبتک کہ ملک کا معاوضہ متحقق نہیں ہو جاتا اس وقت تک ملکیت کی کیا طاقت ہے کہ وجود میں آئے اور تمہیں معلوم ہے کہ معاوضہ نسبتوں میں سے ایک قسم کی نسبت ہے کہ دونوں طرفوں[3] کے وجود میں آئے بغیر اس کا وجود محال ہے۔ حقیقی وجود تو خود یہی ہے کہ دوسرا سودا کرنے والا قبضے میں رکھے لیکن حکمی وجود کو شاید آپ نے ابھی سمجھا نہ ہو وہ یہ ہے کہ دنیا میں موجود ہو اور اس کے حاصل کرنے کے تمام اسباب فراہم ہوں۔ اس سبب سے اس کا حاصل کرنا ممکن ہو محال نہ ہو۔ ہاں اگر عوضین میں سے یا عوضین میں سے ایک کا دنیا میں کوئی نام ونشان نہیں یا اس کے حاصل کرنے کے تمام اسباب مفقود ہوں تو اس وقت نہیں کہہ سکتے کہ معاوضہ کا کوئی حقیقی یا حکمی وجود ہے۔ یہاں سے یہ بات

[1] یعنی ملکیت کا موجب در اصل قبضۂ مملوک ہوتا ہے لیکن بیع وشرا اور ہبہ ومیراث کے ذریعہ جو فقہا نے مالک ہونا قرار دیا ہے تو در اصل وہ موجب ملکیت نہیں ہوتا بلکہ ملکیت کا اتمام ہے۔ بیع وشرا، ہبہ اور میراث کی چیزوں میں بھی قبضے کے بعد ہی ملکیت مکمل ہوتی ہے۔ مترجم

[2] وہ شخص جس نے کسی چیز کو دوسرے سے عاریت پر لیا ہو مستعیر کہلاتا ہے۔ مستعار چیز یا امانت پر قبضے سے امانت اور مستعار چیزیں ملکیت میں نہیں آجاتیں۔ مترجم

[3] عوض میں دی جانے والی اور عوض میں لی جانے والی چیزوں کے بغیر معاوضے کا معاملہ واقع نہیں ہو سکتا لہذا خریدنے والے اور بیچنے والے کے درمیان معاوضے کا معاملہ ایک نسبت یا تعلق ہے۔ مترجم

نیسہ بدست بائع معتقد تیقناد - وانیجا قبض معجل مطلوب
است - اگر بالفعل بدست بائع نیست تسلیم از کجا خواہد کرد
پس اگر شخصی بوجہ عقد معاوضہ بر چیزی قابض شد و
عوض ثانی را ہنوز نہ وجود است نہ نمود یا ہست اما اسباب
استحصالش ہمہ مفقود آں قبض را موجب ملک نباید پنداشت
بلکہ آں عقد را باطل یا ناتمام باید انگاشت - اگر عوض مذکور
از ذوات القیم است بیع باطل است ورنہ ناتمام کہ احد العوضین
را نہ وجود حقیقی است نہ حکمی - اگر در خارج معدوم است
دعویم بدیہی است واگر در خارج موجود است اما در احاطہ
ملک عاقد نیست تاہم ہماں آش در کاسہ چہ معاوضۃ
الملک ہماں است کہ باہم مملوکات یک دیگر را بستانند
و اینجا وجود ملک حقیقی خود ظاہر است کہ نیست - باقی ماند
حکمی بدیدۂ عقل اگر نگرند از اسمہم نشانی نیست۔

ابھرتی ہے کہ ادبیع، سلم میں مسلم فیہ جس کے متعلق بیع سلم کی گئی ہے
کے بازاروں میں پائے جانے کی فقہانے شرط لگائی ہے اور اس چیز
کی بیع جو تمہارے پاس موجود نہیں اور معدوم کی بیع بھی اسی پر مبنی ہے
اگر کوئی فرق ہے تو اتنا ہی ہے کہ سلم میں قبضہ ایک مدت مقررہ پر مطلوب
ہوتا ہے مسلم فیہ کا بالفعل بائع کے ہاتھ میں ہونا ضروری نہیں ہوتا اور یہاں
جلد قبضہ مطلوب ہے اگر بالفعل بائع کے پاس نہیں ہے تو وہ
خریدار کو کہاں سے سپرد کریگا . لہذا اگر کوئی شخص عقد معاوضہ کی
وجہ سے کسی چیز پر قابض ہو گیا اور عوض ثانی کا ابھی وجود ہی اور
نہ نمود ہے یا اگر ہے لیکن اسکے حاصل کرنے کے تمام اسباب مفقود ہیں تو
اسکے قبضے کو ملکیت کا موجب خیال کرنا چاہیئے بلکہ اس عقد کو باطل یا ناتمام
خیال کرنا چاہیئے اگر عوض مذکورہ قیمتی چیزوں میں سے ہے تو بیع باطل ہے
ورنہ ناتمام ہے کہ عوضین میں سے کسی کا نہ حقیقی وجود ہے اور نہ
حکمی اگر خارج میں معدوم ہے تو میرا دعوی واضح ہے اور اگر خارج
میں موجود لیکن بیع کا سودا کرنے والے کی ملکیت کے احاطے میں نہیں ہے تو پھر بھی پیالے میں وہی آش ہے کیونکہ ملک کا معاوضہ
وہی ہے جو کہ باہم ایک دوسرے کی مملوکہ چیزوں کو آپس میں لے لیں اور یہاں پر حقیقی ملک خود ظاہر ہے کہ نہیں ہے
باقی رہی حکمی ملکیت تو اگر عقل کی نگاہ سے دیکھیں تو اسکا بھی کوئی نام و نشان نہیں۔

شرح معمی شرح ایں معمی ایں است کہ اشیاء ذوات القیم
متاع بی نظیر و بی مثل نے باشند نظر
بریں ہر کرا بدست افتد عزیز الوجود پنداشتہ حمائل
گردن سازد - وبی ضرورت از خود جدا نکند - اندریں صورت
ہر کرا بدست نیست چہ امید کہ بدست تواں آورد - ہاں
مثلیات را چنداں قدر و قیمت نباشد کہ برالتجاء دیگراں

شرح معمی اس چیستاں کی شرح یہ ہے کہ ذوات القیم
اشیاء بے نظیر وہ کہلاتی ہیں جن کی نظیر اور مثل نہ ہوں
اس پہ نظر رکھتے ہوئے جس کسی کو یہ اشیاء حاصل ہو جائیں ان کو نادر
الوجود سمجھ کر گلے کا ہار بنا لیگا ضرورت کے بغیر اپنے پاس سے جدا
نہ کریگا - اس صورت میں جس کسی کے پاس وہ چیزیں نہیں ہیں کیا
امید ہے کہ وہ حاصل کر سکیگا - ہاں مثلیات کی چنداں قدر و قیمت

سلہ بیع سلم یہ ہے کہ ... سے بعد کسی کو دس روپیہ دیئے اور یوں کہا کہ دو مہینے یا تین مہینے کے بعد فلاں مہینے میں فلاں تاریخ کو ہم تم سے ان دس روپیہ
کے گیہوں لینگے ... کہ روپیہ کے پندرہ سیر یا بیس سیر کے حساب سے لیں گے ایسی بیع کو بیع سلم کہتے ہیں - بیع سلم کی کچھ شرطیں ہیں جن کے بغیر یہ درست نہیں
ہوتی ... ملاحظہ کیجئے - مترجم - سلہ ذوات القیم - ذوات ذات کی جمع اور قیم قیمت کی جمع ہے - ذوات القیم وہ چیزیں جو نایاب کہ نہیں بکتیں بلکہ ان کی قیمت لگتی ہے - مترجم
سلہ ہماں آش است وہماں کاسہ - فارسی کی ضرب المثل ہے جس کے معنی ہیں کہ معاملہ جوں کا توں ہے - مترجم
سلہ ... یعنی عوضین کا پایا جانا اور تحصیل کے اسباب کا مفقود نہ ہونا - مترجم
سلہ مثلیات وہ چیزیں ہوتی ہیں جن کی مثل دوسری چیزیں موجود ہوں - مترجم

اشیاء در حق کفار مال است۔ و دریں قدرے دانی کہ حرجی نیست۔ چہ ممکن است کہ چیزی بہر نوعی یا صنفی نافع بود۔ و بہر نوعی یا صنفی دیگر مُضر۔ آب کہ ہر ہر قطرہ اش بہر ماہیان آب حیات است۔ اگر مسکن بنی آدم و حیوانات صحرائی گردانند سامان ممات باشد۔ ہمہ غرقاب فنا شوند۔ و ہوا کہ روح افزای جانوران صحرائی است و غذاء روحانی آنہا اگر اگر تو طن ماہیان وغیرہ جانوران دریائی را دہشد کمتر از سموم جانگزا نباشد۔ باز آب و ہوا را ہم بنگر کہ یک نوع آب و ہوا بہر یک نوع یا یک صنف اگر مفید است بہر دیگر مضر۔ آب شور ماہیان دریائے شور را اگر مبارک است ماہیان دریائے شیریں را بنگر کہ چقدر زیان دارد۔ و ہمچنیں برعکس باید پنداشت۔

حق میں اس قسم کی چیزوں کی بیع جائز قرار دی ہے اس کی دوسری وجہ ہے یعنی اس لئے کہ یہ چیزیں مردار، خون، وغیرہ کفار کے حق میں مال ہیں اور اتنی سی بات ہیں آپ جانتے ہیں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ کیونکہ ممکن ہے کوئی چیز کسی نوع یا صنف کیلئے نافع ہو اور کسی دوسری نوع یا صنف کیلئے مضر۔ پانی جس کا ایک ایک قطرہ مچھلیوں کیلئے آب حیات ہے اگر اس کو انسانوں اور صحرائی حیوانات کا مسکن بنا دیں تو وہ آب حیات موت کا باعث ہو جائیگا۔ اور سب موت کا شکار ہو جائیں گے اور ہوا جو کہ صحرائی جانوروں کیلئے روح افزا ہوتی ہے اور ان کی روح کی غذا کو اگر مچھلیوں وغیرہ کا مسکن بنا دیں تو وہ ہوا ان کے لئے جان لیوا بادسموم سے کم نہ ہوگی۔ پھر پانی اور ہوا کو بھی دیکھئے کہ ایک قسم کی آب و ہوا ایک نوع یا ایک صنف کیلئے اگر مفید ہے تو دوسری کیلئے مضر ہے۔ شور دریا کی مچھلیوں کو اگر آب شور باعث برکت ہے تو دریائے شیریں کی مچھلیوں کے لئے کس قدر نقصان دہ ہے اور اسی طرح اس کے برعکس سمجھنا چاہیئے۔

چوں قصۂ منافع و مضار ایں چنیں است ممکن است کہ چیزی بہر صنفی مال باشد و بہر صنفی مال نباشد۔ بلکہ وبال باشد۔ باز چوں غور بکار بردیم ایں جا نیز ہمیں انداز یافتیم۔ تفصیل ایں اجمال اینکہ۔

جب منافع اور نقصانات کا قصہ اس طرح ہے تو ممکن ہے کہ ایک چیز ایک صنف کیلئے مال ہو اور دوسری صنف کیلئے مال نہ ہو بلکہ وبال ہو پھر جب ہم نے غور سے دیکھا تو یہاں پر بھی ہم نے یہی انداز پایا۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے:۔

تفصیل اجمال

ایمان را از صفائی قوت علمیہ و چستی قوت عملیہ ناگزیر است چہ علم از مبادی آں اذعان است کہ نامش ایمان است و عمل از مقتضیات آں نظر بریں ہر چیزیکہ مفسد ایں دو قوت باشد در حق ایمان حکم سم خواہد داشت۔ نافع و مال بودنش کجا؟ ہمچنیں حیا شعبۂ عظیمہ است ازاں و حسن اخلاق و طہارت باطن کہ انشراح است از آثار او۔ احادیث چند

اجمال کی تفصیل

ایمان کیلئے قوت علمیہ کی صفائی اور قوت عملیہ کی چستی ضروری ہے کیونکہ علم اس یقین کے مبادی میں سے ہے جس کا نام ایمان ہے اور عمل ایمان کے مقتضیات میں سے ہے۔ نظر بریں جو چیز بھی ان دونوں قوتوں یعنی علمیہ اور عملیہ کی مفسد ہوگی تو وہ ایمان کیلئے زہر ہلاہل کا کام دیگی۔ اس کا نافع یا مال ہونا کہاں۔ اسی طرح حیا ایمان کا ایک بڑا شعبہ ہے[1] اور حسن اخلاق اور باطنی پاکی جسکا نام انشراح ہے اسی کے آثار میں سے ہیں۔ چند احادیث

---

[1] حدیث میں ہے کہ الحیاء شعبۃ من الایمان (مشکوٰۃ) مترجم

الحیاء شعبة من الایمان
والمومن حلو
والمومن لا ینجس

بریں دعاوی شاھد۔ و وجدان سلیم بعد ادراک حقیقت ایمانی ہمیں دعوی ہم زبان ایں ہیچمداں بریں وجہ مخالفات ومناقضات ایں صفات نیز از معارضات ومناقضات ایمان باشد و میدانی کہ از جسم تا روح علاقہ ایست پنہانی و رہی است وجدانی۔ چناں کہ ازاں طرف بایں طرف صدہا احکام و آثار نازل می شوند و موجب صدور عمل میگردند۔ ازیں طرف نیز ہردم محصولی جدا بدرگاہ بالائے روح میرسد از رہ حواس وقوائے مدرکہ در خزانۂ علم ہردم معلومات تازہ فراہم می آیند۔ و از رہ قوائے عاملہ از غاذیہ و قابضہ و آخذہ وغیرہ ہر ساعت مصنوعات نو بنو از آثار و کیفیات بدرگاہ قوت عملیہ مجتمع شوند۔ وچناں کہ در جانب علم معلومات مذکورہ موجب تعلق علم بمعلومات دیگرے شوند ایں طرف ہر اثری وکیفیتی باعث صدور عمل تازہ مے شود۔

غرض اغذیہ وادویہ را در علم وعمل کہ دو عنصر روحانی است تاثیری است نمایاں۔ چنانچہ بعضی ازاں بدیہی است بجملہ لذت و سرور وانبعاث قوائے شہوانی وغیرہ ہر کس بہ رای العین مشاہدہ می کند پس ہر غذائی کہ مورث اخلاق بد باشد یا حیاء و طہارت را بتاراج دہد در حق مزاج ایمانی ہماں حکم ہم دارد۔ مگر چوں بمشاہدہ اجسام خاصہ باخلاق خاصہ پی می بریم اگر شکل انسانی است عادات واخلاقش چنیں وچناں تصور کنیم۔ واگر شکل خنزیری وکلبی وحماری را مشاہدہ کنیم عادات واخلاق چنیں وچناں دانیم۔ بتوسل ایں استدلال

" حیا ایمان کے شعبوں میں سے ایک شعبہ ہے"
" اور مومن میٹھا ہوتا ہے "
" اور مومن ناپاک نہیں ہوتا"

ان دعووں پر گواہ ہیں اور وجدان سلیم ایمانی حقیقت کو ادراک کرنے کے بعد اس ناچیز کے دعوے کی تائید کرتا ہے۔ اس وجہ سے ان صفات کے خلاف مخالف امور ایمان کے خلاف اور مخالف امور میں سے ہونگے اور آپ جانتے ہیں کہ جسم سے لیکر روح تک ایک پوشیدہ علاقہ ہے اور ایک وجدانی راہ ہے جیسا کہ اس طرف سے اس طرف صدہا احکام اور آثار نازل ہوتے ہیں اور عمل کے صادر ہونے کا موجب ہوتے ہیں اس طرف سے بھی ہردم کوئی جداگانہ محصول روح کی بلند بارگاہ میں پہنچتا رہتا ہے اور قوائے مدرکہ اور حواس کے راستے سے علم کے خزانے میں ہردم تازہ معلومات فراہم ہوتے ہیں اور قوائے عاملہ کی راہ سے غاذیہ۔ قابضہ، آخذہ وغیرہ وغیرہ قوتوں میں سے ہر ساعت نئی نئی مصنوعات آثار اور کیفیات سے قوت عملیہ کی درگاہ میں جمع ہوتی رہتی ہیں اور جیسا کہ علم کی جانب میں مذکورہ معلومات دوسری معلومات کیساتھ علم کے تعلق کا موجب ہوتے ہیں اس طرف ہر ایک اثر اور کیفیت تازہ عمل کے صدور کا باعث ہوتی ہے۔

غرض غذاؤں اور دواؤں کو علم و عمل میں جو کہ دو روحانی عنصر ہیں نمایاں تاثیر ہے چنانچہ ان میں سے بعض تو بلا دلیل کے واضح ہیں ان میں سے لذت اور خوشی اور شہوانی قوتوں کا اٹھ کھڑا ہونا وغیرہ ہر شخص آنکھ کے ذریعہ دیکھتا ہے۔ لہٰذا ہر وہ غذا جو بُرے اخلاق پیدا کرتی ہے یا حیا اور پاکی کو تباہ کرتی ہے تو وہ ایمان کے لئے تباہی کا حکم رکھتی ہے۔ مگر جب ہم خاص اجسام کو خاص اخلاق کے ساتھ دیکھتے ہیں تو اگر وہ جسم انسانی شکل کا ہے تو اس کے عادات ہم ایسے اور ویسے تصور کرتے ہیں اور اگر خنزیر اور کتے کی اور گدھے کی شکل کو دیکھتے ہیں تو انکی عادتیں ایسی اور ویسی پاتے ہیں۔ اس استدلال کے ذریعے ہمیں معلوم

دریافتیم کہ مابین این اجسام وآن اخلاق علاقہ علیت و معلولیت است۔ آن طرف علیت باشد و این طرف معلولیت یا برعکس۔ یا آنکہ ہر دو را بدرگاہ علتی روئی نیاز باشد۔ چہ استدلال را ازین علاقہ ناگزیر است۔ مگر چون تولد جسم بشہادت احادیث وہم بحکم بداہت اول است۔ و نفخ روح پس ازان ازین قدر محقق شد کہ اگر خود روح معلول جسم نیست باری ازین ہم چہ کم کہ در ہر جسم ہچو آئینہ آتشین کہ قوت جذب اشعہ محرقہ دارد قوت ارواح خاصہ کہ عبارت از منشاء اخلاق خاصہ باشد نہادہ اند۔

غرض علت فاعلی اگر نیست علت قابلی ضرور است اگر چہ بنظر تکوین خالق اکبر ہیچ از اسباب مستلزم مسببات نیست۔ بلکہ ہر جا اتصال اتفاقی است۔

الغرض اغذیہ وادویہ ومجاورت ومصاحبت را تاثیری است در ارواح۔ واغذیہ محرمہ ہمہ تورث اخلاق بد اند۔ یا مزیل صفائی قوت علمیہ مثل مسکرات یا مزیل چستی قوت عملیہ مثل مفترات یا مزیل انشراح ونورانیت کہ از علوم پاکیزہ پیدا شود ومثل اغذیہ نجسہ وناپاک وہم آمدات یا مفسد اخلاق حمیدہ کہ نتیجہ علم صحیح وعمل مستقیم بود

ہوا کہ ان اجسام اور ان اخلاق کے درمیان علیت[1] اور معلولیت کا تعلق ہے۔ اس طرف علیت ہو اور اس طرف معلولیت یا اسکے برعکس۔ یا یہ کہ دونوں کا رخ نیاز کسی علت کی دہلیز پر جھکا ہوا ہو۔ کیونکہ استدلال کے لئے اس قسم کے تعلقات کا ہونا ضروری ہے۔ مگر چونکہ جسم کی پیدائش احادیث اور بداہت کی شہادت اور حکم کے مطابق اول ہے اور روح کا پھونکا جانا بعد میں تو اس سے اتنی بات تحقیق میں آگئی کہ اگر خود روح جسم کا معلول نہیں ہے۔ لیکن اس سے بھی کیا کم کہ آتشیں شیشے کی مانند کہ جلا ڈالنے والی شعاعوں کے جذب کی قوت رکھتا ہے۔ ہر جسم میں خاص روحوں کے کھینچنے کی قوت جس کا مطلب خاص اخلاق کی نشو ونما سے ہے، قدرت نے رکھی ہے

غرض علت فاعلی[2] اگر نہیں ہے (تو نہ سہی) علت قابلی[3] تو ضروری[4] ہے اگرچہ خالق اکبر کی تکوین[5] کی طرف نظر ڈالتے ہوئے اسباب میں سے کوئی سبب مسببات کیلئے موجب نہیں ہے بلکہ ہر جا اتفاقی اتصال ہے۔

غرض یہ کہ غذاؤں اور دواؤں اور قرب اور مصاحبت کو ارواح میں کوئی نہ کوئی تاثیر ہے اور حرام غذائیں تمام کی تمام برے اخلاق پیدا کرتی ہیں یا قوت علمیہ کی صفائی کو زائل کرتی ہیں جیسے نشہ آور چیزیں یا قوت عملیہ کی چستی کو دور کرتی ہیں مثلاً شکست پیدا کرنے والی چیزیں یا دل کے انشراح اور نور کو زائل کرتی ہیں جو انشراح اور نور پاکیزہ معلومات سے پیدا ہوتے ہیں۔ اور

---

[1] علت۔ سے علیت یعنی علت ہونا اور معلول سے معلولیت یعنی معلول ہونا ہے۔ واضح رہے کہ علت اور معلول میں علت کے ساتھ معلول کا ہونا ضروری ہے۔ جیسا کہ دن کے لئے سورج علت ہے۔ جب سورج نکلیگا تو معلول یعنی دن ضرور ہوگا۔ لیکن سبب اور مسبب میں لزوم ضروری نہیں یعنی اگر سبب موجود ہو تو مسبب کا ہونا ضروری نہیں مثلاً بارش کا سبب ابر ہوتا ہے لیکن ابر کے ہوتے ہوئے بارش کا ہونا ضروری نہیں۔ اگر ہو جائے تو یہ بھی ممکن ہے اس لئے اگر انسانی جسم ہوگا تو اسکے اخلاق بھی انسانی ہونگے لہذا اگر کوئی جسم ہے تو اس سے اخلاق بھی کہے گئے۔ نا ہر ہو ضروری نہیں مترجم۔ [2] کسی بنائی گئی چیز کی چار علتیں ہوتی ہیں مثلاً کرسی میں چار علتیں سمجھئے۔ ایک علت مادی جس سے وہ کرسی بنی یعنی لکڑی دوسری علت فاعلی جس نے کرسی بنائی یعنی بڑھئی تیسری علت صوری جو بننے کے بعد کرسی کی صورت اور چوتھی علت غائی یعنی کرسی کے بنانے کی غرض اس پر بیٹھنا علت غائی کہلاتی مترجم۔ [3] علت قابلی سے ۔۔۔ کے قبول کرنے والی علت نہیں کر ادہ کئے مترجم۔ [4] یعنی اللہ کی قدرت سے کسی چیز کا ہونا کائنات خرق عادت مترجم

مثل گوشت درندگان یا خود مفسد مزاج و سرمایۂ زندگانی مثل سمیات۔

نظر بریں اہل ایمان را ایں قسم اغذیہ مضر باشند نہ نافع پس مالیت کہ مدارش بر منافع بود کجا باشد۔ آری در حق کفار ہیچ مضرتی نیست۔ چہ باعتبار ظاہر منافع چند در چند در آغوش دارند۔ و باعتبار باطن اگر مضرتی متصور بود باعتبار معارضہ مبادی یا آثار ایمان بود۔ آں خود از پیشتر نصیب اعدا شد۔ نظر بریں در حق اوشاں اگر مال قرار دہند چہ ہرج۔ مگر ہمیں طور اگر چیزی در حق یکی نافع بود و در حق دیگراں احتمال نفع نداشتہ باشد قبضہ براں در حق آں موجب ملک باید پنداشت مگر اختیار بیع آں بدیگراں نخواہد بود۔ چہ در حق دیگراں مال نیست تا ملک اوشاں بداں تعلق و باداے عوض معاوضۃ الملک بالملک متحقق شود۔

سخن سوم | سخن سیوم اینکہ تحقق ملک مستلزم صحت بیع و شرا نیست۔ نمیدانی کہ فرمودہ اند

مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ

تحقق ملک اولًا خود از الفاظ حدیث ہویدا است۔ دوئم حریت ما کہ بعد رقیت ظہور فرماید زوال ملک ضروری است مگر در ہمچو صور تحقق حریۃ بزوال ملک بائع نتواں گفت

ناپاک اور نجس غذائیں یا ناپاکیاں پیدا کرنے والی اور اخلاق حمیدہ کو بگاڑنے والی چیزیں مثلاً درندوں کا گوشت یا خود مزاج اور سرمایۂ زندگی کو بگاڑنے والی چیزیں مثلاً سمیات (زہریلی چیزیں) اس اصول کے پیش نظر ایمان والوں کیلئے بھی اس قسم کی غذائیں مضر ہیں نہ کہ نفع بخش۔ پس وہ مالیت کہ اس کا دارومدار منافع پر ہو کہاں ہوگی۔ ہاں کفار کے حق میں کوئی مضرت نہیں ہے کیونکہ ظاہر کے اعتبار سے چند در چند منافع اپنے پہلو میں وہ غذائیں رکھتی ہیں اور باطن کے اعتبار سے اگر کوئی نقصان خیال میں آسکتا ہے تو مبادی ایمان یا آثار ایمان کے مقابلے کے اعتبار سے ہوگا تو وہ ایمان کی خرابی پہلے ہی سے دشمنان اسلام کے حصے میں آ چکی نظر بریں اگر (مردار جانور یا خون وغیرہ) کو اہل کتاب کے حق میں مال قرار دیں تو کیا مضائقہ ہے مگر اسی طرح اگر کوئی چیز ایک آدمی کے حق میں نفع بخش ہو اور دوسروں کے لئے نفع کا احتمال اس میں نہ ہو تو اس پر قبضہ اس شخص کے حق میں موجب ملک خیال کرنا چاہئے لیکن دوسروں کے ہاتھوں اس کے بیچنے کا اختیار نہ ہوگا۔ کیونکہ دوسروں کیلئے وہ مال نہیں ہے کہ انکی ملکیت اس سے تعلق کو قبول کرے اور عوض کے ادا کرنے سے ملک، کا تبادلہ ملک کے ساتھ ہو جائے۔

تیسری بات | تیسری بات یہ ہے کہ ملک کا تحقق بیع اور شرا کی صحت کیلئے ضروری نہیں ہے آپ کو معلوم نہیں کہ فرمایا ہے:

"جو ذی رحم محرم[1] کا مالک ہوا تو وہ مملوک آزاد ہے"

ملک کا تحقق اولًا تو خود حدیث کے الفاظ سے واضح ہے۔ دوسرے حریت کے لئے جو کہ رقیت (غلامی) کے بعد ظاہر ہوتی ہے ملکیت کا زائل ہونا ضروری ہے مگر ان جیسی صورتوں میں بائع کی ملکیت کے

[1] ذی رحم محرم مثلاً بھائی بہن جو ایک ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہونے کی وجہ سے محرم بن جاتے ہیں مثلاً کسی کا بھائی کسی کا غلام تھا اور اس نے اپنے بھائی کو اس سے خرید لیا تو بھائی آزاد ہو جائے گا۔ مترجم

ورنہ ولاء وغیرہ ہمہ راجع بسوی او باشد ناچار بزوال ملک مشتری گفتہ شود۔

چہارم | چہارم اینکہ تحقق ملک را ضرور نیست کہ مالک را قدرت بر تسلیم چناں بود کہ موجبات بطلان و فساد بیع را گنجائش مداخلت نبود۔ اگرچہ مبیع متعین و ممتاز و موجود بود۔ نہ بینی کہ چوب سقف موجود و متعین است و بالضرور مملوک صاحب خانہ۔ مگر چوں تسلیم آں مستلزم موجبات بطلان است قبل از جدا کردن بیع صحیح نشود۔

سخن پنجم | پنجم اینکہ چنانکہ قبل وجود طرفین اضافت عقد متحقق نتواں شد بعد زوال و انعدام یکی یا ہر دو نیز عقدہ عقد منحل شود۔ وقت افلاس چوں مشتری خالی دست ماند و مبیع موجود بود عقد بیع کان لم یکن شود۔ از بخاری و مسلم در مشکوٰۃ شریف وارد است۔

ایما رجل افلس فوجد رجل ماله بعینه
فهو احق به من غیره او کما قال

ایں حدیث را بر عاریت و مغصوبات فرود آوردن صریح مخالف سیاق است۔ در استحقاق معیر و مغصوب منہ کدام خفا بود کہ بایں طور آگاہ فرمودند۔ پس محمل ایں حدیث ہمیں معاملہ بیع است۔

باقی ماند اینکہ اندریں صورت می باید کہ غرماء دیگر شریک و سہیم بایع در مبیع موجود نباشند۔ امام ابوحنیفہ بکدام حجت مخالفت حدیث کردند۔

زوال سے حریت کا تحقق نہیں کر سکتے ورنہ ولایت وغیرہ تمام امور اسکی طرف راجع ہونگے ناچار خریدار کی ملکیت کے زائل ہونے پر حریت کا تحقق مانا جائے گا۔

چوتھی بات | چوتھی بات یہ ہے کہ ملکیت کے تحقق کے لئے ضروری نہیں ہے کہ مالک کو سپرد کر دینے کی ایسی قدرت ہو کہ بیع کے فساد اور بطلان کے موجبات کو دخل کی گنجائش نہ ہو اگرچہ بیع کی گئی چیز متعین اور ممتاز اور موجود ہو۔ دیکھتے نہیں کہ چھت کی لکڑی موجود اور متعین ہے اور یقیناً گھر کے مالک کی ملکیت میں بھی ہے لیکن چونکہ خریدار کو اس لکڑی کا سپرد کرنا موجبات بطلان کو مستلزم ہے اس لئے لکڑی کو چھت سے جدا کرنے سے پہلے بیع صحیح نہ ہوگی۔

پانچویں بات | پانچویں بات یہ ہے کہ جیسا کہ بائع اور مشتری کے وجود سے پہلے عقد بیع کا تعلق متحقق نہیں ہو سکتا تو ان میں سے ایک یا دونوں کے زوال اور انعدام سے بھی بیع نہ ہوگی افلاس کے وقت جب مشتری خالی ہاتھ رہ جائے اور مبیع موجود ہو تو بیع کا معاملہ ایسا ہو جاتا ہے جیسا کہ ہوا ہی نہیں۔ بخاری اور مسلم سے مشکوٰۃ شریف میں وارد ہے۔

جو کوئی شخص مفلس ہو گیا اور دوسرے شخص نے اپنا مال
بعینہ اسکے پاس پایا تو وہ زیادہ حقدار ہوگا بنسبت کسی اور قرضدار کے (او کما قال)

اس حدیث کو مانگی ہوئی چیز اور زبردستی چھین لی ہوئی چیزوں پر وارد کرنا صاف طور پر سیاق کے مخالف ہے۔ عاریت پر دینے والے اور جس سے وہ چیز زبردستی چھینی گئی ہے ان دونوں کے استحقاق میں کونسی پوشیدگی کی بات تھی کہ اسکو اس طریقے سے آگاہ فرمایا۔ تبھی اس حدیث کا محمل یہی بیع کا معاملہ ہے۔

باقی رہی یہ بات کہ اس صورت میں چاہیئے کہ دوسرے قرضدار بائع کے ساتھ مبیع میں شریک اور حصہ دار موجود نہ ہوں امام ابوحنیفہؒ نے کس دلیل سے حدیث کی مخالفت کی۔

جواب جوابش ایں است کہ لفظ احق خود بر تحقق حقوق دیگراں دلالت دارد ورنہ صیغۂ افعل التفضیل راچسپاں کردن دشوار است وازاں تکلف کہ افعل التفضیل رامعنی فاعل گیرند ایں بہتر است کہ مخاطب ایں کلام غرما را قرار دہند وایں حکم را حکم استحبابی دارند۔ ووجہ عدم وجوب خود تحقق حقوق اوشاں باشد۔ ووجہ استحباب اینکہ مال دیگراں فنا شد وہلاک گردید۔ بدیں سبب عوض اینکہ قیمت باشد بذمہ مشتری لازم شد وبتوسط قیمت حقوق ایشاں نزول کردہ بمال موجود تعلق گرفت مگر ہمیں طور حق صاحب مال نیز از قیمت نزول کردہ بمال موجود آویخت۔ وخواہی دانست انشاء اللہ کہ در ملک تجزی نیست بدیں سبب ملک ہمہ شرکا محیط مال موجود بود۔ ہمیں طور احاطہ ملک صاحب مال را تصور باید فرمود۔

اقالہ مگر دانی کہ از قیمت باز باصل مال آمدن اقالہ باشد۔ در اقالہ زیادہ ازیں چہ باشد۔ آری ازاں جا کہ اقالہ در حق ثالث بیع بود مانع تعلق حقوق دیگراں نباشد وایں راہم بگذار۔ در صورت افلاس از دو امر چارہ نیست یا مال موجود ہمہ ازاں صاحب مال گویند وحدیث را بر ظاہر خود گذارند یا گویند کہ صاحب مال ہم اُسْوَۃٌ لِلْغُرَمَاء بود وہمچو دیگر اہل حقوق بقدر حق شریک وسہیم۔ اگر اول است فبہا ورنہ ازیں چہ کم کہ مدیون را اکنوں اختیار مال خود نماند بالاضطرار بیع آں مال را لازم آمد وامکان ایں قسم بیوع را اول ہمیں حدیث ماخذ باشد۔ دوم نظائر

جواب اس کا جواب یہ ہے کہ لفظ احق خود دوسروں کے حقوق کے تحقق پر دلالت رکھتا ہے ورنہ افعل التفضیل کے صیغہ کو چسپاں کرنا دشوار ہے اور اتنا تکلف ہے کہ افعل التفضیل فاعل کے معنی میں لیں یہ بہتر ہے کہ اس کلام کا مخاطب غرما کو قرار دیں اور اس حکم کو استحبابی[1] حکم رکھیں اور خود عدم وجوب کی وجہ انکے حقوق کا تحقق ہے اور استحباب کی وجہ یہ ہے کہ دوسروں کا مال فنا اور ہلاک ہو گیا۔ اسی سبب سے اس کا عوض جو کہ قیمت ہے مشتری کے ذمہ لازم ہو گیا اور قیمت کے ذریعہ انکے حقوق نے نیچے اتر کر موجود مال سے تعلق پیدا کر لیا مگر اسی طور صاحب مال کا حق بھی قیمت سے نیچے گر کر مال موجود کے ساتھ وابستہ ہو گیا اور آپ انشاء اللہ جان لیں گے کہ ملک میں تجزی (تقسیم) نہیں ہے۔ اس لئے تمام شرکا کی ملک موجود مال کو محیط ہو گی اسی طریقے سے صاحب مال کی ملکیت کے احاطے کو تصور کرنا چاہیئے۔

اقالہ مگر تمہیں معلوم ہے کہ قیمت سے پھر اصل مال کی طرف آنا اقالہ[2] ہے۔ اقالہ میں اس سے زیادہ اور کیا ہوتا ہے۔ ہاں اس وجہ سے کہ اقالہ تیسرے شخص کے حق میں بیع ہوتا ہے اس لئے دوسروں کے حقوق کے تعلق کو مانع نہیں ہوگا۔ اور اسے بھی چھوڑیئے۔ افلاس کی صورت میں دو باتوں کے سوا چارہ نہیں ہے یا تو موجود تمام مال کو صاحب مال کی ملکیت کہیں اور حدیث کو اپنے ظاہر پر چھوڑ دیں یا کہیں کہ صاحب مال بھی دوسرے قرضخواہوں کے برابر ہے اور دوسرے حقداروں کی مانند بقدر حق خود شریک اور سہیم ہے۔ اگر پہلی صورت ہے تو ٹھیک ہے ورنہ اس سے کیا کم کہ مدیون کو اب اپنے مال کا اختیار نہ رہا۔ مجبوراً اس مال کی بیع اسکو ضروری ہو گئی اور اس قسم کی بیوع کے لئے

---

[1] استحبابی حکم ایسا حکم ہوتا ہے جس پر عمل نہ کرنے سے کوئی گناہ نہیں ہوتا۔ اس حکم کے ذریعہ کسی کام کا کرنا ضروری نہیں ہوتا۔ مترجم

[2] بیچنے والا خریدار سے خریدی ہوئی چیز کو واپس لیکر اس کی اصل قیمت واپس کر دینے کا نام اقالہ ہوتا ہے مترجم

دیگر انشاء اللہ خواہی شنید۔ مگر در صورتیکہ تنہا صاحب مال غریم او بود کسی دیگر مزاحم حالش نہ بود آں وقت بجز اینکہ بانفساخ عقد قائل شوند چارہ نیست واگر ازیں ہم دریغ است تسلیم عقد ثانی بہماں قیمت ضروری است واگر ہم نہ گویند بلکہ عقد ثانی بقیمت مناسب جدید باشد۔ آنجا کہ کمی و بیشی قیمت فائدہ نبخشد و نہ عقد ثانی گفتنی سودے دہد تجشم ایں چنیں تکلفات زیادہ از بیہودہ سری چہ باشد۔ غرض ما را بہر طور گوارا است و ثمرہ ایں مقدمہ انشاء اللہ در آخر کلام خواہی دریافت۔

سخن ششم ششم اینکہ در بعض مواقع بالاضطرار ہم بیع متحقق شود و اداء قیمت بذمہ مشتری چار ناچار لازم آید۔ اگر ماخذ ہوس داری حدیث عتق بعض را یاد کن کہ باعتاق حصہ خود قیمت حصہ دیگراں بذمہ خود لازم آید و بایں لزوم بالضرور تحقق بیع قبیل اعتاق قائل شدن لازم است تا بدل و مبدل منہ ہر دو بملک مالک واحد مجتمع نشوند۔

سخن ہفتم ہفتم اینکہ قبض چیزی دیگر است و الجاء و اکراہ چیز دیگر است۔ بسا اوقات الجاء و اکراہ متحقق شود و قبض نتواں گفت و نہ بہ ثبوت ملک اعتراف تواں کرد الجاء و اکراہ در احرار ہم باشد و قبض فقط در ارقاء باشد نہ غیر۔ بایں ہمہ گویم اگر کافراں را در قلعہ محصور کردہ از آب و دانہ تنگ گردانیم ہنوز ملک نتواں گفت کہ احراز متحقق نشد۔ و قبض نقش صورت نیافت۔ ممکن است کہ دروازہ قلعہ کشادہ

کہ یہی حدیث اول ماخذ ٹھہری۔ دوسری اور نظیریں بھی انشاءاللہ آپ سنیں گے۔ مگر اس صورت میں کہ تنہا صاحب مال اس کا قرضخواہ ہو اور کوئی اس کے حال کا مزاحم نہ ہو۔ اس وقت اس کے سوا کہ عقد کے منسوخ ہونے کے قائل ہوں اور کوئی چارہ نہیں ہے اور اگر اس سے بھی دریغ ہے تو دوسرے عقد کا اسی قیمت پر تسلیم کرنا ضروری ہے۔ اور اگر یہ بھی نہ کہیں بلکہ عقد ثانی نئی مناسب قیمت پر ہو تو وہاں قیمت کی کمی اور زیادتی کوئی فائدہ نہیں دے گی اور نہ دوسرا معاملہ کہنا کوئی نفع دیگا۔ اس قسم کے تکلفات بیہودہ سری سے زیادہ اور کیا ہونگے غرض ہمیں ہر طرح پر گوارا ہے اور اس مقدمے کا پھل آپ کو کلام کے آخر میں ملے گا۔

چھٹی بات چھٹی بات یہ ہے کہ بعض مواقع میں مجبوراً بھی بیع متحقق ہو جاتی ہے اور خریدار کے ذمے قیمت کی ادائی چار و ناچار لازم آتی ہے۔ اگر تمہیں (ایسی بیع کے) ماخذ کی ہوس ہے تو عتق بعض کی حدیث کو یاد میں لاؤ کہ اپنے حصے کو آزاد کر دینے کی صورت میں دوسروں کے حصے کی قیمت اپنے ذمے لازم آتی ہے اور اس (قیمت کے) لازم آنے کے سبب سے ضروری طور پر آزاد کرنے سے ذرا پہلے بیع کے متحقق ہونے کا قائل ہونا ضروری ہے تاکہ بدل اور مبدل منہ جس سے تبادلہ کیا گیا) دونوں ایک مالک کی ملکیت میں جمع نہ ہو جائیں۔

ساتویں بات ساتویں بات یہ ہے کہ قبضہ دوسری چیز ہے اور جبر اور زبردستی کرنا دوسری چیز ہے بسا اوقات زبردستی کرنا اور مجبور کرنا متحقق ہوتا ہے اور (آپ) قبضہ نہیں کہہ سکتے اور نہ ہی ملکیت کے ثبوت کا اقرار کر سکتے ہیں الجاء اور اکراہ احرار (آزاد لوگوں) میں بھی ہوتا ہے اور قبضہ صرف ارقاء (غلاموں) میں ہوتا ہے نہ غیر میں۔ بایں ہمہ میں کہتا ہوں کہ اگر کافروں کو قلعہ میں محصور کر کے آب و دانہ سے ہم انہیں تنگ کر دیں تو تب بھی وہاں پر ملکیت کا ہونا نہیں

بگریزند و مال اسباب و زن و فرزند را ہمراہ ببرند۔ چنانچہ بسا اوقات ہمیں ساں باشد لیکن دریں ہم شک نیست کہ اکراہ متحقق شد والجاء بوجود آمد۔ پس اگر بہر کاری یا بہر مالی برکسی اکراہ کنند مکرہ را مقبوض تواں پنداشت۔ تا بشرط قابلیت ملک مملوک پندارند و زیادہ ترازیں اگر شرح ایں امر می طلبی بشنو کہ

تعریف قبضہ قبض برچیزی بدست آوردنش باشد خواہ حقیقت باشد۔ چنانچہ در اشیائے صغیرہ کہ مساحت دست ما محیط او تواں شد می باشد یا یا حکما یعنی تصرفات دستکاری ما دراں تواں کرد۔ مثلاً مکان و جانوراں و بنی آدم اگر پیش ما بطوری باشد کہ مکان را بنا کنیم یا منہدم توانیم ساخت و جانوراں را قطع و قتل و ذبح و از جای بجای بردن توانیم آں وقت مصداق قبض متحقق شد۔ اگر مانعی و مزاحمی نیست ہمیں قبض مالکانہ باشد ورنہ قبض غصب یا ودیعت وغیرہ بالجملہ قبض نام ایں کیفیت است کہ بقرب معلوم متحقق شود۔ خواہ ایں قرب خود قابض را میسر آید بذات خود یا بواسطہ نواب و خلفاء بطرف او منسوب باشد۔ باقی حرمت بعضی تصرفات مثل قطع اطراف ارقاء یا قتل اوشاں قادح امکان ایں تصرفات نیست۔ بلکہ خود مصحح آں است ورنہ ممانعت چہ معنی داشتی و در اکراہ ایں قسم قرب و احاطہ تصرف ضرور نیست۔

سخن ہشتم ہشتم اینکہ بعض وقائع مبادی بعض افعال و مستوجب بعض اعمال باشند مگر بوجہ خفائی کہ در ثبوت آنہا باشد بوجہ احتیاط بہ نسبت بعض

کرسکتے کیونکہ احراز (قبضے میں لے لینا) متحقق نہیں ہوا اور قبضہ نے صورت اختیار نہیں کی۔ ممکن ہے کہ قلعے کا دروازہ کھول کر بھاگ جائیں اور مال و اسباب، بیوی بچے ساتھ لیجائیں چنانچہ اکثر اوقات اس طرح ہوتا ہے لیکن اس میں بھی شک نہیں ہے کہ اس صورت میں اکراہ متحقق ہوا اور الجاء وجود میں آیا پس اگر کسی کام کے لئے یا کسی مال کیلئے کسی پر جبر کریں تو جبر کئے ہوئے کو مقبوض گمان نہیں کرینگے تاکہ بشرط قابلیت ملک اسے مملوک خیال کریں اور اگر اس سے زیادہ اس امر کی تشریح آپ کو مطلوب ہے تو سنئے:

تعریف قبض کسی چیز پر قبضہ اس کو ہاتھ میں لانا ہوتا ہے خواہ حقیقت کے طور پر ہو جیسا کہ چھوٹی چیزوں میں کہ ہمارے ہاتھ کی چوڑائی ان چیزوں کو اپنے اندر سمولے یا حکماً قبضہ ہو کہ ہمارے ہاتھوں کو ان کے تصرفات کا حق ہو۔ مثلاً مکان اور جانور اور انسان اگر ہمارے سامنے اس طرح ہو جائیں کہ ہم مکان کو بنا سکیں یا گرا سکیں اور جانوروں کو قطع، قتل، ذبح کر سکیں، اور ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجاسکیں تو اس وقت قبضے کے معنے متحقق ہو گئے۔ اگر کوئی مانع اور مزاحم نہیں ہے تو یہی مالکانہ قبضہ ہوگا۔ ورنہ غصب کر کے قبضہ کرنا یا امانت وغیرہ کے طور پر۔ بالجملہ قبضہ اس کیفیت کا نام ہے کہ قرب معلوم کے ذریعہ متحقق ہو۔ خواہ یہ قرب خود قبضہ کرنے والے کو بذات خود میسر آئے یا نائبین اور خلفاء کے ذریعہ اس کی طرف منسوب ہو۔ باقی بعض تصرفات کا حرام ہونا مثلاً غلام کے ہاتھ پاؤں کا کاٹ ڈالنا یا ان کا قتل کرنا اس قسم کے تصرفات کے امکان کیلئے مانع نہیں ہے بلکہ اس کیلئے مصحح ہے ورنہ ممانعت کے کیا معنی ہیں اور جبر میں اس قسم کے قرب اور تصرف کا احاطہ ضروری نہیں ہے۔

آٹھویں بات آٹھویں بات یہ ہے کہ بعض واقعات بعض افعال کے مبادی اور بعض اعمال کے مستوجب ہوتے ہیں مگر اس پوشیدگی کی وجہ سے جو ان اعمال کے

اعمال و افعال ثابت و متحقق انگارند و بنسبت بعض دیگر معدوم و غیر ثابت. نظیر این کلیہ در احادیث قصہ منازعت و مخاصمت حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ و عبد بن زمعہ است در ابن ولیدۂ زمعہ چہ علوق نطفہ کسی مستلزم انتساب نسب ولد باوست اگرچہ میراث و دیگر منافع بوجہ حرمت در زنا ازو باز دارند لیکن انتساب واقعی ازیں قدر غلط نتواں شد چوں ثبوت کامل نبود و ایں طرف زنا خود امرے است کہ طبائع سلیمہ باو رغبت نکنند و مجتنب باشند۔

دعویٰ حضرت سعد بن ابی وقاص دافع استحقاق فراش نشد۔ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرمودند۔

اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ

مگر نظر بمشابہت حلیہ لعتبہ ابن ابی وقاص بنسبت حضرت سودہ رضی اللہ عنہا ارشاد رفت اِحْتَجِبِیْ مِنْہُ یَا سَوْدَۃُ۔

ثبوت میں ہوتی ہے بعض اعمال اور افعال کی نسبت ان مبادی کو ثابت اور متحقق مانتے ہیں اور بعض دوسروں کی نسبت معدوم اور غیر ثابت مانتے ہیں۔ اس کلیہ کی نظیر حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور عبد بن زمعہ کے درمیان ابن ولیدہ زمعہ کے بارے میں نزاع اور جھگڑے کا قصہ احادیث میں ہے کیوں کہ کسی کے نطفے کا ٹھہر جانا لڑکے کے نسب کا اس باپ کی طرف منسوب کرنے کو لازم قرار دیتا ہے۔ اگرچہ میراث اور دوسرے منافع کو زنا کے حرام ہونے کی وجہ سے اس سے روکتے ہیں لیکن واقعی طور پر (زانی کی طرف) منسوب کرنے کی بات غلط نہیں ہو سکتی لیکن چونکہ ثبوت مکمل نہ تھا اور اس طرف زنا خود ایک ایسا معاملہ ہے کہ سلیم طبیعتیں اس کی طرف رغبت نہیں کرتیں بلکہ پرہیز کرتی ہیں۔

حضرت سعد بن ابی وقاص کا دعویٰ فراش کے حقدار ہونے کا دافع ہوا حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ[1]

لیکن عتبہ بن ابی وقاص کے ساتھ صورت کی مشابہت پر نظر رکھتے ہوئے حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے متعلق ارشاد ہوا کہ اے سودہ اس سے پردہ کر[2]

---

[1] الولد للفراش ایک حدیث کا ٹکڑا ہے جو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بخاری اور مسلم دونوں نے روایت کی ہے۔ عتبہ کافر تھا اس نے زمعہ کی لونڈی سے زنا کیا۔ عتبہ نے مرتے وقت اپنے بھائی سعد بن وقاص کو وصیت کی کہ زمعہ کی لونڈی سے جو لڑکا ہے وہ میرا ہے لہٰذا تم اس کو لے لینا۔ فتح مکہ کے سال حسب وصیت عتبہ سعد بن ابی وقاص نے اس کو لے لیا کہ میرا بھتیجا ہے۔ زمعہ کا ایک لڑکا تھا عبد بن زمعہ اس نے کہا یہ میرا بھائی ہے اور میرے باپ کی لونڈی کا بیٹا ہے۔ دونوں آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس یہ مقدمہ لے گئے۔ سعد بن وقاص نے اپنے بھائی کی وصیت بیان کی اور کہا کہ میرے بھائی نے کہا تھا کہ یہ میرا بیٹا ہے۔ عبد بن زمعہ نے کہا کہ یہ میرا بھائی ہے کہ میرے باپ زمعہ نے اپنی لونڈی سے جنوایا ہے۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عبد بن زمعہ وہ لڑکا تیرے ہی سپرد ہے اور تیرا بھائی ہے کیونکہ الولد للفراش بچہ بچھونے والے کا ہے۔ جس کے بچھونے اور فرش پر پیدا ہوا ہے۔ وللعاہر الحجر اور زانی کے لئے پتھر یعنی محرومی ہے یعنی بچے اور وراثت سے۔ بخاری و مسلم۔ مترجم۔

[2] زمعہ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے والد تھے جو آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زوجہ مبارکہ تھیں تو یہ لڑکا حضرت سودہ کے باپ زمعہ کا جب ٹھہرایا گیا تو حضرت سودہ کا بھائی ہونے کے باعث اس سے پردہ کرنے کی ضرورت نہ تھی مگر حضور نے حضرت سودہ کو فرمایا احتجبی منہ اے سودہ اس سے پردہ کر کیونکہ صورت میں وہ عتبہ کی شکل پر تھا۔ چنانچہ اس لڑکے نے تا وفات حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کو نہیں دیکھا۔ مترجم

غرض قرینۂ فراش مثبت انتساب نسب زمعہ شد۔ مگر
در بارۂ بے حجابی حضرت سودہ مفید نگردید و قرینۂ مشابہت
ظاہری اگرچہ موجب تورع از بے حجابی گردید۔ مگر
دافع حقوق نسبی از میراث وغیرہ نہ شد۔ وہمچنیں شہادت
عدل واحد در بارہ ثبوت حق اگر مفید نیست۔ ایں ہم نیست
کہ بوجہ عدم اثبات حق از پایۂ اعتبار ساقط شود و
عدالت مبدل بفسق وفجور شمردہ شود و در فروع مسئلہ
است کہ در حق مال خود زندہ باشد و در حق دیگراں مردہ۔
مالش بخیال موت بمیراث نہ برند و مال دیگر اموات
باحتمال حیات بمیراث باو ندہند۔

سخن نہم

نہم اینکہ حقائق ممکنہ کہ ہیئات حاصلہ از اقتران وجود و عدم باشند از اقسام
کیف اند نہ کم ورنہ لازم بود کہ ہیئات و اشکال منقسم شدہ
بر اقسام خود صادق آمدی۔ چہ وجود مقسم در اقسام و
اطلاق آں بر اقسام خود ضروری است و میدانی کہ در
ہیئات و اشکال خیال ایں امر خیال محال است۔ نمیدانی
کہ اشکال ہندسی مثلاً مثلث و مربع و مخمس وغیرہ کہ ہیئتی
است حاصل باقتران خطوط معلومہ کہ باقتران وجود سطوح
معلومہ و اعدام آں پیدا می شوند، قابل آں نیستند کہ تقسیم
کردہ مثلث ہا و مربع ہا و مخمس ہا برآرند و آنچہ در
بادی النظر خلاف ایں دعوی بنظر می آید از تغلیط
اطلاقات عرفی است۔ ایں تقسیم کہ می بینی بر سطوح معلومہ
واقع می شود۔ نہ براں ہیئات و کلام ما در ہیئات است

غرض فراش کا قرینہ زمعہ کے نسب کے انتساب کا مثبت
ہوا اگر حضرت سودہ کی بے حجابی کے بارے میں مفید نہیں ہوا۔ اور
ظاہری مشابہت کا قرینہ اگرچہ بے حجابی سے بچنے کا موجب
ہوا مگر میراث وغیرہ کے متعلق حقوق نسبی کو روک نہ سکا اور اسی
طرح ایک عادل شخص کی شہادت حق کے ثبوت کے بارے میں اگر مفید نہیں
ہے تو یہ بھی نہیں ہے کہ حق کو ثابت نہ کر سکنے کی وجہ سے اعتبار
کے مقام سے گر جائے اور عدالت (عادل ہونا) فسق و فجور سے
بدل جائے (چنانچہ) گمشدہ آدمی کے مسئلے کی جزئیات میں ہے کہ
(وہ مفقود آدمی) اپنے مال کے حق میں زندہ ہوتا ہے اور دوسروں
کے حق میں مردہ ہوتا ہے۔ اس کے مال کو موت کے خیال سے میراث سمجھ
کر نہیں لیجا سکتے اور دوسرے مردوں کا مال (میراث کے طور پر مفقود
کی) زندگی کے احتمال پر (گمشدہ شخص کو) نہیں دے سکتے۔

نویں بات

نویں بات یہ ہے کہ حقائق ممکنہ جو کہ وجود اور عدم کے ملنے سے حاصل ہونے والی ہیئات
(شکلوں) کا نام ہے (تو وہ حقائق ممکنہ) کیف کی قسم سے ہیں
نہ کہ کم کی۔ ورنہ لازم آئے گا کہ ہیئتیں اور شکلیں تقسیم ہو کر اپنی
قسموں پر صادق آئیں۔ کیونکہ مقسم (تقسیم کی گئی چیز) کا وجود اپنے
اقسام میں اور اس کا اطلاق اپنے اقسام پر ضروری ہے۔ اور
تمہیں معلوم ہے کہ ہیئتوں اور شکلوں میں اس بات کا خیال محال
بات کا خیال کرنا ہے۔ آپکو معلوم نہیں کہ جیومیٹری کی شکلیں مثلاً
مثلث △ اور مربع □ اور مخمس ⬠ وغیرہ ایک ہیئت ہیں جو کہ
معلوم خطوط کے ملانے سے جو خطوط کہ معلوم سطحوں کے وجود اور
ان کے عدم کے ملانے سے پیدا ہوتی ہیں اس قابل نہیں ہیں کہ ان
کو تقسیم کر کے مثلثوں اور مربعوں اور مخمسوں کو نکال لیں اور جو کچھ
ظاہر نظر میں اس دعوے کے خلاف نظر آتا ہے وہ عرفی اطلاقات کی تغلیط

۱؎ عدم سے وجود میں آنے والی اشیاء حقائق ممکنہ کہلاتی ہیں۔ مترجم

نہ در ذوہیئات ومعروضات ہیئات اعنی سطوح۔ غرض
آں ہیئت کہ بر سطوح مذکورہ عارض مے شود وحقیقت
آں جز خطوط متلاقیہ ہیچ نیست درخور آں نیست کہ منقسم
شود واقسام ہمنام خود از زیر پردۂ او بر آیند چوں حال
حقائق ممکنہ نیز ہمچنیں است آنہارا نیز قابل قسمت نباید
دانست۔ زیادہ اگر شرح می طلبی بشنو وخود پیشتر بارہا
بشنیدۂ کہ وجود وعدم از حقائق مذکورہ برکراں است
ورنہ ضرورت وامتناع ہر دو از ذاتیات آنہا
بودی چہ۔

الشیٔ اذا ثبت ثبت بلوازمہ

ومیدانی کہ حمل وجود بر وجود ضروری است کہ حمل اولی است
وحمل وجود بہ عدم ممتنع کہ اجتماع نقیضین است۔ بایں ہمہ
جنس کہ مادۂ انواع است در ہمہ انواع ونوع کہ مادہ
افراد است در ہمہ افراد واشخاص مشترک است۔ ما بہ الامتیاز
اگر باشد فصل باشد یا تشخص۔ پس اختلاف حقیقت لاجرم
ثمرہ فصل وتشخص باشد، ورنہ در مرتبہ جنس ونوع ہمہ انواع
وافراد متحد باشد۔ نظر بریں حیوان از حقیقت انسانی کہ ممتاز
از فرس وغیرہ انواع است وانسان از حقیقت زید کہ
ممتاز از حقیقت عمرو بکر است خارج بود وہمچنیں تا وجود
کہ مقسم ہمہ انواع واجناس است وہمہ بنسبت او فصل
قیاس کن وایں دخول مشہور قادح دعوی ما نیست۔ ہر یکے
را اصطلاحی دادہ ایم ومثل مشہور است لا مشاحۃ
فی الاصطلاحات حقیقت بمعنی ما بہ الامتیاز ہمچنیں است
کہ ما گفتیم۔ چوں امکان مقابل وجوب وامتناع افتادہ
لاجرم وجود وعدم را از حقیقتش خارج باید انگاشت
ورنہ از تقابل دست باید شست۔

کی وجہ سے ہے۔ یہ تقسیم جو تم دیکھتے ہو معلومہ سطحوں پر واقع ہوتی
ہے نہ کہ ان شکلوں پر اور ہماری بحث شکلوں میں ہے نہ کہ
شکل والوں میں اور ہیئتوں کی معروضات یعنی سطوح میں۔ غرض
وہ ہیئت کہ مذکورہ سطحوں پر عارض ہوتی ہے اور اس کی حقیقت
باہم ملنے والے خطوط کے سوا اور کچھ نہیں ہے اس قابل نہیں ہے کہ جو
تقسیم ہوجائے اور اپنے ہمنام اقسام اسکے پردے کے نیچے سے نکلیں
تو جب حقائق ممکنہ کا حال بھی اس طرح ہے ان کو بھی قابل تقسیم نہ
جاننا چاہئے۔ اگر زیادہ تشریح چاہتے ہو تو سنئے اور پہلے بھی بارہا
سن چکے ہو کہ وجود وعدم حقائق مذکورہ سے برطرف ہوتے ہیں۔
ورنہ ضروری اور ناممکن ہونا دونوں انکی ذاتیات میں سے ہوتے کیونکہ
کوئی چیز جب ثابت ہوتی ہے تو اپنے لوازم کے ساتھ ثابت ہوتی ہے
اور آپ جانتے ہیں کہ وجود کا محمول ہونا وجود پر ضروری ہے کہ
حمل اولی ہے اور وجود کا حمل عدم پر ناممکن ہے کہ اجتماع نقیضین
ہے با ایں ہمہ جنس جو کہ مادۂ انواع ہے تمام نوعوں میں اور نوع جو کہ
افراد کا مادہ ہے تمام افراد واشخاص میں مشترک ہے (اور) وہ
چیز جس کے ذریعہ ایک چیز دوسری سے پہچانی جائے اگر ہوگی تو
فصل ہوگی یا تشخص ہوگا لہٰذا حقیقت کا اختلاف ضروری طور پر
فصل اور تشخص کا نتیجہ ہوگا۔ ورنہ جنس اور نوع کے مرتبے میں
تمام انواع اور افراد متحد ہوگئے۔ نظر بریں حیوان انسانی حقیقت
سے جو کہ فرس وغیرہ انواع سے ممتاز اور انسان زید کی حقیقت
سے جو کہ عمرو اور بکر کی حقیقت سے ممتاز ہے خارج ہونگے۔ اور اسی
طرح وجود تک جو کہ تمام انواع واجسام کا مقسم ہے اور باقی سب
اس کی بہ نسبت فصل ہیں قیاس کرتے چلے جاؤ اور یہ مشہور دخول
ہمارے دعوی کو نقصان نہیں پہنچاتا ہم نے ہر ایک کی اصطلاح رکھدی
ہے اور مثل مشہور ہے اصطلاحات کا نام رکھنے میں کوئی جھگڑا
نہیں لہٰذا حقیقت ما بہ الامتیاز کے معنی میں اس طرح کی ہے جو کہ
ہم نے بیان کی جبکہ امکان وجوب اور امتناع کے مقابلے میں آپڑا لہٰذا

سخن دہم | دہم اینکہ ملک از اضافیات است۔ چہ یک طرفش مالکی ضرور است و یک طرفش مملوک و اوصاف انتزاعیہ انصافیہ قابل تقسیم نباشند آری اوصاف انضمامیہ گو بذات خود مورد قسمت نباشند اما بتقسیم مقسم و انقسام آں منقسم شوند۔ آب را اگر تقسیم کنند حرارت و برودتش ہم بالتبع منقسم شود۔ اما فوقیت و تحتیہ وغیرہ اوصاف اضافیہ ازیں انقسام آب منقسم نشوند پس اگر آبے زیر سقفی بود و نصف آب را از آوند گرفتہ بآوند دیگر انداز ند و بروں برند تاہم تحتیت سابقہ بہا لطور بتمامہا بنصف باقی منتسب شود و نصفیکہ بروں بردہ اند معری از وصف تحتیت بروں آید۔

الغرض اگر تغیری بجانب موصوف پدیدار آید اوصاف اضافیہ انتزاعیہ ہمانساں بحال خود باشند و اوصاف انضمامیہ از تغیر لاحق بموصوفات متغیر شوند۔ از حرکت تحت تحتیت منتقل نشود و از انتقال حار حرارت منتقل گردد۔ دریں بارہ اوصاف انضمامیہ مشابہ زمان و زمانیات اعنی حرکات اند کہ بانتقال و حرکت ظرف اعنی زمانہ مظروف اعنی حرکات منتقل و متحرک شود۔ و اوصاف انتزاعیہ مشابہ مکان و مکانیت کہ بانتقال مظروف ظرف از جائے بجائے نرود۔ و سر دریں سخن ایں است کہ در حقیقت

ضروری طور پر وجود اور عدم کو اسکی حقیقت سے خارج خیال کرنا چاہئے ورنہ تقابل سے ہاتھ اٹھا لینے چاہئیں۔

دسویں بات | دسویں تمہید یہ ہے کہ ملک اضافی امور میں سے ہے اس کے ایک طرف ضروری طور پہ مالک ہے اور ایک طرف مملوک ہے اور انتزاعیہ[1] انصافیہ اوصاف تقسیم کے قابل نہیں ہوتے ہیں ہاں انضمامیہ اوصاف گو بذات خود مورد تقسیم نہیں ہوتے لیکن مقسم کے تقسیم کرنے اور اس کے تقسیم ہو جانے کی وجہ سے منقسم ہوتے ہیں۔ پانی کو اگر تقسیم کریں تو اسکی حرارت (اگر وہ گرم ہے) اور اسکی برودت بالطبع (اگر وہ ٹھنڈا ہے) تقسیم ہو جاتی ہے لیکن فوقیت اور تحتیت وغیرہ اضافی اوصاف اس پانی کی تقسیم سے تقسیم نہیں ہوتے لہٰذا اگر پانی چھت کے نیچے ہو اور آدھے پانی کو برتن سے لے کر دوسرے برتن میں ڈالدیں اور باہر لے جائیں تو پھر پہلی تحتیت اسی طرح پوری کی پوری باقی نصف پانی کے ساتھ منتسب ہو جائیگی اور نصف پانی جو باہر لے گئے ہیں تحتیت کی صفت سے بالکل خالی ہو جائیگا

الغرض اگر کوئی تغیر موصوف کی جانب ظاہر ہوگا تو انتزاعی اور اضافی اوصاف اسی طرح اپنے حال پر ہونگے اور انضمامی اوصاف موصوفات کو لاحق ہونے والے تغیر سے متغیر ہو جائیں گے۔ تحت کی حرکت سے تحتیت منتقل نہیں ہوتی اور گرم چیز کے منتقل ہونے سے حرارت منتقل ہو جاتی ہے اس بارے میں انضمامی اوصاف، زمانہ اور زمانہ والی چیزیں یعنی حرکات کے مشابہ ہیں کہ ظرف یعنی زمانہ کی حرکت اور انتقال سے مظروف یعنی حرکتیں منتقل اور متحرک ہو جاتی ہیں اور انتزاعی اوصاف مکان اور مکان والی چیزوں کے مانند ہوتے ہیں کیونکہ مظروف کے انتقال کی وجہ سے ظرف ایک جگہ سے دوسری جگہ نہیں چلا جاتا ہے اور اس بات میں

---

[1] انتزاعیہ وصف کے متعلق پہلے کسی خط کے حاشیہ میں بیان کیا گیا ہے وہ امور ہوتے ہیں جو دو یا کئی چیزوں کے تعلق سے پیدا ہوتے ہیں مثلاً فرش اور چھت کے تعلق سے زیریں بالا اور پستی کا پیدا ہونا امور انتزاعی ہے۔ مترجم

اوصاف انضمامیہ اوصاف حال وقائم و ذو مرتبہ فوقیت
وتحتیت اولا بالذات بعد لحاظ طرف ثانی صفت حیز سقف
و فرش و زمین و آسمان است نہ صفت سقف وغیرہ۔ تا از
حرکت و انتقال آں حرکت و انتقال آں حرکت و انتقال
اوصاف و از تغیر آں تغیر اوصاف لازم آید۔ و غرضم از حیز
فرش وغیرہ بعد مجرد است نہ سطح حاوی کہ آں خود در تغیر و
حرکت تابع حاوی است وبدیں سبب نتواں گفت کہ ایں قسم
اوصاف از اوصاف ذاتیہ یا لوازم وجود اوست۔ لیکن
با ایں ہمہ ایں قدر یاد باید داشت کہ بعد مذکور را نیز موصوف
ایں اوصاف بحیثیت ذات نتواں گفت۔ بلکہ در اصل ایں
قسم اوصاف بتوسط ہیئتی کہ حیز را حاوی باشد لاحق می
شود۔ و مفادش بعد تجرید نظر ہماں سطح حاوی می برآید
اگر فرق است ہمیں قدر است کہ دیگراں جسم را حاوی
گویند و ما مکان جسم حاوی را در اصل حاوی دانیم کہ
احتواء و حواء کہ مرادف ظرفیت است صفت مکان باشد
نہ مکین۔ گو در بادی النظر صفت مکین ہم معلوم شود۔

چوں عدم انقسام حقائق ممکنہ و اوصاف انتزاعیہ
اضافیہ بوضوح پیوست ایں ہم واضح شدہ باشد کہ
موصوفات اوصاف انتزاعیہ اضافیہ اگر از قسم اجسام و اشکال ممکنہ
باشد لا بد ہر وصف بہمہ موصوف منتسب شود۔ اندریں
صورت اگر چیزی ایں قسم باعتبارین مختلفین موصوف
اوصاف متضائفہ باشد مثل فوقیت وتحتیت چنانکہ
ما باعتبار زمین فوقیم و باعتبار آسمان تحت ہر دو وصف

راز یہ ہے کہ حقیقت میں انضمامیہ اوصاف حال[1] اور قائم ہوتے ہیں
اور انتزاعیہ اوصاف محل اور مقام اور مرتبہ ہوتے ہیں نہ کہ حال اور
قائم ہوتے ہیں، اور انتزاعیہ اوصاف محل اور مقام اور مرتبہ ہوتے ہیں
نہ کہ حال اور قائم اور مرتبے والے کا وصف۔ اولاً فوقیت اور تحتیت
بالذات طرف ثانی کے لحاظ کے بعد زمین آسمان فرش اور سقف کے
حیز کی صفت ہیں نہ کہ سقف وغیرہ کی صفت کہ اسکے منتقل ہونے اور
حرکت کرنے سے اوصاف کا انتقال اور حرکت اور اسکے تغیر سے اوصاف
کا تغیر لازم آئے اور میری غرض فرش وغیرہ کے حیز سے بعد مجرد ہے
نہ کہ سطح حاوی کہ وہ خود تغیر اور حرکت میں تابع حاوی ہے اور اس
سبب سے نہیں کہہ سکتے کہ اس قسم کے اوصاف ذاتی اوصاف یا اسکے وجود
کے لوازم میں سے ہیں لیکن ان سب باتوں کے باوجود اس قدر یاد رکھنا
چاہئے کہ بعد مذکور کو بھی ذات کی حیثیت سے ان اوصاف سے موصوف
نہیں کر سکتے بلکہ اصل میں اس قسم کے اوصاف اس ہیئت کے ذریعے جو کہ یہ
کو حاوی ہوتی ہے لاحق ہوتے ہیں اور اس کا مفاد اور چیزوں سے نظر ہٹا
کر وہی حاوی سطح نکلتا ہے۔ اگر فرق ہے تو صرف اتنا ہے کہ دوسرے
لوگ جسم کو حاوی کہتے ہیں اور ہم جسم حاوی کے مکان کو اصل میں حاوی
جانتے ہیں۔ کیونکہ احتواء اور حواء جو کہ ظرفیت کے مرادف ہے مکان کی
صفت ہے نہ کہ مکین کی۔ گو ظاہر نظر میں مکین کی صفت بھی معلوم ہوتی ہو۔

جب حقائق ممکنہ اور اوصاف انتزاعیہ اضافیہ کا تقسیم نہ ہونا
واضح ہوگیا تو یہ بھی واضح ہوگیا ہوگا کہ اوصاف انتزاعیہ اضافیہ کے موصوفات
اگر ممکنہ اجسام و اشکال کی قسم سے ہونگے تو ضروری طور پر پورا وصف پورے
موصوف کے ساتھ متعلق ہوگا۔ اس صورت میں اگر اس قسم کی کوئی
چیز دو مختلف اعتبار سے فوقیت اور تحتیت جیسے متضائف[2] اوصاف سے
موصوف ہوگی جیسا کہ ہم زمین کے اعتبار سے اوپر ہیں اور آسمان کے اعتبار
سے نیچے تو دونوں متضائف اوصاف تمام کے تمام اس تمام موصوف

[1] کسی جگہ میں حلول کرنے والی چیز کو حال کہتے ہیں۔ [2] متضائف ایسے دو مفہوم کہلاتے ہیں جن میں سے ایک کا سمجھنا دوسرے پر موقوف ہو جیسے باپ کا سمجھنا بیٹے پر اور بیٹے کا سمجھنا باپ پر موقوف ہے۔ اسی طرح اونچائی کا سمجھنا نیچائی پر اور نیچائی کا سمجھنا اونچائی پر موقوف ہے۔ مترجم

متضائف بتمامہا بہمہ آں موصوف لاحق شود۔ ایں نیست کہ یکی بیک نصف و دیگری بیک نصف۔ چوں از مشاہدۂ احوال خویش خود ظاہر است کہ ما اگر فوقیم ہمہ تن فوقیم و اگر تحتیم ہمہ تن تحت۔ حاجت زیادہ قلم فرسائی نیست۔

الغرض یک موضوع بہر ہزار قضیہ موضوع تواں شد و ہمچنیں یک محمول بہر ہزار قضیہ محمول تواں شد۔ وحدت موضوع مانع تعدد محمول نیست۔ و وحدت محمول مانع تعدد موضوع نی۔ اگر ہمچنیں در یک قضیہ زیادہ از یک نسبت نباشد چنانچہ بدیہی است۔

اعتراض و اگر کدامی ذکی کج طبع را بدل آید کہ قضیہ کلیہ یک قضیہ باشد و باز بقدر افراد موضوع نسب متعددہ از ہماں یک نسبت زایند اگر دراں قضیہ زیادہ از یک نسبت نباشد ایں تعدد نسبت را وجہی نیست۔ و اگر نسب متعددہ دراں کلیہ بودند دعوئ وحدت نسبت سراسر غلط باشد۔ در جوابش اگرچہ امثال معترض را می رسد کہ گوید نمی پذیریم کہ قضیہ کلیہ چنانکہ بظاہر واحد است ہمچناں بالمعنی ہم واحد است۔ والعبرت للمعانی۔

جواب مگر آنکہ جواب است ایں است کہ موصوف باوصاف اضافیہ انتزاعیہ ہیاکل و ہیئات باشد نہ ذوہیئت ورنہ لازم آید کہ بانقسام موصوف منقسم شود کہ اتصاف را جز تبعیت موصوف چارۂ دگر نیست۔ الغرض لازم است کہ وصف تابع موصوف باشد۔ اگر او واحد است ایں ہم واحد باشد و اگر او متعدد و منقسم است ایں ہم

کیساتھ لاحق ہونگے۔ یہ نہیں ہے کہ ایک، ایک نصف کیساتھ اور دوسرا ایک نصف کیساتھ لاحق ہو یہ بات خود اپنے مشاہدے سے ظاہر ہے کہ ہم اگر فوق ہیں تو تمام جسم کے اعتبار سے فوق ہیں اور اگر تحت ہیں تو ہمہ تن تحت ہیں۔ زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

الغرض ہزار قضیوں کے لئے ایک موضوع، موضوع ہو سکتا ہے اور اسی طرح ایک محمول ہزاروں قضیوں کے لئے محمول ہو سکتا ہے۔ موضوع کا ایک ہونا محمول کے کئی ہونے کو مانع نہیں ہے اور محمول کا ایک ہونا کئی موضوع ہونے کو مانع نہیں۔ مگر اسی طرح ایک قضیہ میں ایک نسبت سے زیادہ نسبت نہ ہوگی جیسا کہ واضح ہے

اعتراض اور اگر کسی کج طبیعت ہوشیار آدمی کے دل میں یہ بات پیدا ہو کہ قضیہ کلیہ[1] ایک قضیہ ہوتا ہے اور پھر موضوع کے افراد کے بقدر متعدد نسبتیں اسی ایک نسبت سے پیدا ہوتی ہیں اگر اس قضیے میں ایک سے زیادہ نسبت نہ ہو تو اس نسبت کے کئی ہونے کی کوئی وجہ نہیں ہے اور اگر متعدد نسبتیں اس کلیہ میں تھیں تو نسبت کے ایک ہونے کا دعویٰ سراسر غلط ہوگا اس کے جواب میں اگرچہ معترض جیسے لوگوں کو حق پہنچتا ہے کہ وہ کہیں کہ ہم اس بات کو تسلیم نہیں کرتے کہ قضیہ کلیہ جیسا کہ بظاہر ایک ہے اسی طرح معنی میں بھی ایک ہے اور اعتبار معانی کا ہے۔

جواب مگر جو جواب ہے وہ یہ ہے کہ اضافیہ انتزاعیہ اوصاف کا موصوف شکلیں اور ہیئتیں ہوتی ہیں نہ کہ شکل والا ورنہ لازم آئیگا کہ موصوف کے تقسیم ہونے سے وہ اوصاف بھی تقسیم ہو جائیں۔ کیونکہ اتصاف کیلئے موصوف کے تابع ہونے کے سوا کوئی اور چارہ نہیں ہے۔ الغرض ضروری ہے کہ صفت موصوف کے تابع ہو اگر موصوف واحد ہے تو یہ بھی واحد ہوگی اور اگر موصوف کئی اور

[1] قضیہ کلیہ وہ قضیہ ہوتا ہے جس میں موضوع کے تمام افراد پر حکم لگایا جاتا ہے۔ جیسے کل انسان حیوان کہ یہ قضیہ کلیہ ہے اس میں انسان موضوع ہے جس پر حیوان ہونے کا اطلاق ہے۔ مترجم

متعدد و منقسم باشد۔ ورنہ موصوف گفتن و دعویٰ اتصاف
غلط باشد۔ آری اگر مورد اوصاف اضافیہ انتزاعیہ فقط
ہیاکل باشند و محل اوصاف انضامیہ فقط ذو ہیئت کہ در
آغوش ہیاکل و ہیئت باشد۔ قصہ تبعیت اوصاف و متبوعیت
موصوفات ہمہ صحیح گردد۔ چہ ذو ہیئت کہ ہمانا کلی طبعی است قابل
انقسام است بحصص متباینہ کثیرہ کہ در افراد باشد۔ ثمرۂ ہمیں
انقسام است۔ پس می باید کہ اوصاف ایں قسم موصوفات
بالتبع منقسم شوند۔

تکثر ہیاکل

و ہیاکل را دانی کہ لذیں قسم تکثر اعنی تکثر انقسامی
برکراں داشتہ اند۔ و اوصافش نیز ازیں قسم
تکثر و تعدد بہرہ ندارند۔

تکثر انطباعی

آری تکثری است دیگر کہ آنرا باصطلاح
خود بہ تکثر انطباعی و تعدد انعکاسی و
کثرت جلوہ تعبیر کنیم۔ آں چیست تعدد مرایا و مظاہر شی پس
اگر چیزی واحد در مظاہر کثیرہ منطبع شود ایں تعدد دیگر بوجہ
کثرت انطباعات بنام آوردہ اند تعددی دیگر باشد
ایں قسم تعدد در جزئیات ہم باشد۔ شکل من و تو دراں
واحد بآئینہ ہائے کثیرہ منطبع تواں شد۔ بلکہ سوا جزئیات
در چیزی دیگر نبود۔ ایں تکثر خود دلیل آنست کہ ایں جا گنجائش
تکثر انقسامی نیست۔ ورنہ ہماں آش در کاسہ باشد چہ اگر
مورد تکثر انطباعی مورد تکثر انقسامی ہم بود لازم آید کہ
اوصاف انتزاعیہ اضافیہ با تقسام اضافیہ با انقسام موصوف
منقسم شوند ورنہ قصہ اتصاف غلط باشد چناں چہ شنیدی
مگر مقاں کلی طبعی مشار الیہ کہ جزئی باشد آں دگر است۔ آں
غیر قابل التقسیم است کہ بحساب کلی طبعی جزو لا یتجزی باشد
و ایں جزئیت کہ از اوصاف ہیاکل و ہیئات است ایں

منقسم ہیں تو صفات بھی متعدد اور منقسم ہوں گی ورنہ موصوف کو
موصوف کہنا اور متصف کرنے کا دعویٰ غلط ہوگا۔ ہاں اگر اضافیہ
انتزاعیہ کا اوصاف کے وارد ہونے کی جگہ فقط شکلیں ہوں اور
انضمامیہ اوصاف کا محل فقط شکل والا ہو جو کہ شکلوں اور
ہیئتوں کے آغوش میں ہو تو پھر اوصاف کے تابع ہونے اور موصوفات
کے متبوع ہونے کا قصہ صحیح ہوگا کیونکہ ہیئت والی کہ وہی کلی طبعی ہے
انقسام کے قابل ہے ایک دوسرے کے مغائر حصے جو کہ افراد میں
ہوتے ہیں وہ اسی انقسام کا نتیجہ ہیں لہٰذا چاہئے کہ اس قسم کے
موصوفات کے اوصاف تابع ہو کر منقسم ہو جائیں۔

اور شکلوں کے متعلق آپ جانتے ہی ہیں کہ اس قسم کے تکثر
یعنی تقسیم کی وجہ سے تکثر سے ان شکلوں کو علیحدہ رکھا ہے ان کے
اوصاف بھی اس قسم کے تکثر اور تعدد سے کوئی حصہ نہیں رکھتے۔

تکثر انطباعی

ہاں ایک اور تکثر ہے کہ اس کو اپنی اصطلاح
میں تکثر انطباعی اور تعدد انعکاس اور
کثرت جلوہ کے نام سے ہم تعبیر کرتے ہیں۔ وہ (تکثر انطباعی) کیا ہے
تعدد مرایا اور مظاہر شئی ہے پس اگر ایک چیز مظاہر کثیرہ میں منعکس
ہوگی تو یہ تعدد جو انطباعات کی کثرت کی وجہ سے جس کا ہم نے
نام تجویز کیا ہے ایک دوسرا تعدد ہوگا اس قسم کا تعدد جزئیات
میں بھی ہوتا ہے۔ ہماری اور تمہاری شکلیں بہت سے آئینوں میں
آن واحد میں منعکس ہو سکتی ہیں بلکہ جزئیات کے سوا کسی دوسری
چیز میں نہیں ہو سکتیں۔ یہ تکثر خود اس بات کی دلیل ہے کہ یہاں
پر تکثر انقسامی کی گنجائش نہیں ہے۔ ورنہ معاملہ جوں کا توں
رہیگا کیونکہ اگر تکثر انطباعی کا محل تکثر انقسامی کا محل بھی ہو
تو لازم آتا ہے کہ اوصاف انتزاعیہ اضافیہ موصوف کے منقسم
ہونے کے ساتھ تقسیم ہو جائیں ورنہ اتصاف کا قصہ غلط ہوگا
جیسا کہ تم نے سن لیا لیکن کلی طبعی مذکورہ کی مقابل جو کہ جزئی ہے
وہ دوسرا ہے۔ وہ نا قابل تقسیم حصہ ہے جو کہ کلی طبعی کے حساب

دگر است۔ مگر آنجا کہ سواء وجود مطلق ہمہ را تحدیدی ضرور
است کہ باقتران وجود با عدم پیدا شود و مرادم از ہیئت
و ہیاکل ہمین است۔ از زیر تا بالا سواء وجود مطلق ہمہ در
آغوش ہیکل باشند اما چون بالا از وجود مطلق نیز محدود
است۔ زیرا کہ از تحدیدش لازم آید کہ بالاشی مفہومی و مصداقی
است کہ پارہ ازان تراشیدہ نامش وجود نہادہ اند۔ و
این عموم مفہوم از وجود کہ در بادی النظر قادح درین دعوی
است جوابش خود گفتہ ام۔

غرضم از مصداق تحقق احتراز ازہمین قسم مفہومات مصنوعہ
عقل انتزاع پیشہ و وہم مفترض است۔ چہ درین عموم تحکم بکار
رفتہ عموم حقیقی نیست۔ آں این است کہ چیزی موجود در ہمہ
افراد ساری باشد پس تو دبفرمایند کہ آں کدام موجود
است کہ در وجود و عدم ہمہ سرایت کردہ باشد۔

بالجملہ اطلاق حقیقی نصیب وجود مطلق است باقی جملہ
حقائق و مفہومات ازین اطلاق بے بہرہ اند۔ اگر باعتبار
حقائق چند عام اند باعتبار حقیقی دگر خاص ہم باشند
مگر ظاہر است کہ درینجا مواضع خصوص از آثار آن ہیئت
و تحدید باشد و عموم از آثار ذو ہیئت و محدود
وقتیکہ قطع نظر از حد مذکور کنند۔

پس از استماع این تقریر معاو بگذشتہ اعنی اینکہ
اوصاف انتزاعیہ اضافیہ اوصاف محل و مقام اند مگر

سے جزء لایتجزی[1] ہوگا۔ اور یہ جزئیت جو کہ ہیاکل اور ہیئات
کے اوصاف سے ہے یہ دوسری جزئیت ہے مگر چونکہ وجود مطلق کے سوا
سب کیلئے حدبندی ضروری ہے جو وجود اور عدم کے ملنے کی وجہ سے
پیدا ہوتی ہے اور میری مراد ہیئات اور اشکال سے یہی ہے نیچے
سے لیکر اوپر تک وجود مطلق کے سوا تمام کے تمام ہیکل کی آغوش
میں ہیں لیکن چونکہ وجود مطلق سے اوپر کوئی ایسا مفہوم جسکا مصداق
متحقق ہو نہیں ہے اس لئے نہیں کہا جاسکتا کہ وجود مطلق بھی محدود
ہے کیونکہ اس کی حدبندی سے لازم آتا ہے کہ اس کے اوپر
کوئی مفہوم اور مصداق ہے کہ اس کا ایک حصہ تراش کر اس کا نام وجود رکھ دیا
ہے اور وجود کا یہ عام مفہوم جو کہ ظاہر نظر میں اس دعوی کیلئے حارج ہے اس کا
جواب میں نے خود دیدیا ہے۔

میری غرض متحقق ہونے والے مصداق سے انہی مفہومات
بچنا ہے جو فرض کرنے والے وہم اور انتزاع کرنے والی عقل کے
من گھڑت ہوتے ہیں۔ کیونکہ اس عموم میں تحکم کا عمل ہونے کی وجہ سے
عموم حقیقی نہیں ہے اور وہ یہ ہے کہ کوئی موجود چیز تمام افراد میں ساریت
کرتی ہو۔ لہذا آپ خود فرمائیں۔ کہ وہ کونسا موجود ہے کہ وجود
و عدم تمام میں سرایت کئے ہوئے ہو۔

بالجملہ (وجود کا) حقیقی اطلاق وجود مطلق (خداوند تعالی)
کے حصے میں ہے باقی تمام حقائق اور مفہومات اس اطلاق سے بے بہرہ ہیں
اگر چند حقائق کے اعتبار سے عام ہیں تو کسی دوسری حقیقت کے اعتبار
سے خاص بھی ہیں۔ مگر ظاہر ہے کہ ان جیسے مقامات میں خصوصیت اس
ہیئت اور تحدید کے آثار میں سے ہوگی اور عمومیت شکل والے اور محدود
کے آثار میں سے ہوگی۔ مگر اس وقت جبکہ مذکورہ حد سے قطع نظر کریں۔
اس تقریر کو سننے کے بعد گذشتہ معا یعنی یہ کہ اوصاف
انتزاعیہ اضافیہ ہیئت و ہیکل کے واسطے سے محل اور مقام کے وصف

[1] جزء لایتجزی اس حصے کو کہتے ہیں کہ جس کے پھر جز نہ ہو سکیں۔ مترجم

بواسطۂ ہیئت و ہیکل نیز منحل شدہ باشد۔ بالجملہ از ہر ہر پہلو مطلب ما واضح است۔

اکنوں میگویم کہ در آغوش ہیئت مذکور کہ جزئیتش خوب دانستی گاہی مادہ کلاں باشد گاہی خرد و نہایت خردی تا بایں است کہ انقسام را قبول نکند۔ پس اگر در ہیئت جزئی مادہ ہم جزئی است آں را از ہر طرف کہ بینند جزئی باشد۔ آری تکثر انطباعی در نظر ظاہر پرستاں وہم کلیت افگند۔ مگر ما را چہ زیاں۔ اگر ایں تکثر انطباعی را نیز یکی از انحاء کلیت قرار دہند ما نیز بسر و چشم نہیم۔ چہ آں را کہ جنس گویند یعنی اطلاقش بر قلیل و کثیر روا داشتہ اند و اکثر کلیش گویند۔ نزد ما از ہمیں قسم است زیرا کہ مظہر را صغیر گردانند یا کبیر ہیئت و شکل ہماں باشد کہ بود و ازیں جا است کہ تصویر مرد دراز بالا اگر بہ کاغذی کوتاہ کشند صورت ہماں باشد۔

غرض ایں تکثر اگرچہ در بادی النظر لاحق ہیئت باشد اما نظر بازان معانی دانستہ باشند کہ صورت ہماں یک است ورنہ شناختن ذی تصویر از تصویر محال بود۔ البتہ ذی صورت متعدد شد۔ والعاقل یکفیہ الاشارہ۔

خلش دیگر از ایں تقریر شاید خلشی دیگر بدل کسی زائیدہ باشد و آں اینست کہ اضافات را بحضرت رفیع الدرجات ہم رسائی است۔ اگر مورد آں ہمیں ہیئات باشند بہر آں ذات پاک ہیئت از کجا باید آورد۔ مگر آں کہ براہبری عقل مے رود خود دانستہ باشد کہ ذات بحت از اضافات و انتزاعات ورلو الوراء ثم وراء الوراء است و چوں نباشد او غنی عن العالمین است و اضافت را مصداق

میں حل ہو گیا ہو گا۔ بہر حال ہر پہلو سے ہمارا مطلب واضح ہے۔

اب میں کہتا ہوں کہ ہیئت مذکورہ کی آغوش میں جسکی جزئیت کو آپنے خوب جان لیا کبھی ایک بڑا مادہ ہوتا ہے اور کبھی چھوٹا اور اسکی انتہائی چھوٹائی اس حد تک ہے کہ تقسیم ہونے کو قبول نہیں کرتی پس اگر جزئی کی ہیئت میں مادہ بھی جزئی ہے تو اس کو جس طرف سے دیکھیں گے وہ جزئی ہی ہوگی ہاں تکثر انطباعی ظاہر نظر رکھنے والوں کی نگاہ میں کلیت کا وہم پیدا کرتی ہے لیکن ہمارا کیا نقصان۔ اگر اس تکثر انطباعی کو بھی کلیت کے اقسام میں سے ایک قسم قرار دیں تو ہم بھی اس بات کو بسر و چشم قبول کریں گے کیونکہ جس کو جنس کہتے ہیں کہ جس کا اطلاق قلیل و کثیر سب پر درست ہے اور اکثر اسکو کلی کہتے ہیں تو وہ ہمارے نزدیک اسی قسم سے ہے کیونکہ مظہر کو چھوٹا کر دیں یا بڑا اس کی ہیئت و شکل وہی ہوگی جو کہ تھی اور یہیں سے ثابت ہے کہ اگر لمبے آدمی کی تصویر کسی چھوٹے کاغذ پر کھینچیں تو صورت وہی ہوگی جو کہ ہے۔

غرض کہ یہ تکثر اگرچہ ظاہری نظر میں ہیئت کو لاحق ہوتا ہے لیکن حقیقتوں کو تاڑنے والے جانتے ہوتے ہیں کہ صورت وہی ایک ہے ورنہ تصویر والے کو تصویر سے پہچاننا محال ہو جائیگا البتہ تصویر والا شخص متعدد ہو گیا اور عقلمند کو اشارہ ہی کافی ہے۔

دوسری خلش اس تقریر سے شاید کسی کے دل میں دوسری خلش پیدا ہوئی ہو اور وہ یہ ہے کہ اضافتوں[1] کی رفیع الدرجات (خدا) کی بارگاہ میں بھی رسائی ہے۔ تو اگر ان اضافتوں کا محل یہی ہیئتیں ہوں تو اس خدا کی پاک ذات کے لئے ہیئت کہاں سے آئیگی لیکن جو شخص عقل کو ساتھ لیکر چلتا ہے وہ خود جان لیگا کہ ذات خداوندی اضافات اور انتزاعات سے وراء الوراء اور وراء الوراء ہے اور کیوں نہ ہو وہ تمام جہانوں

[1] یعنی مثلاً رزق دینے کی نسبت رازق کے ساتھ اور خلق کی نسبت خالق کے ساتھ وغیرہ وغیرہ۔ مترجم

باضافت مطلبید و بهیچ از این روئے احتیاج سوئے
دگر ندارد۔ غرض او فرد محض است ۔ اما اضافت که از اعتبار
ترکیب است تا بذات ذوتعلق چه یارا که برسد۔ زیاده
ازین چگویم و ازین قدر هم می ترسم۔ گر معامله بآن عزیز است
با دگران چه کار۔

خلاصۂ مطلب اکنون وقت آنست که از خلاصۂ مطلب
گفته از نتیجه این تطویل لاطائل
آگاه باشم۔

اینکه کلی بافراد خود صادق می آید، این از همان تکثر
انطباعی آن هیئت است که گرد کلی طبعی گردیده۔ و بهر هر
حصه ازان جان خود نثاری کند و از بالا بزیر می افتد۔ کلی
طبعی اگرچه در خارج موجود باشد چنانچه تحقق افراد در خارج
نشانی ازان است مگر نه باین معنی که همه آن در همه
افراد است ورنه تعدد و تباین را علت از کجا آرند و
نه باین معنی که منحصر در افراد خارجی است ورنه افراد مقدره
را گنجائش نباشد بلکه حصص چند بقدر تعداد در افراد
باشد و باز هم بهچو قاعده زاویه غیر متناهی باشد۔ حصص
غیر متناهیه باقی باشند و ازین وجه گنجائش افراد غیر متناهیه
بهمان سان باشد که بود۔ اندرین صورت اطلاق کلی بر جزئیات
باعتبار کلی طبعی نباشد ورنه بهمه نهج در کلی و افراد او وحدت
بودے و همچنین از افراد هم تباین برخاستی چه مفاد حمل
هُوَ هُوَ که در اطلاق باشد وحدت است و این ممکن نیست
که باعتبار کلی طبعی وحدت باشد و باعتبار هیئت اعنی کلی
جنسی اختلاف و تباین بود۔ زیرا که هیئت در غیر وجود از مزدیات
کلی طبعی است هر جا که اوست هیئت نیز بر وست و تا وجود
مطلق هیئت را رسائی نیست پس جائیکه وجود باشد بهمان

سے بے پرواہ ہے لیکن اضافت کے لیے مضاف اور مضاف الیہ
درکار ہیں۔ جن میں سے ہر ایک دوسرے کا محتاج ہے۔ وہ خداوند
تعالیٰ تو صرف فرد ہے اور اضافت جو کہ ترکیب کے اعتبار سے
ہے اس کی خداوند تعالیٰ کی ذات تک پہنچنے کی کیا مجال۔ اس سے زیادہ
کیا اور کیا کہوں اتنا کہنے سے بھی میں ڈرتا ہوں مگر مجھے تو آپ کے
ساتھ معاملہ پڑا ہے دوسروں سے کیا مطلب (لہذا بے خوف ہو کر کہہ دیا)

خلاصۂ مطلب اب ہم اس مقام پر پہنچ چکے ہیں کہ خلاصۂ مطلب
کا خلاصہ بتا کر اس تطویل لاطائل کے نتیجہ
سے آپ کو آگاہ کریں۔

یہ بات کہ کلی اپنے افراد پر صادق آتی ہے تو یہ اس ہیئت کے
اسی تکثر انطباعی کی وجہ سے ہے جو کہ کلی طبعی کے گرد گھومتا ہے اور
اس کے ہر ہر حصے پر جان چھڑکتا ہے اور اوپر سے نیچے گرتا ہے۔ کلی
طبعی اگرچہ خارج میں موجود ہوتی ہے چنانچہ افراد کا تحقق خارج
اسکی نشانی ہے مگر نہ اس معنی میں موجود ہے کہ تمام کی تمام کلی طبعی
تمام افراد میں ہے ورنہ تعدد اور تباین کے لئے علت کہاں سے
لائیں گے۔ ورنہ اس معنی میں کہ کلی طبعی افراد خارجی میں منحصر ہے
ورنہ افراد مقدرہ کے لئے گنجائش نہ ہوگی بلکہ چند حصے افراد کی
تعداد کے بقدر افراد میں ہونگے اور پھر بھی غیر متناہی الساقین زاویہ
کی طرح کہ دو طرف سے حد بندی کے باوجود تیسری طرف سے
غیر متناہی ہوتا ہے غیر متناہی حصے باقی رہتے ہیں اور اس وجہ
سے غیر متناہی افراد کی گنجائش کی وجہ اسی طرح رہیگی جیسی کہ تھی۔ اس
صورت میں کلی کا جزئیات پر اطلاق کلی طبعی کے اعتبار سے نہ ہوگا
ورنہ ہر صورت میں کلی اور اس کے افراد میں وحدت ہوتی۔ اسی
طرح افراد سے بھی تباین اٹھ جاتا کیونکہ ھو ھو کے حمل کا مفاد جو کہ
اطلاق میں ہوتا ہے وحدت ہے اور یہ ممکن نہیں ہے کہ کلی طبعی کے
اعتبار سے وحدت ہو اور ہیئت یعنی کلی جنسی کے اعتبار سے اختلاف
اور تباین ہو کیونکہ وجود کے علاوہ چیزوں میں ہیئت کلی طبعی کی مزدیات

اطلاق باشد وازیں جاست کہ الانسان نوع گویند و زید نوع نتوان گفت۔ زیرا کہ نوعیت از عوارض مجموعہ حصص کلی طبعی است جائیکہ فقط یک حصہ باشد اطلاق ایں قسم القاب درست نبود۔ آری اگر گویند کہ اطلاق کلی بر جزئیات باعتبار کلی جنسی اعنی ہیئت کلی طبعی است روا باشد چہ آنرا از قلیل وکثیر بحث نیست، زیرا حصہ کہ مادہ ومظہر اوست در وی کمی نیاید۔ بالجملہ چارہ بجز ایں نیست کہ تکثر انقسامی واوصاف انضمامی را بہر کلی طبعی واجزاء آں گذارند وتکثر انطباعی واوصاف انتزاعی اضافی را بہر ہیئت وکلی جنسی وتنزلات او گذارند وازیں جا فہمیدہ باشی کہ اگر مجموعہ مادہ وصورت را گیرند باز ہر دو تکثر ممتنع خواہد بود مادہ مانع تکثر انطباعی بود وصورت مانع تکثر انقسامی باشد لیکن دانی کہ ایں اجتماع بی ملاحظہ نسبت اتصاف یکی بدیگری متصور نیست۔ اندریں صورت ایں تعین وھذیتہ کہ اصلا تعدد را مجال وگنجائش نماند، در نظر باریک بیں ثمرہ ایں نسبت فیما بین بود کہ اشارہ بداں کردیم نظر بریں ضرور است کہ بنسبت نسبت بعدم تکثر وامتناع آں از ہر قسم کہ باشد اقرار کنیم وگوئیم کہ بذات خود نسبت نہ قابل ایں است نہ قابل آں۔ وایں قول مخالف آں نیست کہ نسبت را اگر ارتباط است باہیاکل است کہ تعلق بعنوان است نہ بمعنون اعنی بحیثیت مجموعی گرفتہ اند ورنہ تعلق
بعنوان است نہ بمعنون اعنی بحیثیت مجموعی گرفتہ اند ورنہ تعلق
یک نسبت بحیثیت تکثر محال بود۔ مگر اگر نسبت فیما بین ہیاکل بود چنانکہ در صورت وحدت موضوع ومحمول وحدت نسبت ضروری است ہمچنیں از تکثر انطباعی موضوع ومحمول تکثر انطباعی آں، واز تکثر انطباعی یکی تکثر انطباعی یک طرفش ضرور است یعنی مادہ ہیئت موضوع را مثلاً اگر تقسیم کنند بالضرور ہیئت بالائی برابر اجزاء ہم تنزل خواہد

سے ہے۔ جہاں وہ ہے ہیئت بھی اس پر ہے اور وجود مطلق تک ہیئت کی رسائی نہیں ہے پس جس جگہ وجود ہوگا اسی اطلاق پر ہوگا اور یہی وجہ ہے کہ الانسان نوع کہتے ہیں اور زید نوع نہیں کہہ سکتے کیونکہ نوعیت کلی طبعی کے حصوں کے مجموعہ کے عوارض سے ہے جس جگہ فقط ایک حصہ ہوگا وہاں اس قسم کے القاب کا اطلاق درست نہ ہوگا۔ ہاں اگر کہیں کہ جزئیات پر کلی کا بولا جانا کلی جنسی یعنی کلی طبعی کی ہیئت کے اعتبار سے ہے تو درست ہوگا کیونکہ اسکو قلیل وکثیر سے بحث نہیں ہے حصے کی کمی سے جو کہ اسکا مادہ اور مظہر ہے اس میں کمی نہیں آتی ہے بالجملہ اسکے سوا چارہ نہیں ہے کہ تکثر انقسامی اور اوصاف انضمامی کو کلی طبعی اور اس کے اجزاء کے لئے رکھیں اور تکثر انطباعی اور اوصاف انضمامی کو کلی طبعی اور اس کے اجزاء کے لئے رکھیں اور تکثر انطباعی اور اوصاف انتزاعی اضافی کو ہیئت اور کلی جنسی اور اس کے تنزلات کیلئے چھوڑ دیں اور یہیں سے آپنے سمجھ لیا ہوگا کہ اگر مادے اور صورت کے مجموعے کو لیں تو پھر دونوں تکثر ممتنع ہو جائیں گے مادہ تکثر انطباعی کیلئے مانع ہوگا اور صورت تکثر انقسامی کے لئے مانع ہوگی لیکن آپ جانتے ہیں کہ یہ اجتماع ایک کی دوسرے کیساتھ نسبت اتصاف کے لحاظ کے بغیر متصور نہیں ہے۔ اس صورت میں یہ تعین اور ھذیتہ کہ تعدد کو اس میں بالکل مجال اور گنجائش نہیں رہتی باریک بیں نظر میں اسی فیما بین نسبت کا ثمرہ ہوگا جسکی طرف ہم نے اشارہ کر دیا۔ اسکے پیش نظر ضروری ہے کہ عدم تکثر اور اسکے ہر قسم کے امتناع کی نسبت کے متعلق ہم اقرار کریں اور کہیں کہ بذات خود نسبت نہ اسکے قابل ہے اور نہ اسکے قابل اور یہ قول اس کے مخالف نہیں ہے کہ نسبت کا اگر رابطہ ہے تو وہ شکلوں سے کے ساتھ ہے کیونکہ عنوان کیساتھ تعلق ہے نہ کہ معنون کیساتھ یعنی مجموعی حیثیت سے لیا ہے ورنہ تکثر کی حیثیت سے ایک نسبت کا تعلق محال ہوگا لیکن اگر شکلوں کے درمیان نسبت ہوگی جیسا کہ وحدت موضوع اور محمول کی صورت میں وحدت نسبت ضروری ہے اسی طرح موضوع ومحمول کے تکثر انطباعی سے اس نسبت کا تکثر انطباعی ضروری ہوا اور ایک کے

فرمود۔ بدیں سبب در یک جانب نسبت تکثر نمایاں خواہد گردید۔ مگر طرف ثانی ہماں ساں بر وحدت خود باشد۔ و ایں ضیق وحدت یک طرف و وسعت تکثر جانب دیگر بضیق وحدت راس مخروط و وسعت قاعدہ مخروط ماند۔ نظر بریں اگر از طرفی کہ وحدت است بر کنند و قطع نمایند باعتبار ہمہ اجزاء متکثرہ منقلع و منقطع گردد۔ و ایں بداں ماند کہ دہ کس چوبی را از یک طرف گرفتہ طرف ثانیش بر زمین نصب کنند یا بدیواری چسپانیدہ باشند و باز ازاں جدا کنند آں چوب بحساب ہمہ گیرندگاں جدا افتد۔ جدا کنندہ اش یک کس از وشاں باشد یا ہمہ کساں باشند یا کس دیگر۔ اکنوں وقت آنست کہ از نتیجۂ ایں تقریر ہم آگاہ شوی۔

انطباعی تکثر سے اس کے ایک طرف کا انطباعی تکثر ضروری ہے یعنی موضوع کی ہیئت کے مادے کو خلاً اگر ہم تقسیم کریں تو ضروری ہے کہ اجزاء پر یہ اوپر کی ہیئت نزول کریگی۔ اس سبب سے نسبت کی ایک جانب میں تکثر نمایاں ہو گا۔ مگر دوسری طرف اسی طرح اپنی وحدت پر رہیگی اور یہ وحدت کی تنگی ایک طرف اور تکثر کی وسعت دوسری جانب مخروطی شکل کے سر کی وحدت کی تنگی اور مخروط چیز کی جڑ کی وسعت کے مشابہ ہوگی اس کے پیش نظر اگر ایک طرف سے کہ (جس طرف) وحدت ہے اسکو اکھاڑ ڈالیں اور کاٹ دیں تو تمام کثیر اجزا اکے اعتبار سے (وحدت) اکھڑ جائیگی اور کٹ جائیگی۔ و۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ دس آدمی ایک لکڑی کو ایک طرف سے پکڑ کر اس کی دوسری نوک کو زمین میں گاڑ دیں یا دیوار پر چسپاں کر دیں اور پھر اس سے جدا کریں تو وہ لکڑی تمام پکڑنے والوں کے حساب سے جدا ہو جائیگی۔ حالانکہ اس کا جدا کرنے والا ان میں سے ایک ہوگا یا تمام ہونگے یا اور کوئی شخص۔ اب وقت آن پہنچا ہے کہ اس تقریر کے نتیجہ سے آپ کو آگاہی حاصل ہو۔

پس از مقدمات دہ گانہ

عزیز من چوں ایں مقدمات دہ گانہ ممہد شد بشنو کہ ملک بر مالی اگر عارض شود دفعۃً عارض شود۔ ایں نیست کہ مثل سفیدی و سیاہی و حرارت و برودت شیئاً فشیئاً مال را در گیرد۔ البتہ ایں چنیں باشد کہ مالی گرفتند و باز مالی دگر را زیر تصرف آوردند۔ ہمچنیں اموال کثیرہ را بتجدد و تدریج مالک شوند۔ اما مال واحد وقتیکہ مملوک شود دفعۃً واحدۃً مملوک شود و وجہش ہماں است کہ ایں وصف از اوصاف انتزاعی است و اوصاف انتزاعی اضافی را تجسس کردہ بنگر کہ ہمہ را ہمیں شان است۔ اگر عارض شوند یک دفعہ عارض شوند و اگر زائل شوند یک دفعہ زائل شوند۔ فوقیت، تحتیت، قدامیت، خلفیت ہمہ را ہمیں حال است و سرش ہمیں است کہ ایں اوصاف

دس مقدمات کے بعد

میرے عزیز جب یہ دس مقدمات تمہیدی طور پر طے ہو گئے تو سنئے کہ اگر کسی مال پر ملکیت عارض ہوگی تو اچانک عارض ہوگی، یہ نہیں کہ سفیدی و سیاہی اور حرارت و برودت کی طرح تھوڑا تھوڑا کر کے مال کا احاطہ کرے، بلکہ اس طرح ہو کہ ایک مال کو لیا اور پھر دوسرے مال کو تصرف میں لائے اسی طرح بہت سے موال کے تو بتو طور پر درجہ بدرجہ مالک بنیں لیکن ایک مال عین وقت کہ مملوک بنے گا تو ایک دفعہ ہی مملوک بنیگا اور اس کی وجہ وہی ہے کہ یہ وصف انتزاعی اوصاف میں سے ہے اور انتزاعی اوصاف کو تجسس کر کے دیکھیے کہ تمام کی یہی پوزیشن ہے اگر وہ اوصاف انتزاعی عارض ہوتے ہیں تو دفعۃً عارض ہوتے ہیں اور اگر زائل ہوتے ہیں تو ایک دفعہ ہی زائل ہو جاتے ہیں۔ فوقیت، تحتیت، (نیچے ہونا) قدامیت (آگے ہونا)، خلفیت (پیچھے ہونا) تمام کا یہی حال ہے اور اس کا راز یہی ہے

قابل انقسام نبوند وازین جا ست که پس از عروض یک
ملک گنجائش عروض مثل او ملک دیگر نبود اگر باشد ملکی بالا
تر از او یا کمتر از آن باشد. مثلاً ملک باری تعالیٰ
و ملک رسول الله صلی الله علیه وسلم که املاک دیگران فلان
ملک باری جل مجده و ملک نبوی صلی الله علیه وسلم اند ملک
او تعالیٰ و نبی او صلی الله علیه وسلم ملک دیگران و ملک
دیگران بمالکیت او تعالیٰ و ملک رسول الله صلی الله علیه وسلم
مختفی است. آری این امر ممکن است که ده کس کم و زیاده بیک
دفعه بر مالی دست اندازند چنانچه در غنیمت باشد لیکن
درین صورت مجموعه آنها موجب ملک بود نه هر هر فرد
و مید [illegible] انتساب ملک بمجموعی کل بود نه کل افرادی
[illegible] آید. باقی ماند تکثر [illegible] ورثه پس از موت
مورث آن خود ظاهر است که ایشان قائم مقام آن یک
[illegible] همچنین مشتریان متعدده که از یک بائع بخرند
قائم مقام آن یک دارند [illegible] دانسته که اوصاف
انتزاعیه را دست بدامان محل و مقام و هیئت آن است
[illegible] و قائم. اگر محل و مقام بحال خود است اوصاف
مذکوره نیز بحال خود باشند در حال و قائم وحدت ماند
یا تکثر پدید آید خود فهمیده باشی اگر سنگی زیر سائبانی بر فرشی
باشد و او را بردارند و بجائش سنگ دیگر نهند تحتیت
و فوقیت باعتبار فرش و سائبان بحال باشد اگرچه معروض
دیگر است. و همچنین اگر فرش مذکور را از زیر سنگ چنان
بکشند که سنگ را از جای خود حرکت [illegible] نشود و فرشی دیگر
زیر او گسترانند یا سائبان را از بالا برداشته سائبانی
دیگر [illegible] نهند فوقیت سائبان و تحتیت فرش همان
است که بود. همچنین اگر سائبان و فرش اول یک پارچه
[illegible] بود وسائبان و فرش ثانی را از پارچه [illegible]

کہ یہ اوصاف تقسیم ہونے کو قبول نہیں کرتے .... اور
یہیں سے یہ بات نکلتی ہے کہ ایک ملکیت کے عارض ہونے کے بعد
اس جیسی دوسری ملک کے عارض ہونے کی گنجائش نہیں رہتی۔ اگر
ہوتی ہے تو اس سے بالا تر یا اس سے کمتر درجے کی ہوگی۔ مثلاً
باری تعالیٰ کی ملکیت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملکیت
اور غیر [illegible] دوسروں کی ملکیتیں باری تعالیٰ جل مجدہ اور نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کی ملکیتوں کے نیچے ہیں۔ اس اللہ تعالیٰ اور اس کے نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کی ملک دوسروں کی ملکیت کے تحت [illegible] اللہ تعالیٰ کی
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملک کے ماتحت [illegible] ہیں۔ ہاں یہ بات
ممکن ہے کہ اگر دس آدمی باہم [illegible] ایک ہی دفعہ میں کسی مال
پر دست اندازی کریں جیسا کہ غنیمت میں ہوتا ہے لیکن اس صورت میں
تمام زوروں کا مجموعہ ملک کا موجب ہوگا نہ کہ ہر ہر زور الگ الگ اور
آپکو معلوم ہے کہ اس صورت میں ملک کا تعلق مجموعی کل کی طرف ہوگا
نہ کہ افرادی کل کی طرف کہ اس سے ملک کا تکثر لازم آجائے باقی رہا مورث
کے مرنے کے بعد کئی وارثوں کے املاک کا کثیر ہونا تو وہ خود ظاہر ہے کہ
یہ تمام ورثہ اس ایک مالک کے قائم مقام ہیں اور اسی طرح متعدد خریدار
کہ ایک بیچنے والے سے خریدتے ہیں اس ایک بائع کے قائم مقام ہیں
اور گذشتہ بیان سے آپکو معلوم ہو چکا ہے کہ انتزاعیہ اوصاف
کا تعلق محل اور مقام اور اسکی ہیئت کے دامن پر ہے نہ کہ حال اور
قائم کے۔ اگر محل اور مقام اپنے حال پر ہے تو اوصاف مذکورہ بھی
اپنے حال پر ہونگے۔ حال اور قائم میں وحدت رہے یا کثرت
ظہور میں آئے یہ تو خود تم نے سمجھ لیا ہوگا اگر ایک پتھر کسی شامیانے
کے نیچے کسی فرش پر ہو اور اسکو اٹھائیں اور اسکی جگہ دوسرا پتھر
رکھیں تو تحتیت اور فوقیت فرش اور سائبان کے اعتبار سے ویسی ہی
ہوگی اگرچہ اس کا معروض یعنی پتھر دوسرا ہو گیا ہے اور اسی طرح
اگر فرش مذکور کو پتھر کے نیچے سے اس طرح کھینچ لیں کہ پتھر کو اپنی
جگہ سے کوئی حرکت پیش نہ آئے اور اس کے نیچے دوسرا فرش بچھا دیں

چند ساختہ بآں مقدار رسانیدہ باشند یا برعکس تاہم اوصاف معلومہ بوجہ بقائے حیز و محل بحال خود ہمچناں باشند کہ بودند۔ چوں وجہ ایں بقائے اوصاف ہمساں است کہ اوصاف انتزاعیہ اعنی اضافیہ را ربط بمحل و مقام است نہ ہمچو اوصاف انضمامیہ بحال و قائم در ملک نیز ہمیں قاعدہ ملحوظ خاطر باید داشت۔ از تبدل مالکان ملک متبدل نشود۔ آری تبدل مرایا و مظاہر موجب غلط کاریہا می شود۔ وہمچنیں از تعدد مالکان کہ در صورت میراث و اشتراء کثیر از واحد متخیل است ملک متعدد نشود پیشتر در مقام واحد قائم نیز واحد بود۔ واکنوں مقام واحد است، اما قائماں چند بہم پیوستہ آں مقام را پر کردہ اند۔ و وقت تقسیم باعتبار تنزل و تکثر انطباعی تہمت ملک بہر قائم می بندند۔ ورنہ قصہ دگرگوں است۔ پس اگر یکی از مالکان طرف ثانی نسبت والا فت ملک را کہ جانب دیگر است از مملوک بردارد یا گوئیم مملوک را از محل مملوکیت براند یا نسبت ملک را بشکند یا محل مالکیت را برہم زند بہر طوریکہ خواہی بگو۔ و دریں طرف مملوک قابل تنزل افرادی و تکثر انطباعی آں در افراد و اجزاء آں نبود لاجرم محل مملوک خالی از نسبت ملک ہمہ مالکاں شود۔ چنانچہ ہویدا است۔ چوں در مالکیت و مملوکیت بنی آدم بنسبت بنی آدم قصہ ہمیں است از عتق شریکی از بندہ مشترک عتق جملہ متنصص لازم آید چہ تعدد حصص در واقع بجانب قائماں نحل مالکیت بود نہ محل مملوکیت۔ زیرا کہ آں محل مملوکیت چناں واحد است کہ وہم تعدد ہم درآں بے جا است و نہ ہمیں است کہ تقسیم نتواں کرد۔

یا سائبان کو اوپر سے اتار کر دوسرا سائبان سائے کیلئے لائیں، تو سائبان کی فوقیت اور فرش کی تحتیت وہی ہے جو کہ تھی۔ اسی طرح اگر پہلا سائبان اور فرش ایک پارچہ عریض وطویل ہو جائے اور دوسرے سائبان اور فرش کو چند پارچوں سے بنا کر اس مقدار کو پہنچا دیا جائے یا اسکے برعکس کر دیں تو پھر بھی اوصاف معلومہ حیز اور محل کے باقی رہنے کی وجہ سے اپنے حال پر اسی طرح رہیں گے جیسے کہ پہلے تھے چونکہ ان اوصاف کے باقی رہنے کی وجہ وہی ہے کہ اوصاف انتزاعیہ کی یعنی (اوصاف) اضافیہ کا محل اور مقام کیساتھ ربط ہے نہ کہ اوصاف انضمامیہ کی طرح کہ ان کا رابطہ احوال اور قائم کے ساتھ ہے ملک میں بھی یہی قاعدہ ملحوظ خاطر رکھنا چاہیئے۔ مالکوں کے بدلنے سے ملک نہیں بدلتی ہے۔ ہاں آئینوں اور مظاہر کا تبدل غلط کاریوں کا موجب بنتا ہے اور اسی طرح مالکوں کے کئی ہونے سے جو کہ ایک آدمی سے بہت سے خریدار اور وارثوں کی میراث اور خرید کی صورت میں متخیل ہے ملک متعدد نہیں ہو جاتی۔ پہلے ایک مقام میں قائم بھی واحد تھا اور اب مقام تو ایک ہے لیکن کئی قائم نے مل کر اس مقام کو پر کیا ہے اور تقسیم کے وقت تنزل اور تکثر انطباعی کے اعتبار سے ملک کی تہمت ہر قائم پر لگا دیتے ہیں۔ ورنہ قصہ اور ہی طرح ہے پس اگر طرف ثانی کے مالکوں میں سے ملک کے تعلق اور نسبت کو جو دوسری جانب سے مملوک سے کوئی ایک الگ منقطع کر دے یا یوں کہہ دیں کہ مملوک کو مملوکیت کے درجے سے نکال دے یا ملکیت کے تعلق کو توڑ ڈالے یا مالکیت کے مقام کو برہم کر دے جس طرح سے چاہو کہو۔ اور اس طرف مملوک تنزل افرادی کے قابل ہو اور اس کا تکثر انطباعی اس کے اجزاء اور افراد میں ہو تو ضروری طور پر مملوک کا محل تمام مالکوں کی ملک کی نسبت سے خالی ہو جائیگا چنانچہ ظاہر ہے۔ جب بنی آدم کی بنسبت بنی آدم کی مالکیت اور مملوکیت کے بارے میں صورت یہ ہے تو حصہ داروں میں سے ایک حصہ دار کے آزاد کر دینے سے تمام حصہ داروں کا آزاد ہونا لازم ہے کیونکہ حقیقت میں حصوں کا تعدد قائمین کی جانب میں مالکیت کا محل ہوتا ہے نہ کہ مملوکیت کا محل۔ کیونکہ مملوکیت کی جگہ میں کھڑا ہونے والا ایسا واحد ہے کہ تعدد کا وہم بھی اس میں بیجا

ﻟﻪ جس کے افراد مختلف درجے کے ہوں۔ مترجم

دو شبہات

اکنوں دو شبہ قابل لحاظ باقی است یکی آنکہ ایں چہ تحکم است کہ از احتمال خامس چشم پوشیدہ میروی اگر کسی گوید کہ در عتق یک حصہ از حصص چند مالک حصہ مذکور ازاں مقام می خیزد نہ طرف نسبت را از مملوک جدا می سازد و نہ نسبت را می شکند و نہ مقام مالکیت یا مملوکیت را بہم می زند و نہ مملوک را از مقامش می راند۔ جوابش چہ باشد۔

دیگر اینکہ عدم انقسام منحصر در اینہا نیست۔ رحی و بیر و حمام نیز قابل تقسیم نباشند ما بہ الامتیاز چیست کہ ایں حکم مخصوص بہ رقیق ماند۔ و تا بہ رحی و بیر و حمام سرایت نہ کرد۔

جواب اول

جواب اول ایں است کہ قیام مالک از مقام مالکیت خود مستلزم احتمالات باقی است چنانکہ احتمالات باقیہ باہم مستلزم یکدیگر اند۔ اگر فرق است ہمیں قدر است کہ در احتمالات مذکورہ ثبوت عتق تمام حصص بدیہی می نماید و در احتمال خامس بیک بار استلزام عتق جملہ حصص بدیہی می آید۔

شرح معما

شرح ایں معما بطرز اختصار ایں است کہ حقیقت مقام چناں کہ دانستی ہماں ہیئات و ہیاکل است کہ مذکور شدہ و مے دانی کہ ہیئت را در وجود خود خواہ ذہنی باشد یا خارجی از ذو ہیئت چارہ نیست مگر آں ذو ہیئت گاہی از اقسام قوابل باشد گاہی از اقسام مقبول اگر از اقسام قوابل است و باز او را در خارج ثباتی و تحققی مانند جہاں کہ تحرک و انتقال و تغیر را نپذیرد و الحاصل تواں گفت کہ قیام از آں مقام موجب زوال آثار آں

ہے اور یہی مطلب ہے کہ اس کو تقسیم نہیں کر سکتے۔

دو شبہے

اب دو شبہات قابل غور باقی ہیں۔

اول:۔ ایک تو یہ کہ یہ کیا زبردستی کا حکم ہے کہ پانچویں احتمال سے آنکھ بند کر کے چلتے ہو اگر کوئی کہنے لگے کہ چند مالکوں کے حصوں میں سے ایک حصہ کو آزاد کرنے پر حصہ مذکور اس مقام سے اٹھ جاتا ہے نہ کہ نسبت کی طرف کو مملوک سے جدا کرتا ہے اور نہ نسبت کو توڑتا ہے اور نہ مالکیت یا مملوکیت کے مقام کو منتشر کرتا ہے اور نہ مملوک کو اس کے مقام سے ہٹاتا۔ تو اس کا جواب کیا ہے

دوسرا شبہ:۔ دوسرا شبہ یہ ہے کہ تقسیم نہ ہونا غلاموں ہی میں منحصر نہیں ہے پن چکی کنواں اور حمام بھی قابل تقسیم نہیں ہوتے تو پھر ما بہ الامتیاز کیا ہے کہ یہ خاص حکم رقیق (غلام) ہی کے لئے تو رہتا ہے اور پن چکی کنویں اور حمام پر لاگو نہیں ہوتا۔

پہلا جواب

اول کا جواب تو یہ ہے کہ مقام مالکیت سے مالک کا کھڑے ہو جانا باقی احتمالات کو مستلزم ہے جیسا کہ باقی احتمالات آپس میں ایک دوسرے کو مستلزم ہیں۔ اگر فرق ہے تو صرف اتنا ہے کہ مذکورہ احتمالات میں تمام حصوں کے آزاد ہونے کا ثبوت واضح دکھائی دیتا ہے اور پانچویں احتمال میں یک بار ہی تمام حصوں کا آزاد ہو جانا ذہن میں لازم نہیں آتا۔

معمے کا حل

اس معمے کی شرح مختصر طور پر یہ ہے کہ مقام کی حقیقت جیسا کہ آپ کو معلوم ہو چکا ہے وہی ہیئتیں اور ہیکل ہیں جن کا ذکر ہو چکا اور آپ جانتے ہی ہیں کہ ہیئت کے لئے اپنے وجود میں خواہ وہ وجود ذہن میں ہو یا ذہن سے باہر ہیئت والے کا ہونا ضروری ہے مگر وہ ہیئت والا کبھی تو قوابل کی قسموں میں سے ہوتا ہے اور کبھی اقسام مقبول میں سے اگر اقسام قوابل میں سے ہے اور پھر اس کے خارج میں ثبات اور تحقق اس طرح کا ہو کہ وہ حرکت اور منتقل ہونے اور تبدیلی کو قبول نہیں کرتا ہے اس جگہ کہا

مقام است از خود نه علت بطلان و انعدام آن مقام. واگر از اقسام مقبولات است یا از اقسام قوابل است مگر در معرض تحرک است قیام از آن مقام موجب بطلان و انعدام آن مقام باشد. و از امثله این اقسام عرض کرده به نتیجه این تمهید مطلع خواهم کرد. باطن سبو وغیره آوندها ذو هیئت است مگر قابل و قابل تحرک و پاره‌های بعد مادی بشرطیکه بعد موجود باشد در خارج یا در وهم ذو هیئت است از اقسام قابل غیر متحرک. و اجزاء زمانه نیز از اقسام قابل است و متحرک. باقی آب وغیره اشیاء که در آوندها باشد ذو هیئت است مگر از اقسام مقبول.

اکنون بشنو که در قابل قار الذات غیر متحرک یعنی مکان و غیر قار الذات متحرک یعنی زمان انفصال اجزاء خود میدانی که ممکن نیست. اگر بالفرض یک جزو را معدوم یا خارج از مقام تصور کنی می باید که همه را معدوم یا خارج تصور کنی زیرا که یکی را بدیگری از اجزاء این قسم چنان گره نداده اند که بگشاید. و تار و پود آنها چنان مرور نیست که بگسلد. باقی ماند مقبول قابل متحرک قار الذات مثل آوندها وغیره در این قسم انفصال اجزاء یکی از دیگری خود مشهود است

و این هم متیقن که بخروج جزوی از اجزاء هیئت اجتماعی از وجود بعدم رود. و از تحقق ببطلان منقلب شود. شکل انسانی و دیگر اشکال را بنگر که از انعدام یک جزو یا انفصال آن هیئت اول بالکلیه سر بعدم نهد و رخت ببطلان کشد و چون نکشد که تحقق و بطلان آن همه موقوف بر تحقق و بطلان مادهٔ عین است. غرض تحقق و بطلان اشکال

جا سکتا ہے کہ اس مقام سے نکل جانا اپنے سے اس مقام کو معدوم کردینے کا موجب ہے نہ کہ اس مقام کے معدوم اور باطل ہو جانے کی علت ہے اور اگر مقبولات کے اقسام میں سے ہے یا قوابل کی اقسام میں سے ہے مگر حرکت کی جگہ میں ہے تو اس مقام سے علیحدہ ہو جانا اس مقام کے معدوم اور باطل ہونے کا موجب ہوگا۔ اول ان قسموں کی مثالیں عرض کرکے اس تمہید کے نتیجے سے اطلاع دونگا۔

صراحی وغیرہ برتنوں کے اندر کا خلا ایک شکل رکھتا ہے مگر قابل اور قابل حرکت ہے اور امتداد مادی بُعد کے ٹکڑے بشرطیکہ بعد کا خارج یا وہم میں وجود ہو ذو ہیئت ہیں اور اقسام قابل غیر متحرک میں سے ہیں اور زمانہ کے اجزاء بھی اقسام قوابل سے ہیں اور متحرک ہیں باقی پانی وغیرہ چیزیں جو کہ برتنوں میں ہوتی ہیں وہ بھی ذو ہیئت ہیں مگر اقسام مقبولات سے ہیں۔

اب سنئے کہ قابل قار الذات غیر متحرک یعنی مکان میں اور غیر قار الذات متحرک یعنی زمان میں اپنے اجزاء کے جدا ہونا آپ خود جانتے ہیں کہ ممکن نہیں ہے۔ اگر بالفرض ایک جز کو معدوم یا اپنے مقام سے خارج تصور کریں تو پھر چاہئے کہ تمام کو معدوم یا خارج تصور کریں کیونکہ ایک کو اجزاء میں سے دوسرے کے ساتھ اس طرح سے نہیں باندھا ہے کہ کھل جائے اور ان کا تانا بانا ایسا نہیں ہے کہ ٹوٹ جائے۔ باقی رہے برتنوں وغیرہ کی طرح متحرک قار الذات مقبول اور قوابل تو اس قسم میں ایک کے اجزاء کا دوسرے سے جدا ہونا خود آنکھوں کے سامنے ہے۔

اور یہ بات بھی یقینی ہے کہ اجزاء میں سے ایک جز کے نکل جانے سے وجود کی مجموعی شکل ختم ہو جاتی ہے اور وجود ہست سے نیست میں بدل جاتا ہے انسان کی شکل اور دوسری شکلوں کو دیکھئے کہ ان شکلوں کے ایک جز کے معدوم ہو جانے یا علیحدہ ہو جانے سے شکل کی وہ حالت بالکل ختم ہو جاتی ہے اور کچھ بھی نہیں رہتی اور کیونکر شکل برباد ہو جاتی ہے اس لئے کہ ان سب شکلوں کا وجود

را از تحقق و لبطلان مادہ چارہ نیست۔ تحقق آں دفعتہً واحدۃ متحقق شود و ببطلان یکی سم از اجزاء مادہ دفعتہً واحدۃ منعدم گردد۔ ازیں تحقق و لبطلان دفعی کہ صریح بر توقف مذکور دلالت دارد خود پی بردہ باشی کہ حال مالکیت بنی آدم و مملوکیت ایشاں چیست۔

چوں مالک و مملوک کہ معروض مقام مالکیت و مملوکیت ہستند از اقسام مقبول اند نہ از اقسام قابل، ورنہ مقبولی بہر ایشاں نمی بایست، و باز انفصال یک جز از مادہ مالکیت و مملوکیت اعنی عتق یک حصہ مسلم ورنہ اعتراض را چہ مقام بود۔ ازد ہر کس را اقرار ایں امر ضروری ست کہ از عتق یک حصہ از حصص متعددہ مقام مالکیت و مملوکیت برہم خوردہ رفت بدنسان کشید۔ غرض بطلان مقام مالکیت و مملوکیت بنحو یکہ باشد و ہمچنیں انقطاع و انتقاض نسبت فیما بین ہر دو سلب بہر نحویکہ باشد و خروج یکی ازیں دو از مقام خود موجب عتق جملہ اجزاء است و ایں بداں ماند کہ خس و خاشاک فرش را بہ بدہ بہ و جاروب کشیدہ بیروں افگنند۔ ازیں جاروب کشی ہرچند مقصود صفائی فرش و ازالہ نسبت فوقیت آں از فرش باشد لیکن نسبت تحتیت کہ با سائبان داشت آں ہم ہمراہ او بدر می رود۔ و بابطلان نسبت اولی باطل می شود۔

خلش خطرہ | دیگر ازیں تقریر بدست آید خطرہ بخاطر کہ ازیں صورت می بایست کہ در اشیاء قابل تقسیم ہم گنجائش تقسیم نبودی زیرا کہ خود قابل تجزی نیست۔

اور باطل ہونا مقررہ مادہ کے باطل ہونے اور وجود میں آنے پر موقوف ہے۔ غرض یہ کہ شکلوں کے بگڑنے اور بننے کے لئے مادے کے باطل ہوجانے اور اس کے تحقق کے بغیر کوئی چارہ نہیں ہے مادے کے پائے جانے سے یا دفعتہً شکل آموجود ہوتی ہے اور اس مادے کے اجزاء میں سے ایک جز کے ختم ہوجانے سے شکل یکبارگی ختم ہوجاتی ہے اور مادے کے اس فوری باطل ہونے اور وجود میں آنے سے کہ صاف طور پر مذکورہ توقف پر دلالت رکھتا ہے آپ اس نتیجہ پر پہنچ گئے ہونگے کہ انسانوں کی ملکیت اور مملوکیت کا کیا حال ہے۔

جب مالک اور مملوک جنکو مالکیت اور مملوکیت کا مقام عارض ہے اور وہ مالک اور مملوک معروض ہیں مقبولوں کی اقسام سے ہیں نہ کہ قابل کی ورنہ ان کیلئے کوئی مقبول ہونا ہی نہ تھا اور پھر مالکیت اور مملوکیت کے مادے سے ایک جزء کا جدا ہو جانا یعنی ایک حصے کا آزاد ہونا مسلم ہوگیا ورنہ اعتراض کا کیا موقع ہو سکتا ہے تو پھر ہر شخص کو اس بات کا اقرار ضروری ہے کہ کئی حصوں میں سے ایک حصے کے آزاد ہوجانے سے مالکیت اور مملوکیت کا مقام درہم برہم ہو کر نکل گیا۔ غرض یہ کہ مالک اور مملوک ہونے کا مقام جس طریقے سے بھی باطل ہوجائے اور اسی طرح مالک اور مملوک کے آپس میں ملکیت کے کسی طرح بھی تعلق ختم اور جاتے رہنے اور ان دونوں مالک اور مملوک کا اپنے مقام سے نکل جانا تمام اجزاء کے آزاد ہونے کا موجب سبب ہے اور یہ اسی طرح ہے جیسا کہ فرش کے کوڑے کرکٹ کو صاف کریں اور جھاڑو دیکر باہر پھینکدیں تو اس جھاڑو دینے سے ہرچند فرش کی صفائی مقصود ہے اور فرش کے اوپر کوڑے کی فوقیت کے تعلق کو دور کرتا ہے اس کیساتھ کوڑے کی سائبان کے نیچے کی تحتیت بھی ساتھ ہی ختم ہوجاتی ہے اور کوڑے کی پہلی نسبت یعنی فوقیت کے ساتھ دوسری نسبت یعنی تحتیت بھی ختم ہوجاتی ہے۔

خطرے کا کھٹکا | اور اگر اس تقریر سے آپ کے دل میں یہ شبہ کھٹکنے لگے کہ اس صورت میں چاہیے تھا کہ قابل تقسیم اشیاء میں بھی تقسیم کی گنجائش نہ ہوتی کیونکہ مالک خود ٹکڑے ہونے

وانفصال یک جزو بطلان تمام یعنی بطلان مقام مالکیت ومملوکیت ضروری است۔

جواب جوابش این است کہ ملک وجیرو کل را بدلائل قطعیہ دانستی کہ قابل انقسام نیست۔ ما اگر از طرف خود بہ تقسیم التزام بذمہ ما بود۔ ما این سخن از خانہ خود نیاوردہ ایم۔ زادبوم این ہمہ خیالات براہین بینہ است نہ اوہام وتخمینات من۔ واین طرف تعلق ملک بجزو بیچ کل متصور نیست وحال آن این است باقی ماند این انقسام بظاہر اگرچہ انقسام ملک و مقام مذکور است اما آنکہ دیدہ انصاف و در دل انصاف دارد بدولت تقریر گذشتہ خود خواہد گفت کہ این انقسام مادہ مقام مالکیت ومقام مملوکیت باشد نہ انقسام عین مشاع ومقام چون اجزاء مادہ وقت انطباع ہیئت جسمیہ مادہ باشد چنانکہ اطلاق جسم بر قلیل وکثیر در ہمین قسم باشد تکثر انطباعی پدید آید لیکن مے دانی کہ در تکثر انطباعی انقسام وانفصال اجزاء از یکدیگر نباشد چہ تکثر انطباعی مقابل تکثر انفصالی است۔ در یک مادہ اجتماع آن محال باشد۔ اندرین صورت پر ضرور است کہ ہمہ اجزائے آن ہیئت نے ارکان آنہا فراہم باشند۔ با چون غور بکار بردیم در تقسیم ہمین سامان یافتیم۔

شرح معما شرح این معما این است کہ قبل تقسیم ہمہ اجزاء یعنی ہر ہر جزو مکان وغیرہ اشیاء قابل تقسیم مملوک ہر ہر کس از مالکان بود این نتوان گفت کہ این از آن این است وآن از آن آن کہ این خود تقسیم باشد۔ بار حاجت تقسیم نیست ونہ این احتمال را مجال است کہ مملوک ہر شریک جدا است اما معلوم نیست کہ حصہ او کدام است و حصہ این کدام۔ چہ این را نیز موجبی بکار است۔ پس کدام امر است کہ باعث انقسام گردیدہ۔ آیا جہل یا نسیان وذہول باشد

کے قابل نہیں ہے اور ایک جزو کے علیحدہ ہونے سے تمام کا بطلان یعنی مالکیت اور مملوکیت کے مرتبے کا ضروری ہے۔

جواب اس کا جواب یہ ہے کہ ملکیت اور مملوکیت کا تعلق قطعی دلائل سے آپ نے جان لیا ہے کہ وہ تقسیم ہونے کے قابل نہیں ہیں اگر یہ بات ہم اپنی طرف سے کہتے تو اس کا الزام ہم پر تھا مگر ہم یہ بات اپنے گھر سے نہیں لائے ہیں۔ ان تمام خیالات کے پیدا ہونے کی جگہ روشن دلائل ہیں نہ کہ میرے تخمینے اور اوہام۔ اور اس طرف ملک کا تعلق اور اس کا حال یہ ہے کہ جز شکل کے جو متصور نہیں ہوتی ہے باقی رہا یہ تقسیم ہونا تو بظاہر یہ اگرچہ ملک اور مذکورہ مقام کی تقسیم ہے لیکن جو شخص عقل و دانش اور دل میں انصاف رکھتا ہے وہ گذشتہ تقریر کی روشنی میں خود پکار اٹھے گا کہ یہ تقسیم مالکیت اور مملوکیت کا مقام ہے۔ نہ کہ بعینہ ملک اور مقام کا انقسام۔ جیسا کہ مادے کے اجزاء تمام مادے کی شکل کے منطبق ہونے کے قابل ہو جیسا کہ قلیل و کثیر پر بولا جاتا اسی قسم میں داخل ہے تو تکثر انطباعی ظاہر ہوگا لیکن آپ کو معلوم ہے کہ تکثر انطباعی میں اجزاء ایک دوسرے سے جدا اور تقسیم ہوا نہیں کرتا ہے کیونکہ تکثر انطباعی تکثر انفصالی کے مقابل ہے۔ ایک مادے میں اس کا جمع ہونا محال ہوتا ہے اس صورت میں یہ بات ضروری ہے کہ ہیئت کے تمام اجزاء نہیں بلکہ ان کے ارکان فراہم ہوں۔ پھر جب ہم نے غور کیا تو ہم نے تقسیم میں معاملہ یونہی پایا۔

معمے کی تفصیل اس معمے کی شرح یہ ہے کہ تقسیم سے پہلے تمام اجزاء یعنی مکان وغیرہ اشیاء قابل تقسیم کا ہر ہر جزو مالکوں میں سے ہر ہر آدمی کا مملوک تھا۔ یہ نہیں کہہ سکتے کہ یہ اس کی ملکیت سے ہے اور وہ اسکی ملکیت سے کیونکہ ایسا کہنا خود تقسیم ہے پھر تقسیم کی ضرورت ہی نہیں اور نہ اس احتمال کی گنجائش ہے کہ ہر حصہ دار کی مملوک چیز علاحدہ ہے لیکن معلوم نہیں ہے کہ اس کا حصہ کونسا ہے اور اس کا حصہ کونسا کیونکہ اس تعین کے تشخص کیلئے کوئی سبب درکار ہے تو وہ کونسا امر ہے جو تقسیم ہونے کا باعث ہوا

تقسیم ثانی است۔ نے بلکہ اشتراک را کل سہ صور است

۱۔ یکی احراز یا تحصیل جملہ شرکاء یک مال را

۲۔ دوم اشتراء چند کس از یک بائع

۳۔ سوم استحقاق ورثہ چند از یک مورث

در جملہ صور ہمہ را باہمہ نسبت برابر باشد۔ اندریں صورت خواہیم یا نخواہیم اقرار ایں امر ضرور است کہ فیما بین شرکاء مبادلہ و بیع وقت تقسیم واقع می شود۔ یک شریک مالکیت خود را کہ بنسبت یک جزء میداشت بمالکیت شریک ثانی کہ در جزء دیگر بود بخرید وازیں سبب ہر دو شریک را در ہر ہر جزء دو قسم مالکیت فراہم آمد۔ یکی مالکیت خود کہ از پیشتر میداشت۔ دوم مالکیت شریک ثانی کہ اکنون بخرید۔ نظر بریں مقام مالکیت و مملوکیت بجمیع اجزاء فراہم آمد۔ آری مادہ مالکیت و مملوکیت پیشتر کلاں بود و اکنوں کوتاہ شد لیکن پیشتر گفتیم کہ ایں صغر و کبر در کثرت انطباعی ضرر ندارد تصویر شد و ایں کہ بر روپیہ چہ قدر کوتاہ است و با ایں ہمہ صورت ہماں است۔

غرض عتق را بر تقسیم و تقسیم را بر عتق قیاس نتواں کرد اکنوں جواب شبہ ثانی ہم بشنو۔

جواب شبہ ثانی رگی و حمام و بیر را عتق کردن نتوانیم چہ حقیقت عتق ایں است کہ معتق بصیغہ مفعول بطور خود بہ بدن خود تصرف کند و ایں جا ہمی متصور است کہ ملک تصرف و مالکیت ہم داشتہ باشد۔ پس چیزے کہ از اصل ملک مالکیت داشت و بوجہی مملوکیت بر وچناں عارض شد کہ آب از اصل بارد است اما بوجہی معروض حرارت گردد، قابلیت عتق دارد و دیگر اشیاء قابل الملک قابلیت عتق ندارند تا گوئیم کہ فلاں

لیکن جہالت یا بھول اور غفلت دوسری تقسیم کا باعث نہیں نہیں بلکہ شرکت کی کل تین صورتیں ہیں۔

۱۔ ایک تو تمام شرکاء کا ایک مال کو حاصل کرنا اور جمع کرنا۔

۲۔ دوسرے ایک بیچنے والے سے چند آدمیوں کا خریدنا۔

۳۔ تیسرے ایک مرنے والے کے چند وارثوں کا حق دار ہونا۔

تمام تینوں صورتوں میں تمام کی آپس میں نسبت برابر ہوگی۔

اس صورت میں ہم چاہیں یا نہ چاہیں اس بات کا اقرار ضروری ہے کہ حصہ داروں میں مبادلہ اور بیع تقسیم کے وقت واقع ہوتی ہے۔ ایک حصہ دار اپنی ملکیت کو جو کہ ایک جز کی نسبت رکھتا تھا دوسرے شریک کی ملکیت کو جو کہ دوسرے جز میں رکھتا تھا خریدی اور اس سبب سے دونوں حصہ داروں کو ہر ہر جز میں دو قسم کی مالکیت حاصل ہوئی۔ ایک اپنی مالکیت جو پہلے سے رکھتا تھا۔ دوسرے شریک ثانی کی مالکیت جس کو اب خرید لیا۔ اس مقام کو نظر میں رکھتے ہوئے مالکیت اور مملوکیت اس کے تمام اجزاء سمیت حاصل ہو گئی ہاں مالکیت اور مملوکیت کا مادہ پہلے بڑا تھا اب چھوٹا ہو گیا لیکن ہم پہلے کہہ چکے ہیں کہ یہ چھوٹائی اور بڑائی کثرت انطباعی کو نقصان نہیں پہنچاتا۔ ملکہ وکٹوریا کی تصویر کو دیکھئے کہ روپیہ پر کتنی چھوٹی ہے لیکن اسکے باوجود صورت وہی ہے۔

غرض یہ ہے کہ عتق (غلام) کو تقسیم پر اور تقسیم کو عتق پر قیاس نہیں کر سکتے۔ اب دوسرے شبہ کا جواب بھی سنئے۔

دوسرے شبہ کا جواب پن چکی اور حمام اور کنوئیں کو ہم آزاد نہیں کر سکتے کیونکہ عتق کی حقیقت یہ ہے کہ معتق مفعول کے صیغے کے ساتھ اپنے طور پر اپنے جسم پر تصرف کرتا ہے اور اس جگہ یہ متصور ہے کہ تصرف و مالکیت کا ملکہ بھی رکھتا ہو پس جو چیز کہ اصل سے مالکیت کا ملکہ رکھتی تھی اور کسی وجہ سے اس پر مملوکیت ایسی عارض ہوئی جیسا کہ پانی اصل میں ٹھنڈا لیکن کسی وجہ سے حرارت اس پر عارض ہو جائے تو ایسی ملکیت عتق کی قابلیت رکھتی ہے اور دوسری قابل ملکیت چیزیں عتق کی قابلیت

چیز را اگر یک کس از شرکاء از ملک خود بروں خواہد کرد و آزاد خواہد نمود از ملک شرکاء دیگر ہم بروں خواہد شد و آزاد خواہد گردید۔

غرض ایں جا خروج از ملک بطریقیکہ مشابہ ملک باشد خود متصور نیست تا خروج از ملک جملہ شرکاء بخروج از ملک یک شریک لازم آید و اگر بالفرض تسلیم ہم کنیم تا وقتیکہ شرکاء باقی دست ازاں باز نداشتہ اند نتواں گفت کہ آں ہمہ آزاد شد بلکہ اندریں صورت آں چیز یک بار از ملک جملہ شرکاء خارج شدہ باز بملک جدید در ملک متصرفاں کہ دست باز نداشتہ اند آمد زیرا کہ علت ملک کہ قبضہ بود موجود است و مانعی بمیان نے۔ اگر مملوک او شاں نگوییم چہ گوییم۔ مگر حدوث ملک ارقاء را بجز یک صورت یعنی اخذ کافر از دار الحرب صورتے دگر نیست۔ تا گوییم کہ یکبار از ملک خارج شدہ بود۔ اما بملک ثانی باز بتصرف دیگراں آمد۔

چوں ازیں خرخشہ دامن بسلامت بردیم و عدم تجزی ملک و عتق متحقق شد و تجزی اعتاق نیز واضح گردید چہ قصد معتق متعلق بحصہ خودی شود و تصرف فقط دراں میکند گرچہ باتبع عتق ہمہ لازم آید۔ لازم آں است کہ بیشتر قدم و ازیں جا قدم بنداریم۔

تعریف عتق عزیز من انجام کتابت و دیگر عقود عتق اگرچہ یکے باشد مگر اگر در مبدا و آغاز بنگری ابتداء عتق اخراج است از مقام مملوکیت یا امری دیگر کہ قریب ایں باشد چنانکہ دانستی و آغاز کتابت بیع و شراء

نہیں رکھتیں کہ ہم کہنے لگیں کہ اگر فلاں چیز کو شرکا میں سے ایک شریک اپنی ملکیت سے علیحدہ کر دیگا اور آزاد کر دیگا تو وہ چیز دوسرے حصے داروں کی ملکیت سے بھی نکل جائیگی اور آزاد ہو جائے گی۔

غرض یہاں پر ملکیت سے اس طرح نکل جانا کہ مالک کے مشابہ ہو جائے خود متصور نہیں ہے تا آنکہ ایک شریک کی ملکیت سے نکل جانے کی وجہ سے تمام شرکاء کی ملکیت سے نکل جانا لازم آجائے اور اگر بالفرض ہم تسلیم بھی کر لیں لیکن پھر بھی جب تک دوسرے شریک اس سے ہاتھ نہ اٹھائیں نہیں کہہ سکتے کہ وہ تمام آزاد ہو گیا بلکہ اس صورت میں وہ چیز ایک دفعہ تمام حصے داروں کی ملکیت سے نکل کر پھر جدید ملکیت ہو کر ان تصرف کرنے والوں کی ملکیت میں آگئی جنہوں نے اسکی ملکیت سے ہاتھ نہیں اٹھایا ہے کیونکہ ملکیت کی علت جو کہ قبضہ تھا موجود ہے اور کوئی مانع درمیان میں نہیں ہے اگر ہم ان کی مملوک نہ کہیں تو کیا کہیں۔ مگر غلاموں کی ملکیت کے پیدا ہونے کی صرف ایک صورت یعنی دار الحرب سے کافر کو حاصل کرنے کی ہے اور کوئی دوسری صورت نہیں ہے تا کہیں کہ یکبار ملکیت سے خارج ہو گیا تھا لیکن پھر دوسروں کے تصرف کی وجہ سے ملک ثانی میں آگیا۔

جب اس خرخشے سے سلامتی کیساتھ ہم دامن بچا کر نکل گئے اور ملک اور عتق میں تقسیم ہونا ثابت ہو گیا اور اعتاق کی تجزی بھی واضح ہو گئی کیونکہ آزاد کرنے والے کا ارادہ اپنے حصے سے متعلق ہوتا ہے اور وہ صرف اپنے حصے میں کرتا ہے۔ اگرچہ بالتبع تمام حصے کا عتق لازم آتا ہے اس لئے ضروری ہے کہ آگے چلیں اور یہاں سے قدم آگے بڑھائیں۔

عتق کی تعریف میرے عزیز کتابت[1] اور عتق اور دوسرے عقود انجام کے اعتبار سے اگرچہ برابر ہیں لیکن اگر ابتداء اور آغاز میں غور کرو تو عتق کی ابتداء مملوکیت یا اور کسی دوسرے امر سے جو مملوکیت کے قریب ہو نکالنا ہے ... تمام

۱؎ کتابت سے مراد مکاتب غلام سے مقررہ شدہ روپیہ یا کوئی چیز لے کر آزاد کر دینے کا نام ہے۔ مترجم

است۔ اینجا بوجہ شراء غلام مکاتب بعد ادائے بدل کتابت بدن و جسم خود می گردد و تصرفات مالکانہ خاطر خواہ میکند و آنجا محل خالی یافتہ قابض می شود و مالک می گردد۔ این سخن را اگرچہ در اول امر کسی باور ندارد مگر بعض از مقدمات بہمیں غرض عرض کردہ ایم قبضہ روح بر بدن بدیہی است و نافع بودن بدن ہم ہویدا است۔ چہ منافع بدن انسانی ول از ہمہ منافع بالا است۔ دوئم ثبوت رقیت ارقاء بجز تقدم دلیلی است روشن۔ آری انتفاع از قبل عروض حیات از طرف روح متصور نیست۔ مگر ازیں قدر قبضہ بر روح ثابت نشود تا گویند کہ محل رقیت روح است نہ بدن۔ چہ تا بارواح بجز خالق او ازکسی را رسائی نیست تصرفات و دستکاری ہا بجز خدا تعالیٰ از کسی در ارواح متصور نیست۔ آری الجاء واکراہ می باشد۔ نسبت بدن روح را ذلیل می گرداند۔ از تکلیف جسمانی بدرد آید و از دور ایشار ثمرات جسمانی جسم را از تعذیب و تعذیر باز دارد۔

الغرض جسم در حق روح نافع تام است و در حق دیگران بوجہ اکراہ نافع می شود۔ خود از قبضہ بنی آدم دور است و جسم او در قید اوشان ماسوا خود مملوک اوشان نیست مالک خود ہم نتواں شد کہ قبضہ بر روح تعاورجانبین از منافع ہمیں نافع [illegible] است دستش از جسم کوتاہ نیست [illegible] ملک را [illegible] قبضہ دیگراں نیز بطوریکہ نفع دہد موقوف بر قبضہ او ست۔ نظر بریں مالکیت او بانسبت جسم بدرجہ اولیٰ باشد چنانچہ در کلام اللہ نیز

لَا اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِیْ وَ اَخِیْ

ہے جیسا کہ آپکو معلوم ہو چکا ہے اور کتابت کا آغاز خرید و فروخت ہے کتابت میں خریدنے کی وجہ سے مکاتب غلام کتابت کا روپیہ ادا کرنے کے بعد اپنے بدن اور جسم کا خود مالک بن جاتا ہے اور خاطر خواہ مالکانہ تصرفات کرتا ہے اور وہاں محل کو خالی پاکر قابض ہو جاتا ہے اور مالک بن جاتا ہے اس بات کو اگرچہ ابتدائی امر میں کوئی باور نہیں کرتا مگر بعض مقدمات ہم نے (آغاز کتاب میں) اسی غرض سے عرض کئے تھے۔ روح کا جسم پہ قبضہ واضح ہے اور پھر جسم کا نافع ہونا بھی ظاہر ہے کیونکہ انسانی جسم کے منافع اول تو تمام منافع سے بالا ہیں۔ دوسرے غلاموں کی غلامی کا ثبوت اتنی بات کیلئے روشن دلیل ہے۔ ہاں روح کی طرف سے زندگی کے عارض ہونے سے پہلے نفع حاصل کرنے کا تصور بھی نہیں ہو سکتا مگر روح پر اتنی سی بات سے قبضہ ثابت نہیں ہوتا تاکہ کہیں کہ غلامی کا محل روح ہے نہ کہ جسم کیونکہ روحوں تک خالق ارواح کے سوا کسی کو رسائی حاصل نہیں ہے خدا تعالیٰ کے سوا روحوں میں کسی کیلئے تصرفات اور دستکاریاں متصور نہیں ہیں۔ ہاں جبر اور زبردستی ہوتی ہے جسم کی نسبت روح کو ذلیل کر دیتی ہے جسم کی تکلیف سے روح کو بھی درد ہوتا ہے اور دوسرے جسمانی ثمرات کے ایثار کی وجہ سے جسم کو سزا اور تکلیف دینے سے روکتی ہے۔

الغرض روح کے حق میں جسم مکمل طور پہ نفع بخش ہے اور دوسروں کے حق میں زبردستی کی وجہ سے نافع ہوتا ہے۔ خود روح بنی آدم کے قبضے سے دور ہے اور بنی آدم کا جسم انکی قید میں اسیر ہے خود ان کا مملوک نہیں ہے اپنا مالک بھی نہیں ہو سکے گا کہ ملک کی [illegible] کی دونوں جانبوں کا ضرورت کے باعث متغائر ہونے کا معاملہ اس کے مان لینے سے مانع ہے اس کا ہاتھ جسم سے کوتاہ نہیں ہے تاکہ عدم ملکیت کا وہم راستے میں آڑے آئے بلکہ دوسروں کا قبضہ بھی اس طور پر کہ نفع دے سکے قبضے پر موقوف ہے۔ اس پر نظر کرتے ہوئے اسکی مالکیت جسم کی نسبت اولیٰ درجے میں ہوگی۔ چنانچہ کلام الٰہی میں بھی

"نہیں مالک ہوں میں مگر اپنے نفس اور اپنے بھائی کا"

اشارہ بدیں جانب کردہ اند

باقی از اقتران و عطف اخی از جانب پدر رفت کہ اینجا مثل

إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنصَابُ وَ
الْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ

چوں نوشیدن فعلی است بذات خود مباح و منع از آں مبنی بر وصفی از اوصاف خمر است، در خمر منشاء رجسیت شد و در خمر نہیدند و نجاست ظاہری او حکم فرمودند و در انصاب و ازلام و میسر باعتبار ذات نجاستی نیست بالبداہت چہ ایں ہمہ اجسام اند پاک و صاف مثل دیگر اجسام۔ منشائے نجاست آں فعلی باشد کہ ایں اشیاء آلۂ آں می شوند و میدانی کہ افعال و منشاء آں از اخلاق و عقائد در خور نجاست ظاہری نتوانند شد۔ بنظر بریں نجاست انصاب وغیرہ مشابہ نجاست بول و براز نشد ہمچنیں وجہ مالکیت عرض قبضہ بر تن خویشتن است و وجہ مالکیت برادر اطاعت اوشاں بوجہ معلوم۔

بالجملہ قبضہ روح بر بدن خود از جملہ قبضہا بالا است مارا بر خس و خاشاک و دیگر جمادات و نباتات ہم آنچناں قبض حاصل نیست کہ روح را بر بدن بلکہ چناں کہ قبضۂ ارواح بر ابدان خود از ہمہ قبضہا برتر است، قبضۂ دیگراں بر آں ابدان از ہمہ قبضہا کمتر است۔ چوں کمی قبضہ بوجہ تعارض قبضۂ ارواح است۔ چہ ہر شے متعارض ضد خود ضعیف شود۔ چنانچہ از تعارض حرارت و برودت و نور و ظلمت

باقی اخی کے عطف اور اتصال کی وجہ سے یہاں ثبات میں لغزش نہیں ہونی چاہیے کہ اس جگہ

سوائے اس کے نہیں کہ شراب، جوا اور بتوں کے تھان اور پانسے کے تیر ناپاک ہیں، شیطان کے عمل سے ہیں۔

چونکہ پینا بذات خود ایک مباح فعل ہے اور اس سے منع کرنا خمر کے اوصاف میں سے ایک وصف پر مبنی ہے اس لئے خمر (شراب) میں اس کی ناپاکی کا منشا خود خمر کی ذات ہی تھی اور اس کی ظاہری نجاست کا حکم فرما دیا اور بتوں کے تھان اور پانسے کے تیر اور جوئے میں (ان کی اپنی) ذات کے اعتبار سے بظاہر کوئی نجاست نہیں ہے کیونکہ یہ تمام اجسام دوسرے جسموں کی طرح پاک اور صاف ہیں۔ ان کی نجاست کا منشا کوئی ایسا فعل ہے کہ یہ چیزیں اس فعل کا ذریعہ ہیں اور آپ جانتے ہیں کہ افعال اور ان کا منشا یعنی اخلاق و عقائد ظاہری نجاست کے لائق نہیں ہو سکتے۔ اس بناء پر انصاب وغیرہ کی نجاست پیشاب پاخانے کی نجاست کی طرح نہ ہوئی۔ اسی طرح اپنی مالکیت کی وجہ اپنے جسم پر قبضہ ہے اور بھائی (ہارون پر موسیٰ علیہ السلام) کی مالکیت کی وجہ معلوم کے سبب ان کے بھائی کی اطاعت ہے۔

بالجملہ روح کا اپنے بدن پر قبضہ تمام قبضوں سے بالا ہے ہمیں گھاس پھوس اور دوسرے جمادات اور نباتات پر بھی اس جیسا قبضہ حاصل نہیں ہے جیسے کہ روح کو بدن پر حاصل ہے بلکہ جیسا کہ روحوں کا قبضہ اپنے جسموں پر تمام قبضوں سے بڑھ کر ہے دوسروں کا ان جسموں پر قبضہ تمام قبضوں سے کمتر ہے۔ چونکہ قبضے کی کمی ارواح کے قبضے کے تعارض کی وجہ سے ہے کیونکہ ہر چیز اپنی ضد کے تقابل کی وجہ سے ضعیف ہو جاتی ہے جیسے کہ حرارت اور برودت

لہ جبر کرنے اور نہ کرنے دونوں کا اعتقاد ہو۔ مترجم

بوده است بحسن عقل پی برده باشی و اگر این تضاد هنوز نفهمیده باشی تضاد حرکت صاعده و هابطه پیش نظر کرده مطابق فرما.

اور نور اور ظلمت کے ایک دوسرے کے تقابل کی وجہ سے ظاہر ہے آزادی کی اچھائی کو آپ نے سمجھ لیا ہوگا اور اگر اس تضاد کو ابھی نہیں سمجھا تو صاعدہ (اوپر کو بلند ہونے والی) اور ہابطہ (نیچے کو جانیوالی حرکت) کے تضاد کو پیش نظر رکھ کر مطابقت کیجئے۔

بهر حال این قدر متحقق شد که جسم مقبوض و مملوک است و روح مقبوض و مملوک نیست بلکه خود بجمیع الوجوه بر بدن خود قابض و مالک است [illegible] بنسبت ابدان شبهه نمانده باشد. آری بایں [illegible] تسلیم بدن بدیگران بطوریکه بے معونت روح از آن منتفع [illegible] نمی تواند. و دانی که قطع نظر از تعلق روح ببدن و [illegible] بدن عنصری جیفه بیکار است که مالیت را نسزد و همین است که بیع میته ممنوع شد و بیع خود روح را از آن هم ممنوع تر چه بیع معنی است اضافی که بے تحقیق حاشیتین متحقق [illegible] و حاصل بطلان همین عدم تحقق است. بیع میته [illegible] باطل بود یعنی بوجه فقدان مالیت مبادلهٔ مال بمال که حقیقت بیع است متحقق نمی شود. باعتبار [illegible] باطل [illegible] چه بظاهر نسبت و حاشیتین او همه موجود [illegible] بیع خود ظاهر است که بظاهر نیز اطراف مفقود [illegible] باقی ماند اینکه بیع خود نباشد بلکه بیع بدن بشرط [illegible] روح باشد.

جب اتنی بات ثابت ہو گئی کہ جسم مقبوض اور مملوک ہے اور روح مقبوض اور مملوک نہیں ہے بلکہ خود تمام وجوہ کے ساتھ اپنے بدن پر قابض ہے تو روحوں کے جسموں کی بہ نسبت مالک ہونے میں شبہ باقی نہ رہ گیا ہوگا۔ ہاں اس وجہ سے جسم کو دوسروں کو اس طرح پر سپرد کر دینا کہ روح کی مدد کے بغیر اس سے نفع حاصل کر سکیں تو نہیں کر سکتے کیونکہ آپ جانتے ہیں کہ روح کے بدن سے تعلق اور روح کے جسم کو حرکت میں لانے سے قطع نظر مادی جسم بیکار مردار ہے جو مالیت کے لائق نہیں اور یہی وجہ ہے کہ مردار جانور کی بیع ممنوع ٹھہری اور روح کی بیع خود بھی اس سے بھی زیادہ ممنوع ہے کیونکہ بیع کے معنی اضافی ہیں کہ بائع اور خریدار کے تحقق کے بغیر ثابت نہیں اور بطلان بیع کا نتیجہ یہی عدم تحقق ہے مردار کی بیع اگر باطل ہوتی ہے تو معنی کی وجہ سے باطل ہوتی ہے یعنی مال کے بدلے مال کی مالیت کے نہ ہونے کی وجہ سے جو کہ بیع کی حقیقت ہے ثابت نہیں ہوتی ہاں ظاہر کے اعتبار سے باطل نہیں ہوتی کیونکہ ظاہر میں بیع دربائع اور مشتری سب موجود تھے اور بیع میں خود ظاہر ہے کہ بظاہر اطراف (بائع مشتری) موجود نہیں ہیں۔ باقی رہی یہ بات کہ بیع خود نہیں ہوگی، بلکہ جسم کی بیع روح کی اعانت کی شرط پر ہوگی۔

جواب [illegible] این است که بیع بالشرط النفع لاحد [illegible] اگر مبطل یا باطل نباشد در افساد [illegible] بیع بدن بشرط اعانت روح [illegible] شرط اعانت خود بعینه شرط [illegible] پیش نظر دیگران که باتفاق حرام است و [illegible] حرام شد فرض نعبد که تحقیق

جواب اس کا جواب یہ ہے کہ بائع اور مشتری دونوں میں سے ایک کیلئے نافع ہونے کی شرط کے ساتھ بیع اگر باطل کرنے والی یا باطل نہ ہو نہ سہی لیکن اس کے فساد میں کلام نہیں۔ بالجملہ روح کی مدد کی شرط کے ساتھ جسم کی بیع میں بیع کا صحیح ہونا کہاں ہے، بالخصوص اپنی اعانت کی شرط بعینہ اپنے فروخت کرنے کی شرط ہے۔ دوسروں کے پیش نظر یقیناً حرام ہے

زیادہ از تذلل نباشد حق خداوند حق است حق دیگراں
نیست و نہ اجازت صرف آں بہر دیگراں۔ آری نعماء دیگر را
اگر بکار دگراں کنند موجب مرضات الٰہی باشد ازیں جا
دانستہ باشی کہ آبرو فقط بہر خدا است باقی ہرچہ ہست
بہر عباد۔ مگر چوں صرف آبرو گاہی بخدمت جسمانی باشد
وگاہی بصرف مال بالعرض امور دیگر ہم معروض عبادت
می شوند مگر چوں اذلال خویشتن پیش نظر دیگراں بہر دنیا
حرام باشد بیع بدن خود بشرط اعانت خود روح را حرام
بود و باطل۔ آری در خریدن بدن خود از دیگراں محذوری
نیست لیکن چنانکہ در دیگر عقود تسلیم ثمن اول مستحب است
و در سلم واجب ہمچنیں تقدیم تسلیم مبیع در عقودیکہ موجل
باشد اگر واجب نیست در اصل بودن آں کلام ہم
نباشد۔ ایں جا نیز معاملہ بہ تاجیل ثمن می باشد
با ایں ہمہ ادا ثمن بر تسلیم مبیع موقوف۔ اگر تسلیم بیع نکنند
خلاف موجب عقد باشد زیرا کہ اقتضاء عقد آں است کہ
بین المملوکین مبادلہ متحقق شود و ایں جا یک طرف
چیزی موجود نیست آری اگر تسلیم مبیع کنند کسب کردہ زر
ثمن ادا می تواں کرد۔ لہٰذا ضرور افتاد کہ اول مبیع را تسلیم
کنند۔ پس از ایں تفویض اگر موجب ملک مشتری یعنی
مکاتب شد نہا جملہ مکاسب اول مملوک او باشند
و پس از ادا آں بحساب نجوم کتابت مملوک مولی شوند
غرض حدوث ملک مکاسب در دست مکاتب باشد
بریں مذہب تصحیح معاملہ کتابت بوجہ احسن بظہور پیوست
آری بطور حنفیہ وغیرہم یک شبہ قوی بدل می خلد
و آں ایں است کہ ۔۔۔

اور یہیں سے ہے کہ سوال بھی حرام ٹھہرا کہ اسمیں ذلت ہے۔ غرض
عبادت کرنا کہ اسکی حقیقت تذلل سے زیادہ نہیں خدائے حق کا حق ہے
دوسروں کا حق نہیں ہے اور نہ دوسروں کیلئے اسکے صرف کی اجازت
ہے ہاں اگر دوسری نعمتوں کو دوسروں کے کام میں خرچ کریں تو وہ اللہ کی
خوشنودیوں کا باعث ہونگی یہاں سے آپ نے جان لیا ہوگا کہ آبرو
فقط اللہ کے لئے ہے باقی جو کچھ ہے وہ بندوں کیلئے ہے مگر چونکہ
کبھی جسم کی خدمت میں بھی صرف ہوتی ہے اور کبھی مال میں بھی تو واسطے
کے طور پر دوسرے امور بھی عبادت کے معروض ہوتے ہیں مگر چونکہ اپنے
آپکو دنیا کی خاطر دوسروں کی نظروں کے سامنے ذلیل کرنا حرام ہے
اس لئے اپنے جسم کی بیع روح کے لئے اپنی اعانت کی شرط کیساتھ حرام
اور باطل ہے۔ ہاں اپنے جسم کو دوسروں سے خریدنے میں کوئی حرج نہیں
ہے لیکن جیسا کہ دوسرے خرید و فروخت کے معاہدوں میں پہلے قیمت کا
بائع کو سپرد کر دینا مستحب ہے اور بیع سلم میں واجب ہے اسی طرح
ان عقود میں جو دست بدست ہوتے ہیں بیچی گئی چیز کا خریدار کے
سپرد کر دینا اگر واجب نہیں ہے تو اسکے اصل ہونے میں کلام بھی نہیں ہے یہاں
بھی معاملہ قیمت کی مدت مقرر پر ہوتا ہے۔ با ایں ہمہ قیمت کا ادا کرنا مبیع کے
سپرد کرنے پر موقوف ہے اگر مبیع کو خریدار کے سپرد نہ کریں تو عقد کے
تقاضے کے خلاف ہوگا کیونکہ بیع کے منعقد ہونے کا تقاضہ یہ
ہے کہ دونوں مملوکہ چیزوں میں تبادلہ متحقق ہو جائے اور یہاں پہ
ایک طرف چیز موجود نہیں ہے ہاں اگر مبیع کو حوالے کر دیں تو قیمت کا
روپیہ کما کر ادا کر سکتے ہیں لہٰذا ضروری طور پر یہ بات آن پڑی کہ
پہلے مبیع کو سونپ دیں۔ اسکے بعد یہ سپردگی اگر خریدار یعنی مکاتب کی
ملکیت کا موجب ہوگئی تو تعجب ہے تمام مکاسب اول اسکی مملوک
ہونگے اور اسکے ادا کرنے کے بعد کتابت کے قسطوں کے حساب سے
آقا کے مملوک ہونگے غرض کمائیوں کے ملک پیدا ہونا مکاتب کے ہاتھ میں تھا
اس مذہب پر کتابت کے معاملے کی تصحیح احسن طریقے سے ظاہر ہوگی ہاں مذہب حنفیہ
وغیرہم کے مطابق ایک بہت قوی شبہ دل میں کھٹکتا ہے اور وہ یہ ہے کہ ۔۔۔

شبہ قوی عقد کتابت وتفویض بمقتضاء آں اگر موجب ملک مکاتب است لازم آید کہ بمجرد تفویض وتسلیم مکاتب آزاد شود واینکہ فقہاء نوشتہ اند کہ بہ کتابت ملک ید زائل شود اما ملک رقبہ زائل نشود غلط باشد و اگر ایں تفویض سرمایہ ملک او نشد واجب است کہ مکاسب مکاتب پس از کتابت نیز بہمچو سابق و بہمچو وقت عجز مملوک مولی باشند و ثمن ایں عقد ادا شده نتواند۔

جواب شبہ جواب ایں شبہ موافق ایں تقریر اول آنست کہ دریں معاملہ ہمچناں کرده اند کہ در قصہ ولیدہ زمعہ و پسر او یعنی نظر بر تسلیم تن ظاہر و توانائی اکتساب بایں خیال کہ ذو مرہ سوی را دربارہ اخذ صدقہ حکم اغنیا داده اند وایں قوا نیز بمنزلہ مال شمرده اشارہ بتحقق حکم مبادلہ کرده اند قبض را در حق مکاتب موجب ملک دانند و آخر کار موجب عتق شمرند و باعتبار احتمال عجز و عدم ادا ہنوز صحت مبادلہ در محل توقف است خصوصاً نظر بافلاس مکاتب می باید انتظار ادا کنند و بالفعل معاملہ را ناتمام دانند اگر ادا کرد وقت ادا تمام شد و مبادلہ ملک بملک متحقق شد ورنہ منفسخ شمارند۔

الغرض رعایت جانب مکاتب آں است کہ او را آزاد نمانند و رعایت جانب مولی آں است کہ قبل از ادا غلام پندارند لیکن ایں جوابی است کہ خود نمی پسندم اگرچہ بعید از قواعد شرع نباشد۔

جواب دیگر جواب دیگر کہ ازیں بہتر است آنکہ ملک رقبہ

شبہ قوی کتابت اور تفویض کا معاہدہ اسکے مقتضا کے مطابق اگر مکاتب کے ملک کا موجب ہے تو لازم آتا ہے کہ سپردگی اور تسلیم کے ہوتے ہی مکاتب آزاد ہو جائے اور یہ جو فقہاء نے لکھا ہے کہ کتابت سے ہاتھ کی ملکیت زائل ہو جاتی ہے لیکن گردن کی ملکیت زائل نہیں ہوتی غلط ہے اور اگر تفویض اسکی ملک کا سامان نہ ہوئی تو واجب ہے کہ مکاتب کی آمدنیاں کتابت کے بعد بھی پہلے کی طرح اور عجز کے وقت کی مانند آقا کی مملوک رہیں اور اس معاہدے کا روپیہ ادا نہ ہو سکے۔

جواب شبہ اس تقریر کے مطابق اس شبہ کا اول جواب تو یہ ہے کہ اس معاملہ میں اس طرح کیا ہے جیسا کہ ولیدہ زمعہ اور اسکے بیٹے کے قصے میں یعنی ظاہر جسم کے صحیح سلامت ہونے اور کمانے کی قوتوں پر نظر رکھ کر اس خیال سے کہ طاقتور تندرست کو صدقہ لینے کے بارے میں مالداروں کا حکم دیا ہے اور ان قوتوں کو بھی مال کی طرح خیال کیا ہے مبادلہ کے حکم کے تحقق کی طرف اشارہ کیا ہے قبضے کو مکاتب کے حق میں موجب ملک جانتے ہیں اور آخر کار آزادی کا موجب شمار کرتے ہیں اور عاجز ہونے اور ادا نہ کر سکنے کے احتمال کی وجہ سے ابھی مبادلے کی صحت محل توقف میں ہے۔ خاص طور پر مکاتب کے افلاس پر نظر رکھتے ہوئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ادا کرنے کا انتظار کریں لہذا اس وقت معاملہ کو نامکمل سمجھیں اگر (مکاتب غلام نے روپیہ) ادا کر دیا تو ادا کرتے وقت معاملہ مکمل ہو گیا اور ملک کا بدلہ ملک کے ساتھ متحقق ہو گیا اور اگر ادا نہ کیا تو معاملے کو منسوخ سمجھیں۔

الغرض مکاتب کے لئے رعایت یہ ہے کہ اس کو آزاد سمجھیں اور مالک کی رعایت یہ ہے کہ روپیہ ادا کرنے سے پہلے اسکو غلام سمجھیں مگر یہ ایسا جواب ہے جس کو میں خود پسند نہیں کرتا ہوں اگرچہ شرع کے اصول کے خلاف نہیں ہے۔

دوسرا جواب دوسرا جواب جو کہ اس سے بہتر ہے یہ ہے کہ

[1] مراد آمدنی۔ مترجم

چیزی مستلزم مالک منافع و ثمرات و مفادات آں نیست علت ملک و منافع نسبت احداث و رابطہ فاعلیت مالک است ورنہ اشجار زمین مغصوب و زمین ودیعۃ ہمہ مملوک مالک زمین بودے و ہمچنیں صورت اجارہ اراضی ایچ نمی بود۔ علیٰ ہذا القیاس ثمرۂ درخت موبر کہ حق بائع داشتہ نیز ہمیں جانب مشیر است و ایں طرف مرد را از زوجہ مولود نہ گفتن کہ جز از شائبہ مالکیت او بنسبت اولاد می دہد، نیز از ہمی جا است۔ آری جائیکہ جہت فاعلیت در خود مالکیت نباشد آنجا جہت قابلہ علت ملک باشد و از ہمیں جا است کہ صاحب فحل مالک بچہ نشود بلکہ بجانب مادہ انتساب مالکیتش رود ہمچنیں اولاد اماء منکوحہ مملوک مولیٰ اماء باشند چہ مالکیت پدر بنسبت اولاد از مالکیت مولیٰ بنسبت امۃ بدرجہا ضعیف است۔ مولیٰ اختیار بیع دارد و پدر را ایں اختیار نباشد۔ اندریں صورت تعلق حق مولیٰ با جزء او نطفہ از تعلق حق پدری قوی تر بود و میدانی کہ در مکاسب انسانی فاعلیت بجانب روح است بدن را زیادہ ازیں نتواں گفت کہ آلہ اوست

اصل چیز کا مالک ہونا اس کے مفادات، منافع اور فوائد کے مالک ہونے کا موجب نہیں ہے بلکہ ملک اور منافع کی علت مالک کے فاعل ہونے کا تعلق اور مالک ہونے کی نسبت کا پیدا کرنا ہے ورنہ غصب کی گئی اور امانت رکھی گئی زمین کے درخت تمام زمین کے مالک کی مملوک ہو جاتے اور اسی طرح زمینوں کے ٹھیکے پر دینے کی صورت باطل ہوتی۔ علیٰ ہذا القیاس نخل موبر[1] کا پھل جس کو بائع کا حق رکھا ہے وہ بھی اسی جانب اشارہ کرتا ہے اور اس طرف خاوند بھی اشارہ ہے مرد کیلئے بیٹے کو کہنا (کہ اس کا ہے نہ کہ بیوی کا) اولاد کے متعلق مالک ہونے کے شائبہ کی خبر دیتا ہے وہ بھی یہیں سے نکلتا ہے۔ ہاں جس جگہ فاعلیت کا پہلو مالکیت کے قابل نہ ہو وہاں پر جہت قابلہ ملک کی علت ہوگی اور یہیں سے یہ مسئلہ پیدا ہوتا ہے کہ سانڈ کا مالک بچہ کا مالک نہیں ہوتا بلکہ مادہ کے مالک کی جانب اس بچے کی مالکیت کی نسبت ہوگی اسی طرح منکوحہ باندیوں کی اولاد باندیوں کے مالک کی مملوک ہوگی کیونکہ اولاد کی بنسبت باپ کی مالکیت، باندی کی بہ نسبت آقا کی مالکیت سے بدرجہا کم ہے۔ مولیٰ بیچنے کا اختیار رکھتا ہے اور باپ کو اولاد بیچنے کا یہ اختیار نہیں ہے اس صورت میں نطفے کے جزء کیساتھ آقا کے حق کا تعلق باپ ہونے کے حق کے تعلق سے زیادہ طاقتور ہوگا اور آپ جانتے ہیں کہ انسان کے افعال میں کام کرنے کا تعلق روح کی جانب سے ہے بدن کو اس سے زیادہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ اس کا ایک آلہ ہے۔

جواب دیگر جواب دیگر کہ باریک تریں ازیں است ایں است کہ روح را با بدن خود رشتہ مالکیت در عین حالت غلامی حاصل است چہ قبض و تصرف کہ دلیل مالکیت است بوجہ اتم درینجا موجود بود۔ غایت [illegible]

[illegible] وَلَا تُكَلِّفُوهُمْ [illegible]

دوسرا جواب دوسرا جواب جو کہ گذشتہ جواب سے زیادہ دقیق ہے یہ ہے کہ روح کو اپنے بدن کے ساتھ مالکیت ہونے کا تعلق عین غلامی کی حالت میں بھی حاصل ہے کیونکہ جیسا کہ پہلے معلوم ہو چکا کہ قبضہ اور تصرف جو کہ مالکیت کی دلیل ہے بوجہ اتم موجود رہتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ بیں مذکورہ جسم مذکور بھی مملوک ہوتا ہے چنانچہ حسب [illegible] غلاموں کو ایسے کام کرنے کی تکلیف مت دو جس کی وہ طاقت نہ رکھتے

[1] نخل موبر سے درخت کی مادہ کھجور کے درخت کے ساتھ [illegible] کیا جاتا ہے یعنی جس کی پیوندکاری کی گئی درخت۔ مترجم

او کما قال ازیں خبر ہم نیدید، اگر حق روحانی ہم باآں ابدان تعلق نمیداشت ہمچو جمادات درموالی ہم بہ طور مختار بودیم و آنکہ در حق بہائم وارد است۔

باد ردوا بھا نقیھا

وازیں ارشاد حق بہائم ہم ہمیں طور بہ ثبوت پیوست مخالفت ما نیست۔ ما کے گفتہ ایم کہ در بہائم شائبہ مالکیت نیست اما ضعیف تر در بنی آدم اصل مالکیت است اما بوجہ شبہ بہائم چنانکہ فرمودہ اند۔

اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ

مورد مملوکیت شدہ۔ مالکیت اوشاں بہر طور برابر مالکیت اہل اسلام است۔ اما شبہ مذکور عارض حال اوشاں شدہ مالکیت اوشاں را چناں می پوشد کہ برودت آب را حرارت عارضہ یا ظلمت ارض را نور عارض۔ بالجملہ بوجہ قوت مالکیت اوشاں و مساوات آں بمالکیت اہل اسلام در خود مبادلہ شدہ و در بہائم ایں قوت و قابلیت مفقود است وچوں نباشد عقل کہ اصل متصرف است و عاقد اگر می باشد ہماں می باشد در بہائم مفقود است وشاید بمطالعہ آب حیات دریافتہ باشی کہ مالک بمعنی مابہ الملک ہماں قوت عاقلہ است بشرطیکہ قوت عاملہ آلہ او باشد۔

الغرض روح را بر بدن درحالت غلامی ہم تصرف حاصل است و آں تصرف ہم چنانکہ دانستی زیادہ از تصرف و قبض دیگراں است بدو منزیت کہ دیگراں دخل بر بدن مساوی روح معلوم باشد۔ بہر حال خالی ازیں نباشد کہ ملک مشترک باشد و میدانی کہ استخدام شدید۔

یا جیسا آنحضرت نے فرمایا اس بات کی خبر بھی دیتا ہے اگر روحانی حق بھی ان جسموں کے ساتھ تعلق نہ رکھتا تو جمادات کی طرح غلاموں کے مالکوں کے بارے میں بھی بہرصورت ہم مختار ہوتے اور وہ جو چوپاؤں کے حق میں (حدیث میں) آیا ہے۔

اونٹنیوں کو اتنا مت تھکاؤ کہ وہ دبلی ہو جائیں

اور اس ارشاد سے چوپاؤں کا حق بھی اسی طرح ثابت ہو گیا ہمارے مخالف نہیں ہے ہم نے کب کہا ہے کہ بہائم میں مالک ہونے کا شائبہ نہیں ہے مگر بہت زیادہ ضعیف درجے میں۔ بنی آدم میں اصل مالکیت ہے لیکن بہائم کے مشابہ ہونے کی وجہ سے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

کافر لوگ چوپاؤں کی مانند ہیں بلکہ وہ ان سے بھی زیادہ گمراہ ہیں مملوکیت کا محل بن گئے ہیں۔ انکی مالکیت بہرصورت مسلمانوں کی مالکیت کے برابر ہے لیکن مذکورہ مشابہت ان کے حال کو عارض ہو کر انکی مالکیت کو اس طرح چھپا لیتی ہے جیسی کہ عارضی حرارت پانی کی برودت کو یا زمین کی تاریکی کو عارض ہونے والا نور چھپا لیتا ہے فی الجملہ انکی مالکیت کی قوت کی وجہ سے اور مسلمانوں کی مالکیت کے ساتھ اسکی مساوات مبادلہ کے لائق ہو گئی۔ اور چوپاؤں میں یہ قوت اور مساوات مفقود ہے اور مفقود کیوں نہ ہو عقل جو کہ اصل تصرف کرنے والی ہے اور عاقد اگر ہوتی ہے تو وہی ہوتی ہے وہ عقل چوپاؤں میں مفقود ہے اور شاید آب حیات (مصنفہ مولانا محمد قاسم) کے مطالعہ سے تم نے پتہ چلا لیا ہوگا کہ مالک بہ الملک کے معنی میں وہی عاقلہ قوت ہے بشرطیکہ قوت عاملہ اسکی آلہ کار ہو۔

الغرض روح کو جسم پر غلامی کی حالت میں بھی تصرف حاصل ہے اور وہ تصرف جیسا کہ تمہیں معلوم ہو چکا دوسروں کے اس پر تصرف اور قبضے سے زیادہ ہے۔ زیادہ سے زیادہ دوسروں کا دخل جسم پر قبضے کے بارے میں روح کے برابر معلوم ہوتا ہے بہرحال اس بات سے خالی نہیں کہ ملک مشترک ہو اور آپ جانتے

مملوک مشترک را باتحاد ملک خود باشد۔ اندریں صورت منافع و مکاسب حالت کتابت اگرچہ ملک مولیٰ بحال خود باشد ہمہ از آنِ مکاتب باشد۔

اجتہاد بمقابلہ فقہا

غرض دریں صورت ملک رقبہ مستلزم ملک مکاسب نباشد

پس اگر فقہا ایں چنیں گفتہ اند ما نیز ہمچنیں می گوئیم مگر بہر تسکین خاطر ناظران اینقدر زیادہ می گوئیم کہ در تہائی و تناوب شرکاء ہم بر شریک در نوبت شریک دیگر معطل می ماند ہمچنیں در کتابت نیز مولیٰ کہ شریک روح در ملک بدن است از حق خود محروم ماند۔ فرق اگر ہست۔ ایں است کہ غلام مشترک بوجہ احترام شرکاء نوبت بنوبت بکار جملہ شرکاء کمر خدمت بندد و ایں جا روح غلام را احترام نیست تا نوبتی برای او مقرر کنند۔ مگر اگر گوئیم کہ نوبت بہر اوشاں مقرر است بے جا نباشد۔ آخر ایں ہمہ مراعات اوشاں کہ کلام اللہ و حدیث ازاں پُر است اگر نوبت اعنی حق اوشاں نیست دگر چیست۔ اندریں صورت ایں ممانعت باز پرس از مکاتب کہ خبر حریت بدے دہد تسلیم حق خود نمود بلکہ رخصت تصرف در حصہ حق روحانی باشد اگرچہ تصرف دراں حصہ و حق مانع از تصرف مولیٰ در حق خود بود مگر دانی کہ ایں استیعاب و منع نہ تنہا مخصوص بایں مقام است در استخدام و انتفاع جملہ اشیاء مشترکہ خصوصاً غیر قابل التقسیم ہمچنیں باشد۔

اکنوں فہمیدہ باشی کہ

المکاتب عبد ما بقی علیہ درھم

ہیں کہ شریک کا مشترک مملوک سے خدمت لینا اپنی ملک کے اعتبار پر ہوتا ہے اس صورت میں کتابت کے زمانے کی آمدنیاں تمام مکاتب کی ملکیت ہونگی اگرچہ اس پر آقا کی ملکیت اپنے حال پر قائم رہے۔

فقہا کے مقابلے کی اجتہادی قوت اور مولانا محمد قاسم

غرض اس صورت میں ملک رقبہ آمدنیوں کی ملکیت کو موجب نہیں ہے۔ پس اگر فقہاء نے یہ کہا ہے تو ہم بھی یہی کہتے ہیں لیکن ناظرین کی تسکین خاطر کے لئے اتنا زیادہ کہتے ہیں کہ شرکاء کی کسی چیز میں باری باری میں ہر شریک دوسرے شریک کی باری میں معطل رہتا ہے۔ اسی طرح کتابت میں بھی آقا جو کہ ملکیت بدن میں روح کا شریک ہے اپنے حق سے محروم رہ جائیگا۔ فرق اگر ہے تو یہ ہے کہ مشترک غلام تو شرکاء کے احترام کی وجہ سے باری باری تمام شرکاء کے کام میں کمر خدمت باندھے گا اور یہاں غلام کی روح کا کوئی احترام نہیں ہے کہ اس کے لئے کوئی باری مقرر کریں لیکن اگر ہم یہ کہیں کہ ان کے لئے بھی باری مقرر ہے تو بے جا نہ ہوگا۔ آخر یہ سب انکی رعایتیں کہ کلام اللہ اور حدیث ان سے بھری پڑی ہے اگر نوبت یعنی ان کا حق نہیں ہے تو پھر کیا ہے۔ اس صورت میں مکاتب سے جواب طلبی کی یہ ممانعت کہ ہاتھ کی آزادی کی خبر دیتی ہے اپنے حق کو چھوڑنا نہیں ہے بلکہ روح کے حق اور حصے میں تصرف کی اجازت ہے۔ اگرچہ اس حصے اور حق میں تصرف کرنا آقا کے اپنے حق میں تصرف کرنے سے مانع ہو جائے۔ مگر آپ جانتے ہیں کہ یہ حق لینا اور ممانعت نہ صرف اس مقام کے لئے مخصوص ہے بلکہ تمام مشترکہ چیزوں سے نفع حاصل کرنے اور خدمت لینے میں خصوصی طور پر ناقابل تقسیم چیزوں میں اسی طرح ہوتا ہے

اب آپ نے سمجھ لیا ہوگا کہ

مکاتب غلام ہی رہتا ہے جبتک اس کے ذمے ایک درہم بھی باقی ہے

اعنی بجہت آنکہ نہ ملک قابل تقسیم است و نہ حقیقت رقیق قابل انقسام چنانکہ رقیق مشترک بہمہ مملوک ہر ہر کس از شرکاء باشد مکاتب نیز قبل اداء بدل کتابت ہمچناں بہ اشتراک سابق بود چنانکہ بتمامہ مملوک روح است، ہمچناں بتمامہ مملوک مولیٰ باشد وازیں جا دانستہ باشی کہ بایں تفویض ملک روحانی قائم مقام ملک مولیٰ نشدہ۔ و وجہش ایں است کہ تسلیم علی الاطلاق موجب ملک نباشد بلکہ اگر عوض ثانی حقیقۃً یا حکماً بملک بائع یا مشتری باشد در مال مفوض ملک قابض متعلق شود۔ وجائیکہ عوض ثانی بملک قابض نیست نہ حقیقۃً و نہ حکماً ملک او با و متعلق نشود چناں چہ پیشتر باں اشارہ کردہ ام۔ و ایں جا میدانی کہ حال ہمیں است۔ قبل کتابت غلام مالک چیزی یا پیشیزی نبود تا مالک حقیقی بنسبت بدل کتابت و انیم یا مالک حکمی شناسیم۔ یعنی اگر اموال مملوکہ او از جنس بدل کتابت بودی مے گفتیم کہ مالک حقیقی است و اگر اموال مملوکہ مکاتب از جنس دیگر بودی مالک حکمی مے دانستیم اکنوں کہ نہ ایں است نہ آں مبادلۃ الملک بالملک متحقق نشد تا ایں قبض موجب ملک شدی و مے دانی کہ انتقال ملک از مالکی بمالکی دیگر در عقد معاوضہ بعد تحقق و وجود عوضین باشد۔ حقیقۃً اگر نباشد حکماً نباشد۔ اندریں صورت ایں قبض مودع و مستعیر باشد۔

سخن باریک وسخنی کہ باریک است ایں است کہ اینجا در حقیقت تسلیم حق خود نمی باشد بلکہ مقصود بالذات بگذاشتن و اگذاشتن حق مکاتب باشد چناں کہ دانستی آری واگذاشتن حق مکاتب مستلزم رفتن در حق مولیٰ بالاضطرار

یعنی اس سبب سے کہ نہ ملک قابل تقسیم ہے اور نہ رقیق (غلام) کی حقیقت تقسیم کے قابل ہے۔ اور جیسا کہ مشترک غلام حصہ داروں میں سے ہر ہر شریک کا مملوک ہوتا ہے مکاتب بھی کتابت کے بدلے کو ادا کرنے سے پہلے اسی طرح سابق شرکت پر ہے اور جیسا کہ تمام کا تمام روح کا مملوک ہے، اسی طرح تمام کا تمام مولیٰ کا مملوک ہوگا اور یہیں سے آپکو معلوم ہو گیا ہوگا کہ اس سپردگی سے روحانی ملک مولیٰ کی ملک کے قائم مقام نہیں ہوگئی اور اس کی وجہ یہ ہے کہ مطلقاً سپردگی ملکیت کی موجب نہیں ہوجاتی بلکہ اگر عوض ثانی حقیقی یا حکمی طور پر بائع یا مشتری کی ملک میں ہو تو سپرد کئے گئے مال میں ملک قابض سے متعلق ہوتی ہے۔ اور جس جگہ عوض ثانی قابض کی ملک میں نہیں ہے۔ نہ حقیقی طور پر اور نہ حکمی طور پر تو اس کی ملک اس سے متعلق نہیں ہوتی چنانچہ اس سے پہلے میں نے اس کی طرف اشارہ کر دیا ہے اور یہاں آپ کو معلوم ہے کہ حالت یہی ہے۔ کتابت سے پہلے غلام کسی چیز یا شئے کا مالک نہ تھا تا کہ بدل کتابت کی نسبت سے اسکو حقیقی یا حکمی مالک پہچانیں۔ یعنی اگر اسکے مملوکہ اموال بدل کتابت کی جنس سے ہوتے تو ہم کہتے کہ مالک حقیقی ہے اور اگر مکاتب کے مملوکہ اموال دوسری جنس سے ہوتے تو ہم اسکو حکمی مالک جانتے اب جبکہ نہ یہ ہے نہ وہ تو ملک کے ساتھ ملک کا تبادلہ متحقق نہوا تا آنکہ یہ قبضہ ملکیت کا موجب ہوتا اور آپ کو معلوم ہے کہ ایک مالک سے دوسرے مالک کی طرف عقد معاوضہ میں ملک کا انتقال عوضین کے وجود اور تحقق کے بعد ہوتا ہے اگر حقیقی طور پر نہ ہو تو حکمی طور پر انتقال ہوگا۔ اس صورت میں یہ قبضہ مُودَع (جسکے پاس امانت ہو) اور مستعیر (عاریت پر لینے والے) کے قبضے کے مشابہ ہوگا۔

دقیق بات اور وہ بات جو دقیق ہے یہ ہے کہ اس جگہ حقیقت میں اپنا حق چھوڑ دینا نہیں ہوتا بلکہ مقصود بالذات اپنے حق کے چھوڑنے سے مکاتب کے حق کو واگذار کر دینا ہے جیسا کہ آپکو معلوم ہو چکا ہے۔ ہاں مکاتب کا حق اضطراری

میگردد۔ پس نہ مولیٰ را دادنش مقصود است و نہ مکاتب را ہنوز گرفتنش منظور او فقط۔ برحق خویشتن قابض شدہ البتہ حق مولیٰ از دست او بدیں سبب بدر رفتہ۔ آری اگر مکاتب زیادہ از حق خود گرفتی آنگہ ایں شبہ بجائی خود بود۔ و خود دانستہ کہ حق مکاتب ہم مثل حق مولیٰ ہمہ جسم اوست کہ قابل انقسام نیست کہ حصص او شاں متعین شوند چوں ہمہ غلام مکاتب حق روح مکاتب بود و او زیادہ از اں نگرفتہ چگونہ گوئیم کہ حق مولیٰ را گرفتہ و در امثال ایں قسم افعال و امور مدار کار بر نیت باشد و ازیں جہت ایں بداں ماند کہ چار رکعت نماز گذاری۔ اگر نیت نفل کنی فرض ادا نشود و اگر نیت فرض کنی نفل نباشد۔ چوں وجہش اینست کہ یک نماز قابل انقسام باین دو وصف نیست۔ اگر یکے را موجود انگاریم دیگر را معدوم محض انگاریم مگر وجود ایں دو مفہوم در ذات چنانکہ باعتبار نیت است ہمچنیں تحقق قبض حق روحانی یا قبض حق مولیٰ باعتبار نیت باشد۔ می دانی کہ ایں جا خود مختاری مکاتب قبل اداء بدل کتابت است و بدل کتابت نہ دانی کہ برحق روحانی لازم آید نہ برحق مولیٰ۔ نظر بریں ایں قبض نیز بغرض اکتساب از حق خود باشد نہ از حق مولیٰ تا ملک مولیٰ در مکاسب لازم آید و شبہ مذکور را گنجائش خلش ماند اندریں صورت تسلیم مبیع از طرف بائع وقتی باشد کہ بدل کتابت ادا شود۔ و از ینجا دانستہ باشی کہ دریں معاملہ نیز برخلاف آں اصل نرفتہ اند کہ گفتہ اند کہ اول تسلیم ثمن می باید کرد اگرچہ جوابش باعتبار ظاہر نیز شنیدہ۔ بالجملہ بوجہ تضاد جہتین وقت اکتساب نظر بر یک جہت باشد و بحکم

انما الاعمال بالنیات

طور پر مولیٰ کے حق کے چلے جانے کو لازم ہو جاتا ہے پس نہ تو مولیٰ کو اس کا دینا مقصود ہے اور نہ مکاتب کو ابھی تک اس کا لینا منظور ہے۔ وہ فقط اپنے حق پر قابض ہوا ہے البتہ مولیٰ کا حق اس کے ہاتھ سے اس سبب سے نکل گیا۔ ہاں اگر مکاتب اپنے حق سے زیادہ لیتا تو اس وقت یہ شبہ برمحل تھا۔ اب آپ کو معلوم ہو چکا ہے کہ مکاتب کا حق بھی مولیٰ کے حق کی مانند اس کا تمام جسم ہے جو قابل تقسیم نہیں ہے کہ ان کے حصے مقرر ہو سکیں۔ چونکہ مکاتب غلام پورے کا پورا مکاتب کی روح کا حق ہوتا ہے اور اس نے اس سے زیادہ نہیں لیا تو پھر ہم کس طرح کہیں کہ مولیٰ کا حق کو لے لیا اس قسم کے افعال اور امور میں دارومدار نیت پر ہوگا اور اس سبب سے یہ اس طرح کی بات ہے کہ آپ چار رکعت نماز ادا کریں۔ اگر نفل کی نیت کرو گے تو فرض ادا نہیں ہوتا اور اگر فرض کی نیت کرو گے تو نفل ادا نہ ہوگا چونکہ اسکی وجہ یہ ہے کہ ایک نماز ان دو وصفوں کے ساتھ تقسیم کے قابل نہیں ہے۔ اگر ایک کو ہم موجود خیال کریں تو دوسری کو محض معدوم خیال کریں گے۔ مگر ان دو مفہوموں کا وجود ذات میں جیسا کہ نیت کے اعتبار سے ہے۔ اسی طرح روحانی حق کے قبضے کا تحقق یا مولیٰ کے حق کا قبضہ نیت کے اعتبار سے ہوگا اور آپ کو معلوم ہے کہ یہاں مکاتب کی خودمختاری بدل کتابت کے ادا کرنے سے پہلے بدل کتابت کے ادا کرنے کی غرض سے ہے اور بدل کتابت کو آپ جانتے ہی ہیں کہ روحانی حق پر لازم آتا ہے نہ کہ مولیٰ کے حق پر۔ نظر بریں یہ قبضہ بھی اپنے حق کے حاصل کرنے کی غرض سے ہے نہ کہ مولیٰ کے حق کی غرض سے کہ کسب کی ہوئی چیزوں میں مولیٰ کی ملکیت لازم آئے۔ اور مذکورہ شبہ کو خلش کی گنجائش ہے اس صورت میں مبیع کی سپردگی بائع کی طرف سے اس وقت ہوگی جبکہ بدل کتابت ادا ہو جائیگا اور یہیں سے آپنے جان لیا ہوگا کہ اس معاملے میں بھی اس قاعدے کے خلاف نہیں گئے ہیں جو کہ فقہاء نے کہا ہے کہ پہلے قیمت ادا کر دینی چاہیئے۔ اگرچہ اسکا جواب بھی ظاہر کے اعتبار سے

بچو قصہ صلوٰۃ بشہادت قرینہ غرض اکتساب بہ نیت اداء
بدل کتابت ایں نوبت در حساب مکاتب شمردیم۔
چوں ازیں قدر فراغت یافتیم مضمون دیگر اشارہ
مے کنم

اشارہ بمضمون دیگر

باداء نجوم کتابت اگر بقدر مولیٰ حصہ مکاتب در بدن خود قائم
مے شود معنی

المکاتب عبد ما بقی علیہ درھم

ایں باشد کہ مکاتب اگرچہ باداء نجوم کتابت شریک و سہیم
مولیٰ در بدن خود شد مگر چوں مالک کل حصص و مالک
ہزارم حصہ ہمہ مالک ہمہ مملوک باشند زیرا کہ در ملک
وہم مملوک چنانکہ دانستی تجزی نباشد مالکیت تدریجی کہ
مکاتب را بدست می آید، اورا آزاد نباید فہمید و بر
عتق بعض قیاس نباید کرد۔ زیرا کہ آنجا قطع نسبت
مالکیت و مملوکیت و برہم زدن ایں مقامات بود و لاجرم
دریں صور از عتق بعض عتق کل لازم آید و اینجا خود تصحیح و تحقیق
آں مقامہا است و استحکام آں نسبت و اطراف آں است
چہ بیع و شرا است کہ بے بقاء نسبت ملک و مقام
مالکیت و مملوکیت متحقق نشود۔ نظر بریں چنانکہ در عتق
از عتق یک حصہ عتق جملہ حصص لازم می آید ہمچنیں اینجا از
بقائے یک حصہ از ملک ہم کہ شراء مکاتب مصحح آں است
بقائے جملہ حصص لازم خواہد آمد و بقاء ہزارم حصہ نیز از ہزار
حصہ ہذا عبدٌ لہذا می تواں گفت۔ الغرض اندریں صورت
در حدیث

المکاتب عبد ما بقی علیہ درھم

آپ سن چکے ہیں تاہم دونوں جہتوں کے تضاد کی وجہ سے اکتساب کے وقت نظر
ایک جہت پر ہوتی ہے اور بحکم انما الاعمال بالنیات "نماز کے
قصے کی طرح، قرینے کی شہادت کی وجہ سے بدل کتابت ادا کرنے کی نیت سے
اکتساب کا مقصد اس مرتبہ مکاتب کے حساب سے ہم شمار کریں گے۔
اتنی بات سے جب ہم نے فراغت پائی تو دوسرے مضمون کی
طرف اشارہ کرتا ہوں۔

دوسرے مضمون کی طرف اشارہ

کتابت کی قسطوں کی ادائی کی وجہ سے ادا کی گئی قسط
کے بقدر مکاتب کا حصہ اپنے جسم میں قائم ہو جاتا ہے۔
مکاتب غلام رہتا ہے جب تک کہ اسکے ذمے ایک درہم بھی باقی ہے
کے معنی یہ ہونگے کہ مکاتب اگرچہ کتابت کی قسطیں ادا کرنے
میں اپنے جسم میں مولیٰ کا شریک اور حصہ دار ہو گیا مگر چونکہ تمام حصوں
کا مالک اور ہزارویں حصہ کا مالک بھی سب کے سب اپنے مملوک کے مالک
ہوتے ہیں اس لئے کہ ملک میں بھی اور مملوک میں بھی جیسا کہ تم نے جان لیا
تجزی نہیں ہے، تدریجی مالکیت کی وجہ جو کہ مکاتب کو حاصل ہو رہی ہے
اس کو آزاد نہیں سمجھنا چاہیے بعض حصے کے عتق پر قیاس نہ کرنا
چاہیے کیونکہ وہاں پر مالکیت اور مملوکیت کے تعلق کا خاتمہ
اور ان مقامات کا برہم ہو جانا پیدا ہو جاتا ہے اور لازمی طور پر
ان صورتوں میں بعض حصے کی آزادی سے تمام جسم کی آزادی لازم
آتی ہے اور اس جگہ خود ان مقامات کو قائم رکھنا اور صحیح رکھنا ہے
اور اس نسبت اور اسکے اطراف کو مستحکم بنانا ہے کیونکہ یہ بیع و شراء
ہے کہ ملک کی نسبت اور مالکیت اور مملوکیت کے مقام کے بغیر
متحقق نہیں ہوتی۔ نظر بریں جیسا کہ عتق میں ایک حصے کے عتق
سے تمام حصوں کا عتق لازم آتا ہے اسی طرح یہاں ملک کے ایک حصے
کے باقی رہنے سے بھی کہ مکاتب کا خرید لینا اس کے حصے کی صحت پر
دلالت کرتا ہے تمام حصوں کا باقی رہنا لازم آئیگا اور اسکے ہزار حصوں
میں سے ہزارویں حصے کے باقی رہنے سے بھی اس مولیٰ کا غلام کہہ سکتے ہیں

وحدیث

اذا اصاب المکاتب حدًّا او میراثاً
ورث بحساب ما ادی دیة حر

وہم مذہب حنفی توافق و تعانق و تلازم خواہد بود نہ
تخالف چنانکہ ظاہر است۔ الغرض در عتق بیکبار ہمہ
غلام از ملک موالی می بر آید چنانکہ مصرح دانستی
پس ازاں قبض روح بر محل خالی از سر نو پیدا شود موجب
ملک گردد و اینجا ملک از اول امر پیدا می شود۔ یعنی
چنانکہ بکسی دیگر می فروختند و او بر قدر مبیع قائم مقام
بائع می شد اینجا مکاتب را در حصص مندرجہ قائم مقام
خود می گردانند و اگر چنانکہ مجموع ثمن را بمجموع حصص
مقابل داشتہ اند و بیک صفقہ[1] معاملہ ساختہ اند مکاتب
را وقت اداء جملہ نجوم مالک گویند نہ قبل آں۔ اندریں
صورت حاجت توجیہ حدیث

المکاتب عبد ما بقی علیہ درھم

نیست۔ البتہ از طرف حدیث

اذا اصاب المکاتب حدًّا او میراثا الخ

خلش می ماند مگر ما بیاد ایں احتمال یک مقدمہ عرض کردہ
ایم۔ یعنی بعض اوقات اقرار بالبیع بالاضطرار لازم آید
چوں ایں جا صورت مسئلہ اینست کہ مکاتب بعد اداء
بعض نجوم و قبل اداء جملہ نجوم، مرد یا کسی ورا کشت
دیت او چہ باشد و میراث او بچہ طور۔ دعوی بیع
اضطراری بے جا نیست۔ یعنی چوں بعجز خود مکاتب معاملۂ
کتابت را اقالہ نکردہ بلکہ درپی ادا بود کہ مبتلاء بلائے
ناگہانی شدہ ازیں جہان برفت بحساب ما آدی بیع گویند

الغرض اس صورت میں حدیث ہذا میں
"مکاتب اس وقت تک غلام رہتا ہے جبتک اسکے ذمے ایک درہم بھی باقی رہتا ہے"
اور حدیث (حسب ذیل) میں
"جبکہ مکاتب کسی حد کو پہنچے یا میراث کو تو وہ دیت حر کے ادا
کرنے کے حساب سے وارث ہوگا"
اور نیز حنفی مذہب میں موافقت، یک جہتی اور تعلق ہوگا نہ کہ مخالفت
جیسا کہ واضح ہے۔ الغرض عتق میں تمام غلام یک بار مالکوں
کی ملک سے نکل آتا ہے جیسا کہ آپ نے واضح طور پر جان لیا اس کے
بعد خالی محل پر روح کا قبضہ نئے سرے سے پیدا ہو جاتا ہے اور ملک کا
موجب ہو جاتا ہے اور یہاں ملک اول معاملے سے ہی پیدا ہو
جاتی ہے یعنی جیسا کہ کسی دوسرے آدمی کے ہاتھوں فروخت کر دیا
اور وہ مبیع کے بقدر بائع کے قائمقام ہو جاتا تھا یہاں مکاتب کو
مندرجہ حصوں میں اپنے قائمقام بناتے ہیں اور اگر جیسا کہ تمام
قیمت کو تمام حصوں کے مقابلہ میں رکھا ہے اور ایک ہی دفعہ میں معاملہ
کیا ہے مکاتب کو تمام قسطیں ادا کرنے کے وقت مالک کہیں گے نہ کہ
اس سے پہلے۔ اس صورت میں حسب ذیل حدیث

المکاتب عبد ما بقی علیہ درھم

کی توجیہ کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ البتہ حدیث (ذیل)

اذا اصاب المکاتب حدًّا او میراثا الخ

کی طرف سے خلش باقی رہ جاتی ہے۔ مگر ہم اس احتمال کے
پیش نظر عرض کر آئے ہیں یعنی بعض اوقات اضطراری طور پر
بیع کا اقرار لازم آتا ہے چونکہ یہاں مسئلے کی صورت یہ ہے کہ
مکاتب بعض قسطوں کے ادا کرنے کے بعد اور تمام قسطوں کے ادا کرنے
سے پہلے مر گیا یا کسی نے اسکو مار دیا تو اسکی دیت کیا ہوگی اور اسکی
میراث کس طرح ہوگی۔ اس صورت میں اضطراری بیع کا دعویٰ بے جا نہیں
ہے یعنی جب اپنی مجبوری کی وجہ سے مکاتب نے کتابت کے معاملے کا اقالہ
نہیں کیا بلکہ ادا کرنے کے پیچھے لگا ہوا تھا کہ بلائے ناگہانی میں مبتلا ہو

[1] بیع میں ہاتھ پہ ہاتھ مارنا۔ سودا طے کرنا۔ المنجد

تا انفساخ عقد عاقل بی ضرورت لازم نیاید و قدر اداء
بر ہمساں نیت او ماند غرض قبیل مرگ در قدر اداء
بیع گفتہ بحساب او آزاد گویند و ہمہ معاملہائ
آزاداں دریں قدر با او کنند مگر ہرچہ بادا باد بوجہ عدم
انقسام ملک و مملوک ایں تجزی معارض حدیث المکاتب
عبد نباشد بلکہ چنانکہ فرق حصص وقت استخدام و تہائی
وتناوب ظہور کند یا وقت بیع و تقرر قیمت ور نہ ہمہ عبد
ازآں ہمہ باشد ایں جا فرق مذکور مثلاً در تعیین دیت
باشد کہ قیمت مقتول باشد ور نہ ہمہ ازاں ہر دو بود۔
بالجملہ نتواں گفت کہ معاملہ کتابت کہ ہمانا معاملہ بیع
است چنانکہ واضح دانستی بموت او منفسخ شد۔ زیرا کہ
موت مانع انفساخ عقد بیع و اقالہ آں باشد۔ لہذا اگر
مال بعد ادا بگذاشت در بدل کتابت دادہ شود و قبیل
حیات در آخر ساعت عمر حکم عتق برو کنند ازیں مسئلہ صاف
روشن است کہ معاملہ ہمچناں قائم است و بدل کتابت ہمچو
دیگر دیون کہ عوض بیع و شرا باشند از میراث وغیرہ مقدم آری
اگر در زندگانی خود بعجز خود اعتراف کرد بوجہ افلاس معاملہ
منفسخ شود۔ و وجہ اقالہ وقت افلاس چوں پیشتر عرض
کردہ ایم حاجت تکرار نیست۔ اندریں صورت باز مکاتب
نزد کسانیکہ بعدم عتق او قبل اداء نجوم رفتہ اند بملک
ید در آید و بدیں سبب مکاسب او بالتبع بتصرف مولی
و ملک او در آیند۔ بالجملہ ازیں اقالہ ضرورت رد نجوم
کتابت بغلام نرسد کہ مال غلام آخر مال مولی باشد
اگر رد ہم کردند باز چہ سود ہماں آش در کاسہ
باشد۔

ہو کر اس دنیا سے رخصت ہوا تو ادائی رقم کے مطابق بیع کہیں گے
کہ بے ضرورت عاقل کے عقد کا فسخ ہونا لازم نہ آئے اور جتنا قسطوں
کا روپیہ ادا کیا ہے وہ اسی نیت پر رہیگا۔ غرض موت سے ذرا پہلے
بقدر اداء بیع کہکر اسی کے حساب سے آزاد کہیں گے اور آزادوں کے
سے تمام معاملات اتنی مقدار میں جتنی مقدار میں کہ اس کو آزاد قرار
دیا ہے کرینگے۔ لیکن ہرچہ بادا باد ملک اور مملوک کی تقسیم نہ ہونے
کی وجہ سے یہ تجزیہ حدیث المکاتب عبد کے مخالف نہ ہوگا
بلکہ جیسا کہ حصوں کا فرق استخدام (خدمت لینا اور تہائی لا باری
باری) اور تناوب (نوبت بنوبت) کے وقت یا بیع اور قیمت کے
تعیین کے وقت ظہور میں آئیگا (اس پر عملدرآمد ہوگا) اور نہ تمام کا
تمام غلام سب کی ملکیت میں ہوگا۔ یہاں مذکورہ فرق مثلاً دیت
کی تعیین میں ہوگا جو کہ مقتول کی قیمت ہے۔ ورنہ سب دونوں
کی ملک ہوگا۔ بالجملہ نہیں کہہ سکتے کہ کتابت کا معاملہ جو کہ بالکل
بیع کا معاملہ ہے جیسا کہ صاف طور پر آپ نے جان لیا اسکی موت
سے فسخ ہو گیا۔ کیونکہ موت بیع اور اس کے اقالے کے فسخ ہونے
کو مانع ہے۔ لہذا اگر مال ادائی کے برابر چھوڑ گیا تو کتابت کے
بدلے میں دیدیا جائے گا اور زندگی سے ذرا پہلے عمر کی آخری گھڑی
میں اس پر آزادی کا حکم صادر کرینگے اس مسئلے سے صاف
روشن ہے کہ معاملہ اسی طرح قائم رہے اور بدل کتابت دوسرے
قرضوں کی طرح جو کہ بیع و شرا کے عوض ہونگے میراث وغیرہ سے مقدم ہونگے
ہاں اگر اپنی زندگی میں اس نے اپنی مجبوری کا اقرار کر لیا تھا تو افلاس
کی وجہ سے معاملہ فسخ ہو جائے گا اور افلاس کے وقت اقالہ کی
وجہ چونکہ ہم پہلے عرض کر چکے ہیں اس دوبارہ بیان کرنے کی ضرورت
نہیں ہے۔ اس صورت میں مکاتب پھر ان لوگوں کے نزدیک
جو کہ قسطوں کے ادا کرنے سے پہلے اسکے آزاد نہ ہونے کے قائل
ہیں ملکیت میں آجائے گا اور اس سبب سے اس کی کسب کردہ چیزیں تابع ہو کر مولی کے تصرف اور اسکی
ملکیت میں آجائیں گی۔ بالجملہ اس اقالے سے کتابت کی قسطوں کے غلام کو لوٹانے کی ضرورت نہ ہوگی کہ

غلام کا مال آخر مولیٰ کا مال ہوتا ہے اگر رد بھی کر دیا تو کیا فائدہ معاملہ جوں کا توں ہے۔

القصہ اقالہ وقت حیات متصور است نہ بعد ممات چوں نوبت اقالہ در حیات نرسیدہ بود و بلائے ناگہانی در گرفت و جاں بجاں آفریں سپرد چارہ بجز ایں نیست کہ بقدر ما ادی بالیقاع بیع قائل شوند و بقدر ما ادی آزاد شمارند۔ البتہ اگر بیع اضطراری را در شرع وقت ضرورت اعتباری نبودی ایں بیع بقدر رد کور حکم بیش نبود مگر ہر کہ فروع غصب و فصول آں را از کتب فقہ یاد داشتہ باشد در تسلیم ایں قسم دعاوی چارہ بجز اعتراف ندارد نمی بیند کہ جامہ کسی اگر بتحریک ہوا در آوند رنگ رنگریزی بیفتد صاحب آں جامہ مالک رنگ بقیمت شود ظاہر است کہ ایں التزام تملک بناچاری است و نیز گفتہ اند اگر غاصب جامہ کسی بغصب آورد و رنگ کرد صاحب جامہ را اختیار است خواہد قیمت جامہ ابیض بگیرد یا قیمت رنگ بادحوالہ کند و ظاہر است کہ لزوم ایں بیع بذمہ غاصب بالاضطرار خواہد بود۔

القصہ اقالہ زندگی میں متصور ہوتا ہے نہ کہ مرنے کے بعد جب اقالہ کی نوبت زندگی میں ہی نہ پہنچی تھی کہ بلائے ناگہانی نے آن دبوچا اور اس نے جان، جانِ آفریں کے سپرد کر دی تو پھر اسکے سوا چارہ نہیں ہے کہ بقدر ادائی زر بیع کے واقع ہونے کے قائل ہو جائیں اور بقدر ادائی آزاد خیال کریں گے البتہ اگر اضطراری بیع کا ضرورت کے وقت شریعت میں اعتبار نہ ہوتا تو یہ بیع بقدر رد کور زبردستی سے زیادہ نہ تھی لیکن جو شخص غصب اور اسکے ابواب کو فقہ کی کتابوں سے یاد رکھتا ہو تو وہ اس قسم کے دعووں کے تسلیم کرنے میں اعتراف کے سوا کوئی چارہ نہیں رکھتا۔ دیکھتے نہیں کہ اگر کسی کا کپڑا ہوا کے چلنے سے کسی رنگریز کی نالند میں گر پڑے تو اس کپڑے کا مالک رنگ کی قیمت ادا کر کے رنگ کا مالک ہوگا اور ظاہر ہے کہ یہ رنگ کے مالک ہونے کا لازم ہونا مجبوری کی وجہ سے ہے اور نیز فقہا نے کہا ہے کہ اگر غاصب نے کسی کے کپڑے کو غصب کر لیا اور رنگ دیا تو کپڑے کے مالک کو اختیار ہے چاہے تو سفید کپڑے کی قیمت لے لے یا رنگ کی قیمت اس کے حوالے کرے اور ظاہر ہے کہ اس بیع کا لازم ہونا غاصب کے ذمہ اضطراری طور پر ہوگا۔

اینہمہ کہ نوشتہ ام باعتماد تحریر آں عزیز نوشتہ ام۔ اگر نزد حنفیہ ہمچنیں است کہ دیت مکاتب بقدر ما ادی دیت احرار باشد فبہا ورنہ آنچہ نوشتہ ام مذہبی دیگر باشد۔ اکنوں مناسب آنست کہ قلم افگنم مگر اگر از یک شبہ خبر دادہ رہ بجوابش نمایم از ہمہ اولیٰ باشد۔

یہ سب کچھ جو میں نے لکھا ہے آں عزیز کی تحریر کے اعتماد پر لکھا ہے۔ اگر حنفیہ کے نزدیک ایسے ہی ہے کہ مکاتب کی دیت اس کے بقدر جو اس نے ادا کیا احرار کی دیت ہے تو فبہا ورنہ جو کچھ میں نے لکھا ہے دوسرا مذہب ہوگا۔ اب مناسب یہ ہے کہ قلم رکھ دوں لیکن اگر ایک شبہ سے خبردار کر کے اس کے جواب کی طرف رہنمائی کروں تو سب سے بہتر ہوگا۔

شبہ عزیز من پس از استماع ایں تقریر اعتراف معاملہ بیع مابین مکاتب و مولی ضرور است گو در گراں سپوشی رہ نہ نمودہ باشد۔ مگر در صورت تسلیم بیع وجہ بقاء ولاء[1] بظاہر تحکم می نماید زیرا کہ ولاء بائع از غلام مبیع ساقط شود لیکن آنانکہ تقریر پیشتر

شبہ میرے عزیز اس تقریر کو غور سے سننے کے بعد بیع کے معاملے کا اعتراف مکاتب اور مولی کے درمیان ضروری ہے اگرچہ دوسرے فقہا نے اسکی طرف رہنمائی نہیں کی ہے مگر بیع تسلیم کرنے کی صورت میں حق ولاء کے باقی رہنے کی وجہ بظاہر زبردستی معلوم ہوتی

[1] ولاء کے کئی معنی آتے ہیں۔ المنجد کے مرتب اسکے معانی یوں لکھتے ہیں۔ الولاء محبت، دوستی، نزدیکی، رشتہ داری، مدد، ملکیت، آزاد کردہ غلام کی میراث۔ مترجم

بنظر غائر خواہند دید در اعتاق وکتابت درین بارہ فرق نخواہند یافت۔

تفصیل اجمال تفصیل ایں اجمال آنکہ ولاء جزائے آں احسان است کہ باعطاء تصرفات واختیارات مولاء او باو کردہ است نہ جزائے اخراج از ملک خود کہ حقیقت اعتاق است۔ چہ جزائے او نجات عن النار وعتق روز قیامت است نہ ولاء۔ آرے باخراج عن الملک اعطاء لازم آید۔ یا گوئیم در اعتاق ہر دو امر مقصود باشد۔ جزاء اول عتق من النار باشد وجزاء ثانی ولاء وایں بداں ماند کہ در جہاد اعلاء کلمۃ اللہ مقصود باشد واستخلاص اموال کفار وقبضہ براں لازم آید۔ یا ہر دو مقصود باشد۔ مقصودیت اول خود ظاہر است باقی وجہ مقصودیت ثانی ایں باشد کہ اموال مخلوق بہر عبادۃ بودند۔ چنانچہ از تحریرات سابقہ روشن شدہ باشد۔ چوں فی غیر محلہ بودند استخلاص آں ہم ضرور افتاد۔ بہرحال جزاء اول ثواب است وجزاء ثانی غنیمت۔ مگر چوں در کتابت از دو جہت اعتاق است اخراج از ملک بعوض است واخراج عن الید بے عوض، از عوض اخروی محروم باشد آرے عوض ثانی بحال خود باشد۔ واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم۔

ہے کیونکہ بائع کا حق ولاء فروخت کردہ غلام سے ساقط ہو جاتا ہے لیکن جو لوگ میری پریشانی تقریر غور کی نظر سے دیکھینگے تو اعتاق اور کتابت میں کوئی فرق نہیں پائینگے۔

اجمال کی تفصیل اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ حق ولاء خود احسان کا بدلہ ہے جو اسکے مولی نے اپنے اختیارات اور تصرفات دیکر اس کے ساتھ احسان کیا ہے نہ کہ اپنی ملکیت سے خارج کرنے کی جزاء جو کہ آزاد کرنے کی حقیقت ہے کیونکہ اس کا بدلہ آگ سے نجات اور قیامت کے روز آزادی ہوگی نہ کہ ولاء ہاں ملکیت سے خارج کرنے سے بخشش کرنا لازم آتا ہے یا ہم کہیں گے کہ آزاد کرنے میں دونوں باتیں مقصود ہیں اول جزاء تو نار جہنم سے آزادی ہوگی اور دوسری جزاء میراث ولاء یہ اس طرح ہے جیسا کہ جہاد میں اللہ کے کلمہ کو بلند کرنا مقصود ہوتا ہے اور کفار کا مال حاصل کرنا اور اس پر قبضہ بھی لازم آتا ہے یا دونوں مقصود ہوتے ہیں پہلی مقصودیت تو خود ظاہر ہے ہی دوسری مقصودیت کی وجہ یہ ہے کہ مال عبادت کے لئے پیدا کئے گئے ہیں جیسا کہ سابق تحریروں سے واضح ہو گیا ہوگا چونکہ کفار کے اموال اپنے محل میں نہ تھے لہذا ان سے اموال کی خلاصی کرانا ضروری ہوا۔ بہرحال پہلی جزا تو ثواب ہے اور جہاد کی دوسری جزا تو غنیمت کا حصول۔ مگر چونکہ کتابت میں دو جہت سے اعتاق ہے لہذا عوض کیساتھ ملکیت سے خارج کرنا اور قبضے سے عوض کے بغیر خارج کردینا ہے۔ لہذا آخرت کے عوض سے محروم رہیں گے ہاں دوسرا عوض یعنی ولا اپنے حال پر رہیگا واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم

نوٹ: الحمد للہ کہ اس مکتوب کا ترجمہ ۱۹ر ذوالحجہ ۱۳۸۸ھ مطابق ۶ر مارچ ۱۹۶۹ء بروز جمعرات شروع کیا گیا اور بتاریخ ۲۵ر ذوالحجہ ۱۳۸۸ھ مطابق ۱۵ر مارچ ۱۹۶۹ء ہفتہ و اتوار کی درمیانی شب میں ساڑھے بارہ بجے ختم ہوا۔